Presented by: Rana Jabir Abbas

یہ کتاب

اپنے بچوں کے لیے scan کی بیرونِ ملک مقیم ھیں

مو منین بھی اس سے استفادہ حاصل کرسکتے ھیں.



منجانب.

سبیلِ سکینہ

یونٹ نمبر ۸ لطیف آباد حیدرآباد پاکستان

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

۷۸۶

۱۱۰_۹۲

یا صاحب الزماں ادرکنی

DVD version

knowledge for all

SABIL-E-SAKINA

یا عباسؑ

لبیک یا حسینؑ

خصوصی تعاون: نذر عباس

رضوان رضوی

اسلامی کتب (اردو) DVD

ڈیجیٹل اسلامی لائبریری ۔

www.ziaraat.com

SABIL-E-SAKINA
Unit#8,
Latifabad Hyderabad
Sindh, Pakistan.
www.sabeelesakina.page.tl
sabeelesakina@gmail.com

NOT FOR COMMERCIAL

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

هٰذا كِتٰبُنَا يَنطِقُ عَلَيكُم بِالحَقِّ

کتاب مستطاب ہدایت نصاب مونس

شیخ و شاب مدلل بدلائل سنت و کتاب

المسمّٰی بہ

کلیدِ مناظرہ معہ اضافہ

مصنفہ

سید برکت علی شاہ (گوشہ نشین)

پبلشر

مینیجر کتب خانہ حسینیہ حلقہ ۵۲ موچی گیٹ لاہور

محلہ شیعان

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جملہ حقوق محفوظ ہیں

۴۶۸

إِنَّا مِنَ الْمُجْرِمِينَ مُنْتَقِمُونَ

کتاب مستطاب ہدایت نصاب مونس
شیخ و شاب مدلل بدلائل سنت و کتاب
المسمیٰ بہ

کلیدِ مناظرہ

معہ اضافہ

مؤلفہ

مولانا مولوی سید برکت علی شاہ صاحب (گوشہ نشین) وزیر آبادی پنجاب

مصححہ

مولانا مولوی ابوالصفا حاجی مرزا احمد علی صاحب عفا رئیس المناظرین
الامرتسری الکربلائی

حسب فرمائش

منیجر کتبخانہ حسینیہ حلقہ نمبر ۵۲ محلہ شیعاں لاہور
۱۹۵۶ء

بار سوم

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

تنبیہ الناصبین بجواب تنبیہ الحائرین

انا من المجرمین منتقمون

مصنفہ رئیس المناظرین مولانا مولوی الحاج محمد اعجاز حسن صاحب قبلہ مبلغ بدایونی مرحوم

مولوی عبدالشکور کا ایک رسالہ تنبیہ الحائرین بڑے دم خم سے تحدی کیساں شائع ہوا۔ یہ وہی مجموعہ کفریات و خرافات ہے جس کے متعلق شکوری بانگ بے ہنگام چند سال بلند ہوتی رہی کہ اس کا جواب کل شیعہ متفق ہو کے بھی نہیں دے سکتے ہیں۔ آج وہی تنبیہ الحائرین ہے جس کے بخیئے طرف اعجازی طاقت نے سوزن تحقیق سے اور اللہ کی دی ہوئی طاقت سے ڈھیلے کر دیے۔

کہاں ہیں فدایان حیدر کرار جو عرصہ دراز سے منتظر تھے کہ تنبیہ الحائرین کی تحدی کون مٹائیگا۔ اور اسکا جواب کب شائع ہوگا۔ کہاں ہیں۔ وہ غیرت مند شیعہ جنکے دلوں میں نواصب نے سب و شتم نفس نبی کا ارتکاب کر کے گہرے زخم ڈالے تھے۔ اور وہ مرہم شفا کے طالب تھے۔ کہاں ہیں میدان مناظرہ کے جوانمرد سپاہی جو اقلیم ناصبیت کی زیر و زبر کرنے والی مشینیں گن کے جویاں تھے۔ کہاں ہیں وہ عوام کالانعام نواصب جو تنبیہ الحائرین کو مذہب شیعہ کے لیے زہر ہلاہل اور بم قاتل سمجھ کے شل مجانین بغلیں بجاتے تھے۔ کہاں ہیں مولوی عبدالشکور صاحب علیہ ما علیہم جو تنبیہ الحائرین کے جواب سے علمائے شیعہ کی مصلحت آمیز خاموشی کو ان کی عاجزی پر محمول کر کے نقارہ تحدی پیٹتے تھے۔ دیکھیے یہ کتاب تنبیہ الناصبین بجواب تنبیہ الحائرین حاضر ہے جو زخم دل مومن کیلئے مرہم شفا اور نواصب و خوارج کے لیے قہر خدا۔ مناظر کے لیے دلیل محکم بدلگام کے لیے اعجازی درہ گمراہ کیلئے ہادی۔ طالب نصرت کیلئے خدائی مددگار۔ مدیر النجم کیلئے لجام خاموشی ہے۔ جس میں دلائل قاہرہ سے ثابت کیا گیا ہے۔ کہ نواصب کے پاس انکے مذہب سے قرآن نہیں ہے اور نہ ہو سکتا تھا۔ وہ نازل ہی نہیں ہوا اور نہ ہو سکتا تھا جو کتاب انکے پاس ہے جسے یہ لوگ کتاب اللہ کہتے ہیں ان کے مذہب سے یہ مصحف عثمانی ہے۔ انکے مذہب سے اس میں غلطیاں بھی ہیں۔ اسکی ترتیب بھی بعض جگہ بے ربط ہے رسول اللہ نے جو متفرق چیزوں میں اور کچھ حافظ صحابہ میں جو سورتیں غیر مرتب چھوڑی تھیں جتنی آیتیں اپنے صحابہ کو نزولی ترتیب پر تعلیم فرمائی تھیں وہ سب کی سب اس مصحف عثمانی میں موجود نہیں ہیں۔ بلکہ مصحف عثمانی شکوری مذہب سے بھی ناقص ہے اور محرف بھی ہے دنیا میں جتنے نواصب ہیں انکے پاس نہ قرآن ہے۔ کہ مومنین بالقرآن کہلا سکیں اور نہ مصحف عثمانی کامل و غیر محرف ہے جس کا یہ باطل اور مہمل دعویٰ کرتے ہیں تنبیہ الناصبین کا پہلا باب ہے جس کی قیمت عہ/ دو روپیہ آٹھ آنہ ہے

ملنے کا پتہ

مینیجر کتب خانہ حسینیہ حلقہ نمبر ۵۲ محلہ شیعیاں۔ لاہور

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

فہرست مضامین

نمبر شمار	مضمون	صفحہ	نمبر شمار	مضمون	صفحہ
۱	تقاریظ	۲	۲۶	علم و اخلاق حضرت ابوبکر صاحب	۱۱۰
۲	قبلہ گوشہ نشین	۹	۲۷	موضوعات در شان جناب ابوبکر صاحب	۱۱۷
۳	برگ سبز	۱۵	۲۸	حالات ہجرت	۱۱۹
۴	رسول اللہ اور حضرت علیؑ ہاشمی ہیں	۱۷	۲۹	ابلاغ سورہ برات	۱۲۲
۵	حضرت ابوطالبؑ	۱۸	۳۰	امامت حضرت ابوبکر صاحب	۱۲۴
۶	حضرت فاطمہ بنت اسد والدہ ماجدہ حضرت علیؑ	۲۲	۳۱	خلافت حضرت ابوبکر صاحب	۱۲۷
۷	ولادت جناب امیر علیہ السلام	۲۳	۳۲	فدک	۱۳۱
۸	حلیہ جناب امیر علیہ السلام	۲۶	۳۳	ہبہ فدک	۱۳۲
۹	جناب امیرؑ کی سبقت اسلامی	۲۶	۳۴	دعوے ہبہ فدک	۱۴۳
۱۰	تزویج جناب امیر علیہ السلام	۲۷	۳۵	میراث حضرت رسول اللہ صلعم	۱۴۸
۱۱	علم جناب امیر علیہ السلام	۲۸	۳۶	خمس	۱۵۸
۱۲	مناقب و فضائل جناب امیر علیہ السلام	۳۰	۳۷	مصائب جناب سیدہ معصومہؑ	۱۵۹
۱۳	حدیث ثقلین	۳۵	۳۸	خلافت حضرت ابوبکر کے کارنامے	۱۶۳
۱۴	آیات قرآنی در شان جناب امیرؑ	۳۷	۳۹	خاتمہ حضرت ابوبکر	۱۶۴
۱۵	واقعہ غدیر خم	۴۵	۴۰	متفرقات	۱۶۵
۱۶	کلمہ	۴۸	۴۱	حالات حضرت عمر صاحب و دیگر کیفیات	۱۸۰
۱۷	فضائل شیعیان جناب امیرؑ	۷۱	۴۲	فضائل حضرت عمر صاحب	۱۸۹
۱۸	فضائل اہلبیت علیہم السلام	۷۴	۴۳	شجاعت عمریہ	۲۰۰
۱۹	دوازدہ امام علیہم السلام	۹۱	۴۴	تجہیز و تکفین حضرت رسول اللہ صلعم	۲۱۲
۲۰	فضائل جناب سیدہؑ	۹۴	۴۵	حضرت عمر صاحب بعد از حضرت رسول اللہ صلعم	۲۱۷
۲۱	امام مہدی علیہ السلام	۹۸	۴۶	خلفاء ثلاثہ	۲۱۹
۲۲	مباہلہ نجران	۱۰۴	۴۷	مقابلہ فتوحات عمریہ و علیہ	۲۱۹
۲۳	سورتے القربیٰ	۱۰۶	۴۸	خلافت عمریہ	۲۲۳
۲۴	مختصر حالات حضرت ابوبکر صاحب	۱۰۸	۴۹	حضرت عمر صاحب کے کارنامے	۲۲۷
۲۵	علیہ حضرت ابوبکر صاحب	۱۰۹	۵۰	صلح حدیبیہ	۲۳۴

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نمبر شمار	مضمون	صفحہ
۵۱	احراق کتب وخانہ جناب سیدہ	۲۳۸
۵۲	قصہ قرطاس	۲۴۴
۵۳	شراب	۲۴۹
۵۴	طہارت	۲۵۱
۵۵	متعہ	۲۵۴
۵۶	اقوال عمر	۲۶۱
۵۷	واردات زنا	۲۶۲
۵۸	خالد بن ولید	۲۶۳
۵۹	انجام عمر	۲۶۵
۶۰	قرضہ عمر	۲۶۸
۶۱	حالات حضرت عثمان صاحب	۲۶۹
۶۲	خلافت حضرت عثمان صاحب	۲۷۳
۶۳	حضرت عثمان صاحب کے کارنامے	۲۷۳
۶۴	مروان	۳۰۱
۶۵	قتل حضرت عثمان صاحب	۳۰۱
۶۶	حضرت عائشہ وحفصہ امہات المومنین	۳۰۵
۶۷	حالات حضرت معاویہ	۳۲۷
۶۸	بدعات معاویہ	۳۴۴
۶۹	معاویہ کے کارنامے اور یزید	۳۴۵
۷۰	جنگ صفین	۳۶۱
۷۱	فضائل وشہادت عمار یاسر	۳۶۳
۷۲	حالات ابوحنیفہ	۳۶۴
۷۳	مذہب ابوحنیفہ	۳۶۵
۷۴	اقوال ابوحنیفہ	۳۶۶
۷۵	فقہ ابوحنیفہ	۳۶۸
۷۶	حضرت شیخ عبدالقادر صاحب گیلانی	۳۸۰
۷۷	متفرقات	۳۹۴
۷۸	صفات خدا	۳۹۴
۷۹	دیدار خدا	۳۹۷
۸۰	حافظ قرآن	۳۹۸
۸۱	سنیوں کی تحریف قرآن	۳۹۸
۸۲	اعتقاد شیعہ متعلق عدم تحریف قرآن	۴۰۸
۸۳	توہین خدام اہلبیت از علماء سنیہ	۴۰۹
۸۴	قاتلین معصومین علیہم السلام	۴۱۶
۸۵	اصحاب اخیار	۴۱۷
۸۶	بسم اللہ اور نماز	۴۱۸
۸۷	وضو	۴۱۹
۸۸	غسل میت	۴۲۱
۸۹	نماز جنازہ	۴۲۱
۹۰	عاشورہ	۴۲۱
۹۱	گریہ وبکا	۴۲۳
۹۲	بحث تقیہ	۴۲۵
۹۳	حدیث سفینہ	۴۵۸
۹۴	عقائد سنیہ متعلق عصمت انبیاء	۴۵۹
۹۵	ابوہریرہ	۴۶۶
۹۶	خواجہ حسن بصری	۴۶۹
۹۷	بخاری	۴۷۰
۹۸	عبدالوہاب نجدی	۴۷۱
۹۹	تبرا	۴۷۳
۱۰۰	نجاست مشرکین	۴۷۶
۱۰۱	بندریا کا قصہ	۴۷۷
۱۰۲	توثیق علمائے کرام اہلسنت	۴۷۷
۱۰۳	اعلان	۴۹۹
	اشتہارات	۵۰۰

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مولف ۔ مولوی سید برکت علی شاہ وزیر ابادی1935

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

تقریظ صدا حفیظ

از عالیجناب رئیس الشیعہ مدار الشریعۃ حجۃ الاسلام والمسلمین محی الملت والدین
سند المفسرین نباض دہر حکیم الامۃ الناجیہ سرکار شریعتمدار شمس العلماء قبلہ و کعبہ
علامہ السید علی الحائری مجتہد العصر والزمان مدظلہ العالی

باسمہ سبحانہ

الحمد للہ علی نوالہ والصلوٰۃ والسلام علی خواص رجالہ مصادر افضالہ والسنۃ نوالہ و مفاتیح فعالہ و اعلیٰ امثالہ اعلی الوجود و اسرار السجود محمد و آلہ اما بعد۔ یوں تو علم مناظرہ میں کتابیں بکثرت طبع اور شائع ہو چکی ہیں مگر ماشاء اللہ کتاب ہدایت نصاب مسمّے بکلید مناظرہ مؤلفہ فضیلت مآب مجاہد نصاب عمدۃ المناظرین راغم انف المخالفین جناب مولوی السید برکت علی شاہ صاحب مناظر وزیر آبادی دام مجدہم لشتی مسائل مناظرہ میں جامع اور بہترین کتاب ہے۔ میں نے کثرت مشاغل شرعیہ خصوصاً ترتیب اجزاء تفسیر لوامع التنزیل کے باوجود اس مبسوط کتاب کے بعض مقامات کو ملاحظہ کیا ہے۔ مؤلف کی تہذیب عناوین و ترتیب۔ اور دلائل و براہین کی تبویب سے محظوظ ہوا ہوں۔ فی الواقع کہ مؤلف نے احقاق حق اور ابطال باطل میں براہین و دلائل سے سعی بلیغ کی ہے۔ ہر محقق اس کتاب کے مطالعہ سے طالب سلیم صراط مستقیم بآسانی حاصل کر سکتا ہے۔ فللہ درّہ وعلیہ اجرہ وھو ولی الصالحین

سادات گنج وسن پورہ لاہور

نمقہ خادم الشریعۃ المطہرۃ

علی الحائری

لا الہ الا اللہ ...
عبدہ سید علی ...
ابن ابوالقاسم الرضوی

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

تقریظ

از عالی جناب فضائل مآب فاضل جلیل محقق بے بدیل کاسر اعناق الملحدین مرغم آناف الشیاطین استاذ المناظرین مولانا مولوی حکیم مرزا احمد علی صاحب کربلائی امرتسری

باسمہٖ سبحانہٗ

الحمد للہ العلیم الخبیر الذی لیس لہ شریک ولا مثل ولا نظیر والصلوٰۃ والسلام علی السراج المنیر محمد ن البشیر والنذیر وعلی اھلبیتہ الذی نزلت فی ھم اٰیۃ التطھیر بلا ریب ولا نکیر ما دامت الافلاک فی الدوران والبدر فی التدویر

اما بعد میں نے کتاب ہذا المستطاب مرغوب شیخ و شاب یعنی کلید مناظرہ مؤلفہ مولانا مولوی السید برکت علی شاہ صاحب گوشہ نشین وزیر آبادی کو شروع سے آخر تک دیکھا یہ کتاب ذخیرہ معارف دینیہ و خزینہ معلومات شرعیہ حلال مشکلات و مفتاح مغلقات و ہادئ راہ نجات ہے مؤلف کتاب مذکور خدا انکی توفیقات کو زیادہ کرے اور ان کے فیوض سے مومنین کو متمتع کرے نے نہایت ہی عرقریزی سے مضامین مختلفہ اور حوالجات متشتتہ کو مختلف رسائل و کتب سے نقل کر کے ایک ہی مضمون کے متعلق مختلف حوالجات کو یکجا جمع کر دیا ہے۔ اس لئے یہ کتاب ہر خاص و عام کیلئے یکساں مفید ہے۔ اگر یہ طالبان حق کے لئے مفید ہے تو عام مناظرین کے لئے یہ بھی ایک بردست حربہ ہے اس لئے پنجاب کا کوئی گاؤں اس سے خالی نہ رہنا چاہئے۔ میں نے حتی الامکان اس کی اصلاح کر دی ہے۔ ترتیب مضامین کو بھی درست کیا ہے۔ جناب شیخ غلام علی صاحب شہیدیہ نے زر کثیر خرچ کر کے اس کتاب نایاب کو طبع کرایا ہے۔ اب مومنین پر لازم ہے کہ اس گوہر یکتا کو بہت جلد خریدیں اور مؤلف ناشر کی حوصلہ افزائی فرمائیں۔ وفقنا اللہ وایاکم لنصرۃ الدین

مرزا احمد علی الامرتسری الکربلائی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

تقریظ

از علی جناب عمدۃ المتکلمین وفخر الواعظین سیدنا
ومولانا سید محسن علی شاہ صاحب قبلہ سبزواری

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سبحانک لا علم لنا الا ما علمتنا انک انت السمیع العلیم
وصلی اللہ تعالیٰ علی خیر خلقہ محمد وآلہ الطاہرین

کتاب مستطاب مسمی بہ کلید مناظرہ مؤلفہ سید برکت علی شاہ صاحب گوشہ نشین کے بعض مقامات میری نظر سے گذرے۔ ایک کشکول ہے جس میں الوان الوان کی روحانی نعمتیں اور رنگارنگ کی چاشنیاں موجود ہیں۔ اس میں نسب ہے۔ تاریخ ہے۔ سیر ہے۔ فضائل ہیں۔ مناقب ہیں۔ مطاعن ہیں۔ مناظرہ ہے۔ حضرت گوشہ نشین نے غواصی کرکے گوناگوں جواہرات جمع کیے ہیں۔ اور عالم مراقبہ میں مختلف چمنستانوں کی سیر کرکے رنگارنگ کے پھولوں کا ایک گلدستہ تیار کیا ہے۔ ہر ایک صاحب ذوق کے لئے یہ کتاب لطف بخش ہوگی۔ اس میں ہر ایک قسم کا مذاق ہے۔ چھاپنے والوں نے اس کتاب کو پورے شوق سے طبع کرایا ہے۔ لکھائی چھپائی کاغذ عمدہ ہے۔ خداوند عالم بحق معصومین علیہم السلام مؤلف کو جزائے خیر اور کتاب کو قبولیت عام کا شرف عنایت فرمادے

الاحقر

محسن علی

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

موعظہ حسنہ الملقب اظہار حقیقت بجواب رسالہ اظہار حقیقت

یہ وہ پانچ گھنٹہ کی معرکۃ الآرا تقریر بجہ ۲۰ر اکتوبر ۱۹۲۱ء بہ موقع بازار لاہور کی انجمن دائرۃ الاصلاح کے معرکۃ الآرا چوتی کے سات سوالوں کا جواب دیتے ہوئے حجۃ الاسلام علامہ حائری صاحب قبلہ شمس العلماء مجتہد العصر نے مختلف المذاہب دس ہزار کے مجمع کثیر میں ۴۸ معتبر کتب اہلسنت کی عبارتیں پڑھ کر سنائیں اور کسی مخالف کو انکار کرنے کی جرأت نہ ہو سکی۔ بلکہ علمائے اہلسنت کو اس کے بعد اپنے مواعظ میں آج مجبوراً ان مسائل کا اعتراف کرنا پڑا۔ اب یہ رسالہ پانچویں بار بہت اضافہ کیساتھ شائع کیا گیا ہے قیمت ۱۲ر

موعظہ مباہلہ

یہ وہی معرکۃ الآرا موعظہ مباہلہ ہے جو ۲۴ ذی الحجہ الحرام کو حضور علامہ حائری صاحب دام اقبالہ نے موعظہ مباہلہ پر جامع نکات عجیبہ بیان فرماتے ہوئے ضمناً مخالفین کی رگ حیات کو دھجی طرح بکھیر لائے۔ قیمت ۷ر

موعظہ تحریف القرآن

جس کو علامہ ممدوح نے پانچ ہزار کے مجمع میں کتب مخالفین سے ثابت کر دیا ہے کہ تحریف قرآن مجید کا قائل عامل اور ناقل فرقہ اہلسنت والجماعت ہے نہ کہ فرقہ شیعہ۔ قیمت ۷ر

موعظہ تقیہ

جس میں موعظہ تقیہ کے متعلق مکمل تقریر بحوالہ کتب اہلسنت مندرج ہے۔ یہ وہی موعظہ تقیہ ہے جس سے تین سنی حضرات نے متاثر ہو کر مجمع عام میں اپنے شیعہ ہونے کا اعلان کیا۔ قیمت ۷ر

خلافت قرآنی

یہ ایک قابل دید اور کتب مناظرہ میں سب سے زیادہ مفید رسالہ جو کہ مدت سے ختم تھا مومنین کے بیحد اصرار پر دوبارہ شائع کیا ہے جس میں خلیفہ مقرر کیلئے قرآن شریف میں مقابلہ کیا گیا ہے

قیمت ۶ر

موعظہ غدیریہ

یہ وہ تین گھنٹہ کی معرکۃ الآرا موعظہ غدیریہ ہے جو ۱۸ ماہ ذی الحجہ الحرام کو جناب قبلہ و کعبہ علامہ حائری صاحب دام ظلہ نے تقریباً دس ہزار کے مجمع عام میں حدیث غدیر کی تفسیر فرماتے ہوئے معتبر و مستند کتب اہلسنت کی عبارتیں پڑھ کر سنائیں اور تبلیغ رسالت غدیر خم کا نقشہ دکھا کر قلوب مخالفین پر ہمیشہ کیلئے نقش ولایت امیر المومنین بٹھا دیا ہے ۷ر

ملنے کا پتہ: مینیجر کتب خانہ حسینیہ جامعہ منبر ۵۲ موچی گیٹ لاہور

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

قبلہ گوشہ نشین

مولانا سید برکت علی شاہ صاحب گوشہ نشین وزیر آباد کے قلم گوہر بار نے جو احسان عظیم شیعہ پبلک پر کیا ہے۔ محتاج بیان نہیں ہے۔ اگرچہ آپ کی ہر ایک تصنیف شیعہ قوم کے لیئے سرمایہ ناز ہے۔ تاہم کلید مناظرہ لکھ کر مولانا گوشہ نشین صاحب نے شیعی دنیا پر وہ کرم گستری فرمائی جسکا عوض خداوند عالم کی ذات پاک ہی دے سکتی ہے۔

آپ نے یکم جنوری ۱۸۸۰ء کو اس دنیائے فانی میں قدم رکھا۔ کچھ عرصہ دریائے مدرسہ کی غواصی اور کچھ عرصہ آستانہ ملازمت پر ناصیہ فرسائی کی آخر سلطان ازل کے حکم کے آگے سر تسلیم خم کر کے ۱۹۰۵ء میں یعنی پچیس سال کی عمر میں گوشہ عزلت اختیار کیا۔ عالم تنہائی میں آپکے خامہ معجز رقم سے چودہ گرانبہا کتابیں معرض شہود میں آئیں۔ اس نسبت تعداد کے لحاظ سے مولانا موصوف نے چودہ تصانیف کی نظر چودہ معصوم کی خدمت اطہر میں پیش کیں۔

آپ کی عمر ابھی مشکل سے ایک دو سال ہوگی کہ آپ کے مکان کی چھت گر پڑی پانچ چھ اشخاص مٹی کے انبار کے نیچے دب گئے۔ دن کا وقت تھا۔ آپ کی والدہ محترمہ ایک دوسرے کمرے میں تھیں۔ آپ کے ماموں سید چراغ علی شاہ صاحب خصوصاً خطرناک طریقہ میں مضروب ہوئے اور چھ ماہ تک ہسپتال میں زیر علاج رہ کر صحتیاب ہوئے۔ مگر قدرت خدا پر قربان جائیں گوشہ نشین صاحب کے بدن کو خراش تک نہ پہنچی جب آپ کو مٹی کھود کر باہر نکالا گیا۔ تو دیکھا گیا کہ آپ ایک چارپائی پر سرمست خواب ہیں اور چارپائی کے اوپر چھت کے تیر دیوار کے ساتھ زینوں کی طرح کھڑے ہو گئے ہیں۔ اور تمام چھت کے بوجھ کو اٹھائے ہوئے ہیں۔

قبلہ گوشہ نشین صاحب مشن ہائی سکول وزیر آباد کی جماعت نہم میں تعلیم حاصل کر رہے تھے۔ کہ مولوی محمد دین صاحب ہیڈ اورینٹل ٹیچر مشن ہائی سکول وزیر آباد نے جماعت نہم اور جماعت دہم کو ایک آزمائشی امتحان میں اردو اور فارسی کے ایک ہی پرچے دیئے۔ ان دونوں پرچوں میں گوشہ نشین صاحب اول رہے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جماعت نہم سے کامیاب ہو کر گوشہ نشین صاحب مشن ہائی سکول کو چھوڑ کر وکٹوریہ ڈائمنڈ جوبلی ہائی سکول وزیر آباد میں چلے گئے۔ یہاں ہیڈ ماسٹر نے ایک دفعہ جماعت دہم کے طلبا کو حکم دیا کہ وہ شراب خوری کے خطرات" پر بسیط مضمون لکھیں اور جو طالب علم اول رہیگا اسے پہلا انعام۔ اور جو دوم رہیگا اسے دوسرا انعام دیا جائیگا۔ مرزا احسان اللہ خان صاحب (افسر مال ملتان) نے پانچ صفحے اور گوشہ نشین صاحب نے بارہ صفحے مضمون لکھا۔ مرزا صاحب موصوف نے دس میں سے ساڑھے نو اور گوشہ نشین صاحب نے نو نمبر حاصل کئے۔ اس لئے مرزا صاحب کو پہلا انعام اور گوشہ نشین صاحب کو دوسرا انعام ملا۔ گوشہ نشین صاحب کے تمام مضمون کو ہیڈ ماسٹر صاحب نے جماعت دہم کے طلبا کو پڑھ کر سنایا۔ اور فرمایا کہ اس مضمون کو آدھا نمبر اس لئے کم دیا گیا ہے کہ اس کے الفاظ مشکل اور طرز بیان دقیق ہے۔ برخلاف اس کے مرزا صاحب کا مضمون سہل اور عام فہم ہے۔

آپ کی عمر بیس پچیس سال ہوگی کہ ایک دفعہ دریائے چناب میں غیر معمولی طوفان آیا۔ کسانوں کے بیل۔ گائیں۔ بھینسیں وغیرہ آب رواں پر بہہ رہی تھیں جیوانوں کو ڈوبنے سے بچانے کی کسی کو ہمت نہ پڑتی تھی۔ گوشہ نشین صاحب نے دریا میں چھلانگ لگا دی۔ مگر موجوں کے تھپیڑوں کی تاب نہ لا کر ساحل کی طرف پلٹ آنے کی کوشش کی کوشش کارگر نہ ہوئی۔ اور آپ آٹھ دس فرلانگ تک پانی میں بہتے چلے گئے۔ آخر قدرت نے مساعدت کی اور آپ خدا خدا کر کے ساحل دریا پر پہنچے۔ بازوؤں سے کنارے کو پکڑنے کی اور ٹانگوں سے کھڑا ہونے کی طاقت مفقود تھی۔ عجیب لطف خیز اور عبرت انگیز نظارہ تھا۔

آپ کی طبیعت سیر و تفریح پر قدرتاً مائل ہے اور یہی وجہ ہے کہ آپ اس وقت بھی جبکہ آپ کی عمر پچاس سال سے چھ مہینے زیادہ ہے پچیس سالہ نوجوان معلوم ہوتے ہیں۔ آپ کا قد متوسط۔ رنگ گورا۔ اور جسم بہت قوی ہے۔

آپ متواضع اور خلیق ہیں۔ مسلم اور غیر مسلم پبلک آپ کو احترام اور عزت کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔ آپ اپنی خطا کو تسلیم کر کے معافی مانگنے پر تیار رہتے ہیں اور دوسروں کی لغزشوں پر پردہ ڈالنا آپ کی عادت میں داخل ہے۔ آپ کا چہرہ ہر وقت متبسم رہتا ہے۔ آپ کی ہم نشینی میں دل محظوظ ہوتا ہے۔ شائستہ اور مہذب ظرافت آپ کا معمول اور وطیرہ ہے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

چونکہ آپ کے آباؤ اجداد ہمیشہ شاہی افواج میں اعلیٰ عہدوں پر ممتاز رہے ہیں پیری
اور مریدی سے ان کو جبلی نفرت رہی ہے اور انھوں نے کبھی بھی تقیہ سے کام نہیں لیا
اس لیے شیعہ گری میں ان تمام بزرگوں کا مرتبہ امتیازی حیثیت رکھتا ہے۔
اس وقت بھی سرکار برطانیہ خلد اللہ سلطنتہ کے زیر سایہ قبلہ گوشہ نشین صاحب کے
اقربا اعلیٰ عہدوں پر سرفراز ہیں۔ اور اپنی شخصی وجاہت اور علمی قابلیت کی مدد سے سپہگری
میں نمایاں اور قابل تعریف کام کر رہے ہیں۔
آپ کی عمر امن پسندی صلح جوئی درس و تدریس اور تالیف و تصنیف میں بسر ہو رہی ہے
آپ صحیح معنوں میں گوشہ نشین ہیں۔ یعنی نہ تو آپ شہریوں دھڑابندیوں سے تعلق رکھتے
ہیں اور نہ ہی ذاتی جھگڑوں سے سروکار۔ آپ اس قسم کے بیہودہ اور بے نتیجہ جنگوں
سے الگ تھلگ رہ کر نہایت انکسار طریقہ سے زندگی کے دن کاٹ رہے ہیں۔
وعدہ کی پابندی آپ کی فطرت کا حصہ ہے۔ مکر و فریب سے آپ کو دلی کراہت ہے
راست گوئی اور صاف گوئی کے دلدادہ ہیں۔ آپ کی خوراک اور لباس سادگی کا نمونہ
ہے۔ سلام کرنے میں آپ ہمیشہ سبقت کرتے ہیں۔
آپ کی والدہ محترمہ مرحومہ صبح کی قرآن خوانی۔ نماز تہجد کی پابندی اور صوم و صلوٰۃ کی
نگہداشت میں خاص عزت کی مالک تھیں۔ آپ کو تمام قبیلہ تعظیم اور ادب کی
نگاہوں سے دیکھتا تھا۔
مولانا مذکور کے والد بزرگوار قبلہ سید غلام علی شاہ صاحب مرحوم و مغفور علم و فضل
اور زہد و اتقا میں مشہور زمانہ تھے۔ آپ ہی نے وزیر آباد میں مراسم عزاداری کا سنگ بنیاد رکھا
اور قریباً پچاس سال تک اس پاک فرض کو امیرانہ شان اور رئیسانہ ٹھاٹھ سے ادا فرمایا
آپ ہی نے یہاں مسجد شیعہ بنوائی۔ جو خوب صورتی میں ارفع درجہ رکھتی ہے۔ اور
آپ ہی نے یہاں عید غدیریہ کا جلوس تزک و احتشام سے سر بازار نکالا۔ آپ
قریباً اسی (۸۰) سال کی عمر میں عالم عقبےٰ کو تشریف لے گئے۔
چونکہ قبلہ گوشہ نشین صاحب اپنے خیالات، جذبات، اور حسب نسب کے متعلق اپنی تصنیف
ات گوشہ نشین مع ضمیمہ میں اختصار کے طور پر خود اپنے قلم سے لکھ چکے ہیں اس لیے ہم
ی یہاں ان اشعار کو درج کر کے ان کے سوانح حیات کا آئینہ پیش کرتے ہیں۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

انچہ حسب و نسب کے متعلق ارشاد ہوتا ہے :-

ب صاحبِ عرفاں سے کہا بیٹے کہ اے پیر — ہے گوشہ نشین کون ذرا کیجئے تقریر
شاد کیا سکتا ہوں میں اس سے تعارف — بے لوث و غرض کھینچتا ہوں اسکی میں تصویر
تید ہے بخاری ہے گل باغ نقیؒ ہے — آزاد ہے خوش باش ہے خوددار ہے جبل میر
حکامِ شریعت کو سمجھتا ہے بخوبی — تدبیر کا شیدا ہے نہیں منکرِ تقدیر
رتا ہے عمل اس پہ جو کہتا ہے زباں سے — ہے راست کہ ایمان و عمل کی ہے وہ تصویر
اس کی نظرِ لطف و کرم یہ ہے خدا کے — ہرگز نہ مساعی میں نہیں کرتا ہے تقصیر!
دیب تلامیذ میں مصروف ہے دن بھر — ہے رات کو شغل اس کا مگر نالۂ شب گیر
ت ہو مخالف تو وہ ہٹ جاتا ہے پیچھے — اس صورتِ حالت میں یہی اسکی ہے تدبیر
ہے پرسشِ اعمال کے اندیشے سے لرزاں — چہرے پہ ہیں آثارِ الم رنگ ہے تغیر
ہ بلبل دل کے ہے ترنم کا فدائی — آواز حق ہے اسے یہ ربط کا بم و زیر
ہے حیلہ و حجت ہے گرفتارِ عقائد — بھولے سے نہیں منزلِ وسواس کا راہ گیر
نظور کریں خدمتِ دیں شاہ دو عالم — اس فرق میں بیتاب ہے بےچین ہے دلگیر
ہے اس کا سخن بزمِ جہاں کیلئے زینت — افشاں پہ تانیث ہے طرّہ پہ ہے تذکیر
ہے برق صفت اس کا ہر اک شعر اثر میں — دلسوز کہیں نالۂ بلبل سے ہے تقریر
ہے مکر و ریا اس کے بسر ہوتے ہیں ایام — جوں مکڑی نہیں گوشۂ خانہ میں مگس گیر

سید امداد حسین بی - اے کاظمی
(گجرات)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

موّدبانہ تبادلۂ خیالات

(۱)

اشعار ہیں سب میرے مرے قلب کی آواز
شہدیرِ ضمیر اپنا ہے سرگرم تگ و تاز
ترقیمِ روایاتِ ثِقہ ہے مجھے منظور
یہ محض تخیّل کی نہیں رفعتِ پرواز

(۲)

تُو عشرہ کے دن بغلیں مسرّت سے بجائے
تُو اپنے بزرگوں کو ملاعن سے بچائے
اس روز تو ہو تجھ کو الم مدحِ پیمبر
تو جامِ طرب اپنے مریدوں کو پلائے

(۳)

اے قادیاں کے پیر ترا قول نرالا
گردن میں تری جھوٹ اور مکر کی مالا
مہدی تو بنا۔ عیسیٰ بنا۔ میرِ عرب بھی
بہروپ عجب۔ جانِ جہاں۔ تو نے نکالا

(۴)

منبر پہ مسلماں نہ کریں ذکرِ شہادت
اِس فتویٰ میں پوشیدہ ہے مفتی کی ذہانت
ڈرتا ہے کہ چھڑ جائیگی یاروں کی کہانی
گِر جائیگی پھر اُن کی محبت کی عمارت

(۵)

اوصافِ یزیدِ اس طرح سب کرتے ہیں اِتمام
سرمستِ مئے کفر تھا۔ بیگانۂ اسلام
تھا باپ کا اسلام فروشی میں نمونہ
مردودِ رہِ آلِ عبا۔ دشمنِ اِنجام

(۶)

کیا بکتا ہے تھے سبطِ نبیؐ خاطی و غدّار
تھی شمر کی تیغ آپ کے نانا ہی کی تلوار
یہ دین یہ ایمان۔ یہ اسلام۔ صد افسوس
ہیں اہلِ خرد اِس ترے ہذیان سے بیزار

(۷)

کچھ کہتا ہوں میں تجھ سے ذرا سوچ خدا را
سفیان کا پوتا بھی پیمبر تھا تمہارا
محشر میں تمہیں اس کی شفاعت ہو مبارک
ہے ہم کو تو بس آل کا اس روز سہارا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(۸)

اصحابِ نبیؐ پہ مَیں دل و جاں سے فدا ہوں | دلدادۂ ایثار ہوں۔ پابندِ وفا ہوں
اصحاب جو تا عمر رہے دین پہ قائم | مَیں ایسے خوش انجاموں کی خاکِ کفِ پا ہوں

(۹)

تھا تیرا زر و مال سے معمور خزانہ | کیوں تجھ کو پسند آیا تھا زہراؑ کا ستانا
اِس تھوڑی سی پونجی پہ تری نظرِ ہوس تیز | کاش اِس پہ کرے غور موجودہ زمانہ

(۱۰)

کیا خوب بنا بعدِ نبیؐ قصرِ خلافت | محروم تھی بُنیاد سے ہی جسکی عمارت
میدانِ سقیفہ میں اُتر آئے جب اصحاب | حیدرؑ کو نہ دی نعشِ پیمبر نے اجازت

(۱۱)

پہلے کو فقط تُو نے خلافت پہ بٹھایا | اور امرِ حکومت میں اُسے خوب بنایا
لکھوائی پھر اپنے ہی لئے اُس سے وصیت | پھر تیسرے کو موردِ الطاف بنایا

(۱۲)

کی تُو نے بہت قتلِ شہِ دین کی تدبیر | کام آسکی تیرے مگر کوئی بھی تزویر
پھر خانۂ زہراؑ کے جلانے کا کیا عزم | ہے کیسی حسین تیرے خیالات کی تصویر

(۱۳)

اِک ہوتا نہ تُو۔ ہوتی نہ تطہیر کی تذلیل | بجھ سکتی نہ تھی آل کے اِکرام کی قندیل
ہابیل صفت قتل ہوئے سبطِ پیمبر | تُو دیدۂ مومن میں ہے قابیل کی تمثیل

(۱۴)

انجامِ جمل نے تجھے صد بار رُلایا ! | مُنہ تیرا ندامت کے پسینہ نے دُھلایا
تعریف سنی جاتی ہے اِس تیرے عمل کی | فرمائیے کیوں حکمِ پیمبر کو بھلایا !

"سید گوشہ نشین"
(وزیرآبادی)

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

برگ سبز

الحمد للہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علیٰ سید المرسلین وآلہ الطیبین ولعنۃ اللہ علےٰ اعدائھم اجمعین من یومنا ھٰذا الیٰ یوم الدین ٥

خدائے برتر کو سب تعریف ہے۔ جو تمام مخلوقات کا خالق ہے سب سے بڑا بے عیب۔ بے ہمتا۔ قادر۔ غالب۔ ازلی اور ابدی ہے۔ احد۔ بے نیاز۔ عادل اور صادق الوعدہ ہے۔ دیدار۔ ترکیب۔ اعضا۔ جسم۔ جہت۔ مکان۔ حلول۔ صورت تغیر اور مجبوری سے پاک ہے۔ اور اس کی صفات اس کی ذات سے علیحدہ نہیں ہیں۔ رحیم۔ رحمان۔ محسن اور شفیق ہے اپنے نظام قدرت میں جو تبدیلی چاہے کرے۔ صاحب اختیار ہے۔ نیک کو نیک اور بد کو بد کا بدلہ دیگا۔ وہ جبراً کسی کو نیکی یا بدی کی طرف نہیں لیجاتا۔ اس کی جزا اور سزا کا کچھ حصہ اس دنیا میں بھی جاری وساری ہے۔ اور جن امور کا کرنا اس پر واجب ہے۔ وہ ان کو ضرور کرتا ہے۔

انسانوں کی ہدایت اور راہنمائی کیلئے اس پر انبیا اور اوصیا کا بھیجنا واجب ہے چنانچہ اس نے بے شمار انبیا اور اوصیا بھیجے۔ لیکن جن پر تمام کمالات اور فضائل کا خاتمہ ہوا۔ وہ چہاردہ معصوم علیہم السلام کی ذوات مبارکہ ہیں۔ یہ چودہ انوار تخلیق موجودات سے ہزارہا سال پہلے خداوند عالم کی تسبیح و تقدیس میں مشغول تھے۔ اور آفرینش کائنات کا باعث یہی چودہ انوار ہیں۔ آدمؑ سے عیسٰیؑ تک ہر ایک نبیؑ اور وصی نے انہی کے توسل سے طلب حاجت کی۔ اور ان کے مصائب وآلام کا ازالہ انہی کے صدقہ طے ہوا ہے ان کے اسمائے مبارکہ ساق عرش پر ثبت ہیں اور انکے انوار قدسی آثار زیارت گاہِ ملائکہ ہیں۔ یہ چودہ انوار نورانیت کے لحاظ سے آپس میں ذرہ بھر کمی و بیشی نہیں رکھتے ہیں جو معجزات تمام انبیا میں بحالت انفرادی موجود تھے۔ ان میں سے ہر ایک میں مجموعی حالت میں موجود ہیں۔ ان پر ارضی وسماوی حالات اس طرح ظاہر ہیں۔ جس طرح انکے اپنے ہاتھ کی ہتھیلی۔ عرش وفرش کو انہی کی طفیل سے قیام ہے۔ خداوند عالم کو اپنے ذکر واذکار سے انکا ذکر زیادہ محبوب ہے۔ یہ دنیا میں نعمات دنیا تقسیم کرنے والے اور آخرت میں بہشت و دوزخ

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کے بانٹنے والے ہیں۔ ان سے بحالتِ بیداری یا بحالتِ خواب بھول چوک تک کا سرزد ہونا ناممکن ہے۔ یہ اول روز پیدائش سے آخر روز انتقال تک طیّب و طاہر و معصوم ہیں۔ یہ ماں کے پیٹ میں ہی لتۃ عالم اور عارف تھے۔ جتنے بلوغت ہیں۔ یہ ہر جگہ پہ آنِ واحد میں بفضلہ حاضر و ناظر ہو سکتے ہیں۔ اور ہم کو ہر وقت دیکھتے اور ہماری ہر بات کو سنتے ہیں۔ قضا و قدر لوح و قلم اور حیات و ممات پر بہ حکم خدا مختار ہیں۔ گذشتہ و حال و مستقبل سے بفضل خدا آگاہ ہیں ان پر کسی کو فضیلت دینا شرک اور کسی کو ان کے برابر خیال کرنا کفر ہے۔ ان سے ذرہ بھر بغض رکھنے والے یا ان کے دشمنوں سے رائی بھر الفت رکھنے والے پہ دوزخ واجب ہے میں نے حضرات اہلسنت کے اعتراضوں کے جواب انہیں کی معتمدہ کتب سے بحوالہ صفحات و سطور و مطابع و اسماء مصنفین دیئے ہیں۔ میں بہت ناشکر گذار ہوں گا۔ اگر یہاں اس امر کا اظہار نہ کروں۔ کہ اعلیحضرت حجۃ الاسلام صدر المفسرین رئیس الشیعہ مدار الشریعہ سرکار شریعتمدار شمس العلماء قبلہ و کعبہ جناب علامہ السید **علی الحائری** مجتہد العصر والزمان دام برکاتہ کی تصنیفات جلیلہ خصوصاً مواعظ خمسہ یعنی موعظہ حسنہ۔ موعظہ غدیر۔ موعظہ مباہلہ۔ موعظہ تحریفِ قرآن موعظہ تقیہ سے بھی اس مجموعہ میں اقتباس کیا ہے۔ اس محنت اور زحمت کا میں کوئی صلہ ناظرین سے اس کے سوائے نہیں چاہتا کہ میرے حق میں دعائے خیر کریں۔ اور اس ناچیز ہدیہ کو شرف قبولیت عطا فرما دیں ✦ والسلام

(گوشہ نشین)

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

پبلشر - کربلائی غلام علی شہیدیہ مشہدی 1935

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بسم اللہ الرحمن الرحیم

محمد رسول اللہ اور حضرت علی ہاشمی ہیں

خاندان قریش میں سے حضرت رسول اللہ صلعم کے باپ حضرت عبداللہ اور ماں حضرت آمنہ بنت وہب ہیں۔ حضرت علیؑ کے باپ حضرت ابوطالبؑ اور ماں حضرت فاطمہ بنت اسد ہیں۔ حضرت عبداللہ اور حضرت ابوطالب آپس میں حقیقی بھائی تھے انکے باپ حضرت عبدالمطلب بن ہاشم ہیں۔ حضرت رسول اللہ دو ماہ کے تھے۔ کہ آپ کے والد حضرت عبداللہ فوت ہوگئے۔ اور رسول اللہ حضرت ابو طالب کے سپرد ہوئے۔ جب رسول اکرمؐ چھ برس کے ہوئے۔ تو آپ کی والدہ بزرگوار حضرت آمنہ بھی انتقال فرما گئیں۔ اور حضرت فاطمہ بنت اسد نے رسول کریم کو اپنے زیر سایہ لیا۔ رسول صلعم کی ستائیس سال کی عمر میں حضرت علی پیدا ہوئے اور رسول اللہ حضرت علی کی تعلیم و تربیت فرماتے رہے۔ چالیس سال کی عمر میں رسول خدا نے نبوت کا اظہار فرمایا۔ اور حضرت علی نے تیرہ سال کی عمر میں سب سے پہلے لوگوں کے سامنے رسالتمآب کی نبوت کی تصدیق کی۔ اس لئے حضرت علی کو صدیق کہا جاتا ہے۔ حضرت ابوطالب کو عبد مناف اور عمران بھی کہا جاتا ہے آپ بہت فیاض اور سخی تھے۔ اور اوصیائے حضرت ابراہیم علیہ السلام سے تھے آپکے دل میں رسول اللہ کی اس درجہ الفت اور ہمدردی تھی۔ کہ آپ حضرت کا مقام خواب ہر رات بخوف اعدا بدلتے رہتے۔ اور چونکہ آنحضرت نے ثوبیہ لونڈی کا دودھ بھی چند روز پیا تھا جس کا دودھ حضرت حمزہ نے بھی پیا تھا اس لئے حضرت حمزہ آنحضرت کے رضاعی بھائی بھی تھے اور چچا بھی۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

علمائے اہلسنت کے عقیدہ کے مطابق حضرت عبداللہ اور حضرت آمنہ آنحضرت کے والدین مومن نہ تھے۔ اس کی وجہ معلوم کرنا چنداں مشکل نہیں ہے۔ چونکہ ثلاثہ کے والدین باتفاق مورخین اور بعقیدہ علمائے اسلام کافر تھے۔ اس لئے علمائے اہلسنت کو ضرورت پڑی کہ ثلاثہ کی حمایت میں آنحضرت کے والدین کو بھی کافر ٹھہرا ئیں۔ اس شوخی اور کذب میں خواہ ایمان کی دولت ان کے خانہ دل سے ہمیشہ کیلئے رخصت ہوجائے علمائے اہلسنت کی شوخیاں صرف مندرجہ بالا شوخی تک محدود نہیں رہیں۔ بلکہ انہوں نے ثلاثہ کی حمایت میں وہ دست درازیاں کی ہیں جن کی وجہ سے اسلام اعتراضات کے تیروں کا نشانہ بنا ہوا ہے ایک مذہب جعفری کے صدقہ سے اسلام کی شان قائم ہے جو مخالفین کو منہ کھولنے نہیں دیتا ۔

اگر اسلام کا مدار اہلسنت پر ہوتا تو تمام زمین پر آج ایک مسلمان نظر نہ آتا۔ علمائے اہلسنت کی ستم ظریفی آنحضرتؐ کے والدین کو کافر ٹھہرانے تک ہی محدود نہیں رہی۔ ان کا یہ بھی عقیدہ ہے۔ کہ حضرت علیؑ کے والدین حضرت ابوطالبؑ اور حضرت فاطمہ بنت اسد بھی مومن نہ تھے۔ یہ ہے حمایت ثلاثہ کا ادنیٰ کرشمہ پھر یہاں تک ہی اکتفا نہیں کیا۔ بلکہ حضرت ابراہیمؑ کے والد بزرگوار (تارخ) کو بت پرست کہہ دیا۔ دوسرے انبیا کی خطائیں ثابت کیں۔ اور آنحضرتؐ کی طرف بھی کئی بشری لغزشیں منسوب کر دیں۔ ان خرافات کا نتیجہ یہ ہوا کہ کئی کاذب مہدی اور کئی جھوٹے نبی پیدا ہوگئے جنہوں نے اسلام کی بیخ کنی میں ہمیشہ کوشش کی اور اصول اور فروع دین میں چند در چند ایسی بدعات رائج کیں۔ اور دین مبین کے پاک چہرہ کو ایسا مسخ کیا۔ کہ اسلام کو دوسرے مذاہب کی طعن و تشنیع کا ہدف بنایا۔ اس لئے ہم لوگ ان سے بیزار ہیں ۔

حضرت ابوطالبؑ

علامہ ابو الکرام عبدالسلام لکھتا ہے کہ حضرت ابوطالبؑ کے مومن ہونے پر تمام اہلبیت متفق ہیں اور جو شخص اہلبیت کے اتفاق کے مخالف ہو۔ اس کا قول معتبر نہیں۔ اور جامع الاصول میں ہے۔ کہ اہلبیت کے قول کے مطابق ابوطالب مسلمان تھے۔ اور اسلام پر فوت ہوئے اور یہی قول عبدالحق محدث دہلوی کا ہے تاریخ کامل ص۲۳ پر ہے کہ آنحضرتؐ نے فرمایا۔ کہ جب تک (حضرت) ابوطالب زندہ رہے قریش نے ہم سے کوئی مکروہ امر کرنے کی جرأت نہ کی حضرت ابوطالب کی وفات کے بعد لوگ آنحضرتؐ پر کوڑا اکرکٹ ڈال دیتے اور جب آنحضرتؐ نماز میں مصروف ہوتے تو لوگ حضرت کے بدن مبارک پر بکری کی بچہ دانی (اوجھڑی) رکھ دیتے ۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

شیخ عبدالحق محدث دہلوی نے مدارج النبوۃ جلد دوم صفحہ ۳۵۱ و ۳۵۲ مطبوعہ نولکشور کانپور میں لکھا ہے۔ مدح سرور عالم میں بہت سے اشعار کہے ہیں منجملہ ان کے یہ ہیں ؎

وشق لہ من اسمہ لیجلہ — فذوالعرش محمود وھذا محمد

وابیض یستسقی الغمام بوجہہ — شمال الیتامٰی عصمۃ للارامل

محمد بن اسحاق مورخ نے اس قصیدہ کے اس سے زیادہ ابیات لکھے ہیں۔ اور یہ آپ نے تب کہے جب کفار قریش نے آں حضرت کے برخلاف اجتماع کیا اور لوگوں کو آپ سے متنفر کیا۔ اس قصیدہ میں آپ نے عداوت قریش کی مذمت کی ہے۔ اور لوگوں کو آنحضرت کی اطاعت کی ترغیب دی ہے ابن التین نے کہا ہے کہ ان ابیات میں دلالت ہے اس پر کہ ابوطالب آنحضرت کی نبوت کو بعثت سے پہلے جانتے تھے۔ شیخ ابن حجر عسقلانی نے کہا ہے۔ کہ ابوطالب نے یہ شعر بعثت سے بعد کہا اور بہت سی خبروں میں آیا ہے کہ ابوطالب کو آنحضرت کی نبوت کی معرفت تھی۔ اور اسی سے شیعہ نے تمسک کیا ہے۔ اس کے اسلام پر۔ شیخ نے یہ بھی کہا ہے۔ کہ میں نے علی بن حمزہ نصری کی ایک کتاب دیکھی۔ جس میں اس نے اشعار ابوطالب کو جمع کیا ہے اور خیال کیا ہے کہ وہ مسلمان تھا اور اسلام پر ہی مرا حسقویہ نے زعم کیا ہے کہ وہ کافر مرا اور استدلال کیا ہے ایسی چیز سے جس میں دلالت نہیں۔ (ابوالصفا)

تاریخ ابوالفدا میں ہے کہ جب آنحضرت حضرت ابوطالب کے جنازہ کے ہمراہ جا رہے تھے۔ تو آنحضرت نے فرمایا اے ابوطالب خدا تجھ کو بخش دے اور تم پر رحم کرے۔ تو نے صلہ رحم ادا کیا۔ اور میری امداد میں کچھ تقصیر نہ کی۔

حضرت ابوطالبؑ کا نقش نگین یہ تھا۔ "رضیت باللہ ربا و بابن اخی نبیا و بابنی علیؑ وصیاً۔" یعنی میں اللہ کے رب ہونے پر اور اپنے بھتیجے حضرت محمدؐ کے نبی ہونے پر۔ اور اپنے بیٹے حضرت علیؑ کے وصی ہونے پر راضی ہوا۔

فتح الباری کتاب المغازی میں ہے کہ جب لوگ حنین کے دن بھاگ گئے تو رسول اللہ ان کو کہتے تھے میں نبی ہوں اور میں جھوٹا نہیں ہوں اور میں ابن عبدالمطلب ہوں مگر چار آدمیوں کے سوائے حضرت کے پاس کوئی نہ رہا۔ یعنی انا ابن عبدالمطلب ہونا صادق القول ہونے کی دلیل فرمایا۔ پس عبدالمطلب صادق ہوئے۔

خصائص کبریٰ صفحہ ۸۶ پر ہے کہ ایک روز ابولہب اور ابوطالب میں کشتی ہوئی۔ ابولہب نے ابوطالب کو گرا دیا۔ آنحضرتؐ نے ابولہب کو زلفوں سے پکڑ لیا۔ اور جھٹکا حالانکہ حضرت اس وقت بہت کم سن تھے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

حاشیہ شفا قاضی عیاض پر امام احمد بن حسین حنفی موصلی اور علی جمہوری اور تلمانی سے نقل کیا گیا ہے کہ حضرت ابوطالب سے بغض رکھنا کفر ہے کیونکہ انہوں نے آنحضرت کی نصرت و حمایت و تربیت فرمائی پس ان کی مذمت و ایذا آنحضرت کی مذمت و ایذا ہے۔ اور ایسا شخص کافر واجب القتل ہے۔ مالکیوں کے نزدیک ایسا شخص بعد توبہ بھی واجب القتل ہے۔

اسنی المطالب مطبوعہ مصر صفحہ ۳۴ پر ہے کہ حضرت ابوطالب نے جب کہ رسول اللہ نے ابھی دعوئے نبوت کا اظہار بھی نہ فرمایا تھا۔ آنحضرت کے نکاح خدیجہؓ کے وقت اپنے خطبہ کا آغاز ان الفاظ سے فرمایا۔ الحمد للہ الذی جعلنا من ذریۃ ابراھیم وذرع اسمٰعیل وعنصر مضر وجعلنا حفظۃ بیتہ وسواس حرمہ" یعنی اُس خدا کا شکر ہے جس نے ہم کو ابراہیم کی ذریت اور اسمٰعیل کی نسل اور اصل معدن خاندان مضر سے قرار دیا۔ اور اپنے گھر کا نگہبان اور اپنے حرم کا منتظم بنایا۔

حضرت ابوطالب کے اپنے اشعار ملاحظہ ہوں۔

واللہ لن یصلوا الیک بجمعھم حتی اوسد فی التراب دفینا

وشق لہ من اسمہ لیجلہ فذوالعرش محمود وھذا محمد

ترجمہ:۔ خدا کی قسم اے محمدؐ یہ لوگ (کفار قریش) ہرگز تم تک نہیں پہنچ سکتے۔ جب تک میں زمین میں دفن نہ کر دیا جاؤں یعنی میں آپ کی محافظت میں اپنی جان آپ پر قربان کرنے کو ہر وقت تیار ہوں۔ خدا نے اپنے نام سے محمد کا نام مشتق کیا ہے پس وہ صاحب عرش محمود ہے۔ اور یہ محمدؐ ہے (اقرار خدا ابیت ہے)۔

"الم تعلموا انا وجدنا محمداً رسولاً کموسیٰ خط فی اول الکتب"

ترجمہ:۔ اے قریش تم کو معلوم نہیں ہے کہ ہم نے محمد کو ایسا رسول پایا ہے جو مثل موسیٰ کے ہے اور یہ بات اگلی کتابوں میں یا سب سے پہلی کتاب میں مذکور ہے (اسنی المطالب صفحہ ۱۰)

وقد علموا ان ابننا لا مکذب لدینا ولا یعزی لقول الاباطل

ودعوتنی وعلمت انک صادق ولقد صدقت وکنت ثم امینا

ترجمہ۔ ہمارا بیٹا محمدؐ جھوٹا نہیں ہے اور نہ وہ باطل قول کی طرف منسوب ہے اے محمد تم نے مجھے دعوت اسلام دی اور مجھے یقین ہے کہ تم سچے ہو! و ربیشک تم نے سچ کہا ہے اور تم امین ہو

ولقد علمت بان دین محمد من خیر ادیان البریۃ دینا

ترجمہ:۔ مجھے علم ہے کہ محمدؐ کا دین تمام خلقت کے دینوں سے بہتر ہے (اسنی المطالب صفحہ ۱۰)

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کتاب درج منیفہ فی آلا باء الشریفہ میں علامہ سیوطی میں ہے کہ میں نے نقل کیا ہے اس مجموعہ سے جو بخط فتیخ کمال الدین شمسی پدر امام شیخ تقی الدین ہے۔ کہ کسی نے قاضی ابو بکر بن عربی سے سوال کیا۔ کہ اس شخص کے بارہ میں آپ کا کیا حکم ہے جو کہتا ہے کہ آنحضرت کے آباء دوزخی ہیں۔ قاضی نے جواب دیا۔ کہ وہ شخص ملعون ہے کیونکہ خدا کہتا ہے۔ کہ جو لوگ خدا اور اس کے رسول کو ایذا دیتے ہیں۔ ان پر دنیا و آخرت میں لعنت ہے۔ اور ان کے لیے سخت عذاب تیار کیا گیا ہے میں اس سے بڑھ کر کوئی امر نہیں جانتا۔ کہ کسی کے باپ کے حق میں کہا جائے۔ کہ وہ دوزخی ہے تفسیر کبیر میں لکھا ہے۔ کہ خداوند عالم نے رسول اللہ کو حضرت ابوطالبؑ کی تربیت کی وجہ سے غنی کردیا۔ یعنی آپ کی تربیت احسن طریقہ پر کی گئی۔

جس شخص کے پاک دل میں آنحضرت کی خیر خواہی اور ہمدردی کا جذبہ اپنی اولاد سے زیادہ ہو۔ جو رشتہ داروں اور احباب سے محبت رسول کی وجہ سے بگاڑ پیدا کرلے جس کے سر پر محبت رسول کی وجہ سے مصائب کا آسمان ٹوٹ پڑے۔ جو خود قتل ہوجانا قبول کرے۔ مگر آنحضرت کا بال تک بیگانہ ہونے دے۔ اور جس کے ایمان کی شہادت خود آنحضرت اپنی زبان سے دیں اس کو کافر کہنا اہلسنت ہی کا حصہ ہے۔

اگر ثلاثہ کے والدین کا قرنہ ہوتے تو نہ تو آنحضرت کے والدین پر تہمت کفر لگائی جاتی اور نہ حضرت علی کے والدین کو دائرہ ایمان سے خارج کیا جاتا۔ اور نہ ہی انبیاء کو خطا کار ٹھیرایا جاتا۔ خدا برا کرے حمایت ثلاثہ کا جو تمام برائیوں کی جڑ ہے۔ اور جس کی وجہ سے اسلام دوسرے مذاہب کی نظر میں حقیر ہے۔ فقہ اہلسنت نے بالخصوص اسلام کو ذلیل کرنے میں کمال کر دکھایا ہے۔

مجھے یہاں ایک ذی عزت غیر مسلم کا واقعہ یاد آگیا ہے۔ جو مجھے ہمیشہ احترام کی نگاہ سے دیکھتا تھا۔ اور جس کی عزت میری نظر میں بھی حد درجہ تھی۔ تبادلۂ خیال کے دوران میں وہ اسلام کے محاسن کا دلدادہ ہوگیا تھا۔ مگر جب اس کی گہری نگاہ اور عمیق بصارت نے اسلام کی فرقہ بندیوں کو پرکھا۔ تو فقہ اہل اسلام کو تعویق میں ڈال دیا۔ اور کھلے الفاظ میں کہہ دیا۔ کہ اسلام کی صورت دست درازیوں کی وجہ سے بہت حد تک بگڑ چکی ہے۔ گو اس میں کچھ بھی شک نہیں شیعہ حضرات کا دم قدم اسلام کے قیام میں از بس غنیمت ہے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا بنتِ اسد والدہ ماجدہ حضرت علی علیہ السلام

ازالۃ الخلفاء صفحہ ۱۵۱ پر ہے کہ حضرت رسول اللہ فرمایا کرتے تھے۔ کہ فاطمہ بنت اسد ہماری ماں تھی۔ بعد اس ماں کے کہ جس سے ہم پیدا ہوئے۔ جب حضرت ابوطالب ہم لوگوں کو جمع کر کے اپنے ساتھ کھانا کھلاتے تو فاطمہ بنتِ اسد اس کھانے میں سے کچھ بچا رکھتیں۔ جو ہم دوبارہ آ کر کھاتے۔

ارجح المطالب صفحہ ۲۳۵ پر بحوالہ اسد الغابہ فی معرفۃ الصحابہ والدہ ماجدہ جناب امیر علیہ السلام کی تعریف کے متعلق ایک طویل حدیث لکھی ہے جس کا خلاصہ یہ ہے۔ کہ رسول اللہ آپ کے جنازہ پر تشریف لے گئے اور فرمایا۔ اے میری ماں خدا تجھ پر رحم کرے۔ تو میری ماں کے بعد میری ماں تھی۔ تو خود بھوکی رہتی۔ اور مجھ کو کھلایا کرتی۔ تو آپ ننگی رہتی۔ اور مجھ کو پہنایا کرتی۔ تو اپنی جان کو اچھے کھانے سے باز رکھتی۔ اور مجھے کھلاتی۔ تو خاص خدا کے لئے اور آخرت کے گھر کے لئے یہ حسن سلوک مجھ سے کیا کرتی۔ آنحضرت نے اپنا پیراہن ان کے کفن کے لئے دیا۔ کچھ قبر آنحضرت نے خود کھود دی۔ اور مٹی بھی نکالی۔ پھر خود اس میں لیٹ گئے۔ اس پر صحابہ نے کہا۔ یا حضرت۔ آپ نے اس کے ساتھ وہ معاملہ کیا ہے۔ جو آج تک کسی سے نہیں کیا حضور نے فرمایا۔ کہ ابوطالب کے بعد اس سے زیادہ کوئی شخص میرے ساتھ نیکی کرنے والا نہیں تھا۔ یہی روایت بہ اختلاف الفاظ مدارج النبوۃ جلد دوم صفحہ ۲۰۷ پر بھی درج ہے۔

جس پاک گود میں آنحضرت نے آرام فرمایا ہو۔ جن مقدس ہاتھوں پر آنحضرت اٹھائے گئے ہوں۔ جو پاک سینہ آنحضور کے نورانی سینے سے چمٹا رہا ہو۔ جو پاک ہونٹ آنحضرت کے پاک ہونٹوں کے بوسے لیتے ہوں۔ اور جو پاک آنکھیں آنحضرت کے چہرے پر ہر وقت کھلی رہی ہوں ان کے ایمان میں رخنہ اندازی کرنا کہاں کا اسلام اور کہاں کی انسانیت ہے۔ یہ شوخی اور گستاخی اہلسنت کو مبارک ہو۔ شیعہ اثنا عشری تو اس عقیدہ پر چار حرف کہتے ہیں۔

آنحضرت تو ارشاد فرمائیں اور بار بار ارشاد فرمائیں کہ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا بنت اسد میری ماں ہیں وہ واجب الاحترام ہیں اور میری محسنہ ہیں مگر علمائے اہل سنت باایں ہمہ ان کو مومن نہ سمجھیں اس سے بڑھ کر بے انصافی اور ضمیر فروشی کیا ہو سکتی ہے؟

محبتِ ثلاثہ وہ گلا سڑا اور بدبودار پھل ہے جو اس قابل نہیں کہ اسے دوسرے پاکیزہ اور صحیح سالم پھلوں میں رکھا جائے۔ اس ضرر کا ازالہ صرف اسی بات میں ہے۔ کہ اس کو دوسرے پھلوں

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سے علیحدہ کر کے کہیں دور دراز مقام پر پھینک دیا جائے۔ جہاں اسے جانور کھا جائیں اور خلق خدا اس کی تعفن اور سڑاند سے محفوظ رہے۔

دنیا میں کوئی ایسا مسلمان نہیں ہو سکتا۔ جو ممکا سیۂ اعمال سے خائف نہ ہو۔ اور جسے خوشنودی خدا کی ضرورت نہ ہو۔ اگر ثلاثہ کے دل میں ذرہ بھر بھی محبت رسول یا الفت آل رسول ہوتی تو ہم لوگوں کو کیا پڑی تھی کہ خواہ مخواہ ان کو برا سمجھتے۔ قرآن مجید کی ورق گردانی کریں۔ تفاسیر کا مطالعہ کریں۔ احادیث پر نگاہ غور ڈالیں۔ یا تاریخ کو پڑھیں کوئی بات حضرات ثلاثہ کی حمایت نہیں کرتی ان کی ہر ایک حرکت سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ ان کا اسلام صدق اور خلوص سے معرا تھا۔ اور یہ لوگ ہمیشہ اسی تاک میں رہے کہ کب آنحضرت رحلت فرمائیں۔ اور وہ آپ کی تمناؤں پر کھلے بندوں پانی پھیر کر دکھا دیں۔ ان کے دل پر آفتاب ایمان نے کسی وقت بھی نور افشانی نہ کی تھی۔ وہ کفر میں پیدا ہوئے۔ کفر میں پرورش پائی۔ اور کفر میں فوت ہوئے۔

ولادت جناب امیرؑ

امام عاصمی نے کتاب زین الفتیٰ تفسیر سورۂ ہل اتیٰ میں حدیث نور کو بروایت انس بن مالک لکھا ہے کہ فرمایا رسول اللہ نے کہ میں اور علی ایک ہی نور سے پیدا ہوئے ہیں۔ اور ہم دونوں اس وقت عرش کی دائیں جانب خدا کی یاد میں مصروف تھے۔ جب کہ ابھی کچھ مخلوق نہ ہوا تھا۔ حدیث نور یہ ہے:۔

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خلقت انا و علی ابن ابی طالب من نور واحد نسبح اللہ عز وجل فی یمنۃ العرش قبل خلق الدنیا۔

ابن مغازلی شافعی نے حضرت ابوذر سے روایت کی ہے کہ فرمایا رسول اللہ نے کہ میں اور علی ایک نور تھے جو عرش کی داہنی طرف خدا کے سامنے تسبیح و تقدیس کرتے تھے جبکہ ابھی آدمؑ کے پیدا ہونے میں چودہ ہزار برس باقی تھے پس یہ نور اصلاب میں منتقل ہوتا ہوا عبدالمطلب کی صلب میں مقیم ہوا۔ جہاں اس کے دو ٹکڑے ہوئے۔ ایک ٹکڑے سے میں اور دوسرے سے علیؑ پیدا ہوا۔

فصول المہمہ ابن صباغ مالکی ص ۵ پر ہے کہ سوائے حضرت علیؑ کے کوئی شخص خانہ کعبہ میں پیدا نہیں ہوا۔ یہ وہ فضیلت ہے کہ حضرت علیؑ سے مخصوص ہے تا کہ حضرت کا علو مرتبت اور جلالت قدر ظاہر ہو۔ محمد بن محمود قزوینی شافعی لکھتا ہے کہ جب حضرت علیؑ پیدا ہوئے اور رسول اللہ ان کو دیکھنے آئے تو حضرت علی ہنسے اور کہا السلام علیک یا رسول اللہ و رحمۃ اللہ و برکاتہٗ اور پھر رسول اللہ کی طرف

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

متوجہ ہو کر قرآن پڑھنا شروع کیا۔ حالانکہ ابھی قرآن نازل ہونا شروع بھی نہ ہوا تھا۔ اور سورۂ مومنون کو شروع سے خالدون تک پڑھا۔ رسول اللہ نے فرمایا اے علی تمہاری وجہ سے ان مومنین نے رستگاری پائی۔ سورۂ مومنون آیۂ نمبر اوّل قد افلح المومنون تا خالدون ملاحظہ ہو۔ ناظرین۔ احادیث کثیرہ و معتبرہ شاہد ہیں کہ جب کبھی رسول اللہ باہر سے گھر میں آتے۔ تو حضرت علیؑ کی ماں حضرت فاطمہ بنت اسد سر و قد کھڑی ہو جاتیں۔ اور فرماتیں۔ کہ میرے پیٹ کا بچہ رسول اللہ کی تعظیم کو کھڑا ہوتا ہے۔ اور مجھے کھڑا ہونے پر مجبور کرتا ہے جب حضرت علیؑ پیدا ہوئے۔ آپ نے آنکھیں بند کی ہوئی تھیں رسول اللہ نے آپ کو گود میں اٹھایا۔ تو آنکھیں کھول دیں۔ اور آنحضرتؐ کا لعاب دہن سیر ہو کر چوسا۔ اور پھر دو زانو ہو کر تمام توریت اور زبور اور انجیل کو ازبر پڑھ دیا۔ سچ پوچھئے تو آپ کے واقعات ہی ایسے حیرت انگیز ہیں۔ کہ آپ پر بعض کوتاہ اندیشوں نے الوہیت کا گمان کیا۔ امام شافعی کا قول زبان زد عام ہے کہ شافعی اس سوچ اور تردد میں مرگیا۔ کہ آیا علی اس کا خدا ہے یا اللہ اس کا خدا ہے۔

ارجح المطالب ص۳۴۶ بحوالہ مطالب السئول مصنفہ محمد بن طلحہ شافعی لکھا ہے۔ کہ "ولد بالکعبۃ البیت الحرام"۔ یعنی حضرت علی کعبہ میں پیدا ہوئے۔

سوانح عمری ص۴۵ بروایت مغازلی فصول المہمہ علامہ ابن صباغ مالکی کفایت الطالب علامہ محمد بن یوسف شافعی مطبوعہ مصر ص۱۹ کتاب المناقب علامہ ابن شہر آشوب مطبوعہ بمبئی جلد دوم ص۲۳ پر ہے کہ حضرت علی کی والدہ محترمہ طواف خانہ کعبہ کر رہی تھیں۔ کہ ان کو درد زہ پیدا ہوا بحکم خدا دیوار کعبہ پھٹ گئی۔ اور حضرت فاطمہ بنت اسد کو کعبہ کے اندر داخل ہونے کا حکم ہوا۔ چنانچہ حضرت علی کعبہ کے اندر پیدا ہوئے۔ اور حضرت فاطمہ وہاں تین دن تک رہیں۔ اور میوہ ہائے بہشتی آپ کی خوراک تھی۔

ازالۃ الخفا مقصد دوم ص۲۵۱ پر ہے۔ کہ امام حاکم کہتا ہے کہ اس بارہ میں متواتر احادیث وارد ہوئی ہیں۔ کہ حضرت علی خانہ کعبہ میں پیدا ہوئے۔ ناظرین ایک لطیفہ لکھتا ہوں۔ جو اہلسنت نے محض حضرت علیؑ کی کسر شان کی غرض سے وضع کیا ہوا ہے۔ استیعاب جلد اول ص۱۴۲ پر ہے۔ کہ حکیم بن حزام خانہ کعبہ میں پیدا ہوا۔ اس کی ماں چند عورتوں کے ساتھ داخل کعبہ ہوئی تو اس کو درد زہ پیدا ہوا پس ایک چمڑا لا کر رکھا گیا جس پر وہ پیدا ہوا۔

ازالۃ الخفا ص۲۵۱ پر ہے کہ امام حاکم ترجمہ حکیم بن حزام میں لکھا ہے کہ مصعب کہتا ہے کہ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

حکیم بن حزام سے نہ کوئی پہلے اور نہ کوئی بعد خانہ کعبہ میں پیدا ہوا۔ مگر مصعب کا یہ غلط وہم ہے۔ کیونکہ احادیث متواترہ سے ثابت ہے۔ کہ حضرت علی خانہ کعبہ میں پیدا ہوئے۔

میزان الاعتدال جلد اول صفحہ ۳۲۲ پر ہے۔ کہ احمد بن علی سلیمانی کہتا ہے۔ کہ زبیر بن بکار وضاع الحدیث و منکر الحدیث ہے۔ اسد الغابہ جلد سوم صفحہ ۵۶ پر ہے کہ حکیم بن حزام جس کی ولادت خانہ کعبہ میں بتلائی جاتی ہے۔ حضرت خدیجہ اور زبیر بن عوام کا بھتیجا ہے۔ اور یہی وجہ ہے۔ کہ زبیر بن بکار نے جو اس خاندان سے ہے۔ یہ حدیث وضع کی ناظرین زبیر کا باپ وہ شخص ہے جو حضرت یحییٰ بن عبداللہ بن حسن کے قتل کا باعث ہوا۔ پس زبیر کے دشمن اہلبیت ہونے میں کیا شک ہو سکتا ہے۔

بہ اتفاق مورخین اور بہ اتفاق احادیث حضرت علی علیہ السلام کعبہ میں پیدا ہوئے اس حقیقت سے انکار تو محال تھا۔ مگر عداوت علی کو بھی آخر رنگ لانا تھا۔ علمائے اہلسنت نے لکھدیا کہ حکیم بن حزام بھی کعبہ میں پیدا ہوا تھا۔

حضرت علیؑ آنحضرتؐ پر تمام مسلمانوں سے کئی سال پہلے ایمان لائے۔ اور سابق الایمان کہلائے مگر یہ فضیلت ابوبکر بن قحافہ کو خواہ مخواہ اور زبردستی دے دی گئی۔

حضرت علی کی ذوالفقار نے اسلام کی حمایت میں اہل اسلام تک سے جو ہر مردانگی کی داد لی۔ مگر یہ نیرنگی خالد جیسے دشمن اہلبیت کو دے دی گئی۔

حضرت علی بحالت سجدہ مسجد میں عبدالرحمن بن ملجم کے ناپاک ہاتھ سے شہید کر دیئے گئے۔ مگر یہی مرتبہ بلا دلیل اور بلا ثبوت عمر بن خطاب کو دے دیا گیا۔

غرض علمائے اہلسنت کے بڑوں نے تو حقوق اہلبیتؑ کو غصب کیا۔ یہ ان کے مراتب اور فضائل کے غصب کرنے میں ماہر اور کامل ہیں۔

ناظرین جتنا چاہیں غور کریں اہلسنت کو آل محمدؐ کے احترام سے کچھ غرض نہیں۔ ابھی تھوڑے عرصے کا واقعہ ہے۔ کہ دہلی کے ایک دشمن اہلبیت اور اہلسنت مسمی مرزا حیرت دہلوی نے ایڑی سے چوٹی تک کا زور لگایا۔ کہ شہادت حسینی فرضی واقعہ ہے۔ وجہ یہ ہے کہ اسے علم تھا کہ شہادت حسینؑ صرف خلافت یزید ہی کی تکذیب نہیں کرتی ہے۔ بلکہ خلافت ثلاثہ کو بھی صریحاً باطل کرتی ہے مگر اس کی ایمان فروشی نے اس کی کچھ دستگیری نہ کی۔ اور اس کے تمام ارادے نامرادی کی خاک میں دفن ہو گئے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

حلیہ جناب امیرؑ

نصر بن مزاحم مورخ صفین لکھتا ہے۔ کہ حضرت علی کا قد نہ لمبا اور نہ چھوٹا۔ جسم گوشت سے بھرا ہوا تھا۔ آنکھیں کشادہ اور سیاہ تھیں پیٹ پُر زور اور بازو نہایت قوی تھے ڈاڑھی گھنی اور مقطع تھی۔ گردن صراحی دار اور ہاتھ مضبوط تھے۔ رنگ ملیح اور پلیں باریک اور ماتھا کشادہ تھا۔ چہرہ سے شاہانہ رعب و داب ٹپکتا تھا۔ کبھی کبھی لطیف مذاق فرمایا کرتے تھے۔

تاریخ خمیس ص۲۰۳ پر ہے۔ کہ حضرت علی کا چہرہ مبارک چودھویں رات کے چاند کی طرح چمکتا تھا۔ اللہ اللہ ایک طرف تو وہ نورانی چہرے رونق افروز بزم عالم ہیں۔ کہ ان کی ضیاء کے سامنے آفتاب عالم تاب کی روشنی مات ہے۔ دوسری طرف وہ مکروہ صورت اور ناگفتہ بہ ہستیاں ہیں۔ جن میں سے کسی کی شکل وشباہت اونٹ کے بچے سے ملتی جلتی ہے۔ کوئی اتنا طویل القامت اور بد اندام ہے۔ کہ خدا کی پناہ۔ کوئی نعثل کہلاتا ہے۔ اور کسی کا قد بہت چھوٹا اور پیٹ رانوں پر پڑتا ہے حق تو یہ ہے کہ شکل وصورت کی دلفریبی بھی خداداد عطیہ ہے۔

جناب امیرؑ کی سبقت اسلامی

خصائص نسائی مطبوعہ مصر ص۳ اور تاریخ طبری جلد دوم ص۲۱۲ پر ہے۔ کہ عفیف کہتا ہے۔ کہ ہم بغرض خریداری مال مکہ میں گئے۔ اور حضرت عباسؓ کے ہاں ٹھیرے۔ دیکھا کہ خانہ کعبہ میں ایک جوان آیا۔ اور اس کے بعد ایک لڑکا اور ایک عورت آئی۔ اور سب نے آکر نماز پڑھی۔ ہم نے عباس سے پوچھا۔ کہ یہ کون ہیں۔ اور کیا کرتے ہیں۔ کہا۔ یہ نوجوان محمدؐ ہے جو میرا بھتیجا ہے۔ اور یہ لڑکا علیؑ ہے۔ اور یہ عورت خدیجہ محمدؐ کی زوجہ ہے۔ ان کا گمان ہے۔ کہ خدا نے ان کو ایسا حکم دیا ہے۔ خدا کی قسم۔ اس وقت دنیا بھر میں اس دین پر سوائے ان تینوں کے کوئی اور نہیں دیکھتا۔ اور عباد بن عبداللہ سے روایت ہے۔ کہ جناب امیرؑ نے فرمایا۔ کہ میں ہوں بندہ خدا اور برادر رسول اور صدیق اکبر میرے بعد جو اس کا دعویٰ کرے وہ کاذب ہے۔ کیونکہ میں نے سات برس لوگوں سے پہلے ایمان کا اعلان کیا۔

فتاوی عزیزی شاہ عبدالعزیز دہلوی مطبوعہ مجتبائی دہلی جلد دوم ص۱۸ پر ہے کہ احادیث صحیحہ میں ہے کہ جناب امیر کی کنیت ابوتراب اور ابوالریحانتین تھی۔ اور لقب ذی القرنین یعسوب الدین و صدیق و

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

فاروق و سابق و یعسوب الامۃ و یعسوب المومنین و یعسوب قریش و صیقۃ البلد و امین و شریف و ہادی و مہدی تھا۔ تاریخ طبری جلد دوم صفحہ ۲۱۲ پر ہے۔ کہ آنحضرت نے بروز دوشنبہ اعلان نبوت کیا۔ اور حضرت علی نے ان کے پیچھے سہ شنبہ کو نماز پڑھی اور سب سے پہلے ایمان لائے۔ ازالۃ الخفاء صفحہ ۲ پر ہے۔ کہ حضرت علیؑ نے فرمایا۔ کہ قرآن صامت ہے اور ہم قرآن ناطق ہیں۔

احمد القرطبی نے کتاب عقد میں ابن خلکان نے اپنی تاریخ میں ذہبی نے کتاب العبر میں اور علی ہمدانی نے بغیۃ الوعاۃ میں لکھا ہے۔ کہ خلیفہ مامون رشید نے یحییٰ ابن اکثم شیخ البخاری اور اسحاق فقیہ بغدادی سے پوچھا کہ آیہ قرآنی "السابقون اولئک هم المقربون" کے مطابق جو شخص سب سے پہلے آنحضرت پر ایمان لایا وہ آپ کی رائے میں کیسا ہے۔ دونوں علماء نے کہا کہ ایسے شخص سے افضل کوئی نہیں ہو سکتا۔ مامون نے کہا کہ شیعہ و سنی متفق ہیں کہ وہ شخص علیؑ ابن ابیطالب ہے۔ علماء نے کہا کہ یہ درست ہے۔ مگر اس وقت حضرت علی کی عمر بہت چھوٹی تھی۔ (ناظرین اس وقت حضرت علی کی عمر تیرہ سال تھی) اس عمر کا ایمان قابل اعتبار نہیں ہے۔ مامون نے کہا۔ کہ حضرت علیؑ کے لڑکپن میں ایمان لانے سے تین باتیں ظاہر ہوتی ہیں۔ اول یہ کہ چونکہ حضرت علی نے کم سنی میں توحید خدا اور رسالت رسول کی تصدیق کی اس لئے وہ عقل و فہم کے لحاظ سے تمام انسانوں سے افضل ہیں دوسرے یہ کہ چونکہ رسول اللہ نے جان بوجھ کر ایک کمسن لڑکے کو ایمان کی تکلیف دی۔ اس لئے آنحضرت کو اس کی فہم و عقل سے لطیف ہونے کا یقین کامل ہوگا۔ تیسرے یہ کہ اگر حضرت علیؑ کو بذریعہ الہام ایمان لانے کا حکم ہوا تھا۔ تو یہ بات سب سے بڑھ کر لطیف ہے۔

اہلبیت علیہم السلام کی کوئی ایسی فضیلت نظر نہیں آتی جسے غصب کر کے حضرات ثلاثہ اور یاران ثلاثہ کو نہ دیدی گئی ہو حضرت علیؑ کے سابق الایمان ہونے کا واقعہ البسا بدیہی اور روشن تھا جس سے انکار ناممکن تھا۔ لیکن علمائے اہلسنت کی خطا آمیز ہمت پر تعریف آمیز ہزار آفرین ہے جن کی دستبرد اور غصب سے یہ فضیلت بھی محفوظ نہ رہ سکی۔ اور ابوبکر بن قحافہ کو بلا دلیل و برہان سابق الایمان لکھدیا۔

تزویج جناب امیرؑ

شرح مشکوٰۃ صفحہ ۵۶۸ پر ہے۔ کہ ہم لوگ آنحضرت کے پاس بیٹھے ہوئے تھے کہ حضرت علی باہر سے آئے آنحضرت نے تبسم فرما کر کہا۔ اے علی خدا نے ہم کو حکم دیا ہے۔ کہ فاطمہ کو تم سے تزویج کر دیں۔ یہ تزویج چار سو مثقال چاندی پر ہو گی۔ اگر تم راضی ہو۔

پیشتر اس کے کہ حضرت فاطمۃ الزہرا کا نکاح جناب امیر سے ہوتا۔ ابوبکر بن قحافہ عمر بن خطاب اور عثمان بن عفان۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

آنحضرت علیہ الصلوٰۃ والسلام سے اس نکاح کی درخواست کر چکے تھے! اور آنحضرت نے ان کی درخواست کو شرف قبولیت عطا نہیں فرمایا تھا۔

جناب فاطمہؑ کا جناب امیرؑ کے نکاح میں آجانا ہی ایک ایسی عظیم الشان فضیلت تھی جو در اصل حقِ خلافت رسول تھا۔ اقوالِ رسولؐ، حکمِ خدا، علم، شجاعت، معجزات وغیرہ مزید حقوقِ خلافت تھے۔ لیکن افسوس حرصِ دنیا انصاف پر غالب آئی۔ اور حقدار کو حق سے محروم کر دیا گیا۔

علمِ جناب امیر علیہ السلام

ینابیع المودۃ امام شیخ سلیمان قندوزی حنفی مطبوعہ قسطنطنیہ صفحہ ۱۰۳ سطر ۵ پر بروایت امام صادقؑ لکھا ہے۔ کہ قرآن کا مکمل علم اہلبیت کے پاس ہے سلیمان کے وزیر (آصف برخیا) کو صرف ایک حرف اسم اعظم اور ایک حصہ کتاب کا علم ملا تھا جس سے وہ تختِ بلقیس کو آنکھ کی پلک میں حاضر کر سکتا تھا موسیٰؑ اور عیسیٰؑ کو بھی کچھ علم ملا تھا مگر حضرت علیؑ کے بارہ میں ہے۔ ومن عندہٗ علم الکتاب یعنی حضرت علی علیہ السلام کو تمام کتاب خدا کا علم عطا ہوا تھا۔ قرآن خود مدعی ہے کہ لا رطب ولا یابس الا فی کتاب مبین۔

ینابیع المودۃ صفحہ ۷۰ سطر ۴ پر بروایت ابن عباسؓ لکھا ہے۔ کہ آنحضرت کو خدا سے علم ملا اور حضرت علی علیہ السلام کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اور مجھ کو حضرت علی علیہ السلام سے میرا اور تمام صحابۂ رسولؐ کا مجموعی علم بمقابلہ حضرت علی علیہ السلام کے علم کے گویا ایک قطرہ ہے سات دریاؤں کے سامنے۔

ینابیع المودۃ صفحہ ۲۸۶ سطر ۷ پر بروایت ابن سعد لکھا ہے۔ فرمایا جناب امیر علیہ السلام نے کہ خدا کی قسم بسم اللہ سے والناس تک کوئی ایسی آیت نہیں مگر میں جانتا ہوں کہ کس جگہ اور کس کے بارے میں نازل ہوئی خدا نے مجھے سمجھدار دل اور ناطق زبان عطا کی ہے۔

محمد بن علی الحکیم الترمذی کتاب شرح رسالہ فتح مبین میں بروایت ابن عباسؓ لکھا ہے کہ دنیا میں کل علم دس حصوں میں تقسیم ہوا۔ نو حصے مخصوص حضرت علی علیہ السلام کو عطا ہوئے اور علم کا دسواں حصہ تمام لوگوں پر تقسیم ہوا۔ اور اس دسویں حصہ میں بھی حضرت علی علیہ السلام سب لوگوں سے زیادہ علم یعنی حصہ دار ہیں۔

علامہ نقاش نے اپنی تفسیر میں ابن عباس سے روایت کی ہے کہ خدا نے آنحضرتؐ کو علم دیا۔ آنحضرتؐ نے حضرت علی علیہ السلام کو اور حضرت علی علیہ السلام نے مجھ کو علم عطا کیا میرا اور جملہ اصحابِ رسول اللہ کا علم جناب امیر علیہ السلام کے علم کے مقابلہ میں ایسا ہے جیسا کہ سات سمندروں کے مقابلہ میں ایک قطرہ ہو۔

حاشیہ بخاری پارہ بیسواں کتاب فضائل القرآن صفحہ ۱۰۷ میں ہے کہ حضرت علیؑ کا جمع کردہ قرآن ترتیب

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نزول کے موافق تھا۔ تاریخ الخلفاء سیوطی زمیندار پریس صفحہ ۹۹ اور براہین قاطعہ ترجمہ صواعق محرقہ میں ہے کہ ابن سیرین کہتا ہے۔ کہ اگر حضرت علی علیہ السلام کا جمع کردہ قرآن ہم تک پہنچتا تو وہ درحقیقت میں بڑا ذخیرہ ہوتا۔ اس کی ترتیب موافق نزول تھی۔ بخاری پارہ بیسواں صفحہ ۱۲۶ پر ہے۔ کہ عبداللہ بن مسعود کا قرآن عثمان کے قرآن کی ترتیب پر نہ تھا۔ صفحہ ۱۲۸ پر ہے کہ ابن مسعود نے کہا کہ میں عثمان کے کہنے پر عمل نہیں کرسکتا کہ اپنا قرآن جلا ڈالوں۔ اور اس کے جمع کردہ قرآن کی ترتیب کے موافق پڑھا کروں صفحہ ۱۳۳ پر ہے کہ عثمان کے جمع کردہ قرآن کی ترتیب تنزیل کے مطابق نہیں ہے اور نہ ہی ترتیب کا لحاظ ضروری امر ہے۔

اس حقیقت سے ہر ایک خواندہ شخص آشنا ہے۔ کہ قرآن پاک کی موجودہ ترتیب جس کا مرتب عثمان بن عفان ہے تنزیل کے مطابق نہیں ہے۔ موجودہ قرآن میں بقول علمائے اہلسنت کئی آیات کی کمی ہے۔ ان آیات میں ایک آیہ کو تو عائشہ بنت ابوبکر کے سرہانے سے بکری کھا گئی تھی۔

ثلاثہ اور یاران ثلاثہ تو جنگوں سے بھاگ کر شرم کے مارے دنوں اور ہفتوں دربار رسولؐ سے غائب رہتے تھے۔ وہ تمام آیات قرآنی کے شان نزول سے کس طرح آگاہ ہو سکتے ہیں۔ اور نیز جو لوگ چالیس سال اور بیالیس سال کی عمر میں ایمان لائے ہوں وہ ان آیات قرآنی کے شان نزول سے کس طرح آگاہ ہو سکتے ہیں۔ جو ان کے ایمان لانے سے پہلے نازل ہو چکی ہیں۔ اگر جناب امیرؑ کا جمع کردہ قرآن مملکت میں رائج کردیا جاتا تو اسلام کو فائدہ عظیم پہنچتا اور خود غرض لوگوں کو بیہودہ تاویلات کا موقع بھی نہ مل سکتا فرقہ بندیوں کا محشر بھی ہر طرف بپا نہ ہوتا۔ ابوبکر کے عہد خلافت میں جناب امیرؑ اپنا جمع کردہ قرآن لیکر تشریف لے گئے اور فرمایا کہ یہ میرا جمع کردہ قرآن ہے جس کی آیات کی ترتیب تنزیل کے مطابق ہے اسے لو اور ملک میں رائج کردو۔ لیکن ابوبکر جیسا بے علم شخص اس گوہر علم کو کیونکر پرکھ سکتا تھا اس نے اس قرآن کے لینے سے انکار کردیا۔ اور مسلمانوں کو ایک نعمت عظمیٰ سے محروم کردیا۔

حضرت علیؑ خداوند عالم کے لطف و کرم اور رسول اللہ کی مہربانی سے علوم ارضی و سماوی سے آگاہ تھے۔ آپ کے علم کے مقابلہ میں تمام مخلوقات کے ارضی و سماوی کے علم کو وہی نسبت حاصل ہے جو نجوم فلک کے مقابل میں ایک خاک کے ذرہ کو ہوتی ہے۔

دوسری طرف نگاہ ڈالتے ہیں تو ہم دیکھتے ہیں کہ کوئی خلیفہ نصاریٰ کے اعتراضوں سے سر دربار شکست کھا کر بغلیں جھانکتا رہا ہے کسی خلیفہ کو بارہ سال میں ایک سورۃ قرآنی بھی حفظ نہیں ہوتی اور کسی کے دل میں قرآن کا احترام اتنا بھی نہیں کہ اس کی عظمت کی قسم اٹھا کر اس پر کاربند رہے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مناقب و فضائل جناب امیر علیہ السلام

مدارج النبوۃ جلد دوم ص۳۸۵ پر لکھا ہے کہ جناب امیر علیہ السلام بحکم محبوب ذوالجلال آنحضرت صلعم کے کندھوں پر چڑھے اور بتوں کو دیوار کعبہ سے گرایا۔ اس حالت میں آنحضرت صلعم نے حضرت علی علیہ السلام سے پوچھا کہ تو اپنے آپ کو کیا پاتا ہے۔ جناب امیر علیہ السلام نے عرض کی یا حضرت میں ایسا دیکھتا ہوں کہ پردے کھل گئے ہیں۔ گویا میرا سر ساقِ عرش پر پہنچ گیا ہے۔ اور جس چیز پر ہاتھ دراز کرتا ہوں میرے ہاتھ میں آتی ہے۔ حضرت رسول اکرمؐ نے فرمایا کہ خوشا وقت تیرا کہ کار حق کرتا ہے۔ اور حبذا حال میرا کہ بار حق اٹھاتا ہوں۔ میں یہاں ایک لطیفہ سناتا ہوں۔ صاحب مدارج النبوۃ نے اسی مقام پر لکھا ہے کہ رسول اللہ نے خود بت اس لئے نہ توڑے کہ اگر آپکے ہاتھ بتوں سے مس ہو جاتے تو وہ بہشتی ہو جاتے حالانکہ خدا نے بتوں کو حصب جہنم فرمایا ہے العجب ثم العجب یہ شگوفہ ایک خاص بات کے لئے بنایا گیا ہے۔ ورنہ اگر محض مس ہی سے کوئی چیز واجب الجنت ہو جاتی ہے تو سنی لوگ اور خاص کر ابو حنیفہ اور اسکے مقلد والدہ جناب رسول اکرم کو کیوں کافرہ اور جہنم کی مستحقہ کہتے ہیں حالانکہ رسول اکرم آپکے شکم مطہر سے پیدا ہوئے اور یہاں مس سے کہیں زیادہ مرتبہ حاصل ہے اور حضرت ابوطالب علیہ السلام کو کیوں کافر کہتے ہیں جنہوں نے کئی دفعہ جسم رسول کو مس کیا

وفا الوفا معجم کبیر طبرانی جلد اول ص۱۷۹ پر ہے کہ جابر بن سمرہ راوی ہے کہ اہل قبا نے جب حضرت سے سوال کیا کہ ایک مسجد لوگوں کے لئے بنائی جائے تو حضرت نے فرمایا کہ کوئی تم میں سے ناقہ پر سوار ہو ابوبکر اٹھا اور سوار ہوا۔ مگر اونٹ نے قدم نہ اٹھایا تو وہ اتر کر چلا آیا اور بیٹھ گیا تب عمر سوار ہوا۔ مگر ناقہ نے قدم نہ اٹھایا۔ یہ بھی اتر کر چلا آیا اور بیٹھ گیا۔ تب حضرتؐ نے فرمایا کوئی سوار ہو اس پر جناب امیر علیہ السلام اٹھے جب حضرت سوار ہوئے اور پائے مبارک رکاب میں رکھا تو ناقہ چلنے لگا۔ حضرت نے فرمایا مہار اس کی چھوڑ دو۔ اور اس مسجد کے مدار پر مسجد بناؤ کہ یہ ناقہ مامور ہے۔

مصابیح میں ہے کہ فرمایا آنحضرت نے کہ میری امت میں حضرت علیؑ قاضی القضاۃ ہیں۔ ازالۃ الخفا صواعق محرقہ ترمذی نسائی اور مشکوٰۃ میں ہے کہ فرمایا آنحضرتؐ نے کہ علی مجھ سے ہے۔ اور میں علی سے ہوں۔ ینابیع موفق بن احمد حموینی میں ہے کہ فرمایا آنحضرتؐ نے کہ علی کا گوشت اور خون میرا گوشت اور خون ہے۔ ترمذی حاکم۔ صواعق محرقہ۔ ازالۃ الخفا اور تاریخ سیوطی میں ہے کہ فرمایا آنحضرتؐ نے کہ میں علم کا شہر ہوں اور علی اس کا دروازہ ہے ۔

ترجمہ ازالۃ الخفا جلد سوئم ص۳۲۱ پر ہے کہ فرمایا آنحضرتؐ نے علیؑ تو سب میں سے اچھا قاضی ہے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

تاریخ اسلام مطبوعہ لنڈن صفحہ ۲۶۴ پر ہے کہ ابو بکر اور عمر شرعی فیصلوں اور فتووں میں حضرت علیؑ علیہ السلام سے ہدایت پاتے رہے۔

تفسیر درمنثور مطبوعہ مصر جلد ششم صفحہ ۱۲۲ اور مشکوٰۃ مطبوعہ نولکشور لکھنؤ صفحہ ۲۹۶ سطر ۵ اشعۃ شرح مظاہر الحق اور توضیح الدلائل علے ترجیح الفضائل اور کتاب المناقب علامہ ابو الحسن المغازلی میں ہے کہ آنحضرتؐ نے بحکم خدا تمام اصحاب کے دروازے جو مسجد نبوی کی طرف کھلتے تھے بند کر دئے گئے مگر حضرت علی علیہ السلام کے گھر کا دروازہ بند نہ کیا اور فرمایا کہ علی بحالت جنب داخل مسجد ہو سکتے ہیں۔

تفسیر کبیر جلد دوم صفحہ ۲۸۳ اور تفسیر ثعلبی اور احیاء العلوم امام غزالی میں ہے کہ جب حضرت علی علیہ السلام شب ہجرت کو بستر رسول اللہؐ پر سوئے تو خداوند عالم نے جبرائیل اور میکائیل سے پوچھا کہ میں نے تم دونوں میں بھائی چارہ قرار دیا۔ تم میں سے کوئی ہے جو اپنی عمر دوسرے کو دیدے۔ جب دونو نے انکار کیا۔ تو خدا نے فرمایا کہ میں نے علیؑ ولی اور محمد نبی میں بھائی چارہ قرار دیا۔ دیکھو علیؑ نے اپنے بھائی محمدؐ پر اپنی جان کس طرح قربان کی ہے۔ پس جبرائیل حضرت علی علیہ السلام کے سرہانے اور میکائیل آپ کے پاؤں کے مقابل میں بیٹھے۔ جبرئیل نے کہا۔ مبارک ہو مبارک ہو لے علی (علیہ السلام) کہ خود خداوند عالم تمہارے سبب سے فرشتوں پر فخر کرتا ہے پس تمہارا مثل کون ہو سکتا ہے۔

امام شافعی کہتا ہے کہ میں کب تک اور کہاں تک حضرت علی علیہ السلام کی دوستی میں ملامت کیا جاؤں گا کیا فاطمہؑ جیسی زوجہ کسی اور کو ملی ہے۔ اور کیا ہل اتیٰ کسی اور کی شان میں نازل ہوئی ہے۔ اس کے متعلق فرید الدین عطار کہتا ہے ؎

ازسنا نش لافتے آمد پدید ۔۔۔ واز سہ نانش ہل اتیٰ آمد بدید

تاریخ الخلفا مطبوعہ مجتبائی صفحہ ۱۲۴ پر ہے کہ امام احمد حنبل کہتا ہے کہ کسی صحابی رسول کے حق میں اس قدر فضیلتیں وارد نہیں ہوئیں جس قدر حضرت علی علیہ السلام کے حق میں وارد ہوئی ہیں۔ اسی کتاب کے صفحہ ۱۱۷ پر ہے کہ طبرانی اور حاتم نے ابن عباس سے روایت کی ہے۔ کہ قرآن میں جہاں جہاں یا ایھا الذین امنوا آیا ہے حضرت علی علیہ السلام اس کے امیر اور شریف ہیں۔ ابن عساکر نے ابن عباس سے روایت کی ہے۔ کہ حضرت علی علیہ السلام کی شان میں تین سو آیات قرآن میں ہیں۔

مولوی عبید اللہ صاحب امرتسری نے ارجح المطالب مطبوعہ امرتسر صفحہ ۱۰ پر لکھا ہے کہ آنحضرت صلعم نے حضرت علی علیہ السلام کو مومنوں کا امیر اور مسلمانوں کا سردار بنایا ہے۔ ابن مردویہ لکھتا ہے کہ مومنوں کا امیر اور عرب کا سردار اور اوصیا سے برگزیدہ اور مخلوقات سے بہتر فرمایا۔ ابن مردویہ اور دیلمی لکھتا ہے۔ کہ

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

امیر المومنین و سید المسلمین و امام المتقین فرمایا۔ دیلمی نے فردوس الاخبار میں لکھا ہے کہ امام المتقین فرمایا۔ دیلمی نے لکھا ہے کہ مسلمانوں کا سردار اور مومنوں کا بادشاہ اور اہل جنت کا پیشوا فرمایا حاکم اور ابن مردویہ اور ابونعیم اور ابن فارنع نے لکھا ہے کہ مسلمانوں کا سردار اور مومنوں کا بادشاہ اور اہل جنت کا پیشوا فرمایا۔ سبط ابن جوزی نے تذکرہ خواص الائمہ میں لکھا ہے کہ سید الصادقین فرمایا۔ ابونعیم نے حلیۃ الابرار میں اور محب طبری نے ریاض النظرہ میں اور طبرانی نے کبیر میں لکھا ہے کہ سید العرب فرمایا طبرانی اور دیلمی نے لکھا ہے کہ صدیق الاکبر اور فاروق اعظم اور یعسوب الامت فرمایا۔ احمد نے مناقب میں اور نسائی نے خصائص میں اور حاکم نے مستدرک میں اور ابن ابی شیبہ نے سنتہ میں اور ابن عاصم نے سنتہ میں اور ابونعیم نے حلیہ میں لکھا ہے۔ کہ خدا کا بندہ اور رسول کا بھائی اور صدیق اکبر فرمایا۔ ابن قتیبہ میں المعارف میں اور ابن الحجام نے تفسیر میں لکھا ہے۔ کہ صدیق اکبر اور اپنا رفیق فرمایا خوارزمی اور دیلمی نے لکھا ہے کہ سب سے پہلے مجھ پر ایمان لانے والا اور صدیق اکبر اور فاروق اعظم اور یعسوب المومنین اور منافقوں کی پہچان فرمایا۔ دیلمی نے لکھا ہے کہ خاتم الوصیین فرمایا دیلمی اور ابن مردویہ نے لکھا ہے کہ خیر الوصیین فرمایا حضری اور ابن مردویہ اور بغوی اور دیلمی نے لکھا ہے۔ کہ اپنا وزیر اور وصی اور وارث اور افضل الناس فرمایا خوارزمی اور دار قطنی نے لکھا ہے۔ کہ تمام اوصیا سے بہتر فرمایا۔

مفتاح النجاح میں امام دیلمی سے بروایت امام حسین علیہ السلام لکھا ہے کہ فرمایا آنحضرتؐ نے کہ اگر کوئی شخص اتنی مدت تک عبادت کرے جتنی مدت نوحؑ نے اقامت کی ہے اپنی قوم میں۔ اور کوہ احد کے برابر سونا خیرات میں دے۔ اور اس کی عمر لمبی کر دی جائے۔ کہ ہزار حج پاپیادہ کرے اور پھر صفا اور مروہ کے درمیان مظلوم مارا جائے۔ لیکن اے علیؑ وہ تجھے دوست نہ رکھے۔ تو وہ جنت کی بو تک نہیں سونگھ سکے گا۔

تفسیر در منثور و تفسیر کبیر رازی۔ کنز العمال ملا علی متقی باب الفضائل جلد ششم ص۱۵۲ ینابیع المودۃ مطبوعہ مصر ص۱۸۵ ارجح المطالب ص۲۲ پر کئی مستند روایات منقول ہیں۔ کہ صدیق صرف تین ہیں۔ حزقیل مومن آل فرعون حبیب نجار مومن آل یٰسین۔ علی ابن ابیطالب علیہ السلام۔ اخطب خوارزم نے کتاب مناقب ص۲۶ پر لکھا ہے کہ حضرت علی علیہ السلام کے چہرہ کے نور سے ملائکہ کو پیدا کیا گیا۔

ینابیع المودۃ مطبوعہ مصر ص۹ پر ہے کہ ابن مغازلی شافعی نے بروایت ابوہریرہ لکھا ہے کہ فرمایا رسول اللہ نے کہ علی علیہ السلام کا چہرہ دیکھنا عبادت ہے۔ اور ینابیع ص۸۴ پر ہے۔ کہ حضرت علی علیہ السلام بہشت اور دوزخ کا بانٹنے والا ہے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اخطب خوارزم نے کتاب مناقب میں لکھا ہے۔ کہ معراج کی رات خداوند عالم نے آنحضرتؐ سے حضرت علی (علیہ السلام) کے لہجہ میں گفتگو کی۔ علامہ کمال الدین نے مطالب السئول میں علامہ زمخشری نے کشاف میں۔ علامہ سیوطی نے درمنثور میں اور فضل بن روزبہان نے ابطال الباطل میں لکھا ہے۔ کہ جب آنحضرتؐ نے صحابہ کو آپس میں بھائی بھائی بنایا۔ تو ابوبکر کو عمر کا بھائی عثمان کو عبدالرحمان بن عوف کا بھائی۔ طلحہ کو زبیر کا بھائی۔ ابوذر کو مقداد کا بھائی۔ معاویہ کو عمرو عاص کا بھائی اور حضرت علیؑ کو اپنا بھائی بنایا۔

قاضی عیاض نے کتاب شفا میں لکھا ہے کہ آنحضرت کا سرمبارک جناب امیر علیہ السلام کی گود میں تھا اور وحی کا نزول ہو رہا تھا۔ اتنے میں آفتاب غروب ہوگیا۔ حالانکہ جناب امیر نے ابھی تک نماز عصر نہ پڑھی تھی۔ وحی کے اختتام پر آنحضرتؐ نے فرمایا اے علیؑ تم نے نماز عصر پڑھ لی ہے حضرت علی علیہ السلام نے عرض کیا۔ یا حضرت نہیں پڑھی تب آنحضرت نے دعا کی خداوندا علیؑ تیرے رسولؐ کی اور تیری اطاعت میں تھا۔ تو آفتاب کو پھر طلوع کر۔ اسما کہتی ہے کہ ہم نے دیکھا کہ آفتاب غروب ہوچکا تھا۔ پھر طلوع ہوا۔ اور اس کی روشنی پہاڑوں اور زمین پر پڑی۔ یہ واقعہ مقام صہبا کا ہے جو خیبر میں ہے۔ یہ حضرت علی علیہ السلام کے لئے زبردست معجزہ ہوا۔ اور اسے ردشمس کہتے ہیں۔ یعنی سورج کا غروب ہونے کے بعد لوٹ آنا۔ ارجح المطالب اور براہین قاطعہ میں بھی اس معجزہ کا ذکر ہے۔

صواعق محرقہ ذکر فضائل جناب امیر علیہ السلام اور کنز العمال کتاب الفضائل باب فضائل علیؑ صفحہ ۳۰ برحاشیہ مسند احمد حنبل میں ہے۔ کہ ابن عباس نے کہا کہ فرمایا آنحضرتؐ نے کہ علی (علیہ السلام) ایمان میں ہمنے کا دروازہ ہے۔ پس جو کوئی اس دروازہ میں داخل ہوا۔ وہ مومن ہوگیا۔ اور جو اس دروازہ سے باہر ہوگیا وہ کافر ہوگیا۔

علامہ شمس الدین محمد عبدالرؤف المعروف مناوی شافعی مذکورہ حدیث (علی علیہ السلام باب حطہ ہے) کی شرح میں لکھتا ہے کہ جیسا خدا نے بنی اسرائیل کے لئے دروازہ میں عجز و انکسار سے داخل ہونا بخشش اور مغفرت کا ذریعہ بنایا تھا۔ ایسا ہی اس امت کے لئے حضرت علی علیہ السلام کی ہدایت پر چلنے کو اس امت کی مغفرت کا سبب بنایا۔ اور یہ اعلیٰ درجہ کی فضیلت ہے۔

ازالۃ الخفاوی السلتہ میں ہے۔ کہ حاکم نے ابوذر کی حدیث برآمد کی ہے۔ کہ رسول اللہؐ نے فرمایا اے علی (علیہ السلام) جس نے تجھ سے جدائی کی۔ اس نے خدا سے جدائی کی۔

طبرانی نے معجم کبیر میں اور مرزا محمد بدخشانی نے مفتاح النجا میں بروایت ابن عمر لکھا ہے۔ کہ فرمایا آنحضرتؐ نے کہ جس نے علی (علیہ السلام) سے جدائی کی اس نے مجھ سے جدائی کی۔

کتاب الاکتفا ابراہیم بن عبداللہ یمنی شافعی میں بروایت حضرت علی علیہ السلام لکھا ہے کہ فرمایا۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

آنحضرت نے کہ اے علیؑ اگر میں تیری پوری تعریف کروں ۔ تو ڈرتا ہوں ۔ کہ تم کو لوگ وہ نہ خیال کریں جو عیسائی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے بارہ میں خیال کرتے ہیں ۔ میرے نزدیک تمہارا وہی رتبہ ہے ۔ جو موسیٰ کے نزدیک ہارون کا تھا ۔ تیرا دشمن میرا دشمن اور تیرا دوست میرا دوست ہے ۔ اگر میرے بعد نبوت ہوتی تو تم کو ملتی ۔

صواعق محرقہ میں بروایت بریدہ لکھا ہے ۔ کہ حضرت علی علیہ السلام نے مال خمس سے ایک لونڈی خریدی اور میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اس امر کی شکایت کرنی چاہی جس پر آنحضرتؐ نے فرمایا ان لوگوں کا کیا حشر ہوگا ۔ جو علی (علیہ السلام) سے عداوت رکھتے ہیں ۔ یاد رکھو جس نے علیؑ سے بغض رکھا اس نے مجھ سے بغض رکھا ۔ اور جس نے علیؑ سے جدائی کی اس نے مجھ سے جدائی کی ۔ علیؑ مجھ سے ہے اور میں علیؑ سے ہوں ۔ علیؑ میری مٹی سے پیدا ہوا ہے ۔ اور میں ابراہیمؑ کی مٹی سے لیکن میں ابراہیم سے افضل ہوں ۔

ازالۃ الخفا میں ہے کہ جو شخص حضرت علی سے بغض رکھے منافق ہے ۔

صراط سوی سید محمود شیخانی قادری اور مسلم میں ہے ۔ کہ فرمایا آنحضرتؐ نے کہ میرے اہلبیت نوحؑ کی کشتی کی مانند ہیں جو ان کا مطیع ہوا ۔ وہ سلامت رہا ۔ اور جو نافرمان ہوا ۔ وہ غرق ہو گیا ۔

ترمذی اور نسائی میں ہے ۔ کہ فرمایا آنحضرتؐ نے کہ اے علی (علیہ السلام) تم کو دوست نہیں رکھتا مگر مومن ۔ اور تم کو دشمن نہیں رکھتا مگر منافق اور ہم معاشر انصار منافقین کو بغض حضرت علی علیہ السلام سے پہچانتے تھے یعنی اگر کوئی حضرت علی علیہ السلام سے بغض رکھتا تو اسے منافق جانتے ۔ شرح فقہ اکبر میں ہے کہ حضرت علی علیہ السلام کی افضلیت پر اعتقاد رکھنا واجب ہے جن کی شان میں متواتر احادیث وارد ہیں ۔ یہ احادیث حضرت علی علیہ السلام کے مناقب و فضائل پر دال ہیں جن سے حضرت کے کمالات اور بزرگیاں ظاہر ہیں ۔

استیعاب ابن عبد البر میں مفصلہ ذیل صحابہ اور تابعین اور سلف صالحین کے نام دئیے ہیں جو جناب امیر علیہ السلام کو افضل صحابہ مانتے تھے ۔ چونکہ خلیفہ افضل ہوا کرتا ہے نہ کہ مفضول اس لئے یہ لوگ جناب امیر علیہ السلام کی خلافت بلافصل کے قائل تھے ۔

مقداد بن اسود ۔ زید بن ارقم ۔ سلمان فارسی ۔ ابوذر غفاری ۔ خباب بن ارت ۔ جابر بن عبد اللہ انصاری ابو سعید خدری عمار بن یاسر ۔ ابی بن کعب ۔ حذیفہ ۔ بریدہ ۔ ابو ایوب ۔ سہل بن حنیف عثمان بن حنیف ۔ عبد اللہ بن مسعود ۔ ابو الہیثم بن تیہان ۔ خزیمہ بن ثابت ۔ ابو الطفیل عامر بن واثلہ عباس بن عبد المطلب عبید اللہ بن عباس خواجہ اویس قرنی ۔ زید بن صوحان جندب بن خیر ۔ عطیہ عوفی ۔ عبیدہ سلمانی ۔ خالد بن سعید بن عاص عمر

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بن عبدالعزیز۔ عبدالرزاق۔ امام نسائی۔ حاکم وغیرہ۔

مذکورہ حوالہ جات اور اسناد سے بالبداہت پایا جاتا ہے۔ کہ حضرت علی علیہ السلام کی منقبت احاطہ تقریر و تحریر سے باہر ہے۔ اور آپ کا مثل سوائے آنحضرت کی ذات جامع الاصفات کے اور کوئی نہیں ہو سکتا۔

علم پر نگاہ ڈالیں تو خود علم کو آپ کی ذات پر ناز او افتخار ہے۔ اتقا کو دیکھیں۔ تو عصمت آپ کی مرہون احسان ہے۔ قرب و قبولیت پر نظر دوڑائیں۔ تو حاملان عرش ورطۂ حیرت میں غرق ہیں۔

آپ پر کسی اور کو ترجیح دینا بے علمی کی دلیل ہے۔ اور کسی کو آپ کا ہم پلہ خیال کرنا جہالت کا ثبوت ہے اگر کوئی متنفس آپ سے علم و فضل اور زہد و عرفان میں بڑا ہے۔ تو وہ رسول صلعم ہیں۔ اور اگر کوئی نورانیت میں آپ کا ہم مرتبہ ہے۔ تو وہ رسول پاک صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم ہیں۔

آپ کے خطبات پڑھ کر معلوم ہوتا ہے۔ کہ آپ کا قلزم علم طول اور عرض اور عمق سے بے نیاز ہے۔ آپ کے کلام بلاغت نظام کا حرف حرف معانی کا بحر بے ساحل ہے۔ علوم ارضی و سماوی پر آپ کو کما حقہ دسترس حاصل ہے۔ کون و مکان کے تمام واقعات سے آپ بفضل خدا آگاہ ہیں۔ رسول پاک کے سوائے تمام انبیاء اور ملائکہ آپ کے آستانہ علیہ کے ادنے غلام ہیں۔

حیران ہوں کہ ایسی پاک ذات پر حضرات ثلاثہ اور یاران ثلاثہ کو کس منہ سے ترجیح دی جاتی ہے۔ کیا یہ لوگ مسلمان نہیں ہیں۔ کیا انہیں بروز قیامت رسول اللہ کے روبرو نہیں جانا ہے۔ اور کیا ان کا اعتقاد بہشت اور دوزخ پر نہیں ہے۔ اگر یہ اسلام کے مدعی ہیں۔ تو خدا کے لئے آنکھیں کھول کر دیکھیں کہ وہ شاہراہ ایمان سے کس قدر بھٹکے ہوئے ہیں۔

حدیث ثقلین

کنزل العمال میں ہے۔ کہ فرمایا آنحضرت صلعم نے کہ میں تم سے پہلے جانیوالا ہوں پس تم دیکھتے رہو کہ تم میرے بعد ثقلین سے کیا سلوک کرتے ہو۔ آنحضرتؐ سے پوچھا گیا ثقلین کون کون ہیں۔ فرمایا قرآن اور میرے اہلبیتؑ یہ دونو چیزیں جدا نہ ہوں گی یہاں تک کہ میرے پاس حوض کوثر تک آئیں۔ میں نے اپنے رب سے ان دونوں کے حق میں دعا مانگی ہے۔ پس تم ان دونو چیزوں پر مقدم نہ بنو۔ ورنہ ان دونو کو تعلیم دو۔ کیونکہ یہ دونو تم سے زیادہ عالم ہیں۔

جواہر العقدین سید نور الدین سمہودی نے حدیث ثقلین بیان کرنے کے بعد مستدرک سے نقل کیا ہے۔ کہ ان دونوں پر تقدیم اختیار نہ کرو۔ ورنہ ہلاک ہو جاؤ گے۔ نہ ان کا شان گھٹاؤ۔ ورنہ ہلاک ہو جاؤ گے۔ اور

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نہ ان کو تعلیم دو۔ یہ دونوں تم سے عالم ہیں۔ کتاب المولاۃ ابن عقدہ میں بھی یہی عبارت بالا درج ہے۔

تفسیر کبیر امام فخر الدین رازی مطبوعہ مصر جلد سوم صفحہ ۲۴ سطر ۹ پر بروایت ابی سعید خدری تفسیر در منثور امام سیوطی مطبوعہ مصر جلد دوم صفحہ ۶ سطر ۹ پر بروایت زید بن ثابت اور مشکوٰۃ مطبوعہ احمدی پریس لاہور جلد ہشتم صفحہ ۱۳۱ پر لکھا ہے۔ کہ فرمایا آنحضرتؐ نے کہ میں اپنے بعد تمہارے درمیان دو بزرگ چیزیں چھوڑے جاتا ہوں۔ ایک قرآن اور دوسری میری عترت۔ یہ دونوں آپس سے جدا نہ ہونگے یہاں تک کہ میرے پاس حوض کوثر پر پہنچ جائیں۔ تحفہ شاہ عبد العزیز مطبوعہ مصطفائی دہلی صفحہ ۲۳۲ پر ہے کہ جو شخص حدیث ثقلین کو نہ مانے وہ دین سے خارج ہے۔

براہین قاطعہ ترجمہ صواعق محرقہ صفحہ ۵۳ ینابیع المودۃ صفحہ ۳ رسالہ الفاروق مولوی محمد سرور صفحہ ۲۹ پر لکھا ہے کہ آنحضرت نے فرمایا کہ قرآن اور اہلبیت ہمیشہ ایک ساتھ رہیں گے۔ یہاں تک کہ یہ دونو میرے پاس حوض کوثر پر جمع ہوں۔

حدیث ثقلین کے مستند اور معتبر ہونے میں کسی ذی عقل آدمی کو کلام نہیں ہوسکتا۔ آنحضرتؐ نے اپنے بعد امت کے لیئے دو واجب الاحترام اور واجب الاطاعت چیزیں چھوڑیں۔ ایک تو اپنی عترت (اہلبیت علیہم السلام) اور دوسرا قرآن پاک۔

قرآن پاک سے تو امت نے یہ سلوک کیا۔ کہ آیہ بلغ کے حکم سے انکار کر دیا گیا۔ آیۂ تطہیر کو پس پشت ڈال دیا گیا۔ آیات کی غیر معقول اور خود غرضانہ تاویلات کو آلہ کار بنایا گیا۔ درست ترتیب کردہ قرآن کو رائج نہ ہونے دیا۔ بے شمار قرآنوں کو نذر آتش کیا گیا۔ قرآن پاک کو تیروں کا نشانہ بنایا گیا۔ اور اس کے احکام سے کامل طور پر سرتابی کی گئی۔ مرزا قادیانی نے یہاں تک اظہار شہادت کیا کہ اپنی بیہودہ تصنیف براہین احمدیہ کو قرآن پاک کہہ دیا۔ عترت رسولؐ سے یہ برتاؤ کیا۔ کہ ان کے حقوق غصب کر لیئے گئے۔ ان کو بیکس کر دیا گیا۔ ان کی تذلیل اور تحقیر میں کوئی کسر نہ اٹھا رکھی گئی۔ ان کے کاشانۂ فلک آستانہ کو جلا دینے کا اہتمام کیا گیا۔ محسن کو بطن مادر میں شہید کر دیا گیا۔ ان کو آسیائے جور و ستم میں یہاں تک پیسا گیا۔ کہ انہیں آہ و زاری کے لئے دار الحزن بنانا پڑا۔ ان کے منہ سے لقمۂ معاش چھین کر کہہ دیا گیا۔ کہ پیغمبر اپنے بعد کوئی میراث نہیں چھوڑتے ان کے جنازے پر تیروں کی بارش کی گئی۔ اور پھر ان تمام خاندان کے چمن زار پر ظلم کی وہ آندھی چلائی کہ کربلا کا ذرہ ذرہ اور کوفہ و شام کے کوچہ و بازار سے صدائے الاماں بپا ہوئی۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

آیاتِ قرآنی در شانِ جنابِ امیر علیہ السلام

مرزا محمد بدخشانی نے مفتاح النجا میں مسند ابو یعلیٰ۔ مختارہ ضیا مقدسی۔ معجم کبیر طبرانی۔ معجم اوسط طبرانی۔ حلیہ ابو نعیم۔ مناقب ابن مردویہ وغیرہ سے اور شیخ عبد الحق نے رجال المشکوٰۃ میں مستدرک حاکم۔ معجم طبرانی۔ کامل ابن عدی۔ جمع الجوامع سیوطی وغیرہ سے نقل کیا ہے۔ کہ آنحضرت نے فرمایا۔ کہ حق اور قرآن علیؑ کے ساتھ ہیں۔

امام فخر الدین رازی نے تفسیر کبیر جلد اول تفسیر بسم اللہ میں لکھا ہے۔ کہ جس نے اپنے دین میں حضرت علی علیہ السلام کی پیروی کی۔ وہ ضرور ہدایت پا گیا۔ اور اس نے حق کو پا لیا۔ اس پہ دلیل آنحضرت کا ارشاد ہے۔ کہ بار خدایا۔ حق کو اس طرف پھیر جس طرف علیؑ پھرے۔

طیبی شارح مشکوٰۃ لکھتا ہے کہ یہ جو فرمایا آنحضرت نے کہ اے علی (علیہ السلام) بہ تحقیق اللہ بھی تیرے دل کو ہدایت دیگا۔ اور تیری زبان کو ثابت کریگا۔ اس حدیث کا مطلب یہ ہے۔ کہ خدا تجھ کو اس صحیح نتیجہ نکالنے کا رستہ بتائے گا۔ جسکا محل تیرا دل ہے یعنی تیرے دل کو کھولیگا۔ اور تیری زبان کو ثابت کریگا یعنی تو سوائے حق کے حکم نہیں کریگا۔ یہی مذکورہ مضمون مسند احمد حنبل جلد اول صہ۱۳ و صہ۱۱۱ و صہ۱۳۶ پر بھی ہے۔

شیخ نور الدین علی طرابلیسی کہتا ہے۔ کہ حدیث بالا کا یہ مطلب ہے کہ خداوندا علی (علیہ السلام) کی زبان کو حق کیساتھ گفتگو کرنے میں دائم اور مستقر کردے۔ یعنی جو بات حضرت علی علیہ السلام کہے وہ حق ہو۔ رجال مشکوٰۃ شیخ عبد الحق دہلوی جو سنی محقق کے نام سے موسوم کیا جاتا ہے۔ میں لکھا ہے کہ احادیث کثیرہ حضرت علی علیہ السلام کی حقانیت اور حضرت کے قطعاً حق سے جدائی نہ کرنے میں وارد ہوئی ہیں۔

تفسیر کبیر رازی باب رابع مسائل فقہ مستنبط از سورہ فاتحہ تفسیر فاتحہ اور شرح ابن ابی الحدید اور فضائل الصحابہ فردوس الاخبار دیلمی اور مناقب ابن مردویہ اور مسند ابو یعلیٰ اور مختار ضیا مقدسی کو مناقب خوارزمی میں ہے۔ کہ فرمایا آنحضرت نے کہ خدایا حق کو ادھر پھیر جدھر علی پھرے۔

تفہیمات الٰہیہ ولی اللہ میں ہے کہ رسول اللہ نے جب کہ خدا سے دعا کی۔ کہ خدایا تو حق کو علیؑ کے ساتھ پھیر۔ اور یہ نہیں کہا کہ علی کو حق کے ساتھ پھیر۔ پس حضرت علیؑ عین حق ہوئے۔

ترمذی اور ابن مردویہ اور ازالۃ الخفا میں ہے کہ فرمایا آنحضرتؐ نے کہ حق علی (علیہ السلام) کے ساتھ ہے، اور علی (علیہ السلام) حق کے ساتھ ہے بار الٰہا۔ حق کو اسی طرف پھیرا۔ جدھر علیؑ پھرے۔

تفسیر در منثور جلد سوم صہ۲۱۹ سطر اول پہ ہے۔ کہ عباس اور طلحہ بن شیبہ نے ایک دوسرے پر فخر کیا عباس

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نے کہا کہ میں حاجیوں کو پانی پلاتا ہوں۔ اس لئے تم سے افضل ہوں طلحہ نے کہا میں کعبہ کا کنجی بردار ہوں۔ اس لئے تم سے افضل ہوں۔ حضرت علی وہاں تشریف لائے تو فرمایا میں تم دونوں سے افضل ہوں کیونکہ میں نے تمام لوگوں سے پہلے رسول اللہ کے ساتھ نماز پڑھی اور ایمان لایا اور جہاد کیا۔ پس یہ تینوں اشخاص رسول اللہ کے پاس آئے اس وقت سورہ توبہ کی آیت ۱۹ "اجعلتم سقایۃ الحاج وعمارۃ المسجد الحرام کمن آمن باللہ والیوم الآخر وجاھدوا فی سبیل اللہ لا یستوون عند اللہ" کا نزول بحق جناب امیرؑ ہوا۔

تفسیر در منثور مطبوعہ مصر جلد سوم صفحہ ۲۹۰ سطر اول پر ہے کہ ابن مردویہ نے ابن عباس سے اور ابن عساکر نے امام باقر علیہ السلام سے روایت کی ہے۔ کہ سورہ توبہ آیہ نمبر ۱۱۹ "وکونوا مع الصادقین" میں صادقین سے مراد حضرت علیؑ ہیں۔ حافظ ابن مردویہ نے جابر بن عبداللہ انصاری سے روایت کی ہے کہ سورۂ یونس آیہ نمبر ۲ "وبشر الذین آمنوا ان لھم قدم صدق عند ربھم" سے حضرت علیؑ کی ولایت مراد ہے۔

علامہ ابن مردویہ نے روایت کی ہے کہ سورہ ہود آیہ نمبر ۳ "ویؤت کل ذی فضل فضلہ" میں ذی فضل سے مراد حضرت علی علیہ السلام ہیں۔

تفسیر در منثور مطبوعہ مصر جلد سوم صفحہ ۳۲۴ سطر ۱۶ پر ہے کہ ابن ابی حاتم اور ابو نعیم اور ابن عساکر اور ابن مردویہ نے کئی طریقوں سے روایت کیا ہے کہ فرمایا جناب امیر علیہ السلام نے سورہ ہود آیہ نمبر ۱۷۔ "افمن کان علی بینۃ من ربہ ویتلوہ شاھد" میں بینہ سے مراد رسول اللہ ہیں اور شاہد سے مراد میں ہوں۔ علاوہ ازیں تفسیر ثعلبی میں ابو ہریرہ سے اور کتاب الغارات میں منہال سے بھی روایت کچھ زیادتی کیساتھ مرقوم ہے اور نیز حلیۃ الاولیا حافظ ابو نعیم میں یہ روایت لکھی ہے۔

تفسیر ثعلبی میں بروایت جابر بن عبداللہ لکھا ہے کہ فرمایا آنحضرت نے کہ سورہ رعد آیہ نمبر ۴ "وجنت من اعناب وزرع ونخیل صنوان" سے میں اور علیؑ مراد ہیں کیونکہ ہم دونوں ایک ہی جڑ کی دو شاخیں ہیں۔ نیز آنحضرتؐ کا ارشاد ہے "انا وعلی من نور واحد" یعنی رسولؐ پاک اور علیؑ ایک ہی نور سے ہیں۔

تفسیر در منثور مطبوعہ مصر جلد چہارم صفحہ ۲۹۵ سطر ۲ پر سورہ طٰہٰ آیہ نمبر ۲۵ "قال رب اشرح لی صدری" کی تفسیر میں لکھا ہے کہ ابن مردویہ اور خطیب اور ابن عساکر نے بروایت اسماء بنت عمیس لکھا ہے۔ کہ میں نے آنحضرت کو ثبیر (مکہ کے پہاڑ کا نام ہے) کے مقابل میں کھڑے ہوئے دیکھا جبکہ آپ فرما رہے تھے۔ کہ خداوندا میں بھی تجھ سے وہی سوال کرتا ہوں جو میرے بھائی موسیٰؑ نے کیا تھا۔ کہ میرے سینہ کو کشادہ کر اور میرا کام میرے لئے آسان کر اور میری زبان کی گرہ کھول دے۔ تاکہ لوگ میری بات اچھی طرح سمجھیں۔ اور میرے اہلبیت میں سے میرے بھائی علی (علیہ السلام) کو میرا وزیر بنا اور اس کے ذریعہ سے میری پشت مضبوط کر اور میرے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کام میں اس کو میرا شریک بنا تاکہ ہم دونو کثرت سے تیری تسبیح کریں اور کثرت سے تیری یاد کریں۔ اور تو ہماری حالت کو دیکھ ہی رہا ہے۔

کتاب ابن مردویہ میں ہے کہ جنگ احد کے بعد آنحضرت نے بہ حکم خدا زخمی اصحاب کو ہمراہ لیا بعد ابوسفیان سے لڑنے کیلئے مقام حمراء الاسد پر قیام فرمایا اور لشکر ابوسفیان مقام روحا میں مقیم تھا۔ اس وقت ابوسفیان نے نعیم ابن مسعود اشجعی کو کہا کہ اگر تو لشکر محمدؐ میں جا کر یہ کہدے۔ کہ لشکر ابوسفیان بہت بھاری تعداد میں ہے۔ تو میں تم کو دس اونٹ کا بار خرما اور سوکھے انگور انعام دونگا۔ چنانچہ جب اس نے ایسا ہی کہا۔ تو حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا "حسبنا اللہ ونعم الوکیل" خداوند عالم نے خوش ہو کر سورہ آل عمران آیہ نمبر ۱۷۳ "وقال حسبنا اللہ ونعم الوکیل" نازل کی۔

شواہد التنزیل حاکم ابو القاسم میں بروایت سلیم بن قیس لکھا ہے۔ کہ فرمایا حضرت علی علیہ السلام نے کہ امت عادل اور لوگوں پر گواہ ہم چہاردہ معصوم ہیں اور خاص ہم اس سے مقصود خدا ہیں۔ اور رسول اللہ ہم پر گواہ ہیں۔ اور ہم خدا کی مخلوق پر گواہ ہیں۔ اور اس کی حجت ہیں زمین پر۔ اور ہم ہی وہ ہیں جن کے بارہ میں خدا نے "کذالک جعلناکم امتہ وسطا" فرمایا ہے۔

تفسیر درمنثور مطبوعہ مصر جلد دوم صـ۶ پر بروایت انس بن مالک لکھا ہے کہ سورہ آل عمران آیہ نمبر ۶ "وما یعلم تاویلہ الا اللہ والراسخون فی العلم" میں راسخون فی العلم کے بارہ میں آنحضرتؐ سے پوچھا گیا کہ وہ کون حضرات ہیں حضور نے فرمایا۔ یہ وہ لوگ ہیں۔ جنکے ہاتھ نیکی کرنے والے زبان سچی اور دل مستقیم ہوں! اور جو حرام پیٹ اور فرج سے محفوظ ہوں۔ (یعنی چہاردہ معصوم علیہم السلام)

تفسیر درمنثور مطبوعہ مصر جلد چہارم صـ۳۳۹ اور تفسیر کشاف مطبوعہ مصر جلد دوم صـ۲۷ پر سورہ انبیاء آیہ نمبر ۱۰۱ "ان الذین سبقت لہم منا الحسنیٰ اولئک عنہا مبعدون" کے بارہ میں ہے کہ ابن ابی حاتم اور ابن عدی اور ابن مردویہ نے نعمان بن بشیر سے روایت کی ہے کہ حضرت علی علیہ السلام نے آیۂ بالا کی تلاوت فرمائی۔ اور کہا۔ "انا منہم" یعنی میں انہیں لوگوں میں سے ہوں۔

حافظ بن محمد شیرازی نے تفسیر اثنا عشری میں انس بن مالک سے سورۂ حج آیہ نمبر ۷ "ولا ھدی ولا کتاب منیر" کی تفسیر میں ایک طویل روایت لکھی ہے جس کا خلاصہ یہ ہے کہ آنحضرت سے عرض کیا گیا کہ فلاں شخص بڑا نمازی اور روزہ دار اور زکوٰۃ دینے والا ہے۔ آنحضرت نے ابوبکر کو اس آدمی کے قتل کر دینے کا حکم دیا۔ اور فرمایا۔ یہ شخص شیطان کے گروہ کا پہلا شخص ہے۔ ابوبکر اس شخص کو قتل کرنے مسجد میں گیا۔ تو دیکھا کہ وہ شخص رکوع میں ہے! ابوبکر بغیر اس کو قتل کئے واپس آ گیا۔ پھر عمر بن خطاب کو بھیجا گیا۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

عمر نے دیکھا کہ وہ شخص سجدہ میں ہے عمر بھی بغیر اس کو قتل کئے واپس چلا آیا۔ تب آنحضرت نے فرمایا۔ کہ اس شخص کو علی قتل کریگا۔ چنانچہ یہی شخص جنگ صفین میں حضرت علی علیہ السلام کے ہاتھ سے قتل ہوا ناظرین ثابت ہوا کہ زہد و عبادت ہرگز مفید آخرت نہیں ہو سکتی جب تک انجام بخیر نہ ہو۔

ینابیع المودۃ ص۹۳ پر ہے کہ حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا کہ سورۂ یٰسین آیہ نمبر ۱۲ "وکل شیءٍ احصینٰہ فی امام مبین" سے مراد میں ہوں۔

تفسیر در منثور مطبوعہ مصر ص۱۵۴ جلد ششم اور تفسیر کبیر امام فخر الدین رازی میں سورۂ واقعہ آیہ نمبر ۹ والسابقون السابقون۔ کی تفسیر میں لکھا ہے کہ ابن ابی حاتم اور ابن مردویہ نے ابن عباس سے روایت کی ہے۔ کہ یوشع بن نون نے سبقت کی موسیٰؑ کی طرف اور مومن آل یٰسین نے عیسیٰؑ کی طرف۔ اور علی ابن ابیطالب نے رسول اللہ کی طرف۔

تفسیر کشاف جلد سوم ص۱۱۷ اور مدارک زاہدی اور مشکوٰۃ میں سورہ مجادلہ آیہ نمبر ۱۲ "بخوٰے" کی تفسیر میں لکھا ہے۔ کہ اس آیہ پر صرف حضرت علی نے عمل کیا۔ کہ جب آنحضرت سے سرگوشی کرنا مطلوب ہوتا تو پہلے کچھ صدقہ دیدیا کرتے اور کسی نے بھی اس آیہ پر عمل نہ کیا۔ حضرت علی علیہ السلام فخریہ فرمایا کرتے کہ قرآن میں ایک آیت ایسی ہے جس پر فقط میں نے عمل کیا۔ اور نہ میرے قبل اس پر کسی نے عمل کیا۔ اور نہ میرے بعد اس پر کوئی عمل کریگا۔ اور ان دس دنوں میں رسول اللہ کے پاس بھی اصحاب رسول میں سے کوئی نہ آیا

ابن ابی حاتم نے حضرت علی علیہ السلام سے اور ابن مردویہ نے اسماء بنت عمیس سے اور ابن مردویہ اور ابن عساکر نے ابن عباس سے روایت کی ہے کہ سورہ تحریم آیہ نمبر ۴ میں صالح المومنین سے مراد حضرت علی علیہ السلام ہیں۔ ملاحظہ ہو تفسیر در منثور مطبوعہ مصر جلد ششم ص۲۴۴ سطر ۹ اور تفسیر ثعلبی اور شواہد التنزیل اور حلیۃ الاولیاء اور نیز کلبی اور مجاہد اور ابو صالح نے بھی اس روایت کو لکھا ہے۔

تفسیر در منثور مطبوعہ مصر جلد ششم ص۲۶۰ سطر ۱۱ پر سورہ حاقہ آیہ نمبر ۱۲ "وتعیہا اذن واعیۃ" کی تفسیر میں لکھا ہے کہ سعید بن منصور اور ابن جریر اور ابن منذر اور ابن ابی حاتم اور ابن مردویہ نے مکحول سے روایت کی ہے۔ کہ جب یہ آیت نازل ہوئی تو آنحضرت نے فرمایا کہ میں نے خدا سے دعا کی تھی۔ کہ اس کو کان علی کے بنادے ارجح المطالب ص۳۹ پر بھی بحوالہ دیلمی اسی طرح کا مضمون ہے۔ اس وجہ سے حضرت علی علیہ السلام خود فرمایا کرتے تھے۔ کہ جو بات میں نے رسول اللہ سے سنی کبھی نہ بھولا۔ ابن جریر اور ابن ابی حاتم اور واحدی اور ابن مردویہ اور ابن عساکر اور ابن نجار نے بریدہ سے روایت کی ہے۔ کہ آنحضرت نے فرمایا کہ مجھے خدا نے حکم دیا ہے۔ کہ میں تم کو اپنے قریب کروں۔ اور دور نہ ہونے دوں۔ اور تم کو تعلیم

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کو علم اور تم یاد رکھو۔ ابو نعیم سے حلیۃ الاولیا میں بروایت حضرت علی علیہ السلام لکھا ہے۔ کہ رسول اللہ نے فرمایا یا علی (علیہ السلام) خدا نے مجھ کو حکم دیا ہے۔ کہ میں تم کو اپنے قریب کروں۔ اور تعلیم کروں۔ تاکہ تم یاد رکھو۔ اس وقت یہ آیت نازل ہوئی۔ تو آنحضرت نے فرمایا یا علی (علیہ السلام) تو میرے علم کا یاد رکھنے والا ہے۔

الم سدی نے رسول اللہ سے روایت کی ہے کہ سورۂ نبا آیہ نمبر اول "عم یتسائلون عن النبا العظیم" میں نبا العظیم یعنی بڑی خبر سے مراد یہ ہے کہ کوئی مردہ شرق و غرب اور خشکی و تری میں ایسا نہ ہوگا جس سے منکرین ولایت علی کا سوال نہ کرینگے۔

مودۃ القربیٰ سید علی ہمدانی شافعی میں ہے۔ کہ سورۂ والشمس میں شمس سے مراد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور قمر سے مراد حضرت علی علیہ السلام ہیں۔

کتاب کفایت الطالب فی مناقب علی ابن ابیطالب علیہ السلام۔ شیخ حافظ محمد بن یوسف بن محمد الکنجی الشافعی باب الکتالثین۔ کتاب المناقب شیخ حافظ امام ابوالحسن علی بن محمد معروف بہ ابن المغازلی کتاب تذکرہ خواص الائمہ حافظ سبط ابن جوزی حنفی۔ کتاب المناقب شمس الاسلام صدر الائمہ ابوالموید موفق بن احمد مکی خوارزمی معروف بہ اخطب خوارزمی۔ کتاب الاربعین سید جمال الدین محدث۔ درالسمطین فی فضائل المصطفےٰ والمرتضیٰ والبتول والسبطین علامہ محمد بن یوسف بن محمود بن الحسن الزرندی المدنی الانصاری تفسیر ثعلبی تفسیر نیشاپوری برحاشیہ تفسیر طبری جلد ششم ص۴۵ تفسیر بیضاوی تفسیر معالم التنزیل مطبوعہ بمبئی ص۲۸۶ مرقاۃ شرح مشکوٰۃ ملا علی قاری تفسیر کشاف جلد اول ص۴۲۲ ذخائر العقبےٰ مودۃ اہل القربیٰ علامہ محب الدین طبری باب ذکر صدقہ علی کتاب فصول المہمہ فی معرفتہ الائمہ محمد بن صباغ مالکی فصل مناقب۔ زین الفتے علامہ عاصمی کتاب مراۃ المومنین شاہ ولی اللہ ذکر حدیث منزلت تفسیر مدارک ملا ابوالبرکات مطبوعہ بمبئی ص۱۶۷ سطر اول تفسیر حسینی کتاب اربعین ملا سعد بن ابراہیم کتاب ایمان مولوی رشید احمد خان۔ ریاض النضرۃ فی مناقب العشرہ۔ مطالب السئول علامہ ابن طلحہ شافعی فصل ہفتم۔ کتاب ہدایۃ السعدا ملک العلما شہاب الدین دولت آبادی۔ کتاب الف علامہ ابوالحجاج یوسف بن محمد الہادی ذکر امیر المومنین۔ نہایت العقول امام رازی۔ شرح تجرید علامہ قوشجی۔ کتب ذخیرۃ المال۔ کتاب التمہید علامہ ابو الشکور محمد بن عبد السعید حنفی۔ تفسیر اسباب النزول سیوطی برحاشیہ جلالین ص۹۷ تفسیر طبری جلد ششم ص۱۶۵ تفسیر بیضاوی جلد اول ص۱۹۵ تفسیر خازن جلد اول ص۴۷۹ تفسیر مدارک برحاشیہ تفسیر خازن جلد اول ص۴۷۳ تفسیر ابو سعود ص۶۱۸ تفسیر کبیر امام رازی جلد سوم ص۶۱ وغیرہ میں ہے کہ جب بحالت رکوع حضرت علی علیہ السلام نے اپنی انگوٹھی سائل کو دی تو آیہ انما ولیکم اللہ کا نزول ہوا۔

ابن مردویہ کہتا ہے کہ سورہ اعراف آیہ نمبر ۴۴ "فاذن موذن بینھم ان لعنۃ اللہ علی الظالمین"

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

میں مومنین سے مراد حضرت علی علیہ السلام ہیں اور ظالمین سے مراد حضرت کو ایذا دینے والے ہیں۔
صواعق محرقہ اور تفسیر ثعلبی میں بروایت ابن عباس لکھا ہے کہ اعراف پر عباس و حمزہ اور علی ابن ابیطالب علیہ السلام کھڑے ہونگے اور اپنے دوستوں کو ان کے چہرے کی نورانیت اور اپنے دشمنوں کو ان کے چہروں کی سیاہی سے پہچان لیں گے چنانچہ سورۂ اعراف آیہ نمبر ۴۶ "وبینھما حجاب و علی الاعراف رجال یعرفون کلا بسیمٰھم" کا یہی مطلب ہے۔

تفسیر کشاف جلد دوئم ص ۳۰۹ سطر ۲ پر سورہ احزاب آیہ نمبر ۵۷ "والذین یوذون المومنین" کی تفسیر میں لکھا ہے کہ یہ وہ لوگ ہیں۔ جو حضرت علی علیہ السلام کو برا کہتے ہیں۔

ارجح المطالب ص ۵۱ پر ہے کہ مقاتل بن سلیمان نے کہا کہ یہ آیت جناب امیر علیہ السلام کی شان میں نازل ہوئی کیونکہ منافقین میں سے چند آدمی آپ کو ایذا دیا کرتے اور جھٹلایا کرتے تھے۔

علامہ حافظ ابن مردویہ نے سورہ الزمر آیہ ۳۱ "فمن اظلم ممن کذب علی اللہ وکذب بالصدق اذجاءہ" سے مراد وہ شخص ہے جو آنحضرت کو حضرت علی کے بارہ میں جھٹلائے۔

علامہ دیلمی نے فردوس الاخبار میں بروایت بریدہ اسلمی لکھا ہے۔ کہ فرمایا آنحضرت نے کہ جس نے علیؑ کی شان میں کمی کی۔ اس نے میری شان میں کمی کی۔

علامہ ابن مردویہ نے سورہ شعرا آیہ نمبر ۸۴ "واجعل لی لسان صدق فی الاخرین" کے بارے میں لکھا ہے کہ لسان صدق سے مراد حضرت علی علیہ السلام ہیں کیونکہ جب آپ کی ولایت ابراہیم کے سامنے پیش کی گئی تو حضرت ابراہیم نے عرض کی۔ کہ خدایا اس شخص کو میری اولاد سے قرار دے اور خدا نے یہ دعا قبول کی۔

تفسیر درمنثور مطبوعہ مصر جلد پنجم ص ۳۲۸ سطر ۲ پر سورہ الزمر آیہ نمبر ۳۳ "والذی جاء بالصدق وصدق بہ اولئک ھم المتقون" کی تفسیر میں لکھا ہے کہ حافظ ابن مردویہ نے ابوہریرہ سے روایت کی ہے کہ آنحضرت نے فرمایا۔ کہ سچ لانے والے سے مراد میں ہوں اور تصدیق کرنے والا علیؑ ابن ابیطالب (علیہ السلام) ہے۔ اسی تفسیر میں اس روایت سے پہلے ایک روایت حضرت علی علیہ السلام کی طرف منسوب کی گئی ہے۔ کہ آپ نے فرمایا۔ "والذی جاء بالحق محمد وصدق بہ ابوبکر" لیکن یہ روایت خود اہلسنت کے اصول کے مطابق قابل قبول نہیں کیونکہ اصل آیت میں "والذی جاء بالصدق" ہے اور اس میں والذی جاء بالحق بنا دیا گیا ہے۔
نیز درایت سے بھی اس کی موضوعیت ثابت ہوتی ہے۔ کیونکہ سب سے پہلے حضرت علی علیہ السلام نے رسول اللہ کی تصدیق کی نہ کہ ابوبکر نے علاوہ بریں براہین قاطع ترجمہ صواعق محرقہ ص ۲۱۳ پر بحوالہ بخاری لکھا ہے۔ کہ رسول اللہ نے فرمایا کہ صدیق تین ہیں۔ حزقیل مومن آل فرعون۔ حبیب نجار صاحب آل یاسین اور علی ابیطالبؑ

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

تفسیر درمنثور مطبوعہ مصر جلد چہارم ص۴۵ سطر ۱۲ پر ہے کہ ابن مردویہ اور ابن جریر اور ابو نعیم نے معرفۃ میں اور دیلمی نے اور ابن عساکر اور نجار نے روایت کی ہے کہ جب سورۂ رعد آیہ نمبر ۷ "انما انت منذر و لکل قوم ھاد" کا نزول ہوا تو رسول اللہ نے اپنے ہاتھ کو اپنے سینہ پر رکھا اور فرمایا انا منذر یعنی وہ ڈرانیوالا میں ہوں اور پھر اپنے ہاتھ سے حضرت علی علیہ السلام کے شانہ کی طرف اشارہ کیا اور فرمایا "انت الھادی یا علی بک یھتدی المھتدون بعدی" یعنی اے علیؑ تم ہی ہدایت کرنے والے ہو اور میرے بعد تمہارے ہی ذریعہ سے لوگ ہدایت یافتہ ہونگے اسی روایت کو باختلاف الفاظ ابن مردویہ نے ابو برزہ اسلمی سے اور ابن مردویہ اور ضیاء فی المختار نے ابن عباس سے اور عبداللہ بن احمد نے زوائد مسند میں اور ابن ابی حاتم نے اور طبرانی نے اوسط میں اور حاکم نے روایت کی ہے۔ اور تصحیح بھی کی ہے۔ اور ابن مردویہ اور ابن عساکر نے حضرت علی علیہ السلام سے بھی روایت کی ہے ناظرین لفظ "کل قوم ھاد" کا یہ حکم خدا و رسول حضرت علیؑ کے حق میں ثابت کرتا ہے کہ علیؑ اور اولاد علی ہادی اور خلیفہ بلافصل ہیں +

علامہ ابن مردویہ لکھتا ہے کہ سورۂ رعد آیہ نمبر ۱۸ "افمن یعلم انما انزل علیک من ربک الحق" سے مراد حضرت علی ابن ابی طالب علیہ السلام ہیں۔

درمنثور مطبوعہ مصر جلد چہارم ص۶۹ سطر ۲۰ پر سورہ رعد آیہ نمبر ۴۳ یعنی آخری آیت "ومن عندہ علم الکتاب" کے بارہ میں اکثر مفسرین قائل ہیں کہ اس سے مراد حضرت علی علیہ السلام ہیں۔ چنانچہ حاصمی نے زین الفتیٰ میں اور ثعلبی نے عبداللہ بن عطا سے روایت کی ہے۔ کہ عبداللہ بن سلام کہتا ہے کہ "من عندہ علم الکتاب" سے مراد حضرت علی علیہ السلام ہیں اس وجہ آپ اکثر فرمایا کرتے تھے "سلونی قبل ان تفقدونی" فورتح میبذی وغیرہ میں ہے کہ یہ آیت عبداللہ بن سلام کی شان میں ہے۔ مگر یہ خیال غلط ہے کیونکہ سعید بن منصور نے اور ابن جریر نے اور ابن منذر نے اور ابن ابی حاتم نے اور نحاس نے اپنی کتاب ناسخ میں سعید بن جبیر سے روایت کی ہے۔ کہ جب اس سے پوچھا گیا کہ آیہ "من عندہ علم الکتاب" سے مراد عبداللہ بن سلام ہے تو اس نے جواب دیا کہ یہ کیونکر ہو سکتا ہے۔ یہ سورہ مکہ میں نازل ہوا تھا۔ اور عبداللہ بن سلام مدینہ میں اسلام لایا۔ نیز ابن منذر نے شعبی سے روایت کی ہے کہ عبداللہ بن سلام کے حق میں کوئی آیہ قرآنی نازل ہی نہیں ہوئی +

مناقب خوارزمی میں ہے کہ سورہ حجر آیہ نمبر ۴۱ "صراط علی مستقیم" کا یہ مطلب ہے کہ علی ابن ابیطالب علیہ السلام کی راہ سیدھی ہے۔ اور اس کا دین سیدھا ہے۔ اسی کی پیروی کرو۔ اور اسی کو پکڑے رہو۔ کیونکہ اس کی راہ میں کوئی کجی نہیں ہے +

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

حافظ ابوبکر ابن مردویہ نے سورہ فتح آیہ نمبر ۳۱ ان الذین کفروا وصدوا عن سبیل اللہ کے بارہ میں لکھا ہے کہ یہ آیت ان لوگوں کے بارہ میں ہے جو علی ابن ابیطالب کی خلافت کے بارہ میں رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مخالفت کرتے تھے۔

حاکم ابوالقاسم نے شواہد التنزیل میں سورہ فتح آیہ آخری وعد اللہ الذین آمنوا کی تفسیر میں ابن عباس سے روایت کی ہے کہ فرمایا آنحضرت نے کہ قیامت کے دن سید المومنین علی (علیہ السلام) ایک نور کا علم لئے ہوئے کھڑے ہونگے جس کے نیچے کل مومنین جمع ہو جائیں گے پھر علی علیہ السلام ایک نور کے منبر پر قدم رنجہ فرمائیں گے اور سب لوگ ایک ایک کر کے حضرت کے حضور میں پیش کئے جائیں گے اور اپنا اپنا اجر پائیں گے۔ اور علی (علیہ السلام) کی ولایت کے حق کی وجہ سے لوگ جنت یا جہنم کے مستحق ہونگے۔ اور علی (علیہ السلام) کا یہ حق سارے جہان پر واجب ہے۔

مناقب ملا ابوالحسن بن مغازلی شافعی اور شرف المصطفےٰ ابو حامد شافعی میں سورہ نجم آیہ اوّل "والنجم اذا ھوی" کے بارہ میں بروایت ابن عباس لکھا ہے کہ فرمایا آنحضرتؐ نے کہ جو ستارہ ٹوٹتا ہے۔ جس کے گھر میں گرے گا۔ وہی میرا وصی ہوگا چنانچہ وہ حضرت علی علیہ السلام کے گھر میں گرا۔

یہاں ایک سچا واقعہ لکھنا بیجا نہ ہوگا۔ میرا ایک سنی آشنا تھا جو حافظ قرآن بھی تھا۔ اور اردو بہاٹ سید صاحب بھی لکھ پڑھ سکتا تھا۔ مگر تاریخ سے اتنا ہی واقف تھا۔ جتنے بالعموم سنی لوگ ہوا کرتے ہیں میں نے اس سے کہا اے دوست حضرت علی کو اچھا خیال کرتے ہو یا بُرا۔ جواب دیا۔ ہم حضرت علی کو خدا کا برگزیدہ سمجھتے ہیں میں نے کہا جو حضرت علی (علیہ السلام) کو بُرا کہے اسے کیا سمجھتے ہو۔ کہا وہ خدا کی قسم لعنتی ہے۔ میں نے کہا۔ معاویہ ابن ابوسفیان کو کیسا خیال کرتے ہو۔ کہا وہ بہت اچھا آدمی تھا۔ میں نے کہا یہی وہ شخص ہے جو حضرت علی کو بالاعلان بُرا کہا کرتا تھا اور رعایا کو حکماً مجبور کرتا تھا۔ کہ حضرت علیؑ کو بُرا کہیں۔ جواب دیا کہ اگر یہ بات پایۂ ثبوت کو پہنچ جائے تو میں معاویہ سے بیزاری اختیار کرونگا۔ چنانچہ ہم دو نو ایک سنی عالم اور محدث کے پاس گئے اور تمام ماجرا بے کم و کاست کہہ دیا۔ پہلے تو وہ سنی عالم گھبرایا اور ہم سے پیچھا چھڑانا چاہا لیکن ہمارے عزم نے یہ قلعہ تسخیر کر لیا۔ اور اس نے صاف کہہ دیا۔ ہاں معاویہ حضرت علی علیہ السلام کو بُرا بھلا کہا کرتا تھا۔

واپسی پر راہ میں اُسی آشنا سے میں نے کہا۔ دوست! کہو اب معاویہ کے بارہ میں کیا رائے قائم کی ہے۔ جواب دیا۔ معاویہ جو چاہے حضرت علی کو کہے۔ میرا اس بات سے کوئی تعلق نہیں۔ میں تو معاویہ کو بُرا نہیں کہہ سکتا۔ چہ خوب۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

میرا اپنا بارہا تجربہ ہے کہ سنی لوگ حضرات ثلاثہ اور یاران ثلاثہ کی حمایت میں قرآن شریف۔ احادیث اور تاریخ کی پرواہ نہیں کرتے۔ انسان سنی اس وقت تک رہ سکتا ہے جب تک واقعات اور حقائق سے ناواقف ہو۔ گویا سنیت اور جہالت ہم معنی الفاظ ہیں۔

واقعہ غدیر خم

واقعہ غدیر کو ذرا تفصیل سے لکھتا ہوں۔ جس کے لفظ لفظ میں نور ایمان اور سرور دل موجود ہے غور سے سنیں ۱۸ ذی الحجہ ۱۰ھ کو آنحضرت مکہ سے مدینہ کو قریباً دو لاکھ حاجیوں کے ہمراہ واپس تشریف لا رہے تھے کہ جبرئیل سورۂ مائدہ کی آیہ مبارکہ یا ایہا الرسول بلغ ما انزل الیک من ربک وان لم تفعل فما بلغت رسالتہ (اے رسول پہنچا دے لوگوں کو وہ چیز جو تم پر نازل کی گئی ہے۔ تیرے رب کی طرف سے اور اگر تم نے یہ حکم نہ پہنچایا۔ تو میں جانوں گا کہ تو نے میرا کوئی حکم (تمام دوران رسالت میں) نہیں پہنچایا ہے اور اس حکم کے پہنچانے میں تو کسی سے نہ ڈر) لے کر نازل ہوا۔ یہ خدا کا تاکیدی حکم سن کر آنحضرت نے جبرئیل سے فرمایا کہ مجھے حضرت علی علیہ السلام کی جانشینی کے اظہار کرنے میں تو کچھ عذر نہیں لیکن خیال ہے کہ یہ لوگ علیؑ کے بارہ میں میری تصدیق کو پس و پیش کریں گے جبرئیل چلا گیا۔ اور پھر نازل ہو کر عرض کیا۔ واللہ یعصمک من الناس۔ اس پر آنحضرت نے مقام غدیر پر ایک سایہ دار درخت کے نیچے آرام فرمایا اور تمام حاجیوں کو جو ابھی متفق نہ ہوئے تھے کیونکہ کچھ فاصلہ آگے چل کر مختلف مقامات کو مختلف راستے جاتے تھے۔ جمع ہونے کے لئے منادی کرائی۔ گرمیوں کا موسم اور دوپہر کا وقت اور عرب کا ریگستان اور ساتھ پر مسافرت کی کلفت کی وجہ سے حاجیوں کی حالت کا نقشہ مبہم تصور ہی صحیح طور پر کھینچ سکتی ہے۔ اس آتش بار اور آہن گداز ریگستان میں تمام حجاج ایک گروہ میں جمع ہو گئے۔ آنحضرت نے پالان شتر کا ایک منبر بنایا جس پر چڑھ کر ایک فصیح و بلیغ خطبہ فرمایا جو تمام واقعہ غدیر کی جان ہے۔ جس کا خلاصہ یہ ہے کہ خدا کا شکر کرتا ہوں جس نے مجھے تمام مخلوقات سے برگزیدہ بنایا۔ عنقریب میری طرف جھوٹی باتیں منسوب کی جائیں گی۔ حالانکہ میری زبان سے سوائے امر حق کچھ نہیں نکلتا ہے۔ میری عترت کو تمام مخلوقات پر سبقت حاصل ہے۔ وہ میری پیغمبری کا علم لینے والے اور تمام کو گمراہی سے نکالنے والے اور نیکی کی طرف بلانے والے ہیں یہی اہل حق اور معدن صدق اور عامل کتاب و سنت ہیں ان کو ترک کر کے جہلا کی طرف رجوع نہ کرنا۔ میں اور میری عترت ایک طینت سے پیدا ہوئے۔ اور ہمارے نور سے ہر ایک تاریکی روشن ہوئی۔ میری عترت حامل علم اور مخازن اسرار اور سرور ارض و سما ہے۔ نہ ان کو

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کبھی شک ہوتا ہے۔ اور نہ عیب لاحق ہوتا ہے۔ راہ خدا میں کرار غیر فرار ہیں ہادی اور آئمہ راشدین ہیں
ان کی ولایت اور اطاعت تم پر فرض ہے۔ وغیرہ وغیرہ دوران خطبہ میں حضرت سلمان فارسی نے عرض کیا۔
یا حضرت (من کنت مولاہ فعلی مولاہ) میں ولائے علی سے کیا مراد ہے۔ آنحضرتؐ نے فرمایا جس کی جان پر
میں اولیٰ بتصرف ہوں۔ اس کی جان پر علیؑ بھی اولیٰ بتصرف ہے۔ اور اس طرح علیؑ کے اوصیا بھی بتصرف
ہیں کسی نے عرض کیا۔ اوصیا کے نام فرمایئے حضور نے علیؑ سے (حضرت امام مہدی علیہ السلام) تک
تمام نام بنام گنے اور فرمایا۔ یہ پاک افراد قرآن کے ساتھ اور قرآن ان کے ساتھ ہمیشہ رہیگا۔ پھر
آنحضرتؐ نے حضرت علی علیہ السلام کو اتنا بلند اٹھایا۔ کہ آپ کی بغلوں کی سفیدی ظاہر ہوگئی یعنی اس
حکم کی فعلاً بھی تعمیل کردی۔ اور فرمایا من کنت مولاہ فعلی مولاہ یعنی جس کا میں مولا اور سردار اور
حاکم ہوں اس کا علیؑ بھی مولا اور سردار اور حاکم ہے۔ آنحضرت نے اپنے دوپٹے سے حضرت علی علیہ السلام کے
سر پر پگڑی باندھ کر رسم دستار بندی بھی ادا فرمائی۔ اس کے بعد "الیوم اکملت لکم دینکم واتممت
علیکم نعمتی" کا نزول ہوا اور آنحضرت سجدہ شکر میں گر پڑے۔ اور فرمایا خدا کا شکر ہے جس نے دین اسلام
کو کامل کر دیا۔ اور نعمتوں کو پورا کر دیا۔ اور میری رسالت اور علیؑ کی ولایت اور خلافت پر راضی ہوا۔ شیخ
حافظ ابونعیم نے کتاب ما نزل من القرآن فی علیؑ میں آیہ اکمال دین کا نزول واقعہ غدیر ہی لکھا ہے۔ پس
سب سے پہلے عمر ابن خطاب نے کہا اے حضرت علی (علیہ السلام) مبارک ہو مبارک ہو تو آج سے میرا اور ہر مومن
مومنہ کا مولا ہو گیا ہے۔ اس کے بعد اور لوگوں نے بھی مبارکباد کہی۔ پھر حسان شاعر نے فی البدیہہ قصیدہ
تہنیت نظم کر کے بلند آوازی سے پڑھا۔ اور آنحضرت نے اس کے حق میں دعائے مغفرت کی بعد
ازاں آنحضرت نے ایک خیمہ نصب کرایا جس میں حضرت علی علیہ السلام تشریف فرماتے۔ اور اصحاب
رسولؐ بہ حکم رسولؐ خیمہ کے اندر جاتے اور حضرت علی علیہ السلام کے ہاتھ پر بیعت کرتے۔ مدینہ میں پہنچ کر
آنحضرتؐ نے ازواج کو حکم دیا۔ کہ یکے بعد دیگرے خانہ حضرت فاطمہؑ صدیقہ میں جا کر علیؑ کو خلافت
اور نیابت رسولؐ کی مبارکبادی دیں۔ دوسرے دن کی صبح کو ایک صحابی حارث بن نعمان فہری
خدمت رسولؐ میں آیا اور کہا یا حضرت ہم نے آپ کے ارشاد پر اپنے آبائی دین کو چھوڑا۔ اپنے اقربا
کو قتل کیا۔ اور اسلام کے تمام احکام کی تعمیل کی۔ ارشاد فرماویں کہ آیا یہ حکم خدا کی طرف سے ہے۔ یا محبت
علیؑ کی وجہ سے اپنے دل سے بنا لیا ہے۔ آنحضرتؐ نے فرمایا۔ درحقیقت یہ حکم خدا کی طرف سے ہے۔ پس
حارث پیٹھ پھیر کر چل پڑا اور کہا خداوندا اگر اس امر میں تیرا رسولؐ صادق ہے۔ تو مجھ پر فوری عذاب بھیج دے۔
اس پر آسمانی پتھر گرا جو اس کی مقعد سے نکل گیا۔ وہ جہنم واصل ہوا جو شخص خدا کے رسولؐ کی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

باکثیر مکی شافعی ۔ محمد محبوب عالم بن صفی الدین جعفر بن بدر عالم ۔ محمد صدر عالم سبط الشیخ ابو الرضا ۔ محمد بن اسماعیل بن صلاح الامیر ۔ احمد بن عبد القادر بن بکری العجیلی الشافعی سید مومن حسن سلنجی وغیرہ ۔

تفسیر در منثور امام جلال الدین سیوطی مطبوعہ مصر جلد دوم صفحہ ۲۹۸ سطر ۸ اور صفحہ ۲۹۸ سطر ۱۴ پر ابن ابی حاتم اور ابن مردویہ اور ابن عساکر نے ابو سعید خدری سے اور تفسیر فتح البیان نواب صدیق حسن خاں بھوپالی مطبوعہ مطبع بولاق مصر صفحہ ۸۹ پر ابو سعید خدری اور ابن مسعود سے روایت کی ہے کہ آیہ یا ایہا الرسول آنحضرت پر بروز غدیر خم علی ابن ابیطالب علیہ السلام کے حق میں نازل ہوئی ۔

تفسیر در منثور صفحہ ۲۹۸ پر ابن مسعود سے یہ بھی منقول ہے کہ ہم عہد رسول اللہ صلعم میں اسے یوں پڑھتے تھے

یا ایہا الرسول بلغ ما انزل الیک من ربک ان علیا مولی المومنین وان لم تفعل فما بلغت رسالتہ واللہ یعصمک من الناس ۔ یعنی اے رسول پہنچا دے جو کچھ تجھ پر نازل ہوا ۔ کہ علی مومنوں کا مولیٰ ہے الخ

تفسیر کبیر جلد سوم مطبوعہ مصر صفحہ ۶۳۶ سطر ۳ پر ابن عباس اور براء ابن عازب اور محمد بن علی سے اور تفسیر غرائب القرآن نظام نیشاپوری جلد دوم صفحہ ۱۷۰ سطر ۹ پر ابی سعید خدری سے اور ینابیع المودۃ علامہ شیخ سلیمان قندوزی حنفی مطبوعہ قسطنطنیہ صفحہ ۱۲۰ سطر اول پر بہ سند ثعلبی اور فرائد السمطین علامہ حموینی میں ابو ہریرہ سے اور فصول المہمہ مالکی میں ابو سعید خدری سے اور اسباب النزول امام ابو الحسن واحدی اور کفایۃ الطالب حافظ ابو عبد اللہ اور کتاب ما نزل من القرآن فی علی مصنفہ حافظ ابو نعیم میں ابو سعید خدری سے اور ارجح المطالب ترجمہ خصائص نسائی مطبوعہ مطبع محمدی لاہور صفحہ ۳۲ اور مسند امام حنبل مطبوعہ بمبئی جلد اول صفحہ ۱۲۶ سطر اول اور تفسیر ثعلبی میں ابن عباس سے اور خواص الامۃ سبط ابن جوزی صفحہ ۱۸ سطر ۲۳ پر بہ اتفاق علمائے سیر اور توضیح الدلائل سید شہاب الدین میں اور مودۃ القربیٰ امیر کبیر علی ہمدانی صفحہ ۳۳ سطر ۲ پر اور ینابیع المودۃ صفحہ ۱۱۵ سطر ۲ پر لکھا ہے کہ آنحضرت نے "یا ایہا الرسول بلغ" کے نزول پر ایک لاکھ بیس ہزار صحابہ کی موجودگی میں حضرت علی علیہ السلام کے حق میں "من کنت مولاہ فعلی مولاہ" فرمایا ۔ اور اپنی عترت کی اطاعت اور محبت کا حکم دیا ۔ نیز شیخ محی الدین نووی اور محمد بن یوسف گنجی نے واقعہ بالا کو صحیح تسلیم کیا ہے ۔

مودۃ القربیٰ امام سید علی ہمدانی صفحہ ۳۲ سطر ۴ پر ہے کہ عمر ابن خطاب نے کہا کہ جب آنحضرت صلعم نے حضرت علی علیہ السلام کو (بروز غدیر خم) خلیفہ کیا اور "من کنت مولاہ فعلی مولاہ" فرمایا ۔ اس وقت میرے پہلو میں ایک خوش رو نوجوان کھڑا تھا ۔ جس نے مجھے کہا اے عمر آج رسول اللہ نے ایسی گرہ لگا دی ہے جس کو سوائے منافق کے کوئی کھول نہیں سکیگا پس اسکے کھولنے سے ڈرتے رہنا عمر کہتا ہے کہ جب یہ بات میں نے آنحضرت سے عرض کی تو آپ نے فرمایا ۔ وہ جبرئیل تھا جو تم کو حضرت علی علیہ السلام کی ولایت [illegible]

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مسند امام حنبل مطبوعہ بمبئی ص۱۶۶ سطر۱۰۔ اور شواہد النبوت ملا جامی مطبوعہ مطبع فتح الکریم بمبئی ص۲۰۸
پر ہے کہ حضرت علی علیہ السلام نے مقام رحبہ میں فرمایا کہ جس نے بروز غدیر آنحضرت سے من کنت مولاہ
کی حدیث سنی ہو وہ بیان کرے۔ بارہ آدمیوں نے کھڑے ہو کر اس حدیث کی تصدیق کی جو نہ کھڑے ہوئے
انکو طرح طرح کا عذاب ہوا۔ امام نسائی نے ان شخصوں میں سے انس بن مالک۔ زید بن ارقم۔ جمیع
بن عمیر۔ اشعث اور براء ابن عازب کے نام لکھے ہیں جو معذب ہوئے ؛

سر العالمین امام غزالی ص۹ اور مودۃ القربیٰ سید علی ہمدانی ص۳۱ سطر۱۱ پر غدیر خم میں عمر کی مبارکباد
دینے سے صاف ثابت ہے کہ یوم غدیر عید کا دن ہے۔

توضیح الدلائل سید شہاب الدین میں وہ خطبہ لکھا ہے۔ جو آنحضرتؐ نے بروز غدیر فرمایا۔ اور جس کا
خلاصہ لکھتا ہوں۔ بعد حمد خدا فرمایا کہ میری عترت پر میری وفات کے عین بعد مصائب و آلام وارد ہونگے
میری طرف جھوٹی حدیثیں منسوب ہونگی۔ حالانکہ میں صرف امر حق پہنچانیوالا ہوں۔ ظالموں کی بازگشت بہت
بری جگہ ہے عبادہ بن صامت نے پوچھا یہ کب ہوگا۔ آنحضرتؐ نے فرمایا کہ جب میری جان حلق مبارک
کی طرف اشارہ کیا) یہاں تک پہنچے گی۔ عبادہ نے عرض کیا۔ اس وقت ہم کس کی پیروی کریں۔
فرمایا میری عترت کی پیروی کرنا جو تمام مخلوقات (ارضی و سماوی) پر سبقت رکھنے والے اور میری پیغمبری
کے لینے والے اور تم لوگوں کو گمراہی سے نکالنے والے اور نیکی کی طرف بلانے والے ہیں یہی اہل
حق اور معدن صدق اور حافظ کتاب و سنت ہیں۔ الحاد اور بدعت سے تم کو بچائیں گے۔ کسی جاہل کی
طرف میلان نہ کرنا۔ میں اور میری اہلبیت ایک طینت سے خلق ہوئے ہیں اس میں غیر کو کوئی حصہ نہیں
ہم تمام مخلوقات ارضی سماوی سے پہلے خلق کئے گئے۔ پھر ہمارے نور سے تمام تاریکیاں روشن کی گئیں۔ میری
عترت میرے علم کی حامل اور خازن اسرار اور تمام مخلوقات کی سردار ہے۔ انکو نہ کبھی شک ہوتا ہے۔
اور نہ وہ راہ خدا سے وہ فرار کرتے ہیں۔ اور نہ کبھی انہوں نے خدا کے کسی عہد کو توڑا ہے۔ ہادی اور راشد
اور ہدایت یافتہ ہیں۔ انکی عداوت گمراہی اور ان کی محبت ایمان اور ان سے بغض نفاق ہے ان کی اطاعت
اور مودۃ تم پر فرض ہے یہ طیب و طاہر اور راستگو اور عالم اور امین اور حافظ شریعت ہیں۔ حلم و علم
نبوت و شرافت و سخاوت و شجاعت و صداقت و طہارت و عفت و قضا کے صاحب ہیں۔ خدا کی مضبوط
رسی اور کلمہ تقویٰ اور وسیلہ ہدایت اور حجت عظمیٰ اور عروۃ الوثقیٰ ہیں۔ اب میں بموجب حکم خدا من کنت
مولاہ فعلیؑ مولاہ کہتا ہوں۔ خدا دوست رکھ اس کو جو میری عترت کو دوست رکھے۔ اور دشمن جان اس کو
جو انکو دشمن جانے۔ اور مدد کر اس کی جو ان کی مدد کرے اور خوار کر اس کو جو

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کر دیا ہے جس کی تبلیغ کا (آج) مجھے حکم ہوا تھا اور اب میں اپنی عترت کو خدا کے سپرد کرتا ہوں اور اپنے اور تمہارے لئے طالب مغفرت ہوں۔

ینابیع المودۃ ص۱۱۵ سطر ۱۲ پر واقعۂ غدیر اور خطبہ آنحضرت درج ہونے کے علاوہ یہ بھی مرقوم ہے کہ آنحضرت کے دوران خطبہ میں سلمان فارسی نے عرض کیا کہ ولائے حضرت علی علیہ السلام سے کیا مراد ہے فرمایا کہ علی (علیہ السلام) کی ولایت بعینہ میری ولایت ہے اور جس طرح میں لوگوں کی جانوں پر اولیٰ بتصرف ہوں اسی طرح علیؑ تم تمام کی جانوں پر اولی بتصرف ہے۔ پھر فرمایا۔ یہ آیات یعنی آیہ بلغ اور اکملت و اتممت علی (علیہ السلام) اور اوصیائے حضرت علی علیہ السلام کے حق میں نازل ہوئی ہیں۔ اور پھر آنحضور نے اوصیا کے نام حضرت علی (علیہ السلام) سے مہدیؑ تک شمار فرمائے اور فرمایا۔ قرآن ان کے ساتھ ہے اور یہ قرآن کے ساتھ ہمیشہ رہیں گے۔

روضۃ الصفا مطبوعہ نولکشور جلد اول ص۱۲ اور تاریخ کامل مطبوعہ ذات التحریر مصر جلد اول ص۱۷ اور تاریخ ابن الوردی مطبع وہبیہ مصر ص۹ پر ہے کہ حضرت آدمؑ نے اپنا جانشین شیث ہبۃ اللہؑ کو کیا۔ اور تاریخ کامل مطبوعہ مصر جلد اول ص۱۹ اور روضۃ الصفا مطبوعہ نولکشور جلد اول ص۱۵ پر ہے کہ شیث نے اپنا جانشین انوش کو کیا۔ اور تاریخ کامل مطبوعہ مصر جلد اول ص۲۰ اور روضۃ الصفا مطبوعہ نولکشور جلد اول ص۱۵ پر ہے کہ قینان نے اپنا جانشین مہلائیل کو کیا۔ اور تاریخ کامل مطبوعہ مصر جلد اول ص۱۲ پر ہے کہ مہلائیل نے اپنا جانشین یرد کو کیا۔ اور تاریخ کامل مطبوعہ مصر جلد اول ص۲۰ پر ہے کہ یرد نے اپنا جانشین ادریس کو بنایا۔ اور تاریخ کامل مطبوعہ مصر جلد اول ص۲۰ و ص۲۲ پر ہے کہ ادریس نے اپنا جانشین متوشلخ کو کیا۔ اور تاریخ کامل مطبوعہ مصر جلد اول ص۲۲ پر ہے کہ متوشلخ نے اپنا جانشین لمک کو کیا۔ اور تاریخ کامل مطبوعہ مصر جلد اول ص۲۶ اور روضۃ الصفا مطبوعہ نولکشور جلد اول ص۲۲ پر ہے کہ نوحؑ نے اپنا جانشین سام کو کیا اور روضۃ الصفا مطبوعہ نولکشور جلد اول ص۴۲ پر ہے کہ ابراہیمؑ نے اپنا جانشین اسحاق کو کیا اور روضۃ الصفا مطبوعہ نولکشور جلد اول ص۴۴ پر ہے کہ اسمٰعیل نے اپنا جانشین قیدار کو کیا۔ اور روضۃ الصفا مطبوعہ نولکشور جلد اول ص۴۵ پر ہے کہ اسحاق نے اپنا جانشین یعقوبؑ کو کیا اور روضۃ الصفا مطبوعہ نولکشور جلد اول ص۶۵ پر ہے کہ یعقوبؑ نے اپنا جانشین یوسفؑ کو کیا۔ اور تاریخ کامل مطبوعہ مصر جلد اول ص۴۷ اور روضۃ الصفا مطبوعہ نولکشور جلد اول ص۷۲ پر ہے کہ ایوبؑ نے اپنا جانشین حومل کو کیا۔ اور روضۃ الصفا مطبوعہ نولکشور جلد اول ص۸۷ و ص۹۳ پر ہے کہ موسٰیؑ نے اپنا جانشین ہارونؑ کو کیا۔ اور پھر ہارونؑ کی موت پر اپنا جانشین یوشعؑ کو بنایا۔ اور روضۃ الصفا مطبوعہ نولکشور جلد اول ص۹۷ پر ہے کہ کالب بن

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

یوقنا نے اپنا جانشین بوساموس کو کیا۔ اور روضۃ الصفا مطبوعہ نولکشور جلد اول صفحہ ۱ پر ہے کہ الیاس نے اپنا جانشین الیسعؑ کو کیا۔ اور روضۃ الصفا مطبوعہ نولکشور جلد اول صفحہ ۱۰۱ پر ہے الیسع نے اپنا جانشین قسوالکعل کو کیا۔ اور روضۃ الصفا جلد اول صفحہ ۱۳۶ پر ہے کہ عیسیٰؑ نے اپنا جانشین شمعون کو کیا اور قرآنی آیہ "وورث سلیمان داؤد" کی بنا پر داؤدؑ نے اپنا جانشین سلیمانؑ کو بحکم خدا مقرر فرمایا۔ ناظرین تقرر جانشینی صرف خدا کی مرضی پر منحصر ہے۔ جیسا کہ آپ نے چند مثالوں سے یقین کر لیا۔ اور پھر قرآنی حکم کہ سنت اللہ میں تبدیلی نہیں ہو سکتی۔ اس کو اور مضبوط کرتا ہے۔ مگر افسوس کہ بقول سنیاں آنحضرت ایسے بزرگ اور اہم کام کو امت کے سپرد فرما گئے اور قیامت تک تفریق اور فساد کا بیج بو گئے خدا انکو سمجھ دے

ناظرین واقعہ غدیر میں چند امور ملحوظ خاطر رکھنے سے مولا کے معنے صرف حاکم اور مالک ہو سکتے ہیں محبت وغیرہ کے معنی کسی طرح چسپاں ہی نہیں ہو سکتے۔ آنحضرتؐ کا آخری حج ہے اس حکم کی عدم تبلیغ میں تمام رسالت اکارت ہوتی ہے۔ خدا آنحضرت کی حفاظت کا وعدہ فرماتا ہے۔ ایک لاکھ بیس ہزار صحابہ کو اس وقت جمع کیا جاتا ہے جبکہ وہ کچھ فاصلہ پر اپنی اپنی راہوں پر متفرق ہو جانیوالے تھے موسم گرما اور ظہر کا وقت اور لق ودق میدان ریگ ہے۔ آنحضرتؐ حضرت علی علیہ السلام کو بلند اٹھا کر فعلاً اور عملاً بھی اعلان حکم خدا کرتے ہیں۔ رسم دستار بندی ادا ہوتی ہے۔ ہر طرف سے مبارکباد کا شور برپا ہوتا ہے۔۔۔ ایک علیحدہ خیمہ میں بیعت لی جاتی ہے قصیدہ تہنیت پڑھا جاتا ہے۔ رسول ازواج نبی کو مبارکباد عرض کرنے کا تاکیدی حکم ہوتا ہے۔ رسم چراغاں ادا کی جاتی ہے۔ منکر پر آسمانی پتھر گرتا ہے۔ مزید برآں حضرت علی علیہ السلام بعد جناب فاطمہ علیہا السلام واقعہ غدیر سے ابوبکر اور عمر کے سامنے احتجاج فرماتے ہیں اور اس دن کو بقول عمر بن خطاب و ابوہریرہ عید قرار دیا جاتا ہے۔ اور حضرت جبرئیلؑ خصوصاً عمر بن خطاب کو اس حکم کی پابندی کا حکم فرماتے ہیں

کتاب اسنی المطالب علامہ جزری میں ہے کہ جناب فاطمہ علیہا السلام نے صحابہ سے فرمایا کہ تم لوگ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قول کو بھول گئے ہو جب آنحضرتؐ نے بروز غدیر فرمایا "من کنت مولاہ فعلی مولاہ۔ او انت منی بمنزلۃ ھارون من موسیٰ"

مروج الذہب مسعودی برحاشیہ تاریخ کامل مطبوعہ مصر جلد پنجم صفحہ ۱۰۳ پر ہے کہ جب ابوبکر کی بیعت سقیفہ کے دن ہو چکی اور پھر دوسرے روز شنبہ کو عوام پر اس کی تجدید کی گئی۔ تو حضرت علی علیہ السلام نے ابوبکر سے فرمایا کہ تو نے ہمارے امور کو فاسد کر دیا۔ اور ہم سے مشورہ نہ لیا۔ اور نہ ہمارے حقوق کی رعایت کی۔ ابوبکر نے کہا ہاں ایسا ہی ہے۔ مگر میں فتنہ سے ڈرا۔ تاریخ کامل جلد دوم صفحہ ۱۲۳ پر ہے کہ سب انصار نے یا ان میں سے بعض نے کہا کہ ہم سوائے حضرت علی علیہ السلام کے کسی کی بیعت نہیں کرتے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

تفسیر ابن مردویہ۔ کتاب ما نزل من القرآن فی علی حافظ ابو نعیم صفہانی۔ مناقب ابو الحسن بن محمد بن خطیب۔ کتاب المناقب اخطب خوارزم۔ خصائص ابو الفتح محمد بن علی بن ابراہیم۔ توضیح الدلائل شہاب الدین احمد۔ مفتاح النجا علامہ مرزا محمد بن معتمد خان۔ تاریخ ابن واضح کاتب عباسی معروف بہ یعقوبی میں لکھا ہے کہ جب آنحضرت صلعم نے بروز خم غدیر "من کنت مولاہ فعلی مولاہ" فرمایا تو آیہ مبارکہ "الیوم اکملت لکم دینکم" کا نزول ہوا۔

مشکوٰۃ باب مناقب علی جلد آخری صفحہ ۲۹۶ پر ہے کہ براء بن عازب اور زید بن ارقم سے روایت ہے۔ کہ جب آنحضرت صلعم خم غدیر کے مقام پر اترے تو آنحضرت صلعم نے حضرت علی علیہ السلام کا ہاتھ پکڑا اور فرمایا کیا تم لوگ جانتے ہو کہ میں تمہاری جانوں سے اولیٰ ہوں۔ صحابہ نے عرض کیا کہ ہاں یا رسول اللہ۔ پھر حضرت نے فرمایا۔ کیا میں ہر مومن کی جان سے اولیٰ ہوں عرض کیا کہ ہاں۔ پھر فرمایا کہ بار خدایا۔ جس کا میں مولا ہوں اس کا علی بھی مولا ہے۔ یا الٰہی دوست رکھ تو اس کو جو علی کو دوست رکھے اور دشمن رکھ تو اس کو جو علی کو دشمن جانے۔ اس کے بعد عمر نے حضرت علی علیہ السلام کو کہا۔ کہ اے ابن ابیطالب تم کو مبارک ہو کہ تو ہر مومن مرد اور ہر مومن عورت کا مولا ہو گیا۔

عبث در معنی من کنت و مولا میروی ہر سو   علی مولا بہ آں معنی کہ پیغمبر بود مولا

جب کمیت شاعر نے یہ شعر تصنیف کیا۔ ویوم الدوح دوح غدیر خم۔ ابان لہ الولایۃ لو اطیعا تو اسی رات جناب امیر کمیت شاعر کو خواب میں ملے اور فرمایا کہ اپنے شعر کے آگے یہ شعر پڑھا ہے ولم ار مثل ذاک الیوم یوما ولم ار مثلہ حقا اضیعا۔ یعنی اس دن جیسا متبرک دن کوئی نہیں دیکھا اور نیز اس دن جیسا حق ضائع ہوتے کبھی نہیں دیکھا۔

معارج النبوۃ ملا معین کاشفی مطبع کریمی بمبئی رکن چہارم باب سیزدہم صفحہ ۲۲ سطر ۵ پر ہے کہ چوں حضرت رسالت صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم از مناسک حج فارغ گشت چند روز دیگر اقامت نمود و بعد ازاں عنان عزیمت بجانب مدینہ مکرمہ معطوف گردانید بعد قطع مسافت بغدیر خم کہ از نواحی جحفہ است رسید و دراں منزل نزول فرمودہ نماز پیشین را گذاردہ روی باصحاب آوردہ فرمود الست اولیٰ بالمومنین من انفسہم آیا نیستم اولیٰ بموشاں از نفسہائے ایشاں ولقبوے فرمود کہ گویا مرا بعالم بقا خوانند و من اجابت نمودم و معلوم شما باد کہ درمیان شما دو امر عظیم میگذارم کہ یکے از دیگرے اعظم است قرآن و اہلبیت من بہ بینید کہ بعد از من چگونہ در بچہ کیفیت بایں دو امر سلوک خواہید کرد۔ در غایت حقوق ایں دو امر چگونہ بجا خواہید آورد آں دو امر از ہم متفرق نہ خواہند گشت۔ تا در کنار حوض کوثر بمن رسند بعد ازاں بزبان معجز بیان گذرانید کہ بدرستیکہ خدائے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com   http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

عزوجل مولائے من است ومن مولائے جملہ مومنانم آنگاہ دست امیر المومنین حضرت علی را رضی اللہ عنہ بگرفت وفرمود کہ من کنت مولاہ فعلی مولاہ اللھم وال من والاہ وعاد من عاداہ واخذل من خذلہ وانصر من نصرہ وادار الحق معہ حیث کان آوردہ اند کہ بیشتر اصحاب تا بحدیکہ امہات مومنین رضی اللہ عنہن وعنہم امیر المومنین علی را رضی اللہ عنہ را دریں امر تہنیت بجائے آوردند امیر المومنین عمر رضی اللہ عنہ گفت اے علیؑ بامداد کردی ومولائے من ومولائے مومنین ومومنات شدی۔ اس کا مطلب پہلے بیان ہوچکا ہے۔

روضہ ندیہ علامہ بن محمد بن اسمٰعیل بن صلاح الامیر صفحہ ۲۶ پر ہے کہ اگر ہم صرف آنحضرت کے انہیں دو کلمات کی شرح کریں۔ جو آنحضرتؐ نے بروز غدیر فرمائے کہ اللہ اور اس کا رسولؐ علیؑ سے محبت رکھتے ہیں اور علیؑ اللہ اور رسولؐ سے محبت رکھتا ہے تو نہایت بسیط اور نفیس تالیف تیار ہو جائے واللہ یہ دونوں جملے کیسے ہیں جو شامل ہیں اس پر کہ حضرت علی علیہ السلام کل فضائل سے متصف ہیں اور جمیع رذائل سے طاہر اور پاک ہیں حضرت علی علیہ السلام کے اپنے دو اشعار کا فارسی ترجمہ یوں کیا گیا ہے۔

از خلق جہاں پایۂ من بیشتر است	در علم و عمل مایۂ من بیشتر است
جاہل کہ ز بخت بہ گیرد گوش	در دیدۂ او خنجر من بیشتر است

صراط سوی سید محمود شاہ سبحانی قادری اور وسیلۃ المآل محمد با کثیر میں ابن مغازلی کی سند پر لکھا ہے کہ بروز قیامت کوئی شخص پلصراط پر سے نہیں گذر سکیگا جب تک اس کے پاس حضرت علی علیہ السلام کا پروانہ نہ ہوگا۔ ناظرین ایک دفعہ حضرت ابن عباس سے پوچھا گیا۔ کہ حضرت علی علیہ السلام کی کنیت ابوتراب کیوں ہے۔ ابن عباس نے کہا اس واسطے کہ حضرت علی علیہ السلام صاحب ارض ہیں۔ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بعد اہل ارض پر حجت خدا ہیں۔ اور حضرت علی علیہ السلام کے وجود سے دنیا کی بقا ہے اور حضرت قیام دنیا کا باعث ہیں۔

بعد از نبیؐ بزرگ علیؑ کا مقام ہے	روح الامیں حضور کا ادنےٰ غلام ہے
جاری ہے حکم آپ کا سب کائنات پر	ارض و سما کو نام علیؑ سے قیام ہے

کتاب مناقب ابن مردویہ میں بروایت ابن عباس و انس و بریدہ و سالم حذیفہ بن زمان و رافع و معاویہ بن ثعلبہ سے روایت ہے کہ فرمایا آنحضرتؐ نے کہ علی (علیہ السلام) کو امیر المومنین کہہ کر سلام کیا کرو۔

کتاب مناقب ابن مردویہ میں بروایت سالم لکھا ہے کہ میں جناب امیر کے ساتھ ان کی زمین میں تھا۔ جب کہ وہ کاشتکاری کر رہے تھے۔ ابوبکر اور عمر آپ کو ملنے آئے اور السلام علیک امیر المومنین ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کہہ کر سلام کیا۔ ان سے پوچھا گیا۔ کہ کیا تم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زندگی میں بھی اس

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

طرح کیا کرتے تھے عمر نے جواب دیا۔ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بھی ہم کو یہ حکم دیا تھا

فردوس الاخبار دیلمی باب ۱۴ میں بروایت حذیفہ بن یمان لکھا ہے۔ کہ آنحضرتؐ فرمایا کرتے تھے۔ کہ اگر لوگوں کو یہ علم ہوتا کہ کب سے حضرت علیؑ کا نام امیر المومنین رکھا گیا ہے۔ تو ہرگز آپ کے فضائل سے انکار نہ کرتے حضرت علی کا نام اس وقت سے امیر المومنین قرار پایا ہے کہ ابھی آدمؑ کے جسم میں روح پھونکی نہ گئی تھی۔ اس وقت پروردگار نے ارواح کو خطاب کیا کہ میں تمہارا خدا ہوں۔ اور محمدؐ تمہارا نبی ہے اور علیؑ تمہارا امیر ہے ٭

صواعق محرقہ ص۱۳۷ پر ہے کہ حضرت علی علیہ السلام نے بروز شوریٰ اہل شوریٰ پر سورہ مباہلہ سے احتجاج کیا یعنی حق خلافت طلب فرمایا اور اس کے ثبوت میں سورۂ مباہلہ پیش کی ٭

ینابیع المودۃ ص۱۱۵ پر ہے کہ اولی الامر سے مراد حضرت علی علیہ السلام اور ان کی اولاد ہیں۔ ترمذی اور مسلم اور مشکوٰۃ میں "من کنت مولاہ فعلی مولاہ" مرقوم ہے مسند امام احمد حنبل میں یا علی انت منی بمنزلۃ ہارون من موسیٰ" سے مراد حضرت علی علیہ السلام کی خلافت لکھا ہے مناقب عبداللہ بن احمد بن حنبل میں ہے کہ آنحضرتؐ نے فرمایا کہ مجھ میں نبوت اور علی (علیہ السلام) میں خلافت ہے۔ مناقب ابن مغازلی اور شافعی میں ہے کہ فرمایا آنحضرتؐ نے کہ جس کے مکان پر یہ ستارہ ٹوٹے وہی میرا خلیفہ ہے۔ چنانچہ حضرت علی علیہ السلام کے مکان پر ستارہ ٹوٹا۔ کتاب الفردوس دیلمی میں ہے۔ کہ فرمایا آنحضرتؐ نے کہ میںؐ اور علیؑ ایک ہی جگہ رہے یہاں تک کہ صلب عبدالمطلب میں آ کر جدا ہوئے پس مجھ میں نبوت اور علیؑ میں خلافت ہے۔ مودۃ القربیٰ مودۃ ششم اور ینابیع مطبوعہ بمبئی ص۲۰۵ پر ہے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ علیؑ میرا خلیفہ اور وزیر ہے۔ اگر میرے بعد نبوت ہوتی تو علی (علیہ السلام) کو ملتی۔ اور علی علیہ السلام دنیا اور آخرت میں میرا بھائی اور وصی ہے۔ مودۃ القربیٰ مودۃ ہفتم اور ینابیع ص پر ہے کہ علی میرا بھائی اور وزیر اور خلیفہ ہے۔

بخاری ص۴۸۵ اور مسلم ص۲۷۸ پر ہے کہ مصعب ابن سعد اپنے باپ سے روایت کرتا ہے کہ جب آنحضرتؐ تبوک کی طرف نکلے تو حضرت علی علیہ السلام کو اپنا خلیفہ کیا حضرت علی علیہ السلام نے کہا۔ کیا آپ مجھ کو لڑکوں اور عورتوں میں چھوڑے جاتے ہیں آنحضرت صلعم نے فرمایا۔ کیا تم اس پر راضی نہیں ہو کہ تم کو مجھ سے وہ رتبہ ہو جو ہارونؑ کو موسیٰ علیہ السلام کے ساتھ تھا ٭

ازالۃ الخفاء ص۲۰ پر ہے کہ جس طرح نبوت انسان کی مقرر کردہ چیز نہیں ہے۔ اسی طرح خلافت پیغمبر بھی انسان کی مقرر کردہ چیز نہیں ہے ٭

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ازالۃ الخفا مقصد دوم ص۵۶ پر ہے کہ آنحضرتؐ نے فرمایا کہ اے گروہ قریش، خدا کی قسم۔ بیشک خداوند عالم تم پر تم میں سے ایک مرد کو مبعوث کریگا جس کے دل کا امتحان خدا نے ایمان میں کر لیا ہے اور وہ شخص تم میں سے بعض کو دین پر قتل کریگا۔ ابوبکر نے کہا یا حضرت۔ کیا وہ شخص میں ہوں۔ آنحضرت نے فرمایا کہ نہیں عمر نے کہا یا حضرت۔ کیا وہ شخص میں ہوں۔ آنحضرت نے فرمایا کہ نہیں پھر فرمایا وہ شخص وہ ہے جو اس وقت نعل کو سی رہا ہے اس وقت حضرت علیؑ آنحضرت کی نعل مبارک کو سی رہے تھے۔

عقد الفرید جلد ۳ صد ۱۰۸ پر ہے کہ خلافت وہ چیز ہے۔ کہ جس سے زمین اور آسمان قائم ہوئے اور خلیفہ خدا کے نزدیک ملائکہ مقربین اور انبیاء سے افضل ہے

مسند احمد بن حنبل مطبوعہ مصر جلد اول ص۱۵۹ پر اور معالم التنزیل بغوی اور تفسیر طبری اور تاریخ طبری اور ازالۃ الخفا اور خصائص نسائی اور کنز العمال میں بہ سند ابن اسحاق و ابن جریر طبری و ابن ابی حاتم و ابن مردویہ و ابونعیم و سنن بیہقی و دلائل النبوت و مختارہ مقدسی و تاریخ کامل میں واقعہ ضیافت تمام و کمال درج ہے جس میں ہے آنحضرتؐ نے قبیلہ قریش کو بلایا اور دعوت اسلام دی اور فرمایا علیؑ میرا خلیفہ اور وزیر اور وصی ہے۔ ناظرین یہ احمد بن حنبل وہ شخص ہے جو بخاری اور مسلم سے بلند تر مرتبہ رکھتا ہے

سورہ طٰہٰ میں خداوند عالم کا ارشاد ہے کہ اے موسیٰ فرعون کے پاس جا۔ کیونکہ وہ سرکش ہو گیا ہے موسیٰؑ نے کہا خدایا میرا دل کشادہ کر۔ اور میرے امر کو آسان کر۔ میری زبان کی گرہ کھول دے۔ تاکہ وہ میری بات کو سمجھیں اور میرے اہل سے ...... وزیر بنا (وزیر کے لغوی معنی بوجھ اٹھانے والا ہے وزر کے معنی بوجھ ہیں) میرے بھائی ہارون کو۔ اس سے میری پشت کو مضبوط کر اور اس کو میرے امر میں شریک کر تاکہ ہم زیادہ تیری تسبیح کریں۔ اور ذکر تیرا زیادہ کریں۔ ہمارے حال سے واقف ہے خدا نے کہا اے موسیٰ تیری دعائیں قبول کی۔ حاصل مطلب یہ ہوا۔ کہ موسیٰؑ کے اختیار میں نہ تھا کہ اپنا خلیفہ خود ہی انتخاب کرے۔ اسی لئے خدا سے دعا کی جو قبول ہوئی۔ اب ملاحظہ ہو سورہ الم نشرح آخری پارہ خدا فرماتا ہے اے رسول کیا ہم نے تیرا سینہ کشادہ نہیں کر دیا ہے (یعنی ضرور کر دیا ہوا ہے) اور کیا ہم نے تم سے وہ بوجھ نہیں اتار دیا ہے (یعنی ضرور اتار دیا ہوا ہے جس بوجھ نے تمہاری) کمر توڑ رکھی تھی۔ آنحضرتؐ کا ان الفاظ سے دعا مانگنا از تعلبین جمالی (زیر آیۃ ... سورۃ المطففین ...) اور تفسیر ... فصول المہمہ ابن صباغ اور تفسیر کبیر امام رازی میں مرقوم ہے ... دعائے رسول حضورؐ کے سینہ کو علوم لامتناہی منور کر دیا گیا تھا اور جناب علی علیہ السلام کو آنحضرتؐ کا وزیر، خلیفہ، وصی قبول دعائے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مقرر کیا تھا۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

شرح مقاصد ص ۲۸۳ پر ہے کہ امامیہ شیعہ اثنا عشری مدعی ہیں کہ آنحضرت نے خلافت جناب امیر علیہ السلام پر نص کی کیونکہ آنحضرت نے ایک حدیث میں فرمایا ہے حضرت کو امیر المومنین کہہ کر سلام کرو دوسری حدیث میں ہے کہ آنحضرت نے جناب امیر علیہ السلام کا ہاتھ پکڑ کر (بروز غدیر) فرمایا یہ میرا خلیفہ ہے میرے بعد، بعد اس کی سنو اور اس کی (ہر امر میں) اطاعت کرو تیسری حدیث میں ہے کہ اے علیؑ تو میرے بعد میرا خلیفہ ہے (جب آنحضرتؐ نے حضرت علی کو مدینہ میں چھوڑا تھا) چوتھی حدیث میں ہے کہ آنحضرتؐ نے تمام اولاد ابو مطلب کو جمع کر کے فرمایا (عین اظہار نبوت کے دن) یہ میرا بھائی۔ وصی اور خلیفہ ہے میرے بعد ان چاروں احادیث کی صحت کو تسلیم کر کے شارح مقاصد کہتا ہے کہ اگر یہ امر ایسا ہی ہے تو صحابہ سے کیوں مخفی رہا لیکن کون کہتا ہے کہ یہ امر ان سے مخفی تھا ان پر روز روشن کی طرح ظاہر تھا چنانچہ غزالی نے سر العالمین ص ۹ پر لکھا ہے کہ انہوں نے محبت ریاست و حکومت کی وجہ سے فرمان رسول صلعم ابد منان کو پس پشت ڈال دیا۔

کتاب احکام سلطانیہ ابوالحسن ماوردی میں ہے کہ ابن اسحاق سے روایت ہے کہ جب عمر زخمی ہوا تو لوگوں نے کہا عثمان بن عفان کو خلیفہ بنا دو۔ کہا عثمان مال اور جنت کو کیونکر دوست رکھ سکتا ہے یعنی مال کی محبت بہشت سے دور رکھتی ہے اور بہشت کی محبت مال کی الفت سے دور رکھتی ہے۔ گویا مال اور جنت دونوں کی محبت کا ایک دل میں جمع ہونا محال ہے یہ سن کر وہ لوگ چلے گئے دوسرا گروہ آیا انہوں نے کہا حضرت علیؑ کو خلیفہ بنا دو۔ کہا البتہ وہ شخص تم لوگوں کو راہ حق پر چلائیگا ابن عمر کہتا ہے کہ یہ سنکر ہم تمام عمر کے پاؤں پر گر پڑے اور کہا تو پھر آپ کو حضرت علیؑ کے خلیفہ بنانے میں کون چیز مانع ہے۔ عمر نے کہا اے پسر۔ کیا زندگی اور موت میں ہم اس امر کے متحمل ہو سکتے ہیں۔

ازالۃ الخفا ص ۱۹۵ پر ہے کہ ابن عباس سے روایت ہے کہ کچھ دیر تک عمر خاموش رہا۔ پھر کہا خدا اس کا ولی ہے اگر وہ چاہے تو کتاب خدا اور سنت رسولؐ پر اس امر کو تمہارے صاحب (خلیفہ) کے ذریعے سے چلائے ہاں میں جانتا ہوں کہ اگر جناب امیرؑ خلیفہ ہوں تو وہ ضرور تم کو محبت بیضا اور صراط مستقیم پر چلائیں گے۔

استیعاب ابن عبد البر جلد دوم ص ۴۸۵ مستدرک امام حاکم کنز العمال ریاض النضرہ طبقات ابن سعد فتح الباری وغیرہ میں روایت بالا باختلاف عبارت و بمضمون واحد موجود ہے۔

سورہ اعراف آیہ نمبر ۱۴۳ قال موسیٰ لاخیہ ھارون اخلفنی فی قومی یعنے موسیٰؑ نے اپنے بھائی ہارون سے کہا کہ تم میری قوم میں میرے جانشین اور خلیفہ رہو۔ ناظرین۔ خداوند عالم صرف چالیس دن کے وقفہ کے لئے قوم کو بلا خلیفہ نہیں رہنے دیتا۔ تو وفات رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے بعد قوم کس طرح ہمیشہ کے لئے بلا خلیفہ ہو سکتی ہے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

تاریخ ابو الفدا جلد اول صفحہ ۱۱۶ اور تاریخ طبری جلد دوم صفحہ ۲۱۶ اور تاریخ واقدی اور نسائی اور تفسیر درمنثور جلد ۵ صفحہ ۹۷ اور مسند احمد بن حنبل اور ریاض النضرہ تاریخ کامل جلد ۲ صفحہ ۲۱۶ و معالم التنزیل صفحہ ۶۶۳ میں سورہ شعرا آیہ نمبر ۲۱۳ وانذر عشیرتک الاقربین کے بارہ میں لکھا ہے کہ تفسیر معالم التنزیل میں بروایت ابن عباس لکھا ہے کہ آنحضرتؐ نے اول روز بعثت قریش میں سے عباس حمزہ اور ابو لہب ایسے چالیس آدمیوں کو دعوت کے لئے بلا بھیجا جب وہ کھانا کھا چکے تو آنحضرتؐ نے فرمایا اے فرزندان عبد مناف میں تمہارے پاس دنیا اور آخرت کی نیکی لیکر آیا ہوں اور ایسی اچھی خبر لایا ہوں کہ اس سے پہلے کوئی ایسی خبر نہیں لایا اور مجھے خدا نے تمکو اس کی طرف دعوت دینے کا حکم دیا ہے پس تم میں سے کون ہے جو میرا وزیر (بوجھ اٹھانے والا) بنے اور میرے کام (رسالت) میں میری مدد کرے تاکہ وہ میرا بھائی اور میرا وصی اور خلیفہ تمہارے درمیان ہو جب تمام خاموش رہے تو حضرت علی علیہ السلام نے (اس وقت علیؑ کی عمر صرف تیرہ سال ہے) فرمایا یا حضرت میں آپ کے کار رسالت میں ہر طرح سے حامی اور مددگار ہوں۔ اس پر آنحضرتؐ نے تین بار فرمایا۔ تو ہی میرا وزیر اور وصی اور بھائی اور خلیفہ ہے۔ ناظرین علاوہ روز بعثت میں اور پھر حجۃ الوداع سے واپسی پر اعلان خلافت بہ حکم خدا عمل اور فعل میں آیا۔ دوران زندگی میں اعلان خلافت مزید براں ہیں۔ مگر اس پہ بھی وہی ہوا جو آپ جانتے ہیں۔

صواعق محرقہ امام ابن حجر مکی مطبوعہ بہیہ مصر صفحہ ۷۵ سطر ۵ پر ہے کہ بروز شوریٰ حضرت علی علیہ السلام نے ان الفاظ سے احتجاج کیا کہ اے لوگو تمہیں خدا کی قسم دیتا ہوں سچ کہنا تم میں کوئی شخص بھی ایسا ہے۔ جو مجھ سے زیادہ پیغمبرؐ سے قرابت رکھتا ہو۔ اور جسکو پیغمبر صلعم نے اپنا نفس قرار دیا ہو اور اسکے بیٹوں کو اپنے بیٹے اور اس کی نساء کو اپنی نساء قرار دیا ہو۔ سب نے کہا اے حضرت علی (علیہ السلام) تیرے سوا ہم میں سے کسی ایک کو بھی یہ فخر حاصل نہیں ہوا۔

تاریخ الخلفا امام سیوطی مطبوعہ سرکاری لاہور صفحہ ۱۹۶ سطر ۱۰ اور ینابیع المودۃ مطبوعہ قسطنطنیہ جلد اول باب نہم صفحہ ۵۶ سطر ۲ اور خواص الائمہ علامہ سبط جوزی صفحہ ۱۲ اور مطالب السئول کمال الدین بن شیخ محمد بن طلحہ صفحہ ۱۶ سطر ۱۶ اور مشکوۃ اور ترمذی اور مسند مناقب امام احمد حنبل اور کبیر طبرانی اور استیعاب عبد البر وغیرہ میں ہے کہ آنحضرتؐ نے عقد مواخات کے دن حضرت علی علیہ السلام کو اپنا بھائی بنایا اور فرمایا تم میرے بھائی اور میرے وارث ہو۔

نہج البلاغۃ جو حضرت علی علیہ السلام کے خطبوں کا مجموعہ ہے۔ اس کا شارح ابن ابی الحدید ایک خطبہ کا ترجمہ یوں کرتا ہے۔

ان لوگوں (مخالفین علیؑ) نے فسق و فجور کی تخم ریزی کی پھر اسکو غفلت اور غرور کے پانی سے سینچا

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اور اس نخل سے وہ خوشے نکل آئے جو خسران اور تباہی سے بھرے ہوئے تھے۔ الحمد للہ کہ اب حق (یعنی خلافت) صاحب حق کی طرف راجع ہوا ہے۔ خدا کی قسم ابوبکر نے پیراہن خلافت کو ناحق پہن لیا یہ وہ عہد تھا جسکے صدمہ سے بچہ بوڑھا ہو جائے اور بوڑھا قضا کر جائے۔ اس وقت میری آنکھوں میں غبار اندوہ اور خار مصیبت کی خلش تھی اور حلق میں غم و غصہ کی ہچکیوں سے پھندے پڑے جاتے تھے۔ اور میری میراث تاراج و غارت ہو رہی تھی۔ میں نے صبر و رضا سے کام لیا حتیٰ کہ غاصب اول خلافت کے ڈول کو ایسے شخص (ثانی) کی طرف پھینک گیا جو غلیظ الطبع تند خو۔ ناہموار اور ناہنجار تھا۔ اور جس نے احکام شریعت کو پاؤں تلے روند ڈالا میں نے حفاظت اسلام کی خاطر ان سے بہت دوری اختیار نہ کی۔ بالآخر غاصب دوم کی فریب آمیز وصیت نے مجھے پھر حق وراثت سے محروم رکھا اور تخت خلافت پر ایسا شخص (تیسرا) بیٹھ گیا جس نے اپنے معدے اور انتڑیوں کو مال خدا سے حلق تک بھر لیا اور اس کے خویش و اقارب بیت المال کے مرغزار کو بھوکے اونٹوں کی طرح چر گئے جب انکی بدفعلیاں اسکی ہلاکت کا باعث ہوئیں تو اصحاب رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بھڑوں کی طرح مجھے گھیر لیا اور میں نے ان کی درخواست کو قبول کر کے تخت خلافت پر قدم رکھا اور خلافت باطلہ کی جگہ خلافت حقہ قائم کی۔

خدا کی قسم مجھے غصب خلافت کی خبر دیگئی تھی اور صبر کی ہدایت کی گئی تھی۔ اور نیز مجھے علم تھا کہ میں کب اپنے حق پر فائز ہونگا۔ علاوہ ازیں جب میں نے چاروں طرف نظر کی۔ اور سوائے اہلبیتؑ کے کسی کو اپنا معین و مددگار نہ پایا۔ تو میں نے انکی موت سے بخل کیا اور ان کے قتل ہو جانے پر راضی نہ ہوا۔

مناقب اخطب خوارزم اور کبیر طبرانی میں بروایت ابن مسعود لکھا ہے کہ ایک دن آنحضرتؐ گہرا سانس لے رہے تھے یعنی غمناک تھے میں نے کہا آپ غمناک کیوں ہیں حضرتؐ نے فرمایا اے ابن مسعود ہم کو ہماری موت کی خبر دی گئی ہے۔ میں نے کہا آپ ابوبکر کو اپنے بعد خلیفہ بنا دیں آپ خموش رہے میں نے پھر عمر کا نام لیا آپ خموش رہے میں نے پھر حضرت علی ابن ابیطالب کا نام لیا۔ تو آنحضورؐ نے فرمایا۔ خدا کی قسم اگر تم نے علیؑ کی بیعت کی تو سب کو جنت میں لیجائے گا۔

ینابیع المودۃ شیخ سلیمان قندوزی حنفی مطبوعہ قسطنطنیہ صفحہ ۴۹۶ سطر ۵ پر ہے کہ حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ جا رہا تھا۔ کہ ایک طویل القامت شخص ہم سے ملا اس نے آنحضرتؐ پر سلام کی اور مرحبا کہا۔ بعد ازاں مجھے کہا السلام و علیک یا رابع الخلفا۔ یعنی اے چوتھے خلیفے تم پر سلام ہو وہ چلا گیا۔ تو میں نے حضرت سے یہ راز پوچھا آپ نے فرمایا سب سے پہلا خلیفہ حضرت آدمؑ دوسرا داؤدؑ۔ تیسرے ہارونؑ برادر موسیٰؑ اور چوتھے بحکم آیہ قرآنی اے علیؑ تم خلیفہ ہو۔ پس اس شیخ

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نے درست کہا ہے۔ حضرت علیؑ نے پوچھا وہ شخص کون تھا۔ فرمایا وہ حضرت خضرؑ تھے۔

ینابیع المودۃ ص ۳۶۹ پر ہے کہ نعثل یہودی نے آنحضرتؐ سے پوچھا کہ کوئی نبی بغیر وصی نہیں گذرا، آپ کا وصی کون ہے۔ حضرتؐ نے فرمایا میرا وصی علیؑ ابن ابی طالب ہے اور اسکے بعد حسنؑ اور پھر حسینؑ ہے۔ اور نو امام صلب حسینؑ سے ہونگے۔ نعثل نے کہا ان تمام کے نام بتائیے اس پر آنحضرتؐ نے تا مہدیؑ نام بتائے۔

روضۃ الاحباب جلد دوم ص ۲۸ پر ہے کہ لوگ قریش کی طرف دیکھ رہے ہیں کہ وہ کیا کرتے ہیں۔ اور قریش اپنی مصلحتوں پر نظر رکھتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ اگر خلافت بنی ہاشم کو مل گئی تو پھر قیامت تک ان سے نہ نکل سکیگی اور جب تک غیروں میں رہے گی تو یونہی گھومتی پھرتی رہے گی۔

شرح نہج البلاغت جلد چہارم ص ۲۰ پر ہے کہ امام واقدی نے حسن بصری سے روایت کی ہے کہ حضرت علی علیہ السلام میں مخصوص چار اوصاف جمع تھے جو کسی میں جمع نہ تھے (۱) سورہ برائت کی تبلیغ حضرتؑ نے کی (۲) غزوہ تبوک میں آنحضرتؐ نے حضرت علی علیہ السلام کے حق میں انت منی بمنزلۃ ھارون من موسیٰ الا انہ لا نبی بعدی فرمایا (۳) آنحضرتؐ نے فرمایا۔ الثقلان کتاب اللہ وعترتی (۴) آنحضرتؐ نے حضرت علی علیہ السلام کو کسی کے ماتحت نہیں کیا۔ پھر حسن بصری کہتا ہے کہ حضرت علی علیہ السلام فضل و علم و حکمت و فقہ و رائے و زہد و قضا وغیرہ میں جامع تھے۔ خدا ان پر صلوات بھیجے۔ پھر کہتا ہے کہ حضرت علی علیہ السلام ہی وہ مقدس ہستی ہیں کہ جن پر شرک اور شراب خوری کا نام کبھی بھی جاری نہیں ہوا۔ آپ بہترین امت اور افضل الناس اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بھائی ہیں۔

مودۃ القربیٰ مودۃ ششم میں ہے کہ ابو موسیٰ سعدی کہتا ہے کہ میں قبرستان بقیع الفرقد میں آنحضرتؐ کے ساتھ گیا اور نیز ابوبکر و عمر و عثمان و حضرت علی علیہ السلام اور دیگر کئی اصحاب رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بھی آنحضرتؐ کے ہمراہ تھے۔ آنحضرتؐ نے ابوبکر کی طرف مخاطب ہو کر کہا اے ابوبکر یہ شخص علی ابن ابیطالب ہے جس کو تو دیکھ رہا ہے یہ آسمانوں اور زمینوں میں میرا وزیر ہے پس اگر تو چاہتا ہے کہ تو خدا سے اس حالت میں ملاقات کرے کہ وہ تجھ سے راضی ہو۔ تو علی کی رضا پر چل کیونکہ اس کی رضامندی خدا کی رضا ہے اور اس کا رنج خدا کا رنج ہے۔

واقعات سے انکار کر دینا اہلسنت کا بائیں ہاتھ کا کرتب ہے اسلام رہے یا نہ رہے پرواہ نہیں مگر محبت ثلاثہ دل میں ضرور قائم رہے۔

ہمیں کہا جاتا ہے کہ رسول اللہ کا غدیر کے مقام پر اس قدر اہتمام فرمانا اور من کنت مولاہ فعلی مولاہ کا ارشاد فرمانا صرف اس غرض سے تھا کہ آپ کو اہل یمن اور حضرت علیؑ میں رفع کدورت مطلوب

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

تھی۔ یہ دلیل تو "ماروں گھٹنا پھوٹے آنکھ" کی مصداق ہے۔ طرفہ دلیل اور عجیب فلسفہ ہے۔ خداوند دو عالم ان لوگوں کی آنکھوں پر سے پردہ اٹھائے۔ اور یہ نور اور نار میں تمیز کر سکیں۔

حیرت ہے کہ آنحضرتؐ بقول علمائے اہلسنت حضرت علیؑ اور اہل یمن میں تو مصالحت کرا رہے ہیں۔ مگر دوران خطبہ میں نہ تو اہل یمن کی شکایات کا تذکرہ فرماتے ہیں۔ نہ اہل یمن میں سے شکایت کرنیوالوں کا نام لیتے ہیں نہ ان شکایت کرنیوالوں کو کسی اونچی جگہ پر کھڑا کر کے حاضرین کو ان کی شکل اور صورت سے روشناس کراتے ہیں۔ نہ حضرت علیؑ کو شکایات کی جوابدہی کا حکم ہوتا ہے۔ نہ کوئی گواہ اہل یمن کی طرف سے پیش ہوتے ہیں۔ نہ کوئی گواہ حضرت علی کی طرف سے پیش ہوتے ہیں نہ مدعی اور مدعا علیہ میں سے کوئی فریق اقرار جرم کر کے طلبگار معافی ہوتا ہے۔ اور نہ پھر یہ دونو فریق مصالحت کے بعد مومنوں کی طرح بغلگیر ہو کر رفع کدورت کا اعلان ثبوت دیتے ہیں۔ غرض یہ ڈھکوسلا بچوں کی بڑ سے زیادہ وقعت نہیں رکھ سکتا

ناظرین غور کریں تو معلوم ہو جائیگا کہ واقعہ غدیر کو چھپانے کیلئے ایسی بے سروپا باتیں وضع کی گئی ہیں بھلا دو فریق میں مصالحت بھی کوئی ایسا اہم کام ہے جس میں رسول اللہ کی جان کی حفاظت کا ذمہ خود خداوند عالم اٹھائے۔ بوقت مصالحت تو قافلہ تھا اور نہ لاکھوں بغیر اسلحہ اور خندان و فرحان ایک مقام پر جمع ہوئے ہیں اس موقع پر ضرور کوئی ایسا پیغام تھا جس کے سننے سے لوگوں کے دل میں آتش حسد کے بھڑک اٹھنے کا قوی اندیشہ تھا۔ اور یہ بات صرف اعلان ولیعہدی ہو سکتا تھا ؂

آنحضرتؐ کا یہ ارشاد فرمانا کہ جس شخص کا میں مولا اور آقا ہوں اس کا مولا اور آقا علی ہیں۔ ظاہر کرتا ہے کہ آنحضرتؐ اور حضرت علی ہر جہت سے برابر تھے۔ سوائے اس کے کہ آپ رسولؐ اور حضرت علیؑ امام تھے۔ قرآن اور حدیث شاہد ہیں کہ آنحضرتؐ مخلوقات ارضی و سماوی کے مولا و آقا ہیں۔ پس حضرت علیؑ بھی تمام مخلوقات کے مولا و آقا ہیں چونکہ حضرات ثلاثہ بھی مخلوقات میں داخل ہیں۔ اس لیے حضرت علیؑ ثلاثہ کے مولا و آقا ہوئے حضرات ثلاثہ کا اپنے اعمال سے یہ ثابت کرنا کہ وہ حضرت علیؑ کو اپنا مولا اور آقا تسلیم نہیں کرتے اس بات کی دلیل ہے۔ کہ وہ آنحضرتؐ کے احکام کو واجب التعمیل نہ سمجھتے تھے۔ یعنی ان کے خیال کے مطابق نہ تو آنحضرتؐ سچے رسول تھے۔ اور نہ ان کے احکام خدا کی جانب سے تھے۔ بلکہ وہ محض خودغرض اور دنیا طلب شخص تھے۔

یہ ہو سکتا ہے کہ فریقین کی مصالحت پر لوگ انہیں مبارکباد دیں۔ مگر وہ مبارکباد محض مبارکباد تک محدود ہو گی۔ اور یوں کہا جائیگا کہ اے فلاں اور اے فلاں تمہیں مبارک ہو کہ تم آپس میں بھائی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بھائی بن گئے ہو۔ مگر اس موقعہ کی مبارکباد کا رنگ اور شان ہی اور ہے۔ جو خلافت اور ولیعہدی کا پیش خیمہ ہے۔

آیۂ بلغ کے اعلان کے بعد آیہ اکملت کا نزول ہوا اور اس واقعہ سے قریباً تین مہینوں کے بعد آنحضرت نے وصال فرمایا۔ یہ واقعہ ہی آپ کی آخری وصیت تھی۔ جو معرض وجود میں آئی سب سے آخری۔ وصیت کو تو عمر بن خطاب کی عیاری نے عمل میں نہ آنے دیا۔ یعنی "حسبنا کتاب اللہ" کہکر احادیث کی ضرورت سے انکار کر دیا۔ اور اتہام ہذیان لگا کر گستاخی کی حد کر دی۔

یہ درست ہے کہ قرآن مجید میں آیہ بلغ اور آیہ اکملت میں کچھ فاصلہ ہے! اور یہ اکملت بموجب تنزیل آیہ بلغ کے عین بعد نہیں ہے۔ اس حرکت کا قصور وار حضرت عثمان بن عفان ہے۔ جسنے آیۂ اکملت کو دانستہ ایسی جگہ رکھ دیا ہے جہاں اس کا بے محل ہونا صریحی اور بدیہی ہے۔ عقل سلیم کا فتویٰ ہے۔ کہ آیۂ اکملت قرآن پاک کی آخری آیت ہے! اور آیۂ بلغ اور آیۂ اکملت بلا فاصلہ قرآن شریف کے آخری آیہ ہیں۔

اس جامع القرآن نے صرف یہی ایک شوخی نہیں کی۔ بلکہ آیۂ تطہیر کو بھی حد درجہ ناموزوں اور غلط مقام پر رکھا ہے۔ سچ پوچھئے تو عثمان نے فضائل اہلبیت کی تنقیص میں چوٹی سے ایڑی تک کا زور لگا دیا ہے۔ اور پھر اس کے دوسرے رفقا نے اہلبیت کو حقیر کرنے میں کمی نہیں کی۔ کیا کوئی شخص اس حقیقت سے انکار کرنے کی جسارت کر سکتا ہے۔ کہ قرآن پاک کی ترتیب اس کی تنزیل کے مطابق نہیں ہے کیا آپ نہیں دیکھتے کہ سورہ اقرا باسم جو بہ اتفاق علمائے اسلام آنحضرت پر سب سے پہلے نازل ہوا۔ قرآن پاک کے آخری پارہ میں مندرج ہے۔ کیا یہ بات قرآن پاک کی بے ترتیبی کی شہادت نہیں۔

مولا کا لفظ صرف یہی ثابت نہیں کرتا کہ حضرت علی آنحضرت کی طرح جملہ مخلوقات کے آقا ہیں۔ بلکہ اس لفظ سے بدرجۂ اولیٰ ظاہر ہوا کہ حضرت علیؑ آنحضرتؐ کے بلا فصل خلیفہ۔ وصی۔ وزیر اور نائب ہیں۔ خلیفہ وصی۔ وزیر اور نائب ایسے الفاظ ہیں جن تمام پر ایک مولا کا لفظ حاوی ہے۔ آنحضرتؐ کو پسند نہ تھا کہ حضرت علی جیسے صاحب مرتبہ کے حق میں ایسے الفاظ ارشاد فرماتے جن سے بالاتر کوئی اور لفظ دنیا کی لغت میں مل سکتا۔ آپؐ نے مولا کا لفظ استعمال کر کے فصاحت و وضاحت میں جان ڈال دی۔ اب اگر کوئی عقل کا اندھا اس لفظ کی شان کو نہ سمجھے تو اس سے نہ تو لفظ کی عظمت میں فرق آ سکتا ہے نہ ہی معنے میں الجھن ظاہر ہو سکتی ہے۔ یہ اس کی اپنی سمجھ کا قصور ہے۔ خدا اور اس کے رسول نے صریحاً ولیعہدی کا تقرر کر دیا ہے۔ اور حجت تمام کر دی ہے۔ اس سے زیادہ صراحت اور وضاحت نا ممکن ہے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

دنیا کے دستور کی طرف دیکھیں کہ اگر ایک ہیڈ ماسٹر ایک دو دن کی رخصت پر جاتا ہے تو سیکنڈ ماسٹر کو اپنا قائم مقام بناتا ہے کبھی نہیں ہوا کہ وہ بغیر قائم مقام بنائے رخصت پر چلا گیا ہو۔ اور اگر کوئی ہیڈ ماسٹر ایسا کرے تو ہر ایک شخص کہیگا کہ یہ نااہل ہیڈ ماسٹر ہے۔

رسول اللہ کی جانشینی کو خلافت کہئے یا امامت۔ وزارت کہئے یا نیابت بات ایک ہی ہے بہر حالت یہ امامت عام بادشاہت کی طرح نہ تھی جس کا تعلق محض سیاسی امور سے ہو۔ رسول اللہ کی نیابت میں حفاظت دین بھی شامل تھی۔ اور یہ ظاہر ہے۔ کہ رسول اللہ کا نائب وہی ہو سکتا ہے۔ جو ہر وصف میں افضل الناس ہو۔ اور خدا اور رسول کا مقرر کردہ ہو۔

ہمیں ثلاثہ کے بادشاہ ماننے سے انکار نہیں ہے رہا یہ امر وہ کس قسم کے بادشاہ تھے۔ ان کے سوانح حیات اس بات کا جواب صریح اور واضح دے رہے ہیں۔

کسی کا حقدار بننے کے لئے قانوناً اور رواجاً صرف تین طریقے ہو سکتے ہیں۔ اول وراثت دوم نامزدگی سوم انتخاب۔ وراثتاً ثلاثہ کو خلافت نہیں مل سکتی کیونکہ یہ لوگ آنحضرتؐ کے مصاحب اور خسر تھے۔ اور حضرت علیؑ آپ کے چچازاد بھائی اور داماد تھے عثمان بھی حضرتؐ کا داماد تھا۔ مگر آنحضرتؐ کی دو نو لڑکیاں جو اس کے نکاح میں یکے بعد دیگرے آئیں آنحضرتؐ کی لڑکیاں نہ تھیں۔ بلکہ خدیجہ کی بہن کی لڑکیاں تھیں۔ جو ابتک نکاح خدیجہ کے ہمراہ تھیں۔ نامزدگی کو لیجئے تو کئی مرتبہ حضرت علیؑ کو اپنے بعد اپنا خلیفہ اور نائب مقرر کیا چنانچہ جب آپ مبعوث برسالت ہوئے تو آپ نے گروہ قریش سے مخاطب ہو کر فرمایا۔ کہ علیؑ میرا خلیفہ نائب اور وصی ہے جب آنحضرتؐ جنگ تبوک میں تشریف لے گئے اور حضرت علیؑ کو پیچھے چھوڑ گئے۔ تو آپ نے فرمایا۔ علیؑ میرا اسی طرح وزیر ہے جس طرح حضرت موسے کا وزیر ہارون تھا جب آپ کے وصال میں بیاسی دن کا عرصہ رہ گیا۔ تو آپؐ نے مقام غدیر پر بے شمار اشخاص کی موجودگی میں فرمایا۔ کہ جس کا میں مولا اور سردار ہوں علیؑ بھی اس کا مولا اور سردار ہے یعنی علیؑ میرے بعد میرا بلا فصل نائب اور خلیفہ ہے پھر جب آنحضرتؐ کا وقت وصال آپہنچا۔ اور آنحضرتؐ آخری اور تحریری وصیت سے مسلمانوں کو ایک ہی مسلک پر چلانا چاہتے تھے جو منزل مقصود کی طرف لے جاتا تھا لیکن عمرؔ نے مانع تحریر ہو کر لوگوں کو گمراہی کا سبق دیا جس طرح معلم الملکوت نے دوسرے فرشتوں کو سبق دینا چاہا تھا۔ پس مسلمانوں کی تمام فرقہ بندیوں اور گمراہیوں کا گناہ تنہا حضرت عمر بن خطاب کی گردن پر ہے۔

اگر انتخاب تو ہمیں تو خلافت ثلاثہ پر انتخاب کا لفظ عقلاً عاید نہیں ہو سکتا۔ یہ انتخاب نئی قسم کی کھچڑی ہے۔ پہلے ابوبکر کے انتخاب نیابت پر غور کریں۔ ادھر جنازہ رسولؐ بغیر غسل و کفن۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مدینہ میں پڑا ہے اور جنازے کے پاس صرف سات یا نو آدمی بیٹھے ہیں۔ ادھر سقیفہ میں انصار اور مہاجر سرگرم بحث ہیں۔ انصار اپنا خلیفہ اور مہاجر اپنا خلیفہ تجویز کر رہے ہیں۔ کسی ایک کے دل میں اتنی نورانیت بھی نہیں کہ سوچے کہ جنازہ رسولؐ کے پڑھنے اور خلافت سازی میں سے کونسا امر واجب ہے۔ ہر ایک فریق قرابت رسول کو بطور دلیل خلافت پیش کر رہا ہے۔ عمر بن خطاب نے ایک ایسی سیاسی چال چلی کہ سب مات ہو گئے۔ یعنی عمر نے بڑھ کر ابوبکر کا ہاتھ پکڑا اور سب سے پہلے اس کی بیعت کر لی۔ اور پھر ان لوگوں سے ابوبکر کی بیعت کرائی جن سے پیشتر ازیں اس کا در پردہ سمجھوتا ہو چکا تھا۔ رفتہ رفتہ چند اور لوگ بھی حلقہ بیعت میں آ گئے۔ مگر بہت لوگوں نے ابوبکر کی بیعت سے انکار کر دیا۔ خلافت کا ڈھانچہ کھڑا ہو گیا۔ اور پھر کسی کو طمع کے جال میں پھنسا کر کسی پر رعب ڈال کر اور کسی کو مکر و فریب دے کر اس خلافت کو مضبوط کر لیا گیا۔

انتخاب تو تب کہلاتا کہ حضرت علی کو موقعہ شمولیت دیتے اور آپ کے رائے دہندگان بھی شامل جلسہ ہوتے حضرت علیؑ کو بھی انصار اور مہاجر کی طرح دل کھول کر تقریر کرنے کا موقعہ ملتا۔ پھر عام رائے لی جاتی کثرت رائے سے خلیفہ کا انتخاب کیا جاتا۔

اگر یہ کہا جائے کہ ثلاثہ کے علم اور سازباز کے بغیر انصار اور مہاجر خلیفہ سازی کی غرض سے سقیفہ میں جمع ہو گئے تھے۔ اور قوم میں فتنہ و فساد کا اندیشہ تھا۔ اس فتنہ کو فرو کرنے کی غرض سے ثلاثہ کا وہاں آناً فاناً پہنچنا اور استقرار خلافت ضروری تھا۔ یہ ایسی دلیل ہے جس کا بیہودہ اور لچر ہونا ظاہر ہے۔

جو شخص ابوبکر جیسے نااہل کی خلافت کے تسلیم کرانے پر حاضرین سقیفہ کو مجبور کر سکتا تھا۔ کیا وہ لوگوں کو اس امر پر آمادہ نہ کر سکتا تھا کہ چلو۔ پہلے نعش رسولؐ کی تجہیز و تکفین سے فارغ ہو لیں۔ ازاں بعد تصفیہ خلافت کر لیں گے۔ کیا نعش کی تجہیز و تکفین دنوں اور ہفتوں کا کام تھا۔ زیادہ سے زیادہ چار پانچ گھنٹے صرف ہو جاتے۔ اگر اہل سقیفہ عمر کے اس نیک مشورے پر کان نہ دھرتے۔ تو ان کو جبراً وہاں سے منتشر کر دیا جاتا۔ اور نعش اطہر کے کفن دفن سے فارغ ہو کر مدینہ میں ایک پبلک جلسہ کا اعلان کیا جاتا۔ اور ہر ایک حقدار کو اپنا حق پیش کرنے کا موقعہ دیا جاتا۔ اگر اس صورت میں لوگ کثرت رائے سے ابوبکر کو خلیفہ رسولؐ بنا لیتے تو کم از کم انتخاب کی بیہودگی اور ترک شمولیت جنازہ رسولؐ کا الزام ثلاثہ پر نہ ہوتا۔ پھر بحث خلافت کے منصوص ہونے کی باقی رہ جاتی۔ جس میں عمر کبھی عہدہ برآ نہیں ہو سکتے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اس خلافت ابوبکر میں جو در اصل خلافت عمر تھی۔ ایک امر خاص قابل غور ہے کہ جب آنحضرت رحلت فرمائے عالم بقا ہوئے تو عمر نے تلوار سونت لی اور کوچہ و بازار میں بآواز بلند کہتا پھرتا تھا کہ جو شخص یہ کہے گا کہ آنحضرتؐ وصال فرما چکے ہیں اسے قتل کر دیا جائیگا۔ اس فریب کا مطلب تو روز روشن کی طرح ظاہر ہے۔ مگر سنی لوگ کہتے ہیں کہ عمر آنحضرتؐ کی وفات کے غم کے صدمہ سے پاگل ہو چکا تھا۔ اندوا ہی تباہی بک رہا تھا۔ سبحان اللہ۔ ان کا یہ مقولہ حمایت عمری کا ادنیٰ کرشمہ ہے۔

بھلا اتنا تو سوچئے کہ اگر وہ اس صدمہ سے حواس باختہ ہو چکا تھا۔ تو پھر آناً فاناً سقیفہ میں پہنچکر لیکچر پر لیکچر دے رہا ہے ابوبکر کو خلیفہ بنانے میں کامل طور پر ہنرمندی دکھا رہا ہے یہ نرالی قسم کا پاگل پن اور انوکھی طرح کی حواس باختگی ہے اگر اس کے دل میں کچھ بھی نور ایمان ہوتا تو کم از کم ظاہرداری کے طور پر ہی حضرت علیؑ کو پیغام بھیج دیتا کہ آپ بھی سقیفہ میں آ کر اپنے حقوق کا اظہار کریں ورنہ موقعہ ہاتھ سے جاتا رہیگا۔ میں نے آپ کو بروقت اطلاع دیدی ہے۔ یہ یقینی تھا۔ کہ اس پیغام کی وصولی کے باوجود جناب امیرؑ نعش رسولؐ کو چھوڑ کر کبھی سقیفہ میں شامل نہ ہوتے۔

ایک اور بات قابل غور ہے کہ جو شخص آنحضرتؐ کو جنگ کے روز نرغہ کفار میں گھرا ہوا چھوڑ کر بھاگ جاتا ہے۔ اس کا دماغ آنحضرتؐ کی خبر وفات سنکر خلل پذیر کیونکر ہو سکتا ہے۔ اصل بات یہ ہے۔ کہ غدیر کے دن سے ثلاثہ اسی دھن میں غرق رہتے تھے کہ کوئی موقعہ ایسا پیدا نہ ہونے دیا جائے جس میں حضرت علیؑ کا خلیفہ ہونا ممکن ہو سکے۔

جب آنحضرتؐ نے ثلاثہ کو جیش اسامہ کے ہمراہ جانے کا تاکیدی حکم دیا۔ اور عدول حکمی کرنے والوں پر لعنت بھی فرمائی تو ان تینوں میں سے ایک بھی اطاعت حکم پر تیار نہ ہوا۔ ان کا خیال اس وقت بھی یہی تھا۔ کہ کہیں ان کی غیر موجودگی میں حضرت علیؑ خلیفہ نہ بنا دئے جائیں۔

کلمہ

تاریخ خمیس ص ۲۵۳ پر ہے کہ فرمایا آنحضرتؐ نے کہ شب معراج میں نے عرش اعظم پر لکھا دیکھا۔ "لا الٰہ الا اللہ محمد الرسول اللہ ایدتہ نعلی" یعنی اللہ ہی معبود حقیقی ہے۔ محمد اس کا رسول ہے اور اس کا ناصر علیؑ ہے۔

تفسیر درمنثور سیوطی مطبوعہ مصر جلد سوم ص ۱۹۹ سطر ۱۹ پر ہے کہ ابن عساکر نے ابوہریرہ سے روایت کی ہے کہ آنحضرتؐ نے فرمایا کہ عرش پر لکھا ہوا ہے کہ میرے سوائے کوئی معبود نہیں اور محمدؐ میرا بندہ اور رسول

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہے اور میں نے اس کی علیؑ سے امداد کی ہے اور یہی مطلب سورہ انفال آیہ نمبر ۶۲ ھو الذی ایدک بنصرہ و بالمومنین سے ہے۔ یہی روایت ابن عدی اور ابن عساکر نے انس سے بھی کی ہے۔ اور نیز کتاب زین الفتی میں یہی روایت مرقوم ہے۔

روضۃ المجاہدین مختار نامہ میں ہے کہ حضرت عبداللہ کی عمر ایک سو برس کی تھی۔ جب آپ گرفتار ہو کر ابن زیاد کے پاس لائے گئے۔ آپ کی شکل نورانی تھی۔ پارچہ صوف بدن پر اور سفید خز کا عمامہ سر پر تھا۔ سفید لمبی داڑھی تھی۔ قرآن شریف حمائل کئے ہوئے تھے اور ہاتھ میں چوب خرما کا عصا تھا۔ جس پر لکھا تھا۔ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ علی ولی اللہ حضرت عبداللہ اور ابن زیاد میں ترکی بہ ترکی گفتگو ہوئی آخر کار ابن زیاد نے حضرت عبداللہ کی زبان گدی سے نکلوا دی اور آپ کے پاؤں میں رسی باندھ کر کوفہ کی گلی کوچوں میں گھسیٹا گیا جب اس فعل سے جلاد فارغ ہو چکا تو اسی وقت جلاد کے دونوں ہاتھ شل ہو گئے۔ پھر دونوں پاؤں خشک ہو گئے۔ پھر دونوں آنکھیں اندھی ہو گئیں۔ پھر زبان بند ہو گئی اور وہ اسی عذاب میں مبتلا ہو کر واصل جہنم ہوا۔

دیلمی جلد دوم صفحہ ۶۲ پر ہے کہ فرمایا آنحضرت نے جبرئیل نے رب جلیل کی طرف سے مجھے پیغام دیا ہے کہ جو شخص یہ جانتا ہو کہ میں احد صمد ہوں اور یہ کہ محمد میرا بندہ اور رسول ہے اور یہ کہ علی میرا خلیفہ ہے اور ائمہ اسکی اولاد میں سے میری حجت ہیں تمام مخلوقات پر۔ اس کو میں بہشت میں داخل کروں گا اور جو شخص میری توحید کا اقرار نہ کرے یا توحید کی شہادت تو دیوے۔ مگر علیؑ کے خلیفہ ہونے کی شہادت ادا نہ کرے یا اسکی بھی شہادت ادا کرے مگر اس کی اولاد میں سے ائمہ طاہرین کے حجۃ اللہ ہونے کی شہادت نہ دیوے۔ پس تحقیق اس نے میری نعمتوں کا انکار کیا اور میری عظمت کو حقیر اور صغیر جانا اور میری آیتوں اور کتابوں سے انکار کیا۔ اور کفر اختیار کیا۔

مودۃ القربیٰ مودۃ ششم میں ہے کہ فرمایا آنحضرت نے کہ میں نے شب معراج علیؑ کا نام بیت المقدس اور سدرۃ المنتہیٰ اور عرش اور جنت کے دروازے پر ان الفاظ میں لکھا دیکھا لا الہ الا اللہ محمد الرسول اللہ ایدتہ بوزیرہ و نصرتہ بوزیرہ"

مناقب خوارزمی میں بروایت حضرت سلمان لکھا ہے۔ کہ فرمایا آنحضرت نے کہ بہ تحقیق علیؑ میرا بھائی اور وزیر ہے اور جن کو میں اپنے پیچھے چھوڑتا ہوں ان سب سے افضل ہے۔

شفا قاضی عیاض قسم اول باب ثالث فصل اول صفحہ ۷۹ اور معارج النبوۃ میں ہے کہ آنحضرت نے فرمایا کہ میں نے شب معراج عرش پر یہ لکھا ہوا دیکھا۔ لا الہ الا اللہ محمد الرسول اللہ ایدتہ بعلیؑ

نزہتہ المجالس اور حافظ ابو نعیم اور سمعانی نے بروایت ابن عباس لکھا ہے کہ میں آنحضرت کے پاس بیٹھا

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

تھا کہ اتنے میں ایک پرندہ آیا جس کی چونچ میں ایک سبز بادام تھا۔ پرندے نے وہ بادام آنحضرتؐ کی گود میں گرا دیا۔ آنحضرتؐ نے اس کو چوما گویا آنحضرت کو پیشتر ہی تمام واقعہ کی آگاہی حاصل تھی) اور توڑا تو اس کے اندر سے ایک سبز کپڑا نکلا جس پر زرد خط سے لکھا تھا کہ اللہ معبود ہے۔ محمدؐ اس کا رسول ہے۔ اور میں نے اس کی نصرت علیؑ کے ساتھ کی ہے۔

ابو نعیم نے حلیہ میں اور سمعانی نے اور سیوطی نے در منثور میں لکھا ہے کہ ابو ہریرہ نے کہا کہ فرمایا آنحضرتؐ نے کہ عرش پر لکھا ہے لا الٰہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ محمد عبدی و رسولی ایدتہ بعلی ابن ابی طالب علیہ السلام۔ خصائص نسائی حدیث نمبر ۲۵ اور مسند احمد حنبل اور تہذیب الآثار ابن جریر اور مختارہ ضیا قدسی میں بروایت حضرت علی علیہ السلام لکھا ہے کہ فرمایا آنحضرتؐ نے کہ علیؑ میرا بھائی اور صاحب اور وزیر ہے۔ فردوس الاخبار دیلمی میں ہے کہ فرمایا آنحضرتؐ نے کہ ساق عرش پر لکھا ہے "لا الٰہ الا اللہ محمد الرسول اللہ ایدتہ و نصرتہ بعلی علیہ السلام"

ینابیع المودۃ ص۱۰ پر ہے کہ خدا نے حضرت آدمؑ علیہ السلام سے فرمایا کہ اپنی نظر بلند کر۔ جب آپ نے نظر بلند کی تو عرش پر لکھا دیکھا۔ "لا الٰہ الا اللہ محمد الرسول اللہ ھو نبی الرحمۃ و علی مقیم الحجۃ اور ص۱۶ پر کتاب شفائے قاضی عیاض سے نقل کیا ہے کہ عرش پر یہ لکھا ہے۔ لا الٰہ الا اللہ محمد الرسول اللہ ایدتہ بعلی" اور ص۱۰ پر حافظ ابو نعیم سے بروایت ابن عباس و ابو ہریرہ و امام صادق لکھا ہے "لا الٰہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ محمد عبدی و رسولی ایدتہ بعلی و نصرتہ بعلی"۔

مودۃ القربیٰ ص۱۴ پر بروایت ابو ہریرہ لکھا ہے کہ آنحضرتؐ نے فرمایا کہ قبل اس کے کہ آدمؑ کے جسم میں روح پھونکی گئی۔ خداوند عالم نے ملائکہ سے اپنی ربوبیت اور میری نبوت اور علیؑ کی ولایت کا اقرار لیا۔ عقبہ بن عامر کہتا ہے کہ ہم آنحضرتؐ کی بیعت اس طرح کیا کرتے تھے۔ کہ خدا وحدہ لا شریک ہے اور محمدؐ اس کے نبی ہیں اور علیؑ ان کے وصی ہیں۔

اہلسنت کی نگاہ میں ولایت ایسی جنس ہے جو کوچہ و بازار میں بے دام مل رہی ہے گھسیٹا فقیر ولی ہے اوڑھ مجاور ولی۔ پھینو شاہ لنگوٹ پوش ولی ہے اور کموں سائیں ولی ہے۔ مگر حضرت علیؑ کو بقول علمائے اہلسنت ولایت سے کچھ حصہ نہیں ہے۔ "بریں عقل و دانش بباید گریست"

ہم حضرت علیؑ کو رسول نہیں کہتے۔ ہم آپ کو وہی کہتے ہیں۔ جو آپ کو خدا اور رسول نے کہا ہے۔ آپ ولی اللہ اور وصیٔ رسولؐ تھے۔ اس حقیقت سے انکار کرنا ذی ہوش آدمی کا شیوہ نہیں ہو سکتا آپ کا بلافصل خلیفہ ہونا وصی کے لفظ ہی سے ثابت ہے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہم تو خدا اور رسولؐ کے احکام کے مطابق حضرت علیؑ کو ولی اللہ اور وصی رسول کہتے ہیں مگر سنی لوگ بتائیں کہ کس حدیث کی بنا پر انہوں نے صبح کی اذان میں "الصلوٰۃ خیر من النوم" بڑھا دیا ہے اور سینکڑوں دیگر بدعات رائج کر دی ہیں۔

فضائل شیعیان جناب امیر علیہ السلام

در منثور علامہ سیوطی اور کنوز الحقائق امام مناوی میں ہے کہ شیعیان علی قیامت کے دن بلند درجوں پر فائز ہوں گے۔

صواعق محرقہ ابن حجر مکی صفحہ ۹۶ پر ہے کہ حضرت ابن عباس نے فرمایا۔ کہ جب آیہ مبارکہ "ان الذین آمنوا وعملوا الصالحات اولئک ھم خیر البریہ" کا نزول ہوا۔ تو آنحضرت نے فرمایا کہ اے علیؑ وہ تم اور تمہارے شیعہ ہیں۔ جو بروز قیامت راضی و مرضی آئیں گے! اور تمہارے دشمنوں پر خدا کا غضب ہوگا۔ اور ان کی گردنوں میں طوق اور سلاسل ہوں گے۔

صواعق محرقہ صفحہ ۹۶ پر ہے کہ آنحضرتؐ نے جناب امیر علیہ السلام سے فرمایا۔ کہ تم اس پر راضی نہیں ہو کہ ہمارے ساتھ جنت میں رہو اور حسنؑ اور حسینؑ اور ہماری ذریت ہمارے پیچھے ہو۔ یعنی ہماری پشت کی جانب ہمارے پیچھے بیٹھی ہو اور ہمارے شیعہ ہمارے دائیں بائیں (اطراف میں) ہوں۔ اے علیؑ تم اور تمہارے شیعہ اور اصحاب جنت میں ہوں گے۔

کتاب علامہ ابن مردویہ میں ہے کہ زردان نے حضرت علی علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ سورہ اعراف آیہ نمبر ۱۸۰ "ومن خلقنا امة یھدون بالحق وبه یعدلون" سے مراد میں اور میرے شیعہ ہیں۔

پنجاب کی مردم شماری ۱۹۲۴ء میں اسلام کے فرقوں کی حسب ذیل تعداد شائع ہوئی ہے۔

شیعہ	۲۵۶۶۲۶
اہل حدیث	۶۰۳۲۷
احمدی	۲۸۸۱۶
اہل قرآن	۳۲۶

صوبہ سرحد کی شیعہ آبادی بہ لحاظ مردم شماری ۱۹۲۱ء حسب ذیل ہے لیکن اب ایک لاکھ سے زیادہ ہے

ہزارہ	۳۷۶
پشاور	۶۹۷۵

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کوہاٹ	۴۰۳۴۸
بنوں	۱۷۲۳
ڈیرہ اسمٰعیل خاں	۲۷۳۵
سرحدی چوکیاں	۳۵۲۷
میزان	۸۰۳۰۰

کل دنیا کی شیعہ آبادی بہ لحاظ مردم شماری ۱۹۰۶ء میں حسب ذیل تھی۔ اب یعنی ۱۹۳۴ء میں چھ کروڑ سے زیادہ ہے۔

برٹش انڈیا	دو کروڑ
دیسی ریاستیں	چالیس لاکھ
افغانستان	دس لاکھ
بخارا	دس لاکھ
خیوا	چار لاکھ
روسی ایشیا	پندرہ لاکھ
ترکستان	پچیس لاکھ
ایران	پچاس لاکھ
عراق	دس لاکھ
میزان	تین کروڑ اسی لاکھ

تفسیر درمنثور مطبوعہ مصر جلد ششم ص۳۷۹ پر سورہ بینہ آیہ نمبر ۷ اولئک ہم خیر البریہ کی تفسیر میں لکھا ہے کہ عساکر نے جابر بن عبداللہ انصاری سے روایت کی ہے کہ ہم لوگ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس بیٹھے تھے کہ حضرت علی علیہ السلام سامنے سے آئے۔ تو آنحضرتؐ نے فرمایا۔ خدا کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے کہ علی اور اس کے شیعہ بروز قیامت یقیناً فائز المرام ہونگے۔ اس وقت یہ آیت نازل ہوئی۔ اس دن سے جب اصحاب رسولؐ حضرت علی علیہ السلام کو آتے دیکھتے تو کہتے کہ خیر البریہ آ رہے ہیں۔ ابن عساکر اور ابن عدی نے ابو سعید خدری سے روایت کی ہے کہ خیر البریہ حضرت علی علیہ السلام ہیں اور ابن عدی نے ابن عباس سے روایت کی ہے۔ کہ فرمایا آنحضرتؐ نے کہ اے علیؑ تم اور تمہارے شیعہ قیامت کے دن راضی کئے جائیں گے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ارجح المطالب صفحہ ۵۳ پر بحوالہ کتب اہلسنت لکھا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے حضرت علی علیہ السلام سے فرمایا کہ یا علیؑ کل قیامت کو تم سب خلقت سے زیادہ قریب اور حوض کوثر پر میرے خلیفہ ہو گے اور تمہارے شیعہ نور کے ممبروں پر یعنی سفید منہ والے میرے اردگرد ہونگے میں انکی شفاعت کروں گا۔ اور وہ جنت میں میرے ہمسایہ ہونگے۔

سورہ والصافات میں ہے "وان من شیعتہ لابراھیم اذ جاء ربہ بقلب سلیم" یعنی تحقیق حضرت ابراہیمؑ۔ نوحؑ علیہ السلام کے شیعوں میں سے تھے جبکہ وہ اپنے رب کے پاس سلامتی والے دل کے ساتھ آئے

سورہ قصص میں ہے "فوجد فیھا رجلین یقتتلان ھذا من شیعتہ وھذا من عدوہ" یعنی حضرت موسٰےؑ نے دو شخصوں کو لڑتے جھگڑتے دیکھا اور ان دونوں میں سے ایک حضرت موسٰے علیہ السلام کا شیعہ تھا۔ اور دوسرا حضرت موسٰےؑ علیہ السلام کا دشمن تھا۔

سورہ یوسف میں ہے کہ "واتبعت ملۃ اٰبائی ابراھیم واسحاق ویعقوب" یعنی حضرت یوسف علیہ السلام نے فرمایا۔ کہ میں اپنے باپ دادا ابراہیم اور اسحاق اور یعقوب کے مذہب پر ہوں (یعنی شیعہ ہوں)

تفسیر کبیر اور تفسیر کشاف اور نہایہ ابن اثیر جزری میں ہے کہ شیعہ کے معنی مددگار باعتبار اصل وضع کے ہیں اور یہ نام حضرت علیؑ اور انکے اہلبیت کو دوست رکھنے والوں کے ساتھ غالب اور مشہور ہو گیا۔

کنز العمال مطبوعہ مصر صفحہ ۹۳ برحاشیہ مسند احمد حنبل میں ہے فرمایا آنحضرتؐ نے کہ اے علیؑ تو اور تیرے شیعہ جنتی ہیں

شیعہ کے لغوی معنی گروہ یا پیرو ہیں۔ پس جو لوگ آنحضرتؐ کی وفات پر ایمان پر قائم رہ کر حضرت علیؑ کے طرفدار رہے۔ یہ شیعیان علی کہلائے اور جو راہ حق سے منحرف ہو کر ابوبکر وغیرہ کے حامی بن گئے وہ شیعیان ابوبکر کہلائے شیعیان علیؑ اور شیعیان ابوبکر میں زیادہ فرق نظر نہیں آتا۔ ہر دو فریق سرداری اور سروری میں یکساں ہیں البتہ مقدم الذکر کو خوشنودی خدا کی سرداری اور موخر الذکر کو قہر الٰہی کی سروری حاصل ہے۔

شیعیان علیؑ اور شیعیان ابوبکر ایک اور نسبت سے بھی باہمدگر ہم پایہ معلوم ہوتے ہیں ایک کے دل میں ایمان آہو صفت سرگرم خرام ہے وہ دوسرے کے دل میں شرک چیونٹی کی طرح رینگ رہا ہے شیعیان علیؑ اور شیعیان ابوبکر میں ایک اور وجہ مساوات بھی ہے شیعیان علی کے دل رسول پاک اور آل رسولؐ کی محبت سے یہانتک لبریز ہیں کہ ان میں ثلاثہ وغیرہ اعدائے اہلبیت کی محبت کی گنجائش نہیں اور شیعیان ابوبکر کے دل ثلاثہ کی محبت میں اس حد تک معمور ہیں۔ کہ ان میں رسولؐ پاک اور آلِ رسولؐ کی محبت کو دخل نہیں۔

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

شیعہ اور سنی کو آپس میں ایک اور نسبت ہمسری حاصل ہے۔ شیعہ حضرات عشرہ محرم میں آتش غم حسینؑ پر کباب کی طرح لوٹتے ہیں۔ اور سنی لوگ بزم چنگ و رباب میں سرگرم نائے و نوش ہیں پسند اپنی اپنی خیال اپنا اپنا۔

فضائل اہل بیت علیہم السلام

ابن مردویہ اور خطیب نے ابو سعید خدری سے روایت کی ہے کہ ام سلمہ کی باری کا دن تھا۔ کہ جبرئیل رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے پاس آیت انما یرید اللہ لیذھب عنکم الرجس اھل البیت و یطھرکم تطھیرا لے کر نازل ہوئے۔ آنحضرتؐ نے حضرت علی حسن حسین اور فاطمہ علیہم السلام کو بلایا اور اپنے پاس بٹھا کر ان پر ایک کپڑا اوڑھا۔ ام سلمہ کے سامنے پردہ پڑا تھا۔ اس وقت آنحضرتؐ نے فرمایا۔ خدایا یہی لوگ میرے اہلبیت ہیں ان سے پلیدی کو دور رکھ اور ان کو پاک پاکیزہ رکھ جو پاک پاکیزہ رکھنے کا حق ہے ام سلمہ نے عرض کی یا حضرتؐ کیا میں بھی انکے ساتھ ہوں۔ حضرت نے فرمایا۔ تم اپنی جگہ بیٹھی رہو۔ اس میں شک نہیں کہ تو نیکی پر ہے

ترمذی نے حکم بہ صحت دیکر اور ابن جریر اور ابن منذر اور حاکم نے تصحیح کر کے اور ابن مردویہ اور بیہقی نے چند طریقوں سے ام سلمہ سے روایت کی ہے کہ وہ کہتی ہیں کہ میرے گھر میں آیہ انما یرید اللہ نازل ہوئی اور میرے گھر میں فاطمہ حسنؑ حسینؑ اور علیؑ بھی تھے آنحضرتؐ نے جو چادر اوڑھی ہوئی تھی۔ ان لوگوں پر ڈال دی اور فرمایا۔ خدایا یہی لوگ میرے اہلبیت ہیں

ابن جریر ابن ابی حاتم اور طبرانی نے ابو سعید خدری سے روایت کی ہے کہ فرمایا آنحضرتؐ نے کہ آیہ انما یرید اللہ پانچ تن کے بارہ میں نازل ہوئی ہے یعنی میرے اور علیؑ اور فاطمہؑ اور حسنؑ اور حسینؑ کے بارہ میں

ابن ابی شیبہ۔ احمد مسلم ابن جریر۔ ابن ابی حاتم طبرانی اور حاکم نے تصحیح کر کے اور بیہقی نے اپنے سنن میں واثلہ بن اسقع سے روایت کی ہے کہ آنحضرتؐ حضرت فاطمہؑ کے پاس آئے اور آپ کیساتھ امام حسنؑ اور امام حسینؑ اور حضرت علی علیہم السلام تھے یہاں تک کہ اندر گئے اور حضرت علیؑ اور حضرت فاطمہؑ کو پاس بلا کر اپنے سامنے بٹھایا اور امام حسنؑ اور امام حسین علیہ السلام کو اپنے زانوؤں پر بٹھایا۔ پھر ان سب پر ایک کپڑا ڈال دیا اس وقت میں سب کے پیچھے تھا۔ پھر آنحضرتؐ نے اس آیت کی تلاوت فرمائی انما یرید اللہ

ابن ابی شیبہ۔ احمد اور ترمذی نے بطریق حسن اور ابن جریر ابن منذر۔ طبرانی اور حاکم نے صحیح تسلیم کر کے اور ابن مردویہ نے انس بن مالک سے روایت کی ہے کہ آنحضرتؐ جب کبھی جناب فاطمہؑ کے دروازہ پر سے نماز صبح کے واسطے گزرتے تو فرماتے اے اہلبیت محمدؐ نماز کے لئے آمادہ ہو جاؤ۔ خدا تو یہی چاہتا ہے کہ تم سے ہر برائی

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کو دفع رکھے اور تم کو کما حقہٗ پاک و پاکیزہ رکھے۔

ترمذی۔ طبرانی ابن مردویہ۔ ابو نعیم اور بیہقی نے ابن عباس سے روایت کی ہے کہ آنحضرتؐ نے فرمایا کہ خدا نے مخلوقات کی دو قسمیں کیں۔ اور مجھے بہتر قسم سے قرار دیا چنانچہ اصحاب الیمین اور اصحاب الشمال اس امر کی طرف اشارہ ہے میں اصحاب الیمین میں سے ہوں اور ان سب سے بہتر ہوں۔ پھر دونوں کی تین قسمیں بنائیں اور میں تینوں سے بہتر ہوں چنانچہ اسی امر کی طرف اشارہ ہے واصحاب المیمنۃ ما اصحاب المیمنۃ و اصحاب المشئمۃ ما اصحاب المشئمۃ والسابقون السابقون اولئک المقربون میں سابقین میں سے ہوں۔ اور ان سب سے بہتر ہوں۔ پھر خدا نے تینوں قسموں کے چند قبیلے بنائے اور مجھے سب سے بہتر قبیلہ میں رکھا۔ اسی امر کا اشارہ ہے۔ وجعلنا کم شعوبا وقبائل لتعارفوا ان اکرمکم عند اللہ اتقاکم" میں تمام اولاد آدمؑ سے سب سے زیادہ متقی اور معزز ہوں اور پھر کوئی فخر نہیں پھر خدا نے قبیلوں کے گھر بنائے اور مجھے سب سے بہتر گھر میں قرار دیا جس کی تصریح قول خدا میں ہے انما یرید اللہ میں اور میرے اہلبیت تمام گناہوں سے پاک اور پاکیزہ ہیں۔

ابن جریر اور ابن ابی حاتم نے قتادہ سے انما یرید اللہ کی تفسیر میں روایت کی ہے کہ اہلبیت وہ ہیں جن کو خدا نے ہر برائی سے پاک رکھا ہے اور اپنی رحمت سے مخصوص کیا ہے۔

ضحاک بن مزاحم سے روایت ہے کہ آنحضرتؐ نے فرمایا کہ اہلبیت نبوت کے درخت سے ایسے خاندان والے ہیں جنکو خدا نے پاک و پاکیزہ رکھا۔ ہمارا گھر رسالت اور فرشتوں کی آمد و رفت کی جگہ ہے ہمارا گھر رحمت کا گھر ہے اور ہمارا گھر علم کی کان ہے۔

ابن مردویہ نے ابو سعید خدری سے روایت کی ہے کہ جب حضرت علی علیہ السلام اور جناب فاطمہؑ ایک گھر میں رہنے لگے۔ تو بیس روز تک صبح کے وقت آنحضرتؐ حضرت علی علیہ السلام کے دروازہ پر فرمایا کرتے۔ نماز کے لئے آمادہ ہو جاؤ۔ خدا تم پر رحم کرے خدا تو یہی چاہتا ہے کہ اے اہلبیت محمدؐ تم سے ہر قسم کی برائی کو دور رکھے اور کما حقہٗ پاک و پاکیزہ رکھے۔ تم جس کو دشمن جانو۔ اس کا میں بھی دشمن ہوں تم جس کو دوست جانو اس کا میں بھی دوست ہوں۔

ابن جریر اور ابن مردویہ نے ابو الحمراء سے روایت کی ہے کہ میں مدینہ میں آنحضرتؐ کی خدمت میں آٹھ مہینے رہا۔ آنحضرتؐ نماز صبح کے لئے جب کبھی نکلتے تو حضرت علی علیہ السلام کے دروازہ پر ضرور جاتے اور اپنے دونوں ہاتھ دروازہ کی دو چوکھٹوں پر رکھ کر فرماتے۔ اے اہلبیت محمدؐ۔ نماز کے لئے آمادہ ہو جاؤ۔ اس کے بعد آیہ انما یرید اللہ کی تلاوت فرماتے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ابن عباس سے ابن مردویہ نے روایت کی ہے کہ ہم نے نو ماہ تک آنحضرتؐ کو دیکھا کہ حضرتؐ ہر روز ہر نماز کے وقت حضرت علیؑ ابن ابیطالب کے دروازے پر آتے اور فرماتے اے اہلبیت محمدؐ۔ نماز کے لئے تیار ہو جاؤ پھر آیہ انما یرید اللہ پڑھتے۔

ترمذی ابن جریر طبرانی اور ابن مردویہ نے عمر بن سلمہ (یہ شخص آنحضرتؐ کا پروردہ تھا) سے روایت کی ہے کہ آیہ انما یرید اللہ نازل ہوئی۔ جس وقت آنحضرتؐ ام سلمہ کے گھر میں تھے۔ آنحضرتؐ نے فاطمہؑ علیؑ حسنؑ اور حسینؑ پر چادر اڑھا کر فرمایا۔ خدایا یہی میرے اہلبیت ہیں۔ ان سے ہر برائی کو دور رکھ اور ان کو اچھی طرح پاک پاکیزہ رکھ یہ سن کر ام سلمہ نے کہا۔ یا رسول اللہ میں بھی ان کے ساتھ ہو جاؤں۔ حضرت نے فرمایا۔ تم اپنی جگہ پر رہو تم یقینی نیکی پر ہو۔

ینابیع المودة شیخ سلیمان قندوزی بلخی حنفی مطبوعہ قسطنطنیہ ص۱۹۳ سطر ۱ پر ہے کہ آیہ تطہیر کے نازل ہونے پر نو مہینے تک آنحضرتؐ خانہ جناب سیدہ سلام اللہ علیہا پر نماز صبح کے وقت برونق پکارتے۔ اے اہلبیت محمدؐ۔ اٹھو۔ وقت نماز ہے۔ پھر آیہ تطہیر کی تلاوت فرماتے۔

تفسیر درمنثور جلد پنجم ص۱۹۸ پر سورہ احزاب آیہ نمبر ۳۲۔ انما یرید اللہ کی تفسیر میں لکھا ہے کہ یہ حضرات محمدؐ اور علیؑ اور فاطمہؑ اور حسنؑ اور حسینؑ علیہم السلام ہیں۔

تفسیر درمنثور مطبوعہ مصر جلد پنجم ص۲۱۶ پر امام شافعی کا قول درج ہے۔

یا اهل البیت رسول الله حبکم فرض من الله فی القرآن انزله
کفاکم من عظیم القدر انکم من لم یصل علیکم لا صلوٰة له

یعنی اے اہلبیت محمدؐ قرآن میں تمہاری محبت ہر ایک شخص پر فرض کی گئی ہے تمہاری بزرگی پر تمہارے لئے یہی کافی ہے۔ کہ جو تم پر درود نہ بھیجے اس کی نماز ہی قبول نہیں۔ بخاری کتاب الصلوٰة باب کیفیة الصلوٰة علی النبی میں ہے کہ آنحضرتؐ نے فرمایا۔ درود اس طرح پڑھا کرو اللھم صل علی محمد و علی آل محمد

سنن ابی داؤد میں ابن ابی شیبہ ... نے جس کی تصحیح ترمذی حاکم ابو القاسم ابن خزیمہ اور ابن سعد بدری نے بھی کی ہے کہ جب سورہ احزاب آیہ نمبر ۵۶ ان اللہ وملائکتہ یصلون علی النبی یا ایھا الذین امنو صلوا علیہ وسلموا تسلیما کا نزول ہوا تو آنحضرتؐ نے یہ پڑھنے کا حکم دیا اللھم صل علی محمد و علی آل محمد کما صلیت علی ابراھیم و علی آل ابراھیم۔ امام رازی نے تسلیم کیا ہے کہ آنحضرتؐ کے اہلبیت پانچ چیزوں میں آپ کے برابر ہیں منجملہ ان کے تشہد میں درود بھیجنا ہے مناقب مرتضوی میں ہے کہ انس بن مالک نے کہا کہ میں نے آنحضرتؐ سے سنا کہ وہ فرماتے تھے کہ ملائکہ نے مجھ پر اور علیؑ پر سات

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مرتبہ درود بھیجا۔

مواہب لدنیہ میں ہے کہ آنحضرتؐ نماز میں یوں پڑھا کرتے تھے "اللھم صل علی محمد و علی آل محمد کما صلیت علی ابراھیم و علی آل ابراھیم"۔ صواعق محرقہ میں ہے کہ آنحضرتؐ نے فرمایا کہ مجھ پر ناقص درود نہ بھیجا کرو۔ یعنی یہ نہ کہو۔ اللھم صلی علی محمد (یا محمد صلعم یا محمد صلی اللہ علیہ وسلم) بلکہ پورا درود کہو جیسا کہ اوپر گزرا۔ نظرین قرآن پاک میں "سلام علے آل یٰسین" آیا ہے اور یٰسین سے مراد محمد ہیں۔ پس آل یٰسین سے مراد آل محمد ہوئے۔ لہذا آل محمد پر درود اور سلام کرنا واجب ہوا۔

تفسیر درمنثور صفحہ ۱۹۹ سراج الوہاب شرح مسلم نواب صدیق حسن جلد ششم صفحہ ۲۶۲ قول مستحسن مولوی حسن الزمان صفحہ ۲۳ میں ہے کہ آیہ تطہیر میں صرف محمدؐ و علیؑ و فاطمہؑ و حسنؑ و حسینؑ علیہم السلام شامل ہیں۔ اور کوئی نہیں ہے مسلم باب الفضائل میں ہے کہ عائشہ نے کہا کہ آیہ تطہیر میں صرف رسول اللہ صلعم و حضرت علیؑ و فاطمہؑ و حسنؑ و حسینؑ داخل ہیں۔ نہ کہ ازواج میں سے کوئی بھی۔ (ینابیع المودۃ صفحہ ۲۸۹)

کتاب مناقب امام احمد حنبل اور صواعق محرقہ ابن حجر عسقلانی قلمی میں ہے۔ کہ فرمایا آنحضرتؐ نے کہ تارے اہل آسمان کے لئے امان ہیں جب تارے نہ رہیں گے۔ تب اہل آسمان بھی نہ رہیں گے۔ اسی طرح میرے اہلبیت اہل زمین کیلئے امان ہیں جب اہلبیت نہ رہینگے۔ تب اہل زمین بھی نہ رہیں گے اس حدیث کو عبداللہ بن احمد بن حنبل نے زیادات مسند میں اور حموینی نے فرائد السمطین میں اور حاکم نے مستدرک میں بعینہ اسی عبارت میں لکھا ہے سورہ انفال آیہ نمبر ۳۳ "وما کان اللہ یعذبھم وانت فیھم" ملاحظہ کریں

نیز ینابیع المودۃ شیخ سلیمان حنفی قندوزی نقشبندی میں بہ سند کتاب مناقب لکھا ہے کہ زمین اہلبیت محمدؐ سے خالی نہیں رہتی۔ اگر خالی رہے تو تباہ ہو جائے۔

حموینی نے امام زین العابدینؑ سے روایت کی ہے کہ اگر زمین پر ہم اہلبیت میں سے کوئی نہ ہو۔ تو زمین مع اہل زمین کے تباہ ہو جائے۔

نیز ینابیع المودۃ میں ہے کہ کہا امام احمد حنبل نے کہ خدا نے زمین کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خاطر برکت دیا۔ پس زمین تب تک قائم رہیگی جب تک اہلبیت محمدؐ اس پر قائم رہیں گے۔

فرائد السمطین حموینی میں بہ سند امام جعفر صادقؑ و امام صادق نے بہ سند علی بن حسینؑ روایت کی ہے کہ ہم ہیں مسلمانوں کے امام اور اہل جہاں پر حجت خدا اور مومنوں کے سردار اور نورانی پیشانیوں اور نورانی ہاتھوں اور نورانی پاؤں (انبیاء و اوصیاء) کے سردار اور مسلمانوں کے مولا اور ہم اہل زمان کے لئے امان نزول باران اور ابر رحمت ہمارے باعث ہوتا ہے اور زمین سے برکات ظاہر ہوتی ہیں۔ اگر ہم میں سے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کوئی زمین پر نہ رہے تو زمین مع ان تمام چیزوں کے جو اس پر ہیں فنا ہو جائے۔ خدا نے جب سے آدمؑ کو پیدا کیا ہے تب سے زمین حجت خدا سے کبھی خالی نہیں ہوئی۔ خواہ حجت خدا ظاہر مشہور ہو خواہ غائب مستور اور قیامت تک حجت خدا سے ہرگز خالی نہ رہے گی اگر خالی ہو جائے تو زمین پر عبادت خدا نہ ہو اعمش کہتا ہے کہ میں نے حضرت صادقؑ سے عرض کیا کہ جو حجت غائب مستور ہو اس سے لوگ کیونکر نفع حاصل کرتے ہیں۔ فرمایا جیسے کہ آفتاب سے نفع اٹھایا جاتا ہے جبکہ وہ بادل کے نیچے ہو۔

تفسیر عزیزی شاہ عبدالعزیز دہلوی میں ہے کہ تم لوگوں میں میرے اہلبیت کی مثال کشتی نوحؑ کی طرح ہے جس کسی نے اس کشتی میں پناہ لی۔ وہ نجات پا گیا اور جس نے پناہ نہ لی وہ غرق ہو گیا۔

تفسیر درمنثور جلد اول مطبوعہ مصر ص۶۱ سطر اول پر ہے کہ وہ کلمات جن کی وجہ سے حضرت آدمؑ کی توبہ قبول ہوئی پنجتن پاک کے نام تھے۔ یعنی محمدؐ و علیؑ و فاطمہؑ و حسنؑ و حسینؑ علیہم السلام۔

تفسیر درمنثور مطبوعہ مصر جلد اول ص۷۲ سطر اول پر بروایت ابن ابی شیبہ لکھا ہے کہ فرمایا حضرت علی علیہ السلام نے کہ اس امت میں ہماری مثال سفینۂ نوحؑ اور باب حطہ کی سی ہے۔ ناظرین باب حطہ وہ دروازہ تھا جس میں سے بنی اسرائیل کو بحالت سجدہ گذرنے کا حکم ہوا تھا اور ان کی زبانوں پر حطہ حطہ جاری تھا یعنی بخش دے بخش دے۔

صواعق محرقہ علامہ ابن حجر باب یازدہم فصل سوم فضائل اہلبیت میں ہے کہ خلیفہ مامون رشید شکار کو جاتے ہوئے ایک مقام سے گزرا جہاں امام محمد تقیؑ مع چند لڑکوں کے کھیل رہے تھے امام کی عمر اس وقت صرف ۹ سال کی تھی مامون رشید کو دیکھ کر سب لڑکے بھاگ گئے مگر امام محمد تقیؑ وہاں ہی کھڑے رہے۔ مامون نے کہا اے لڑکے۔ تو کیوں نہیں بھاگا۔ حضرتؑ نے فرمایا اے امیر راستہ تنگ نہیں تھا جس کو تیرے لئے فراخ کرتا اور میں نے کوئی جرم بھی نہ کیا تھا کہ تم سے ڈرتا اور مزید برآں تم پر گمان نیک رکھتا ہوں۔ مامون نے حیران ہو کر نام پوچھا۔ تو حضرت نے فرمایا میں محمد تقی بن علی رضا ہوں۔ پس مامون نے سواری آگے بڑھائی اور اپنے شکاری باز کو ایک تیتر پر چھوڑا۔ باز غائب ہو گیا۔ اور کچھ عرصہ کے بعد چونچ میں ایک زندہ مچھلی لایا۔ مامون پھر امام محمد تقیؑ کے پاس آیا۔ اور پوچھا اے امام میرے ہاتھ میں کیا ہے حضرتؑ نے فرمایا اے امیر بہ تحقیق خدا نے اپنے دریائے قدرت میں چھوٹی چھوٹی مچھلیاں پیدا کی ہیں جن کو بادشاہوں کے باز شکار کر لاتے ہیں۔ اور وہ ان مچھلیوں کے ذریعہ اہلبیتؑ نبوی کی آزمائش کرتے ہیں امام کی عقل و ذہانت و اعجاز دیکھ کر مامون نے چاہا کہ اپنی لڑکی حضرتؑ کے نکاح میں دیدے۔ اس پر علما کا ایک گروہ بہ سرکردگی قاضی یحییٰ بن اکثم امام محمد تقیؑ کو مغلوب کرنے کیلئے ارادہ پر حضرت کے پاس لایا۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

قاضی یحییٰ نے بہت دقیق اور پیچیدہ مسائل حضرت کے پیش کیے۔ جن کو حضرت نے نہایت خوبی سے حل فرمایا۔ اور مامون نے اپنی بیٹی ام فضل کا نکاح حضرت سے کر دیا۔

مراۃ الجنان یافعی اور تاریخ بغداد خطیب اور سعد المناظر اور تاریخ ابن خلکان اور روضۃ الاحباب میں قاضی یحییٰ کے کامل فقیہ اور عالم ہونے کو تسلیم کیا گیا ہے۔

صواعق محرقہ اور تفسیر ثعلبی میں بروایت امام صادق لکھا ہے کہ سورۂ آل عمران کی آیہ نمبر ۱۰۳ واعتصموا بحبل اللہ جمیعا" سے مراد ہم اہلبیت محمد ہیں جن سے تمسک رکھنے کا حکم ہے۔

تفسیر درمنثور سیوطی مطبوعہ مصر جلد دوم صفحہ ۶۴ سطر ۱۴ پر ہے کہ ابن ابی حاتم نے حضرت ابو جعفر سے روایت کی ہے کہ سورہ آل عمران آیہ نمبر ۱۰۹ میں "کنتم خیر امۃ" سے مراد اہلبیت محمدؐ ہیں۔

صواعق محرقہ علامہ ابن حجر مکی قلمی آیات فضائل اہلبیت میں ہے کہ ابوالحسن مغازلی نے امام محمد باقرؑ سے روایت کی ہے کہ سورۃ النسا آیہ نمبر ۵۳ ام یحسدون الناس علی ما آتٰھم اللہ من فضلہ میں ہم اہلبیت محمدؐ سے مراد ہے۔ بلاشبہ اسی سورہ کی اسی آیہ کے آگے ہے فقد آتینا آل ابراھیم الکتاب و آتینٰھم ملکا عظیما۔ اس آیت میں بقول رسول مقبول آل ابراہیم سے مراد آل محمدؐ ہے اور کتاب سے مراد قرآن ہے اور حکمت سے نبوت محمدؐ ہے اور ملک عظیم سے مراد امامت ہے جو دوازدہ امام ہے۔

ایک حدیث میں حضرت علی علیہ السلام سے روایت ہے کہ آپ نے فرمایا کہ ہم اہلبیت کی محبت نیکی ہے اور ہماری دشمنی بدی ہے جو شخص ہم سے دشمنی رکھے گا۔ خدا اس کو منہ کے بل جہنم میں جھونک دے گا اور یہ ارشاد سورہ انعام کی آیہ نمبر ۱۵۹ کے متعلق ہے۔ من جاء بالحسنۃ فلہ عشر امثالھا و من جاء بالسیئۃ فلا یجزیٰ الا مثلھا۔

سورہ اعراف کا پہلا لفظ "المص" ہے اس کی تفسیر میں امام صادقؑ نے فرمایا کہ "المص" سے مراد انا اللہ المقتدر الصادق ہے۔ بنی امیہ کا زمانہ حکومت ہے یعنی الف کا ایک اور لام کے تیس اور میم کے چالیس اور صاد کے نوے مجموعاً ایک سو اکتیس ہوئے۔ چنانچہ امامؑ کی پیشنگوئی کے مطابق مسودہ ۱۳۱ھ میں کوفہ میں داخل ہوا۔ اور بنی امیہ کی حکومت کا خاتمہ ہو گیا۔

تفسیر درمنثور جلد سوم صفحہ ۳۱۴ پر ہے کہ ابن عساکر نے ابو رافع سے روایت کی ہے کہ فرمایا آنحضرت نے کہ جس طرح ہارون کو اور اس کی اولاد کو ہی بحالت جنب مسجد میں آنے کی بحکم خدا اجازت تھی۔ اسی طرح میری امت کے تمام اشخاص میں سے صرف علیؑ اور اولاد علی بحالت جنب داخل مسجد ہو سکتے ہیں۔ سورہ یونس آیہ نمبر ۸۶ واوحینا الی موسیٰ واخیہ ملاحظہ کریں۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

تفسیر در منثور جلد چہارم ص۵۹ سطرہ ۲ پر ہے۔ کہ ابن ابی حاتم نے ابن سیرین سے روایت کی ہے۔ کہ سورہ رعد آیہ نمبر ۲۸ "الذین امنوا وعملوا الصالحات طوبیٰ لھم وحسن ماٰب" میں طوبیٰ سے مراد ایک درخت ہے جو بہشت میں ہے جس کی جڑ علیؑ ابن ابیطالب کے گھر میں ہے لہذا جنت میں کوئی ایسا گھر نہیں جس میں اس کی شاخوں میں سے ایک شاخ نہ ہو۔ پھر ابن ابی حاتم نے بروایت فرقد سنجی لکھا ہے کہ خدا نے عیسٰے کو وحی کی کہ تم خدا اور اس کے امی رسولؐ پر ایمان لاؤ۔ اور اس کی تصدیق کرو۔ اور اس کی متابعت کرو۔ وہ اونٹ پر سوار ہوگا۔ بال کے کپڑے پہنے گا۔ ہاتھ میں عصا اور سر پر تاج رکھے گا۔ اس کی آنکھیں بڑی بڑی اور اس کی بھنویں پیوستہ ہونگی۔ وہ صاحب کسا ہوگا۔ اس کی نسل ایک مبارک عورت خدیجہؓ سے ہوگی۔ اس کی بیٹی فاطمہؑ ہوگی جس سے دو بیٹے حسنؑ اور حسینؑ ہونگے جو شہید ہونگے۔ جو شخص اس نبیؐ کے زمانہ میں ہوگا اور اس کا ممد و مددگار ہوگا۔ اس کے لئے یہ طوبیٰ ہے۔

سورۂ ابراہیم آیہ نمبر ۲۴۔ "الم تر کیف ضرب اللہ مثلا کلمۃ طیبۃ کشجرۃ طیبۃ اصلھا ثابت وفرعھا فی السما" کے بارہ میں آنحضرتؐ کا ارشاد ہے کہ اس درخت کی جڑ میں ہوں اور علیؑ اس کا تنا اور آئمہ اس کی شاخیں اور ہمارا علم اس کا پھل اور شیعہ مومنین اس کے پتے ہیں۔

سورۂ حجر آیہ نمبر ۷۵ "ان فی ذالک لایت للمتوسمین" کی تفسیر میں جناب امیر علیہ السلام فرماتے ہیں کہ اصل متوسم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تھے پھر میں ہوں اور میرے بعد آئمہ معصومین ہیں۔ حضرت صادق علیہ السلام فرماتے ہیں کہ ظہور آخر الزمانؑ کے وقت ہر ایک نیک اور بد خدا کی مقرر کردہ نشانیوں سے پہچانا جائیگا۔

تفسیر در منثور مطبوعہ مصر جلد چہارم ص۱۱۹ پر ہے کہ سورہ نحل آیہ نمبر ۴۳ "فسئلوا اھل الذکر ان کنتم لا تعلمون" سے مراد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں۔ فصول مہمہ میں ہے کہ امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا کہ ہم اہل ذکر ہیں۔

سورہ نحل آیہ نمبر ۸۳۔ "یعرفون نعمت اللہ ثم ینکرونھا واکثرھم الکافرون" سے مراد نعمت سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور آپ کے اوصیا ہیں۔

سورہ مریم آیہ نمبر ۸۷ "لا یملکون الشفاعۃ الا من اتخذ عند الرحمان عھدا" کے بارہ میں آنحضرتؐ کا ارشاد ہے کہ عہد و پیمان سے مراد دوازدہ امام کی دوستی ہے۔ اور بروز قیامت وہی شخص دوسرے شخص کی سفارش کر سکے گا جو آئمہ سے تمسک ہو۔ تفسیر در منثور مطبوعہ مصر جلد چہارم ص۲۸۷ سطر ۱۱ اور مواہب لدنیہ اور صواعق محرقہ میں ہے کہ ابن مردویہ اور دیلمی نے براء سے روایت کی ہے کہ آنحضرتؐ

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نے حضرت علی علیہ السلام سے فرمایا کہ کہو۔ خداوندا اپنی بارگاہ میں میرے لئے عہد و پیمان اور محبت قرار دے اور مومنین کے دل میں میری محبت کر۔ اس وقت یہ آیہ بالا نازل ہوئی۔ ابن عباس اور حضرت علی علیہ السلام سے بھی یہی روایت منقول ہے۔

سورہ "طہ" کا پہلا لفظ "طہ" سے مراد بقول معصومین یہ ہے کہ "طہ" کے ۹ اور ہ کے ۵ عدد ہیں یعنی کل عدد ۱۴ ہوئے۔ یعنی اس کے باطن سے چہاردہ معصوم مراد ہیں۔

صواعق محرقہ ابن حجر مکی عسقلانی قلمی آیت ۸ فضائل میں سورہ طہ آیہ نمبر ۸۴ "وانی لغفار لمن تاب وامن وعمل صالحا ثم اهتدی" کے بارہ میں لکھا ہے کہ ثابت البنانی نے یہ کہا "اهتدی الی ولایة اهل بیته"

تفسیر درمنثور مطبوعہ مصر جلد پنجم صفحہ ۵ سطر ۳۰ پر سورہ نور آیہ نمبر ۳۴ "اللہ نور السموات والارض مثل نورہ کمشکوۃ الخ" کی تفسیر میں لکھا ہے کہ حسن بصری اور ابوالحسن مغازلی شافعی سے روایت ہے کہ مشکوۃ سے مراد حضرت فاطمہؑ اور مصباح سے حسنینؑ اور شجرہ مبارکہ سے حضرت ابراہیمؑ اور شرقی اور غربی نہ ہونے سے حضرت فاطمہؑ کا یہودی یا نصرانی نہ ہونا اور یکاد زیتہا سے جناب فاطمہؑ کا کثرت علم اور نور علیٰ نور سے ایک امام کے بعد دوسرا امام اور یہدی اللہ لنورہ سے چہاردہ معصوم کی ولا اور محبت مراد ہے اور اسی کی موید وہ روایت ہے جسکو علامہ جلال الدین نے لکھا ہے کہ ابن مردویہ نے انس بن مالک اور بریدہ سے روایت کی ہے کہ جب آنحضرتؐ نے اس آیہ کے بعد والی آیت فی بیوت اذن اللہ کی تلاوت فرمائی۔ تو ایک شخص نے عرض کیا یا حضرتؐ اس گھر سے کون گھر مراد ہیں۔ حضرتؐ نے فرمایا انبیاءؑ کے گھر۔ یہ سنکر ابوبکر نے علیؑ اور فاطمہؑ کے گھر کی طرف اشارہ کر کے عرض کیا۔ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کیا یہ گھر بھی انہی گھروں میں سے ہے۔ حضور نے فرمایا ہاں لیکن یہ گھر ان تمام گھروں سے بہتر اور افضل ہے۔ ناظرین پھر جو حرمت اس گھر کی شیخین کے ہاتھوں سے ہوئی۔ اظہر من الشمس ہے۔ اسی تمام روایت بالا کو ثعلبی نے بھی لکھا ہے۔

سورۂ عنکبوت آیہ نمبر ۴۲۔ "وما یعقلها الا العالمون" کی تفسیر میں بقول معصومین محمدؐ و آل محمدؐ مراد ہیں

سورۂ عنکبوت آیہ نمبر ۴۷۔ "وما یجحد بایاتنا الا الکافرون" اور آیہ نمبر ۴۸ "بل هو آیات بینات" میں آیات سے مراد بقول معصومین محمدؐ اور آل محمدؐ ہیں۔

تفسیر کشاف علامہ زمخشری میں سورہ سجدہ آیہ نمبر "وجعلنا منهم ائمة یهدون بامرنا" کی تفسیر میں لکھا ہے کہ اسی طرح تمہاری آسمانی کتاب یعنی قرآن کو ہم نے ہدایت اور نور بنائیں گے۔ اور تمہاری امت سے ویسے ہی آئمہ بنائیں گے جو اسی طرح ہدایت کریں گے۔ ناظرین خدا نے رسول

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو حضرت موسیٰؑ سے تشبیہ دی ہے جس کے وجوہات یہ ہیں کہ موسیٰؑ کو توریت اور آنحضرتؐ کو قرآن عطا ہوا ۔ دونوں کو حکم جہاد ہوا موسیٰؑ نے ہارونؑ کو اور آنحضرتؐ نے حضرت علیؑ کو اپنا وصی بنایا موسیٰؑ کو فرعونیوں پر اور آنحضرتؐ کو کفار قریش پر فتح ہوئی موسیٰ کے وصی یوشع بن نون حضرت ہارونؑ فوت ہو گئے تھے اکیسا تھ موسیٰؑ کی زوجہ صفرا بنت شعیب نے جنگ کیا اور آنحضرتؐ کے وصی حضرت علی علیہ السلام کیسا تھ آنحضرتؐ کی زوجہ عائشہ نے جنگ کیا موسیٰؑ کے بعد ان کے بارہ اوصیا تھے اور آنحضرتؐ کے بھی بارہ اوصیا ہیں وغیرہ وغیرہ۔

سورہ صبا آیہ نمبر ۵ ویری الذین اوتو العلم الذی انزل الیک من ربک سے مراد بقول رسول مقبول انبیاء اور چہاردہ معصوم ہیں۔

سورہ فاطر آیہ نمبر ۲۸ ۔ انما یخشی اللہ من عبادہ العلماءؐ سے بقول معصومین مراد محمدؐ و آل محمدؐ ہیں۔

سورہ فاطر آیہ نمبر ۳۲ ۔ ثم اورثنا الکتاب الذین اصطفینا " سے مراد بقول رسولؐ پاک آئمہ معصومین ہیں تفسیر کشاف امام زمخشری مطبوعہ مصر جلد دوم ص۲۹۲ سطر ۹ پر اس آیہ کی تفسیر میں لکھا ہے کہ ان سے مراد وہ صحابہ و تابعین اور تبع تابعین ہیں جو کہ امت تک کتاب خدا کے سچے وارث، اور ہادی ہونگے (اور یہ صرف آئمہ معصومین ہو سکتے ہیں) اور جن کو خدا نے امت وسطاً لتکونوا شھداء علی الناس فرمایا ہے شواہد التنزیل حاکم ابو القاسم ص۳۳ کے حوالہ سے ثابت کیا جا چکا ہے کہ خدا کی حجت اور خلق خدا پر گواہ حضرت علی علیہ السلام اور اولاد حضرت علی علیہ السلام ہیں۔

سورہ والصافات آیہ نمبر ۱۶۴ " وما منا الا لہ مقام معلوم" سے مراد بقول معصومین محمدؐ و آل محمدؐ ہیں تفسیر در منثور مطبوعہ مصر جلد پنجم ص۲۹۳ سطر ۲۸ پر اس آیہ کی تفسیر میں لکھا ہے کہ مسلم نے حذیفہ سے روایت کی ہے کہ آنحضرتؐ نے فرمایا کہ ہم کو (محمدؐ و آل محمدؐ کو) لوگوں پر تین بزرگیاں حاصل ہیں یعنی ہماری صفیں فرشتوں کی سی ہوتی ہیں اور زمین ہماری سجدہ گاہ ہے اور جب پانی نہ ملے تو خاک مطہر ہے۔ ناظرین یہ آیہ بظاہر تمام نمازی مومنین پر عاید ہو سکتی ہے مگر مومنین میں فرشتوں کی سی صفیں یعنی فرشتوں کی سی محویت اور عبادت کہاں ہو سکتی ہے۔

سورہ حم السجدہ آیہ نمبر ۳۳ ۔ ومن احسن قولا ممن دعا الی اللہ سے مراد بقول معصومین چہاردہ معصوم علیہ السلام ہیں۔

تبیان اور عین المعانی نے سورہ حم السجدہ آیہ نمبر ۳۴ ۔ ولا تستوی الحسنتہ ولا السیئتہ کے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

بادہ میں لکھا ہے کہ حسنہ سے مراد اہلبیت محمدؐ کی محبت ہے اور سیہ سے مراد اہلبیت محمدؐ کی دشمنی ہے۔

تفسیر درمنثور مطبوعہ مصر جلد ششم صفحہ ۳۷۱ پر ہے کہ خطیب نے ابن المسیب سے روایت کی ہے کہ سورۂ قدر میں شب قدر سے مراد رسول اللہ اور اہلبیت ہیں نیز ہزار ماہ سے مراد سلطنت بنی امیہ کا کل دوران ہے۔

ینابیع المودۃ امام شیخ سلیمان قندوزی حنفی مطبوعہ قسطنطنیہ صفحہ ۳۱ سطر ۲ پر بروایت عمر بن اذینہ لکھتے ہیں کہ فرمایا حضرت علی علیہ السلام نے کہ آیا ایسا نہیں (یعنی ضرور ایسا ہی) ہے جو تم سب لوگ خوب جانتے ہیں کہ جس علم کے سبب سے آدمؑ کا آسمان سے زمین کی ہبوط ہوا اور تمام وہ علوم جن کے سبب سے تمام انبیاء کو رسول اللہؐ تک فضیلت حاصل ہوئی ہے۔ وہ تمام علوم اہلبیت محمدؐ میں موجود ہیں۔

ینابیع المودۃ امام شیخ سلیمان قندوزی مطبوعہ قسطنطنیہ صفحہ ۵۲ سطر ۲۴ میں ہے کہ ایک دن امام حسنؑ علیہ السلام نے خطبہ میں واقعہ مباہلہ کا تفصیلی تذکرہ فرما کر فرمایا کہ ہم اہلبیت کا خون اور گوشت آنحضرتؐ کا خون اور گوشت سے اور ہم سب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ہیں اور رسول اللہ ہم سے ہیں۔

عبدالرحمن بن محمد بن علی بن احمد حنفی بسطامی نے مناہج التوسل اور مباح الترسل میں لکھا ہے کہ حضرت صادقؑ سات برس کی عمر میں بعض اسرار اور علوم حقیقی کی باتیں کرتے تھے اور علما کا جمگھٹا آپ کے دروازہ پر رہتا تھا اور آنحضرتؐ کی مشکوٰۃ انوار سے کسب کر کے یہ لوگ نورانیت حاصل کرتے تھے۔

حافظ ابو نعیم اور حافظ ابن عساکر اور طبرانی نے امام باقر علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ آنحضرتؐ نے حسن اور حسین علیہما السلام اور ابن عباس اور عبداللہ بن جعفر سے اپنی بیعت لی اور قبول فرمائی۔ اگرچہ وہ کم سن تھے اور بالغ نہ تھے۔ ناظرین چونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا کوئی فعل عبث نہیں ہو سکتا اس لئے ان حضرات کی کمال عقل و فہم کا آنحضرتؐ کو علم تھا۔

کنز العمال باب فضائل اہلبیت اور فردوس الاخبار کتاب صواعق محرقہ اللہ کا ملی اور سیر ملا معین اور کتاب مناقب ابوبکر ابن مردویہ اور کتاب مودۃ القربیٰ سید علی ہمدانی شافعی مودۃ ہفتم میں لکھا ہے کہ اہلبیت محمدؐ کو اور لوگوں کے ساتھ قیاس نہ کرو۔ یعنی ان کا پایہ تمام لوگوں سے بالاتر ہے۔

مولوی عبید اللہ امرتسری نے ارجح المطالب میں اور سید سمہودی نے جواہر العقدین میں اور ملا علی قاری متقی نے کنز العمال میں لکھا ہے کہ فرمایا آنحضرتؐ نے میرے اہلبیتؑ پر سبقت مت کرو ورنہ ہلاک ہو جاؤ گے ان کو تعلیم مت دو۔ کیونکہ وہ تم تمام سے زیادہ عالم ہیں۔

تفسیر کبیر رازی مطبوعہ مصر جلد سوئم صفحہ ۲۴ سطر ۹، ۲ اور ترمذی جلد دوم صفحہ ۵۲۶ و صفحہ ۵۹۱ اور مشکوٰۃ جلد ۳ صفحہ ۶ اور تحفہ باب چہارم صفحہ ۱۳ اور تفسیر درمنثور سیوطی مطبوعہ مصر جلد دوم صفحہ ۶۰ سطر ۲۷ پر ہے کہ فرمایا آنحضرتؐ نے کہ اے

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

لوگو میں تمہارے درمیان اپنے دو خلیفے (بزرگ چیزیں) چھوڑتا ہوں۔ قرآن اور اپنی عترت اہلبیتؑ۔ یہ آپس سے ہرگز جدا نہ ہونگے۔ حتیٰ کہ حوض کوثر پر جمع ہوں۔

مسلم جلد دوم شرح نووی صفحہ ۲۸ پر ہے کہ زید بن ارقم سے پوچھا گیا۔ کہ آیا اہلبیت رسولؐ میں رسول اللہ کی ازواج بھی شامل ہیں۔ زید نے جواب دیا کہ خدا کی قسم۔ ازواج رسولؐ شامل اہلبیت ہرگز نہیں ہو سکتیں کیونکہ ازواج طلاق دینے کے بعد اپنے ماں باپ سے ملحق ہو جاتی ہیں اور نیز اہلبیت وہ ہیں جن پر صدقہ حرام ہے۔

ینابیع المودۃ صفحہ ۱ پر ہے کہ اسحاق بن اسمٰعیل نیشاپوری نے اپنی کتاب میں بروایت امام صادق علیہ السلام لکھا ہے کہ فرمایا آنحضرتؐ نے کہ میں نور خدا سے پیدا کیا گیا ہوں اور میرے اہلبیتؑ میرے نور سے مخلوق ہیں۔ پس ناظرین ثابت ہوا کہ چہاردہ معصوم نور خدا سے مخلوق ہیں۔

سیوطی نے درمنثور میں قندوزی حنفی نے ینابیع المودۃ میں ابن مغازلی شافعی نے اپنے مناقب میں لکھا ہے کہ آدمؑ کے مخلوق ہونے سے پہلے محمدؐ و علیؑ و فاطمہؑ و حسنؑ و حسینؑ کے انوار موجود تھے۔ حضرت آدمؑ نے خدا سے سوال کیا۔ کہ یہ کون حضرات ہیں۔ خداوند عالم نے فرمایا کہ یہ محمدؐ و علیؑ و فاطمہؑ و حسنؑ و حسینؑ ہیں۔

تحفہ شاہ عبدالعزیز دہلوی باب یازدہم کید سیزدہم جلد دوم صفحہ ۳۲ پر ہے کہ جو شخص رسولؐ اللہ پر ایمان نہ لایا اور اہلبیت محمدؐ پر ایمان نہ لایا۔ وہ مومن نہیں ہے۔

صواعق محرقہ ابن حجر مکی میں ہے کہ آنحضرتؐ نے فرمایا کہ مجھ پر دم بریدہ صلوات نہ بھیجا کرو۔ لوگوں نے عرض کیا کہ ہم کس طرح صلوات پڑھا کریں فرمایا "اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ"۔

علامہ نطنزی نے خصائص علویہ میں تفسیر "فتلقیٰ آدم من ربہ کلمات" کے ذیل میں لکھا ہے۔ کہ خداوند عالم نے حضرت آدم علیہ السلام سے فرمایا کہ اگر یہ پیدا نہ ہوتے تو تم کو پیدا نہ کیا جاتا۔ آدم علیہ السلام نے عرض کی۔ کہ مجھے ان حضرات کی زیارت سے مشرف فرمایا جائے پس پردہ ہائے حجاب اٹھائے گئے اور آدمؑ نے پانچ اشباح (اجسام انوار) دیکھے اور پوچھا کہ یہ کون حضرات ہیں۔ ارشاد باری ہوا کہ پہلا نور میرا نبی محمدؐ ہے۔ دوسرا علیؑ امیرالمومنین ابن عم پیغمبر۔ تیسرا فاطمہؑ دختر محمدؐ۔ چوتھا حسنؑ اور پانچواں حسینؑ ہیں۔ اور یہ پانچوں تیری اولاد سے ہونگے۔ پھر آدم علیہ السلام خوش ہوئے اور جب دانہ گندم کھایا تو ان الفاظ سے دعا کی۔ یا اللہ بحق محمدؐ و علیؑ و فاطمہؑ و حسنؑ و حسینؑ میری توبہ قبول فرما۔ خدا نے توبہ قبول کی اور جب زمین پر آئے تو حضرت آدمؑ نے اپنی انگوٹھی میں "محمد رسول اللہ و علی امیرالمومنین" کندہ کرایا۔ اور اپنی کنیت ابو محمدؐ رکھی۔ اس روایت کو بہ اختلاف الفاظ علامہ سیوطی نے جمع الجوامع فی باب جامع الدعا میں اور درمنثور میں بروایت ابن نجار و ابن عباس و جناب امیرؑ اور دیلمی نے فردوس الاخبار میں طبرانی نے معجم صغیر میں۔ حاکم اور ابن عساکر

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نے اپنی اپنی مسانید میں۔ اور ابو نعیم نے اور بیہقی نے دلائل النبوت میں! اور ابن مغازلی شافعی نے مناقب میں ابن عباس سے روایت کیا ہے۔

صواعق محرقہ ص۶۵ سطر ۲۲ اور تاریخ الخلفا مطبوعہ لاہور ص۸۶ سطر ۲۱۔ اور ینابیع المودۃ ص۱۳۶ اور شرح فقہ اکبر ملا علی قاری ص۱۳۳ پر ہے کہ جناب فاطمہؑ تمام اہل جنت کی عورات کی سردار ہیں اور امام حسنؑ اور حسینؑ جوانان اہل بہشت کے سردار ہیں۔

صواعق محرقہ مصنفہ ۹۵۰ھ علامہ ابن حجر ص۱۱۴ پر چند احادیث لکھی ہیں۔ کہ امام احمد حنبل اور امام ترمذی اور ابو سعید خدری اور طبرانی اور عمر بن خطاب اور حضرت علی علیہ السلام اور جابر اور ابو ہریرہ اور اسامہ بن زید اور براء بن عازب اور ابن عدی اور ابن مسعود سے مروی ہے کہ فرمایا آنحضرتؐ نے کہ امام حسنؑ اور حسینؑ علیہما السلام سردار جوانان بہشت ہیں۔

ابن عساکر نے حضرت علی علیہ السلام اور ابن عمر سے ابن ماجہ اور امام حاکم نے ابن عمر سے طبرانی نے قرہ اور مالک بن حویرث سے اور حاکم نے ابن مسعود سے روایت کی ہے کہ آنحضرتؐ نے فرمایا کہ میرے دونو فرزند حسنؑ اور حسینؑ سردار جوانان بہشت ہیں اور ان کے باپ ان دونوں سے بہتر ہیں۔

طبرانی نے جناب سیدہ سے روایت کی ہے کہ آنحضرتؐ نے فرمایا کہ امام حسن علیہ السلام کو میری ہیبت اور سرداری ملی ہے اور امام حسینؑ کو میری جود اور جرأت ملی ہے۔

امام احمد اور ابن ماجہ اور حاکم نے ابو ہریرہ سے روایت کی ہے کہ فرمایا آنحضرتؐ نے کہ جس نے حسنؑ اور حسینؑ سے محبت کی اس نے مجھ سے محبت کی اور جس نے ان سے بغض رکھا اس نے مجھ سے بغض رکھا۔

بخاری کتاب الزکوٰۃ میں باب ما یذکر فی الصدقۃ للنبی و آلہ اور مسلم کتاب الزکوٰۃ باب تحریم الصدقہ علے النبی و علے آلہ میں ہے کہ امام حسن علیہ السلام نے صدقہ کی کھجوروں میں سے ایک کھجور لیکر اپنے منہ میں رکھ لی۔ اس پر آنحضرت نے فرمایا کخ کخ۔ اسے پھینک ڈال۔ پھر فرمایا۔ کیا تو نہیں جانتا کہ صدقہ ہم اہلبیتؑ پر حرام ہے۔

ترمذی ص۱۹۲ سطر ۵ اور مشکوٰۃ مطبوعہ محمدی دہلی ص۵۷۶ سطر ۳ پر ہے کہ آنحضرتؐ نے فرمایا کہ جو شخص علی اور فاطمہ و حسن و حسین علیہم السلام کا دشمن ہے وہ میرا دشمن ہے اور جو ان کا دوست ہے وہ میرا دوست ہے۔

سورہ الصافات آیہ نمبر ۱۰۷ "وفدینٰہ بذبح عظیم" سے مراد بقول معصومینؑ شہادت امام حسینؑ ہے۔

سورہ احقاف آیہ نمبر ۱۵ "ووصینا الانسان ... من المسلمین" سے مراد بقول معصومینؑ امام حسین علیہ السلام ہیں۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سورہ حاقہ آیہ نمبر ۱۷ "ویحمل عرش ربک فوقھم یومئذٍ ثمٰنیة" سے مراد بقول معصومین نوحؑ اور ابراہیمؑ اور موسیٰؑ اور عیسیٰؑ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور حضرت علیؑ اور حسنؑ اور حسینؑ ہیں۔

سورہ دہر آیہ نمبر ۸ "ویطعمون الطعام علیٰ حبہ مسکیناً ویتیماً واسیراً" بہ اتفاق مفسرین جناب امیرؑ اور جناب فاطمہؑ اور حضرات حسنینؑ کے شان میں ہے۔ ملاحظہ ہو تفسیر کشاف مطبوعہ مصر جلد سوئم صہ ۲۳۹ سطر ۲۹۔ اور بیضاوی وغیرہ۔

صواعق محرقہ امام ابن حجر مکی مطبوعہ بہیہ مصر صہ ۱۴۹ سطر ۱۳ پر ہے کہ بخاری نے فی الادب المفرد اور ترمذی اور ابن ماجہ نے یعلی بن مرہ سے روایت کی ہے کہ فرمایا آنحضرتؐ نے کہ حسینؑ مجھ سے ہے اور میں حسینؑ سے ہوں۔ خدا دوست رکھے اس کو جو حسینؑ کو دوست رکھے۔

صواعق محرقہ مطبوعہ مصر صہ ۱۶۹ سطر ۲۲ اور تاریخ الخلفا مطبوعہ سرکاری لاہور صہ ۱۸۰ سطر ۴ پر ہے کہ حسنؑ اور حسینؑ دونو نام اہل بہشت کے ناموں سے ہیں جو زمانہ جاہلیت میں عرب میں نہیں رکھے گئے۔

صواعق محرقہ صہ ۱۶۹ سطر ۲۳ پر ہے کہ بغوی اور عبد الغنی نے ایضاح میں سلمان سے نقل کیا ہے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ ہارونؑ نے اپنے بیٹوں کا نام شبر اور شبیر رکھا تھا اور میں نے اپنے بیٹوں کے نام شبرؑ اور شبیرؑ رکھے (حسنؑ حسینؑ) معنوں میں کہ ہارونؑ نے رکھے تھے۔

تاریخ الخلفا مطبوعہ سرکاری لاہور صہ ۱۸۰ سطر ۷ پر ہے کہ خدا نے حسنؑ اور حسینؑ دونو نام بہشت میں پوشیدہ رکھے ہوئے تھے۔ یہاں تک کہ آنحضرتؐ نے اپنے دونوں بیٹوں کے نام رکھے۔

شاہ ولی اللہ نے ازالة الخفا میں لکھا ہے کہ ترمذی اور عبد اللہ بن احمد نے زوائد المسند سادات اشرف سے سلسلہ وار یہ حدیث لکھی ہے کہ آنحضرتؐ نے حسنؑ اور حسینؑ کا ہاتھ پکڑا اور فرمایا کہ جو شخص ان دونو اور فاطمہؑ اور علیؑ سے مودت رکھے گا۔ بروز قیامت میرے ساتھ میرے درجہ میں ہوگا۔

تفسیر کبیر امام رازی مطبوعہ مصر جلد دوئم صہ ۔۔۔ سطر ۔۔۔ پر ہے کہ آیہ مباہلہ دلالت کرتی ہے کہ حسنؑ اور حسینؑ آنحضرتؐ کے بیٹے ہیں۔ کیونکہ آنحضرتؐ نے اہل نجران سے وعدہ کیا تھا کہ بیٹوں کو بلائیں گے پس آنحضرتؐ نے حسنؑ اور حسینؑ کو بلایا۔ اس لئے واجب ہوا کہ حسنؑ اور حسینؑ آنحضرتؐ کے بیٹے ہوں اور اسی بات کی تائید ہوتی ہے۔ سورہ انعام کی اس آیت سے جہاں خدا فرماتا ہے کہ ابراہیمؑ کی ذریت سے یحییٰؑ اور عیسیٰؑ ہیں۔ حالانکہ عیسیٰؑ صرف ماں کی طرف سے ابراہیمؑ کی طرف منسوب ہے نہ کہ باپ کی طرف سے۔ پس ثابت ہوا کہ بیٹی کے بیٹوں کو بھی بیٹا کہا جاتا ہے۔

مدارج النبوۃ اور مشکوٰۃ میں ہے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ حسنؑ اور حسینؑ

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

علیہم السلام میرے دو پھول ہیں۔

نور العین فی مشہد الحسین مطبوعہ مصر ص۵ اور تاریخ کامل جلد چہارم ص۳۴ پر ہے کہ جب ابن زیاد نے شہیدوں کے سروں کو یزید کے پاس بھیجا۔ اور جب یہ لشکر مقام تکریت میں وارد ہوا۔ تو وہاں کا حاکم پیشوائی کو نکلا۔ مگر جب نصاریٰ نے سنا۔ کہ یہ امام حسین علیہ السلام کا سر ہے تو انہوں نے بغرض تعظیم ... اور کہا خداوندا اس قوم پر لعنت کر جس نے اپنے پیغمبر کے نواسے کو قتل کیا ہے۔ ... ہے کہ یہ لشکر مقام قنسرین میں وارد ہوا۔ تو وہاں کے حاکم نے شہر کے ... علمدار نے شہر میں اہلبیتؑ کی تشہیر اور رسوائی نہ ہو) پھر یہ لشکر مدینہ نعمان کی طرف ... کے حاکم نے لشکر کی تعظیم کی اور اونٹ نحر کیا پھر کفر طاب سے ہوتے ہوئے شیزار پہنچے۔ یہاں ... اس لشکر سے لڑے اور طرفین سے چند آدمی قتل ہوئے۔ حضرت ام کلثومؑ نے شیزار کے حق ... کی۔ کہ خدایا اس کے چشمہ کو شیریں کر اور غلہ میں ارزانی کر اور اس کو ظالموں کے ظلم سے محفوظ رکھ ... حماہ کی طرف گئے وہاں بھی لڑائی ہوئی۔ اور طرفین سے آدمی قتل ہوئے۔ پھر حوصبہ کی ... حاکم نے چار ہزار آدمی اس غرض سے بھیجا۔ کہ ان اشقیا سے شہیدوں کے سر اور ... لیں۔ مگر ان سے یہ نہ ہو سکا۔

... صومعۃ الراہب میں پہنچے۔ راہب نے جب امام حسین علیہ السلام کا نام دریافت کیا۔ تو غش کھا ... میں آنے کے بعد کہا۔ کہ راہبوں کی خبر صحیح ثابت ہوئی جنہوں نے کہا تھا۔ کہ اسی مہینہ ... اس کا وصی قتل ہو گا۔

... وہ راہب سردار لشکر کے پاس آیا اور کہا کہ ایک شب کے لئے امام حسین علیہ السلام ... دیدو اور کل واپس کر دیں گے سردار نے کہا کچھ انعام دو۔ راہب نے دس ہزار درہم پر وہ سر لے لیا سر مبارک کو لے کر بوسہ دیتا اور کہتا۔ خدا آپ کے قاتل پر لعنت کرے۔ افسوس کہ ہم آپ کے ساتھ شہید نہ ہوئے۔ مگر جب آپ اپنے جد بزرگوار سے ملاقات کریں۔ تو میرا سلام عرض کیجئے اور فرمایئے کہ ہم مسلمان ہیں۔ اور گواہی دیتے ہیں۔ کہ خدا ایک ہے اور محمدؐ اس کا سچا رسولؐ ہے۔

بعد ازیں اس راہب نے سر انور کو مشک اور خوشبو سے معطر کیا۔ اور سردار لشکر کے حوالہ کر دیا خولی سردار لشکر کا نام ہے جب ان دس ہزار درہموں کو فوج پر تقسیم کرنا چاہا۔ تو دیکھا کہ وہ تمام پتھر کے ٹکڑے ہیں جن میں سے ہر ایک پر یہ لکھا ہے۔ وسیعلم الذین ظلموا ای منقلب ینقلبون۔ خولی نے ان سنگریزوں کو پھینک دیا اور اہل لشکر کو تاکید کی۔ کہ یہ راز ظاہر نہ ہو۔ ناظرین کتاب نور العین فی مشہد الحسین کا مصنف

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اہلسنت کا مشہور عالم اور علامہ ابو اسحاق اسفرائنی ہے جسکی قابلیت اور تقویٰ زبان زد علمائے اہلسنت ہے پھر لکھتا ہے۔ کہ جب یہ لشکر دمشق میں وارد ہوا۔ تو وہاں ایک کوٹھے پر پندرہ عورتیں بیٹھی تھیں۔ ان میں سے ایک بوڑھی عورت نے ایک پتھر امام حسین علیہ السلام کے سر کو مارا۔ حضرت ام کلثومؑ نے بددعا کی۔ تو اسی وقت وہ کوٹھا گر پڑا۔ اور تمام عورتیں ہلاک ہوگئیں۔

بعد ازاں یہ لشکر فرادیس میں وارد ہوا جہاں امام حسین علیہ السلام کے سر مبارک نے اپنے آپکو زمین پر گرا دیا۔ اور اس مکان پر مسجد تعمیر کی گئی۔

اب تماشائیوں کا بہت ہجوم ہوگیا۔ تمام اہل حرم ننگے سر تھے۔ اور شہیدوں کے سر نیزوں پر نصب تھے۔ بعد ازاں باب الفطر میں وارد ہوئے اور یزیدؔ کے حکم سے داخل دربار ہوئے۔ امام حسین علیہ السلام کے سر مبارک کو ایک چاندی کی طشتری میں رکھ کر یزیدؔ کے پاس لایا گیا۔ اس پر حضرت [illegible] اس درد سے نوحہ کیا کہ حاضرین مجلس رونے لگے۔ یزیدؔ نے ہاتھ بڑھا کر سر پر سے رومال [illegible] ایسا نور بلند ہوا۔ کہ تمام اہل مجلس پر غش طاری ہوگیا۔

یہ حالت دیکھ کر جالوت یہودی جو یزیدؔ کا طبیب تھا مسلمان ہوگیا۔ اور تلوار سونت [illegible] کو قتل کردے۔ مگر حاضرین دربار نے پکڑ لیا اور جالوتؔ کو قتل کر دیا گیا

پھر ایک عورت آگے بڑھی۔ اور کہا کہ میں نے آج ایک خواب دیکھا ہے۔ کہ آسمان [illegible] کھل گئے ہیں! اور پانچ فرشتے اترے ہیں۔ اور کہتے ہیں کہ ہم بحکم خدا اس گھر کو [illegible] کو جلا کر راکھ کر دیں گے۔ یزید نے کہا ڈرائے ہو مجھے۔ کہ ہماری نعمت [illegible] ور وہ ہو کر [illegible] ہم قتل کرینگے اس عورت نے کہا۔ اچھا میں کیا کام کروں۔ کہ قتل سے [illegible] سکوں [illegible] پر چڑھ کر حضرت علی علیہ السلام پر سب و شتم کرو۔ وہ عورت منبر پر چڑھی اور اس نے اہلبیت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مناقب اور فضائل بیان کرنے شروع کر دئیے۔ اور یزیدؔ اور اس کے تمام خاندان پر لعنت کی۔ تب وہ عورت قتل کر دی گئی تھی۔

امام حسین علیہ السلام کے سر مبارک سے اس تشہیر کے دوران میں ایک ہزار معجزات ظہور میں آئے جو کتب احادیث و تاریخ میں درج ہیں۔ میں یہاں چند معجزات بطور نمونہ لکھتا ہوں۔

جب کبھی کسی شقی نے سر مبارک پر پتھر مارا۔ تو سر سے تازہ خون بہ نکلا۔ تمام دوران راہ میں سورۂ کہف کی تلاوت فرماتا تھا۔ کئی دفعہ گفتگو فرمائی۔ سر مبارک سے ایک نور آسمان تک ساطع تھا۔ خود بخود اچھل کر گودی میں آگیا خوشبو سے اطراف و جوانب معطر ہو گئے۔ اس کے بعد بھی تازہ بتازہ تھا۔ تلاوت ختم کرنیکے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بعد یہ فرمایا وسیعلم الذین ظلموا ای منقلب ینقلبون۔ یعنی عنقریب ظالم دیکھ لیں گے۔ کہ انکا انجام کیا ہوتا ہے۔ ایک یہودی نے سر مبارک سے عرض کیا اشفع لی عند جدک" یعنی اپنی جد سے میری شفاعت کی سفارش کیجئے۔ سر مبارک نے جواب دیا میری سفارش صرف مسلمانوں کے لئے ہے۔ اس پر وہ یہودی مسلمان ہو گیا۔ جب سر مبارک دربار یزید میں لایا گیا۔ تو سر مبارک نے فرمایا اے ملعون اگر تو دنیا کی آگ سے بچ گیا۔ تو آخرت کی آگ سے بھاگ کر کہاں جائیگا۔ اور وہ آگ قیامت کے دن تیری قیام گاہ ہے۔ یہ سن کر تمام حاضرین گھٹنوں کے بل گر پڑے۔ اور اپنے سروں پر طمانچے مارے۔

جب یہ لشکر ملک شام کے قریب پہنچا ایک راہب نے سر مبارک کو [illegible] معطر کیا۔ اور عرض کی یا حضرت آپ اپنا نسب بتائیں۔ فرمایا میں فرزند مصطفےٰ ہوں۔ اور فرزند علی المرتضیٰ ہوں۔ اور فرزند فاطمۃ الزہرا ہوں۔ جب سر مبارک کوفہ پہنچا۔ تو ابن زیاد نے سر مبارک کو زانو پر رکھا [illegible] ایک قطرہ خون ٹپکا جس کی وجہ سے اس کی ران پر زخم ہو گیا۔ اور وہ زخم زندگی تک اچھا نہ ہوا۔ حالانکہ علاج کرایا گیا۔

جب سر مبارک کو یزید کی طرف لے چلے تو پہلی منزل پر ایک [illegible] ہاتھ ظاہر ہوا جس پر یہ شعر لکھا ہوا تھا

اترجوا امۃ قتلت حسینا شفاعۃ جدہ یوم الحساب

یعنی کیا وہ امت جس نے امام حسین علیہ السلام کو شہید کیا امید رکھ سکتی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بروز قیامت ان لوگوں کی شفاعت کریں گے۔ تمام لوگ یہ واقعہ دیکھ کر بھاگ گئے مگر منصور بن عمار بیان کرتا ہے کہ یہی شعر آنحضرت کی بعثت سے تین سو سال پہلے ایک پتھر پر لکھا ہوا تھا جو کہ روم میں ایک کلیسہ میں تھا۔ اور معلوم نہیں ہو سکا۔ کہ یہ کس نے لکھا۔

مناقب ابن شہر آشوب علیہ الرحمت کتاب شیعہ جلد چہارم صفحہ ۳۵ پر ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حسن و حسین علیہم السلام کو اپنی پیٹھ پر سوار کیا۔ تو اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہا کیا اچھی سواری ہے۔ حضرت نے فرمایا کیسے اچھے سوار ہیں۔

علامہ عسقلانی نے فتح الباری شرح بخاری میں لکھا ہے کہ امام حسن علیہ السلام کم سنی میں ہی لوح محفوظ کا مطالعہ فرماتے تھے۔ اور ان کا علم لدنی تھا۔

بعض جاہل سنی کہتے ہیں کہ شہادت حسین علیہ السلام کی اصلی وجہ [illegible] بوجہ غایت درجہ تنگدستی اور ناداری تھی۔ حالانکہ اس معاملہ سے امام حسین علیہ السلام کی نفعت شعاری اور بلند ہمتی ظاہر ہوتی ہے۔ واقعہ کی مجمل کیفیت یہ ہے:

امام محمد بن ابن قتیبہ نے کتاب الامامت والسیاست صفحہ ۲۳۰ مطبوعہ مصر میں مفصل لکھا ہے۔ اور اس

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کا ضروری خلاصہ مؤلف درج کرتا ہے کہ یزید کے دل میں ارنیب بنت اسحاق کا عشق جا گزیں تھا۔ مگر کسی وجہ سے اس کا اظہار نہ کر سکا جب ارنیب کا نکاح عبداللہ بن سلام سے ہو گیا جو قریشی تھا۔ اور اس کے ہی اعمام سے تھا۔ تو یزید کے دل پر چوٹ لگی۔

ایک دن یزید نے معاویہ کے غلام رفیق سے کہا کہ ہمارے باپ نے ہم پر گونا گوں عنایات کیں جس کے لئے ہم اس کے شکر گزار ہیں لیکن اس نے ہمارے لیئے ایک کام نہ کیا جسکی ہم کو دلی تمنا ہے۔ رفیق اسی وقت معاویہ کے پاس گیا اور یزید کی گفتگو بیان کی جس پر معاویہ نے یزید کو بلوایا اور جب یزید کی زبان سے اصل واقعہ پر مطلع ہوا۔ تو کہا گھبراؤ نہیں یہ کام بھی جلدی سر انجام ہو جائے گا۔

اس وقت عبداللہ بن سلام معاویہ کی طرف سے بصرہ کا حاکم تھا معاویہ نے اس کو خط لکھا کہ فوراً شام میں پہنچ جاؤ۔ مجھے تم سے نہایت ضروری کام ہے خط پہنچتے ہی عبداللہ بن سلام شام میں آ گیا جب معاویہ کو اس کے آنے کی خبر پہنچی۔ تو اس ابوہریرہ اور ابوالدرداء کو بلایا اور کہا میری منشا ہے کہ میں اپنی لڑکی کا عقد عبداللہ بن سلام سے کر دوں جس کو میں ہر طرح اس امر کا اہل پاتا ہوں۔ سو تم دونوں اس کے پاس میرا پیغام پہنچا دو۔ پس دونوں معاویہ کا پیغام لے کر عبداللہ بن سلام کی طرف چلے گئے۔ ادھر معاویہ نے اپنی لڑکی کو یہ سکھا دیا۔ کہ جب عبداللہ بن سلام تجھ سے نکاح کرنے پر راضی ہو جائے تو اس کو کہلا بھیجنا۔ کہ میں نکاح پر بڑی خوشی سے راضی ہوں۔ صرف رکاوٹ یہ ہے کہ تیرے نکاح میں پہلے سے ارنیب بنت اسحاق ہے اور میری غیرت اس بات کی متحمل نہیں ہو سکتی۔

جب یہ الفاظ عبداللہ بن سلام کو پہنچے تو اس نے ارنیب کو طلاق دیدی اور پیغام نکاح بھیجا جس پر معاویہ کی لڑکی نے کہا کہ میں نے اس معاملہ میں بہت مشورہ لیا ہے جن میں کوئی موافق اور کوئی مخالف ہے اس لئے مزید غور کر رہی ہوں اب عبداللہ بن سلام اور عوام الناس کو یقین ہو گیا کہ اسے فریب کیا گیا ہے جب زمانۂ عدت پورا ہوا تو معاویہ نے ابوالدرداء کو عراق میں بھیجا۔ کہ وہاں جا کر ارنیب سے یزید کی خواستگاری کرے جب ابوالدرداء وارد عراق ہوا۔ تو ارنیب سے ملاقات کرنے سے پہلے امام حسین کی خدمت میں بغرض زیارت حاضر ہوا۔ جب امام حسین علیہ السلام سے تمام ماجرا عرض کیا تو امام نے فرمایا۔ کہ یزید کی خواستگاری کے ساتھ ہماری طرف سے بھی خواستگاری کر دینا۔ جب ارنیب نے دو خواستگار پائے تو امام حسین علیہ السلام کو قبول کیا اور عقد ہو گیا۔ اس وقت ارنیب کے پاس عبداللہ بن سلام کے چند موتیوں کے توڑے بطور امانت موجود تھے۔

معاویہ نے عبداللہ بن سلام کی گورنری چھین لی۔ اور وظیفہ بند کر دیا۔ جس کی وجہ سے وہ مفلوک الحال

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہو کر امام حسینؑ علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوا اور اپنے موتیوں کے توڑوں کا ذکر کیا۔ امام نے فرمایا جاؤ ارنیب سے اپنی امانت اس کے ہاتھ سے لے لو جب اس نے توڑے لے لئے اور یہ موتی ارنیب کے سامنے رکھ کر کہا کہ مجھ سے یہ نذر قبول کیجئے میں تمہارے حقوق کی ادائیگی سے قاصر رہا ہوں اس پر دونو کی آواز گریہ بلند ہوئی۔ امام حسین علیہ السلام نے فرمایا میں خدا کو گواہ قرار دیتا ہوں کہ میں نے ارنیب کو طلاق دیا اور خدا کو علم ہے کہ میں نے اس سے نکاح اسکے حسن و جمال کی خاطر نہیں کیا تھا۔ بلکہ اس لئے کیا تھا کہ وہ اپنے اصلی شوہر پر حلال ہو جائے۔ خداوندا اس نیکی کا اجر مجھ کو عطا فرما اور حضرت نے تمام مہر بھی ارنیب کو بخش دیا۔ اور واپس نہ لیا۔ حالانکہ عبداللہ بن سلام نے بااصرار واپس دینا چاہا اس طریقے سے ارنیب و حیثیت یزید سے محفوظ ہو کر پھر عبداللہ بن سلام کے سلسلہ نکاح میں آ گئی اور "حق بحقدار رسید" کی مثل صادق آئی۔

خداوند عالم اہلبیت علیہم السلام کے حق میں ارشاد فرماتا ہے کہ تم تمام کو میں نے ایسا طیب و طاہر کر دیا ہے جیسا طیب و طاہر کرنے کا حق ہے۔ جس کے معنی ظاہر ہیں کہ اہلبیت کذب اور مسکرات وغیرہ سے پاک ہیں۔ اب ناظرین اس شخص یا ان اشخاص کے بارہ میں کیا فتویٰ صادر فرمائیں گے۔ جو اہلبیت علیہم السلام میں سے کسی ایک کو کاذب اور شرابی تصور قرار دے۔۔

حضرت علی علیہ السلام سر دربار بغرض اتمام حجت ابوبکر و عمر وغیرہ سے فرماتے ہیں خلافت میرا حق ہے تعصب سے باز آؤ میرا حق مجھے دیدو۔ غدیر کے دن تم نے اقرار کیا تھا۔ اس کا ایفا کرو۔ مگر کسی پہلے مالش کے کان پر جوں تک نہیں رینگتی۔ آخر آپ مجبوراً دولت خانہ کو تشریف لے آتے ہیں۔ کیا اس واقعہ سے یہ نتیجہ نہیں نکلتا کہ ثلاثہ اور یاران ثلاثہ نے آپ کو اپنے دل میں کاذب خیال کیا ہے۔

جناب فاطمۃ الزہرا سر دربار اتمام حجت کی غرض سے فدک کی واپسی کا مطالبہ فرماتی ہیں مگر جو حشر اس دعوے کا حضرت ابوبکر اور عمر کے ہاتھ سے ہوا۔ ظاہر و باہر ہے کیا ابوبکر اور عمر نے جناب سیدہ کو کاذب نہیں سمجھا۔ حضرت علی پر تہمت لگائی گئی کہ آپ نے ایک دعوت میں شراب پی تھی۔ ان تمام امور کا تذکرہ بالتفصیل اسی کتاب کے آئندہ صفحات میں ملے گا۔

خدا اور خدا کا رسولؐ تو اہلبیتؑ کو طیب و طاہر کہتے ہیں مگر اہلسنت کے پیشرو ان کو کاذب اور شرابی تصور قرار دیتے ہیں اب ناظرین ہی انصاف کریں کہ آیا خداوند عالم اور اس کا رسولؐ حق بجانب ہیں یا علمائے اہلسنت

دوازدہ امام علیہم السلام

مسلم جلد ۲ صفحہ ۱۱۹ پر کئی حدیثیں مرقوم ہیں۔ کہ آنحضرتؐ نے فرمایا۔ کہ یہ امر منقضی نہ ہوگا۔ دلبعض دنیا ختم

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہو گی ، یہاں تک کہ ان میں بارہ امام گزریں۔ ینابیع المودۃ صفحہ ۴۴۶ پر ہے کہ بعض محققین نے کہا ہے کہ وہ احادیث جو آنحضرتؐ کے بعد بارہ اماموں کے ہونے کی خبر دیتی ہیں بہت کثرت سے شہرت پا چکی ہیں۔

روضۃ الاحباب جلد ۳ صفحہ ۹۲ پر ہے کہ جابر بن عبداللہ انصاری نے کہا کہ جب آیہ یاایھا الذین امنوا اطیعوا اللہ واطیعوا الرسول واولی الامر منکم کا نزول ہوا۔ تو میں نے عرض کیا۔ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہم نے خدا اور رسولؐ کو تو جان لیا۔ فرمایئے اولی الامر کون ہیں۔ جنکی اطاعت بعینہ خدا اور رسولؐ کی اطاعت ہے۔ آنحضرتؐ نے فرمایا۔ اولی الامر میرے خلفا ہیں میرے بعد ان میں سے پہلا خلیفہ علیؑ پھر حسنؑ پھر حسینؑ پھر علی بن الحسینؑ۔ پھر محمدؑ ابن علیؑ ہیں۔ جو توریت میں باقرؑ کے نام سے موسوم ہیں۔ قریب ہے کہ اے جابر۔ تم انکو پاؤ۔ پس جس وقت ان سے (باقرؑ سے) ملنا تو ان کو سلام کہنا پھر صادق جعفرؑ بن محمدؑ ہیں پھر موسےٰؑ ابن جعفرؑ۔ پھر علیؑ ابن موسےٰؑ۔ پھر محمدؑ ابن علیؑ۔ پھر علیؑ ابن محمدؑ پھر حسنؑ بن علیؑ پھر محمدؑ ابن حسنؑ علیہم الصلواۃ والسلام یعنی حجت خدا ہیں زمین پر۔ یہ محمدؑ وہ ہیں کہ غالب اور بزرگ خدا انکے ہاتھوں پر مشارق ومغارب زمین کو فتح کریگا۔ اور یہ وہ ہیں جو اپنے شیعوں اور دوستوں سے غائب ہو جائیں گے۔ اور انکی غیبت میں انکی امامت پر صرف وہی شخص قائم رہیگا جسکے دل کی آزمائش خدا نے کر لی ہے ساتھ ایمان کے۔ جابر کہتا ہے کہ آنحضرتؐ امام کی غیبت میں شیعہ امام سے فائدہ اٹھائینگے۔ فرمایا۔ ہاں قسم ہے مجھ کو اس کی جس نے مجھے رسالت پر مبعوث کیا کہ تحقیق شیعہ امام غائب کے نوبت فائدہ حاصل کرینگے اور امام غائب کی ولایت سے نفع حاصل کرینگے جیسے لوگ آفتاب سے نفع حاصل کرتے ہیں جبکہ آفتاب ابر بادل آ جائے۔

ینابیع المودۃ صفحہ ۴۴۷ پر مذکورہ دوازدہ خلفا کے نام لکھے ہیں جو آنحضرتؐ نے ایک یہودی کے جواب میں فرمائے۔ شواہد النبوت ملا جامی صفحہ ۱۳۲ پر بھی یہی دوازدہ خلفا کے نام لکھے ہیں چنانچہ امام حسنؑ عسکری کی نسبت لکھا ہے حسنؑ بن علیؑ بن محمدؑ بن علی الرضاؑ۔ امام یازدہم یعنی حسنؑ عسکری گیارہویں امام ہیں۔

علامہ شیخ سلیمان بلخی اپنی کتاب کے صفحہ ۳۷۱ پر بقول رسولِ مقبولؐ تفصیل وار دوازدہ خلفا کے اسمائے گرامی لکھتا ہے۔ یعنی حضرت علی علیہ السلام سے امام آخرالزمان علیہ السلام تک۔

دوازدہ خلفا کی حدیث یحیٰی بن حسن نے کتاب عمدہ میں بیس طریق سے۔ بخاری نے تین طریق سے مسلم نے نو طریق سے۔ ابو داؤد نے تین طریق سے ترمذی نے ایک طریق سے۔ حمیدی نے تین طریق سے روایت کی ہے۔

سماک بن حرب، مسروق۔ ابن مسعود۔ جابر۔ سلمان فارسی۔ ابن عباس اور حضرت علیؑ اور اکثر

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

صحابہ سے اسمائے دوازدہ خلفا مروی ہیں۔

اخبار دول آثار اول مصنفہ ابی العباس احمد بن یوسف دمشقی معروف بہ قرمانی مطبوعہ بغداد ص۱۱۷ تاریخ خمیس مطبوعہ مصر جلد دوم ص۳۲۱ صواعق محرقہ ابن حجر مکی مطبوعہ مصر ص۱۲۴ وفات الاعیان ابن خلکان جلد اول مطبوعہ مصر ص۱۳۵ مطالب السئول کمال الدین محمد بن طلحہ شافعی مطبوعہ لکھنؤ ص۲۹۲ نور الابصار علامہ شبلنجی مصری شافعی مطبوعہ لکھنؤ ص۱۵۱۔ ینابیع المودۃ شیخ سلیمان بلخی قندوزی مطبوعہ بمبئی ص۳۰۳ روضۃ الصفا جلد سوم ص۲۵ شواہد النبوۃ ملا جامی ص۲۵۱۔ ارشاد شیخ مفید علیہ الرحمۃ۔ مناقب شہر آشوب علیہ الرحمۃ کشف الغمہ۔ دمعہ ساکبہ۔ حدیقۃ الشیعہ۔ ترجمہ کشف الغمہ۔ کشاف اصطلاحات الفنون جلد دوم ص۱۱۹۹ تاریخ تذکرہ سبط ابن جوزی، روضۃ الاحباب ص۱۱۵۔ ہدایت السعدا ملک العلما شہاب الدین دولت آبادی ابطال الباطل فضل بن روزبہان۔ شرح مشکوٰۃ ملا علی قاری در شرح حدیث اثنا عشر خلیفہ کتاب مطالب عالیہ امام رازی ص۲۲۳ ازالۃ الخفا مقصد اول ص۷ الیواقیت والجواہر ص۳۴۵ وغیرہ کتب کثیرہ میں مرقوم ہے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ میرے بعد بارہ خلفاء ہونگے۔ جن کا اول علیؑ اور آخر مہدیؑ ہوگا اور آنحضرتؐ نے دوازدہ خلفاؑ کے نام لئے پس میرا آخری بیٹا ظہور فرمائے گا۔ اور خلیفۃ الارض ہوگا۔ اور اس وقت تمام جہان ظلم اور کفر سے پاک ہوگا۔

مودۃ القربیٰ سید علی ہمدانی ذکر مودۃ عاشرہ میں امام شعبی سے بروایت عمرو بن قیس و مسروق اور جریر سے بروایت اشعث لکھا ہے کہ فرمایا آنحضرتؐ نے میرے بعد میرے خلفا بنی اسرائیل کے نقیبوں کی تعداد (بارہ) پر ہوں گے۔

فراید السمطین میں بحوالہ ینابیع المودۃ ص۲۶۹ پر ہے کہ فرمایا آنحضرتؐ نے کہ میرا وصی علی ابن ابیطالب ہے اور اس کے بعد اس کے وصی حسنؑ اور حسینؑ ہیں اور پھر صلب حسینؑ سے نو اوصیا پیدا ہونگے جن کا آخر محمد مہدی علیہ السلام ہے۔

سورہ آل عمران آیہ مبارکہ "قال الحواریون نحن انصار اللہ" میں یاد رکھنے کی بات ہے کہ جس طرح حضرت عیسیٰ کے حواری بارہ اور بنی اسرائیل کے نقیب بارہ تھے اسی طرح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نائب بھی بارہ تھے۔

توریت بشارت مثلیہ ترجمہ عربی میں ہے کہ احمد تبسم کرنے والا اور جہاد کرنے والا اونٹ پر سوار ہوگا اور شملہ کو لٹکائے گا اور قریب ہے کہ اس سے بارہ بزرگ پیدا ہوں۔ اور میں اس کو ایک عظیم الشان امت کے واسطے تاخیر کرونگا یعنی کچھ عرصہ کے بعد مبعوث کرونگا

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

علامہ مناوی نے فیض القدیر شرح جامع صغیر میں لکھا ہے کہ شریف سمہودی کہتا ہے کہ اس حدیث سے ثابت ہوا کہ ہر زمانہ میں اہلبیت اطہار سے کسی ایسے شخص کا وجود لازم ہو جو قابل تمسک ہو تب ہی تو رسول اللہ کا یہ فرمان درست ہو سکتا ہے جس میں اس امر کی ترغیب ہے۔ کہ ان حضرات کے ساتھ تمسک کرنا چاہئیے جس سے تم لوگ گمراہی سے بچو۔ جیسا کہ قرآن کی بھی شان ہے کہ وہ ہر وقت موجود ہے۔ اسی لئے آنحضرتؐ نے اہلبیتؑ کے بارہ میں فرمایا۔ کہ وہ حضرات اہل زمین کے لئے امان ہیں جب وہ تشریف لے جائیں گے۔ تو زمین بھی فناہ ہو جائیگی۔ اس روایت کو احمد بن حنبل اور طبرانی نے بھی لکھا ہے اور نیز ضیاء مختارہ میں بھی ہے۔

"تاریخ الخلفاء ص۱۲ پر بروایت ابن عمر رسول اللہ کے بارہ خلفاء کے یہ نام لکھے ہیں۔ ابو بکر بن قحافہ۔ عمر بن خطاب۔ عثمان ابن عفان۔ معاویہ۔ یزید۔ سفاح۔ منصور۔ جابر۔ مہدی۔ امین۔ امیر غضب بن کعب

آنحضرتؐ کا ارشاد ہے کہ میرے بعد بارہ امام ہونگے جن میں سے پہلے حضرت علیؑ اور بارہویں مہدیؑ ہیں جس کا مطلب صریحاً یہ ہے کہ یہی بارہ اشخاص میرے بعد خلافت کے حقدار ہیں۔ مگر آنحضرتؐ کے بعد خلافت کے جس طریقہ میں حصے بخرے کئے گئے۔ اہل علم سے پوشیدہ نہیں ہے۔

اگر ابو بکر بن قحافہ کو پہلا امام مانا جائے تو چھٹا امام یزید بن معاویہ ماننا پڑتا ہے اور چونکہ یزید کو جمہوریت اور عقلیہ کے لحاظ سے ابو بکر پر بہت ترجیح حاصل ہے اس لئے سنیوں کے عقیدے کے مطابق یزید امام اعظم ہے۔ نیز چونکہ بحکم قرآن امام کو نبی پر فوقیت حاصل ہے۔ اس لئے اہلسنت کے نزدیک یزید افضل الانبیاء ہے۔ ماشاءاللہ بہت اچھا پیشوا ہے اور بہت اچھے مرید ہیں۔ چہرہ اسلام کی آب و تاب انہی کرم گستروں کے دم قدم سے ہے۔

اگر کوئی عیسائی یا ہندو دائرہ اسلام میں داخل ہو چکا ہے۔ اور اس فرضی خلافت کے بیہودہ اصولوں سے آگاہی حاصل کرے۔ تو اس کا یہ نتیجہ ضرور ہو گا۔ کہ وہ الٹے پاؤں اپنے آبائی مذہب کی طرف لوٹ جائے گا یا مزید تحقیقات سے اہلبیت کے سایہ ہما پایہ میں جگہ حاصل کرے گا۔

فضائل جناب سیدہ علیہا السلام

بحار الانوار (شیعہ احادیث کی ضخیم کتاب ہے مطبوعہ ایران) جلد دہم ص۔۔ میں ہے کہ محمد بن ہمام راوی ہے کہ ۳ جمادی الاخر کو جناب سیدہ نے وفات پائی۔ اس وقت حضرت کی عمر اٹھارہ سال کی تھی۔ اور صرف ۸۵ دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے انتقال کے بعد زندہ رہیں معصومہ کو جناب

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

امیر علیہ السلام نے غسل دیا۔ بجز علیؑ و حسنؑ و حسینؑ و زینبؑ و ام کلثومؑ و فضہ و اسماء بنت عمیس کوئی شریک دفن نہیں ہوا اور نہ ہی شریک جنازہ ہوئے بعد تجہیز و تکفین بقیع میں گئے اور روضہ رسولؐ میں لاکر دفن کر دیا گیا۔ صبح جنت البقیع میں چالیس تازہ قبریں (قدرت کے ہاتھ سے) نمایاں تھیں جن میں کچھ پہچان نہ ہو سکی۔

ینابیع المودۃ علامہ شیخ سلیمان قندوزی حنفی مطبوعہ قسطنطنیہ ص۲۱۳ سطر ۲۳ پر روایت عائشہ لکھا ہے کہ میں نے پیغمبر صلعم کے سوائے کسی کو بھی جناب فاطمہؑ سے افضل نہ پایا۔

بخاری میں ہے کہ فرمایا آنحضرتؐ نے کہ فاطمہؑ بہشت کی تمام عورتوں کی سردار ہے۔

بخاری مطبوعہ بمبئی فضائل اصحاب النبی باب مناقب فاطمہؑ جلد چہارم ص۵۵ سطر ۲۶ اور ترمذی جلد دوم ص۲۴۵ سطر ۲۱ آخر پر ہے کہ آنحضرتؐ نے فرمایا کہ فاطمہؑ میرا ٹکڑا ہے۔ جس نے اس کو غضبناک کیا اس نے مجھ کو غضبناک کیا۔

ترمذی مطبوعہ احمدی میرٹھ جلد دوم ص۲۴۹ سطر ۵ اپر ہے کہ جب جناب فاطمہؑ رسول اللہ کے پاس تشریف لاتیں۔ تو آنحضرتؐ آپ کی تعظیم کو کھڑے ہو جاتے۔ (کیونکہ آپ گیارہ اماموں کی والدہ محترمہ ہیں) اور آپ کی پیشانی کو چوم کر اپنی جگہ پر بٹھاتے یعنی آنحضرتؐ آپ سے فروتر مقام پر بیٹھتے فتح الباری شرح بخاری ابن حجر عسقلانی میں ہے کہ فرمایا آنحضرتؐ نے کہ جس شخص سے فاطمہ کو قلق ہو یعنی جس پر فاطمہؑ ناراض ہو۔ اس سے مجھے بھی قلق ہوتا ہے۔

صواعق محرقہ ابن حجر مقصد ثالث فضائل اہلبیتؑ میں ہے کہ ابو سعید نے کتاب شرف النبوۃ میں اور حافظ ابن مثنیٰ نے معجم میں روایت کی ہے کہ فرمایا آنحضرتؐ نے کہ اے فاطمہؑ بہ تحقیق خدا غضبناک ہوتا ہے تیرے غضبناک ہونے سے اور راضی ہوتا ہے تیرے راضی ہونے سے۔

کنز العمال ملا علی متقی کتاب الفضائل۔ مستدرک حاکم۔ اصابہ ذکر فاطمہؑ کنز العمال باب پنجم فصل ثانی فضائل اہلبیتؑ حرف فا مفتاح النجا مرزا احمد بن محمد خاں بدخشانی فصل الرابع فی الاحادیث الواردۃ فی فضلہا من الباب الرابع ذکر سیدۃ النساء فاطمہ۔ اسد الغابہ ذکر فاطمہؑ مسند ابو یعلی معجم کبیر طبرانی۔

فضائل الصحابہ ابو نعیم۔ ریاض النضرہ عبداللہ بن محمد مطری فی فضائل اہلبیت نبی و عترت الطاہرہ بہ سند ۱۳۳ احادیث شرف النبوۃ ابو سعد۔ کتاب معجم ابن مثنیٰ۔ کتاب العقد النبوی والسر المصطفوی شیخ ابن عبداللہ بن عیدروس باعلوی۔ کتاب المناقب ابن مغازلی۔ مدارج النبوۃ شیخ عبدالحق دہلوی مطبوعہ فخر المطابع ذکر حضرت فاطمہؑ ص۵۴۲ مودۃ القربیٰ سید علی ہمدانی مودۃ ثالثہ عشر۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ذخائر العقبیٰ محب طبری باب سابع۔ فتح الباری ابن حجر کتاب النکاح باب فی الرجل عن ابنتہ وغیرہ صدہا کتب معتبرہ میں لکھا ہے کہ فرمایا آنحضرتؐ نے کہ فاطمہؑ کے غضبناک ہونے سے خدا غضبناک ہوتا ہے۔

قسطلانی جلد ششم ص۹۵ باب مناقب فاطمہؑ میں ہے کہ "فیہ تحریم ایذائہ صلی اللہ علیہ وسلم بکل حال وعلی کل وجہ وان تولد ذلک الایذاء مما اصلہ مباح" یعنی محدثین کا قول ہے کہ اس حدیث سے ثابت ہوتا ہے کہ آنحضرتؐ کی ایذا حرام ہے ہر حال اور ہر وجہ پر خواہ وہ ایذا کسی ایسے امر سے ہو جو اصل میں مباح ہو۔ ناظرین یہ قول بالا قسطلانی نے حدیث "من اغضبہا اغضبنی ویؤذینی ما آذاہا" کے تحت میں لکھا ہے۔

بخاری کتاب مناقب، مسلم کتاب الفضائل۔ نسائی کتاب مناقب، ابوداؤد۔ ترمذی۔ شفا قاضی عیاض میں مرقوم ہے کہ فرمایا آنحضرتؐ نے جو مجھے غضبناک کرے۔ وہ اللہ کو غضبناک کرتا ہے۔

جناب فاطمہؑ کا اپنا ارشاد ہے۔

ماذا علی من شم تربۃ احمد ان لا یشم مدی الزمان غوالیا

صبت علی مصائب لو انہا صبت علی الایام صرن لیالیا

ترجمہ۔ جو شخص قبر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو سونگھے۔ وہ تمام عمر کسی خوشبو کو نہ سونگھے مجھ پر وہ مصیبتیں پڑیں کہ وہ دنوں پر پڑتیں تو راتیں ہو جاتے۔

مدارج النبوۃ ص۱۹۲ پر ہے کہ آنحضرتؐ نے ایک حسن اور طیب بہشتی درخت کا پھل کھایا۔ اور حضرت خدیجہؓ سے مقاربت کی اور حضرت خدیجہؓ جناب سیدہؑ سے باردار ہوئیں۔

تفسیر درمنثور مطبوعہ مصر جلد ششم ص۱۴۲ پر سورہ رحمٰن آیہ نمبر ۱۹ "مرج البحرین یلتقیان بینہما برزخ لا یبغیان" کی تفسیر میں لکھا ہے کہ ابن مردویہ نے ابن عباس اور انس بن مالک سے روایت کی ہے کہ آنحضرتؐ نے فرمایا کہ دو دریا علیؑ و فاطمہؑ ہیں اور بینہما برزخ سے مراد میں ہوں اور لؤلؤ و مرجان حسنینؑ ہیں۔

تفسیر درمنثور مطبوعہ مصر جلد ششم ص۳۶۱ سطر ۱۳ پر سورہ والضحیٰ آیہ نمبر ۵ "ولسوف یعطیک ربک فترضیٰ" کی تفسیر میں لکھا ہے کہ عسکری نے مواعظ میں اور ابن مردویہ اور ابن لال اور ابن النجار نے جابر بن عبداللہ انصاری سے روایت کی ہے کہ ایک دن حضرت فاطمہؑ چکی پیس رہی تھیں اور بدن پر اونٹ کے جھول کی چادر تھی۔ تو حضرتؑ کی شان میں یہ آیت نازل ہوئی۔

صواعق محرقہ ابن حجر مکی مطبوعہ میمنیہ مصر ص۱۴۲ سطر ۴ پر ہے کہ فرمایا آنحضرتؐ نے کہ فاطمہؑ انسانی حور ہے جو حیض اور طمث سے پاک ہے (بتول)، اسی لئے اس کا نام فاطمہؑ ہے۔ خدا نے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اس کو اور اسکے محبوں کو دوزخ کی آگ سے جدا رکھا ہے۔

ینابیع المودۃ امام شیخ سلیمان قندوزی حنفی لکھتا ہے کہ فرمایا آنحضرتؐ نے کہ بروز قیامت بطنان عرش سے منادی ندا کریگا۔ کہ اے اہل محشر اپنی آنکھیں بند کرلو۔ کہ سیدالانبیاء کی لڑکی جناب فاطمہؑ حسینؑ کا خون آلودہ کرتہ لے کر گزر جائیں پس وہ عرش کو پکڑ کر فرمائیں گی۔ خدایا تو جبار و عادل ہے میرے اور اس شخص کے درمیان فیصلہ کر جس نے میرے فرزند کو قتل کیا۔ پس خدا کی قسم۔ خدا میری بیٹی کی مرضی کے موافق حکم دیگا۔ پھر فاطمہؑ فرمائیں گی۔ کہ خدایا جو شخص میرے حسینؑ کی مصیبت پر رویا ہے اس کے لئے میری شفاعت قبول کر پس خدا شفاعت منظور فرمائیگا۔

ارجح المطالب صفحہ ۲۹۳ پر ہے کہ رسول اللہؐ نے فرمایا۔ کہ اگر علیؑ پیدا نہ ہوتے تو فاطمہؑ کا کفو و ہمسر کوئی نہ ہوتا۔ اور صفحہ ۲۹۸ پر ہے کہ میں نے فاطمہؑ کا عقد علیؑ سے بحکم خدا کیا ہے۔ اور صفحہ ۲۹۹ پر ہے کہ تزویج فاطمہؑ پر خدا نے چالیس ہزار فرشتوں کو گواہ بنایا! اور طوبے کو حکم دیا گیا کہ فرشتوں پر موتی اور یاقوت نچھاور کریں اور صفحہ ۲۹۰ پر ہے کہ میری بیٹی فاطمہؑ انسان کی صورت میں حور ہے اور وہ حیض و نفاس سے پاک ہے۔

ملا معین کاشفی نے معارج النبوہ باب دوم فصل اول واقعہ ششم ذیل تفسیر فتلقی لکھا ہے کہ آدمؑ نے بہشت میں ایک قصر یاقوت دیکھا جسکے کنگرے زمرد اخضر کے تھے۔ اس میں ایک قبہ نور تھا! اور وہاں ایک تخت پر دختر انور دیکھی جسکے سر پر تاج اور گلے میں گلوبند اور کانوں میں دو گوشوارے ایک سرخ اور دوسرا سبز دیکھے تو آدمؑ نے جبرئیل سے پوچھا کہ یہ کون ہے کہا یہ حضرت فاطمہ ہے اور تاج اسکا باپ ہے گلوبند اسکا شوہر علیؑ اور دو گوشوارے حسنؑ اور حسینؑ ہیں پس جب آدمؑ زمین پر آئے تو آپ نے انہی ناموں کے توسل سے دعا کی۔ جو قبول ہوئی۔

جناب فاطمۃ الزہراؑ کے محامد و محاسن کو احاطہ تحریر و تقریر میں لانا ناممکن ہے۔ جو خاتون کہ حضرت مریمؑ سے افضل ہو جسکا غضب اور غصہ خدا اور رسولؐ کا غضب اور غصہ ہو۔ جسکے استقبال کو آنحضرتؐ سروقد کھڑے ہو جایا کریں۔ جو حضرت علی علیہ السلام کی زوجہ ہو امام حسن اور امام حسین علیہم السلام کی والدہ محترمہ ہو اور جسکے پاک نام کے توسل سے انبیاء کی توبہ قبول ہو اسکو ایذا دینے والے۔ اسکو اپنے دعویٰ میں کاذب قرار دینے والے اسکے پہلوئے اقدس پر دروازہ گرانے والے اور اسکو نان جویں کا محتاج بنانے والے اشخاص کس خدا اور کس رسولؐ کے سامنے روز محشر پیش ہونگے اگر دین اسلام سچا ہے اور قیامت حق ہے تو ایسے اشخاص کو یقیناً اسفل عذاب میں پھینکا جائیگا۔

جناب فاطمہؑ کی اس حد تک بے حرمتی کرنا اس بات کا بیّن ثبوت ہے۔ کہ یہ ظالم آنحضرتؐ کو فرستادہ حق نہ سمجھتے تھے۔ ورنہ آستانۂ زہراؑ کی خاک کو سرمۂ چشم بناتے اور ان کے حقوق کو پامال نہ کرتے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کفر در دل بہ زبان اللہ اکبر داشتن
آلِ احمدؐ کشتن و دین پیمبر داشتن
ایں مرا باور نمے آید ز ہدِ اعتقاد
حق زہراؑ خوردن و ہم حب حیدرؑ داشتن

امام مہدی علیہ السلام

صواعق محرقہ صفحہ ۹۷ پر ہے کہ ابوداؤد اور ابن ماجہ نے روایت کی ہے۔ کہ اگر دنیا سے صرف ایک ہی روز باقی رہے۔ تو بھی خداوند عالم ہماری عترت سے ایک شخص کو مبعوث کریگا۔ جو زمین کو عدل اور انصاف سے بھر دیگا۔ جیسا کہ وہ ظلم و جور سے مملو ہوگی ۔

صواعق محرقہ ابن حجر مکی صفحہ ۹۹ پر ہے یہ کتاب شیعیان علیؑ کی تردید میں لکھی گئی تھی مگر کہیں کہیں حق زبان پر جاری ہو گیا ہے) کہ حدیثیں اس بارہ میں متواتر ہیں۔ اور بسبب کثرت روایات مستفیض ہیں۔ کہ آنحضرتؐ نے فرمایا کہ امام مہدیؑ ہماری اہلبیتؑ میں سے ہونگے۔ مقام انصاف ہے کہ مرزا غلام احمد کس طرح مہدی بن بیٹھا۔ حالانکہ اس کی ماں کا نام چراغ بی بی تھا اور باپ کا نام غلام مرتضےٰ ۔غلام مرتضےٰ ذات سے مغل کہا جاتا ہے۔ چراغ بی بی کی ذات اس کے نام سے ظاہر ہے) جو سات برس تک امامت کرینگے اور پھر بحکم خدا غائب ہو جائیں گے۔ اور وقت مقررہ پر ظہور فرمائیں گے اور زمین کو عدل و انصاف سے بھر دینگے۔ ان کیساتھ حضرت عیسیٰؑ بھی آئینگے۔ جو قتل دجال میں امانت کرینگے۔ حضرت مہدیؑ اس امت محمدؐ کے امام ہونگے۔ اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام ان کے پیچھے نماز پڑھیں گے۔ ناظرین! امام مہدیؑ کا خلیفۃ الارض ہونا اور حضرت عیسیٰؑ کا ماموم ہونا دو امر بالبداہت ثابت کرتے ہیں کہ آئمہ معصومین ہی صرف نائب رسولؐ ہو سکتے ہیں اور نیز آئمہ معصومین تمام انبیائے ماسبق سے بجز رسول مقبولؐ افضل ہیں۔ مرزا کے مکمل سوانح حیات اور تمام ہتھکنڈوں کو میں نے ایک دوسری تصنیف "آئینۂ مرزائیت" میں جمع کر دیا ہے ۔

صواعق محرقہ صفحہ ۹۹ پر مسلم۔ ابوداؤد۔ نسائی۔ ابن ماجہ۔ بیہقی۔ احمد اور ترمذی کی روایات درج ہیں جنکا حاصل مطلب یہی ہے کہ فرمایا آنحضرتؐ نے کہ اگر دنیا میں سے ایک دن بھی باقی رہ جائیگا تو خدا ایک شخص کو مبعوث کریگا۔ جو ہماری عترت سے ہوگا۔ اور جس کا نام ہمارے ہم نام ہوگا۔ اور اس کے باپ کا نام ہمارے باپ کے ہمنام ہوگا۔ اور ان کے امور کی اصلاح خداوند عالم ایک رات میں کریگا ۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

صواعق محرقہ علامہ ابن حجر مکی ص۹۶ پر ہے کہ مقاتل بن سلیمان اور دیگر مفسرین کا اتفاق ہے کہ قول خدا "وانہ لعلم للساعۃ" امام مہدی کے بارہ میں ہے۔ اور اس بارہ میں بھی احادیث تصریح کرتی ہیں کہ امام مہدی اہلبیت رسول اللہ سے ہونگے۔

علامہ ابن حجر نے صواعق محرقہ میں اور صباغی نے فصول المہمہ میں اور سیوطی نے درمنثور میں روایت کی ہے کہ سورہ الزخرف آیہ نمبر ۶۱ "وانہ لعلم للساعۃ" سے مراد زمانہ آخر الزمان ہے۔

صواعق محرقہ ص۱۲۴ پر ہے کہ ابو القاسم محمد مہدی کی عمر ان کے پدر عالی قدر کے وقت پانچ برس تھی (بعض ولیتھد میں نو برس بھی لکھا ہے) مگر خدا نے اسی عمر میں حضرت کو حکمت عطا کی اور وہ قائم منتظر ہیں۔

مطالب السئول علامہ کمال الدین ابو سالم محمد بن طلحہ شافعی مطبوعہ لکھنؤ ص۳۰ پر ہے کہ اب پایہ عمر کہ حضرت (امام مہدی) کی کیا ہوگی۔ آپ کی ولادت معتمد باللہ عباسی کے زمانہ خلافت میں ہوئی۔ اور حضرت بوجہ خوف اعدا اس وقت تک مخفی (زندہ اور غائب) ہیں۔ تحقیقات عمر مشکل ہے۔ کیونکہ جو شخص غائب ہو جاتا ہے اور اس کی خبر معلوم نہیں ہوتی (آنحضرت نے سینکڑوں اشخاص کو اپنے دیدار فرحت آثار اور مکالمہ سے مشرف فرمایا ہے) اس پر کسی طرح قطعی حکم نہیں لگایا جا سکتا اور نہ مقدار عمر بتائی جا سکتی ہے۔ اور نہ یہ کہا جا سکتا ہے کہ اس کی عمر ختم ہو گئی۔ کیونکہ قدرت خدا وسیع ہے اور اس کا حکم اور الطاف بندوں پر عظیم ہے۔

سورہ توبہ آیہ نمبر ۳۳ "لیظہرہ علی الدین کلہ" کی تفسیر میں صاحب فصول مہمہ بروایت سعید بن جبیر لکھتا ہے کہ آیت سے مراد امام مہدی علیہ السلام ہیں جو اولاد فاطمہؑ سے ہونگے۔ اور اسی کی موید وہ روایت ہے جو تفسیر کبیر اور درمنثور میں سعید ابن منصور اور ابن منذر اور بیہقی نے اپنے سنن میں جابر سے اور عبد بن حمید اور ابو الشیخ نے ابوہریرہ سے روایت کی ہے کہ یہ اس وقت ہوگا جب اسلام کے سوائے (تمام روئے زمین پر) کوئی مذہب نہ رہیگا۔ اور حضرت عیسےٰ نزول فرمائینگے۔ ملاحظہ ہو تفسیر درمنثور جلد ۳ ص۲۳۱ سطر ۲۵ اور سطر ۳۱۔

فصول مہمہ صباغی میں بروایت امام صادق لکھا ہے کہ سورہ ہود آیہ نمبر ۸۵ "بقیت اللہ خیر لکم ان کنتم مومنین" امام آخر الزمان کی شان میں ہے اور جب آپ ظہور فرماوینگے۔ تو دیوار خانہ کعبہ پر سہارا دیکر کھڑے ہونگے اور آپ کے پاس تین سو تیرہ (۳۱۳) خالص مومن جمع ہو نگے۔ اور آپ آیہ بالا کی تلاوت فرماوینگے اور کہیں گے کہ میں بقیہ خدا اور خلیفہ اور حجت ہوں پھر لوگ حضرت کو بقیۃ اللہ سے خطاب کرینگے۔

سورہ حجر آیہ نمبر ۳۰ "قال فانک من المنظرین" سے مراد بقول معصومین رجعت امام کا وقت ہے۔

تفسیر درمنثور مطبوعہ مصر جلد چہارم ص۱۹۴ سطر ۵ پر سورہ بنی اسرائیل آیہ نمبر ۷۰ "یوم ندعوا کل اناس

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

یاما مہم کی تفسیر میں لکھا ہے۔ کہ ابن مردویہ نے حضرت علی علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ فرمایا آنحضرت نے کہ اس آیہ کے حکم کے موجب ہر ایک قوم کو بروز قیامت اپنے زمانہ کے امام اور اپنے رب کی کتاب اور اپنے نبی کی سنت کے ساتھ بلایا جائیگا۔ ناظرین! چونکہ ہر ایک زمانہ کے امام کی بھی شرط ہے۔ پس روز روشن کی طرح واضح ہو گیا۔ کہ امام مہدیؑ بصورت غیبت بھی ہمارے امام ہیں۔

سورہ کہف آیہ نمبر ۲۴۔ ولبثوا فی کھفھم ثلاث مائۃ سنین" کے بارہ میں آئمہ کا ارشاد ہے کہ اصحاب کہف امام آخر الزمانؑ کے عہد خلافت میں جاگ کر حضرت کا ساتھ دینگے۔

سورہ مومن آیہ نمبر۔ ربنا امتنا اثنتین واحییتنا اثنتین" سے مراد زمانہ رجعت ہے

سورۃ مومن آیہ نمبر ۵۰ انا لننصر رسلنا والذین امنوا فی الحیوۃ الدنیا۔" سے مراد بقول معصومین زمانہ رجعت ہے۔

شیخ کامل عبدالوہاب شعرانی نے یواقیت وجواہر میں۔ ملا علی اکبر بن اسد اللہ مودودی نے حاشیہ نفحات الانس میں۔ علامہ زمان ملا نور الدین عبدالرحمن بن احمد بن قوام الدین محمد الاشتی الجامی نے اپنی کتاب میں (ینابیع المودۃ مطبوعہ مصر ص۴۷۲ از نفحات الانس ملا جامی) محمد بن محمد بن محمود الحافظی المعروف بہ خواجہ پارسا نے فصل الخطاب میں (ینابیع المودۃ ص۴۷۲) شیخ عبدالحق محدث دہلوی نے رسالہ مناقب واحوال آئمہ اطہار (استقصا صفحہ ۱۰۲) عالم جلیل ومورخ کامل جمال الدین محدث نے روضۃ الاحباب میں۔ عالم بے عدیل ابو عبداللہ محمد بن یوسف بن محمد گنجی شافعی نے کفایت الطالب میں (استقصا صفحہ ۱۰۲) علامہ سبط ابن جوزی نے کتاب التذکرہ مطبوعہ ایران میں (استقصا صفحہ ۱۰۲) علامہ شیخ نور الدین صباغ مالکی نے فصول مہمہ میں۔ عالم عامل و محدث کامل کمال الدین بن طلحہ شافعی نے مطالب السؤل میں شاہ ولی اللہ محدث دہلوی نے کتاب مسلسلات بالمشہور بہ عقد مبین میں (استقصا صفحہ ۱۱) شیخ و عارف کامل محی الدین عربی نے فتوحات مکیہ میں شیخ محدث فقیہ علامہ محمد بن ابراہیم جوینی حموینی نے فرائد السمطین میں (ینابیع المودۃ ص۴۷۲) شیخ عطار نیشاپوری نے مظہر الصفات میں (ینابیع المودت ص۴۷۲) شیخ کبیر شمس الدین تبریزی نے (ینابیع ص۴۷۲) عارف کامل جلال الدین رومی نے دیوان کبیر میں۔ سید نعمت اللہ الولی نے (ینابیع ص۴۷۲) سید نسیمی نے (ینابیع ص۴۷۲) شیخ الشیوخ سعد الدین حموی نے (ینابیع ص۴۷۲) شیخ حسن عراقی نے (اسعاف الراغبین ص۱۰۳ بر حاشیہ نور الابصار شبلنجی مطبوعہ مصر) شیخ محمد بن علی خواص نے (اسعاف الراغبین ص۱۰۳ بر حاشیہ نور الابصار) شیخ سلیمان قندوزی حنفی بلخی نے ینابیع المودۃ مطبوعہ مصر میں علامہ ابن حجر مکی نے صواعق محرقہ مطبوعہ مصر میں۔ فاضل روزبہان نے ابطال الباطل میں

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

علامہ ابن الوردی نے اپنی تاریخ میں (نور الابصار مطبوعہ مصر سنہ ۱۴۶) سید شریف سمہودی نے شرح مواہب لدنیہ محمد بن عبدالباقی بن یوسف الازہری الزرقانی میں لکھا ہے کہ امام مہدیؑ بن حسن عسکریؑ کا اس وقت خروج ہوگا جب اضمحلال شریعت شروع ہو جائیگا ۔ اور حضرت اس وقت زندہ اور باقی ہیں یہاں تک کہ عیسٰیؑ ابن مریم کے ساتھ مجتمع ہوں ۔

لواقح الانوار علامہ شعرانی جس کی تعریف و توصیف منتہیٰ الکلام اور ازالۃ الخفا میں بے حد کی گئی اس میں ہے کہ شیخ حسن عراقی کہتا ہے کہ میں جامع مسجد بنی امیہ میں داخل ہوا ۔ وہاں ایک شخص کرسی پہ بیٹھا ہوا ذکر مہدیؑ کر رہا تھا ۔ اس دن سے میں بھی ملاقات امام مہدیؑ کی دعا کرتا رہا ۔ سال بھر کے بعد ایک شخص نے میرے شانہ پہ ہاتھ رکھا ۔ اور فرمایا ۔ میں ہوں مہدیؑ جس کی ملاقات کا تو طالب ہے ۔ میں نے ان کے دست مبارک پہ بوسہ دیا ۔ اور آپ میرے ہاں سات روز مہمان رہے اور مجھے پند و وعظ فرمایا ۔ اور فرمایا کہ اس وقت میری عمر چھ سو بیس (۶۲۰) سال ہے ۔

ینابیع المودۃ شیخ سلیمان بلخی قندوزی نے باب ۸۲ صرف اسی بیان میں لکھا ہے کہ حضرت مہدیؑ موعود نے زمانہ غیبت کبریٰ میں کس کس سے ملاقات کی ۔ یہاں مجملاً لکھتا ہوں ۔

(الف) ابی عبداللہ صالح کہتے ہیں ہم نے حضرت مہدیؑ کو حجر اسود کے پاس دیکھا ۔ جب کہ لوگ ہجوم کر رہے تھے ۔ تو آپؑ فرماتے ہیں ۔ اس طرح حکم نہیں دیا گیا ہے ۔

(ب) غانم ہندی سے حضرت کی ملاقات ہوئی ۔

(ج) محمد بن شاذان کابلی نے حضرتؑ کو دیکھا ہے ۔

(د) محمد بن عثمان عمری کہتے ہیں ۔ ہم نے حضرتؑ کو خانہ کعبہ کے پاس دیکھا کہ آپؑ فرماتے ہیں ۔ خداوندا جو تو نے وعدہ کیا ہے اس کو پورا کر ۔ پھر یہ دیکھا کہ خانہ کعبہ سے آپؑ کو آویزاں دیکھا کہ آپ دعا اور مناجات کر رہے ہیں ۔

(ہ) ظریف ابو نصر کہتے ہیں کہ ہم خدمت میں حضرتؑ کی حاضر ہوئے ۔ تو آپؑ نے فرمایا ۔ کہ میں خاتم اوصیا ہوں اور میرے ہی سبب سے بلائے اہل ارض دفع ہوتی ہے ۔

(و) عبداللہ مسعودی کہتے ہیں کہ ہم بستان بنی ہاشم میں داخل ہوئے دیکھا کہ ایک جوان بیٹھا ہوا ہے ۔ جو اپنے منہ پر آستین رکھے ہوئے ہے پوچھا یہ کون ہے تو کہا کہ حضرت صاحب الامرؑ ہیں ۔ اور آپؑ اپنے والد ماجد کی صورت پہ تھے ۔

(ز) محمد بن ابی عبداللہ کوفی نے بارہ آدمیوں کے نام لکھے ہیں جو وکلا سے تھے ۔ اور ۳۵ آدمی غیر

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

دکلا سے جنہوں نے حضرت کو دیکھا۔

(ح) حسن بن وجنا نصیبی کہتے ہیں کہ ہم ۵۴ مرتبہ حج کر چکے اور ہر دفعہ اس کی دعا کرتے تھے۔ کہ صاحب الزمانؑ کو دیکھیں۔ ۵۴ حج میں ایک جاریہ نے ہم سے کہا۔ اے حسن۔ اٹھ۔ ہم اس کے ساتھ مکان حضرت خدیجہ تک گئے (مکہ میں) دروازہ پر جب کھڑے ہوئے۔ تو خود حضرت صاحب الزمانؑ نے فرمایا۔ اے حسنؑ۔ ہم تیرے ہر حج میں ساتھ تھے۔ اب مکان امام جعفر صادقؑ میں قیام کر۔ تجھے نہ کھانے کی فکر ہوگی۔ نہ کپڑے کی اور ایک دعا تعلیم فرمائی۔ اور کہا یہ دعا کیا کر۔ راوی کہتا ہے کہ تجھے اس روز سے وہیں قیام کیا۔ بوقت افطار کھانا اور پانی ملتا اور جاڑہ میں سرمائی لباس اور گرمی میں مناسب کپڑا ملا کرتا۔

(ط) علی بن احمد کوفی ازدی سے روایت کرتے ہیں۔ کہ ہم طواف کر رہے تھے۔ کہ ایک جوان خوش جمال طیب الرائحہ کو ہم نے ہمکلام پایا پوچھا۔ کہ آپ کون ہیں فرمایا۔ کہ میں صاحب الزمانؑ ہوں۔ اور وہ قائم ہوں۔ جو زمین کو عدل و انصاف سے بھر دیگا۔ اور زمین کبھی حجت خدا سے خالی نہیں رہتی۔ اور لوگ زمانہ فترہ میں نہیں رہ سکتے۔ یہ امانت ہے جس کو غیر پر ظاہر نہ کرنا۔ اس کے اپنا عصا ڈالدیا۔ دیکھا کہ وہ پادو ٹلا ہے۔ بعض کا بیان ہے کہ وہ حضرت ایک روز ہر سال ظاہر ہوتے ہیں اور اپنے خواص سے بات چیت کرتے ہیں۔

(ی) راشد ہمدانی بیان کرتے ہیں کہ ہم حج سے پھرے تو راہ بھول گئے اور ایک ایسے وادی آباد میں پہنچے جو نہایت سرسبز تھا۔ اور زمین وہاں کی معطر تھی۔ ایک خیمہ پایا۔ جس کے سامنے دو خادم کھڑے تھے۔ ایک ان میں سے خیمہ میں گیا۔ اور پھر باہر نکلا۔ اور ہم کو اس خیمہ میں داخل ہونے کی اجازت دی۔ دیکھا کہ ایک جوان بیٹھا ہے۔ اور اس کے سر پر ایک طویل سیف معلق ہے۔ ہم نے سلام کیا۔ آپ نے جواب دیا۔ اور فرمایا۔ میں وہی قائم ہوں۔ جو آخر زمان میں ظاہر ہونگا اسی سیف کیساتھ تمام زمین کو عدل و انصاف سے بھروں گا میں زمین پر گر پڑا۔ فرمایا سوائے خدا کے اور کسی کو سجدہ نہ کر سر اٹھا تیرا نام راشد ہے اور تو ہمدان کا رہنے والا ہے۔ کیا تو چاہتا ہے کہ اپنے گھر واپس جائے میں نے کہا ہاں۔ حضرتؑ نے ایک صرہ عنایت کیا۔ اور اس خادم سے اشارہ کیا۔ وہ میرے ساتھ چند قدم چلا تھا۔ کہ کہا۔ دیکھ یہ اسد آباد ہے۔ جلد جا۔ اے راشد۔ اب جو پھر کر دیکھتا ہوں تو وہ خادم غائب ہے۔ ہم اسد آباد پہنچے۔ اس صرہ میں پچاس اشرفیاں تھیں جبتک وہ اشرفیاں ہمارے پاس رہیں ہم ہر طرح خوش حال رہے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ابو نعیم انصاری بیان کرتا ہے۔ کہ ۶ ذوالحجہ ۲۹۳ھ میں مسجد الحرام میں ایک جوان کو دیکھا جس کی تعظیم کے لئے ہم اٹھ کھڑے ہوئے۔ وہ بیٹھ گیا۔ اور کہا تم جانتے ہو۔ جناب امام جعفر صادق دعا میں کیا فرماتے تھے۔ میں نے اس دعا کو پڑھا۔ دوسرے روز اس جوان نے پوچھا۔ تم جانتے ہو۔ جناب امیر کون سی دعا پڑھتے تھے۔ میں نے اس دعا کو پڑھا۔ پھر پوچھا کہ حضرتؑ سجدہ شکر میں کون سی دعا پڑھا کرتے تھے۔ میں نے اس کو بھی پڑھا۔ پھر تیسرے روز اسی وقت تشریف لائے اور پوچھا کہ تم جانتے ہو۔ کہ امام زین العابدینؑ کونسی دعا پڑھتے تھے۔ اس کے بعد آپ نے محمد بن قاسم علوی کی طرف دیکھا۔ اور فرمایا۔ کہ تو خیر پر ہے۔ اے محمد بن قاسم۔ وہ حضرت صاحب الزمانؑ کو طلب کیا کرتا تھا۔ اس بعد آپؑ تشریف لے گئے۔

ابراہیم بن مہزیار ہوازی کہتے ہیں کہ ہم حضرت کے اشتیاق میں مکہ اور مدینہ گئے۔ ایک روز طواف کر رہے تھے۔ کہ ایک شخص سے ملاقات ہوئی۔ اس سے ہم نے اپنا اشتیاق ظاہر کیا۔ تو ہم کو وہاں سے طائف لے گیا۔ میدان میں ایک خیمہ پایا۔ جس کی روشنی سے تمام میدان نورانی ہو رہا تھا۔ اس خیمہ میں حضرتؑ سے ملاقات ہوئی۔ اور آپؑ نے میرا نام لے کر مجھ سے خطاب فرمایا۔ کہ دیکھ یہ مجلس امانت ہے ہم وہاں تھوڑی دیر رہے اور حضرتؑ سے استفادہ کرتے رہے۔ اس بعد آپؑ نے واپسی کی اجازت دی میرے پاس پچاس ہزار درہم سے کچھ زیادہ مال تھا۔ میں نے عرض کیا اس کو قبول فرمایئے آپؑ نے تبسم فرمایا۔ اور کہا اے ابو اسحاق۔ اس کو اپنے دنوں میں خرچ کر اور اس سے رنجیدہ نہ ہو کہ ہم نے تیرا مال قبول نہیں کیا پھر دعائیں دیکر حضرتؑ نے ہم کو رخصت کیا خلق اس کو کہتے ہیں نہ کہ وہ خلق ہے جو حضرات ثلاثہ سے دوران خلافت میں اکثر اوقات معرض ظہور میں آیا۔

الیواقیت والجواہر ص۱۴۳ پر ہے کہ شیخ عبد الوہاب شعرانی نے کتاب انوار قدسیہ میں لکھا ہے کہ ہمارے بعض مشائخ کا بیان ہے کہ ہم نے امام مہدی علیہ السلام کی بیعت کی ہے۔ دمشق شام میں اور ہم آپؑ کے پاس سات روز تک رہے ہیں۔

رحلہ ابن بطوطہ جلد دوم ص۲۴۳ پر ہے کہ جب ہم چین کلاں میں وارد ہوئے تو سنا کہ وہاں ایک شیخ کبیر ہے جو دو سو سال سے زیادہ عمر کا ہے نہ کھاتا ہے نہ پیتا ہے نہ بات کرتا ہے اور نہ کوئی عورت رکھتا ہے حالانکہ پوری قوت رکھتا ہے اور وہ ایک غار میں رہتا ہے ہم غار کی طرف گئے۔ اور اس کو دیکھا کہ لاغر ہے سرخی اس پر غالب ہے آثار عبادت نمایاں ہیں اور چہرہ بلا ریش ہے۔ کچھ عرصہ اس کی اور ہماری گفتگو ہوئی اور وہ غار میں داخل ہو گیا۔ ہم بھی ہجوم کر کے غار میں داخل ہوئے اور بہت تلاش کیا۔ مگر نشان تک نہ پایا۔ بالآخر ایک اور شخص اسی غار میں ملا جس نے ہم سے کہا کہ اب چلے جاؤ۔ وہ شخص تم سے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کبھی نہ ملے گا۔ وہ اب تم سے غائب ہو چکا ہے اور حاضر بھی ہے۔ ہم نے یہ واقعہ قاضی اور شیخ الاسلام اور اوحدالدین بخاری سے بیان کیا۔ تو انہوں نے کہا اس کی یہی عادت ہے۔ اور جو بعد میں تم دوسرا شخص اسی غار میں ملا ہے اور جس نے کہا ہے کہ وہ شخص اب تم کو کبھی نہیں ملے گا وہ خود ہی وہی بزرگ تھا جو پہلے غائب ہوا تھا۔ مقام غور ہے کہ سنی لوگ ایک معمولی عابد کو غائب اور زندہ بلا خورد و نوش اور صاحب کرامت مان لیتے ہیں۔ مگر امام مہدی علیہ السلام کو ایسا ماننے میں ہزار نخرے کرتے ہیں۔

کشاف اصطلاحات الفنون جلد اول صفحہ ۱۴۲ میں ہے کہ ابدال جہاں چاہیں ہندوستان سے مکہ کو آن واحد میں چلے جاتے ہیں۔ اور جس انسان کی شکل چاہیں اختیار کر سکتے ہیں۔ بلکہ ایک ہی شکل میں کئی جگہ موجود ہوتے ہیں۔

تفسیر علی بن ابراہیم قمی مطبوعہ ایران میں زیر آیہ سَأَلَ سَائِلٌ بِعَذَابٍ وَاقِعٍ کی تفسیر میں لکھا ہے کہ ایک آگ مغرب سے نکلے گی اور اس آگ کو فرشتے پیچھے سے ہانکیں گے۔ یہاں تک کہ بنی سعد بن ہمام کے گھر کے پاس پہنچ جائیگی۔ اور بنی امیہ کے گھر کو بغیر جلائے نہ چھوڑے گی۔ نہ گھر کے باشندوں کو اور نہ گھر کو جس میں آل محمدؐ کا حق ہوگا۔ اور یہی امام مہدی علیہ السلام ہونگے۔

آنحضرتؐ کا ارشاد ہے کہ خداوند عالم میری عترت سے ایک شخص کو مبعوث کرے گا۔ جو تمام زمین کو عدل سے بھر دے گا۔ وہ امام ہوگا اور حضرت عیسیٰ ماموم ہونگے یعنی یہ امامؑ اور حضرت عیسیٰؑ دو علیحدہ اشخاص ہونگے۔ یہ امام ظہور کی ساعت تک نگاہ خلق سے اس طرح پنہاں رہیگا۔ جس طرح آفتاب بادلوں کے پیچھے پوشیدہ ہوتا ہے۔ اس امام کے والد بزرگوار کا اسم گرامی حسن عسکری اور اس کا اپنا پاک نام محمدؐ ہوگا اور اس کے زمانہ غیبت میں ہزارہا اشخاص اس سے مستفیض ہونگے۔

مباہلہ نجران

نجران کے معزز نصاریٰ کی ایک جماعت بہ سرکردگی عاقب و عبدالمسیح و ابوحارثہ بتاریخ ۲۴ ذوالحجہ آنحضرتؐ کی خدمت میں حضرت عیسیٰ کے بارے میں گفتگو کرنے کے لئے حاضر ہوئی۔ جب اس جماعت کو باوجود براہین قاطعہ کے بھی نور ایمان نصیب نہ ہوا۔ تو حضرت جبرئیل علیہ السلام سورہ آل عمران آیہ نمبر ۶۱ آیہ مباہلہ لے کر نازل ہوئے۔

فقل تعالوا ندع ابناءنا وابناءکم ونساءنا ونساءکم وانفسنا وانفسکم ثم نبتھل فنجعل لعنۃ اللہ علی الکاذبین۔ یعنے اے محمدؐ ان سے کہدو۔ کہ آؤ (میدان میں) ہم اپنے بیٹوں کو بلائیں۔ تم اپنے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بیٹوں کو بلاؤ - ہم اپنی عورتوں کو بلائیں - تم اپنی عورتوں کو بلاؤ - ہم اپنی جانوں کو بلائیں - تم اپنی جانوں کو بلاؤ - پھر مباہلہ کریں - اور کاذبوں پر لعنت کریں -

چنانچہ طرفین کے معاہدے کے بموجب آنحضرت نے ۲۴ - ذوالحجہ کی صبح کو امام حسن علیہ السلام کا تو ہاتھ پکڑ لیا اور امام حسین علیہ السلام کو گود میں اٹھا لیا اور جناب سیدہ آنحضرتؐ کے پیچھے ہوئیں اور حضرت امیر علیہ السلام انکے پیچھے جب مقام مباہلہ پر پہنچ کر پانچوں حضرات بیٹھ گئے - تو نصاریٰ نے خوفزدہ ہو کر اس شرط پر آنحضرتؐ سے صلح کر لی - کہ ہم ہر سال آپ کی خدمت میں دو ہزار حلے بھیجا کرینگے اور ہر ایک حلے کی قیمت دو ہزار درہم ہوگی اور اگر آنحضرتؐ سے کوئی برسر پیکار ہو جائے تو ہم تیس زرہ اور تیس نیزے اور تیس گھوڑے عاریتاً دیا کریں گے -

تفسیر کبیر امام رازی جلد اول صفحہ ۴۰۹ پر بروایت امام شعبی لکھا ہے - کہ یحییٰ ابن یعمر فقیہ خراسان پابہ زنجیر حجاج کے دربار میں لایا گیا - حجاج نے کہا - کیا تمہارا گمان ہے کہ حسنؑ اور حسینؑ ذریت رسولؐ ہیں یحییٰ نے کہا - بیشک وہ دونوں حضرات ذریت رسولؐ سے ہیں - اور پھر یحییٰ نے ندع ابناءنا کو دانستہ ترک کر کے سورہ انعام سے و نوحا ھدینا من قبل و من ذریتہ داؤد و سلیمان تا عیسیٰ پڑھا یحییٰ نے حجاج سے پوچھا حضرت عیسیٰؑ کا باپ کون تھا حالانکہ وہ بھی قرآن میں ذریت نوح میں داخل ہے حجاج شرمندہ ہو کر خاموش ہو

تفسیر کبیر امام فخر الدین رازی جلد دوم صفحہ [illegible] اور [illegible] و برحاشیہ تفسیر کبیر صفحہ ۴۹۵ پر ہے کہ بروز مباہلہ آنحضرتؐ اپنے ہمراہ علیؑ و فاطمہؑ حسنؑ و حسینؑ علیہم السلام کو لے گئے -

تفسیر معالم التنزیل صفحہ ۱۹۴ پر ہے کہ ابناءنا سے مراد امام حسنؑ اور امام حسینؑ ہیں اور نساءنا سے مراد جناب سیدہ ہیں اور انفسنا سے مراد حضرت علی علیہ السلام ہیں -

تفسیر نیشاپوری جلد سوم صفحہ [illegible] پر ہے کہ عائشہ کہتی ہے کہ جب آنحضرت باہر نکلے تو اپنی عبا کے نیچے امام حسنؑ اور امام حسینؑ اور جناب امیرؑ اور جناب فاطمہؑ کو داخل کیا -

جامع مسلم ترمذی اور ابن منذر اور بیہقی نے اپنے سنن میں سعد بن ابی وقاص سے روایت کی ہے کہ جب آیہ مباہلہ نازل ہوئی تو آنحضرتؐ نے علیؑ و فاطمہؑ و حسنؑ و حسینؑ کو بلایا اور خدا کی درگاہ میں ہاتھ اٹھائے اور فرمایا خداوندا یہی میرے اہلبیت ہیں (اور کوئی نہیں ہے) ناظرین - یوم مباہلہ کی صبح کو آنحضرت کے دردولت پر اصحاب رسولؐ کا مجمع کثیر جمع تھا - اور سب منتظر تھے کہ آنحضرتؐ ہم میں سے کن کن کو منتخب فرما کر شرف ہمراہی بخشتے ہیں - مگر ایں سعادت بزور بازو نیست "آخرۃ" اور بارگاہ صمدی سے اہلبیت ہی کے نام پر نکلا - اور مقام مباہلہ دیکھ [illegible] اور جب نجران کے نصاریٰ نے مصالحت قرار پا چکی تو آنحضرتؐ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نے فرمایا کہ اگر یہ لوگ مباہلہ پر قائم رہتے۔ یعنی ہم آپس میں ایک دوسرے پر لعنت کرتے اور کاذب کے لئے طالب غضب خدا ہوتے۔ تو خدا اس نصاریٰ کی جماعت کو بندر اور سور کی شکلوں میں مسخ کر دیتا۔ اور یہ میدان مباہلہ انکے لئے آگ بن جاتا جس پر کوئی ذی روح زندہ نہ رہتا۔

تفسیر کشاف امام جار اللہ زمخشری مطبوعہ کلکتہ جلد اول صفحہ ۲۰۱ سطر ۲۳۔ اور تفسیر درمنثور امام جلال الدین سیوطی مطبوعہ مصر جلد دوم صفحہ ۳۸ سطر ۴۔ اور صواعق محرقہ امام ابن حجر مکی مطبوعہ بمبئی صفحہ ۸۶ سطر ۱۰ بروایت سعد بن ابی وقاص اور تفسیر کبیر امام رازی مطبوعہ مصر جلد دوم صفحہ ۶۹۹ سطر ۲۰۔ اور تفسیر معالم التنزیل امام بغوی مطبوعہ بمبئی صفحہ ۱۶۳ سطر ۲۲۔ اور تفسیر بیضاوی قاضی بیضاوی مطبوعہ نولکشور صفحہ ۱۴ سطر ۱۶ بروایت عبد اللہ بن عمر لکھا ہے کہ آنحضرتؐ بروز مباہلہ اپنے ساتھ علی و فاطمہ حسن و حسین علیہم السلام کو لے گئے۔

تفسیر غرائب القرآن امام نیشاپوری جلد اول صفحہ ۳۲۹ سطر ۴ پر واقعہ مباہلہ لکھ کر یہ بھی لکھا ہے کہ آنحضرتؐ نے علیؑ و فاطمہؑ و حسنؑ و حسینؑ کو اپنی عبا کے اندر داخل فرما کر آیہ "تطہیر کی تلاوت فرمائی"۔

تفسیر کشاف جلد اول صفحہ ۲۰۱ سطر ۱۷۔ اور تفسیر بیضاوی صفحہ ۱۴ سطر ۲۰ اور مودۃ القربیٰ امام ہمدانی میں نقل مباہلہ کے علاوہ یہ بھی لکھا ہے۔ کہ آنحضرتؐ نے فرمایا کہ اگر تمام روئے زمین کوئی متنفس علیؑ و فاطمہؑ و حسنؑ و حسینؑ سے بہتر ہوتا تو خدا اس کو مباہلہ میں لے جانے کا مجھے حکم دیتا۔ مگر چونکہ علم خدا میں علیؑ و فاطمہؑ و حسنؑ و حسینؑ سب (ارض و سماوی مخلوقات) سے افضل ہیں اس لئے مباہلہ میں انکو ہمراہ لے جانیکا حکم ہوا۔

خدا نفس ہمپرسش خواندہ است   دگر زو فضیلت کجا ماندہ است

مباہلہ نجران میں آنحضرتؐ کا اپنے ہمراہ حضرت علیؑ حضرت فاطمہؑ امام حسنؑ اور امام حسینؑ کو لے جانا عقل سلیم کے لئے روشن دلیل ہے۔ کہ آنحضرتؐ کے نکتہ نگاہ میں یہی چار نفوس تمام مخلوق سے بہتر حالت میں خالق تھے۔ اگر اصحاب رسول ص اور ازواج رسول میں سے کسی ایک کو بھی ان نفوس کے درجہ مساوات حاصل ہوتا۔ تو آپ اس کو اپنے ہمراہ ضرور لے جاتے۔

واقعہ مباہلہ سے جہاں یہ ثابت ہوتا ہے کہ اہلبیت محمدؐ کو جملہ مخلوقات ارضی و سماوی پر سبقت حاصل ہے وہاں یہ بھی ظاہر ہوتا ہے کہ آنحضرتؐ کے بعد آئمہ اطہار بلا فصل خلیفہ ہیں۔ اور ثلاثہ غاصب اور خائن ہیں۔

مودۃ القربیٰ

تفسیر کشاف جلد سوئم صفحہ ۶۷ پر ہے کہ آنحضرتؐ سے پوچھا گیا۔ کہ وہ کون قرابتمند ہیں جن کی مودت ہم پر فرض ہے۔ آنحضرتؐ نے فرمایا۔ وہ علی و فاطمہ و حسن و حسین علیہ السلام ہیں۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com   http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

تفسیر بیضاوی جلد دوئم ص۲۳ تفسیر خازن جلد چہارم ص۹۵ تفسیر مدارک بر حاشیہ خازن ص۹۵ تفسیر ابن مسعود بر حاشیہ تفسیر کبیر جلد ہفتم ص۴۰۶ تفسیر طبری جلد بست و پنجم ص۱۴ تفسیر نیشاپوری جلد بست و پنجم ص۳۱ تفسیر زاہدی تفسیر حسینی وغیرہ میں مرقوم ہے۔ کہ فرمایا آنحضرتؐ نے کہ قربےٰ جن کی مودت (اطاعت اور محبت) بہ حکم خدا اہل اسلام پر فرض ہے علیؑ و فاطمہؑ و حسنؑ و حسینؑ ہیں۔

تفسیر در منثور جلد ششم ص۷ پر تقریباً ڈیڑھ سو (۱۵۰) احادیث درج ہیں جن کا تمام مطلب یہی ہے۔ کہ وہ قربےٰ جن کی مودت مسلمانوں پر فرض ہے علی و فاطمہ و حسن و حسین علیہم السلام ہیں۔

تفسیر کشاف علامہ زمخشری جلد سوئم ص۶۷ مطبوعہ مصر اور بخاری اور مسلم اور مسند احمد حنبل اور در منثور وغیرہ میں سورہ الشوریٰ آیہ نمبر ۲۳ "مودۃ القربےٰ" میں طویل حدیث ہے جس کا خلاصہ یہ ہے کہ فرمایا آنحضرتؐ نے۔ جو شخص میرے اہلبیت کی دوستی پر مرتا ہے وہ شہید اور مغفور اور تائب اور کامل الایمان اور میری سنت پر مرتا ہے۔ اس کو نکیرین بہشت کی خوشخبری دیتے ہیں اور اس کی قبر میں بہشت کے دروازے کھول دئے جاتے ہیں۔ اس کی قبر ملائکہ کی زیارت گاہ بن جاتی ہے اور اس کو بہشت میں اس طرح لے جاتے ہیں۔ جس طرح دلہن کو شوہر کے گھر لے جاتے ہیں اور فرمایا کہ جو شخص میرے اہلبیتؑ کی دشمنی پر مرتا ہے اس کی پیشانی پر لکھ دیا جاتا ہے کہ یہ رحمت خدا سے مایوس ہے اور کافر ہے اور وہ بہشت کی بو تک نہ سونگھ سکیگا۔ ایک صحابی نے پوچھا کہ وہ اہلبیتؑ کون حضرات ہیں۔ فرمایا۔ علی و فاطمہ و حسن و حسین علیہم السلام۔ پھر فرمایا کہ جو شخص میرے اہلبیت پر ظلم کرے اس پر بہشت حرام ہے۔

تفسیر ثعلبی بغوی میں بروایت ابن عباس لکھا ہے کہ آیہ "مودۃ فی القربیٰ" کے نزول پر ایک شخص کے دل میں وسوسہ ہوا۔ کہ آنحضرتؐ نے یہ تمام باتیں اپنے دل سے بنا لی ہیں۔ اس پر سورہ شوریٰ آیہ نمبر ۲۳۔ "ام یقولون افترےٰ علی اللہ کذبا" کا نزول ہوا۔

تفسیر کشاف مطبوعہ مصر جلد سوئم ص۶۸ پر سورہ شوریٰ آیہ نمبر ۲۳۔ "ومن یقترف حسنۃ" کی تفسیر میں بروایت سدی لکھا ہے کہ نیکی سے مراد آل محمدؐ کی دوستی ہے۔

تفسیر ثعلبی بغوی میں سورہ الشوریٰ آیہ نمبر ۲۴ "وہو الذی یقبل التوبۃ عن عبادہ" کی تفسیر میں بروایت ابن عباس لکھا ہے کہ اس آیہ کے نزول پر اس شخص کی توبہ آنحضرتؐ نے قبول کر لی۔ جس کے دل میں وسوسہ ہوا تھا۔ کہ آنحضرتؐ نے یہ تمام باتیں اپنی طرف سے بنا لی ہیں۔

تفسیر در منثور میں زیر تفسیر آیہ "فتلقیٰ آدم من ربہ کلمات" اور معارج النبوۃ جلد دوم ص۱ پر ہے کہ حضرت آدم علیہ السلام کی توبہ محمدؐ و علیؑ و فاطمہؑ و حسنؑ و حسینؑ علیہم السلام کے توسل سے قبول ہوئی۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اہل اسلام خوب جانتے ہیں کہ سنت اور فرض میں کیا فرق ہے سنت آنحضرتؐ یا آل محمدؐ کے قول یا فعل کو کہتے ہیں جس پر عمل کرنا داخل ثواب ہے۔ مگر اس کا ترک کرنا موجب عذاب نہیں ہے فرض خدا کے حکم کو کہتے ہیں جس پر عمل کرنا واجب ہے اور جس کا ترک کرنا موجب عذاب ہے۔

آنحضرتؐ کے قرباء سے مودت (محبت۔ اطاعت) رکھنا اسی طرح فرض ہے جس طرح نماز۔ روزہ حج۔ زکوٰۃ۔ خمس اور جہاد۔ پھر ترک اور انکار میں نمایاں فرق ہے۔ فرض کا تارک گناہ عظیم کا مرتکب ہے۔ مگر فرض کا منکر کافر اور مرتد ہے یہ بات ظاہر ہے کہ اعدائے اہلبیتؑ نے آنحضرتؐ کے قرباء سے صرف کنارہ کشی اختیار نہیں کی۔ بلکہ ان کو ہمیشہ تختۂ مشق ستم بنائے رکھا۔

مختصر حالات حضرت ابوبکر صاحب

جناب ابوبکر صاحب بن قحافہ خاندان قریش میں سے عدی تھے۔ ان کا باپ ابو قحافہ آنحضرتؐ کے عہد رسالت میں زندہ رہا لیکن تادم آخر مسلمان نہ ہوا۔ ابوبکر کی زوجہ کا نام قتیلہ بنت عبد العزےٰ تھا جو ابو قحافہ کی طرح کافرہ ہی فوت ہوئی۔ چنانچہ ابوبکر نے اسے طلاق دیدی ہوئی تھی۔ اس کی ایک عورت کا نام ہند تھا۔ ابوبکر دراصل عمر بن خطاب کے ہاتھ میں ایک ایسا ہتھیار تھا۔ یہ ایک تلوار تھا جس کا قبضہ عمر کے ہاتھ میں تھا۔ اور جس سے اہلبیتِ رسولؐ کے حلق بے دریغ کاٹ دیئے گئے۔ تقریباً چالیس سال کی عمر میں مسلمان ہوا۔ اور تریسٹھ سال کی عمر میں فوت ہوگیا۔

تاریخ بغداد مؤلفہ خطیب بغدادی میں ہے کہ ابوبکر اور شیطان کا ایمان مساوی ہے۔

فتح الباری میں ہے کہ ابوبکر کا نام عبداللہ تھا۔ اور یہی مشہور تھا۔ اور کہا جاتا ہے کہ اس کا نام قبل از اسلام عبد الکعبہ تھا۔ اور نیز یہ بھی ہے کہ اس کا نام عتیق تھا۔ استیعاب میں ہے کہ ابوبکر کا نام عبد الکعبہ تھا اور آنحضرتؐ نے عبداللہ رکھا۔ علامہ عینی لکھتا ہے کہ ابوبکر کی ماں (بت کے سامنے) التجا کرتی تھی۔ اسے رب عبد الکعبہ اس کی آرزوں کو پورا کر کیونکہ وہ (ابوبکر) صخر کے مشابہ ہے ابوبکر کے نانا کا نام صخر تھا۔ استیعاب صفحہ ۳۴۳ پر ہے کہ ابوبکر کے دو اور بھائی تھے۔ ایک کا نام عتیق تھا جب عتیق مر گیا۔ تو ابوبکر کا نام (عتیق) رکھ دیا گیا۔

علامہ ابوالفوز محمد امین بغدادی المشہور سویدی نے کتاب سبائک الذہب فی معرفت قبائل العرب صفحہ ۲۵ پر لکھا ہے کہ قبیلہ ربیعہ کے ایک شخص نے ابوبکر کو کہا۔ خدا کی قسم تو قریش کے چرواہوں میں سے ہے۔ شیخ ابوجعفر ابن کاذی مقربی لکھتا ہے کہ ارباب لکھتے ہیں۔ کہ ابوبکر اپنے باپ قحافہ کو کچھ نہ

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

دبتا تھا۔ اور وہ عبداللہ ابن جدعان کے دسترخوان پر مکھیاں اڑایا کرتا۔ اور بسر اوقات کرتا۔

تاریخ طبری میں بروایت عفیف کندی لکھا ہے کہ رسول اللہؐ اور حضرت خدیجہؑ اور حضرت علیؑ خانہ کعبہ میں آکر نماز پڑھا کرتے تھے جس پر حضرت عباس عم رسولؐ نے فرمایا قسم خدا کی ہم جہانتک جانتے ہیں تمام روئے زمین پر ان تین شخصوں رسول اللہؐ۔ حضرت خدیجہؑ۔ حضرت علیؑ کے سوا کوئی دوسرا اس دین پر نہیں ہے۔ پھر عفیف کہتا ہے کہ اگر میں اس روز اسلام لایا ہوتا۔ تو تیسرا مسلمان ہوتا۔ دوسری روایت میں ہے کہ چوتھا مسلمان ہوتا۔ بہ شرکت رسول اللہ صلعم

تاریخ طبری جلد دوم صفحہ ۲۱۵ پر ہے کہ ابوبکر کے اسلام لانے سے پہلے پچاس آدمی ایمان لا چکے تھے

تاریخ خمیس جلد اول صفحہ ۳۲۳ پر ہے کہ جب اصحاب رسولؐ کی تعداد ۳۹ ہوئی تو ابوبکر نے اصرار کیا کہ یا حضرتؐ اب ظاہر فرمائیں حضرتؐ نے فرمایا ہماری تعداد تو کم ہے۔ مگر ابوبکر اصرار کرتا گیا۔ یہاں تک کہ آنحضرتؐ نے نواحی مسجد میں ظہور کیا۔ ابوبکر نے خطبہ پڑھنا شروع کیا۔ آنحضرتؐ خاموش بیٹھے رہے۔ کفار کو یہاں تک غصہ آیا۔ کہ ان میں سے ایک کافر عتبہ بن ربیعہ نے اپنے پاؤں کے دو جوتے اتارے جن میں پیوند لگے ہوئے تھے۔ اور اس بے دردی سے مارنا شروع کیا۔ کہ ابوبکر کا چہرہ ایسا سوج گیا کہ چہرے پہ ناک معلوم نہ ہوتی تھی۔

شیخ عبدالحق دہلوی مدارج النبوة صفحہ ۳۴۹ پر لکھتے ہیں کہ آنحضرتؐ نے ابوبکر اور عمر کو عمرو عاص کی ماتحتی میں جنگ کے لئے بھیجا۔ مگر اس کی وجہ صرف آنحضرتؐ ہی خوب جانتے ہیں۔ استیعاب جلد اول صفحہ ۱۵۲ پر ہے۔ کہ ضمرہ بن ربیعہ کا بیان ہے کہ خالد بھی ابوبکر کے ساتھ ہی ایمان لایا۔ روضۃ الصفا جلد دوم مطبوعہ نولکشور صفحہ ۳۲۳ پر ہے کہ ابوبکر کی خلافت کے مخالفوں میں ابوسفیان بھی تھا جس کو راضی کرنے کیلئے اس کے بیٹے معاویہ کو شام کی حکومت پر مقرر کیا گیا۔ بریدہ بن حصیب اسلمی صحابی کو یہاں تک ابوبکر کی خلافت سے مخالفت تھی کہ انہوں نے حضرت علی علیہ السلام کے دروازے پر علم گاڑ دیا اور کہا کہ حضرت علی علیہ السلام کے سوا کوئی خلیفہ نہیں ہوسکتا تمام عمر حضرت علی علیہ السلام کیساتھ رہے۔ جنگ جمل و صفین میں بھی آپ کے ہمراہ رہا۔

حلیہ حضرت ابوبکر صاحب

استیعاب صفحہ ۲۴۲ پر ہے کہ ابوبکر دبلا تھا اس کا رنگ سفید تھا۔ رخسارے دبے ہوئے اور آنکھیں دھنسی ہوئی تھیں۔ مونڈھے جھکے ہوئے اور سینہ کبڑا تھا۔ پیشانی باہر کو نکلی ہوئی اور انگلیاں پتلیاں تھیں۔ ترجمہ اسد الغابہ ایڈیٹر النجم جلد پنجم صفحہ ۳۰۱ پر ہے کہ ابوبکر کا رنگ سفید اور جسم لاغر تھا۔ رخساروں پہ گوشت کم تھا۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اور چہرہ پر رگیں نمایاں تھیں۔ آنکھیں حلقوں کے اندر تھیں پیشانی بلند تھی حنا اور خضاب لگایا کرتا۔

تاریخ طبری جلد چہارم صفحہ ۴۹ پر ہے کہ علی بن محمد سے روایت ہے کہ ابوبکر کا رنگ سفید زردی مائل تھا۔ حسن القامت تھا۔ جسم لاغر اور ناک بلند و پست تھا۔ گال ڈبے ہوئے اور آنکھیں دھنسی ہوئی تھیں۔ پنڈلیاں باریک اور رانیں موٹی تھیں۔

تاریخ خمیس جلد دوئم صفحہ ۲۲۳ پر ہے کہ قیس بن حازم کہتا ہے کہ ابوبکر کا رنگ گندم گوں تھا۔ پھر دوسری روایت میں ہے کہ اس کا رنگ سیاہ اور قد لمبا تھا۔ تاریخ طبری میں ہے کہ ابوسفیان نے ابوبکر کو ابوفصیل (اونٹ کے بچے کا باپ) کہا۔

علم و اخلاق حضرت ابوبکر صاحب

کنز العمال کتاب الایمان فصل ششم اور تاریخ الخلفا سیوطی مطبوعہ لاہور صفحہ اور کتاب السنۃ الکائی میں ہے کہ ایک شخص نے ابوبکر کے پاس آکر پوچھا۔ کہ کیا آپ کی رائے میں زنا خدا کی قدر سے ہے۔ ابوبکر نے کہا۔ ہاں زنا خدا کی قدر سے ہے۔ سائل نے کہا جب زنا خدا کی قدر میں ہے تو میرے مقدر میں ہوا۔ تو پھر اس کی سزا کیوں ہوگی۔ ابوبکر نے کہا اے ابن الخنۃ (یہ لفظ اہل عرب گالی کے موقعہ پر استعمال کرتے ہیں) اگر اس وقت میرے پاس کوئی آدمی موجود ہوتا تو تیری ناک کاٹنے کا حکم دیتا

صواعق محرقہ ابن حجر باب مل فصل پنجم اور موطا امام مالک کتاب السرقہ باب یجب فیہ القطع فصل جامع القطع مطبوعہ دہلی مطبع احمدی ۱۲۶۳ھ صفحہ ۳۵۹ اور تاریخ الخلفا سیوطی مطبوعہ لاہور صفحہ ۷۶ فصل فیما دری عن الصدیق من الاثار الموقوفۃ الخ میں ہے کہ یمن میں سے ایک شخص جس کا ہاتھ اور پاؤں کٹا ہوا تھا۔ ابوبکر کے پاس آیا اور شکایت کی عامل یمن نے اس پر ظلم کیا ہے۔ جب وہ رات کو تہجد کی نماز پڑھتا ہے تو ابوبکر نے کہا مجھے تیرے باپ کی قسم ہے کہ تیری رات چوروں کی رات جیسی نہیں ہے۔

ترمذی میں بروایت ابن عمر اور مشکوٰۃ باب الایمان والنذر اور بخاری اور مسلم باب الایمان والنذر میں ہے۔ کہ فرمایا آنحضرتؐ نے کہ جو شخص غیر اللہ کی قسم کھائے اس نے کفر اور شرک کیا۔

ناظرین واللہ باللہ۔ اہلسنت نے حضرات ثلاثہ کی پاسداری میں اپنا دین و ایمان غارت کر دیا ہے

چنانچہ مسلم کتاب الایمان باب بیان الصلوٰۃ التی میں لکھا ہے کہ ایک اعرابی کو آنحضرتؐ نے نماز روزہ و زکوٰۃ کی تعلیم دی۔ تو اس نے کہا خدا کی قسم میں ان کا پابند رہونگا۔ تب آنحضرت نے فرمایا۔ مجھے اس اعرابی کے باپ کی قسم۔ اگر یہ سچا ہے تو اس نے فلاح پائی۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

شرح ابن ابی الحدید اور فتح الباری ابن حجر عسقلانی اور استیعاب ابن عبدالبر مالکی اور تاریخ طبری اور تاریخ کامل ابن اثیر اور کتاب سقیفہ احمد بن عبدالعزیز جوہری اور کتاب السیاست و الامامت ابن قتیبہ اور کتاب اموال ابو عبیدہ اور فضائل الصحابہ خثیمہ بن سلیمان طرابلسی اور تاریخ معجم طبرانی اور کبیر طبرانی اور تاریخ ابن عساکر اور مختارہ ضیا قدسی اور جمع الجوامع سیوطی اور کنز العمال ملا علی متقی اور منتخب کنز العمال اور مراۃ الزمان سبط ابن جوزی میں ہے۔ کہ ایک شخص فجاءہ ابوبکر کے پاس آیا۔ اور مرتدوں سے مقاتلہ کرنے کے لئے ہتھیار مانگے۔ چنانچہ ابوبکر نے اس کو ہتھیار دیدیے اور اس نے انہی ہتھیاروں سے راہزنی شروع کر دی۔ اور قتل و غارت کیا۔ جب ابوبکر نے فجاءہ کو گرفتار کیا۔ تو اس کو زندہ جلا دیا۔

قوشجی نے شرح تجرید میں لکھا ہے۔ کہ فجاءہ سلمی کو جلا دینا ابوبکر کی اجتہادی غلطی تھی۔ اور ایسی غلطیاں مجتہدین سے ہوا کرتی ہیں۔

کتاب مستقصیٰ علامہ زمخشری میں ہے کہ ابوبکر کے پاس دو شخص فجاءہ اور شجاع بن زرقا راہزنی کے جرم میں لائے گئے۔ فجاءہ قبیلہ بنی سلیم سے (مسلمان) تھا۔ اور شجاع قبیلہ بنی اسد سے (مسلمان) تھا۔ ابوبکر نے دونو کو زندہ جلا دیا۔

بخاری میں ہے کہ ابوبکر نے اپنے موافق اصحاب کو مخالف مسلمانوں پر جہاد کا حکم دیا۔ فتح الباری تاریخ اسلام جلد دوم باب دوم ص۳۳ ابن خلدون ابن اثیر میں ہے۔ کہ بیشک ابوبکر نے فجاءہ اسلمی کو صحابہ کے سامنے جلا دیا۔ ناظرین۔ یہ فجاءہ اسلمی مہاجرین اور اصحاب بدر میں سے تھا۔

ازالۃ الخفاء ص۳۱ اور ریاض النضرہ محب طبری باب فضائل ابوبکر اور تاریخ الخلفا سیوطی اور مسند امام حنبل ابو داؤد اور ترمذی اور ابن ماجہ میں ہے کہ ایک شخص مر گیا اور اس کی دادی ابوبکر کے پاس آئی۔ اور میراث کے متعلق مسئلہ پوچھا۔ ابوبکر نے کہا۔ ترا حق نہ قرآن سے نکلتا ہے اور نہ سنت سے۔ اچھا اب چلی جا۔ پھر آنا میں یہ مسئلہ کسی عالم سے پوچھ لوں۔

کنز العمال کتاب الفرائض برحاشیہ مسند احمد حنبل جلد چہارم ص۲۰۵ پر ہے کہ ایک شخص نے آنحضرت کو اطلاع دی کہ فلاں شخص فوت ہو گیا ہے اور اس کی خالہ اور عمہ باقی زندہ ہیں۔ وراثت کے بارہ میں حکم فرمایئے۔ آنحضرت نے وحی کا انتظار کیا۔ لیکن وحی نہ ہوئی۔ پھر اس نے دیکھو تو قف کے بعد پھر عرض کیا مگر وحی نہ ہوئی۔ اسی طرح سائل نے تین دفعہ سوال کیا۔ مگر وحی نہ ہوئی۔ بالآخر آنحضرت نے فرمایا کہ اس بارہ میں میرے پاس کوئی حکم نہیں پہنچا۔ ناظرین اس واقعہ میں بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ملاحظہ ہو جو محض محبت ابوبکر میں بتایا گیا۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

وازالۃ الخفاء بسند شعبی اور تفسیر کشاف سورہ نسا اور رسالہ مناقب شافعی امام رازی اور کتاب الانصار سمعانی اور کنز العمال میں ہے کہ ابوبکر سے کلالہ کی تفسیر پوچھی گئی۔ تو کہا میں اپنی رائے سے بتائے دیتا ہوں اگر میری رائے درست ہوئی۔ تو خدا کی طرف سے سمجھنا اور اگر خطا ہوئی۔ تو میری اپنی رائے سے اور شیطان کی طرف سے سمجھنا میری رائے ہے کہ کلالہ وہ ہے کہ جس کا نہ باپ ہو اور نہ بیٹا پس جب عمر خلیفہ ہوا تو اسنے کہا میں خدا سے حیا کرتا ہوں کہ ابوبکر کے قول کی تردید کروں اسی روایت کو بعینہ دارمی نے بھی لکھا ہے۔

کتاب مصابیح ابومحمد حسین بن مسعود بغوی اور بخاری کتاب الاعتصام باب مایذکر من ذم الرائے و تکلف القیاس اور قسطلانی جلد دہم ص۲۶ پر ہے کہ جو لوگ اپنی رائے سے فتوے دیتے ہیں۔ وہ خود بھی گمراہ ہیں۔ اور دوسروں کو بھی گمراہ کرتے ہیں۔

رسالہ مناقب شافعی امام رازی میں ہے کہ بغیر علم کے فتویٰ دینا۔ اپنی رائے سے فتویٰ دینا ہے پھر اسی رسالہ میں ہے کہ جو شخص ہماری شرع میں اپنی رائے سے فتویٰ دے۔ اس کو قتل کر دو۔

کنز العمال کتاب الفرائض حرف الفا اور مستدرک حاکم میں بروایت حمید لکھا ہے کہ ابوبکر نے کہا کہ کاشکہ میں نے رسول اللہ سے پھوپھی اور خالہ کی میراث کے بارہ میں پوچھ لیا ہوتا۔

کنز العمال کتاب الامامہ حرف الف خلافت ابوبکر میں ہے کہ ابوبکر نے کہا کاش کہ میں نے رسول اللہ سے پوچھ لیا ہوتا۔ کہ بھتیجی کی اور بہن کی میراث کیا ہوتی ہے۔

استیعاب ذکر حالات عبدالرحمن بن سہل اور ترکیب صواعق محرقہ ص۵۵ پر ہے کہ ابن عیینہ نے کہا کہ اس سے یحییٰ بن سعید نے اور اس سے محمد بن قاسم نے کہا۔ کہ ابوبکر کے پاس دو عورتیں آئیں۔ ایک متوفی کی جدہ یعنے دادی اور دوسری متوفی کی نانی تھی۔ ابوبکر نے متوفی کی نانی کو ترکہ کا ششم حصہ دیدیا۔ لیکن متوفی کی دادی کو کچھ نہ دیا۔ عبدالرحمن بن سہل نے ابوبکر کو کہا کہ تم نے اس عورت کو حصہ دیدیا ہے۔ کہ اگر وہ مرجاتی تو متوفی اس کا ورثہ نہ پاتا۔ اور اس کو کچھ نہ دیا جو اگر خود مرجاتی تو متوفی اس کا ورثہ پاتا۔ پس ابوبکر نے جائداد کو دونوں میں تقسیم کر دیا۔

کتاب اتقان علامہ سیوطی نوع سادس وثلثون فی معرفت غریب القرآن میں ہے کہ ابوعبیدہ نے کتاب فضائل میں ابراہیم تیمی سے روایت نقل کی ہے کہ ابوبکر سے پوچھا گیا کہ قرآنی الفاظ فاکہۃ واباً کا کیا مطلب ہے۔ ابوبکر نے کہا کہ کون آسمان میرے سر پر سایہ ڈالے گا۔ اور کون زمین مجھ کو برداشت کرے گی۔ اگر میں کتاب خدا میں وہ بات کہوں جو میں نہیں جانتا ہوں۔

کنز العمال خلافت ابوبکر کتاب الامامہ حرف ہمزہ اور ریاض النضرہ محب الدین طبری اور

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ازالۃ الخفاء ولی اللہ ماثر حمیدہ صدیق اکبر مقصد دوئم میں ہے۔ اور امام بیہقی اور دارمی نے بھی روایت کی ہے کہ میمون بن مہران کہتا ہے کہ ابوبکر کی یہ عادت تھی۔ کہ جب اس کے سامنے کوئی دعویٰ پیش ہوتا تو قرآن کو دیکھتا۔ اگر اس میں حکم نہ پاتا۔ تو حدیث کو دیکھتا۔ اگر اس میں حکم نہ پاتا۔ تو مسلمانوں سے پوچھتا۔ اگر انسے پتہ نہ ملتا۔ تو سرداروں اور عالموں کے اجماع پر فیصلہ دیتا۔ اور یہی معمول عمر بن خطاب کا تھا۔

کنز العمال کتاب الحدود حرف الحا فرع خامس حد لواطہ اور کتاب ذم الملاہی ابن ابی الدنیا اور کتاب مناقب الاصحاب نجم الدین ابوبکر بن محمد بن حسین السلافی المرندی میں ہے اور ابن منذر و ابن بشران اور بیہقی نے روایت کی ہے۔ کہ محمد بن منکدر سے روایت ہے کہ خالد بن ولید نے ابوبکر کو لکھا کہ یہاں ایک عربی مرد عورتوں کی طرح بدفعلی کرتا ہے۔ ابوبکر نے اصحاب رسولؐ کو مشورہ کے لئے جمع کیا۔ (یعنی اس کو قرآن اور حدیث سے اس کے متعلق کوئی حکم معلوم نہیں ہو سکا) حضرت علی علیہ السلام نے عربی مرد کے زندہ جلا دینے کا حکم دیا۔ چنانچہ خالد کو یہ حکم لکھ دیا گیا۔

کتاب اصابہ اور تاریخ واقدی میں ہے کہ خالد بن ولید نے اثنائے جنگ میں اشعث بن قیس کو قیدی بنا کر ابوبکر کے پاس بھیج دیا۔ ابوبکر نے اس پر شرعی حد جاری کرنے کی بجائے اس کے نکاح میں اپنی ہمشیرہ ام فروہ دیدی۔ ناظرین تعمل ابوبکر اشعث بھی مرتدین میں سے خاندان قریش سے تھا جسکو ارتداد کے صلہ میں کنواری لڑکی ملتی ہے اور مالک بن نویرہ سے کیسا ظالمانہ سلوک کیا جاتا ہے۔

اصبغ بن حرملہ نے اس نکاح کے بارہ میں ایک قصیدہ لکھا ہے۔ جس کا ایک شعر یہ ہے:

اکان ثواب النکث احیاء نفسہ ۔۔۔ وکان ثواب الکفر تزویج البکر

یعنی عہد اسلام توڑنے کا کیا اچھا ثواب ہے کہ اس کو زندگی دی گئی۔ یعنی اس کو قتل نہ کیا گیا۔ اور اس کے کفر کا کیا اچھا ثواب ہے کہ اس کو کنواری نکاح میں دی گئی۔

طبقات ابن سعد اور کنز العمال میں ہے۔ کہ اسلم کہتا ہے کہ مجھے عمر بن خطاب نے سنہ [illegible] میں خرید ا اور وہ سال وہ تھا جس میں اشعث بن قیس قیدی ہو کر آیا تھا۔ میں اس کو دیکھتا تھا کہ وہ زنجیر ہائے آہنی پہنے ہوئے ابوبکر سے باتیں کرتا تھا۔ ابوبکر اس کو کہتا تھا۔ کہ تو نے یہ کیا اور وہ کیا اور فلاں فلاں تو نے کیا۔ یہاں تک کہ جب یہ باتیں ہو گئیں تو اشعث بن قیس نے کہا۔ اے خلیفہ رسولؐ مجھے اپنے جنگ کے لئے چھوڑ (یعنی اب میں تمہاری طرف ہو کر تمہارے دشمنوں سے لڑا کرونگا۔) اور مجھ سے اپنی بہن کا نکاح کر دے پس ابوبکر نے اس پر احسان کیا اور اس کے ساتھ اپنی بہن ام فروہ کا نکاح کر دیا۔

ناظرین! اسی اشعث بن قیس کا بیٹا محمد بن اشعث (ابوبکر کا بھانجا) کربلا میں لشکر یزید میں شامل

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

تھا۔ اس نے جناب سیدالشہداؑ کو طعنہ دیا۔ کہ اے پسرِ فاطمہؑ تم کو کونسی حرمت و عزت رسول اللہؐ کی طرف سے حاصل ہے جو دوسروں کو حاصل نہیں ہے۔ امام حسین علیہ السلام نے ان اللہ اصطفٰے آدم ونوحا وآل ابراھیم وآل عمران علی العالمین تلاوت فرمایا اور ارشاد فرمایا کہ آنحضرتؐ آلِ ابراہیم سے ہیں اور ہم آلِ محمدؐ سے ہیں۔ پھر حضرت نے لوگوں سے پوچھا کہ مجھے وہ کلمات کس نے کہے تھے۔ جواب ملا کہ محمد بن اشعث نے کہے تھے پس امام ہمام نے اپنا سر آسمان کی طرف اٹھایا اور فرمایا۔ پروردگارا محمد بن اشعث کو تو آج ہی ذلت کا لباس پہنا اور آج کے بعد اس کو خلعتِ عزت عطا نہ کر۔ اسی وقت محمد بن اشعث کو کوئی عارضہ لاحق ہوا اور رفعِ حاجت کے لئے ایک طرف کو گیا۔ خدا نے ایک بچھو اس پر مسلط کیا جس نے اس کو ڈنگ مارا اور وہ پاخانہ میں لوٹ لوٹ کر مر گیا۔

محمد بن اشعث کے بھائی قیس بن اشعث کندی نے امام ہمامؑ کی شہادت کے بعد حضرت کا قطیفہ آپکے بدن سے اتار لیا جس کی وجہ سے وہ کوڑھی ہو گیا۔ ایک دن کتوں نے اس کا بدن نوچ کھایا اور وہ مر گیا۔

اسی اشعث بن قیس کی لڑکی اور ابوبکر کی بھانجی مسماۃ جعدہ نے معاویہ کی سازش سے امام حسن علیہ السلام کو سات دفعہ زہر دیا۔ جس کی وجہ سے حضرتؑ شہید ہو گئے۔

اسی اشعث بن قیس نے وہی ہے جس نے ابوبکر کو کہا تھا کہ اب تمہاری طرف سے تمہارے دشمنوں سے لڑا کروں گا) معاویہ سے رشوت لی اور جناب امیر علیہ السلام کا مخالف ہو گیا۔ اور بالآخر خارجی ہو کر فوت ہوا اور اپنا وعدہ کہ دشمنانِ ابوبکر سے لڑونگا پورا کر دیا۔

کنز العمال فی آداب العلم المتفرق کتاب العلم حرف العین میں ہے کہ محمد ابن سیرینؒ سے روایت ہے کہ جب ابوبکر کے پاس کوئی تنازعہ پیش ہوتا اور اس کو قرآن سے اس کا حکم نہ ملتا اور نہ حدیث سے پتہ چلتا۔ تو کہا کرتا کہ میں اپنی رائے سے اجتہاد کرتا ہوں پس اگر درست ہو گا۔ تو خدا کی طرف سے ہو گا۔ ورنہ میری طرف سے ہو گا جس کیلئے خدا سے مغفرت چاہتا ہوں یہی روایت ابن سعد اور عبدالبر نے بھی لکھی ہے۔

تاریخ الخلفا سیوطی ص۶۹ میں ہے کہ ایک دن ابوبکر اور عقیل بن ابی طالب میں گالی گلوچ ہوئی۔ تاریخ کامل ابن اثیر جلد دوم ص۵۳ اور سیرۃ ابن ہشام جزو ثانی مطبوعہ مصر ص۱۸۹ پر ہے۔ کہ ابوبکر کو گالیاں دینے کی عادت تھی۔

کنز العمال میں ہے کہ ابن ابی الدنیا نے کتاب الصمت میں اور ابو نعیم نے کتاب حلیۃ المتقین میں ابن عمر سے روایت کی ہے کہ ہر فحش کہنے والے پر جنت حرام ہے اور اللہ تعالیٰ فحش گو کو دشمن رکھتا ہے۔ احمد بن حنبل نے مسند میں اور طبرانی نے معجم کبیر میں اور ابو یعلٰے نے مسند میں جابر بن سمرہ سے روایت

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کی ہے۔ کہ فحش گو اسلام میں کچھ حقیقت نہیں رکھتا۔ شعب الایمان بیہقی میں ہے۔ کہ فحش گو اللہ کا دشمن ہے۔ ضیاء مقدسی نے کتاب مختارہ میں اور طبرانی نے معجم کبیر میں اور خرائطی نے مساوی الاخلاق میں لکھا ہے کہ فحش گو دشمن خدا ہے

تفسیر درمنثور جلد ششم صفحہ ۷۵ پر عبدالرزاق اور امام احمد حنبل اور عبد بن حمید اور بخاری مترجم پارہ ۱۱ کتاب الشروط مع الناس مطبوعہ احمدی پریس لاہور صفحہ ۱۷ اور ابو داؤد اور نسائی اور ابن ماجہ اور ابن جریر اور ابن منذر کی سند پر لکھا ہے کہ صلحنامہ حدیبیہ کے دن عروہ بن مسعود ثقفی نے آنحضرتؐ سے عرض کیا کہ قبائل عرب سے جو لوگ آپ کے ہمراہ جمع ہیں میں ان کے اخلاق اس قابل دیکھ رہا ہوں کہ یہ بھاگ جائیں۔ اور آپکو چھوڑ دیں۔ اس پر ابوبکر نے اس کو گالی دی جو فحش تھی اور کہا۔ تو لات بت کا بظر چوس۔ قسطلانی کہتا ہے کہ بظر اس گوشت کے ٹکڑے کو کہتے ہیں۔ جو عورت کی فرج میں اس کا ختنہ کرنے کے بعد رہتا ہے۔ وحید الزمان نے تیسیر الباری شرح بخاری جزو یازدہم صفحہ ۱۲۰ پر لکھا ہے کہ ابوبکر نے کہا تھا۔ تو لات بت کا ٹنا چوس۔

بخاری کتاب الشروط باب الشروط فی الجہاد والمصالحۃ مع اہل الحرب اور نسائی اور مسند احمد حنبل میں بھی عروہ اور ابوبکر والی روایت مسطور ہے۔

تاریخ الخلفا سیوطی میں ہے کہ امام احمد حنبل نے سند حسن سے ربیعہ اسلمی کی روایت لکھی ہے کہ اس نے کہا کہ میرے اور ابوبکر کے درمیان گفتگو ہوئی۔ ابوبکر نے مجھ کو ایک مکروہ کلمہ کہا اور پھر نادم ہوا۔

تاریخ الخلفا سیوطی اور ازالۃ الخفا مقصد دوم صفحہ ۲۵ پر ہے کہ جب عمر نے مالک بن نویرہ کی قوم کیساتھ نرمی اختیار کرنے کو ابوبکر سے کہا تو ابوبکر نے کہا کہ بحالت کفر تو جبار تھا اور بحالت اسلام تو ذلیل ہے۔

کنز العمال کتاب الشمائل بشمائل متفرقہ برحاشیہ مسند جلد سوم صفحہ ۱۱۰ پر ہے کہ ابن نجار نے انس سے روایت لکھی ہے۔ کہ رسول اللہ کو نماز میں آنے میں توقف ہوا کیونکہ آنحضرتؐ کی ازواج کے پاس کوئی چیز تھی جس کو آنحضرتؐ ان میں تقسیم کر رہے تھے۔ اتنے میں ابوبکر آ گیا۔ کہنے لگا۔ یا رسول اللہ ان عورتوں کے منہ میں خاک ڈالو اور نماز کے لئے باہر آؤ۔

مدارج النبوۃ جلد دوم صفحہ ۱۱۲ پر ہے کہ آنحضرتؐ نے غزوہ بدر کے دن دعا میں بہت الحاح اور طول دیا۔ یہاں تک کہ آپ کی ردا آپکے کندھے سے گر پڑی۔ ابوبکر نے ردا کو اٹھا کر آنحضرتؐ کے کندھے پر رکھ دیا۔ اور کہا یا رسول اللہ اب اتنی طول طویل دعا کو ترک کرو۔ خدا عنقریب آپکی حاجات کو پورا کریگا۔

تفسیر درمنثور جلد اول صفحہ ۲۲۰ پر ہے کہ ابوبکر کی بیٹی اسماء سے روایت ہے کہ ایک دفعہ ہم ساتھ آنحضرتؐ کے ہمراہ حج کو گئے تو ہمارا اور ابوبکر کا شتر بار یعنی لادنے کا ایک تھا جو ابوبکر کے غلام کے ہاتھ میں تھا۔ جب ہم مقام عرج پر پہنچے۔ تو عائشہ آنحضرتؐ کے ساتھ اور میں ابوبکر کے ساتھ بیٹھی۔ اتنے میں وہ غلام نظر آیا۔ مگر اسکے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ساتھ اونٹ نہ تھا۔ ابوبکر نے پوچھا۔ تو غلام نے کہا کہ وہ اونٹ رات کو گم ہوگیا ہے۔ اس پر ابوبکر نے اس کو مارنا شروع کیا جس پر آنحضرتؐ مسکراتے ہوئے کہتے تھے دیکھو اس شخص کو کہ احرام باندھا ہوا ہے اور یہ حرکت کر رہا ہے۔ (یعنی بحالت احرام جماع اور فسق اور جدل اور زد و کوب ممنوع ہے)

بخاری باب علامات النبوہ جلد سوم ص۳۳۲ بحاشیہ فتح الباری میں ہے کہ ابوبکر کے گھر چند مہمان آئے جبکہ وہ رسول اللہ کے پاس بیٹھا تھا جب گھر واپس آیا۔ تو پوچھا مہمانوں کو کچھ کھلایا بھی ہے یا نہیں زوجہ نے جواب دیا۔ کہ انہوں نے بغیر تمہارے کھانا پسند نہ کیا۔ اس پر ابوبکر نے پہلے اپنی زوجہ کو پھر اپنے بیٹے کو اور پھر مہمانوں کو گالیاں دیں۔ مسلم میں ہے کہ عبدالرحمن بن ابوبکر نے ان مہمانوں سے کہا کہ ابوبکر بہت تیز مزاج ہے۔ اگر نہ کھاؤ گے تو ہم کو ایذا کا خوف ہے۔

وفاءالوفی ص۳۲۲ پر ہے کہ ابوہریرہ کہتا ہے کہ ہم لوگوں کی یہ حالت تھی کہ بھوک کے مارے زمین پر اپنا جگر رکھتے اور پیٹ پر پتھر باندھتے۔ ایک روز ہم ان لوگوں کی راہ پر آکر بیٹھے جس راہ سے انکی آمد و رفت تھی۔ ابوبکر کا گذر ہوا۔ تو ہم نے ایک آیۂ قرآن اس سے دریافت کیا۔ بایں غرض کہ ہم کو ہمراہ لے جائیگا (اور کچھ کھانے کو دیگا) مگر وہ چلا گیا۔ اس کے بعد آنحضرتؐ تشریف لائے جنہوں نے ہم کو دودھ پلایا۔

تذکرۃ الحفاظ ذہبی مطبوعہ حیدر آباد دکن ص۳ پر ہے کہ ابوبکر نے خطبہ میں کہا کہ تم لوگ احادیث بیان کرتے ہو اور اختلاف پیدا ہوتا ہے پس تمہارے بعد آنے والے لوگوں میں اس سے زیادہ اختلاف ہوگا۔ اس لئے تم ایک بھی حدیث بیان نہ کرو۔

کنز العمال باب مناقب ابوبکر میں ہے کہ حضرت عباس نے ابوبکر کی کسی گستاخی پر ابوبکر کو گالیاں دیں

ناظرین خلیفہ وہ ہو سکتا ہے جو سیاسی امور کے انتظام میں ماہر ہونے کے علاوہ شرعی مسائل کے حل کرنے میں پوری استعداد رکھتا ہو۔ وہ شخص خلافت کے لئے باعث ننگ و عار ہے۔ جو مسائل شرع میں نالائق ہونے کے باوجود سمجھانے پر بھی نہ سمجھ سکتا ہو۔ کیا خلافت رسولؐ سلطان ٹرکی کی خلافت ہے۔ جس کو خلافت کہنا لفظ خلافت کی ہتک ہے۔ کیا خلافت رسولؐ آل انڈیا خلافت ہے۔ جس کے ماکین خلافت کے صحیح مفہوم کو نہیں جانتے۔ حق تو یہ ہے کہ صرف مسئلہ خلافت کو نہ سمجھ سکنے کی وجہ سے اسلام میں فرقہ بندیوں کا سمندر موجیں مار رہا ہے۔ اور ننھے خاتر العقل آدمی امامت اور نبوت کے مدعی بن رہے ہیں۔ کوئی جاہل سے جاہل شخص یہ دیکھنا پسند نہ کریگا۔ کہ کوئی شخص خلیفۂ رسولؐ اور نائب رسولؐ ہو کر عام فہم شرعی امور سے نابلد ہونے کا خود اپنی زبان سے اقرار کرے۔ اور ہر وقت حل مسائل میں دوسرے لوگوں کا محتاج ہو۔ ایسے جاہل شخص کو نائب رسولؐ کہنا سنی لوگوں

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کا حصہ ہے کوئی مہذب ملک اور کوئی مہذب قوم ایسے نااہل شخص کے ہاتھ میں اپنے دینی اور دنیوی امور کی باگ ڈور دینا گوارا نہ کریگی۔ تعجب پر تعجب تو آج کل کے تعلیمیافتہ نئی نوجوانوں پر ہے جو موجودہ روشنی کے زمانہ میں بھی خلافت رسول کے صحیح معنے سمجھنے کی کوشش نہیں کرتے اور بھیڑوں کی طرح کورانہ تقلید کے دلدادہ ہیں۔ بازار سے ایک جوتی خریدنے میں ہزار اعتراض کرتے ہیں اور حد درجہ احتیاط کرتے ہیں۔ مگر جنس ایمان کی خریداری میں کچھ بھی دیکھ بھال نہیں کرتے خدا ان کی حالت زار پر رحم فرمائے۔

موضوعات درشان جناب ابوبکر صاحب بالغابہ

فوائد مجموعہ امام شوکانی مطبوعہ محمدی لاہور ص۱۱۳ پر ہے کہ فرمایا آنحضرتؐ نے کہ خدا بروز قیامت ابوبکر پر خاص طور پر علیحدہ تجلی کریگا۔ (۲) خدا نے اس کو رضوان اکبر عطا کیا (۳) ابوبکر نے ایک غلاف سے وضو کیا جس پر لا الہ الا اللہ الصدیق الاکبر لکھا تھا جبکہ وضو کرانے والا جبرئیل اور رومال دینے والا میکائیل تھا (۴) خدا نے جب ارواح کو پیدا کیا۔ تو روح ابوبکر کو تمام پر مقدم کیا۔ جس کی مٹی جنت سے اور پانی آب حیات سے لیا (۵) خدا نے ابوبکر کے لیئے اعلیٰ علیین میں ایک قبہ یاقوت بنایا ہے (۶) ایک دفعہ جبرائیل چادر طنفہ اوڑھے نازل ہوئے۔ کیونکہ ابوبکر اسی طرح کی چادر اوڑھتا رہتا تھا (۷) ابوبکر پیدا ہوا تو خدا نے بہشت سے فرمایا کہ مجھے اپنے عزت وجلال کی قسم ہے کہ میں تجھ میں اس شخص کو داخل نہ کرونگا جو اس مولود کو دوست نہ رکھے (۸) خدا نے فرمایا کہ ابوبکر دین اسلام میں تمہارا خلیفہ ہے۔ اس کی باتیں سنو تاکہ فلاح پاؤ اور اطاعت کرو تاکہ رشد پاؤ (۹) جبرئیل نے کہا کہ ابوبکر زمین کی نسبت آسمان میں زیادہ مشہور ہیں۔ ملائکہ ان کو حلیم قریش کہتے ہیں۔ زندگی میں یہ تمہارا وزیر ہے اور بعد زندگی تمہارا خلیفہ (۱۰) پھر فرمایا کون ہے وہ شخص مثل ابوبکر کے جس نے اس وقت ہماری تصدیق کی جبکہ سب نے تکذیب کی اور ہم پر ایمان لایا۔ اور اپنی بیٹی ہمارے نکاح میں دی۔ اور اپنا مال خرچ کیا۔ اور ہمارے ساتھ جہاد کیا۔ (۱۱) ابوبکر بروز قیامت ناقہ جنت پر سوار ہوگا جس کے اگلے پاؤں مشک اور عنبر کے اور پچھلے پاؤں زمرد کے اور اس کی باگ موتیوں کی ہوگی۔ اور اس ناقہ پر سندس اور استبرق کے دو سبز حلے پڑے ہونگے (۱۲) بروز قیامت عرش پر ایک کرسی رکھی جائیگی جس پر ابوبکر بیٹھے گا۔ (۱۳) شب معراج ہم جہاں جہاں گئے یہی لکھا پایا۔ محمد رسول اللہ ہیں اور ابوبکر صدیق ہیں۔

(۱۴) پھر فرمایا۔ خدا آسمان میں کراہت کرتا ہے اس امر سے کہ ابوبکر سے زمین پر کوئی خطا سرزد

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہو (۱۵) جب ہم نے معراج میں کہا کہ ہمارا خلیفہ علیؑ ابن ابیطالب ہے تو آسمانوں میں شور برپا ہو گیا۔ اور ملائکہ ہر طرف سے پکار اٹھے کہ مشیت ایزدی میں صرف یہ ہے کہ ابوبکر آپ کے بعد خلیفہ ہو۔ (۱۶) جبرئیل نے مجھ سے کہا کہ تمہاری امت کے ہر شخص پر سوائے ابوبکر کے حساب اعمال واجب ہے (۱۷) ابوبکر سے کہا جائیگا کہ تم داخل جنت ہو جاؤ لیکن وہ کہیگا کہ جب تک مجھے دوست رکھنے والے تمام شخص داخل جنت نہ کئے جائیں میں داخل نہیں ہونگا۔ (۱۸) اگر ابوبکر کے ایمان اور تمام مخلوقات کے ایمان کو ترازو کے دو پلڑوں میں رکھا جائے تو ابوبکر کا ایمان بھاری رہیگا۔ (۱۹) جو کچھ خدا نے میرے دل میں ڈالا۔ وہی کچھ میں نے ابوبکر کے سینہ میں ڈال دیا۔

صحاح اور صحاح اکثر کتب میں مرقوم ہے کہ فرمایا آنحضرتؐ نے "لوکنت متخذ اخلیلا لتخذت ابابکر" یعنی اگر میں کسی شخص کو اپنا دوست بناتا تو ابوبکر کو دوست بناتا۔

مذکورہ وضعی احادیث سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ ابوبکر فطرتاً ہر ایک قسم کی خطاؤں سے منزہ ہے یعنی معصوم طاہر اور طیب ہے۔ بہشت کا بانٹنے والا ہے۔ وہ ارضی اور سماوی مخلوقات کے خلق ہونے سے پہلے مخلوق تھا جو شخص ابوبکر کو دوست نہ جانے اس پر بہشت حرام ہے۔ وہ بحکم خدا خلیفہ ہے یعنی جمہور کی رائے سے خلیفہ نہ بنا تھا۔ یعوذ باللہ اس کا درجہ تمام انبیا اور اوصیا سے ارفع ہوگا وہ محاسبہ حشر سے باہر ہے۔ اس کے ایمان کے مقابلہ میں تمام انبیاء و اوصیا و ملائکہ کا مجموعی ایمان ہیچ ہے اور اس کا سینہ علوم ارضی و سماوی کے خزائن سے آنحضرتؐ کی طرح مملو ہے۔

اگر ناظرین مذکورہ منقبت کو تحقیق کی خوردبین سے دیکھیں گے۔ تو آپ پر روشن ہو جائیگا۔ کہ یہ ہزل کس غرض سے کی گئی ہے۔ ہزل ساز نے ابوبکر کو مرتبہ جناب امیر علیہ السلام دینا چاہا ہے غور کریں تو یہ منقبت ابوبکر کی ذلت اور رسوائی پر مشتمل ہے اور منقبت ساز نے در پردہ مدح سے دشمنی کی ہے۔
کون پڑھا لکھا نہیں جانتا کہ ابوبکر چالیس سال کی عمر میں مسلمان ہوا تھا۔ اسلام لانے سے پیشتر وہ کافر اور بت پرست تھا۔ شرابخور اور زانی تھا وغیرہ۔ ان قباحات کے ہوتے ہوئے وہ کیونکہ معصوم ہو سکتا ہے۔

آنحضرتؐ کا ارشاد ہے کہ جس نے فاطمہؑ کو غضبناک کیا۔ اس نے مجھے غضبناک کیا۔ آنحضرتؐ کا کسی پر غضبناک ہونا اس کے جہنمی ہونے کی واضح دلیل ہے۔ پس ابوبکر قاسم الجنت نہیں ہو سکتا۔ ازیں قبیل ابوبکر کے دیگر فضائل بھی گوز شتر سے زیادہ وقعت نہیں رکھتے۔ مجھے ابوبکر کی ایک فضیلت کا ضرور اعتراف ہے اور وہ یہ ہے کہ ابوبکر اہلبیت پر مظالم ڈھانے میں عدیم النظیر

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اور سنگدلی میں عدیم المثال تھا۔ پس اس کی ذات والاصفات پر خداوند عالم اور ملائکہ اور تمام لوگ ...... بھیجتے ہیں۔

حالات ہجرت

تفسیر در منثور جلد سوم ص۲۴۰ سطر ۱۲ پر سورہ توبہ آیہ نمبر ۴۰ "الا تنصروہ فقد نصرہ اللہ اذ اخرجہ الذین کفروا ثانی اثنین اذ ھما فی الغار" الخ کی تفسیر میں ہے کہ آنحضرتؐ نے حضرت علی علیہ السلام کو اپنے بستر پر سلایا اور ابوبکر کو ساتھ لیا۔ (یہ غلط ہے بلکہ ابوبکر راستہ میں اتفاقیہ مل گیا تھا) اور مکہ سے داہنی جانب نو کوس کے فاصلہ پر جبل ثور پہاڑ کی چوٹی پر چڑھ گئے وہاں ایک گول پتھر تھا جو اندر کی طرف سے خالی تھا۔ ثور میں کا ایک دروازہ تھا۔ جو قریباً ڈیڑھ بالشت لمبا چوڑا تھا۔ اسکے اندر آنحضرتؐ اور ابوبکر داخل ہو گئے۔ خدا نے اسکے دروازہ پر فوراً ایک خاردار جھاڑی اگا دی اور اس پر کبوتر نے انڈے بھی دے دیئے اور دروازہ پر مکڑی نے جالا بھی تن دیا۔ وہاں تین دن چھپے رہے اور عامر بن فہیرہ اپنی گوسفندوں کو وہاں چرانے آیا کرتا تھا۔ انکو دودھ پلاتا رہا۔ تین دن کے بعد حضرت علی علیہ السلام رات کو سواریاں اور راہنما لیکر غار پر آئے اور آنحضرتؐ اور ابوبکر مدینہ کو ہجرت کر گئے۔

مدارج النبوۃ جلد دوئم ص۵۲ پر ہے کہ ابوبکر کے پاس دو اونٹ تھے۔ جو اس نے چار سو درہم پر خریدے تھے اور ایک روایت میں ہے آٹھ سو درہم پر خریدے تھے اور چار ماہ چارہ کھلا کر انکو فربہ کیا تھا۔ دونوں کو آنحضرتؐ کے پاس لے آیا۔ کہ ان میں سے ایک کو قبول کیجئے۔ حضورؐ نے فرمایا کہ میں فروخت کی شرط پر قبول کرتا ہوں پس آنحضرتؐ نے ایک اونٹ کے نو سو درہم ادا کئے اور وہ اونٹ عین ہجرت کے وقت کام آیا ہے۔

بخاری میں بروایت عائشہ لکھا ہے کہ آنحضرتؐ نے ابوبکر کو کہا کہ جو کچھ تیرے پاس ہو باہر لے آ۔ ابوبکر نے کہا کہ میرے پاس تو سوائے میری دو لڑکیوں عائشہ اور اسما کے کچھ نہیں ہے۔ آنحضرتؐ نے فرمایا کیا تجھے خبر ہے کہ مجھے ہجرت کا حکم ہو چکا ہے۔ ابوبکر نے کہا میں بھی ساتھ چلونگا میرے پاس دو اونٹ ہیں جو خروج کے لئے مہیا کئے ہیں۔ ان میں سے ایک آپ لے لیں۔ فرمایا۔ میں نے قیمت پر لیا۔

تاریخ طبری میں ہے کہ آنحضرتؐ نے ہجرت کی تو قصویٰ نامی ناقہ تین سو درہم پر خریدا۔

ابن ہجر لکھتا ہے کہ آنحضرتؐ نے فرمایا۔ ہم ایسے اونٹ پر سوار نہ ہونگے جو ہمارا نہ ہو۔ تو ابوبکر نے کہا یہ اونٹ بھی آپ کا ہی ہے۔ حضرتؐ نے فرمایا۔ بشرطیکہ اس قیمت پر دو جس قیمت پر تم نے خریدا ہے۔

بخاری پارہ ہشتم کتاب البیوع ص۸۶ میں ہے کہ ابوبکر کے پاس دو اونٹنیاں تھیں انہی سے ایک

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اس نے آنحضرت کو دینی چاہی۔ مگر آنحضرت نے فرمایا منظور ہے بشرطیکہ قیمت" دو۔ حاشیہ بخاری [illegible]
مترجمہ وحید الزمان میں ہے کہ اس اونٹ کا نام قصویٰ تھا۔ یا جذعا جس کی قیمت آٹھ سو درہم تھی۔
مدارج النبوۃ شیخ عبدالحق دہلوی مطبوعہ نولکشور جلد دوم ص۸۱ اور روضۃ الصفا جلد دوم ص۵۶
اور سیرت النبی ص۱۹۵ پر ہے کہ ابوبکر نے دو اونٹ چار سو درہم یا آٹھ سو درہم پہ خرید سے تھے ان
میں سے ایک آنحضرت نے نو سو درہم پہ خرید لیا۔

تاریخ خمیس ص۳۳ پر ہے کہ جب وہ وقت آیا کہ آنحضرت غار سے نکلیں تو راہنما دونوں کے اونٹ اور
اپنا اونٹ لیکر حاضر ہوا۔ اسماء بنت ابوبکر بھی ناشتہ کا دسترخوان لائے نکلتے وقت معلوم ہوا کہ دسترخوان کا
بند نہیں منہ جاہیے۔ اسماء نے اپنا ازار بند کھولا اور اس سے دسترخوان باندھا جس کی وجہ سے اسماء کا نام
ذات النطاقین مشہور ہوا۔ ناظرین! آنحضرت کا ارشاد ہے کہ ہم کو قیام غار کے ایام میں سوائے پیل
کے کوئی چیز کھانے کو نہیں مل سکی۔

بخاری میں ہے کہ انس کہتا ہے کہ ابوبکر نے کہا کہ جب ہم غار میں تھے۔ تو میں نے آنحضرت سے کہا
کہ اگر کوئی شخص اپنے قدموں کے نیچے دیکھے تو ہم کو دیکھ لے گا۔ آنحضرت نے فرمایا کہ تیرا ایسے دو شخصوں
کی نسبت گمان (شک) ہے کہ جن کا تیسرا اللہ ہے۔ ناظرین بھلا غار میں مصاحبت کرنا بھی کوئی وجہ فضیلت
ہو سکتی ہے خصوصاً جبکہ یار غار گریہ و بکا بھی اتنی [illegible] میں اس بلند آوازی سے کرے کہ آنحضرت
کے گرفتار ہونے کا یقینی خطرہ پیدا ہو جائے۔ اور خداوند عالم کو بھی آیہ سکینہ کے نزول کی ضرورت
لاحق ہو۔ اگر خدانخواستہ گرفتاری عمل میں آجاتی تو آنحضرت کی جان پر بنتی اور ابوبکر شاداں و فرحاں کفار
کے ہاتھ میں ہاتھ ملائے گھر میں چلا جاتا۔ اور فضیلت ابوبکر میں یہ دلیل پیش کرنا کہ خدا ہمارے ساتھ ہے
کس قدر لغو اور بیہودگی ہے کیا خدا کا ارشاد نہیں ہے جو کافر اور مسلمان کے لئے یکساں ہے "نحن
اقرب الیہ من حبل الورید" جب کچھ بن نہیں پڑتی تو سنی لوگ یہ بڑ ہانک دیتے ہیں کہ ابوبکر کے
پاؤں کو سانپ نے ڈس لیا تھا۔ اور اس کے رونے کی یہی وجہ تھی۔

بخاری مطبوعہ مصر جلد دوم ص۲۰۵ پر ہے کہ عبداللہ بن ابی بکر بھی شب کو اسی غار میں سویا کرتا۔
اور صبح واپس آکر قریش میں مل جاتا۔

تفسیر درمنثور جلد دوم ص۲۴۲ پر ہے کہ جب آنحضرت رات کو اپنے مکان سے باہر نکلے اور غار ثور کے
قریب جا پہنچے تو آپ کے پیچھے ابوبکر بھی آرہا تھا۔ حضرت نے جب اس کی چال دریافت کی تو خوف ہوا
کہ کوئی پکڑنے والا نہ ہو۔ پس شناس ابوبکر نے کھانسا۔ تو حضرت نے اس کو پہچان لیا۔ اور کھڑے ہوگئے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

یہاں تک کہ دونوں غار میں داخل ہوئے (ادھر قریش نے آنحضرتؐ کی تلاش میں بنی لہج کے قائف (کھوجی سراغرساں) کو بھیجا وہ غار تک آکر ٹھہر گیا۔ اور دیکھا غار کے دروازہ پر ایک درخت ہے۔ اس کے پیچھے اس نے پیشاب کیا۔ اور کہا یہاں سے آگے نہیں بڑھے۔ اس وقت ابوبکر غمگین ہوا۔ اور حضرتؐ نے فرمایا۔ لا تحزن ان اللہ معنا یعنی مت غم کر خدا ہمارے ساتھ ہے۔ بحر صفحہ ۲۴۱ پر ہے کہ بیہقی اور ابن عساکر نے جندب بن جحیش عجری سے روایت کی ہے کہ جب شب آنحضرتؐ مکہ سے نکلے ہیں۔ ابوبکر نے حضرتؐ کا تعاقب کیا (غالباً کفار قریش کے مشورہ سے) اور آگے پیچھے اور دائیں بائیں چلنے لگا۔

تاریخ خمیس جلد اول صفحہ ۳۶ پر ہے کہ جب ابوبکر غار کی طرف چلا ہے تو اس نے اپنا کل مال ساتھ لے لیا جو قریباً چھ ہزار درہم تھا۔ پس ناظرین اس کے رونے کی بھی یہی وجہ ہوگی کہ مال کی طمع پر کفار مجھے قتل کردیں گے۔

تفسیر درمنثور سیوطی جلد ۳ صفحہ ۲۴۲ پر ہے کہ غار کے تین دن اور رات کے دوران میں عامر بن فہیرہ کھانا لے کر آیا کرتا جو حضرت علی علیہ السلام تیار کر کے بھیجتے۔ حضرت علی علیہ السلام نے بحرین کے اونٹوں سے تین اونٹ خریدے۔ اور ایک راہنما مقرر کیا۔ تیسری رات حضرت علی علیہ السلام اونٹ اور راہنما لے کر غار پر آئے۔

مسلم کتاب الاشربہ جلد دوم صفحہ ۱۶۵ پر ہے کہ جب آنحضرتؐ کو غار کی طرف جاتے ہوئے پیاس لگی۔ تو راستہ میں ایک چرواہا ملا جس نے قدح میں دودھ دوہا۔ اور آنحضرتؐ نے پیا اور صفحہ ۱۶۵ پر ہے کہ ہم نے آنحضرتؐ کو اسی ایک قدح میں سے دودھ شہد۔ پانی اور نبیذ پلائی۔

واقعہ غار پر غور کریں تو معلوم ہوتا ہے کہ ابوبکر کو آنحضرتؐ سے کوئی ہمدردی نہ تھی۔ اگر آنحضرتؐ نے ابوبکر کا اونٹ مفت لینے سے انکار کر دیا تھا۔ تو اس کا فرض تھا۔ کہ وہ اونٹ کی وہ قیمت لیتا جو اس کی خرید تھی۔ ایسے مصیبت کے وقت منافع حاصل کرنا حد درجہ نازیبا تھا۔

غار میں ابوبکر کا رونا جب کہ غار کے چاروں طرف کفار گشت لگا رہے تھے۔ اور آنحضرتؐ کے قتل پر آمادہ تھے۔ بہر صورت مذموم اور مشکوک حرکت تھی۔ ابوبکر پانچ چھ سالہ بچہ نہ تھا کہ غار کی بھیانک صورت سے خائف ہو کر رونے لگتا۔ بلکہ ایسے موقعہ پر جب جان خطرہ میں ہو۔ ایک بچہ بھی دم بخود رہنے پر قدرتاً مجبور ہوتا ہے خواہ وہ اکیلا ہی کیوں نہ ہو۔ مگر یہاں تو ابوبکر کے پاس آنحضرتؐ موجود ہیں۔ اس کے خائف ہونے اور بلند آوازی سے رونے کی کوئی معقول وجہ نظر نہیں آتی۔ سوائے اس کے وہ چاہتا تھا کہ آنحضرت گرفتار ہو کر قتل کر دئیے جائیں۔ اور ابوبکر کو ایک عظیم رقم انعام میں وصول ہو

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

خداوند عالم کا آنحضرتؐ ان اللہ معنا فرمانا اس امر کا صریح ثبوت ہے۔ کہ ابوبکر بزدل ہونے کے علاوہ احمق بھی تھا شجاعت اور دانائی ہرگز اجازت نہیں دے سکتی کہ ایسے نازک موقعہ پر نالہ و بکا شروع کر دیا جائے۔ ابوبکر کے رونے سے یہ بات بھی ضمناً ثابت ہوتی ہے۔ کہ اس کا ایمان راسخ نہ تھا۔ ورنہ وہ بجائے اس کے کہ آنحضرتؐ اس کو تسلی فرماتے۔ آنحضرتؐ سے عرض کرتا کہ آپ کچھ پرواہ نہ کریں یہ غلام آپ کے پسینے کی جگہ خون بہائیگا اور جب تک زندہ ہے آپ کا بال تک بیکا نہ ہونے دے گا۔

ابلاغ سورہ برات

تفسیر درمنثور جلد سوم صفحہ ۲۰۹ سطر ۱۰ اور ینابیع المودۃ مطبوعہ قسطنطنیہ مصنفہ امام شیخ سلیمان قندوزی جلد اول باب ۱۸ صفحہ ۱۶۰ سطر ۲۰۔ اور خصائص نسائی مطبوعہ محمدی لاہور صفحہ ۵ سطر ۹ اور تفسیر کشاف امام زمخشری مطبوعہ کلکتہ جلد اول صفحہ ۵۲۷ سطر ۱۱۔ اور تفسیر کبیر امام فخر الدین رازی مطبوعہ مصر جلد چہارم صفحہ ۵۴۳ سطر ۲۔ اور مسند امام حنبل مطبوعہ بمبئی جلد مناقب صفحہ ۳ سطر ۱۲۔ اور تفسیر غرائب التنزیل امام نیشاپوری جلد دوم صفحہ ۲۲۴ سطر ۱۴ اور تفسیر لباب التنزیل جلد دوم صفحہ ۲۱۴ سطر ۳۔ اور تفسیر حسینی علامہ حسین بن العلی الواعظ الکاشفی مطبوعہ نولکشور صفحہ ۲۴۳ سطر ۳۔ اور تفسیر معالم التنزیل امام بغوی مطبوعہ بمبئی صفحہ ۳۹۲ سطر ۱۲ یہ ہے کہ جناب امیر علیہ السلام نے فرمایا۔ جبکہ سورہ برات سے دس آیتیں پیغمبر صلعم پر نازل ہوئیں تو آنحضرتؐ نے ابوبکر کو بلایا۔ تاکہ اہل مکہ پر جا کر وہ آیتیں پڑھ آئیں۔ اس کے بعد مجھے بلایا۔ اور مجھ سے فرمایا کہ فوراً ابوبکر سے راستہ ہی میں جا ملو۔ پس جہاں بھی اس سے ملو وہ آیتیں اس سے لے لو پس ابوبکر واپس لوٹ آیا اور عرض کی یا رسول اللہ میرے بارہ میں کوئی حکم نازل ہوا ہے۔ فرمایا نہیں۔ مگر جبرئیل نے مجھے آ کر کہا ہے کہ تیری رسالت کو کوئی ادا نہیں کر سکتا۔ مگر یا تو خود آپ ادائے رسالت کریں یا جو شخص کہ تم میں سے ہو۔

قسطلانی شرح بخاری کتاب التفسیر تفسیر سورہ برات اور فتح الباری شرح بخاری کتاب التفسیر تفسیر سورہ برات اور رسالہ فضائل جناب امیر علیہ السلام امام حافظ ابو عبد الرحمٰن احمد بن شعیب نسائی اور ازالۃ الخفا ولی اللہ فصل ششم در بیان عمومات و تعریفیات قرآن بخلاف خاصہ از مقصد اول اور تاریخ سعید بن مسعود گازرونی اور عمدۃ القاری شرح بخاری علامہ عینی اور تفسیر تخلیص شیخ تقی الدین ابو العباس احمد بن یوسف بن حسن کواشی اور تحول الاولیاء مرزا محمد بدخشانی قسم اول باب اول اور ارجح المطالب مولوی عبید اللہ امرتسری صفحہ ۱۰ پر بہ سند امام احمد حنبل و امام نسائی و طبری و ابو یعلے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

وحاکم وخوارزمی وابن عساکر وابن یوسف گنجی ومحب طبری وسیوطی وغیرہ اور تفسیر ثعلبی اور تذکرہ خواص الامہ سبط ابن جوزی اور کتاب درج الدرر اصیل الدین محدث اور تاریخ ابن کثیر وقائع سنہ ۹ھ اور ریاض النضرہ باب رابع مناقب علی ابن ابی طالب قسم ثانی اور جذب القلوب شیخ عبدالحق محدث اور شرح مشکوٰۃ شیخ عبدالحق محدث کتاب المناقب باب مناقب علی ابن ابیطالب اور ترجمہ مطبوعہ دہلی ابواب تفسیر القرآن تفسیر سورہ توبہ ص۵۵ اور ابطال الباطل فضل ابن روزبہان فی جواب المطلب الرابع فی ان علیا صاحب الحوض واللواء والصراط من القسم الثالث فی الفضائل الخارجیہ اور معارج النبوۃ اور قرۃ العینین ولی اللہ ص۲۷۲ ۔ اور روضۃ الاحباب اور حبیب السیر اور مدارج النبوت اور بخاری میں تین مقامات پر (۱) کتاب تفسیر القرآن باب تفسیر قولہ تعالیٰ براءۃ من اللہ ورسولہ ۔ (۲) کتاب الصلوٰۃ باب ما یستر من العورۃ (۳) کتاب الحج باب لا یطوف بالبیت عریان اور فتح الباری شرح بخاری ابن حجر کتاب التفسیر اور جمع الجوامع ملا جلال الدین سیوطی اور کنز العمال تفسیر سورہ توبہ فصل رابع فی التفسیر من کتاب الاذکار من حرف ہمزہ اور روضۃ الصفا اور کتاب موفقیات ابن ابی الحدید جزو ۱۷ شرح نہج البلاغہ وغیرہ میں بھی تبلیغ سورہ برات سے ابوبکر کی معزولی کا مفصل تذکرہ لکھا ہے ۔ متلاشی حق ضرور ملاحظہ کرے ۔

تفسیر درمنثور سیوطی جلد سوئم ص۲۰۵ پر ہے کہ جب ابوبکر (سورہ برات حضرت علی کے حوالہ کر کے) واپس آیا تو اس کو آنحضرتؐ پر بہت غصہ آیا

قرۃ العینین شاہ ولی اللہ ص۲۳۷ پر ہے کہ آنحضرتؐ نے ابوبکر اور عمر دونوں کو سورہ برات دیکر بھیجا ابھی وہ جا رہے تھے کہ پیچھے سے ایک سوار آیا۔ پوچھا کون ہے۔ فرمایا میں ہوں علی ابن ابیطالب اس کے بعد حضرت علی علیہ السلام نے وہ نوشتہ ان سے لے لیا اور وہ دونوں مدینہ کی طرف واپس آئے حضرتؐ نے انسے فرمایا کہ ہم کو حکم ہوا ہے۔ کہ تبلیغ رسالت یا خود کرو یا وہ کرے جو تم میں سے ہو۔
ابوبکر اور عمر کا سورہ برات کی تبلیغ سے بحکم خدا معزول کیا جانا ایک اہم اور امر عظیم ہے۔

نکتہ شناس اور رمز فہم طبیعت اس واقعہ سے کئی نتائج اخذ کرنے پر مجبور ہوگی۔ اول یہ کہ خداوند عالم نے امت رسول پر واضح کر دیا کہ جو اشخاص چند آیات قرآنی کی تبلیغ کی اہلیت نہیں رکھتے وہ تمام کلام خدا کی تبلیغ کیونکر کر سکتے ہیں یعنی شرعی راہنما نہیں ہو سکتے۔ دوم یہ کہ قدرت نے محض ابوبکر اور عمر کی گردن میں ذلت معزولی کا طوق ڈالا تاکہ ظاہر ہو کہ لوگ ان کی آئندہ خلافت سازی کو حق بجانب نہ خیال کریں جس میں یہ دونو باہمدگر دمساز ہونگے۔ سوم یہ کہ حضرت علیؑ کے صلے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اور کوئی شخص خلافت کا حقدار نہیں ہے۔ چہارم یہ کہ خلافت کا تقرر خدا کی مرضی پر موقوف ہے نہ کہ جمہور کی رائے پر۔ پنجم یہ کہ ابوبکر اور عمر کو معزول کر کے انہیں جتا دیا گیا۔ کہ حضرت علی آنحضرت صلعم کے بعد خلیفہ بلا فصل ہیں۔ ششم یہ کہ معزولی مسلمانوں کے گروہ عظیم کے سامنے عمل میں آئی۔ تا کہ ان پر بھی اتمام حجت ہو کہ شیخین خلافت کی اہلیت سے معرا ہیں۔ اور خلافت حضرت علیؑ کا حق ہے۔

امامت حضرت ابوبکر صاحب

تیسیر الباری پارہ سوم صفحہ ۵۰ ناشرہ مطبع احمدی لاہور میں ہے کہ آنحضرت صلعم کے مرض الموت کے وقت ابوبکر نے امامت کرائی۔ اور جب آنحضرت خود مسجد میں تشریف لے آئے تو ابوبکر نے پیچھے ہٹنا چاہا لیکن آنحضرت صلعم نے اس کو وہاں ہی کھڑا رہنے کا اشارہ کیا اور خود ابوبکر کی ایک طرف بیٹھ گئے۔ آنحضرت نماز پڑھاتے تھے اور ابوبکر حضرت کی پیروی کرتا اور دوسرے لوگ ابوبکر کی اقتدا کرتے۔ کشف المغطا مطبوعہ صدیقی لاہور صفحہ ۲۲ پر ہے۔ کہ آنحضرت صلعم نے عبدالرحمن بن عوف کے پیچھے نماز پڑھی ناظرین اصل یہ بات ہے کہ یہ حدیث وضعی ہے جو ہمارے لئے حجت نہیں۔ دوسرے یہ کہ حضرت علی جنگ تبوک کے ایام میں ایک مہینہ تک امامت کرتے رہے۔ اور آنحضرت صلعم کے حکم سے صحابہ تمام گردو نواح میں لوگوں کو قرآن کی تعلیم دیتے اور امامت کرتے تھے۔ بدر کو جاتے ہوئے آنحضرت صلعم نے مبشر بن عبدالمنذر کو حاکم مدینہ و امام نماز بنایا۔ غزوہ مصطلق کو جاتے ہوئے جمال ضمیری کو حاکم مدینہ و امام نماز بنایا۔ عبداللہ بن ام مکتوم کو تیرہ دفعہ حاکم مدینہ و امام نماز بنایا۔ پس امامت نماز سے نیابت رسول ثابت نہیں ہوتی۔ سیرۃ حلبیہ جلد سوم صفحہ ۲۵ پر ہے کہ کسی کو جائز نہیں کہ وہ آنحضرت صلعم سے آگے بڑھے یعنی نماز میں آپ کے پیش امام بنے سوا کسی کو بھی کسی حالت میں جائز نہیں خواہ نماز ہو یا کوئی امر ہو عذر ہو یا نہ عذر ہو کیونکہ خدا نے اس سے منع فرمایا ہے۔ حضور خود آنحضرت صلعم کا ارشاد ہے کہ جو امام ہوتا ہے وہ شافع ہوتا ہے تو پھر آنحضرت صلعم کا کون شافع ہو سکتا ہے۔

مسلم کتاب الصلوٰۃ باب استخلاف الامام اذا عرض لہ عذر۔ بخاری کتاب الاذان باب اہل العلم والفضل احق بالامامۃ۔ بخاری باب حد المریض ان یشہد الجماعۃ من ابواب الجماعۃ۔ روضۃ الاحباب شرح مسلم نووی جلد اول صفحہ ۱۷۷ بخاری کتاب الاذان باب تخفیف الامام لیتم بہ قسطلانی جلد دوم صفحہ ۳۶ استیعاب ذکر حالات ابوبکر میں ہے کہ جب آنحضرت مرض الموت میں مبتلا ہوئے۔ تو حضرت کے حکم سے ابوبکر امام بنا اور آنحضرت صلعم ماموم رہے۔ ناظرین اگر امام بننے سے ہی حق خلافت قائم ہو جاتا ہے تو امیر عمرو بن عاص بدرجہ اولیٰ امام ہوئے جن کے پیچھے ابوبکر و عمر نے کئی دفعہ نماز پڑھی اور جنگ میں ماتحت رہے گئے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

مدارج النبوۃ میں ہے کہ آنحضرتؐ نے بلال کو حکم دیا کہ ابوبکر سے کہہ دو کہ نماز پڑھائے۔ استیعاب میں ہے کہ چونکہ ابوبکر نہ ملا۔ اس لئے عمر کو نماز پڑھانے کو کہا گیا۔ روضۃ الاحباب میں ہے کہ ابوبکر کو نماز پڑھانے کو کہا گیا۔ مگر اس نے عمر کو نماز پڑھانے کو کہا۔ پھر مدارج النبوۃ میں ہے کہ بلال نے ابوبکر کو نماز پڑھانے کو کہا۔ لیکن اس نے رونا شروع کر دیا۔ اور اس پر دوسرے مسلمانوں میں رونے کا شور برپا ہوا۔ آنحضرتؐ رونے کی آواز سن کر خود مسجد میں آئے اور نماز پڑھائی۔ شمع الیقین میں ہے کہ شارح ابن ابی الحدید کہتا ہے کہ اس کے استاد ابو یعقوب نے کہا کہ رسول اللہ نے فرمایا تھا۔ کہ کسی شخص کو نماز پڑھانے کے لئے کہہ دو کسی خاص شخص کی تعیین نہ تھی۔ شمع الیقین میں ہے کہ احیاء العلوم امام غزالی میں بروایت امام باقر علیہ السلام لکھا ہے۔ کہ آنحضرتؐ نے ابوبکر کو پیش نمازی سے معزول کر دیا اور فرمایا کیا ہو گیا ایک گروہ کو کہ میرے حکم کے بغیر میرے اہلبیت پر حسد کر کے تقدم کرتے ہیں۔ خدا ان کے شکموں میں آگ بھرے۔

شرح مسلم نووی جلد اول ص ۱۷۷ اور شرح قسطلانی جلد دوم ص ۳۳ پر ہے کہ بعض علماء نے کہا ہے زعم کیا ہے کہ ابوبکر ہی امام تھا اور آنحضرتؐ اس کے مقتدی تھے لیکن صواب یہ ہے کہ حضرت نبی ہی امام تھے اور ابوبکر بھی مدارج النبوۃ و روضۃ الاحباب و حبیب السیر اور تاریخ خمیس میں ہے کہ آنحضرتؐ نے بارہا ابن مکتوم کو امامت کیلئے مقرر فرمایا۔ شرح قسطلانی بخاری جلد دوم ص ۳۳ پر ہے۔ کہ آنحضرت نے غزوہ تبوک میں صبح کی نماز عبدالرحمان بن عوف کے پیچھے پڑھی۔ ریاض النضرۃ فی فضائل العشرۃ المبشرہ اور مسلم کتاب الصلوات باب تقدیم الجماعۃ من یصلی الخ میں مغیرہ سے روایت لکھی ہے کہ میں نے عبدالرحمن کو امامت سے پیچھے ہٹانا چاہا مگر رسول اللہ نے منع کیا اور فرمایا کہ اس کو اسی جگہ رہنے دو۔ طبقات ابن سعد میں ہے کہ ابوبکر نے عبدالرحمن بن عوف کو اپنے زمانہ میں امامت نماز اور امامت حج پر مقرر کیا۔

عمدۃ القاری عینی باب بعث النبی اسامۃ کتاب المغازی میں ہے کہ ابوبکر کو آنحضرتؐ نے صرف تین دفعہ امیر بنا کر بھیجا ہے یعنی غزوہ بنی فزارہ اور غزوہ بنی کلاب اور حج مکہ میں کبھی اور دفعہ ابوبکر کا امیر بنایا جانا ثابت نہیں۔

شرح مسلم نووی جلد اول ص ۱۸۶ ذیل باب امر الائمۃ بتخفیف الصلوۃ فی تمام میں ہے کہ جس کو وسوسہ شیطانی ہو۔ وہ امامت کے لائق نہیں ہے۔

منہاج الکرامہ۔ ابن تیمیہ جواب مطاعن ابوبکر آخر کتاب اور کنز العمال کتاب امارت باب سوم فصل دوم حرف ہمزہ اور ریاض النضرہ محب طبری خلافت ابی بکر باب اول در مناقب ابی بکر فصل سیزدہم قسم ثانی ذکر استقالۃ ابی بکر من البیعۃ اور شرح ابن ابی الحدید جواب مطاعن ابی بکر اور تاریخ الخلفاء حال ابوبکر فصل فی مبایعتہ اور صواعق ابن حجر باب اول فصل اول اور مسند احمد حنبل مطبوعہ مصر جلد اول ص ۱۴ اور کتب جامع

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ابوذر ہروی اور کتاب موافقت ابن سمان میں ہے۔ اور نیز ابن راہویہ لکھتا ہے کہ ابوبکر نے خطبہ میں کہا کہ اے لوگو آگاہ رہو کہ میرے ساتھ ایک شیطان ہے۔ جو مجھے عارض ہے۔ پس جب تم دیکھو کہ میں نے معصیت کی تو میرے پاس سے اٹھ جاؤ۔ تاکہ میں تمہارے بالوں اور تمہاری کھالوں میں اثر نہ کر جاؤں۔ اور میری اس وقت اطاعت کرو۔ جبکہ میں راہ راست پر چلوں۔ پس اگر میں بھٹک جاؤں تو مجھے راہ راست پر لاؤ۔ ناظرین حسن بصری نے کہا یہ ایسا خطبہ تھا۔ جو خدا کی قسم پھر کسی نے کبھی نہیں کہا۔

نہ تو بچارے ابوبکر کو کبھی امامت کا منصب عطا ہوا اور نہ ہی وہ اس قابل تھا مگر باایں ہمہ سنی لوگوں نے امامت ابوبکر کا محشر بپا کر رکھا ہے۔ کوئی سنی عالم کہتا ہے کہ ابوبکر امام اور آنحضرتؐ ماموم ہوئے کوئی کہتا ہے کہ ابوبکر امامت کے لئے کھڑا تو ضرور ہوا تھا مگر معزول کر دیا گیا۔ کوئی کہتا ہے کہ ابوبکر تو بجائے خود رہا آنحضرتؐ نے عبدالرحمن بن عوف کے پیچھے نماز پڑھی تھی۔ کوئی کہتا ہے کہ ابوبکر کی بوجہ گریہ و زاری امامت نہ کر اسکا۔ تو عمر بن خطاب نے امامت کی تھی۔ ہمیں کوئی بتائے کہ ان میں سے کس بھلے مانس کو سچا اور کس کو جھوٹا قرار دیں۔ ایک انگریزی ضرب المثل ہے کہ جھوٹ کے پاؤں نہیں ہوتے۔ اس ضرب المثل کے مطابق اس معاملہ میں سنی عالموں نے بہت ٹھوکریں کھائی ہیں۔ مگر افسوس باایں ہمہ ناکامیاب رہے ہیں۔

ایسا کبھی نہیں ہوا کہ آنحضرتؐ مسجد میں تشریف رکھتے ہوں اور ابوبکر نے پیش نمازی کی ہو۔ یہ کبھی نہیں ہوا۔ کہ آنحضرتؐ گھر میں علیل الطبع ہوں اور ابوبکر نے امامت کی ہو۔ یہ بھی کبھی نہیں ہوا۔ کہ آنحضرتؐ مدینے سے باہر جہاد پر تشریف لے گئے ہوں اور ابوبکر نے آپ کی غیر موجودگی میں نماز پڑھائی ہو۔ یہ بھی کبھی نہیں ہوا کہ دوران جہاد میں کسی مقام پر ابوبکر کو حکم امامت ملا ہو۔ لہٰذا ابوبکر اور امامت دو متضاد چیزیں ہیں۔

اگر ابوبکر امام اور آنحضرتؐ ماموم ہوتے تو بروز سقیفہ ابوبکر اور عمر کی طرف سے یہ واقعہ بطور حق خلافت ضرور پیش کیا جاتا۔ مگر وہاں تو صرف حق قرابت کو بطور حق خلافت پیش کیا گیا تھا۔

اگر ابوبکر امام اور آنحضرتؐ ماموم ہوتے تو ابوبکر اور عمر حضرت علیؑ سے اس امر کا ضرور اظہار کرتے جب کہ آپ نے سر دربار تشریف لا کر شیخین کو غاصب اور ظالم قرار دیا اور حضرت علیؑ کی تقریر کے جواب میں خود بھی تقریر کرتے جس میں امامت ابوبکر کا بالتفصیل ذکر ہوتا۔

حضرت علیؑ اور بنی ہاشم دین کے مقابلہ میں دنیا کو ہیچ جانتے تھے۔ یہ لوگ آنحضرتؐ کی اقتداء سے سر مو انحراف نہ کر سکتے تھے۔ اگر ابوبکر امام اور آنحضرتؐ ماموم ہوتے تو حضرت علیؑ اور بنی ہاشم سنت رسول کو سر آنکھوں پر رکھ کر ابوبکر کے پیچھے نماز پڑھا کرتے۔ مگر تاریخیں اور واقعات شاہد ہیں کہ حضرت

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

علیؑ اور بنی ہاشم میں سے کسی ایک نے بھی ثلاثہ کے پیچھے کبھی نماز نہیں پڑھی۔

البتہ اتنا کہنا درست ہے کہ ثلاثہ اپنے اپنے عہد خلافت میں امامت کرتے رہے ہیں۔ اور ان کے ہم جنس ان کو امام خیال کرتے رہے ہیں۔ پس اگر یہ امامت دلیل نیابت رسولؐ ہے۔ تو یزید اور ولید بھی نائب رسول تھے۔

ابو بکر نے اڑھائی سال عمر نے دس گیارہ سال۔ اور عثمان نے بارہ تیرہ سال حکومت کی ہے اور ہر ایک خلیفہ ہر جمعہ کے روز خطبہ کہتا رہا ہے۔ کیا ان میں سے کسی ایک نے کسی جمعہ کے خطبہ میں اپنی امامت اور رسول کی اقتدا کا ذکر بطور حق خلافت کیا ہے۔ اور کیا ان میں سے کسی ایک نے حضرت علیؑ اور بنی ہاشم کے خلاف کبھی تقریر میں بطور شکایت کہا ہے۔ کہ یہ لوگ ہمارے پیچھے کیوں نماز نہیں پڑھتے جبکہ خود آنحضرتؐ نے ہمارے پیچھے نماز پڑھی ہے۔ جب یہ امور کبھی وقوع پذیر نہیں ہوئے تو ہمیں کہنا پڑتا ہے کہ امامت ابو بکر کذب اور بہتان کا انبار ہے۔

خلافت حضرت ابو بکر صاحب

کتاب فضائل باہرہ فی محاسن المصر والقاہرہ میں ابن حجر عسقلانی نے وہ خط لفظ بلفظ درج کیا ہے جو معاویہ نے محمد بن ابو بکر کو لکھا۔ اس خط کا صحیح ترجمہ یہ ہے خط تیرا پڑھا میں ہمیشہ تیری توقیر کرتا تھا۔ بہ سبب اس حق کے جو مجھ پر واجب ہے علیؑ بیشک صاحب سوابق مناقب میں۔ اور ہمیشہ رئیس اور سردار ہیں۔ یہاں تک کہ خلیفہ اول (ابو بکر) اچھلا اور ان کے حق کو چھین لیا لیس جو کام ہم لوگ کرتے ہیں۔ اگر حق ہے تو اس کام کے شروع کرنے والا تیرا باپ ہے۔ اور اگر خطا ہے تو تیرا باپ اس خطا کا باعث ہے۔ اب تو جو چاہتا ہے اپنے باپ کے حق میں کہہ لے۔

مروج الذہب امام ابو الحسن علی بن الحسن مسعودی صلا برحاشیہ تاریخ کامل جلد چہارم میں ایک اور خط معاویہ بنام محمد بن ابی بکر منقول ہے جس کا ضروری خلاصہ یہ ہے۔ اے محمد بن ابی بکر۔ ہم لوگ اور تیرا باپ ابو بکر حضرت علیؑ بن ابی طالب کی فضیلت کو پہچانتے تھے۔ ابو بکر اور عمر نے ان کے حق کو چھین لیا۔ اور ان کے امر کی مخالفت پر دونوں نے اتفاق کر لیا۔ یہاں تک کہ ابو بکر اور عمر نے بصورت انکار بیعت ابو بکر حضرت علی علیہ السلام کے ساتھ ایک امر عظیم کا قصد کیا۔ (حضرت علی علیہ السلام کو قتل کر دینا چاہا) پھر دونوں مل کر خلافت کرنے لگے۔ اور علیؑ کو کسی امر خلافت میں شریک نہ کرتے اور نہ ہی اپنے اسرار و راز ان سے بیان کرتے۔ پھر عثمان کو خلافت ملی تو وہ بھی اسی روش پر چلا۔ پس اے محمد۔ اگر تیرا باپ

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سب سے پہلے یہ کاروائی نہ کرتا تو ہم ہرگز حضرت علیؑ بن ابیطالب کی مخالفت نہ کرتے۔ بلکہ خلافت انکو سونپ دیتے۔ مگر کیا کریں ہم تو تیرے باپ کے طریقہ پر چل رہے ہیں اب جو چاہو انجام پکڑتی ہیں کیو۔

بخاری مطبوعہ مصر جلد دوم صفحہ ایہ ہے کہ ایک عورت (نام ندارد) آئی اور عرض کیا یا حضرت اگر میں آپکو نہ پاؤں یعنی جب آپ داعی سیر عالم باقی ہوجائیں تو کس کے پاس آؤں آنحضرتؐ نے فرمایا ابوبکر کے پاس آنا۔

ابن حجر صواعق محرقہ جلد سوم صفحہ ۳۵۹ پر لکھتا ہے کہ ابھی تک اس عورت کا نام معلوم نہیں ہوسکا۔

ابوبکر کی خلافت پر ایک دلیل یہ پیش کی جاتی ہے۔ کہ اس نے آنحضرتؐ کے ایام مرض میں امامت کرائی حالانکہ یہ سراسر غلط ہے اور اگر بغرض بحث مان بھی لیا جاوے تو عبدالرحمان بن عوف کو حق خلافت بدرجہ اولےٰ حاصل ہے جو باتفاق علمائے اہلسنت امام بنا اور رسولؐ مقتدی ماموم بنے دیکھو اصابہ فی معرفۃ الصحابہ ترجمہ عبدالرحمان بن عوف۔

ازالۃ الخفاء فی الفصل ششم بیان آیات قرآن و تعریفات اور کنز العمال ملا علی متقی فضائل ابوبکر ترجمہ شمائل ابوبکر کتاب الفضائل باب الفاء میں بروایت حضرت سلیمان لکھا ہے کہ مجھ سے عمر بن خطاب نے پوچھا کہ آیا میں بادشاہ ہوں یا خلیفہ سلمان نے فرمایا۔ کہ اگر تو مسلمان کی زمین میں سے ایک درہم یا اس سے کمتر یا زیادہ غصب کرے اور پھر اسکو ایسی جگہ جہاں نہ رکھے جانیکا حق نہیں ہے تو تو بادشاہ ہے۔

کتاب الامامت والسیاست میں ہے کہ ابوبکر نے حضرت عباس سے کہا کہ ہم (ابوبکر اور عمر) آپکو کچھ دیتے ہیں اور آپ مطالبہ حق سے باز رہیں حضرت عباس نے فرمایا کہ اگر ہمارا حق ہے تو ہم خاموش کیوں ہیں اور اگر ہمارا حق نہیں ہے تو تم دیتے کیوں ہو۔

کتاب الامامت والسیاست صفحہ ۲۱ پر ہے کہ ابوبکر نے مرتے وقت کہا کاش رسول اللہ سے ہم دریافت کر لیتے کہ حضرتؐ کے بعد کون خلیفہ ہوگا۔ تاکہ پھر کوئی نزاع نہ کرتا اور کاش پوچھ لیتا کہ اس میں انصار کا بھی حق ہے یا نہیں۔ عمر کی حسرت ابوبکر کی حسرت سے بڑھ چڑھ کر ہے جیسا کہ الفاروق حصہ دوم صفحہ ۲۳۳ پر ہے کہ عمر کہا کرتا کاش رسول اللہ بتیں جنہوں کی حقیقت بتا جاتے اور مجھے دنیا و مافیہا سے زیادہ عزیز ہوتی۔ خلافت۔ کلالہ ربا۔ نیز عمر نے بوقت مرگ بڑی حسرت سے کہا کہ اگر خالد بن ولید زندہ ہوتا۔ تو میں اپنے بعد اس کو خلیفہ بناتا

کتاب الامامت والسیاست صفحہ ا پر ہے کہ جناب امیرؑ نے ابوبکر سے فرمایا۔ کہ تم نے انصار سے قرابت رسولؐ کی دلیل پر خلافت کو حاصل کیا اور ہم اہلبیتؑ سے اب یہی خلافت از راہ غصب لیتے ہو یعنی قرابت رسولؐ کے لحاظ سے بھی ہم تم سے زیادہ حقدار خلافت ہیں۔ اسی کتاب الامامت صفحہ ۲۶ پر ہے کہ جناب فاطمہؑ نے اپنے گھر کے دروازہ پر کھڑے ہو کر فرمایا ہم جہاں تک جانتے ہیں تم سے بدتر کوئی قوم نہ ہوگی جس نے آنحضرتؐ کا جنازہ

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہمارے سامنے جھوٹ بولا اور جا کر آخود ہا خلافت کا فیصلہ کر لیا جس میں کسی طرح ہمارے حقوق کی رعایت نہیں کی گئی۔ شرح نہج البلاغۃ علامہ ابن ابی الحدید میں ہے کہ خلافت ابوبکر کے قائلین نے جب شیعوں کا استدلال احادیث سے دیکھا تو مقابلہ میں انہوں نے بھی ابوبکر کیلئے احادیث وضع کیں۔ چنانچہ حضرت علیؑ کے حق میں جو یہ حدیث مشہور تھی کہ رسول اللہ نے آپکو اپنا بھائی مقرر کیا۔ تو ابوبکر کے لئے یہ حدیث بنائی گئی کہ آنحضرتؐ نے فرمایا۔ کہ اگر ہم کسی کو اپنا خلیل بناتے تو ابوبکر کو بناتے۔ مدارج النبوۃ میں ہے کہ جب آیۂ لا ترفعوا اصواتکم فوق صوت النبی کا نزول ہوا تو ابوبکر اپنے دامن میں پتھر کنکر بھر لیتا اور جب آنحضرتؐ کے سامنے بیٹھتا تو اپنے منہ کو پتھر کنکروں سے ٹھونس لیتا (کیا اچھا ہوتا اگر کوئی شخص اس کے تھنے بند کر دیتا)

کتاب زین الفتی ابو محمد احمد بن علی العاصمی میں ہے کہ جب ابوبکر خلافت رسولؐ پر جلوہ فروز ہو گئے تو قیصر نے یکصد علمائے نصاریٰ کو منتخب کیا کہ خلیفہ رسولؐ کے پاس جاویں اور وہ مسائل پوچھیں جو انبیاء سے پوچھے جاتے ہیں۔ اگر وہ خلیفہ رسولؐ ہوگا ضرور جواب دیگا۔ ورنہ وہ دیکھینگے مشق اور دلیشہ دوانیوں سے خلیفہ بن بیٹھا ہے۔ چنانچہ جب ابوبکر سے وہ سوالات کئے گئے تو ابوبکر کبھی معاذ بن جبل کی طرف دیکھتا اور کبھی ابن مسعود کی طرف۔ اس پر راس جالوت نے عبرانی میں کہا کہ یہ شخص یعنی رسول اللہ پیغمبر نہ تھے۔ نہیں تو ان کا خلیفہ کیوں لاعلم ہوتا۔ حضرت سلمان فارسیؓ نے کہا بلاؤ اس شخص (حضرت علی علیہ السلام) کو جو اہل تورات کو احکام تورات کے مطابق اور اہل انجیل کو احکام انجیل کے مطابق اور اہل زبور کو احکام زبور کے مطابق جواب دے۔ جناب امیر علیہ السلام نے قدم رنجہ فرمایا۔ اور تھوڑی دیر میں کل مسائل حل کر دیئے جسپر وہ معترض (سر گروہ اعتراض کنندگان) بے اختیار اسلام لے آیا اور کہا۔ میں توحید اور رسالت کی گواہی دیتا ہوں اور اس کی بھی گواہی دیتا ہوں۔ کہ آپ وصی رسول اللہ ہیں اور دوسرے مسلمانوں نے حضرت علی علیہ السلام کو مفرج الکرب کا خطاب دیا۔ اللھم صل علی محمد و آل محمد۔

کتاب الامامت والسیاست ابن قتیبہ صفحہ ۱۹ میں ہے کہ جب حضرت علی علیہ السلام کو (جبراً) ابوبکر کے پاس لایا گیا تو حضرت نے فرمایا میں بندۂ خدا اور برادر رسولؐ ہوں۔ جب آپ سے بیعت ابوبکر کے لئے کہا گیا تو حضرت نے فرمایا میں زیادہ مستحق ہوں کہ میری بیعت کی جائے میں ہرگز بیعت نہ کرونگا۔ تم لوگوں نے انصار سے خلافت کو قرابت رسولؐ کی دلیل پر حاصل کیا ہے اسی دلیل پر تم لوگ ہم اہلبیت سے خلافت غصب کر رہے ہو۔ کیا تم نے انصار سے پیش اس کمال کو بیان نہیں کیا۔ کہ تم لوگ اس وجہ سے مستحق خلافت ہو۔ کہ رسول اللہ تم لوگوں میں سے تھے۔ تو انصار نے تمہارے اس دعویٰ کو قبول کیا اور خلافت کو تمہارے حوالے کر دیا۔ اب اس حجت کو جب ہم تم پر پیش کرتے ہیں کہ رسول اللہ سے زندگی اور موت دونوں میں ہم اولیٰ ہیں

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

تو تم ہی انصاف کرو۔ اگر تم لوگ مومن ہو۔ ورنہ اپنے ظلم کی جگہ دیکھ لینا جس کو تم جانتے ہو۔ عمر نے کہا۔ جب تک ابو بکر کی بیعت نہ کروگے ہم تم کو نہیں چھوڑیں گے۔ حضرت نے فرمایا اے عمر آج دودھ دوہ اس کے لئے کہ تیرا بھی حصہ ہے اور اس کے امر کو مضبوط کر۔ کل وہ تجھے واپس دیگا۔ پھر حضرت نے کہا۔ اے عمر ہم تیرے قول کو ہرگز قبول نہ کریں گے۔ اور نہ ابو بکر کی بیعت کرینگے۔

کنز العمال فضائل ابو بکر از قسم افعال ترجمہ شمائل ابو بکر کتاب الفضائل باب الخلفا میں لکھا ہے کہ ایک اعرابی ابو بکر کے پاس آیا اور پوچھا۔ کیا تو خلیفہ رسول ہے۔ ابو بکر نے کہا نہیں تو اعرابی نے پوچھا۔ کہ پھر تو کیا ہے۔ ابو بکر نے کہا میں تو آنحضرت کے بعد خالفہ ہوں۔ یعنی بیٹھنے والا۔ نیز خالفہ سے مراد وہ شخص بھی ہے جس میں کوئی خیر و برکت نہ ہو۔ اور جس سے لوگ بے دو نیا میں بے نیاز نہ ہوسکیں۔ ملاحظہ ہو مجمع بحار الانوار علامہ شیخ محمد طاہر مطبوعہ نو لکشور جلد اول صفحہ ۳۰ سطر ۳۔ اور شرح عینی مطبوعہ مصر جلد پنجم صفحہ ۵۰۰ اور نہایہ ابن اثیر جزری مطبوعہ مصر صفحہ ۳۵ سطر ۲۔ اور انوار اللغہ مولوی وحید الزمان صفحہ ۹۹

کتاب مواقف مقصد ثالث فی ماثبت بہ الامامتہ میں ہے جب یہ ثابت ہو گیا کہ (ابو بکر) کو امامت اختیار اور بیعت سے حاصل ہوئی تھی۔ (نہ کہ بذریعہ قرآن و حدیث) تو جاننا چاہئے کہ اس میں سب اصحاب کے اجماع کی حاجت نہیں کیونکہ اس پر کوئی عقلی یا نقلی دلیل قائم نہیں ہوتی۔ بلکہ امامت کے مقرر ہونے کے لئے اہل حل و عقد میں سے ایک یا دو شخصوں کا بیعت کر لینا کافی ہے۔ کیونکہ ہم جانتے ہیں کہ صحابہ نے باوجود اس مضبوطی کے جو وہ دین میں رکھتے تھے۔ ایسی بیعت ہی کو کافی سمجھا ہے جیسا کہ عمر نے بیعت کر کے ابو بکر کی خلافت مقرر کی اور عبد الرحمان بن عوف نے بیعت کر کے عثمان کی خلافت مقرر کی۔ کل امت کا اکٹھا ہونا تو ایک طرف رہا۔ انہوں نے ان لوگوں کے اکٹھا ہونے کو بھی ضروری نہ سمجھا جو کہ مدینہ میں تھے۔ اور کسی شخص نے بھی ان کے اس فعل پر اعتراض نہ کیا۔ (غلط ہے سینکڑوں اصحاب رسول معترض ہوئے اور مرتے دم تک ثلاثہ کی بیعت نہ کی) اور اسی بات پر آجتک کئی زمانے گذر چکے ہیں۔

کتاب الامامت و السیاسۃ علامہ ابن قتیبہ میں ہے کہ ابو بکر کا غلام قنفذ حضرت علی علیہ السلام کی خدمت میں آیا اور کہا آپ کو خلیفۂ رسول بلاتا ہے۔ حضرت نے فرمایا کہ تم لوگوں نے آنحضرت پر جھوٹ باندھنے میں بہت جلدی کی۔

تفریح الاحباب فی مناقب الاصحاب فصل خلافت ابو بکر صفحہ ۴۹ پر مسند امام احمد بن حنبل اور دلائل النبوۃ امام بیہقی سے حدیث لکھی ہے کہ عمر بن سفیان سے روایت ہے کہ اس خلافت کی بابت

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

رسول اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہم سے کوئی عہد اور حکم نہیں فرمایا تھا۔ لیکن ہم نے اپنی رائے سے ابوبکر کو خلیفہ بنایا۔ پس۔ ابوبکر اس پر قائم ہوگیا۔ اور مرتے دم تک مضبوطی سے قائم رہا۔ پھر ابوبکر نے اپنی رائے سے عمر کو خلیفہ بنایا۔ پس وہ بھی اس پر قائم ہو گیا۔ یہاں تک کہ دین اپنی جگہ پر قائم ہوا (غلط ہے بدعات کے شوقین تمام سے ماہر ہیں) پھر (اقوام (عثمان، معاویہ وغیرہ) نے دنیا طلب کی۔ پس ان میں بہت سے ایسے کام ہوئے جن کے بارے میں اللہ فیصلہ کرے گا۔

کنز العمال جلد سوم ص۱۲۵ پر ہے کہ رافع بن ابی رافع کہتا ہے کہ جب ابوبکر کو لوگوں نے خلیفہ بنایا تو ہم نے کہا کہ یہ تو ہمارا وہی صاحب ہے جو ہم کو حکم دیا کرتا تھا کہ کبھی دو آدمی پر بھی حکومت نہ کرنا۔ اسی خیال سے ہم نے گھر سے سفر کیا اور وارد مدینہ ہوئے۔ ابوبکر سے ملاقات کر کے ہم نے کہا۔ ہم کو پہچانتے ہو۔ ابوبکر نے کہا ہاں۔ تب ہم نے کہا۔ کیا یہ بھی تم کو یاد ہے کہ تم ہم کو نصیحت کیا کرتے تھے کہ دو آدمیوں پر بھی حکومت نہ کرنا۔ پھر تم کو کیا ہو گیا۔ کہ ساری امت کے حاکم بن بیٹھے! ابوبکر نے جواب دیا کہ رسول اللہ نے انتقال کیا۔ اور لوگ کفر کے ساتھ تازہ عہد تھے۔ لہذا ہم کو (مجھے اور عمر کو) یہ خوف ہوا کہ کہیں یہ لوگ مرتد نہ ہوجائیں۔ اور اختلاف نہ پیدا ہو۔ اس لئے ہم اس میں داخل ہوئے۔ حالانکہ ہم اس امر سے کراہت رکھتے تھے۔

تاریخ طبری جلد چہارم ص[illegible] پر ہے کہ خالد بن سعید بن عاص آنحضرت کی طرف سے یمن کا عامل تھا۔ اس نے دو ماہ تک ابوبکر کی بیعت نہ کی۔ جب یہ مدینہ میں آیا تو اس نے حضرت علی علیہ السلام سے کہا اے فرزندان عبد مناف کیا تم لوگ بالکل مغلوب ہوگئے۔ جناب امیر نے فرمایا کیا تو اسکو خلافت سمجھتا ہے یا زبردستی۔ اسنے عرض کیا۔ کہ تم لوگوں سے کوئی شخص اولے بہ خلافت نہیں ہے جو اس امر پر زبردستی پہنچے

روضۃ الاحباب میں ہے کہ جب معاویہ نے جنگ صفین میں حضرت علی علیہ السلام کے لشکر پر دریائے فرات کا پانی بند کر دیا۔ تو عمرو بن عاص نے کہا۔ اے معاویہ تو حضرت علیؑ جیسے شخص پر پانی بند کرتا ہے۔ حالانکہ تو جانتا ہے۔ کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وفات پر تمام زمانہ حضرت علی علیہ السلام کے خلاف ہو گیا۔ تو حضرت علی (علیہ السلام) نے کہا۔ کاش! اس وقت میرے ہمراہ چالیس آدمی ہوتے تو میں اپنے حق کے مطالبہ پر کھڑا ہو جاتا۔

تفریح الاحباب امام احمد بن حنبل ص۱۹۱ پر بروایت عبداللہ بن مسعود لکھا ہے کہ عمر بن خطاب کو لوگوں پر یہ فضیلت ہے کہ اس کی رائے سے ابوبکر خلیفہ بنا۔ اور عمر پہلا شخص ہے جسنے ابوبکر کی بیعت کی

کتاب تمہید ابو الشکور سلمی ص۱۹۹ پر ہے کہ خلافت کیلئے کسی شخص کے حق میں نص نہ تھی اگر ہوتی تو

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اصحاب رسول رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وفات کے بعد اتنی جلدی آنحضرتؐ کے دفن ہونے سے پہلے آنحضرت کے حکم کی اور وصیت کی مخالفت نہ کرتے یعنی سقیفہ بنی ساعدہ میں جمع ہو کر خلیفہ سازی نہ کرتے

مسند امام احمد حنبل جلد اول صفحہ ۱۰ میں ہے کہ ابوبکر کو لوگوں نے خلیفۃ اللہ کے لقب سے پکارا۔ تو اس نے کہا میں خلیفہ رسول اللہ ہوں اور میں اس پر راضی ہوں۔

صواعق محرقہ علامہ ابن حجر شروع مقصد خامس از باب حادی عشر و فضائل اہلسنت تاریخ الخلفا علامہ جلال الدین سیوطی خلافت ابی بکر فصل فی نبذ من خطبہ و تواضعہ کنز العمال کتاب الامارۃ والخلافت حرف الالف ریاض النضرہ محب طبری باب اول قسم ثانی فصل دوازدہم ذکر تواضع ابوبکر میں لکھا ہے کہ امام حسن علیہ السلام ابوبکر کی طرف گئے جبکہ وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے منبر پر تھا امام حسن علیہ السلام نے فرمایا اے ابوبکر میرے باپ کے بیٹھنے کی جگہ سے اتر جا۔ ابوبکر نے کہا خدا کی قسم صاحبزادے تو نے سچ کہا ہے کہ یہ منبر تیرے باپ کے بیٹھنے کی جگہ ہے میرے باپ کی نہیں ہے۔ اس کے بعد ابوبکر نے امام حسن علیہ السلام کو پکڑ کر گود میں بٹھا لیا اور رونے لگ گئے۔ پس حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا واللہ حسن نے میرے سکھانے سے یہ بات نہیں کہی ہے بلکہ خود بخود ایسا کہا ہے اس پر ابوبکر نے کہا اے علی آپ نے سچ فرمایا ہے خدا کی قسم میں نے بھی آپ کو تہمت نہیں دی۔ ناظرین۔ اس روایت میں ابوبکر کا قسم کھانا قابل غور امر ہے یہی روایت کتاب المناقب ابن شہر آشوب اور فضائل السمعانی اور تاریخ خطیب میں بھی مذکور ہے۔

ابوبکر انباری نے بھی روایت بالا کو بیان کیا ہے انساب سمعانی میں ابوبکر انباری کی بے مثل قابلیت اور عظیم المرتبہ علم کو تسلیم کیا گیا ہے ۳۲۸ھ میں فوت ہو گیا۔

شرح مشکوۃ شیخ عبدالحق دہلوی کتاب الزکوۃ باب من لا یحل لہ الصدقہ میں ہے کہ امام چھوٹی عمر میں صاحب عقل تھے اور بتحقیق یہ دونوں امام یعنی امام حسن اور امام حسین علیہم السلام نہایت چھوٹی عمر میں تھے جبکہ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی احادیث منضبط کی ہوئی تھیں اور آنحضرتؐ کی وفات کے وقت امام حسنؑ کی عمر آٹھ سال کی تھی۔ کیونکہ آپ ہجرت کے دوسرے سال پیدا ہوئے تھے

خفاجی نے ریحانۃ الالبا میں ابن حجر مکی کو صاحب فضل و کمال تسلیم کیا ہے شیخ عبدالحق ما ثبت بالسنۃ میں اس کو شیخ الفقہاء والمحدثین لکھا ہے اور کشف الظنون میں اس کو امام اور حافظ کا لقب دیا گیا ہے ۹۷۳ھ میں فوت ہوا۔

علامہ یافعی نے اپنی تاریخ میں ۲۸۴ھ کے واقعات میں لکھا ہے کہ سید حسنی رحمۃ اللہ علیہ نے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نو سال سے تھوڑی عمر میں قرآن حفظ کر لیا تھا۔ نیز لکھا ہے کہ ابو الفتح نحوی کہتا ہے کہ شریف رضی ابوالحسن موسوی کی عمر ابھی دس سال نہیں ہوئی تھی۔ کہ ابن سیرافی کے پاس حلقہ شاگردان میں بیٹھا تھا۔ ابن سیرافی تعلیم کے طور پر اعراب کا ذکر کر رہا تھا۔ تو کہنے لگا جب ہم کہتے ہیں رأیت عمر۔ تو عمر کے نصب کی کیا علامت ہے سید رضی نے فرمایا بغض علی۔ تمام اہل مجلس دنگ رہ گئے۔

درر کامنہ عسقلانی۔ لحظات الالحاظ، جاحی۔ تاریخ ابن رافع۔ طبقات فقہائے شافعیہ۔ طبقات السنوی طبقات الخواص یمنی میں ہے کہ ناصر یا نبی گیارہ سال کی عمر میں بالغ ہو گیا تھا۔ وہ علم و فضل میں مشہور زمانہ تھا۔ اس کے اوصاف مثل آفتاب تاباں بیان سے مستغنی ہیں۔ اس کی تصانیف مفیدہ مختلف فنون میں ہیں۔ اس کو رسول اللہ کی زیارت بھی ہوئی۔ اور آنحضرتؐ نے اس کی شفاعت کا وعدہ فرمایا۔

منہج المقال اور کئی ایک کتب رجال میں مرقوم ہے کہ عبدالکریم بن طاؤس العلوی نے صرف چالیس دن استاد سے تعلیم حاصل کی۔ اور اس کی عمر چار سال کی تھی۔ جبکہ اس نے مستقل طور پر کتابت کا فن حاصل کر لیا۔ اور اس کو استاد کی ضرورت نہ رہی۔

لواقح الانوار فی طبقات الاخیار امام عبدالوہاب شعرانی اور شرح بخاری کرمانی میں ہے۔ کہ ابو محمد سفیان ابن عیینہ نے جو علمائے اخیار عرب سے ہے۔ چار برس کی عمر میں قرآن حفظ کر لیا۔ اور سات برس کی عمر میں حدیث کی کتابیں تالیف کیں۔

صاحب منتہی الکلام نے مسلک اول میں امام عبدالوہاب شعرانی کی قابلیت پہ فخر و مباہات کیا ہے رسالہ انتباہ فی سلاسل الاولیاء شاہ ولی اللہ میں ہے کہ شعرانی عارف باللہ اور صاحب تصانیف تھا مسلم میں ہے کہ عبداللہ بن زبیر کو جب کہ وہ چار سال سے کم عمر کا تھا۔ غزوہ خندق کے دن کا مفصل واقعہ ضبط تھا۔

شرح مسلم نووی میں ہے کہ غزوہ خندق سنہ ۴ھ میں ہوا۔ جبکہ عبداللہ بن زبیر کی عمر چار برس سے کم تھی۔ اور اس کا واقعہ غزوہ خندق کو ضبط میں رکھنا۔ ان جمہور محدثین کی تردید کرتا ہے۔ جو یہ کہتے ہیں۔ کہ پانچ برس کی عمر سے پہلے کسی بچے سے حدیث سننی صحیح نہیں ہے۔ سچی بات یہ ہے کہ خواہ بچہ چار برس کا ہو یا اس سے کم ہو اگر اسکو تمیز حاصل ہے تو اس سے حدیث سننی صحیح ہے۔ اور اس حدیث میں ابن زبیر کی منقبت ہے

ابو یحییٰ انصاری نے فتح الباقی شرح الفیۃ العراقی میں۔ ابراہیم لقانی مالکی نے کتاب قضاء الوطر من نزہۃ النظر فی توضیح نخبۃ الفکر فی مصطلح اہل الاثر میں۔ ملا علی قاری نے کتاب شرح الشرح النخبۃ الفکر میں اور جلال الدین سیوطی نے تدریب شرح تقریب میں ابن الصلاح نے علوم حدیث میں۔ اور بیہقی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نے مدینۃ العلوم میں عینی نے عمدۃ القاری شرح صحیح بخاری میں خطیب بغدادی نے کفایہ میں لکھا ہے کہ خطیب کہتا ہے۔ کہ میں نے پانچ برس کی عمر میں قرآن حفظ کیا۔ اور چار برس کی عمر میں ابو بکر ابن المقری کے سامنے پیش کیا گیا۔ بعض نے کہا۔ یہ ابھی بہت چھوٹا ہے۔ کہ حدیث سن سکے ابن المقری نے مجھے کہا پڑھ سورہ کافرون میں نے پڑھ دی۔ پھر کہا پڑھ سورہ تکویر میں نے پڑھ دی پھر کہا پڑھ سورہ المرسلات میں نے وہ بھی پڑھ دی اور کوئی غلطی نہ کی۔ ابن مقری نے کہا اس بچے سے حدیث سنا کرو۔ میں عہد کرتا ہوں۔ کہ جو حدیث یہ بیان کرے گا۔ اس کا میں ذمہ دار ہوں۔

ابن الصلاح نے کتاب علوم حدیث میں لکھا ہے کہ تحقیق ہمیں ابراہیم بن سعید جوہری سے پہنچا ہے کہ اس نے کہا میں نے ایک چار سالہ لڑکے کو دیکھا جس کو گود میں اٹھا کر مامون رشید کے پاس لائے تحقیق اس نے قرآن کی قرأت کی اور مسائل میں اجتہاد کرتا تھا۔ ہیں مگر یہ بات تھی کہ جب بھوک لگتی تو رو پڑتا۔

خطیب نے کہا یہی محمد بن ابراہیم سعد اللہ ابن جماعۃ الکنانی نے کتاب منہل روی فی اصول حدیث النبیؐ میں۔ ملا علی قاری نے شرح الشرح نخبۃ الفکر میں بسند شرح بخاری کا زرعی۔ عینی نے عمدۃ القاری میں اور زرعینی نے مدینۃ العلوم میں بعینہٖ واقعہ بالا درج کیا ہے۔

سہیل بن عبداللہ تستری شیخ الاسلام ذکریا انصاری نے احکام الدلالہ علی تحریر الرسالہ اور یافعی نے مرآۃ الجنان میں لکھا ہے کہ سہل کہتا ہے۔ کہ میں تین سال کا تھا جبکہ میں رات کو جاگا کرتا اور عبادت خدا کرتا۔

شیخ الاسلام ابو یحییٰ ذکریا انصاری شافعی نے فتح الباقی شرح الفیۃ العراقی میں لکھا ہے کہ قاضی ابو عمر ہاشمی نے پانچ برس کی عمر میں سنن ابوداؤد کو پڑھا۔ لوگ اس سے حدیث سننے کے عادی تھے اور اس سے حدیثیں سن کر ضبط کیا کرتے۔

علامہ ابن القیم نے زاد المعاد میں اور امام احمد بن حنبل نے مسند میں اور ابن اثیر نے اسد الغابہ فی معرفت الصحابہ میں لکھا ہے کہ ام سلمہ کہتی ہے کہ جب میرا شوہر ابو سلمہ مر گیا اور میری عدت گذر چکی۔ تو رسول اللہؐ نے مجھے پیغام نکاح دیا۔ میں نے کہا یا رسول اللہ میں بال بچہ دار عورت ہوں اور نیز میرا کوئی ولی اس وقت موجود نہیں ہے۔ اسی حدیث میں ہے کہ ام سلمہ نے اپنے بیٹے عمر کو کہا۔ اٹھ اور رسول اللہؐ کے ساتھ میرا عقد کر دے۔ پس اس نے عقد کر دیا۔ ناظرین! یہ نکاح ماہ شوال سنہ ۴ھ میں ہوا اور عمر بن ابو سلمہ کی عمر اس نکاح کے وقت تین سال یا تین سال سے کم تھی کیونکہ وہ رسول اللہؐ کی وفات کے وقت ۹ سال کا تھا۔

روضۃ الاحباب تاریخ سبط ابن جوزی۔ تاریخ خمیس مواہب لدنیہ تکمیل الکمال شیخ عبدالحق دہلوی اور کتاب الاعلام بسیرۃ النبی میں لکھا ہے کہ یہ نکاح ماہ شوال سنہ ۴ھ میں ہوا۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

استیعاب میں عمر بن ابو سلمہ کے حالات میں لکھا ہے کہ وہ ۲ھ میں ملک حبشہ میں پیدا ہوا اور تاریخ خمیس میں ام سلمہ کے اولاد کے ذکر میں لکھا ہے۔ کہ عمر وفات رسولؐ کے وقت ۹ سال کا تھا۔ اور وہ ۲ھ میں پیدا ہوا تھا۔ اور اسد الغابہ میں عمر بن ابو سلمہ کے حالات میں لکھا ہے کہ وہ وفات رسولؐ کے وقت ۹ سال کا تھا

علامہ ابن القیم امام واقدی سے نقل کرتا ہے کہ رسول اللہؐ نے ام سلمہ سے نکاح کا پیغام اس کے بیٹے عمر بن ابو سلمہ کو دیا۔ پس اس نے ام سلمہ کا نکاح رسول اللہ سے کر دیا۔ حالانکہ وہ اس وقت خورد سال بچہ تھا۔

فاضل شعرانی نے مختصر فتوحات مکیہ میں لکھا ہے (یہ کتاب فتوحات مکیہ مصنفہ شیخ محی الدین ابن عربی کا خلاصہ ہے) کہ شیخ محی الدین کہتا ہے کہ میں نے اپنی بیٹی کو جبکہ ابھی شیر خوار تھی۔ اور اس کی عمر ایک سال کے قریب تھی کہا۔ تو کیا کہتی ہے اس شخص کے بارہ میں جو اپنی عورت سے جماع کرے اور انزال نہ ہو۔ پس میری بیٹی نے جواب دیا۔ کہ اس مرد پر غسل واجب ہے۔ پھر شیخ محی الدین لکھتا ہے کہ میں نے ایسے بچہ کو دیکھا۔ کہ جس نے ماں کے پیٹ میں ماں کا نام لے کر اسے جواب دیا۔ اور اس کی ماں نے چھینک لی تو حاضرین نے اس بچہ کی آواز اس کی ماں کے شکم سے سنی۔ علی بن برہان الدین نے روایت بالا انسان العیون میں بھی لکھی ہے۔ ناظرین اب یہ پوچھا جائے کہ علمائے اہلسنت اور اصحاب رسولؐ نے ایسی بے سروپا باتیں کیوں بنائی ہیں۔ تو ایک طویل کتاب بن جاتی ہے۔ مشتے نمونہ از خروارے عرض کرتا ہوں کہ اصحاب ثلاثہ کے والدین کافر تھے۔ اس لئے رسول اللہؐ اور حضرت علی علیہ السلام اور ابراہیمؑ کے والدین کافر قرار دیئے۔ ثلاثہ بت پرست تھے۔ اس لئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف بتوں کی حمد و ثنا اور شیطان کی دراندازی منسوب کی گئی۔ عمر تمام عمر کھڑے کھڑے پیشاب کرتا رہا۔ یہی الزام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیا گیا۔ عمر نے شراب مرتے دم تک ترک نہ کی۔ یہی بات رسول اللہ اور حضرت علی علیہ السلام کے ذمہ لگائی گئی۔ عمر بحالت جنب نماز پڑھ لیا کرتا تھا۔ یہی قباحت آنحضرتؐ سے منسوب کیا گیا۔ ابوبکر پر شیطان غالب ہو جاتا تھا۔ اسی گناہ کا مجرم آنحضرتؐ کو ٹھیرایا گیا۔ ثلاثہ صدق و صفا سے قطعاً عاری تھے۔ اسی سبب سے تین جھوٹ حضرت ابراہیمؑ کی طرف منسوب کئے گئے۔ عمر بحالت روزہ جماع کر لیا کرتا تھا۔ یہی برائی بروایت عائشہ آنحضرتؐ کے ذمہ لگائی گئی۔ آنحضرتؐ نے محبت کی وجہ سے جو جو عاشقانہ حرکات اپنے اہلبیت سے کئے اس سے چڑ چڑ کر فدایانہ امور عائشہ کی طرف منسوب کئے گئے۔ ثلاثہ نے تمام عمر ختنہ نہیں کرایا تھا۔ یہی فضیحت حضرت ابراہیمؑ کے سر تھوپی گئی۔ حضرت علی علیہ السلام ماں کے پیٹ میں آنحضرتؐ کی تعظیم کو کھڑے ہو جاتے تھے۔ اسی طرح شیخ محی الدین علامہ اہلسنت نے ایک عام لڑکی کو اپنی ماں کے پیٹ میں باتیں کرتے سنا۔ آئمہ معصومین نہایت خورد سالی میں کامل فقیہ اور رموز القرآن و احادیث

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سے کما حقہٗ واقف تھے۔ ویسے ہی علمائے اہلسنت بخارق عادات باتیں عام مسلمین کے بچوں میں علام کرتے ہیں۔ عائشہ وحفصہ کی پردہ پوشی کی آڑ میں زینب بنت رسول اللہ کو کافر بنایا جاتا ہے۔ آنحضرت کو مبعوث ہونے سے پہلے عام بازاری لوگوں کی طرح گنہگار کہا جاتا ہے۔ بلکہ دوران اظہار نبوت میں بھی گنہگار بنایا جاتا ہے سب سے بڑھ کر غضب تو یہاں تک ڈھایا جاتا ہے۔ کہ رسول اللہ صرف دوران نزول وحی میں طیب وطاہر ہو سکتے ہیں۔ بعد از انقراع وحی ان سے گناہ کا سرزد ہونا ممکن ہے۔ ان لوگوں نے گستاخی اور حق پوشی کی حد کر دی جب یہاں تک کہدیا کہ وحی میں بھی ایک دفعہ شیطان نے دراندازی کر دی چلو پیغمبری بقول اہلسنت ایک من گھڑت ڈھکوسلا ہے۔

تفسیر کشاف اور کتاب مواقف دائل مقصد اول مقصد سادس اور تفسیر لباب فی علوم الکتاب عمر بن عادل حنبلی اور تفسیر بن حیان میں ہے کہ اللہ تعالٰے نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو بچپن میں نبوت عطا کی۔ اور اس کی عقل کو کامل کیا۔

ملا علی قاری نے شرح فقہ اکبر میں امام فخر الدین رازی سے اور شارح عمدۃ النسفی نے لکھا ہے۔ کہ رسول اللہ اپنی پیدائش کے دن بھی نبوت کی صفت سے متصف تھے۔ بلکہ بروئے حدیث آنحضرت اس وقت بھی نبی تھے جبکہ ابھی آدم روح اور جسد کی حالت میں تھا۔

بخاری مطبوعہ مصر جلد چہارم صد ۱۱۱ اور مسند احمد حنبل جلد اول صد ۵۵ اور تاریخ کامل جلد دوم ۱۳۴ اور مجمع بہار گجراتی جلد سوم صد ۲۲ اور تاریخ الخلفا امام سیوطی مطبوعہ سرکاری لاہور صد ۴۳ سطر ۸ اور تنقیح بخاری بدر الدین زرکشی اور مفتاح کنز الدرایہ زرکشی اور مسند احمد بن حنبل اور ملل والنحل امام شہرستانی مطبوعہ بولاق مصر ۴ سطر ۱۳ اور کتاب عزیز الالفاظ بخاری علی بن سہل اور تاریخ طبری اور بخاری مطبوعہ بمبئی جلد ششم کتاب المحاربین صد ۷ سطر ۷ میں ہے کہ عمر بن خطاب نے کہا کہ مجھ کو خبر ملی ہے کہ لوگ کہتے ہیں کہ جب عمر مر گیا تو ہم فلاں شخص (علی) کی بیعت کرینگے خبردار کوئی اس دھوکہ میں نہ رہے کیونکہ ابوبکر کی بیعت بے سوچے سمجھے واقعہ ہوئی تھی

کنز العمال میں ہے کہ حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا کہ مجھ سے آنحضرت نے فرمایا کہ میں نے خدا سے تین دفعہ سوال کیا کہ تجھ کو سوا یعنی خلیفہ بنائے مگر خدا نے انکار کیا اور ابوبکر کی خلافت پر راضی ہو گیا۔ ابو طالب عشاری نے فضائل الصدیق میں اور خطیب نے اور ابن جوزی نے البیانات میں اور ابن عساکر نے میزان میں لکھا ہے کہ یہ حدیث باطل ہے۔

محاضرات راغب اصفہانی باب مناقب علی اور کتاب مناقب ابن مردویہ اور کتاب موفقیات زبیر بن بکار میں ہے کہ عبد اللہ بن عباس نے دوران سفر میں عمر بن خطاب کو کہا۔ کہ تم اور تمہارے دوست ابوبکر نے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

گواہ حلف اٹھائے تو صاحب حق اپنے حق کا مستحق ہو جاتا ہے۔

قسطلانی شرح بخاری کتاب الشہادات جلد چہارم صفحہ ۲۲۵ پر ہے کہ مسلم و کتب سنن و ترمذی و ابن ماجہ وغیرہ میں احادیث مذکور ہیں۔ کہ آنحضرتؐ نے ایک گواہ اور حلف پر فیصلے صادر کئے۔

ربیع الابرار علامہ زمخشری باب الشرف والشنون فی الاسعاد والاکفی میں خزیمہ کے ذوشہادتین ہونے کی وجہ میں لکھا ہے۔ کہ ایک یہودی نے آنحضرتؐ سے اپنے قرض کا مطالبہ کیا آنحضرتؐ نے فرمایا۔ کیا میں تجھے ادا نہیں کر چکا ہوں۔ یہودی نے ثبوت طلب کیا۔ آنحضرتؐ نے اصحاب کو فرمایا تم میں سے کون میرے حق میں گواہی دیتا ہے۔ خزیمہ نے کہا حضرتؐ میں گواہی دیتا ہوں۔ حضرتؐ نے فرمایا۔ تو کس طرح اس امر کی گواہی دیتا ہے حالانکہ تو اس وقت موجود نہ تھا۔ اور نہ ہی تو اس امر سے آگاہ ہے۔ خزیمہ نے کہا۔ یا رسول اللہ ہم وحی آسمانی میں آپؐ کی تصدیق کرتے ہیں۔ تو ہم کس طرح اس امر میں آپ کی تصدیق نہ کریں۔ کہ آپؐ نے یہودی کو قرض ادا کر دیا ہوا ہے پس آنحضرتؐ نے اسکی شہادت کو نافذ فرمایا اور اسکا نام ذوالشہادتین رکھا گیا۔ یعنی اسکی شہادت دو مردوں کی شہادت کے برابر ہے۔

سنن ابو داؤد کتاب القضاء باب اذا علم الحاکم صدق الشہادۃ الواحد یجوز لہ ان یقضی بہ جلد ثانی مطبوعہ دہلی اور تفسیر نیشاپوری میں بھی واقعہ ذوالشہادتین ویسا ہی لکھا ہے۔

بخاری باب لا یحل لاحد ان یرجع فی ھبتہ وصدقتہ میں ہے کہ ابراہیم بن موسے نے حدیث بیان کی ہشام بن یوسف نے حدیث بیان کی کہ ابن جریج نے انہیں خبر دی۔ اس نے کہا مجھے عبداللہ بن عبیداللہ بن ابی ملیکہ نے خبر دی کہ صہیب غلام ابن جدعان کے بیٹوں نے دو گھروں اور ایک حجرہ کا دعوے کیا۔ کہ رسول اللہ نے یہ صہیب کو بخش دیئے ہوئے ہیں پس مروان نے (جسکو معاویہ نے قاضی مقرر کیا ہوا تھا) کہا کہ اس بارہ میں کون تمہارے حق میں گواہی دیتا ہے۔ انہوں نے کہا عمر بن خطاب کا بیٹا۔ مروان نے اس کو بلایا۔ اور اس نے گواہی دی۔ کہ رسول اللہ نے صہیب کو دو گھر اور حجرہ بخشے ہوئے ہیں پس مروان نے اس شہادت پر ان کے حق میں فیصلہ دیدیا۔

خیر جاری شرح بخاری ملا یعقوب لاہوری قضیۂ مروان شہادت میں بھی واقعہ بالا درباب فیصلہ مروان بحق اولاد صہیب غلام اختصار سے لکھا ہے مطلب وہی ہے۔

کنز العمال کتاب الامارہ فرع اول۔ طبقات کبری ابن سعد بخاری باب من تکفل عن میت دنیا اور کتاب الخمیس باب اقطع النبی من البحرین کتاب المغازی اور کتاب الشہادات تاریخ الخلفاء جلال الدین سیوطی فصل فی ما وقع فی خلافتہ من خلافۃ ابی بکرؓ مسند احمد حنبل مطبوعہ مصر جلد ۳

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

صفحہ ۳۰۰۔ مسلم کتاب الفضائل باب فی سخاؤ صلی اللہ علیہ وسلم شرح مسلم نووی جلد دوم صفحہ ۲۵۴ شرح بخاری قسطلانی جلد ۴ صفحہ ۲۲ میں ہے کہ جب رسول اللہؐ فوت ہوئے! اور بحرین کا مال آیا۔ تو ابوبکر نے کہا جس کی کوئی شئے رسول اللہؐ کے ذمہ ہو۔ یا جس سے رسول اللہؐ کا کوئی وعدہ ہو۔ وہ آئے اور لے لے۔ پس جابر صحابی دعویدار ہوا۔ اور کہا۔ یہ تحقیق رسول اللہؐ نے فرمایا تھا۔ کہ اگر بحرین کا مال میرے پاس آیا۔ تو میں تجھے اس قدر اور اس قدر دوں گا۔ حضرتؐ کی مراد اس سے میرے دونوں ہاتھوں کی ہتھیلیاں تھیں، پس ابوبکر نے کہا اٹھ اور لپ ہاتھ سے پکڑ لے۔ پس جابر نے پکڑے تو پانچ سو درہم ایک دفعہ کی گرفت میں آئے۔ پس ابوبکر نے کہا جابر کو ایک ہزار درہم گن دو۔ اور دوسرے لوگوں کو بھی فی کس دس دس درہم دے دیئے۔

شرح بخاری کرمانی کتاب الکفالہ باب من تکفل عن میت دینا میں ہے کہ ابوبکر نے آنحضرتؐ کے وعدہ کی ذمہ داری اس لئے لی۔ کہ آنحضرتؐ کے وعدہ کی ایفا ضروری تھی۔ کیونکہ یہ امر عمدہ اور بزرگ اخلاق میں سے ہے۔ اور نبیؐ کی شان "انک لعلی خلق عظیم" ہے اور یہ امر کہ ابوبکر نے صرف جابر کے کہنے پر جابر کو سچا قرار دیا (اور اس سے کوئی شہادت نہ لی) اس کی وجہ قول رسولؐ ہے کہ جو شخص جان بوجھ کر میری طرف جھوٹی بات منسوب کرے پس اس کو چاہیئے کہ اپنی جگہ دوزخ میں مہیا کرے۔ اور یہ وعید ہے۔ اسلئے یہ گمان ہی نہیں کیا جا سکتا۔ کہ ایسے وعید کے ہوتے ہوئے جابر جیسا آدمی آنحضرتؐ کے ذمہ جھوٹی بات منسوب کرنے کا اقدام کرے۔ طحاوی میں بالکل لفظ بلفظ یہی جابر کا واقعہ لکھا ہے۔

فتح الباری شرح بخاری ابن حجر کتاب الکفالہ میں اس حدیث بالا کی شرح میں لکھا ہے کہ اصحاب میں سے جو عادل ہو۔ اس اکیلے کی خبر مقبول ہے۔ خواہ اس خبر سے وہ اپنی ذات کیلئے فائدہ حاصل کرے۔ کیونکہ ابوبکر نے جابر سے گواہ نہ مانگے۔ جو اس کے دعوے کو سچا ثابت کریں۔

عینی لکھتا ہے کہ ابوبکر نے جابر سے اس لئے کوئی گواہ نہیں مانگا تھا۔ کہ جابر کتاب اللہ اور سنت رسولؐ کی رو سے عادل تھا۔ کتاب اللہ کی رو سے تو اس لئے عادل تھا کہ خدا فرماتا ہے۔ کہ تم بہترین امت ہو اور ہم نے تم کو امت وسطیٰ بنایا ہے اور سنت رسولؐ کی رو سے اس واسطے عادل تھا۔ کہ آنحضرتؐ نے فرمایا ہے۔ کہ جو شخص مجھ پر جان بوجھ کر جھوٹ باندھے۔ اس کا ٹھکانہ دوزخ ہے اور ایسا ظن کسی مسلمان پر بھی نہیں ہو سکتا۔ چہ جائیکہ ایک صحابی کی نسبت ایسا گمان کیا جاوے۔

علامہ ابن عبد البر نے کتاب استیعاب میں حالات ثابت ابن قیس میں لکھا ہے کہ جب ثابت ابن قیس جنگ یمامہ میں مارا گیا۔ تو اس کے بدن پر ایک نفیس زرہ تھی۔ ایک مسلمان نے وہ زرہ لے لی۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ایک دوسرے شخص نے خواب میں دیکھا کہ ثابت ابن قیس اس کو کہتا ہے۔ کہ میں تم کو وصیت کرتا ہوں۔ اس کو ہرگز وسوسہ یا خیال خام نہ سمجھنا۔ کہ جب کل میں مارا گیا۔ تو ایک شخص جس کا گھر آبادی کے ایک کنارہ پہ ہے۔ میری زرہ لے گیا ہے۔ اور اس نے زرہ پہ پتھر کا ایک مٹکا اوندھا کے رکھا ہوا ہے۔ پس جب تو خالد سے ملے۔ تو کہیو کہ کسی کو بھیجکر زرہ منگوا لے۔ اور جب تو مدینہ میں خلیفہ ابوبکر کے پاس پہنچے۔ تو میری طرف سے کہیو۔ کہ میں نے اس قدر قرض دینا ہے! اور میرے فلاں فلاں غلام ہیں۔ پس وہ شخص آیا۔ اور خالد کے پاس گیا۔ اس نے وہ زرہ منگوالی۔ پھر اس شخص نے جاکر ابوبکر کو وہ خواب سنایا۔ ابوبکر نے خواب کے مطابق عملدرآمد کر دیا۔

ابن عبدالبر اس تمام واقعہ کو لکھ کر کہتا ہے کہ ہم کو معلوم نہیں ہوا کہ کسی اور شخص نے بھی ثابت بن قیس کی طرح خواب میں وصیت کی ہو۔ اور اس پر عملدرآمد ہوا ہو۔

آپ ایک لمحہ کے لئے فرض کریں کہ آنحضرتؐ نے کوئی ہبہ نامہ جناب سیدہ کو لکھ کر نہ دیا تھا۔ اور جناب فاطمہؑ نے ابوبکر سے فرضی ہبہ نامہ کی بناء پر مطالبہ فدک کیا تھا۔ اس صورت میں بھی ابوبکر اور عمر کا فرض تھا۔ کہ آنحضرتؐ کی عزت اور محبت کا پاس کرتے ہوئے اور سیدہؑ کی حرمت اور ادب کا لحاظ کرکے فدک دے دیتے اور سمجھ لیتے کہ ہم نے جناب سیدہ کو یہ سالانہ رقم اپنی گرہ سے دی ہے۔ تاکہ اہلبیت فاقوں کی تکلیف نہ اٹھائیں۔

اگر آج کسی کے پاس آنحضرتؐ کی کفش مبارک ہو تو تمام روئے زمین کے مسلمان اس کفش سے آنکھیں ملنا اور اسے سر پر رکھنا فخر خیال کریں گے۔ نواب اور بادشاہ اس کی قیمت میں اپنا خزانہ پیش کرنے کو تیار ہو جائینگے۔ اور اس کی عزت و حرمت میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھی جائیگی۔ اور اگر کوئی شخص اس کفش مبارک کی طرف دست گستاخی بڑھانے پہ آمادہ نظر آئے۔ تو مسلمان یقیناً اس شخص کا قتل واجب جانیں گے۔

یہ امر مسلم ہے کہ وہ ہبہ نامہ آنحضرتؐ کا لکھا ہوا تھا۔ شیخین کا فرض تھا کہ اس ہبہ نامہ کو سر اور آنکھوں پر رکھ کر اسلام اور ایمان کا ثبوت دیتے اور جناب سیدہؑ سے معافی مانگ کر اقرار جرم کرتے اور اپنے محافظوں اور کارندوں کو فدک سے واپس بلا لیتے۔

لیکن وہ ایسا کار نیک کیوں کرتے۔ ان کے آب و گل میں آنحضرتؐ کی بے ادبی۔ اہلبیتؑ کی عداوت اور دنیا کی محبت ملی ہوئی تھی۔ وہ فطرتاً مجبور تھے کہ وہ ایسے کام کریں جن سے رسول اللہ کی پاک روح کو ایذا پہنچے اور اسلام کے نہال نوخیز کی بیخ کنی کرکے لات و منات کی محبت کا حق ادا کریں۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

عقل سلیم قبول نہیں کرتی کہ آنحضرتؐ کو رسول اللہ مان کر آنحضرتؐ کے اہلبیت کی یہاں تک بے حرمتی کی جائے۔ مسلمان تو مسلمان رہے کسی غیر مسلم سے یہ تمام ماجرا بیان کیا جائے۔ تو وہ کہہ اٹھیگا۔ کہ ثلاثہ مسلمان نہ تھے بلکہ ظاہری اسلام کی حالت میں بھی درپردہ دلدادہ لات و منات تھے۔ غلبہ اسلام دیکھ کر مصلحتاً مسلمان ہو گئے تھے۔ اور آنحضرتؐ کی وفات کی گھڑیاں گنتے رہتے تھے جب آنحضرتؐ نے وصال فرمایا۔ ان کی دلی مراد پوری ہو گئی۔ اور انہوں نے اپنے دل کے بخار سیر ہو کر نکال لیے۔

ان کا اسلام کے ظاہری لباس میں ملبوس رہنا سیاسی پہلو سے نہایت ضروری تھا۔ وہ جانتے تھے کہ بالاعلان مرتد ہو جانے سے خلافت کی سونے کے انڈے دینے والی مرغی ہاتھ سے نکل جائے گی۔ اور یہ خلافت یقیناً اہلبیتؑ میں محصور ہو جائیگی۔ اس خیال نے اور صرف اس خیال نے انہیں اسلامی وضع قطع پر قائم رکھا اور وہ صوم و صلوٰۃ کی بھی کچھ پابندی بادل ناخواستہ کرتے رہے۔ قرآن مجید کے احکام سے آگاہ ہو کر اور اقوال رسولؐ کو اپنے کانوں سے سن کر کیسے ہو سکتا ہے کہ اولاد رسولؐ کو شکنجہ مصائب میں جکڑا جائے۔ حقیقت یہ ہے کہ ثلاثہ کے زعم میں آنحضرتؐ نبی اور رسول نہ تھے قرآن پاک خدا کا کلام نہ تھا۔ اور اقوال رسولؐ خود ساختہ اور خود غرضانہ باتیں تھیں پس اس عقیدے کے آدمی آنحضرتؐ اور آنحضرتؐ کی اولاد سے بدسلوکی کرنے پر فطرتاً مجبور تھے۔

میراث حضرت رسول اللہ صلعم

مسند امام احمد حنبل مطبوعہ بمبئی جلد اول صفحہ ۱ و صفحہ ۶ ینابیع المودۃ علامہ شیخ سلیمان قندوزی حنفی مطبوعہ قسطنطنیہ صفحہ ۱۱۹ بخاری امام بخاری مطبوعہ بمبئی ربع رابع کتاب الخمس صفحہ ۱ و کتاب الفرائض جلد ... مسلم امام مسلم مطبوعہ نولکشور جلد دوم صفحہ ۹۱ تاریخ خمیس علامہ دیار بکری مطبوعہ مصر جلد دوم صفحہ ۱۹۳ سنن امام ابوداؤد مطبوعہ نولکشور جلد سوم صفحہ ۵۵ مہ اہین قاطعہ ترجمہ صواعق محرقہ مترجمہ کمال الدین مطبوعہ محمدی لاہور صفحہ ۴۳ صواعق محرقہ ابن حجر مکی مطبوعہ میمنیہ مصر صفحہ ۱۲ معارج النبوۃ علامہ ملا معین کاشفی مطبوعہ نولکشور رکن چہارم باب دہم صفحہ ۲۲ شرح مواقف علامہ ابوالعلی مطبوعہ نولکشور صفحہ ۷۳۵ شرح ابن ابی الحدید مطبوعہ ایران جلد دوم قریب نصف۔ کتاب السیاست والامامت امام ابو محمد عبداللہ بن مسلم بن قتیبہ میں ہے کہ حضرت فاطمہ زہرا بنت حضرت سیدالانبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام نے اپنے باپ رسول اللہ کے بعد جناب ابوبکر سے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

فدک مانگا۔ لیکن خلیفہ جی نے یہ کہکر دینے سے انکار کیا۔ کہ انبیاء نہ کسی کے وارث ہوتے ہیں اور نہ انکا کوئی وارث ہوتا ہے۔ اس پر حضرت فاطمہؑ ابوبکر صاحب پر غضبناک ہو گئیں۔ اور تا دم مرگ اس سے کلام نہ کیا۔ اور بخاری میں ہے کہ ابوبکر صاحب کو جنازہ پہ آنے کا اذن بھی نہ دیا۔

بخاری مطبوعہ بمبئی فضائل اصحاب النبی باب مناقب فاطمہؑ جلد چہارم ص۵۴ بخاری مطبوعہ بمبئی باب مناقب قرابہ رسولؐ ص۸ مشکوٰۃ مطبوعہ محمدی دہلی باب مناقب اہلبیت ص۵۶۸ پر بروایت مسور بن مخرمہ لکھا ہے۔ کہ فرمایا آنحضرتؐ نے کہ فاطمہؑ علیہا السلام میرے جگر کا ٹکڑا ہے جس نے اس کو رنجیدہ اور غضبناک کیا اس نے مجھ کو غضبناک اور رنجیدہ کیا۔

مسلم مطبوعہ نولکشور ص۹۰ سطر ۲ پر بروایت عمر بن خطاب لکھا ہے۔ کہ جب رسولؐ نے وفات فرمائی ابوبکر نے کہا۔ کہ میں رسولؐ اللہ کا ولی ہوں۔ پس تم دونو (حضرت علیؑ و حضرت عباس) میرے پاس آئے اے عباس تم تو اپنی میراث بھتیجے کے مال سے طلب کرنے لگے۔ اور یہ (علیؑ) اپنی زوجہ کا حق میراث پدری سے طلب کرنے لگے پس ابوبکر نے کہا کہ پیغمبر خدا نے فرمایا ہے۔ "نحن معاشر الانبیاء لا نورث ولا نورث وما ترکناہ صدقۃ۔" اس پر تم دونو نے ابوبکر کو کاذب۔ غادر۔ خائن۔ اور آثم جانا۔

اب میں (عمر) بعد وفات ابوبکر آنحضرتؐ کا ولی ہوں۔ پس تم دونو نے مجھے بھی کاذب۔ غادر خائن اور آثم سمجھا۔

کنز العمال باب الامارت حرف ہمزہ خلافت ابوبکر اور مسند امام احمد بن حنبل مطبوعہ بمبئی ص۱۶ سطر ۲۵ پر ہے۔ کہ محمد بن عروہ نے ابی سلمہ سے نقل کیا ہے۔ کہ جناب سیدہؑ نے ابوبکر سے فرمایا جب تم مرجاؤ گے تو تمہارے ترکہ کا وارث کون ہوگا۔ ابوبکر نے کہا میرا بیٹا اور اہل میرے وارث ہونگے۔ معصومہؑ نے فرمایا۔ یہ عجیب ہے۔ تو تو اپنے باپ کا وارث ہو اور میں اپنے باپ کی میراث نہ پاؤں۔ ابوبکر نے کہا رسولؐ نے فرمایا ہے۔ کہ پیغمبر کا کوئی وارث نہیں ہوتا۔

مسند امام احمد حنبل جلد اول ص۴ اور براہین قاطعہ ترجمہ صواعق محرقہ مطبوعہ محمدی لاہور ص۲۳ سطر ۶ پر ہے کہ ابوبکر نے جناب سیدہؑ کو حدیث لا نورث ولا نورث سنا کر کہا (قسم بخدا) بطریقے کہ رسولؐ عمل میکرد عمل خواہم کرد۔ یعنی میں وہی طریقۂ عمل اختیار کروں گا جو آنحضرتؐ کا طریقۂ عمل رہا ہے۔ ناظرین کیا خوب سنت رسولؐ پر عمل ہو رہا ہے۔

الفاروق شمس العلما مولوی شبلی نعمانی مطبوعہ مفید عام آگرہ ص۳۵۲ سطر ۲ حصہ دوم میں ہے۔

اسی سلسلہ میں باغ فدک کا معاملہ بھی ہے جو مدت تک معرکتہ الآراء رہا ہے۔ ایک فرقہ (شیعہ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

حضرات، کا خیال ہے۔ کہ یہ باغ خاص آنحضرتؐ کی جائداد تھا کیونکہ اس پر چڑھائی نہیں ہوئی تھی۔ بلکہ وہاں کے لوگوں نے خود آنحضرتؐ کے سپرد کر دیا تھا۔ اور وہ اس وجہ سے اس آیت کے تحت میں داخل ہے۔ کہ اے لوگو جو کچھ خدا نے اپنے پیغمبر کو ان لوگوں سے دلوایا جن پر تم اونٹ یا گھوڑے دوڑا کر نہیں گئے تھے خدا نے اپنے پیغمبرؐ کو جس پر چاہتا ہے مسلط کر دیتا ہے۔ وہ ہر چیز پر قادر ہے جب وہ (فدک) آنحضرتؐ کی مملوکہ خاص ٹھہری تو اس میں وراثت کا عام قاعدہ جو قرآن مجید میں مذکور ہے جاری ہوگا۔ اور آنحضرتؐ کے ورثا اس کے مستحق ہونگے لیکن عمر نے (اور ابوبکر نے بالمشورہ) باوجود حضرت علیؑ کے طلب و تقاضا کے آل نبیؐ کو اس سے محروم رکھا۔

نہایہ امام ابن اثیر جزری باب اللام والمیم لغت لمّہ میں ہے۔ کہ معصومہؑ نے فدک کے بارہ میں ابوبکر پر عتاب کیا۔

لسان المیزان ابن حجر عسقلانی میں ہے کہ ایک دن واعظ بلخی نے (جو عسقلانی کا ممدوح ہے۔ اور حافظ یوسف شیرازی کا استاد ہے) اپنی مجلس میں کہا کہ ایک دن سیدہؑ رو رہی تھیں تو جناب امیرؑ نے فرمایا یا فاطمۃ الزہراؑ آپ کیوں گریہ کرتی ہیں (دعبل سامنے رنج و ملال کا اظہار کرتے ہیں۔ کیا میں نے آپ سے فدک چھین لیا۔ کیا میں نے آپکے حق کو غصب کیا۔ اور کیا میں نے آپ کو وہ ورثہ اذیت دی ہے

مسند احمد۔ کنز العمال۔ ریاض النضرہ فصل الخطاب میں ہے۔ کہ ابوبکر نے کہا کہ وراثت رسولؐ پہلے رسولؐ کا حق تھا۔ اب اس کے جانشین کا حق ہے۔

تاریخ الخلفا جلال الدین سیوطی میں ہے۔ کہ ابوبکر نے فدک خاص اپنی ذات کیلئے مقرر کر دیا تھا۔

صواعق محرقہ ابن حجر باب اول فصل پنجم شبہ چہارم۔ اور تاریخ الخلفا علامہ سیوطی فصل فی ما وقع فی خلافت ابوبکر میں ہے کہ صحاب نے آنحضرتؐ کی میراث کے بارہ میں اختلاف کیا (سیدہ کے طلب فدک و وراثت پر) پس اس بارہ میں کسی کو واقفیت ہوتی نہ پائی گئی۔ تو ابوبکر نے "لا نورث ولا نورث" پڑھ دیا۔

کتاب الاکتفا ابراہیم بن عبداللہ یمنی بروایت عائشہ غیلانیات ابوبکر شافعی۔ تاریخ ابن عساکر اور تاریخ الخلفا صفحہ پر بروایت عائشہ لکھا ہے کہ (سیدہ کے طلب فدک و وراثت پر) اصحاب میں میراث آنحضرتؐ کے بارہ میں اختلاف ہوا اور کسی کے پاس بھی اس کے متعلق واقفیت نہ پائی گئی تو ابوبکر نے "لانورث ولا نورث" پڑھ دیا۔

بخاری کتاب الاحکام باب شہادت تکون عند الحاکم .... الخ میں ہے کہ علمائے حجاز وامام

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مالک وغیرہ کہتے ہیں کہ حاکم اپنے علم کی بنا پر فیصلہ صادر نہ کرے۔ وہ امر خواہ اسکی حکومت کے دوران میں اسکو معلوم ہوا ہو یا دوران حکومت سے پہلے۔ اور اگر جھگڑا کرنے والوں میں سے ایک فریق اس حاکم کے پاس کچہری میں دوسرے فریق کے کسی حق کا اقرار کرلے۔ تو اہل حجاز میں سے بعض کا قول ہے کہ اس اقرار پر بھی فیصلہ صادر نہ کرے جبتک دو گواہوں کو بلا کر انکے سامنے اس کے اقرار پر گواہی موجود نہ کرلے۔

فتح الباری شرح بخاری ابن حجر میں ہے۔ کہ بخاری نے جو کہا ہے۔ کہ اہل حجاز نے کہا ہے۔ کہ حاکم اپنے علم کی بنا پر فیصلہ نہ کرے۔ وہ علم خواہ اس کو اس کی حکومت کے دوران میں حاصل ہوا ہو۔ خواہ اس سے پہلے یہ امام مالک کا قول ہے۔ ابو علی کرابیسی کہتا ہے کہ حاکم اپنے علم کی بنا پر بخوف تہمت فیصلہ صادر نہ کرے۔ کیونکہ وہ اپنے ذمہ تہمت آجانے کے خوف سے بے خطر نہیں ہوگا۔

طبقات ابن سعد میں ہے کہ ابوبکر نے عائشہ کو صوبہ بحرین کی زمین بخشدی صواعق محرقہ ابن حجر باب اول فصل پنجم میں ہے کہ ابوبکر اور عمر عائشہ کو دس ہزار درہم سالانہ وظیفہ دیا کرتے تھے مستدرک حاکم میں ہے کہ عمر نے عائشہ کا وظیفہ بارہ ہزار کر دیا۔ ناظرین! آنحضرتؐ نے اپنے بعد نو ازواج چھوڑی تھیں پس بقاعدہ تقسیم عائشہ کو آٹھویں حصہ کا نواں حصہ ملنا چاہیئے تھا۔ مگر عائشہ کے بارہ میں یہ قاعدہ نہ برتا گیا نیز واضح ہو کہ حفصہ کو بھی دس ہزار درہم سالانہ بیت المال سے ملا کرتا تھا۔ برخلاف اسکے اہلبیت رسولؐ فاقہ کشی کرتے رہے! ور حضرت علیؑ یہودیوں کے باغ میں مزدوری کر کے اہل و عیال کا پیٹ پالتے رہے۔

اہلسنت کی حرکت مذبوحی ملاحظہ ہو۔ سیوطی نے بیہقی سے روایت کی ہے اور مدارج النبوت قسم چہارم میں ہے کہ چونکہ زندوں کی میراث تقسیم نہیں ہوتی۔ اور ہمارا نبی زندہ ہے! اسلئے فاطمہؑ کا میراث میں حصہ نہ تھا۔ ناظرین! اس دلیل پر کسی نبیؐ کی میراث کا مالک کسی نبی یا وصی کو نہ ہونا چاہیئے تھا۔ جو خلاف قرآن ہے۔ اور نیز شہدا کی جائیداد کا بھی داخل بیت المال ہونا ضروری تھا۔ بلکہ سب سے بڑھکر یہ امر ہے کہ خلافت ہی فی نفسہ ناجائز ہوئی۔ کیونکہ نبیؐ بعد موت زندہ ہے اور نبیؐ ہے۔ اس لئے نبوت اور خلافت ایک ہی وقت جمع نہیں ہو سکتی۔

شرح ابن ابی الحدید میں ابن ابی الحدید کہتا ہے۔ کہ میں نے علی ابن علی الفارقی شافعی مدرس مدرسہ عربیہ بغداد سے پوچھا۔ کہ آیا جناب فاطمہؑ فدک کے دعوے میں سچی تھیں۔ اگرچہ وہ شخص بہت معزز اور خوددار اور متین تھا۔ تاہم مسکرایا۔ اور کہا کہ اگر ابوبکر فدک کو واپس کر دیتا۔ تو سمجھا جاتا کہ فاطمہؑ اپنے دعاوی میں سچی ہے۔ تو پھر وہ اپنے خاوند کے لیے خلافت کا دعوے کر دیتی۔ اور ابوبکر ترک خلافت پر مجبور ہونا پڑتا۔ کیونکہ وہ اس دعویٰ فدک میں صادق قرار دے چکا ہوتا۔ ابن

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ابی الحدید کہتا ہے۔ کہ اس کی یہ گفتگو صحیح تھی۔

ناظرین۔ ابو بکر نے سنت رسولؐ پر چلنے کی کئی بار قسم کھائی تھی۔ مگر جس بے دردی اور بیباکی سے سنت رسولؐ کو ابو بکر وغیرہ نے پاؤں تلے روندا ہے وہ صاف ظاہر ہے۔ موطا امام مالک کتاب الاقضیہ فصل الحنث علی منبر النبی مطبوعہ احمدی دہلی صفحہ ۳۱۰ پر ہے کہ فرمایا آنحضرتؐ نے جو کوئی میرے منبر پر جھوٹی قسم کھائے اس کا ٹھکانہ جہنم ہے۔ ناظرین بقول رسولؐ مقبول منبر رسولؐ پر جھوٹی قسم کھانیکی سزا جہنم ہے۔ تو پھر وہ لوگ جو منبر رسولؐ پر جبراً بیٹھ گئے۔ احکام شریعت میں بدعات کیں۔ صحابۂ رسولؐ کی مخالفت کی قتل اہلبیت پر آمادہ ہوئے۔ خانۂ اہلبیتؑ کو جلا دیا۔ اور ازاں قبیل قبیح ترین امورات کے مرتکب ہوئے۔ ان کی سزا خدا کے حوالے ہے۔

تاریخ ابو الفدا جلد اول صفحہ ۲۷ پر ہے کہ حضرت سلیمانؑ نے حضرت داؤدؑ کے اموال و املاک ورثہ میں پائے۔

تاریخ ابو اسحاق ثعلبی صفحہ ۲۸۳ پر ہے کہ حضرت سلیمانؑ نے حضرت داؤدؑ سے مالی اور ملکی وراثت پائی۔

تفسیر غرایب التنزیل نیشاپوری جلد سوئم صفحہ ۱۳۲ پر سورۂ نمل کی آیۃ ورث سلیمان داؤد کی تفسیر میں لکھا ہے۔ کہ وراثت سے مراد مال ہے۔

بیضاوی نے سورہ صاد کی تفسیر میں لکھا ہے کہ حضرت سلیمانؑ نے ایک ہزار گھوڑے اپنے باپ دادا کی ورثہ سے حاصل کیے۔ نیز کشاف تفسیر سورہ صاد۔ ربیع الابرار علامہ زمخشری باب ثانی و تسعون تفسیر بحر المعانی تفسیر مدارک تفسیر معالم التنزیل بغوی حیوۃ الحیوان دمیری وغیرہ کتب معتبرہ میں لکھا ہے۔ کہ حضرت سلیمانؑ نے اپنے باپ حضرت داؤدؑ سے ایک ہزار گھوڑے بطور ورثہ حاصل کیے۔

تفسیر معالم التنزیل بغوی مطبوعہ بمبئی صفحہ ۶۵۴ پر ہے کہ حضرت سلیمانؑ وارث ہوئے حضرت داؤدؑ کی نبوت اور علم اور ملک (مالی) کے۔

سورۂ مریم آیہ ۴ میں ہے کہ حضرت ذکریاؑ نے دعا کی۔ کہ خدایا۔ مجھے اپنی رحمت سے ایک جانشین عطا فرما۔ جو میرا وارث ہو (اموال و نبوت کا) اور آل یعقوبؑ میں سے بھی لوگوں کا وارث ہو۔

شرح تجرید علامہ قوشجی صفحہ ۳۸۳ پر ہے کہ اگرچہ حدیث لا نورث ولا نورث خبر واحد در موجب ظن ہے تاہم چونکہ ابو بکر نے آنحضرتؐ سے خود سنا تھا۔ اس لئے قطعی الدلالت ہے اس کے متعلق صاحب دراسات لکھتا ہے۔ کہ ابو بکر کے خود سننے کے باوجود بھی جبکہ خبر واحد ہی رہی۔ تو خطا بجانب ابو بکر ہے۔ اور صواب بجانب سیدہؑ۔

سورہ نساء رکوع ۲ میں ہے۔ "یوصیکم اللّٰہ فی اولادکم للذکر مثل حظ الانثیین"

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

یعنی اللہ تمہیں تمہاری اولاد کے بارہ میں حکم دیتا ہے کہ لڑکے کا حصہ دو لڑکیوں کے برابر ہو۔ ناظرین یہ حکم پیغمبر اور امت کے لئے یکساں ہے۔

پارہ ۵ سورہ نساء رکوع ۵ میں ہے: "ولکل جعلنا موالی مما ترک الوالدان والاقربون" یعنی ہم نے ہر ایک نبی اور عوام کیلئے وارث مقرر کئے ہیں اس ترکہ میں سے جو والدین اور رشتہ داران چھوڑ مریں۔

سورہ نساء میں ہے: "للرجال نصیب مما ترک الوالدان والاقربون وللنساء نصیب مما ترک الوالدان والاقربون مما قل منہ او کثر نصیباً مفروضا" یعنی ماں باپ اور رشتہ داروں کے ترکہ میں خواہ تھوڑا ہو یا بہت مردوں کا حصہ ہے اور ایسا ہی عورتوں کا بھی حصہ ہے۔

سورہ نساء آیہ ۱۳ میں ہے کہ "ومن یعص اللہ ورسولہ ویتعد حدودہ یدخلہ ناراً خالداً فیھا ولہ عذاب مھین" یعنی جسنے ترکہ کی تقسیم میں، خدا اور رسولؐ کی نافرمانی کی اور اسکی حدسے گذر گیا تو بس خدا اسکو جہنم میں ڈالے گا جہاں وہ ہمیشہ رہیگا۔ اور یہ اسکے لئے بڑی رسوائی کا عذاب ہے

شرح ابن ابی الحدید میں ہے کہ نبی صلعم کی وفات کے بعد اور سیدہؑ کے دعوئے وراثت کے پیچھے کسی نے بھی حدیث "لا نورث ولا نورث" کو روایت نہیں کیا ہے۔ سوائے ابو بکر کے یا مالک بن اوس بن حدثان نے روایت کی ہے۔

شرح ابن الحدید میں ہے کہ ابو بکر نے خطبہ میں کہا کہ میں نے حضرت علی (علیہ السلام) کو رسول اللہ کی اسلاح اور سواری کا جانور اور عمامہ دیدیا ہے۔ مگر دیگر اشیاء "لا نورث ولا نورث" میں داخل ہیں۔

انسان العیون جلد سوم ص۴۰۰ اور تاریخ سبط جوزی میں ہے کہ ابو بکر نے سیدہؑ کو فدک دینے کا پروانہ لکھدیا جو عمر نے پھاڑ دیا۔

مسلم اور بخاری (کتاب الایمان باب علامات منافق) میں بروایت عبداللہ بن عمر لکھا ہے۔ کہ فرمایا آنحضرتؐ نے کہ چار خصلتیں ایسی ہیں کہ جس میں وہ ہوں وہ خالص منافق ہے اور جس میں ان سے ایک خصلت ہو اس میں نفاق کی ایک خصلت ہے جبتک وہ اس کو ترک نہ کرے (۱) جب امانت دیجاوے تو خیانت کرے۔ (۲) جب بات کرے تو جھوٹ بولے (۳) جب عہد کرے تو بیوفائی کرے (۴) جب خصومت کرے تو فحش و فجور کرے۔ پھر بخاری میں بروایت ابو ہریرہ لکھا ہے کہ فرمایا آنحضرتؐ نے کہ منافق کی تین علامتیں ہیں۔ خواہ وہ روزہ رکھتا ہو نماز پڑھتا ہو۔ اور گمان کرتا ہو کہ وہ مسلمان ہے (۱) جھوٹ بولنے والا (۲) وعدہ کے خلاف کرنے والا (۳) امانت میں خیانت کرنے والا۔

مرقاۃ شرح مشکوٰۃ کتاب الجہاد باب الفئی فصل ثالث قسطلانی شرح بخاری شرح باب فرض خمس جلد پنجم ص۱۵۵ شرح موطا ملا علی قاری باب النبی لا یورث کتاب الفرائض مفاتیح شرح مصابیح

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

شمس الدین محمد بن مظفر الدین خلخالی باب بعد باب المکولات رفتح الباری شرح بخاری اوائل کتاب خمس باب فرض خمس میں ہے کہ عثمان نے اپنے عہد خلافت میں فدک اپنے سالے مروان کو بخش دیا

رجال مشکوٰۃ شیخ عبدالحق میں ہے کہ مستدرک میں بروایت عبدالرحمان بن عوف لکھا ہے کہ جب کسی کے ہاں بیٹا پیدا ہوتا تو اس کو نبیؐ کے پاس غرض دعا لایا جاتا لیکن جب مروان بن حکم آنحضرتؐ کی خدمت میں لایا گیا۔ تو حضور نے فرمایا۔ یہ بچہ ملعون ابن ملعون ہے فتح الباری میں ہے۔ کہ آنحضرتؐ کا لعنت کرنا مروان کے باپ حکم پر اور اسکی اولاد پر احادیث میں وارد ہے جسکو طبرانی وغیرہ نے بھی لکھا ہے کنز العمال میں ہے کہ مروان نے کہا کہ (نعوذ باللہ) اہلبیتؑ محمدؐ ملعون ہیں۔ اس پر امام حسن علیہ السلام نے غضبناک ہو کر فرمایا خدا کی قسم تجھ پر خدا نے اپنے رسولؐ کی زبانی لعنت کی جبکہ تو ابھی اپنے باپ کی پشت میں تھا۔ اس کنز العمال والی حدیث کو ابن سعد ابو یعلیٰ اور ابن عساکر نے بھی لکھا ہے۔

کتاب نہج البلاغہ میں ہے کہ فرمایا جناب امیر علیہ السلام نے۔ کہ ہاں۔ فدک ہر ایک شخص سے جس پر آسمان نے سایہ کیا ہے علیحدہ اور خالص ہمارے قبضہ میں تھا پس چند اشخاص (ابوبکر و عمر و عثمان) کے دلوں نے اس پر بخل کیا اور بعض دوسرے (جناب سیدہؑ) کے دل ہر بنا و جات سے ملال ہوا۔ پس اللہ بہتر فیصلہ کرنیوالا ہے۔

کنز العمال میں ہے کہ فرمایا آنحضرتؐ نے کہ میں تم سے پہلے جانیوالا ہوں پس تم دیکھتے رہو۔ کہ تم میرے بعد ثقلین سے کیا سلوک کرتے ہو۔ آنحضرتؐ سے پوچھا گیا ثقلین کون کون ہیں۔ فرمایا قرآن اور میرے اہلبیت۔ یہ دونو چیزیں آپس سے جدا نہ ہوں گی۔ یہاں تک کہ میرے پاس حوض کوثر پر آئیں۔ میں نے اپنے رب سے ان دونو کے حق میں دعا مانگی ہے پس تم ان دونو چیزوں پر مقدم نہ ہو اور نہ ان دونو کو تعلیم دو۔ کیونکہ یہ دونو تم سے زیادہ عالم ہیں۔

جواہر العقدین سید نور الدین سمہودی نے حدیث ثقلین بیان کرنے کے بعد مسند سے نقل کیا ہے کہ ان دونو پر تقدیم اختیار نہ کرو۔ ورنہ ہلاک ہو جاؤ گے۔ نہ ان کا شان گھٹاؤ ورنہ ہلاک ہو جاؤ گے۔ اور نہ ان کو تعلیم دو یہ تم سے زیادہ عالم ہیں۔

یہی مضمون بالا کتاب الموالات ابن عقدہ میں بھی مرقوم ہے۔

تاریخ طبری جلد دوم بروایت ابن عباس ہے کہ حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا۔ میں بندہ اللہ کا بندہ رسول اللہ کا بھائی اور صدیق اکبر ہوں جو کوئی اور صدیق ہونے کا دعوے کرے وہ کاذب ہے۔

مرزا محمد بدخشانی نے مفتاح النجا میں مسند ابو یعلیٰ مختارہ ضیا مقدسی معجم کبیر طبرانی معجم اوسط طبرانی

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

حلیہ ابو نعیم، مناقب ابن مردویہ وغیرہ سے اور شیخ عبد الحق نے رجال مشکوٰۃ میں، مستدرک حاکم، معجم طبرانی - کامل ابن عدی - جمع الجوامع سیوطی وغیرہ سے نقل کیا ہے کہ فرمایا آنحضرتؐ نے کہ حق اور قرآن علیؑ کے ساتھ ہیں

شرح ابن ابی الحدید اور مستدرک حاکم میں ہے کہ جب زینب دختر آنحضرتؐ کی سوتیلی لڑکی) کا خاوند ابو العاص بطور قیدی آنحضرتؐ کے پاس آیا اور زینب نے اس کے فدیہ میں وہ ہار بھیجا - جو اس کو بوقت شادی خدیجہ نے جہیز میں دیا تھا - تو آنحضرتؐ نے ابو العاص کو بغیر فدیہ چھوڑ دیا - اور ہار بھی واپس کر دیا - ناظرین - ابو بکر اور عمر نے جناب فاطمہؑ کی توقیر و حرمت ابو العاص کافر سے بھی کم سمجھی -

سیرت حلبیہ جلد سوم ص۳۹۱ پر ہے کہ سبط ابن جوزی نے لکھا ہے کہ ابو بکر نے معصومہؑ کو نوشتہ لکھ دیا - اتنے میں عمر آیا - اور ابو بکر سے پوچھا کہ یہ کیا ہے - ابو بکر نے جواب دیا - کہ یہ فاطمہؑ کے لئے نوشتہ ہے کہ وہ اپنے باپ کی میراث پائیں - عمر نے کہا - پھر مسلمانوں کو کہاں سے دو گے حالانکہ عرب تم سے برسر جنگ ہیں - کہہ کر عمر نے وہ نوشتہ لیا - اور چاک کر دیا -

کنز العمال جلد دوم ص۱۸۹ پر ہے کہ ابو بکر نے اپنے داماد زبیر کیلئے عطیہ زمین کا ایک نوشتہ لکھا اتنے میں عمر آ گیا - تو ابو بکر نے اس نوشتہ کو فرش کے نیچے چھپا دیا جب عمر چلا گیا - تو اس پر عملدرآمد کیا -

کنز العمال ص۱۹۱ پر ہے کہ آنحضرتؐ نے بلالؓ کو وادی عقیق کی زمین بطور عطیہ دی جو اسکے قبضہ میں آنحضرتؐ اور ابو بکر کے زمانہ میں رہی جب عمر خلیفہ ہوا - تو اس نے اس زمین پر قبضہ کر لیا اور بہت تھوڑا سا حصہ بلال کیلئے چھوڑ دیا - حالانکہ بلالؓ بہت چیخا چلایا - کہ یہ زمین میرے قبضہ میں آنحضرتؐ کی عطا کردہ ہے -

علامہ سیوطی لکھتا ہے کہ عمر بن خطاب کے داماد نے عمر کو کہا - کہ مجھ کو بیت المال سے دو - عمر نے اسکو جھڑک سے کہا - کہ تو چاہتا ہے - کہ میں ایک خائن بادشاہ بن کر مروں لیکن پھر اس کو اپنے اصل مال سے دس ہزار درہم دیدئے - ناظرین کیسی پالیسی ہے کہ عطیہ اپنے مال سے ظاہر کیا جاتا ہے - مگر در اصل بیت المال سے ہے - اس کا ثبوت چھیاسی ہزار کا قرضہ بیت المال کا ہے - جو بوقت مرگ عمر کی گردن پر واجب الادا تھا -

شرح ابن ابی الحدید بحوالہ تاریخ طبری جلد دوم ص... پر ہے کہ عمر بن خطاب کا ایک باغ ملک حجاز میں تھا جس کی سالانہ آمدنی چالیس ہزار دینار یعنی دو لاکھ روپیہ تھی - اس آمدنی کو عمر اپنی ذاتی ضروریات اور اپنے خاندان بنی عدی میں خرچ کرتا -

تاریخ خمیس جلد دوم ص۳۱۱ پر ہے کہ ابو بکر کے داماد طلحہ کی روزانہ آمدنی ایک ہزار درہم تھی اور مرتے وقت دو لاکھ دینار اور بیس لاکھ درہم چھوڑے - اور ابن جوزی کہتا ہے کہ طلحہ نے اپنے بعد

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

تین سو اونٹ بار سونا چھوڑا۔ تاریخ کامل جلد سوم ص۲۲ پر ہے کہ جناب امیر علیہ السلام نے فرمایا کہ اگر ہمارے پاس چادر ہم بھی ہوتے جس سے ہم ایک چادر خریدتے تو ہم اپنی تلوار کو نہ بیچتے۔

ازالۃ الخفا ص۱۹۶ پر ہے کہ عمر نے کہا ہم وادی میں اپنے باپ کے اونٹ چرایا کرتے اور ایک موٹے گاڑھے کا کرتہ پہنتے۔ مگر آج ہماری یہ حالت ہے کہ ہمارے اور خدا کے درمیان کوئی نہیں ہے۔ اور ص۱۹۹ پر ہے کہ عمر کا کوڑا اتفاقاً ایک شخص کے دامن کو جا لگا۔ تو عمر نے اس کو چھ سو درہم انعام دے دیا۔

بخاری پارہ بارہواں کتاب الجہاد و السیر ص۴۴۱ اور ازالۃ الخفا مقصد دوم ص۹۵ پر ہے کہ زبیر بن عوام کی جائداد پانچ کروڑ دو لاکھ (روپیہ) تھی۔ بوقت مرگ اس نے چار عورتیں چھوڑیں جن میں سے ہر ایک کے حصہ میں کل جائداد کے ۱/۸ حصہ میں سے دو بارہ بارہ لاکھ روپیہ ۱۲ - کیوں نہ ملے۔ خلیفہ اول کے داماد شریف تھے۔ بخاری کتاب الجہاد و السیر پارہ بارہواں ص۴۹ پر ہے کہ زبیر نے اپنے بعد ایک غابہ گیارہ گھر مدینہ میں۔ دو گھر بصرہ میں۔ ایک گھر کوفہ میں۔ ایک گھر مصر میں چھوڑے۔ غابہ زمین کو اس نے ایک لاکھ ستر ہزار (روپیہ) کو خریدا تھا۔

تاریخ اسلام جلد سوئم ص۱۲ پر ہے کہ افریقہ کے پچیس لاکھ دینار کا خمس عثمان نے مروان کو پانچ لاکھ پر دے دیا۔ اور پھر اس میں سے بھی ایک لاکھ دینار مروان کو واپس کر دیا۔

فتح الباری شرح بخاری ابن حجر کتاب مغازی باب غزوہ خیبر میں ہے کہ جناب فاطمہؑ کی زندگی حضرت علی علیہ السلام کی عزت کا موجب تھی۔ لیکن جب سیدہ فوت ہو گئیں اور حضرت علی علیہ السلام بیعت ابوبکر نہ کرنے پر قائم رہے۔ تو لوگوں نے حضرت علی علیہ السلام کی توقیر کم کر دی۔

تاریخ الخلفاء ص۱۵۱ پر ہے کہ عمر بن عبد العزیز نے جب فدک کو واپس کیا تو کہا تم سب گواہ رہنا کہ میں نے فدک کو اسی حالت میں واپس کیا جس حالت میں عہد رسول اللہ میں تھا۔ ناظرین چونکہ عمر بن عبد العزیز نے فدک واپس کیا۔ اور حضرت علی علیہ السلام پر لعنت کرنے کی رسم کو بند کیا۔ اس لئے اعدائے اہلبیت نے اس کا بدلہ یوں لیا۔ تاریخ الخلفاء ص۱۵۶ پر ہے کہ عمر بن عبد العزیز نے اپنے غلام سے پوچھا۔ کہ تم نے مجھ کو زہر کیوں دیا ہے۔ اس نے جواب دیا کہ مجھے ایک ہزار اشرفی کا وعدہ کیا گیا ہے۔ اور نیز آزاد کر دیا جاؤں گا

سنن ابو داؤد مطبوعہ نولکشور لکھنو جلد دوم ص۵۰ پر ہے کہ جب عمر بن عبد العزیز خلیفہ ہوا تو فدک کی آمدنی (سالانہ) چالیس ہزار دینار تھی۔ یعنی لاکھ روپیہ بحساب انگریزی سکہ مروجہ۔

جب جناب فاطمہؑ نے ابوبکر سے مطالبہ فدک کیا۔ تو ابوبکر نے ضمیر فروشی کر کے ایک حدیث آنحضرت صلعم کی طرف منسوب کر دی کہ پیغمبر نہ کسی کے وارث ہوتے ہیں اور نہ کچھ بطور ورثہ اپنا چھوڑتے ہیں

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

حیرت ہے کہ اس حدیث کا علم نہ تو اہلبیتؑ میں سے کسی کو تھا اور نہ کسی اور بنی ہاشم کو۔ آنحضرتؐ نے یہ حدیث صرف ابو بکر کے کان میں اس قدر آہستہ سے کہی کہ کوئی اور نہ سن سکا۔ بالفاظ دیگر آنحضرتؐ نہ چاہتے تھے کہ آپؐ کی لڑکی آپؐ کے بعد آپؐ کی کسی چیز سے مستفید ہو سکے۔ معلوم ہوتا ہے کہ آنحضرتؐ کو جناب سیدہؑ سے حد درجہ عداوت تھی۔

اگر یہ حدیث صحیح ہوتی تو جناب سیدہؑ کبھی مطالبہ فدک نہ کرتیں اور نہ اہلبیتؑ اس مطالبہ کی حمایت میں گواہی دیتے۔ یہ پاک نفوس جھوٹا دعوےٰ نہ کر سکتے تھے۔ اور نہ ان کی غیرت غلط دعویٰ کی رسوائی برداشت کر سکتی تھی۔ ان کا دعوےٰ کرنا اس بات کا بدیہی ثبوت ہے کہ یہ حدیث طومار کذب و دروغ اور دفتر مکر و فریب تھا۔

اگر یہ حدیث صحیح تھی تو ابو بکر کا فرض تھا کہ وہ جناب سیدہؑ کی درخواست اور اصرار پر ہرگز پروانہ واگذاری نہ لکھ دیتا۔ جسے عمر بن خطاب نے چاک کر کے حدیث پر عمل کیا۔ اس معاملہ میں ابو بکر اور عمر میں سے ایک فریق ضرور خطا کار ہے۔ کیونکہ دونوں کا فعل باہم گر خلاف ہے۔

اگر اس حدیث کو صحیح مانا جائے تو اس کا یہ مطلب ہوا کہ انبیاء کی جائداد ان کی وفات کے بعد مال غنیمت متصور ہو حالانکہ ہر ایک نبیؑ کی جائداد اس کے ورثاء کو ملی ہے۔

یہ حدیث واضح طور پر کلام مجید کے خلاف ہے۔ قانون وراثت سے انبیاء کا ترکہ باہر نہیں ہو سکتا کون عقل کا اندھا اس بیہودگی پر کان دھرنے کو تیار ہوگا۔ کہ انبیاء کا ترکہ عوام الناس کا حق ہے۔ اور اس کے پس ماندگان اس سے محروم رہیں۔ انبیاء کے لئے بارگاہ الٰہی سے کیا اچھا انعام مقرر ہوا کہ جونہی انہوں نے آنکھیں بند کیں۔ اس کے اہل و عیال اس کی امت کے دروازوں کی گدائی پر مجبور کر دئے جائیں۔

فرض کریں کہ یہ حدیث صحیح ہے تاہم اس حدیث کے اثر سے ہبہ نامہ باہر ہے۔ کیونکہ فدک آنحضرتؐ کے ترکہ میں شمار نہیں ہو سکتا۔ آنحضرتؐ نے فدک اپنی زندگی میں جناب سیدہؑ کو ہبہ کر دیا تھا اور جناب سیدہؑ کا اس پر قبضہ ہو چکا تھا۔ اب آنحضرتؐ بھی اس کو جناب سیدہؑ کی مرضی کے خلاف واپس نہ لے سکتے تھے۔

مندرجہ امور پر غور اور انصاف کی نظر ڈالنے سے معلوم ہوتا ہے۔ کہ ابو بکر اور عمر نے مخدومہ جناب فاطمہ سیدہؑ پر ظلم کیا ہے۔

آنحضرتؐ کا ارشاد ہے کہ وہ شخص ملعون ہے جو میری طرف وہ بات منسوب کرے جو میں نے نہ

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہی ہو۔

ابوبکر اور عمر نے اہلبیت پر ہی ظلم کرنے پر اکتفا نہیں کیا۔ بلکہ ان لوگوں کے حقوق کو بھی پامال کر دیا جو اہلبیت محمد کی توقیر کرتے تھے۔ ان باتوں سے یہ نتیجہ نکالنا آسان ہے کہ ثلاثہ نے نبوت اور امامت کی مشعل نور کے بجھا دینے میں ہمہ تن کوشش کی۔ اور محبان نبوت و امامت کے نقش کو لوح زیست سے مٹا دینا چاہا۔ مگر قدرت نے ان کے تخیل ارادہ و تمنا کو بار آور نہ ہونے دیا۔ اور دنیا کے ہر حصہ میں محبان علیؑ موجود ہیں۔ چنانچہ اس ہندوستان میں دو کروڑ سے زیادہ شیعہ آباد ہیں۔

خمس

فتح القدیر۔ شرح مقاصد۔ شرح السنت بغوی۔ زاد المعاد ابن قیم۔ سنن ابو داؤد۔ مسند دارمی اور در منثور میں ہے۔ کہ عمر بن خطاب نے اہلبیتؑ کا حصہ خمس بند کر دیا۔

سنن ابو داؤد کتاب الخراج والفی والامارہ میں ہے۔ کہ آنحضرتؐ خمس کو صرف بنی ہاشم اور بنی عبدالمطلب میں تقسیم کیا کرتے تھے۔ اور بنی عبد الشمس جن میں سے عثمان تھا۔ و بنی نوفل جن میں سے جبیر تھا۔ ان دو خاندانوں کو کچھ نہ دیتے تھے۔

مستدرک حاکم میں ہے کہ ابوبکر اہل بدر کو چھ چھ ہزار درہم سالانہ دیتا اور امہات المومنین میں سے ہر ایک کو سوائے تین ازواج رسولؐ کے دس دس ہزار درہم سالانہ دیتا۔ کنز العمال کتاب الامارہ میں ہے کہ عمر نے ازواج نبیؐ میں سے ہر ایک کا وظیفہ بارہ بارہ ہزار درہم سالانہ کر دیا۔ سوائے صفیہ اور جویریہ کے جنکو چھ چھ ہزار درہم دینا چاہا لیکن انکے ناراض ہونے پر انکا وظیفہ بارہ بارہ ہزار کر دیا۔ استیعاب میں ہے کہ عمر نے معاویہ کو گورنر شام مقرر کر کے اسکا وظیفہ ہزار دینار یعنی بحساب انگریزی سکہ پانچ ہزار روپیہ ماہوار مقرر کیا۔

کنز العمال ملا علی متقی حرف الف کتاب الامارہ خلافت ابوبکر۔ ریاض النضرہ محب طبری باب اول فصل نہم مناقب ابوبکر فصل الخطاب محمد پارسا فضائل ابوبکر بعد نصف کتاب لکھا ہے کہ جناب سیدہؑ نے علاوہ فدک اور وراثت دلوا کے حصہ خمس بھی لیا۔ لیکن ابوبکر نے انکار کر دیا۔

جمع بین الصحیحین حمیدی اور کتاب الخراج قاضی ابو یوسف شاگرد ابو حنیفہ اور قرۃ العینین ولی اللہ اور تفسیر فقیہ ابو اللیث اور نسائی اور در منثور اور فصول الحواشی و اصول الشاشی اور شرح مسلم عبد الغنی اور فتح القدیر ابن ہمام طحاوی اور عنایہ شرح ہدایہ اور تفسیر مدارک اور تفسیر کشاف اور تفسیر شاہی میں ہے کہ آنحضرتؐ کے عہد میں خمس کے پانچ حصے ہوتے تھے۔ لیکن ابوبکر اور عمر نے اس کے تین حصے کر دیئے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جناب فاطمہؑ نے ایسا جانسوز نالہ اور بکا فرمایا کہ تمام گروہ میں گریہ و زاری کا شور برپا ہوا۔ کچھ عرصہ صبر کرنے کے بعد آپ نے ذیل کا خطبہ فرمایا جس کا اختصار مصنف درج کرتا ہے۔

خداوند عالم کی لا انتہا نعمات کا اور احسانات کا شکریہ ادا کرتی ہوں جس نے اپنی مخلوقات پر اپنا رسول بھیجا۔ اور اسکو ارضی و سماوی علوم سے کما حقہ بہرہ ور فرمایا۔ اس نے اپنے منصب رسالت کو باحسن الوجوہ پورا کیا۔ اور وہ تمام مخلوقات سے برگزیدہ ہے۔

جناب رسولؐ پاک کا تمام مسلمانوں کے لئے اس کی آل اور قرآن کے اوامر و نواہی پر چلنے کا تاکیدی حکم صادر ہو چکا ہے۔ ہماری اطاعت ملت کا نظام ہے اور تفرقہ سے امان ہے۔ ہمارے حق کا قصاص خون سے لینا مغفرت کا ذریعہ ہے۔ پاکدامنوں کو تہمت لگانے سے پرہیز کرنا لعنت سے بچانے والا ہے۔ یتیموں کا مال کھانا اور ان کا سرمایہ ہضم کر جانا ظلم کا اجارہ ہے پس ڈرو تم اللہ سے جیسا کہ ڈرنے کا حق ہے۔ اور اس کے احکام کی اطاعت کرو۔

لوگو۔ میں فاطمہؑ بنت محمدؐ ہوں۔ اپنے قول میں صدعدل سے تجاوز نہیں کرتی ہوں تمہارے درمیان میرا باپ بھیجا گیا جس نے تم پر احسانات کیئے اور شیطانوں کی زبانیں گنگ کر دیں اور ہماری طفیل جن کے حق میں آیۂ تطہیر کا نزول ہوا۔ اسلام کامل ہوا۔ اگر تم رسولؐ پاک کے نسب کو یاد کرو تو وہ میرے باپ ہیں نہ کہ تمہارے اور میں ان کی بیٹی ہوں۔ نہ کہ تمہاری بیٹیاں میرے چچا زاد حضرت علیؑ ان کے بھائی ہیں۔ نہ کہ تم لوگوں کے۔

جب کبھی گمراہی کی شاخ نکلتی اور منہ کھولتی تو مشرک بھی اپنا منہ کھولتے جناب رسالتمآبؐ اپنے بھائی علیؑ ابن ابیطالب کو انکے حلق میں جھونک دیتے۔ وہ جنگ سے منہ نہ پھیرتے جب تک ان کے سرکش کانوں کو اپنے قدم شجاعت کے نیچے کچل نہ ڈالتے۔ اور انکی آتش فتنہ کے دھوئیں اپنی تلوار سے نہ اڑا دیتے۔ وہ اللہ کی ذات کے لئے اپنے تئیں مصیبت اور رنج میں ڈال دیتے رسول خدا کا ساتھ مصیبت کے دن نہ چھوڑتے تھے وہ اولیاء اللہ کے سردار خیر خواہ خلق اور مجاہد ہیں۔ تم لوگ ایسے وقتوں میں تن آسانی سے کام لیتے اور منتظر رہتے۔ کہ ہماری نسبت کوئی متوحش و خطرناک خبر سنو جب کبھی جنگ پیش آتی تو تم پہلو تہی کرتے اور قتال کے وقت دشمن کی طرف پیٹھ کر کے بھاگ جاتے۔

رسولؐ پاک کے انتقال پر تمہارے سینوں میں نفاق کے خار ظاہر ہوئے اور تمہارے اسلام کا ظاہری لباس بوسیدہ ہو گیا ٹیڑھے ہوئے اور دبکے ہوئے لوگوں نے سر اونچا کیا اور گمنام اور ذلیل آدمی ظاہر ہو گئے کفر کے اونٹوں نے بلبلانا اور میدانوں میں دوڑنا شروع کیا شیطان نے اپنے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سینگ اس جگہ سے بلند کئے جہاں وہ اپنے سر کو چھپائے بیٹھا تھا تم نے شیطان کی آواز کو سنا اور قبول کیا۔ تم نے اہل حق کی مخالفت کی اور اس اونٹ کو داغ دے کر اپنی ملکیت بنا لیا جو تمہارا نہ تھا۔ جبکہ ابھی رسولؐ خدا کی نعش اطہر قبر میں بھی نہ سونپی گئی تھی۔
تم نے بہانہ کیا یہ کام فتنہ کے خوف سے کیا گیا ہے۔ مگر یاد رکھو کہ فتنہ وہ ہے جس میں تم پڑے ہو۔ شیطان تم کو گمراہ کئے جا رہا ہے۔ تم نے قرآن پاک کے ظاہر اور باہر احکام کو پس پشت ڈال دیا ہے۔ تم نے دوزخ کی آگ میں پڑنے سے درنگ نہ کیا۔ تم نے اپنی باطل خلافت کو محکم کر لینے میں دیر نہ کی۔ اب ہم اس شخص کی طرح صابر ہیں جس کا وجود تیر و تفنگ سے چھلنی ہو۔ تم نے فدک کو خلافِ حکم خدا و رسول مجھ سے چھین لیا۔ وہ کیسا ہولناک وقت ہو گا جبکہ اللہ تعالیٰ حاکم ہو گا۔ اور رسولؐ پاک حق رسی کے ضامن ہونگے۔ عنقریب تم جان لوگے کہ عذاب ابدی میں گرفتار ہونا کس قدر شاق ہے۔
جناب فاطمہؑ نے رسولؐ پاک کی قبر کی طرف منہ کیا اور فرمایا والد بزرگوار آپ کے انتقال کے بعد سخت فتنہ اور آشوب نے منہ دکھایا۔ آپ کے جدا ہونے پر دنیا اور اہل دنیا ہم سے جدا ہو گئے۔
پھر آپ انصار سے مخاطب ہوئیں اور فرمایا۔ لوگو میری حق رسی میں کیوں سستی کی جاتی ہے۔ اور مجھ پر ان مظالم میں کیوں غفلت کرتے ہو۔ میری حرمت کو نگاہ میں رکھو۔ ہمارے لئے دنیا تیرہ و تار ہو گئی۔ اور ہم بیچ کارہ اور مہمل کر دئیے گئے۔ یہ وہ بلا تھی جو قرآن پاک نے صبح و شام تم کو پکار پکار کر سنائی۔ اے فرزندان۔ کیا میرے باپؐ کی میراث مجھ سے چھین کر ہضم کر لی جائے اور تم دیکھتے رہو۔ تم میری دعوت کو اجابت نہ کر کے ظلموں کو پوشیدہ کرتے ہو۔ تم تعداد اور سامان حرب رکھتے ہو۔ اور تمہارے پاس نیزے اور ڈھالیں ہیں۔ تم وہ گروہ ہو جنہوں نے کفار کو نیزوں کی نوکوں پہ رکھ دیا۔ تم کو ہماری اطاعت کا حکم ہے جن کی برکت سے آسیائے اسلام گردش میں آئی۔ خیرات ایام جاری ہوئی اور دین محکم ہوا۔ ایمان کی طرف پیشقدمی کر کے تم پھر پیچھے ہٹ گئے۔ ان کے مقابلے میں نہیں کھڑے ہوتے۔ جو وعدہ کے بعد ایمان سے پھر گئے ہیں۔ اور دین میں طعن کرتے ہیں۔ کفر کے اماموں سے قتال کرو جن کو ایمان سے کچھ حصہ نہیں ہے۔
میں دیکھتی ہوں تم نے تن آسانی کی طرف قیام کیا ہے۔ راحت کی طرف میلان کیا ہے جو تم نے لیا تھا۔ اس کو باہر نکال پھینکا ہے اور جو کچھ حلق میں اتارا تھا۔ اس کو قے کر دیا ہے۔ میں نے جو کچھ کہا ہے اتمام حجت کے لئے کہا ہے۔ تمہاری بزدلی اور ضعف ایمان کو جانتی ہوں۔ لیکن یہ دلی جوش اور رنج کا اظہار سینہ کے جمع شدہ درد و الم تھے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

استخفاف میں تمہارا کوئی عذر باقی نہیں رہ سکتا۔ لے لو میرے حق کو اور ذخیرہ کر لو۔ اس کو جو تمہاری پشت کو زخمی کرنے والا اور پاؤں کو مجروح کرنے والا ہے۔ اور جس کی شرم و ننگ باقی رہے گی جب تک کہ یہ جہان قائم رہے گا۔ اور جس کا صلہ خدا ابتغا نے کی روشن آگ ہے۔ جو ان لوگوں کے لئے بند کر کے رکھی گئی ہے۔ میں اس کی بیٹی ہوں۔ جو تم کو آنے والے عذاب شدید سے ڈرانیوالا تھا۔ پس تم جان لو۔ اور ہم جانتے ہیں۔ اور تم منتظر رہو۔ اور ہم منتظر ہیں۔

"با آلِ نبیؐ ہر کہ در افتد بر افتاد"

جناب فاطمہؑ اس رسولؐ کی بیٹی ہیں جو کہ بلحاظ شجاعت اور کیا بہ لحاظ صبر عدیم المثال ہیں۔ محض آنحضرتؐ کی وفات پر آپؑ کا شب و روز مصروف گریہ و بکا رہنا آپ کے شایان شان نہ تھا۔ آپ کی نگاہ اطہر میں دنیا کی زندگی اور دنیا کا آرام ہیچ تھا۔ قضا اور رضا کے راز سے آپؑ کما حقہ آگاہ تھے۔ پھر آپ کا وقف بیت الحزن ہو جانا ضرور کسی اور وجہ سے بھی تھا۔

خلافت چھین لی گئی۔ فدک غصب کر لیا گیا۔ خمس بند کر دیا گیا۔ در دولت جلا دیا گیا۔ محسنؑ شہید کر دئیے گئے۔ قتل علیؑ کی سرتوڑ کوشش کی گئی۔ اور اہانت اہلبیتؑ کے سامان مہیا کئے گئے۔ آپ نے ان تمام مظالم کو محسوس کیا۔ اور آپؑ کی آنکھوں نے آنسوؤں کے تار کی شکل میں اظہار احساس بھی کیا۔ جناب سیدہ کی مآل اندیش نگاہ صدہا دیگر مصائب کے سیلاب کے اپنے آستانۂ عالیہ کی طرف تیزی سے آتے ہوئے دیکھ رہی تھی۔ اور یہی وجہ تھی کہ آپ کی سیل اشک مسلسل بہ رہی تھی۔ آپؑ نے اس اٹھتے ہوئے ابر سیاہ میں وہ اولے دیکھ لئے تھے جن کی زد سے اہلبیت محمدؐ کی کشت حیات برباد ہو جانے کو تھی۔ آپؑ نے دیکھ لیا تھا کہ جس تلوار سے حق اہلبیتؑ کو ذبح کر دیا گیا ہے یہی تلوار آپ کے واجب الحرمت خاوند کی گردن پر چلنے والی ہے۔ یہی تلوار زہر کی شکل میں تبدیل ہو کر امام حسنؑ کے جگر کو پھاڑنے کو ہے۔ اسی تلوار کی ضرب سے حسینؑ کو شہید کیا جائیگا۔ اسی تلوار کو رسن و زنجیر کے لباس میں کوفہ و شام کے کوچہ و بازار میں نظر آنا ہے۔ اور پھر اسی تلوار کو محبان اہلبیت کیلئے کبھی سولی کبھی زندان کبھی آگ کبھی شکنجوں اور کبھی آرے کی شکل میں تبدیل ہونا ہے پس حضرت فاطمہؑ کی آہ و زاری مستقبل کے حالات کا آئینہ تھا اور خلاف انسانیت مظالم کی زبردست پیشنگوئی تھی۔

خلافت حضرت ابوبکر کے کارنامے

مراۃ الزمان ابواب الخلفا باب اول وقائع ۱۱ھ قصہ بطلیحہ اور صواعق محرقہ باب اول فصل

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

پنجم شتہ پنجم اور کتاب استیعاب میں ہے کہ ابوبکر کے حکم سے خالد بن ولید بن مغیرہ بن عبداللہ بن مخزومی نے مالک بن نویرہ کو قتل کر دیا۔ علامہ قوشجی بھی یہی امر لکھتا ہے۔

سہیل نے عمر ابن خطاب سے روایت کیا ہے۔ کہ عمر نے ابوبکر سے کہا۔ کہ خالد کی تلوار میں اندھا دھند جلدی ہے۔ پس تو خالد کو قتل کر۔ کیونکہ اس نے مالک بن نویرہ کو بے قصور قتل کیا اور اس کا سر چولہے کے طور پر دیگ کے نیچے رکھا یہاں تک کہ دیگ پک گئی۔

فوات الوفیات میں ہے کہ خالد کو مالک بن نویرہ کی عورت کا عشق اور ملاپ دامنگیر تھا۔ تاریخ ابن خلکان میں ہے کہ یہ بات صراحت سے ظاہر ہے کہ یہی عشق قتل مالک کا باعث ہوا ہے۔ ناظرین مالک بن نویرہ عہد رسول اللہ میں آنحضرتؐ کی طرف سے صدقات وصول کرنے کیلئے عامل مقرر تھا نیک نہاد اور راسخ الاعتقاد مومن تھا۔ آنحضرتؐ کی وفات پر ابوبکر کے خلیفہ ہو جانے کی وجہ سے اس نے اپنی قوم کو فہمائش کی کہ جب تک حضرت علی زیب دہ اورنگ نیابت نہ ہوں اپنے صدقات کو روک لو صرف اسی بنا پر ابوبکر نے خالد کو سردار لشکر بنا کر بھیجا جس نے اہل یمامہ کے مومنین کو بے دریغ قتل کیا۔ ان کے اہل و عیال کو تہ تیغ کیا عورتوں کو اسیر کیا۔ گھر بار لوٹ لئے بعض کو جلایا بعض کو پہاڑ پر سے گرایا۔ بعض کو کنوؤں میں پھینکا۔ گویا ابوبکر کے اغوا سے اس نے مذہبی کا انہدام کیلئے سنگ بنیاد رکھ دیا حالانکہ قتل و خیانت سے بیشتر خالد اور لشکر خالد نے اہل یمامہ کی مسجدوں سے اذانیں سنیں اور ان کو نماز پڑھتے دیکھا۔ خالد نے مالک بن نویرہ کو قتل کیا اور اسی رات اس کی زوجہ سے بالجبر زنا کیا۔ لوٹ مار کے مال میں سے جو حصہ عمر بن خطاب کو دیا گیا۔ اس نے وہ حصہ علیحدہ امانتاً رکھ چھوڑا اور اپنے عہد خلافت میں ویسے کا ویسا اصل مالکوں کو واپس دیدیا۔ اسی مال غنیمت میں سے ایک خولہ بنت جعفر حضرت علی علیہ السلام کو دی گئی۔ جس سے حضرت نے نکاح کیا اور کنیز کے طور پر نہ رکھا حالانکہ دوسرے تمام مسلمانوں نے اپنے اپنے حصہ کی عورتوں کو کنیز کی صورت میں بغیر نکاح رکھا۔ اسی خولہ کے بطن سے حنفیہ پیدا ہوئے جب خالد زوجہ مالک کو مدینہ میں لایا تو عمر نے ابوبکر سے بالاصرار کہا کہ خالد قتل مومن اور زنا بالجبر کا مرتکب ہوا ہے اسکو سنگسار کر مگر ابوبکر نے یہ کہہ کر ٹال دیا۔ کہ میں خدا کی تلوار کو نیام میں نہیں کرنا چاہتا

مراۃ الزمان علامہ سبط ابن جوزی ذکر عزل خالد بن ولید عن الشام اور تاریخ کبیر طبری جلد پنجم اور تاریخ ابن خلکان باب ثانی فی ذکر عمر من الباب الخلفا فی وقائع السنہ الثالثہ عشر اور کنز العمال ملا علی متقی بہ تبویب جمع الجوامع سیوطی کتاب الامارۃ والخلافۃ خلافت ابوبکر اور مراۃ الزمان فی تاریخ الاعیان باب اول من الباب ذکر الخلفا وقائع سنہ ۱۱ھ خلافت ابوبکر اور انسان العیون حلبی بن برہان

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

الدین حلبی اور تاریخ کامل ابن اثیر اور فوات الوفیات محمد بن شاکر بن احمد کتبی اور اسد الغابہ ابن اثیر جزری اور استیعاب ابن عبدالبر اور روضۃ الاحباب جمال الدین محدث ذکر قتل مالک بن نویرہ جلد دوم خلافت ابوبکر وغیرہ میں ہے کہ خالد نے مالک بن نویرہ کو قتل کیا۔ اور اس کی زوجہ لیلےٰ بنت سنان کو مدینہ میں لے آیا۔ عمر اور جناب امیرؑ اور سعد بن ابی وقاص اور طلحہ بن عبیداللہ نے ابوبکر سے خالد پر شرعی حد لگانے کو کہا۔ مگر ابوبکر نے کہا۔ کہ میں خدا کی تلوار کو نیام میں نہیں کرونگا۔ ناظرین تفسیر کشاف میں ہے کہ خالد کا باپ ولید ایک دولتمند شخص تھا جس کے دس بیٹے تھے۔ وہ بیٹوں سے کہا کرتا۔ کہ تم میں سے جو کوئی محمدؐ پر ایمان لائے گا۔ میں اس کو جائداد سے عاق کر دونگا۔ خود بھی آنحضرتؐ سے کئی بار کہہ چکا تھا۔ کہ اگر آپ ہمارے بتوں کی مذمت چھوڑ دیں۔ تو میں اپنی تمام دولت آپ کے حوالے کر دیتا ہوں۔ یہ ولید ولدالزنا تھا۔ جس کو مغیرہ نے اس کی پیدائش سے اٹھارہ سال بعد اپنا بیٹا بنایا تھا قرآن مجید کی سورہ ن والقلم کی آیتیں اسی ولید کے حق میں ہے کہ اے محمدؐ نہ کہا مان تو ہر ایک قسم کھانے والے ذلیل۔ عیب جو۔ چغلخور۔ بخیل۔ ظالم۔ تند مزاج اور ولدالحرام کا۔

تفسیر مدارک تفسیر سورہ ن تحت آیہ "ولا تطیع کل حلاف" میں ہے کہ اس آیہ مبارکہ کے نزول پر ولید بہت گھبرایا۔ اور تلوار سونت کر اپنی ماں کے پاس گیا۔ اور کہا سچ بتا کہ میں کس کا بیٹا ہوں۔ اس کی ماں نے جواب دیا اے بیٹا تیرا باپ نامرد تھا۔ اور تیرے چچازاد بھائیوں کی آنکھیں ہماری جائداد پر لگی ہوئی تھیں میں نے ایک چرواہے سے بدفعلی کرائی اور تو پیدا ہوا۔ نیز واضح ہو کہ خالد سیف اللہ کی دادی مسماۃ ام ولید فاحشہ عورت تھی۔

تاریخ خمیس ص۳۳۲ پر ہے۔ کہ عمر بن خطاب آنحضرتؐ کو قتل کرنے کے ارادہ پر آنحضرتؐ کے در دولت پر آیا۔ آنحضرتؐ نے فرمایا۔ اے عمر مسلمان ہو جاؤ۔ ورنہ تمہارے حق میں بھی ولید کی طرح آیہ قرآنی کا نزول ہوگا۔ عمر مسلمان ہو گیا۔

مسند احمد حنبل جلد اول ص۱۱ پر بروایت ابوہریرہ اور مشکوٰۃ فصل سوئم کتاب الزکوٰۃ اور بخاری اور مسلم میں لکھا ہے کہ آنحضرتؐ نے فرمایا۔ کہ مجھے لوگوں سے حکم قتال ہوا۔ تا آنکہ وہ لا الہ الا اللہ کہہ دیں جب انہوں نے "لا الہ الا اللہ" کہہ دیا۔ تو انکی جانیں اور مال محفوظ ہو گئے۔ سوائے اس کے کہ انکے ذمہ کوئی حق ہو جس کا حساب خدا پر ہے۔ ابوہریرہ کہتا ہے جب لوگ مرتد ہو گئے۔ تو عمر نے ابوبکر سے کہا کہ کیا تو ان سے قتال کریگا۔ جو بقول رسول اللہ مسلمان ہیں۔ ابوبکر نے کہا میں زکوٰۃ کی ادائیگی کے مقابلہ میں نماز کی کچھ پرواہ نہیں کروں گا (یعنی حکم رسول کوئی چیز نہیں ہے)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

یعنی آنحضرتؐ اور ابوبکر سے ملے تو اپنی امیدوں کو کم کر اور سیر ہو کر نہ کھا - اور تہبند کو نیچا کر اور قمیص کو اونچا کر اور اپنی جوتی آپ گانٹھ -

کنز العمال مذکورہ کے اسی حوالہ میں ہے کہ حضرت علیؑ نے عثمان کو فرمایا - کہ اگر تجھے بھلا معلوم ہو کہ تو اپنے دو نو صاحبوں یعنی ابوبکر اور عمر سے ملے تو اپنی امیدوں کو گھٹا اور سیر ہو کر نہ کھا - اور تہبند کو نیچا کر وغیرہ - ابن عساکر کہتا ہے کہ حضرت علیؑ کی مراد صاحبک " سے آنحضرتؐ اور ابوبکر تھی -

کنز العمال میں ہے کہ ابوبکر نے یمامہ پر فوج کشی کے بارہ میں اصحاب رسولؐ سے مشورہ کیا عمر نے کہا کہ ان سے نماز قبول کریں اور زکوٰۃ چھوڑ دے اور قتال سے باز رہو - حضرت علیؑ اور دیگر تمام مہاجرین و انصار نے عمر کی رائے کی تاکید کی - شرح ابن ابی الحدید میں تاریخ طبری سے نقل کیا گیا ہے کہ جب اہل عرب یعنی اہل یمامہ نے کہا کہ زکوٰۃ کی ادائگی ہم پر واجب نہیں ہے تو تمام مسلمانوں نے انکی اس بات کو قبول کر لینے پر اجماع کیا مگر ابوبکر نے انکار کر دیا - ناظرین - اجماع کی ذلت اور نا معقولیت ملاحظہ ہو -

روضۃ الصفا میں ہے کہ عمر ابن خطاب نے یمامہ کے تمام قیدیوں کو جب وہ خلیفہ ہوا - اپنے اپنے وطنوں کو واپس بھیجدیا -

محلی علامہ ابن حزم میں ہے کہ اہل ردہ دو قسم کے تھے مسلمان اور کافر - کافر توبہ کر سکتے تھے اور اسلام لا سکتے تھے اور مسلمانوں سے کفر ظاہری نہیں ہوا سوائے اس کے کہ انہوں نے ابوبکر کو زکوٰۃ دینے سے انکار کیا - (یعنی زکوٰۃ کی ادائگی سے انکار نہیں کیا - بلکہ ابوبکر کو زکوٰۃ ادا کرنے سے انکار کیا) جس کی وجہ سے وہ قتل کئے گئے - شافعی اور حنفی کا اس پر اتفاق ہے - کہ وہ مرتد نہ تھے -

سبط ابن جوزی حمایت ابوبکر میں لکھتا ہے - کہ ابوبکر نے خالد کی سرزنش کی اور حکم دیا کہ مالک کی عورت کو طلاق دے دو -

مروج الذہب جلد ۱ میں ہے کہ ابوبکر کے خلیفہ بننے کے دس روز بعد عرب مرتد ہو گئے مشکوٰۃ میں ہے کہ فرمایا آنحضرتؐ نے کہ جو شخص ہمارے جیسی نماز پڑھے ہمارے قبلہ کی طرف - اور ہمارا ذبیحہ کھائے پس وہ مسلمان ہے اور ہماری حفاظت میں ہے -

تاریخ کامل ابن اثیر جزری جلد دوم صفحہ ۱۳۴ ذکر ردہ بنی عامر و بنی ہوازن و بنی سلیم میں ہے کہ ان لوگوں سے مقاتلہ کرنے کے بارہ میں چار فریق ہو گئے - حضرت علیؑ و عمر بن خطاب و ابوعبیدہ جراح و عثمان و سعد بن ابی وقاص وغیرہ کی یہ رائے تھی - کہ ان سے قتال نہ کیا جائے انکو انکے حال پر چھوڑ دیا جائے - مگر ابوبکر نے حکم قتال دیدیا اور بعد حصول فتح مغلوبین کو قتل کیا گیا اور زندہ جلایا گیا - ناظرین اب اجماع کہاں گیا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

تاریخ خمیس دیار بکری جلد دوم اور ریاض النضرہ اور فتح الباری میں ہے کہ ان قبائل کے لوگوں کو قتل کیا گیا۔ بعض کے ناک اور کان کاٹ ڈالے۔ زندہ جلایا پتھروں سے کچلا پہاڑوں سے گرایا۔ اور کنوؤں میں دھکیلا۔

مولوی بدیع الزمان شاگرد مولوی نواب صدیق حسن خان بھوپالی و تلمیذ مولوی سید نذیر حسین محدث دہلوی نے فتح المبین علی رد مذہب المقلدین ص۲۰۶ پر لکھا ہے کہ بعد حصول فتح ان کے اموال وغیرہ پر قبضہ کیا گیا اور بغیر عدہ و نکاح کے انکی ازواج اور ماؤں اور بیٹیوں اور بہنوں پر تصرف کیا گیا حتیٰ کہ عورتیں صاحب اولاد ہوئیں اور بے شمار ولد الزنا پیدا ہوئے۔

تاریخ کبیر طبری جزو خامس میں ہے کہ عمر بن خطاب نے خالد کو کہا کہ تو نے ایک مسلمان مرد (مالک بن نویرہ) کو قتل کیا اور پھر اس کی زوجہ سے زنا کیا۔ واللہ میں تجھے سنگسار کروں گا۔

مدارج النبوۃ جلد دوم ص۶۲ پر ہے کہ جب آنحضرتؐ نے حضرت علیؑ کو یمن کی طرف بھیجا۔ تو فرمایا۔ اے علیؑ۔ اگر تیرے ہاتھ پر ایک شخص بھی اسلام لے آئے تو یہ بات ان تمام اشیاء سے بہتر ہے جن پر آفتاب طلوع و غروب کیا ہو۔ بخاری کتاب الفتن میں ہے۔ کہ گالی دینا مسلمان کا فسق ہے اور قتال کفر ہے۔

تاریخ اسلام جلد دوم ص۳۳۔ الفاروق شبلی ... آگرہ جلد اول ص۱۶۵ تاریخ اعثم کوفی مطبوعہ بمبئی ص۲۲ تاریخ طبری مطبوعہ نولکشور جلد چہارم ص۶۳۔ مجالس مطبوعہ بمبئی جلد پنجم ص۲۹۔ سکسپیر زاد ف محمد داستگلن ارونگ ص۵۲ پر ابوبکر کا خالد کو بھیجنا۔ اور اس کا مالک بن نویرہ کو قتل کر کے اس کی زوجہ سے بالجبر زنا کرنا اور حضرت علی علیہ السلام اور عمر کا ابوبکر سے کہنا کہ خالد پر حد شرعی جاری کرو اور ابوبکر کا انکار کرنا۔ اور عمر کا اپنے عہد میں خالد کو سپہ سالاری سے معزول کر دینا درج ہے۔

اصابہ جلد ششم ص۲۳ پر ہے کہ مالک بن نویرہ کو رسول اللہؐ نے صدقات وصول کرنے پر مامور فرمایا ہوا تھا جب رسول اللہؐ نے وفات فرمائی اور وہ متردد ہوا (کیونکہ وہ ابوبکر کو خلیفہ نہ سمجھتا تھا) اور اس نے صدقات کے جمع کردہ اونٹ اپنی قوم کو واپس کر دیئے۔

تاریخ خمیس دیار بکری جلد دوم ص۲۳۳ پر ہے کہ جب ابوبکر نے اس قوم سے جنگ کرنا چاہا تو تمام صحابہ رسولؐ نے اس کی مخالفت کی۔ اور عمر نے کہا کہ تم اس قوم سے لڑنا چاہتے ہو جو لا الٰہ الا اللہ کہتی ہے اور اس کا خون و مال (بقول رسول مقبولؐ) محفوظ ہے۔

تاریخ خمیس ص۲۱۲ پر ہے کہ اسیروں میں عیینہ بن حصین ابو قرہ بھی تھے جنکو اہل مدینہ کھجور کے ڈنڈے مارتے اور کہتے۔ اے دشمنان خدا۔ تم ایمان لانے کے بعد کافر ہو گئے۔ وہ کہتے خدا کی قسم ہم کبھی

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بھی ایمان نہیں لائے۔ مگر ابوبکر نے ان دونوں کو معاف کر دیا۔ اور امان نامہ لکھ دیا۔ مگر مالک کو صرف اس خیال سے قتل کرایا۔ کہ یہ محب اہلبیت ہے۔

شرح عسقلانی ابن حجر جلد ششم ص۳۳۱ پر ہے کہ خالد نے مالک بن نویرہ کی زوجہ کو دیکھ لیا۔ جو نہایت حسین و جمیل تھی۔ اور مالک نے بھی دیکھا کہ خالد نے اس کو دیکھ لیا ہے تو مالک نے کہا اب ہم ضرور قتل کر دئے جائیں گے۔

وفیات الاعیان میں قاضی شمس الدین ابن خلکان جلد دوم ص۱۷۱ پر ہے کہ خالد نے مالک کو قتل کرنا چاہا۔ تو مالک نے کہا تم مجھے ابوبکر کے پاس بھیج دو وہ جو چاہے حکم دے۔ کیونکہ جن لوگوں کے قصور مجھ سے بڑھ کر تھے ان کو ابوبکر کے پاس تم نے بھیج دیا ہے۔ خالد نے کہا۔ خدا مجھے نہ بخشے اگر میں تم کو قتل نہ کروں۔ مالک نے اپنی زوجہ ام تمیم کی طرف دیکھا اور کہا میرا قتل اس عورت کی وجہ سے ہونے والا ہے۔ خالد نے کہا نہیں بلکہ تو اسلام سے خارج ہو گیا ہے۔ مالک نے کہا کہ ہم تو اسلام پر قائم ہیں۔ مگر خالد نے ضرار بن ازور کو حکم دیا۔ اور مالک قتل کر دیا گیا۔ اور اس کے سر کو دیگ کے نیچے رکھ کر کھانا پکایا گیا۔ اور خالد نے ام تمیم پر قبضہ کر لیا۔

شرح تجرید علامہ قوشجی میں ہے کہ مالک بن نویرہ مسلمان تھا۔ اور خالد نے اس کو صرف اس غرض سے قتل کر دیا۔ کہ اس کی زوجہ سے اپنی خواہش پوری کرے جو نہایت جمیلہ تھی اور پھر بعد قتل مالک خالد نے اسی شب ام تمیم سے نکاح کیا (بغیر گزرنے عدت) اور ہم بستری کی۔

ریاض النضرہ محب الدین طبری ص۱۰۰ پر ہے کہ جب خالد نے ابوبکر کے حکم سے بنی سلیم پر چڑھائی کی۔ اور بعض (مسلمانوں) کو آگ میں زندہ جلا دیا۔ تو عمر نے ابوبکر کو کہا کہ تم ایسے شخص کو چھوڑ رکھا ہے جو لوگوں کو خدا کے عذاب سے معذب کرتا ہے۔ ابوبکر نے جواب دیا۔ واللہ میں اس تلوار کو نیام میں نہیں کرونگا جو خدا نے کھینچی ہے۔ خدا ہی اس کو نیام میں کرے تو کرے۔

تاریخ خمیس جلد دوم ص۲۳۱ پر ہے کہ جب قوم بنی اسد قتل کی گئی۔ اور قیدی بنائی گئی تو خالد نے عام حکم دے دیا جس کو کھانا پکانا ہو یا پانی گرم کرنا ہو۔ وہ دیگچی کا چولہا سروں سے بنائے۔ پھر لکڑیوں کے انبار میں آگ لگا کر زندہ قیدی پھینک دئے گئے۔ چنانچہ حاصیہ بن ربیع صحابی بھی جو رسول اللہ کی طرف سے صدقات کا عامل تھا۔ زندہ جلا دیا گیا۔ اور ایک عورت ام طلیحہ قیدی یہ کہہ کر آگ میں خود بخود کود پڑی۔ کہ اے موت تو کس قدر خوشگوار ہے۔ پھر زمین میں بڑے بڑے گڑھے کھود دیے گئے لوگوں نے پوچھا یہ کیوں بنائے ہیں۔ اس پر خالد نے ابوبکر کا حکم نامہ نکال کر پڑھ دیا۔ کہ جب تم

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ظفریاب ہوچکو تو سب کو آگ میں جلا دو۔

روضۃ الاحباب واقعات سنہ ۱۱ھ کنز العمال کتاب غزوات حرف عین بعث اسامہ۔ بخاری پارہ چودھواں کتاب المناقب ص۱۱۰ فتح الباری شرح بخاری کتاب الغزوات باب بعث النبی اسامۃ بن زید فی مرضہ الذی توفی فیہ کتاب مغازی امام واقدی۔ ترجمۃ النبوت در آخر کتاب ابن سعد سیرۃ مصری ابن اسحاق۔ مدارج النبوۃ شیخ عبدالحق ملل ونحل شہرستانی ص۔ فتح الباری ابن حجر باب مناقب زید بن حارثہ۔ شرح بخاری قسطلانی۔ تہذیب التہذیب امام ذہبی وغیرہ میں مرقوم ہے کہ آنحضرتؐ نے تمام مہاجرین و انصار کو جن میں ابوبکر اور عمر اور عثمان بھی شامل تھے۔ حکم دیا کہ وہ اسامہ بن زید کی ماتحتی میں رومیوں کے ساتھ جنگ کرنے کو جائیں۔

مدارج النبوہ میں ہے کہ حضرت علی علیہ السلام کو حکم تھا کہ وہ اس جنگ میں نہ جائے۔

روضۃ الاحباب واقعات سنہ ۱۱ھ کی عبارت کا خلاصہ ہدیہ ناظرین کرتا ہوں کہ ۲۶ صفر پیر کے دن آنحضرتؐ نے حکم دیا کہ تمام مہاجرین و انصار اسامہ بن زید کی ماتحتی میں رومیوں سے جنگ کرنے کو چلے جائیں اور آنحضرتؐ نے اپنے ہاتھ سے جھنڈا باندھا اور حکم رخصت دیا۔ مہاجرین اور انصار میں ابوبکر صدیق عمر فاروق عثمان ذوالنورین سعد بن وقاص۔ ابوعبیدہ جراح۔ سعد بن زید۔ قتادہ بن نعمان سلمہ بن سلم وغیرہ بھی تھے جب اہل لشکر میں چہ میگوئیاں شروع ہوئیں کہ ہم کو ایک غلام زادہ کے ماتحت کیا جاتا ہے۔ تو آنحضرت نے برسر منبر فرط غضب میں بعد حمد خدا فرمایا۔ حالانکہ حضرتؐ کو اسوقت تپ اور درد سر لاحق تھا اور سر پر پٹی باندھی ہوئی تھی۔ کہ آج تم اسامہ کی سرداری میں طعن کرتے ہو۔ اور پہلے تم نے اسامہ کے باپ زید پر بھی طعن کیا تھا جب میں نے تم کو اس کے ماتحت غزوہ موتہ میں بھیجا تھا خدا کی قسم اسامہ امیر ہونے کے لائق ہے اور جس طرح مجھے زید محبوب تھے۔ اسی طرح مجھے اسامہ محبوب ہے مجھے ان دونو پر نیکیوں کا گمان ہے پس تم اس کی ماتحتی میں فی الفور جاؤ۔

ملل ونحل مطبوعہ مصر ص۱۰ ذکر اختلافات اصحاب۔ ابکار الافکار آمدی فصل چہارم قاعدہ ہفتم فصل حکم مخالف حق از اہل قبلہ۔ شرح مواقف آخر حصہ کتاب۔ رسالہ عقائد ملا یعقوب بنبانی خاتمہ کتاب ذکر مطاعن شرح ابن ابی الحدید جلد ششم دربیان شرح قول نما انتہت الیہ انباء السقیفہ۔ تاریخ مظفری علامہ ابراہیم بن عبداللہ بن عبدالمنعم۔ مرآۃ الاسرار عبدالرحمان بن عبدالرسول بن قاسم میں ہے۔ کہ آنحضرتؐ نے فرمایا تاکیداً اور بار بار کہ جو کوئی اسامہ کی ماتحتی میں جانے سے تخلف کرے اس پر خدا کی لعنت ہو

مفہم شرح مسلم باب کبائر کتاب ایمان میں ہے کہ ابن عباس فرماتے ہیں۔ کہ سب گناہ کبیرہ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہیں جن پر اللہ نے مہر کر دی ہو۔ نار جہنم یا غضب یا لعنت یا عذاب ہے۔

تاریخ طبری میں ہے کہ ابوبکر نے عمر بن خطاب کو اسامہ کی ماتحتی میں جہاد کیلئے بھیجا۔ تو لوگوں نے عمر کو واپس کر دیا اور کہا کہ تم جا کر ابوبکر سے کہو کہ وہ ہم پر کسی بزرگ کو امیر لشکر بنائے جب عمر نے ابوبکر کو یہ پیغام دیا۔ تو ابوبکر نے اچک کر عمر کی داڑھی پکڑ لی۔ اور کہا۔ اے ابن خطاب۔ رسول اللہ تو اسامہ کو امیر مقرر کریں اور تو کہتا ہے کہ بس اس سے امارت چھین لوں۔

تاریخ طبری جلد دوم ص ۲۲۳ پر ہے کہ عبداللہ بن عمر سے پوچھا گیا۔ کہ مشرکین نے جو آنحضرت کو سب سے زیادہ ایذا دی۔ اس کو بیان کرو۔ عبداللہ بن عمر نے کہا۔ آنحضرتؐ ایک دن کعبہ کے پاس تھے کہ عقبہ بن ابی معیط نے حضرتؐ کے گلوئے مبارک میں آپؐ کی ردا کو زور سے لپیٹا۔ اور سخت فشار دیا۔ پھر لکھتا ہے کہ ابوبکر نے یہ حالت دیکھ کر کھڑے کھڑے رونا شروع کر دیا اور کہتا تھا کہ تم لوگ ایسے شخص کو قتل کرتے ہو جو کہتا ہے خدا ہمارا رب ہے۔ بعد ازاں وہ لوگ چلے گئے۔ ناظرین۔ یہ ہے جرأت و غیرت بکری۔ آنحضرتؐ کا گلا گھونٹا جا رہا ہے۔ اور ابوبکر نے نہ تو ہاتھ سے کفار کو روکا۔ نہ تلوار چلائی اور نہ ہی ان کو سخت سست کہا۔ کیا تو یہ کیا۔ کہ رونا شروع کر دیا۔ غالباً اسی لئے تو آپ رقیق القلبی میں مشہور آفاق ہیں۔

تاریخ خمیس ص ۲۲ پر ہے کہ اس وقت (جب آنحضرتؐ کی یہ حالت کفار کے ہاتھوں ہو رہی تھی) جناب سیدہؑ تشریف لائیں۔ اور اس ملعون کو حضرتؐ سے جدا کیا۔ ناظرین اس وقت جناب سیدہؑ کی عمر صرف پانچ سال تھی۔ اور نیز جناب سیدہؑ نے باواز بلند کفار کو سخت سست بھی کہا تھا۔ ابوبکر بہت رقیق القلب مشہور ہے اور ہم بھی اس کو اعدائے اہلبیتؑ کے معاملہ میں واقعی رقیق القلب پاتے ہیں۔ خالد جیسے بیدین اور شدید ترین دشمن اہلبیتؑ نے کیا کام شروع حرکات پر ابوبکر نے اس سے کچھ باز پرس نہ کی۔ کیا یہ امر ابوبکر کی رقت قلب کا بدیہی ثبوت نہیں ہے۔ یہی رقت قلب نے قساوت قلب کا جامہ پہن لیا۔ جب فدک اور خمس کا مطالبہ کیا گیا یہی رقت قلب نے قتل علیؑ کا فتویٰ صادر کیا۔ اور یہی رقت قلب عمر بن خطاب کی جانشینی کی تحریر بن کر لفافہ میں بند ہو گئی۔ ایسے دو چار اور رقیق القلب آنحضرتؐ کی مصاحبت میں ہوتے تو سادات تک کو صفحہ ہستی سے مٹا دیا جاتا۔

خالد نے مالک بن نویرہ اور دیگر مسلمانوں کو محض اس دلیل پر قتل کیا۔ کہ وہ ابوبکر سے منحرف ہونے کی وجہ سے مرتد اور واجب القتل تھے۔ کیا اسی دلیل کی بنا پر عائشہ اور معاویہ مرتد اور واجب قتل نہ تھے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

خالد کے قتل مومنین اور زنا بالجبر کے الزام کی جوابدہی ابو بکر کی گردن پر ہے گی جس سے عہدہ برآ ہونا اس کے لئے ناممکن ہے۔

تاریخی واقعات پر نگاہ غائر ڈالنے سے معلوم ہوتا ہے۔ کہ ابو بکر نے خالد جیسے ناپاک الاصل کو سزا دینے سے دانستہ اجتناب کیا تھا۔ وجہ یہ تھی۔ کہ ابو بکر کو ذاتی علم تھا۔ کہ خالد کے دل میں عداوت اہلبیتؑ ہے۔ لہٰذا اس کو ایسے آدمی کی قدر تا خاطر منظور تھی۔

خالد جیسے شقی اور مرتد کو سیف اللہ کہنا یا اس کی تعریف میں کچھ لکھنا عین کفر اور عین ارتداد ہے۔ بعض لوگ تو یہاں تک بک دیتے ہیں۔ کہ خالد اور جناب مرتضیٰ شجاعت میں ہم پلہ تھے یہ لوگ در اصل دشمن علیؑ ہوتے ہیں۔ ورنہ کہاں خالد اور کہاں جناب امیرؑ۔ چہ نسبت خاک را با عالم پاک۔ خزف کو گوہر سے نجاست کو طہارت سے اور سگ کو شیر سے نسبت دینا دیوانوں کا کام ہے خالد اس ولید کا بیٹا ہے جس کا ولد الحرام ہونا قرآن مجید سے ثابت ہے۔ لہٰذا عداوت اہلبیتؑ خالد کے خمیر میں ملی ہوئی تھی۔ ناپاک الاصل آدمی محب علیؑ نہیں ہو سکتا۔

خاتمہ حضرت ابو بکر

موطا امام مالک مطبوعہ دہلی صفحہ ١٧٤ پر ہے کہ جب آنحضرتؐ نے جنگ احد کے شہدا کے حق میں دعائے مغفرت مانگی۔ تو ابو بکر اور عمر نے عرض کیا۔ یا رسول اللہ ہمارے حق میں بھی دعائے مغفرت کیجئے۔ حضرتؐ نے فرمایا تمہارے دلوں میں پوشیدہ شرک ہے جو چیونٹی کی طرح رینگ رہا ہے۔

بخاری الواب فضائل اصحاب نبیؐ میں ہے کہ عائشہ نے کہا کہ جب آنحضرتؐ فوت ہوئے تو ابو بکر مقام سنح میں (مدینہ سے دو تین میل کے فاصلہ پر) تھا۔ اور عمر کہتا تھا۔ خدا کی قسم۔ آنحضرتؐ فوت نہیں ہوئے۔ تاریخ صحیح بخاری اور کنز العمال میں ہے کہ آنحضرتؐ فوت ہو گئے۔ تو ابو بکر مقام سنح سے آیا۔ ابن روز بہان لکھتا ہے کہ عمر کو وفات رسول اللہ سے انکار کرنے سے مقصود یہ تھا۔ کہ اگر آنحضرتؐ کی وفات کی خبر ابو بکر کے سنح سے واپس آنے سے پہلے پھیل گئی تو امر خلافت میں پھوٹ کا باعث ہو گا۔ در منثور سیوطی میں ہے کہ آنحضرتؐ کی وفات کے بعد ابو بکر گھوڑے پر سوار ہو کر مقام سنح سے واپس آیا۔

مستدرک حاکم میں ہے کہ عائشہ کہتی ہے کہ ابو بکر بیمار اس طرح ہوا کہ پیر کے دن جو سردی کا دن تھا اس نے غسل کیا جس کی وجہ سے وہ پندرہ دن بیمار رہ کر مر گیا اور پندرہ دنوں میں گھر سے باہر نہ نکلا۔

تاریخ امام طبری مطبوعہ مصر جلد چہارم صفحہ ٥٢ اور منتخب کنز العمال برحاشیہ مسند امام احمد حنبل مطبوعہ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مصر جلد ثانی ص۱۰۱ ۔ اور تاریخ کامل مبرد اور کتاب سقیفہ احمد بن عبد العزیز جوہری اور شرح ابن ابی الحدید بسند مبرد و جوہری اور کتاب السیاست والامامت ابن قتیبہ ۔ اور کتاب الاموال ابو عبیدہ اور کتاب فضائل الصحابہ خثیمہ بن سلیمان طرابلسی اور معجم کبیر طبرانی اور تاریخ ابن عساکر اور کتاب مختارہ ضیا مقدسی اور جمع الجوامع جلال الدین سیوطی اور کنز العمال ملا علی متقی اور مرآۃ الزمان سبط ابن جوزی وغیرہ میں ہے ۔ کہ ابوبکر نے مرتی دفعہ کہا کاش میں نے خانۂ فاطمہؑ کی پردہ دری نہ کی ہوتی ۔ اور اس سے باز آگیا ہوتا خواہ وہ جنگ کے لئے بند کیا گیا ہوتا ۔

کنز العمال ملا علی حرف ہمزہ کتاب الامارہ خلافت ابوبکر اور منتخب کنز العمال برحاشیہ مسند احمد حنبل جلد سوم ص۱۳۵ پر ہے کہ عبدالرحمٰن بن عوف سے روایت ہے ۔ کہ ابوبکر نے مرتی وقت کہا کہ میں کسی امر پر اندوہناک اور غمزدہ نہیں ہوں سوائے تین کاموں کے جو میں نے کئے اور کاش کہ میں نے نہ کئے ہوتے ۔ اور تین کاموں کے جو میں نے نہیں کئے ۔ اور کاش میں نے کئے ہوتے ۔ اور تین باتوں کے جو کاش کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پوچھ لی ہوتیں ۔

پس وہ تین کام جو کاش کہ میں نے نہ کئے ہوتے ہیں (۱) کاش کہ میں نے خانہ فاطمہؑ کی پردہ دری نہ کی ہوتی ۔ اور اس سے باز آگیا ہوتا ۔ خواہ وہ جنگ کے لئے بند کیا گیا ہوتا اور (۲) سقیفہ بنی ساعدہ کے دن میں امر خلافت کو ان دو آدمیوں یعنی ابو عبیدہ جراح یا عمر بن خطاب میں سے کسی ایک کے گلے میں ڈال دیتا ۔ اور وہ خلیفہ بن جاتا ۔ اور میں اس کا وزیر ہو جاتا ۔ (۳) کاش کہ جب میں نے خالد کو مرتدوں کی طرف بھیجا ۔ تو خود میں مقام ذی القصہ (ایک مقام کا نام ہے) میں ٹھہرتا ۔ تاکہ اگر مسلمان غالب ہوتے تو بہتر ورنہ میں جستجو یا مدد کے درپے ہوتا ۔

اور وہ تین کام جو کاش کہ میں نے کئے ہوتے (۱) کاش کہ جب میرے پاس اشعث قید کر کے لایا گیا ۔ تو میں اس کو قتل کر دیتا کیونکہ مجھے خیال ہے کہ اس نے کوئی امر شر نہیں دیکھا جب کا وہ مددگار نہ ہو گیا ہو ۔ (۲) کاش کہ جب فجاءہ میرے پاس لایا گیا ۔ تو میں اس کو آگ میں نہ جلاتا ۔ یا تو اسکو آسانی سے قتل کرا دیتا ۔ یا اسکو آزاد اور رہا کر دیتا (۳) کاش کہ جس وقت میں نے خالد کو شام کی طرف بھیجا اسوقت اسکو عراق کی طرف بھیجتا ۔ پس میں نے اپنے ہاتھ دائیں بائیں خدا کے راستہ میں پھیلائے ہوتے ۔

اور وہ تین کام جو کاش کہ میں نے رسول اللہ سے پوچھے ہوتے (۱) کاش کہ میں نے رسول اللہ سے خلافت کے بارہ میں پوچھا ہوتا تاکہ میں خلافت کے بارہ میں ان سے تنازعہ نہ کیا ہوتا جو خلافت کے اہل تھے ۔ (۲) کاش کہ میں نے رسول اللہ سے پوچھا ہوتا ۔ کہ آیا انصار کا بھی کوئی حق خلافت میں ہے (۳) کاش

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کہ بیٹے عمر کی میراث اور بہن کی لڑکی کی میراث کا شمار پیچھا ہوتا۔ کیونکہ مجھے اپنے آپ ہی اسکی حاجت ہے۔

شعب الایمان بیہقی اور مصنف ابن ابی شیبہ ر ۲-۱ العمال ک ۱ الفضائل باب ابوبکر میں ہے ۔ کہ ضحاک نے کہا کہ ابوبکر نے ایک درخت پر ایک پرندہ دیکھا تو کہا ۔ مبارک ہو تجھے اے پرندے ۔ خدا کی قسم میں دل سے خواہش رکھتا ہوں کہ میں تیری مانند درخت پر بیٹھتا اور تیرے پھل کھاتا۔ اڑتا۔ کیونکہ نہ تجھ سے حساب لیا جاتا ہے اور نہ تیرے واسطے عذاب ہے۔ خدا کی قسم میں دل سے چاہتا ہوں کہ میں کسی راستے کے کنارہ پر درخت ہوتا۔ کہ مجھ پر اونٹ گزرتا۔ اور پکڑ کر اپنے منہ میں داخل کرتا اور کھاتا اور نگلتا پھر مجھے چبا کر ہضم کر جاتا پھر مجھے پاخانہ کی صورت میں ہگ دیتا۔ لیکن میں آدمی نہ ہوتا یہی روایت تفریح الاحباب میں ہے۔

کنز العمال میں ہے کہ ابوبکر نے کہا کہ کاش میں کسی مومن کے پہلو کا بال ہوتا۔ کہ اس وسیلہ سے بخشا جاتا۔

کنز العمال میں ہے کہ ضحاک بن مزاحم سے روایت ہے۔ کہ ابوبکر نے ایک چڑیا کو دیکھ کر کہا کہ تو میوے کھاتی اور درختوں میں اڑتی پھرتی ہے نہ تیرا حساب ہوتا ہے اور نہ تجھ کو عذاب ہوگا ۔ کاش کہ میں گوسفند ہوتا اور میرا مالک مجھے موٹا تازہ کرتا اور مجھے ذبح کرتا ۔ میرا کچھ حصہ آگ میں بریان کرکے بھونتے اور کچھ حصہ کے ٹکڑے کرکے خشک کرچھوڑتے لوگ کھا جاتے ۔ پھر مجھے گوہ کی صورت میں گھوڑی پر پھینک دیتے ۔ مگر انسان نہ بنایا جاتا ۔ یہی روایت کتاب (؟) ابن قتیبہ میں بھی مرقوم ہے ۔

طبقات ابن سعد میں ہے کہ ابوبکر نے کہا ۔ کاش کہ میں سبز چارہ ہوتا ۔ کہ مجھے مویشی کھا جاتے ۔

احیاء العلوم امام غزالی میں ہے کہ ابوبکر نے کہا ۔ کہ اے پرندے ۔ کاش کہ میں تیری طرح پرند ہوتا اور انسان نہ بنایا جاتا ۔

تنقیص کرالمبسی اور زہرۃ الریاض اور مواعظ الکرامی میں ہے کہ ابوبکر نے مرتے وقت کہا ۔ کاش کہ میں پرندہ ہوتا اور جنگلوں میں درختوں پر بیٹھتا اور انکے میوے کھاتا اور نہروں کا پانی پیتا مگر میں خلافت کو اختیار نہ کرتا اور لوگوں کے امور اپنے ذمہ نہ لیتا ۔ اس وقت عمر آیا ۔ تو ابوبکر نے کہا ۔ یہ ہے جس نے مجھے ایسے امور میں ڈالا تھا ۔

تاریخ طبری جلد چہارم ص۵۲ پر ہے ۔ کہ ابوبکر نے پاخانہ سے سر نکالا ۔ جب کہ اس کی زوجہ اسماء بنت عمیس جس کے ہاتھ رنگین تھے ۔ اس کو تھامے ہوئی تھی ۔ اور کہا ۔ کیا تم لوگ اس شخص کی خلافت پر راضی ہو جس کو ہم خلیفہ بناتے ہیں ۔ قسم خدا کی ہم نے نصیحت اور خیر خواہی میں کوئی کسر نہیں اٹھا رکھی ۔ اور ہم نے اپنے کسی اہل قرابت کو خلیفہ نہیں بنایا ۔ بلکہ ہم نے عمر کو خلیفہ بنایا ہے ۔ جس پر تمام نے کہا ۔ کہ ہم نے سنا اور مانا ۔ ناظرین ۔ ابوبکر کو خلافت ایک دارہ میں ملی جہاں رذیلے اور بدمعاش لوگ بھنگ چرس چنڈو اور شراب پیتے اور عمر کو خلافت پاخانہ میں ملی ۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

منتخب کنز العمال جلد دوئم صفحہ ۱۸۱ اور ازالۃ الخفاشاہ ولی اللہ مقصد دوئم صفحہ ۲۱۲ پر ہے کہ جب ابوبکر نے عمر کو خلیفہ بنا دیا۔ تو حضرت علیؑ اور طلحہ نے ابوبکر کو کہا کہ تم خدا کو کیا جواب دو گے۔ کہ تم ایسے سخت اور تند خو شخص کو خلیفہ بنا چکے ہو۔

زاد المعاد ابن القیم صفحہ ۱۴۳ پر ہے کہ ابوبکر اور عمر پر نماز جنازہ (خلافِ حکم رسولؐ) مسجد میں پڑھی گئی (اور کسی صحابی نے چون و چرا تک نہ کی)

وفا الوفا صفحہ ۳۷ پر ہے کہ ابن زبالہ کہتا ہے کہ عمر بن عبد العزیز نے ایک چوکیدار مقرر کیا تھا کہ کسی کو نماز جنازہ مسجد میں نہ پڑھنے دے (سنت رسولؐ کے اتباع کے خیال سے) کثیر بن زید کہتا ہے کہ میں عمر بن عبد العزیز کا چوکیدار دیکھا تھا۔ عروہ بن زبیر نے چوکیداروں سے پوچھا تم لوگ مسجد میں نماز جنازہ پڑھنے پر لوگوں کو زدوکوب کرتے ہو حالانکہ ابوبکر و عمر پر نماز جنازہ مسجد میں ہی پڑھی گئی تھی۔

وفا الوفا صفحہ ۳۷ پر ہے کہ علامہ شیخ شہاب الدین مالکی نے وصیت کی کہ مجھ پر نماز جنازہ مسجد سے باہر پڑھی جائے کیونکہ مسجد میں نماز جنازہ پڑھنے سے لازم آتا ہے۔ کہ مردہ کے پاؤں آنحضرتؐ کے سر مبارک کی طرف ہوں۔ جو بالکل خلاف ادب ہے۔

سکرات موت میں آسانی رحمتِ الٰہی کی نشانی ہوا کرتی ہے جس سے ابوبکر محروم تھا۔ بوقت مرگ اس کے تمام مظالم کا نقشہ اس کی آنکھوں کے سامنے موجود تھا۔ جس کی وجہ سے وہ مضطرب تھا۔ اس کے اپنے الفاظ ہی اس کے ارتداد کا ثبوت ہیں۔

متفرقات

سیرت الرسولؐ باب ہشتم صفحہ ۹۵ پر ہے کہ ابوبکر کا داماد زبیر ذات سے قصائی تھا۔ حیوٰۃ الحیوان علامہ دمیری میں ہے کہ زبیر بن العوام قصاب تھا۔ یاد رہے۔ کہ ناظرین زبیر اور اسما بنت ابوبکر کا نکاح متعہ ہوا تھا (مروج الذہب مسعودی) جس کی وجہ سے عبداللہ پیدا ہوا۔ جب عبداللہ جوان ہوا۔ تو اس نے زبیر کو کہا کہ اب آپ میری ماں سے جماع نہ کیا کریں۔ کہ یہ بات میری شان کے خلاف ہے۔ اس پر زبیر نے اسما کو طلاق دیدی۔ (تاریخ کامل جلد ۴ صفحہ ۱۳۲)

قاسم طیب۔ طاہر۔ خدیجہ۔ ابوطالب۔ فاطمہ بنت اسد۔ زینب و رقیہ و ام کلثوم ابنا بنات رسول اللہ۔ حمزہ۔ جعفر طیار۔ کی اموات پر ابوبکر نے مراسم تعزیت میں سے کوئی رسم ادا نہ کی۔

ابوبکر و عمر و عثمان کی اموات پر حضرت علیؑ نے کوئی رسم تعزیت بجا نہ لائی۔ نہ جنازہ پڑھا۔ اور نہ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

پس ماندگان کو پرسا دیا۔ اور نہ کھانا بھیجا۔ عمر کی نماز جنازہ اس کے غلام صہیب نے پڑھائی تھی افسوس
انکا اس شرف سے محروم رہا۔

حضرات اہلبیتؑ میں سے کسی ایک نے بھی ثلاثہ کے پیچھے نماز جنازہ نہیں پڑھی اور نہ ہی میت کی
خاندان اہلبیتؑ میں سے کسی ایک نے بھی ثلاثہ کی لواحق عورتوں کو ثلاثہ کی اموات پر نہ پرسا دیا۔
اور نہ کھانا بھیجا۔ حالانکہ انصار کی عورتوں سے یہ عوض معاوضہ قائم تھا۔

اگر کوئی دو شخص آپس میں کھانا پینا۔ رشتے لینا دینا۔ اوقات غم و شادی میں شامل ہونا جنازہ
پڑھنا پڑھانا وغیرہ تمام دنیاوی علاقوں کو منقطع کر دیں۔ تو ہر ایک ذی عقل آدمی بلا تامل کہہ دیگا
کہ دو آدمی باہمدگر دوست نہیں ہیں۔

ثلاثہ کے دوران خلافت میں کئی اموات اور شادیاں خاندانِ اہلبیتؑ میں واقعہ ہوئیں اور
کئی اموات اور شادیاں خاندان ثلاثہ میں واقعہ ہوئیں۔ مگر کوئی ایک بھی دوسرے کا شریک حال
نہیں ہوا۔ اس امر سے صاف ظاہر ہوتا ہے۔ کہ ان کے تعلقات کبھی خوشگوار نہ تھے۔

ان حقائق کی موجودگی میں اہلسنت کا یہ کہنا محض ایک فریب ہے کہ حضرات ثلاثہ اور اہلبیتؑ باہمدگر
شیر و شکر تھے۔

مظلوم اور ظالم کا آپس میں رفیق حال ہونا تجربہ اور تجربہ کے خلاف ہے۔ انسان کی عادت
اور فطرت کے مخالف ہے۔

باقی رہا حضرت علیؑ کا مسائل شرعیت میں ثلاثہ کی امداد کرنا۔ یہ کام امام حق پر بہر صورت واجب
ہوتا ہے۔ اگر جناب امیرؑ بھی حضرات ثلاثہ کو ان کے اپنے حال پر چھوڑ دیتے۔ تو شریعت حقہ پامال ہو جاتی۔
فرض کیجئے کہ کوئی شخص قرآن کریم کو جلانے لگے تو شیعہ اور سنی اس آدمی کی مخالفت کو تیار
ہو جائیں گے۔ اس وقت یہ کہنا صحیح نہیں ہو سکتا۔ کہ شیعہ اور سنی باہمدگر کوئی مذہبی اختلاف نہیں رکھتے۔

مدارج النبوۃ جلد دوم صفحہ ۵۳۲ پر ہے کہ ابو بکر نے آنحضرتؐ کی قبر مطہر کو جو پہلے مسطح تھی۔ ماہی پشت
بنا دیا۔ کتاب الامامت والسیاست صفحہ ۱۲ پر ہے۔ کہ انصار نے معصومہؑ کو کہا۔ کہ اگر آپ کے شوہر
حضرت علیؑ ابو بکر کے خلیفہ بننے سے پہلے آئے ہوتے تو ہم کسی کو ان کا مقابل نہ سمجھتے۔ معصومہؑ نے فرمایا
کیا وہ بھی رسول اللہؐ کو بلا کفن و دفن چھوڑ کر خلافت کے لئے نزاع کرتے۔ بیشک ابو الحسن نے وہی
کیا جو مناسب تھا۔ اور اس قوم نے وہ کام کیا جس کا مواخذہ خدا کے حوالے ہے۔

اصابہ جلد سوم صفحہ ۲۲۲ پر ہے کہ قیس بن حازم کہتا ہے۔ کہ ہم نے عمر بن خطاب کو دیکھا۔ کہ اس

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کے ہاتھ میں شاخ خرما کا ایک ڈنڈا تھا اور وہ لوگوں کو بٹھا رہا تھا اور کہتا تھا کہ خلیفہ رسول ؐ دلائی گئی وصیت سنو۔ اتنے میں ابوبکر کا غلام شدید داخل ہوا۔ عمر کو پہلے ہی معلوم تھا کہ شدید کر رہا تھا) اور اس نے عمر کا فرمان سنایا۔ کہ جس شخص کا نام اس بند لفافہ میں ہے سب لوگ اس کی اطاعت کریں۔

مدارج النبوۃ شاہ عبدالحق دہلوی جلد دو ص۳ پر ہے۔ کہ جب ابوبکر نے خلیفہ پڑھا۔ تو کفعہ نے اس کے سر اور داڑھی کو کھینچا۔ اور بال نوچ ڈالے اور منہ پر اتنی جوتیاں ماریں کہ بیہوش ہو گیا۔

تاریخ الخلفاء ص۶۶ پر ہے کہ ابوبکر اپنی خلافت کے دوسرے روز چادریں لیکر بازار میں بیچنے چلا گیا (جیسے عام شہروں اور گاؤں میں جولاہوں کا پیشہ ہے) تو عمر نے کہا۔ اب تم خلیفہ ہو تجارت کرنے کیوں جاتے ہو۔ چلو ابو عبیدہ سے وظیفہ مقرر کرا دیں۔ ابو عبیدہ نے کھانے کے لئے نصف بکری کا گوشت روزانہ اور چادرہ اور لنگی کے کپڑے مقرر کر دئیے۔ اور دو ہزار نقد سالانہ یا سالانہ مقرر ہو گیا۔ پس یہ ابوبکر تھے ہم عیال الدار ہیں اور رقم بڑھاؤ۔ اس پر پانچسو بڑھا دیا گیا۔ ناظرین۔ مکہ میں ابوبکر کا بزازہ ابھی تک نیا و ستھاں ہے جہاں یہ بیٹھ کر گاڑھا وغیرہ بیچا کرتا تھا۔

الفاروق شبلی ص۲۲۵ اور ریاض النضرہ محب الدین طبری اور کنز العمال میں ہے کہ ابوبکر نے پانسو احادیث کے مجموعہ کو جلا دیا۔

عبداللہ حماوی نے رسالہ البیان میں لکھا ہے کہ جن لوگوں نے اوائل اسلام میں کتابت کی ان میں سے ایک ابوبکر تھا جس نے ایک کتاب لکھی جس میں پانسو سے زیادہ احادیث جمع تھیں چنانچہ حافظ تذکرۃ الحفاظ امام ذہبی نے اس بات کو سند کے ساتھ بیان کیا ہے لیکن ابوبکر نے پھر یہ مجموعہ احادیث کو اس خوف سے جلا کر ڈالا اور محو کر دیا کہ اس میں کوئی غلطی نہ ہو۔ یہی معاملہ کشف الظلام عن البیان ع۲ جلد ششم ص۱ سے نقل کیا گیا ہے۔

کنز العمال کتاب فضائل علی اور شرح مشکوٰۃ ملا علی قاری کتاب منتخب مناقب علی بفضل تاریخی اور جمع الجوامع سیوطی اور معجم کبیر طبرانی میں ہے اور حافظ ابن مردویہ نے مناقب علیؑ میں بروایت انس لکھا ہے۔ کہ جس روز غزوہ طائف کا دن تھا۔ اس روز حضرت علیؑ آنحضرتؐ سے دیر تک باتیں کرتے رہے پھر چلے گئے۔ پس ابوبکر نے کہا۔ یا رسول اللہ آپ کی راز گوئی تو آج بہت لمبی ہو گئی۔ رسول اللہ نے فرمایا کہ میں نے علیؑ سے راز گوئی نہیں کی بلکہ اس سے خدا نے راز گوئی کی ہے۔

ابوبکر بن قحافہ کے اصلی نام یعنی عبدالکعبہ سے پایا جاتا ہے۔ کہ اس کا خاندان بہت پرستی میں خصوصاً امتیاز رکھتا تھا۔ یہ شخص چالیس سال تک کفر کی تاریکی میں پھنسا رہا۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ابوبکر کا باپ قحافہ عبداللہ بن جدعان کے دسترخوان پر سے مکھیاں اڑانے کی ملازمت پر مامور تھا۔ ابوبکر خود کبھی تو قریش کے اونٹ بکریاں چرا کر پیٹ پالتا۔ اور کبھی پیٹھ پر کپڑے رکھ کر گلی کوچوں میں بیچا کرتا (معلوم ہوتا ہے کہ کپڑوں کا مالک اور شخص ہوگا اور ابوبکر اس کا تنخواہ دار حمال ہوگا) ابوبکر کا چہرہ دیکھا ناظرین۔ رخساروں کے گڑھے۔ آنکھوں کی گہرائی۔ شانوں کا جھکاؤ۔ سینے کا خم۔ اور پیشانی کی ناہمواری۔ عجیب لطف انگیز نظارہ ہوگا۔

وہ احکام شریعت سے یہاں تک ناآشنا تھا کہ غیر مسلم معترضین کے اعتراضات کا جواب نہ دے سکتا تھا۔ مسلمانوں کو خلاف حکم شرع قتل کر دیتا اور زندہ جلا دیتا تھا۔ وہ اپنی زبان سے اعتراف کیا کرتا تھا کہ میری رائے میں شیطان دخل انداز ہوتا ہے۔

وہ ریاکار اور دنیا طلب دغلوں کی طرح بات بات پر رو پڑتا تھا۔ تاکہ حاضرین اس کو متقی خدا اور رقیق القلب سمجھ کر اس کے دلدادہ ہو جائیں۔ یہ تصنع اور فریب ہی کا رہا ہے۔ جب ہم دیکھتے ہیں کہ اس نے غصب خلافت میں حد درجہ سنگدلی سے کام لیا۔ غصب فدک میں غایت درجہ ظلم اور بے رحمی دکھائی۔ اور مرتے وقت بند لفافہ میں عمر بن خطاب کو اپنے بعد خلیفہ نامزد کرنے میں شقاوت ظاہر کی۔ فحش اور گندی گالیاں دینا اس کی عادت میں داخل تھا۔

شب ہجرت آنحضرتؐ حضرت علیؑ کو اپنے بستر پر سلا کر دولت خانہ سے باہر تشریف لائے تو ابوبکر راستہ میں مل گیا۔ (غالباً آنحضرتؐ کے قاتلوں کی معاونت کے لئے باہر نکلا ہوگا) آپ نے اس کو ہمراہ لے لیا تاکہ یہ کہیں دشمنوں کے سوال کرنے پر آپ کے راستہ ہجرت کی خبر نہ دے دے۔ غار میں پہنچ کر اس خرسودہ مغز نے اس قدر بلند آواز سے چیخنا چلانا اور رونا شروع کر دیا تاکہ دشمنان رسولؐ کو مقام رسولؐ سے آگاہی حاصل ہو۔ کہ خداوند عالم کو "لاتحزن" کہنا پڑا۔ اسی لوگ اسی قرآنی آیہ سے ابوبکر کی فضیلت کے پل باندھتے ہیں۔ حالانکہ یہ آیہ شریفہ سراسر اس کی فضیحت کا ثبوت ہے۔ یہ لوگ اتنا بھی نہیں سوچتے کہ اگر ابوبکر کے دل میں کچھ بھی رسول اللہ کی الفت ہوتی تو ایک اونٹ کی فروخت میں آنحضرتؐ سے سات سو ۷۰۰ درہم کا منافع وصول نہ کرتا۔

جو شخص خدا کے حکم کے بموجب صرف ایک سورہ برائت کی تبلیغ کے قابل نہیں ہے وہ تمام قرآن (خلافت) کی تبلیغ کی اہلیت اور قابلیت کب رکھ سکتا ہے۔

ابوبکر کوئی کام عمر بن خطاب کی مرضی کے خلاف نہ کر سکتا تھا۔ ابوبکر کی خلافت بھی در اصل عمر بن خطاب کی خلافت تھی۔ جب آنحضرتؐ نے وفات فرمائی۔ تو حضرات ثلاثہ اور باطل ثلاثہ آنحضرتؐ کی نعش اطہر کو بلا کفن و دفن چھوڑ کر [illegible] چلے گئے [illegible] و فریب [illegible] اور حیلہ [illegible]

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ابوبکر کو اس خیال سے خلیفہ بنا دیا کہ وہ بہت بوڑھا ہے۔ قبر میں پاؤں لٹکائے بیٹھا ہے نیز اس کا ذہن سادہ لوح ہے۔ اسکو بیٹے نام خلیفہ بنا دیتا ہوں امور سلطنت جب جو رد و بدل چاہونگا کرونگا۔ اسکی کیا مجال ہے۔ کہ میرے خلاف زبان کھول سکے۔ نیز عمر کو یقین تھا کہ ابوبکر کی موت کے بعد میرے سوا تخت خلافت پہ کوئی اور شخص قدم نہیں رکھ سکتا۔

ابوبکر نے عمر کے کہنے پر صرف خلافت اور فدک کو ہی غصب نہیں کیا تھا بلکہ خمس بھی بند کر دیا تاکہ اہلبیت علیہم السلام کو کسی طرف سے بھی مالی امداد نہ مل سکے۔

ابوبکر کی موت قابل غور واقعہ ہے جب وہ اپنی زبان سے اقرار کرتا ہے کہ کاش میں خانہ فاطمہؑ کی پردہ دری نہ کرتا اور سقیفہ بنی ساعدہ کے دن خلیفہ نہ بنتا وغیرہ۔ ناظرین۔ غور فرمائیں کہ صرف اڑھائی سال کی بادشاہت کے لئے ابوبکر نے مجھ سے عداوت کی۔ اب ابوبکر اور یاران ابوبکر پیوند خاک ہو چکے ہیں۔ ہڈیاں تک گل سڑ گئی ہیں۔ ابوبکر اور یاران ابوبکر نبی نہ تھے۔ کہ ان کی نبوت پہ ایمان لانا فرض ہو اور امام نہ تھے۔ کہ ان کی امامت قرآن سے ثابت ہو سکے محض بادشاہ تھے۔ جو اور بادشاہوں کی طرح ہوس کا شکار تھے۔

اب انکی حسرت انجامیاں انکی خلیفہ سازیاں انکے مظالم۔ انکی ہٹ دھرمیاں انکی اسلام سوزیاں۔ انکی عیاریاں انکی ریشہ دوانیاں اور انکا رعب جو اب خاک ہو چکا ہے۔ اس کے مسلمانوں کا فرض ہے کہ قرآن۔ احادیث تاریخ اور عقل کی خوردبین سے انکی پُر فریب شخصیت کے چھوٹے چھوٹے ذروں پہ نگاہ تحقیق ڈالیں۔ اور یہ پتہ لگائیں کہ کون کون سی مقدس ہستیاں کس کس بہانے کی نذر ہوئی ہیں۔

آپ میری درخواست پہ انصاف سے غور فرمائیں ایک بات یہ بھی عرض کر دیتا ہوں کہ عیاری اور ضلالت کا نتیجہ کیا موت اٹل ہے اور اس سے گریز ناممکن ہے مگر جو شخص کسی ظالم کے ظلم و ستم کے صدمات سے جاں بحق ہو وہ حق رکھتا ہے کہ بروز حشر اپنے خون کا دعویٰ کر سکے۔ اس شرعی مسئلہ کو پیش نظر رکھ کر مجھے یہ کہنا پڑتا ہے کہ ابوبکر اور یاران ابوبکر جناب فاطمۃ الزہراؑ کے قاتل ہیں۔

اگر ابوبکر اور یاران ابوبکر خلافت کو غصب نہ کرتے۔ تو معاویہ ابن ابو سفیان حضرت علیؑ کو شہید کرانے میں کبھی کامیاب نہ ہوتا پس اس دلیل سے ابوبکر اور یاران ابوبکر حضرت علیؑ کے قاتل ہیں۔

اگر ابوبکر اور یاران ابوبکر اہلبیت علیہم السلام کو گونا گوں حیلوں اور فریبوں سے عوام کی نگاہ میں ذلیل و خوار نہ کرتے تو نہ تو معاویہ امام حسنؑ سے خلافت چھین سکتا۔ اور نہ ہی آپ کو زہر سے شہید کرا سکتا۔ اور نہ ہی عائشہ جیسی سنگدل عورت آپ کے جنازہ پہ تیر برسا سکتی۔ لہذا ابوبکر اور یاران

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ابوبکر امام حسن علیہ السلام کے قاتل ہیں۔

اگر ابوبکر اور یاران ابوبکر اہلبیت علیہم السلام کے وقار کو اپنی چالوں سے پامال نہ کرتے تو نہ تو امام حسینؑ معہ اقربا و احباب شہید ہوتے۔ اور نہ ہی خاندان رسولؐ کو کوچہ و بازار رسوا کیا جاتا۔ اور نہ ہی باقی ائمہ معصومین علیہم السلام تختۂ مشق ہو ہو کر شہید کر دیئے جاتے۔ اور نہ ہی آخری امام علیہ السلام روپوش ہوتے۔ پس ثابت ہوا کہ اہلبیت علیہم السلام پر جو ظلم روا رکھے گئے۔ ان تمام کے بانی ابوبکر اور یاران ابوبکر ہیں۔

اے مسلمانو خدا کے لئے۔ رسول اللہؐ کے لئے۔ اور اپنی بہتری کے لئے ابوبکر اور یاران ابوبکر کے خارستان کو ترک کر کے اہلبیتؑ کے چمن زار میں چلے آؤ۔ جہاں دو نوجوانوں کی سعادت لونڈیوں کی طرح تمہاری پیشوائی اور خدمت کو کھڑی ہے۔ اور آنکھیں پھاڑ پھاڑ کر تمہاری راہ دیکھ رہی ہے۔ ایسی حالت میں خادم کو انتظار کی تکلیف نہ دو۔ میری بات مانو مجھے تم سے غمگساری اور ہمدردی ہے۔ کاش کوئی مسلمان ایسا کہیں نہ ہو جس کا سر اہلبیت علیہم السلام کے درد و الفت پر خم نہ ہو۔

حالات حضرت عمر صاحب و دیگر کیفیات

عمر بن خطاب خاندان قریش میں سے عدی تھا۔ جو دس برس بادشاہ رہا۔ اس کی بیٹی حفصہ آنحضرتؐ کے نکاح میں تھی۔ تریسٹھ سال کی عمر میں قتل کر دیا گیا۔

مسند امام ابوحنیفہ مرویہ حصکفی کتاب الفضائل میں ہے کہ عمر بن خطاب کو پہلے ابن حنتمہ کے نام سے پکارا جاتا تھا۔ واضح ہو کہ عمر کو ابا حفصہ بھی کہا جاتا تھا۔

تفسیر کبیر مطبوعہ مصر جلد ہشتم میں ہے کہ عمر نے ام کلثوم بنت عقبہ ابن ابی معیط سے نکاح کیا۔

استیعاب میں ہے کہ ام کلثوم بنت جرول کا معہ زوجہ عمر اور اس کا بیٹا زید ایک ہی وقت فوت ہوئے۔ ناظرین۔ ان دونو پر نماز جنازہ امام حسنؑ کے حکم سے عبداللہ بن عمر نے پڑھائی۔ امام حسنؑ کی شہادت معاویہ کی زندگی میں واقع ہوئی۔ ام کلثوم بنت علیؑ اسیران کربلا میں موجود تھیں پس ام کلثوم زوجہ عمر کوئی اور ام کلثوم ہے۔

تاریخ خمیس ص۲۵۱ پر ہے کہ عمر کی ایک اور زوجہ کا نام بھی ام کلثوم بنت عاصم تھا۔

اصابہ ص۲۳۳ پر ہے کہ عمر کے عقد میں ام کلثوم بنت جرول خزاعی تھی۔ تاریخ طبری اور تفسیر کبیر میں

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہے کہ عمر کے عقد میں ام کلثوم بنت عقبہ بن ابی معیط تھی۔ تاریخ خمیس جلد دوم مطبوعہ مصر صفحہ ۲۵۱ پر ہے کہ عمر کے عقد میں ام کلثوم بنت عاصم تھی۔

معارف ابن قتیبہ صفحہ ۵۵ و تاریخ کامل مطبوعہ مصر جلد سوئم صفحہ ۲۳ پر ہے کہ عمر نے ام کلثوم بنت ابوبکر سے عائشہ کی معرفت نکاح کرنا چاہا۔

ازالۃ الغین مولوی حیدر علی حنفی صفحہ ۹۲۷ پر ہے کہ زید اور اس کی ماں ام کلثوم جو زوجہ عمر تھیں معاویہ کے عہد میں ایک ہی دن فوت ہوئے۔

کتاب معارف ابن قتیبہ مطبوعہ مصر ۱۳۰۰ھ صفحہ ۸۰ پر ہے کہ حضرت علیؑ کی تمام بیٹیاں اولاد عقیل و اولاد عباس سے بیاہی گئیں سوائے ام الحسن کے جس کا نکاح حضرت علی علیہ السلام کے بعد جعدہ بن ہبیرہ مخزومی سے ہوا اور فاطمہ کے جس کا نکاح سعید بن اسود سے ہوا جو بنی الحرث بن اسد سے تھا۔

صواعق محرقہ ابن حجر مکی میں ہے کہ حضرت علی علیہ السلام نے اپنی بیٹیوں کو پہلے ہی سے اپنے بھتیجوں سے منسوب کر دیا تھا جب عمر نے حضرت سے نکاح ام کلثوم کی درخواست کی تو حضرت نے فرمایا کہ میں نے اپنی بیٹیوں کو اپنے بھتیجوں کے لیئے مخصوص کر دیا ہے۔

تاریخ کامل جلد دوئم صفحہ ۱۹۱ پر ہے کہ ابو بکر نے بحالت اسلام حبیبہ بنت خارجہ سے نکاح کیا جس سے ابوبکر کی وفات کے بعد ام کلثوم پیدا ہوئی۔ تاریخ طبری صفحہ ۵۵ پر ہے کہ ابو بکر کی موت کے بعد ایک لڑکی پیدا ہوئی جس کا نام ام کلثوم رکھا گیا۔ تاریخ طبری جلد پنجم مطبوعہ مصر صفحہ ۱۷ پر ہے کہ عمر نے ابوبکر کی لڑکی ام کلثوم سے عقد کرنا چاہا عائشہ نے قبول کر لیا مگر ام کلثوم نے کہا میں ایسے خشن العیش اور درشت خو بہ شدت کے والے شخص سے عقد کرنا نہیں چاہتی۔ ناظرین حضرت زینب بنت علیؑ کا نکاح عبداللہ بن جعفر طیار سے اور حضرت ام کلثوم بنت علیؑ کا نکاح محمد بن جعفر طیار سے ہوا تھا۔ اور دونوں بہنیں واقعہ کربلا میں موجود تھیں۔

تاریخ کامل جلد سوئم صفحہ ۱۲ پر ہے کہ عمر نے ام کلثوم بنت ابوبکر سے نکاح کرنے کے لیئے عائشہ کو پیغام بھیجا۔ مگر ام کلثوم نے کہا میں ایسے خشن العیش اور درشت خو پر شدید شخص سے نکاح کرنا نہیں چاہتی۔ ناظرین! عمر کا ام کلثوم کے لئے عائشہ کو پیغام بھیجنا اس امر کی روشن دلیل ہے کہ ام کلثوم بنت ابوبکر تھی ورنہ بصورت دیگر حضرت علی علیہ السلام کو پیغام بھیجا جاتا۔

حیرت ہے کہ علمائے اہلسنت نے کیوں تعصب و ضمیر فروشی سے کام لے کر یہ نیا لکھ دی۔ کہ عمر بن خطاب کا نکاح حضرت ام کلثوم بنت علیؑ سے ہوا اور ام کلثوم کے بطن سے ایک بچہ پیدا ہوا

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

پیدا ہوا۔ اب ہم اس معاملہ پر کچھ روشنی ڈالنا چاہیں۔

حضرت ام کلثوم بنت فاطمہ عام قرابت کے لحاظ سے عمر بن خطاب کی پوتی کہی جا سکتی ہے۔ پس اگر یہ نکاح شرعاً ممنوع نہ بھی ہو۔ تاہم اخلاقاً مذموم اور شرمناک ہے کوئی ذلیل سے ذلیل قوم اس رشتہ کو حرمت اور نفرت کی نگاہ سے دیکھے گی۔ اہل عرب تو خصوصاً ایسی ہتک آمیز حرکت سے نہایت ہی متنفر ہیں۔ کیا ساٹھ سالہ بوڑھے شخص کو جو شکل و صورت سے بھی مکروہ ہو۔ ایک نوبالغہ لڑکی کے نکاح کے لئے پسند و منتخب ہوا۔ کیا ایسے بوڑھے آدمی کو ایسے انوکھے نکاح سے شرم محسوس نہ ہوئی اور اسے یہ خیال نہ ہوا کہ وہ پوتی یا نواسی سے نکاح کر رہا ہے۔ لوگ کچھ کہیں یا نہ کہیں، منقول تھی۔ جواز سے بالاتر ہے۔ شرم و حیا بھی کوئی چیز ہے عمر اور وقت بھی قابل لحاظ ہوتے ہیں۔ جو چیزیں بچپن میں بھلی معلوم ہوتی ہیں۔ وہ جوانی میں بری نظر آتی ہیں اور بعض اشیاء انسان کو جوانی میں مرغوب ہیں۔ ضعیفی میں اس سے کوسوں پرے ہٹ جاتا ہے۔ کتب معتبرہ تواریخ اور طبقات کبیر میں لکھا ہے کہ عمر بن خطاب نے حضرت ام کلثوم بنت علی سے نکاح کر کے سوائے کسی سے مراد و صحت کی اور نہ یہ نکاح حسن ظہور میں آیا۔ اور نہ ہی ان دونوں کے ہاں کوئی زبردست موافق نتیجہ پیدا ہوا۔ بلکہ سب مصلحت کی بنا اس کی اصل غرض ہی ہے۔ ان کا خیال تھا کہ اس طرح گھر بیٹھے پا جائے گا۔ کہ عمر بن خطاب اور حضرت علی علیہ السلام کے درمیان دوستی محبت اور نظریات قائم تھی۔ اور نیز اس سے یہ نتیجہ بھی قدرتاً ظاہر ہوگا۔ کہ حضرت علی عمر بن خطاب اور ابوبکر کی خلافت کو پسندیدگی کی نگاہ سے دیکھتے تھے اور ان کی تمام حرکات بد کو جائز خیال کرتے تھے علیٰ ہٰذا القیاس کئی اور عیوب آنحضرت کو اس نکاح کے پردہ میں نظر آ رہے ہونگے۔

مگر کم عقلوں اور نادانوں کو کیا معلوم تھا کہ آخر ایک دن ان کی یہ تمام عیاری بیکار ہو جائیگی اور لوگ عقل و خرد کی روشنی میں ان کے مکر و فریب کا پردہ تار تار چاک کر دینگے۔

یہ مسلم ہے کہ عمر بن خطاب اس وقت تین ازواج کا خاوند تھا جس وقت کا یہ نکاح بیان کیا جاتا ہے عمر کو کیا پڑی تھی کہ تین ازواج کے ہوتے ہوئے ایک کمسن پڑپوتی سے خواہش نکاح کرکے خواہ مخواہ ذلیل ہو۔ یہ سب بازیگروں کی بنائی سازشیں ہیں۔ بجائے سفید ریش بوڑھے کی گردن میں زبردستی کا طوق کا ہار ڈال دیا گیا ہے۔

اگر عمر بن خطاب اس وقت زندہ ہو جائے اور ہم اس سے یہ ماجرا بیان کریں تو کم و کاست کہہ دیں

Presented by: Rana Jabir Abbas
jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

تو یقیناً محمل پر ہاتھ رکھ کر پکار اٹھے گا۔ کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کبھی یہ خواہش ظاہر نہیں کی اور نہ میں ایسی بے حیائی اور بے وقوفی کے ارتکاب کی جرأت کر سکتا تھا۔ مجھے معلوم تھا کہ میں نے کن کن چالوں سے حضرت علیؑ کو خلافت سے محروم کیا۔ خاندان نبویؐ پر کیا کیا جور و ستم کئے اور حقوق اہلبیت کو کس دلیری سے پامال کیا۔ بھلا ان حقائق کی موجودگی میں مجھ سے یہ کب ہو سکتا تھا۔ اور میری زبان کو یہ توانائی کس طرح حاصل ہو سکتی تھی کہ اس شخص کی لڑکی سے نسبت کا خواہاں بنوں جو میری شکل تک دیکھنے سے بیزار ہو۔ اور جس کا دل دنیاوی ہوا و ہوس سے قطعاً مبرا ہو۔ خدارا میرے مقلدوں کو میری طرف سے پیغام پہنچا دو۔ کہ میں اس الزام سے سراسر بری ہوں اور وہ بھی اس دروغگوئی پر اصرار نہ کریں۔ بس جو کچھ زندگی میں کر چکا ہوں۔ میرے لئے اس کی سزا کافی ہے۔ اس سے زیادہ میرے عذاب کی زنجیر میں ایک اور حلقے کا اضافہ نہ کریں۔

اگر یہ کہا جائے۔ کہ عمر بن خطاب کی عمر تو بیشک اس وقت تقریباً ساٹھ سال اور ام کلثوم کی عمر قریباً پانچ سال تھی [illegible] جاتا تھا۔ کہ اس رشتہ سے خاندان رسولؐ کیساتھ توسل اور تقرب پیدا کرے تو ہم کہیں گے کہ یہ دلیل [illegible] سکیا عمر کی لڑکی حفصہ آنحضرتؐ کے نکاح میں پیشتر ازیں نہ تھی۔ اس کے علاوہ تو حصول کرنے کے لئے [illegible] توسل اور تقرب کافی تھا۔ ہاں اگر زیادہ توسل مطلوب تھا۔ تو حضرت علیؑ کی خدمت اقدس میں عمر بن خطاب پیغام بھیجتا کہ میں اپنی فلاں عزیزہ کو آپ کی زوجیت میں بخیال حصول توسل دینا چاہتا ہوں۔ آپ ازراہ [illegible] اس ناچیز کو شرف قبولیت عطا فرمائیں۔ شاید آپ منظور فرما لیتے۔

خوب دیکھیں تو یہ توسل بھی بے سود ہے۔ جب تک ایمان [illegible] نہ ہو۔ حالانکہ دل کی کجی آنحضرتؐ کے توسل سے سر مو درست نہ ہو سکی حفصہ کی جیاری آنحضرتؐ کے توسل سے راہ راست پر نہ آ سکی۔ محض توسل مفید نہیں ہو سکتا۔ توسل صحیح معنوں میں اس وقت توسل کہلائیگا جب توسل کے آداب دل میں ایمان مل کر جذب و انہماک نہ ہو جائے۔

کتاب استیعاب میں مرقوم ہے کہ عمر بن خطاب نے جناب سیدہ ام کلثوم کی خواستگاری کی۔ تو حضرتؑ نے اس کی صغر سنی کا عذر کیا۔ تب لوگوں نے کہا کہ جناب امیرؑ نے تمہاری بات نہیں مانی تب عمر نے پھر خواستگاری کی۔ اس پر حضرت علیؑ نے اس لڑکی کو اس کے پاس بھیج دیا اور کہا۔ کہ اگر پسند ہو جائے۔ تو تمہاری زوجہ ہے۔ جب وہ لڑکی وہاں پہنچی تو عمر نے اس کی ساق کھولی۔ اس لڑکی نے کہا۔ کہ اگر تم امیر المومنین نہ ہوتے تو میں تمہاری آنکھ پر طمانچہ مارتی۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کتب سیر مناقب السادات باب ششم میں مرقوم ہے جب عمر بن خطاب نے ام کلثوم کی خواستگاری کی اور علیؑ نے جواب دیا کہ وہ کمسن ہے۔ تو عمر نے کہا مجھے عورت کی حاجت نہیں ہے۔ مگر میں محمد صلعم سے توسل چاہتا ہوں کیونکہ آنحضرت نے فرمایا ہے۔ کہ کل نسب اور سبب موت کے بعد قطع ہو جاتے ہیں سوائے میرے نسب اور سبب کے تب حضرت علیؑ نے چالیس ہزار درہم پر اس لڑکی کا عقد عمر سے کر دیا۔ اور اس وقت ام کلثوم کی عمر چار پانچ برس کی تھی۔ پھر عمر بن خطاب نے اس لڑکی کو اپنے پہلو میں بٹھایا اور اس کی چادر اس کے سر سے اتاری۔ اور اپنا ہاتھ اس کے ماتھے پہ پھیرا۔ اور اس کے ساق پا کو برہنہ کیا۔ اس پر اس لڑکی نے ہاتھ اٹھایا اور قریب تھا کہ عمر کے منہ پر طمانچہ مارے پھر اس لڑکی نے کہا کہ اگر تو امیر المومنین نہ ہوتا تو میں تیرے منہ پر طمانچہ مارتی تب عمر نے کہا کہ اس کو واپس کر دو کیونکہ یہ بی بی ہاشمیہ قریشیہ ہے دیکھتی ہو لڑکی بہت غیرت مند ہے)

ناظرین نے مذکورہ حوالے پڑھ لئے ہیں۔ اب دیکھنا یہ ہے کہ دوربین نگاہ ان حوالہ جات سے کیا کیا نتائج اخذ کرتی ہے

اول یہ کہ عمر نے اپنی ضعیفی اور ام کلثوم کی کمسنی کا لحاظ نہ کیا۔ اور نامعقول ضد پر قائم رہا دوم یہ کہ حضرت علیؑ نے بطیب خاطر اپنی کمسن لڑکی کو عمر کے پاس بھیج دیا اور ساتھ ہی لڑکی کی رضامندی پر نکاح کی اجازت بھی دیدی حضرت علیؑ کے دامن اخلاق پر کس قدر بدنما داغ لگانے کی کوشش کی گئی ہے سوم یہ کہ عمر نے ام کلثوم کو اپنے پہلو میں عوام الناس کی موجودگی میں بٹھایا اور ام کلثوم خوشی خوشی بیٹھ گئی پھر عمر نے اس کے سر سے لوگوں کے سامنے چادر اتاری اور اس نے کچھ عذر نہ کیا پھر عمر نے انہی لوگوں کی حاضری میں ام کلثوم کے ماتھے پہ ہاتھ پھیرا اور اس دفعہ بھی وہ خاموش رہی۔ لیکن جب عمر نے اس کی پنڈلی پہ [illegible] تو وہ قہر غضب سے بھر گئی۔ اور عمر کو طمانچہ مارنے پہ آمادہ ہو گئی۔ یہ واقعہ صرف ام کلثوم کی جبین شرافت پر ہی کلنک کا ٹیکا نہیں ہے۔ بلکہ خاندان رسولؐ کے قصر عظمت کی بنیادیں ہلا دیتا ہے حضرت علیؑ اور عمر بن خطاب بھی اس واقعہ میں شرعاً اور اخلاقاً مجرم ثابت ہوتے ہیں۔ چہارم یہ کہ ام کلثوم بنت علیؑ کا نکاح عمر بن خطاب سے کبھی معرض عمل میں نہیں آیا حقیقت یہ ہے کہ اس روایت کا وضع کرنے والا بلا شک وشبہ خاندان اہلبیت کا اشد دشمن ہے اور اس نے عمداً ایسی روایت اس خیال سے وضع کی ہے۔ کہ پنجتن پاک کی ہجو میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھی جائے۔

اگر یہ واقعہ کسی غیر مسلم کو سنایا جائے تو وہ ضرور کہیگا کہ جس قوم کے سربرآوردہ افراد کا ایسا

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

گرا ہوا کیریکٹر (رجال علین) ہو۔ وہ قوم مہذب اور شریف اقوام کی سوسائٹی میں جگہ حاصل کرنے کے قابل نہیں ہو سکتی۔

کتاب نوارق میں مرقوم ہے کہ ام کلثوم ابوبکر کی لڑکی تھی۔ ام کلثوم کی ماں اسماء بنت عمیس جو پہلے جعفر طیار کی عورت تھی۔ پھر ابوبکر کے نکاح میں آئی اور اس سے ایک بیٹا عبدالرحمٰن اور ایک بیٹی ام کلثوم پیدا ہوئی۔ پھر اسماء بنت عمیس علیؑ ابن ابی طالب کے نکاح میں آئی۔ اس وقت ام کلثوم اپنی ماں کے ہمراہ تھی۔ عمر ابن خطاب نے ابوبکر کی بیٹی ام کلثوم سے نکاح کیا۔

مذکورہ حوالے سے صریحاً ثابت ہو گیا کہ جس ام کلثوم کا نکاح عمر بن خطاب سے ہوا وہ ابوبکر کی بیٹی تھی۔ نہ کہ جناب امیرؑ کی۔ اب ابوبکر خسر اور عمر داماد ثابت ہوا۔ ہم اس رشتے کے مخالف نہیں ہیں۔ اگر تینوں خلفائے اہلسنت باہم اگر اس طرح کے رشتے ناطے کر لیتے تو۔

چشم ما روشن دل ما شاد

تاریخ الخلفاء ص۹۶ پر ہے کہ عمر بن خطاب کہتا ہے کہ میں جب کبھی گھر سے کہیں باہر جانے لگتا تو میری عورتیں مجھ سے کہتیں تم تو فلاں خاندان کی عورتوں کو گھورنے چلے ہو۔ تاریخ کامل جلد سوم ص۳۳ میں ہے کہ عمر نے ام ابان بنت عتبہ بن ربیعہ سے نکاح کرنا چاہا۔ مگر ام ابان نے انکار کر دیا اور کہا کہ دروازہ بند کرتا ہے اور خیر کو روکتا ہے۔ منہ بنا کر آتا ہے اور منہ چڑھاتے نکلتا ہے۔

یعنی پارہ تیر عنوان کتاب بدء الخلق مطبوعہ احمدی کی پارہ ۱۳ ص۳۸ اور بخاری پارہ چودہ ہوں کتاب المناقب ص۵۰ پر ہے کہ ایک دن آنحضرتؐ کی موجودگی میں قریش کی عورتوں نے عمر کو کہا کہ تم غلیظ الطبع اور اکھڑ آدمی ہو۔ طبقات ابن سعد جز ۸ از حاشیہ مترجم بخاری کتاب فی الخصومات ص۲۶ پر ہے کہ عمر نے ابوبکر کی بہن ام فروہ کو نوحہ کرنے پر درے لگوائے۔

تاریخ اعثم کوفی میں ہے کہ ایک شخص فیروز عرف ابو لولو کنیت شجاع الدین مدینہ میں رہتا تھا اس نے عمر کو ضرب لگائی جس کی وجہ سے عمر ۲۶ ذوالحجہ کو زخمی ہوا اور ۲۷ ذوالحجہ کو مر گیا۔ ناظرین فیروز عمر بن خطاب کے دوست مغیرہ کے غلام تھے۔ انہوں نے عمر کو اس لئے ہلاک کیا کہ عمر نے ان کے کسی مقدمہ میں ان کے خلاف فیصلہ صادر کیا تھا۔

بخاری کتاب العلم باب الغضب فی الموعظۃ والتعلیم جلد اول میں بروایت ابو موسیٰ اشعری لکھا ہے کہ ایک دفعہ آنحضرتؐ کے بعض اصحاب نے آنحضرتؐ سے بہت بے ادب سوال کئے جس کی وجہ سے حضرتؐ بہت ناراض ہوئے اور فرمایا۔ اچھا جو چاہو پوچھو۔ پس ایک صحابی نے پوچھا میرا باپ کون ہے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

حضرتؐ نے فرمایا حذافہ دوسرے اصحاب نے پوچھا میرا باپ کون ہے تو فرمایا سالم شیبہ کا غلام جب یہ عمر نے آنحضرتؐ کے چہرہ سے آثار غضب دیکھ کر کہا۔ ہم خدا کی درگاہ میں ایسے سوالات سے معافی چاہتے ہیں (عمر کے معافی مانگنے کی کوئی خاص وجہ معلوم ہوتی ہے۔)

معالم التنزیل بغوی اور لمعات شرح مشکوٰۃ میں بھی یہ واقعہ لکھا ہے۔

ترمذی جلد دوئم کتاب التفسیر سورہ مائدہ صفحہ ۲۵۰ پہ بروایت انس بن مالک لکھا ہے کہ ایک شخص نے آنحضرتؐ سے پوچھا۔ کہ میرا باپ کون ہے۔ اس پہ یہ آیت نازل ہوئی۔ کہ اے ایمان والو۔ ایسی باتیں نہ پوچھا کرو جن کا اظہار تم پہ ناگوار ہو۔

سید محمد المخاطب بہ سلطان العلما لکھنوی نے فاضل رشید شاگرد مولانا شاہ عبدالعزیز دہلوی کی شوکت عمریہ کے رد میں بہجت حیدریہ لکھی اس کے صفحہ ۲۳ پہ جو حدیث ہے جو آیا ہے کہ کھڑے ہو کر پیشاب نہ کرو حاشیہ علی القاموس والقواعد میں علامہ جلال الدین سیوطی سے نقل کی گئی ہے۔ کہ زمانہ جاہلیت میں بہت لوگ مخنث تھے۔ ان میں بڑے بڑے سردار ثانی بھی ہیں۔ اور بے شک زمانۂ جاہلیت میں مرض ابنہ بہت لوگوں کو تھا جیسے کہ ابوجہل وغیرہ اور رافضی کہتے ہیں کہ ثانی کو بھی یہی مرض تھا۔ وہ تو جانتے نہیں کہ انکو ایسا مرض تھا کہ جس کی دوا ماء الرجال کے سوائے اور کچھ نہ تھی۔

ازالۃ الخفا مقصد دوئم صفحہ ۱۰۲ پہ ابن عباس سے روایت ہے۔ کہ آنحضرتؐ نے ایک دن ایک انصاری کے لڑکے کو عمر فاروق کے بلانے کے واسطے ظہر کے وقت بھیجا۔ جب وہ لڑکا عمر کے گھر میں داخل ہوا۔ اور عمر کو اس نے ایسی حالت میں دیکھا کہ عمر کو ایسی حالت کا دیکھا جانا ناگوار ہوا۔

تاج العروس قاموس لغت عزل میں ہے کہ عبداللہ بن عمر نے کہا۔ کہ میں نے حمام میں لوگوں کے بڑے بڑے آلۂ تناسل دیکھے۔ تو میں نے کہا مجھے یہاں سے نکالو۔

ازالۃ الخفا مقصد دوئم صفحہ ۱۳۳ پہ ہے۔ کہ عمرو بن عاص نے کہا۔ خدا اس دن پہ لعنت کرے جس دن مجھے عمر بن خطاب کا محکوم ہونا پڑا۔ خدا کی قسم میں نے خود عمر اور اس کے باپ خطاب کو دیکھا ہے کہ ان دونوں باپ بیٹے کے اوپر ایک قطرانی چادر ہوتی تھی۔ جو ان دونوں کو صرف گھٹنوں تک ڈھانکتی تھی۔ اور دونوں کے سر پہ لکڑیوں کا گٹھا دھرا رہتا۔ حالانکہ میرا باپ (خواہ مخواہ نہایا گیا باپ) وہ [illegible] قیمتی لباس پہنا کرتا تھا۔ ناظرین۔ بعد قبول اسلام عمر بن خطاب دلالی بھی کیا کرتا تھا۔

شرح ابن ابی الحدید میں ہے کہ عمر بن خطاب دوسرے لوگوں کے اونٹ چرایا کرتا تھا۔

کتاب نہایت مطلب حنبلی میں ہے کہ عمر گدھے بیچا کرتا تھا۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مجمع الامثال میدانی جلد ۱ چھپی میں ایک مشہور مثل لکھی ہے کہ فلاں شخص ورکو ز سے زیادہ بھٹکنے والے سے بھی زیادہ مخنث ہے۔ اس مثل کی تحقیق اور شرح میں لکھا ہے۔ کہ یہ مثل ان صحابہ انصار کی اصطلاح ہے جو بنی مخزوم کے مہاجرین پر طعن کیا کرتے تھے۔ ابن جعدہ نے انکا ذکر کیا ہے کہ انصار کی مراد اس سے ابو جہل بن ہشام ہے جو عمر بن خطاب کا حقیقی ماموں ہے اور جو بنی مخزوم سے تھا … پر برص کے دھبے تھے۔ اسلئے وہ اپنی مقعد کو زعفران سے رنگتا تھا تاکہ جسم کی عیب چھپی ہو۔ تو کسی کو کراہت نہ ہو۔ میدانی جلد ۱ چھپی وہ علامہ ہے جس سے بہت سے علماء اور شبلی نعمانی نے الفاروق میں سند لی ہے اور ابن جعدہ احادیث صحاح کا مشہور راوی ہے۔

ازالۃ الخفا مقصد دوم ص… اور تاریخ مختصر خطیب بغدادی اور سیوطی امام مالک میں ہے کہ ابن الخطاب بن ہلال لکھا ہے کہ عمر بن خطاب کے لئے ایک صاع کھجوریں لائی جاتی تھیں اور وہ انکی گٹھلیاں تک کھا جاتا تھا۔ (ایک صاع سوا دو انگریزی من کے حساب سے وہ سیر ہوتا ہے) وہ چھٹانک تک … آنحضرت کا ارشاد ہے کہ جو شخص زنا سے پیدا ہوا اور حق زنیم ہو جنت سے محروم رکھا جائے گا۔ آنحضرت نے فرمایا کہ جبری وہ شخص ہے جو حرکت … اور سنگدل ہو۔ جو … ہے جو بیت المال جمع کرے اور اسکے جائز خرچ ہیں۔ تحمل کرے عتل زنیم وہ ہے جو بیت کھانے والا ہو اور ظالم ہو۔ اور ولد الحرام جو طبرانی میں ہے کہ آنحضرت نے فرمایا کہ ولد الحرام میں بھلائی نہیں ہے غیاث الاعیان میں ہے کہ آنحضرت نے فرمایا کہ ولد الحرام ہم سے نہیں سب گستاخ ہیں … آنحضرت نے فرمایا کہ ولد الحرام اولاد بیٹا اور پوتا داخل جنت نہیں ہونگے۔ تلخیص الصحاح جلد چہارم ص۱۹۲ ہے کہ بعض عرب اپنی ازواج اور اولاد (لڑکیوں) کو رہن رکھا کرتے تھے۔

معارف ابن قتیبہ مطبوعہ مصر ص… ہے کہ ایک دفعہ آنحضرت نے فرمایا۔ کہ جو سوال کرو میں جواب دونگا۔ اس پر عبداللہ بن حذافہ نے پوچھا میرا باپ کون ہے۔ آنحضرت نے فرمایا حذافہ بن قیس۔ جب عبداللہ اس امر کو تحقیق کرنے کے لئے اپنی ماں کے پاس گیا۔ تو اس نے کہا۔ اے عبداللہ تم کو کیا ہو گیا ہے۔ جو ایسے سوال پوچھتے ہو۔ ہم اس وقت زمانہ جاہلیت میں تھے۔

کتاب مثالب کلبی میں ہے جو اہلسنت کی نہایت معتبر کتاب ہے کہ صہاک ہاشم بن عبد مناف کی حبشی لونڈی تھی۔ پہلے نفیل بن ہاشم نے اور پھر عبدالعزیٰ بن ریاح نے … کی جس سے عمر بن خطاب کی جد نفیل پیدا ہوا۔ علامہ ابن ابی الحدید معتزلی شرح نہج البلاغہ میں لکھا ہے … الحسان لکھتا ہے کہ عمر بن خطاب نے … اور … بعض لوگوں کے نسب پر اعتراض کرتے ہیں۔ عمر

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نے بالائے منبر چڑھ کر کہا۔ کہ بزرگوں کے عیوب کے ذکر سے باز آؤ۔ ابوالحسن مدائنی نے کتاب امہات الخلفاء میں لکھا ہے کہ جب اس بات کا ذکر الصادقؑ سے ہوا تو آپؑ نے فرمایا کہ عمر ڈرتا تھا کہ کہیں عبدالعزیٰ اور صحاک کا تذکرہ نہ چھڑ جائے۔ مثالب کلبی میں ہے۔ کہ زید بن عمرو بن نفیل کی ماں جیدہ بنت خالد فہمیہ ہے جو اس کے دادا نفیل کی عورت تھی۔ اور جس سے خطاب پیدا ہوا۔ پس خطاب اور زید ماں کی طرف سے بھائی ہیں۔ اور باپ کی طرف سے چچا بھتیجا ہیں۔ کتاب المعارف ابن قتیبہ میں ہے کہ خطاب بن نفیل کی ماں قبیلہ فہم سے ہے جو نفیل کی زوجہ تھی۔ نفیل کی وفات پر اس کے بیٹے عمرو نے اپنی ماں سے جماع کیا۔ اور زید پیدا ہوا۔ گویا زید کی ماں اور خطاب کی ماں ایک ہی ہے۔ تاریخ ابن کثیر شامی میں ہے کہ عمر بن خطاب کا باپ خطاب ایک زید کا چچا بھی ہے اور بھائی بھی کیونکہ خطاب کے بھائی عمرو بن نفیل نے اپنے باپ نفیل کی موت پر اپنی ماں یعنی نفیل کی زوجہ سے عقد کیا جس سے زید پیدا ہوا۔

درمنثور جلد ۲ صفحہ ۳۳۵ پر ہے کہ ایک دفعہ اصحاب رسولؐ نے آنحضرتؐ کو سوال کر کر کے یہاں تک دق کیا۔ کہ آنحضرتؐ بھی کشف حالات پر مجبور ہو گئے چنانچہ ایک شخص کا باپ کوئی اور شخص مشہور تھا۔ اس نے پوچھا میرے باپ کا کیا نام ہے۔ حضرتؐ نے اصلی نام بتا دیا (یعنی فلاں نام تھا) اس پر عمر بن خطاب کھڑا ہو گیا۔ اور کہا یا حضرتؐ ہم راضی ہیں خدا کے رب ہونے پر آپ کے رسولؐ ہونے پر اور قرآن کے امام ہونے پر۔ یہ کہہ کر عمر نے آنحضرتؐ کے پاؤں پر بوسہ دیا۔

قاموس صفحہ ۳۰۶ پر ہے کہ عمر زمانہ جاہلیت میں دلال تھا۔ مقامات حریری علامہ مرتضیٰ اندانی جلد دوم صفحہ ۳۰ میں ہے کہ جب ابوبکر اور عمر کی موجودگی میں جناب امیرؑ جماعت صحابہ میں تشریف لائے اور پھر اٹھ کر جانے لگے تو ابوبکر و عمر سے مخاطب ہو کر فرمایا کہ مبارک ہو تم کو وہ امر جس نے تم کو رنج دیا اور تم کو خوشی دی۔

تاریخوں کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرات ثلاثہ میں سے کوئی تو پیٹھ پر کپڑے اٹھائے گلی کوچوں میں بیچتا پھرتا ہے۔ کوئی اونٹ چرانے پر ملازم ہے۔ اور کوئی دف بجا کر پیٹ پالتا ہے۔

نسب اور صحبت ایک سانچے کی طرح ہوتے ہیں جس میں اخلاق و عادات ڈھلتے ہیں حضرات ثلاثہ کے نسب اور صحبت نے ان کو فطری طور پر کینہ توز، جفا شعار اور دنیا پرست بنا دیا تھا۔ یہ عادات ان میں راسخ ہو کر جزو فطرت بن چکی تھیں۔ چند سالہ صحبت رسولؐ میں کس طرح دور ہو سکتی تھیں خصوصاً جب کہ ان کا اسلام بھی خالص نہ تھا۔

ابوذر، مقداد اور سلمان بھی حضرات ثلاثہ کی طرح مسلمان ہوئے تھے۔ مگر ان کے اسلام اور حضرات ثلاثہ کے اسلام میں بعد المشرقین تھا۔ مقدم الذکر آنحضرتؐ کو تہ دل سے رسولؐ مانتے تھے اور موخر

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مذکرہ ہیئت منتہی رہے کہ کب رسول اللہ راہ میں عالم جاودانی چلیں اور من مانی مرادیں حاصل کریں۔
اگر حضرت ثلاثہ کے دل میں کچھ بھی نور ایمان ہوتا اور ان کی نگاہ میں آنحضرتؐ کی ذرا بھر بھی عزت ہوتی تو آپ کے خاندان پر ظلم نہ ڈھاتے اور ان کے حقوق کو پامال نہ کرتے۔ وہ اس شپرہ چشم کی طرح تھے۔ جو مسجد کے دروازے سے داخل ہو کر دوسرے دروازے سے الٹی ہو کر نکل جائے۔

فضائل حضرت عمر صاحب

جذب القلوب محقق دہلوی صفحہ ۵۹ پر ہے کہ جب آنحضرتؐ نے بحکم خدا تمام اصحاب کے دروازے مسجد کی طرف سوائے حضرت علی علیہ السلام کے دروازے کے بند کرنے کا حکم دیا تو عمر نے آنحضرتؐ سے کہا کہ یا حضرت مجھ کو اتنا چھوٹا سوراخ رکھ لینے دیں جس سے میں آنحضرتؐ کا جمال آپ کی تشریف آوری پر دیکھ سکوں۔ آنحضرتؐ نے فرمایا نہیں بلکہ سوئی کے ناکے کے برابر بھی اجازت نہیں ہے۔

الفاروق شبلی نعمانی جلد دوم صفحہ ۲ پر ہے کہ یہ امر صحیح روایتوں سے ثابت ہے کہ یہودیوں کے ہاں جس دن توریت کا درس ہوتا عمر اکثر شریک ہوتے تھے۔ عمر کا خود بیان ہے کہ میں یہودیوں کے درس کے دن اکثر جایا کرتا تھا چنانچہ یہودی کہا کرتے کہ تمہارے ہم مذہبوں میں سے ہم تم کو زیادہ عزیز جانتے ہیں کیونکہ تم ہمارے پاس آتے جاتے ہو۔ ناظرین یہ وہی عمر ہیں جو عشرہ مبشرہ میں سے ہیں یعنی ابوبکر۔ عمر۔ عثمان۔ طلحہ۔ زبیر۔ سعد بن ابی وقاص۔ عبدالرحمان بن عوف۔ ابوعبیدہ جراح۔ سعید بن زید۔ یہ روایت عشرہ مبشرہ نہ تو بخاری میں ہے اور نہ ہی مسلم میں البتہ ابوداؤد اور ترمذی وغیرہ میں موجود ہے۔ تنبیہ الرایہ نواب صدیق حسن خاں صفحہ ۹۹ پر ہے۔ کہ بشارت احادیث عشرہ مبشرہ ان لوگوں کیلئے قطعی مخصوص نہیں ہے۔ بلکہ فاطمہؑ۔ حسنؑ۔ حسینؑ۔ عائشہ۔ حمزہ۔ عباس۔ سلمان۔ صہیب۔ عمار بن یاسر بھی جنتی ہیں وغیرہ وغیرہ۔

کنز العمال جلد اول صفحہ ۲۷۰ پر ہے کہ ابی ابن کعب نے عمر بن خطاب کو کہا۔ ہم تو خدمت رسولؐ میں رہ کر قرآن سیکھا کرتے اور تم بازار میں اپنا مال بیچا کرتے تھے یا خرید و فروخت کرتے۔ ہم رسول اللہ کے پاس بیٹھ کر قرآن پڑھتے۔ اور تم دروازے پر کھڑے رہتے۔ ہمارا کام قرآن سیکھنا تھا اور تمہارا کام بازار میں خرید و فروخت کرنا۔ الفاروق صفحہ ۲۳۰ پر ہے کہ عمر بن خطاب نصرانیوں کے ظروف کے پانی سے وضو کر لیتے۔ اور عام حکم دیتے کہ عیسائی جو پنیر بناتے ہیں۔ اس کو کھا لیا کرو۔

بخاری برحاشیہ فتح الباری صفحہ ۲۵۰ پر ہے۔ کہ آنحضرتؐ نے مسجد میں چٹائیوں کا ایک حجرہ بنایا تھا جس میں حضرتؐ نے چند راتیں نماز سنت یا نافلہ پڑھی اور لوگ بھی جمع ہو گئے۔ ایک رات حضرتؐ کی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

آواز نہ سنائی دی۔ تو لوگ آوازیں دینے لگے کہ حضرتؐ باہر نکلیں۔ اس پر حضرتؐ نے فرمایا میں تمہاری کارگزاری کو دیکھ رہا ہوں مجھے خوف ہے کہ تم پر واجب نہ کر دی جائے۔ اگر یہ نماز واجب کر دی گئی تو پھر تم سے ایک شخص بھی نہیں پڑھیگا۔ ایہا الناس اپنے اپنے گھروں کو جاؤ۔ اور وہیں پڑھا کرو۔ کیونکہ بہترین نماز وہی ہے جو گھر میں پڑھی جائے۔ سوائے نماز واجبی کے (جو مسجد میں ادا ہو) مقام غور ہے کہ آنحضرتؐ تو سوائے نماز پنجگانہ باقی نماز نفل کو گھر پر پڑھنے کا حکم دیں لیکن لوگ ماہ رمضان میں بھی فوجی قواعد سے یادگاری بھی چھیلیں

عقد الفرید ابن عبد ربہ جلد ۲ ص ۳۰۲ پر ہے کہ معاویہ نے کہا کہ مسلمانوں میں جو اختلاف و مذہبی تفرقہ اور خونریزیاں پیدا ہوا وہ صرف عمر بن خطاب کے شوریٰ سے ہوا جس نے اپنی موت کے بعد چھ آدمیوں کو خلافت کے لئے مقرر کیا جس کی وجہ سے ہر ایک قبیلے کے لوگوں کو خلافت کی خواہش پیدا ہو گئی۔ اگر عمر بھی ابوبکر کی طرح خلیفہ کر جاتا تو کوئی خرابی نہ ہوتی۔

ازالۃ اللہفان ابن القیم ص ۵۸ پر ہے کہ آنحضرتؐ نے عمر کو ایک حلہ ریشمی عنایت کیا جب عمر اس کو پہنکر آیا تو حضرتؐ نے فرمایا۔ ہم نے تو اس لئے نہیں دیا تھا کہ تم پہنو۔ عمر نے وہی حلہ اپنے مشرک بھائی کو دیدیا۔ گویا عمر کو ابھی تک یہ بھی معلوم نہیں کہ مرد کے لئے ریشم پہننا شرعاً ممنوع ہے۔

ازالۃ الخفاء شاہ ولی اللہ مقصد دوم ص ۱۰ پر ہے کہ در تہذیب و ترتیب حضرت فاروق اعظم بن خطاب چندیں دفعہ عنف شدید از آں حضرتؐ ظاہر شد چنانچہ در قصۂ نسخۂ تورات ورا واقع شد یعنی آنحضرتؐ کو عمر کے اخلاق و عادات درست کرنے میں کئی بار لعن طعن سے کام لینا پڑا۔ جیسا کہ عمر کے تورات پڑھنے کے وقت بھی لعن طعن ہوئی۔

مظاہر حق جلد اول کتاب الایمان مطبوعہ نولکشور ص ۸۳ و ص ۸۴ ازالۃ الخفاء مقصد دوم ص ۳۴۳ اور ازالۃ الخفاء ص ۸۴ پر ہے کہ عمر تورات لے آیا۔ اور آنحضرتؐ کے سامنے اسکو پڑھنا شروع کر دیا آنحضرتؐ کا چہرہ غصہ سے سرخ ہو گیا۔ تو ابوبکر نے کہا اے عمر تیرے ماتم میں تیری ماں بیٹھے کیا تو آنحضرتؐ کا چہرہ نہیں دیکھتا۔ بخاری میں ہے کہ ابن عباس صحابہ (عمر وغیرہ کو) فہمائش کیا کرتے۔ کہ تم لوگ اہل کتاب (نصاریٰ اور یہود) سے اپنے دین کی باتیں کیوں پوچھتے ہو۔ کیا قرآن میں یہ امور نہیں ہیں۔

ازالۃ الخفاء ص ۱۹۶ پر ہے کہ عمر بن خطاب خود بیان کرتا ہے کہ میں کتاب یہود لکھوا کر آنحضرتؐ کے پاس لایا حضرتؐ نے پوچھا یہ کیا ہے۔ میں نے کہا یہ کتاب ہے جو میں نے لکھوائی ہے تاکہ ہمارا علم بڑھے حضرتؐ یہ سن کر اسقدر غضبناک ہوئے کہ حضرتؐ کے دو رخسارے سرخ ہو گئے۔ اور ندا دی کہ سب لوگ جمع ہو جائیں جب انصار نے سنا تو کہا حضرتؐ کو غصہ آیا۔ ہتھیار لگا کر چلو۔ اور سب نے منبر کے گرد حلقہ باندھ لیا اور حضرتؐ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نے فرمایا ایہا الناس خدا نے ہم کو جوامع کلم اور خواتیم کلم (قرآن اقدس) عطا کیا ہے اور میں پاک اور صاف دین لایا ہوں تم حیران اور گمراہ نہ ہو (یہ خطاب صرف عمر کی طرف ہے) اور ایسے لوگ مثلاً عمر وغیرہ تم کو دوکہ اصحاب کو گمراہ نہ کریں جو خود متحیر و متزلزل بالایمان ہیں اس پر عمر نے کھڑے ہو کر کہا میں راضی ہوا خدا کے رب ہونے اسلام کے دین ہونے اور آپ کے رسول ہونے پر۔ آنحضرت منبر سے نیچے تشریف لے گئے

ترمذی میں ہے کہ آنحضرتؐ نے عمر کے حق میں فرمایا۔ کہ بہ تحقیق خدا نے حق عمر کی زبان اور دل بٹھایا ہے۔ ناظرین! اور لطیفہ بتاتا ہوں ابن عساکر نے سالم بن عبداللہ سے روایت کی ہے کہ ابو موسیٰ کو عمر بن خطاب کی خبر معلوم نہ ہوئی۔ دیر ہوئی تو وہ ایک عورت کے پاس آیا جس کے پیٹ میں شیطان بولتا تھا (یعنی یہ عورت اس شیطان کے ذریعہ اپنی زبان سے لوگوں کو غیب کی خبریں بتایا کرتی تھی اور یہی اس کا پیشہ اور ذریعہ معاش تھا) اور پوچھا کہ بتاؤ اس وقت عمر کہاں ہے اس عورت نے غیب اس کے پیٹ میں شیطان آ گیا جواب دیا اس وقت عمر چادر کا تہبند باندھ کر صدقہ کے اونٹ تقسیم کر رہا ہے اور وہ ایسا شخص ہے کہ شیطان اسکو دیکھ کر منہ کے بل گر پڑتا ہے اور ایک فرشتہ اس کی آنکھوں کے درمیان ہے اور حضرت جبرئیل اس کی زبان سے بولتا ہے

اس سے دلچسپ تر لطیفہ سناتا ہوں کہ بخاری اور ترمذی اور مسلم میں ہے کہ فرمایا آنحضرتؐ نے کہ میرے ماں باپ سعد بن ابی وقاص پر قربان ہوں۔ کہ وہ ایسا ہے اور ایسا ہے۔ اور آنحضرتؐ نے اس کے حق میں دعائے مغفرت کی۔ ترمذی نے جابر سے روایت لکھی ہے کہ فرمایا آنحضرتؐ نے کہ سعد میرا ماموں ہے اور کوئی شخص اس جیسا بزرگ ماموں تو دکھلائے کیونکہ آنحضرتؐ کی والدہ سعد کی قوم (بنی زہرہ) سے تھیں۔ ترمذی میں ہے کہ فرمایا آنحضرتؐ نے جو شخص چاہے کہ دنیا پر چلتا پھرتا شہید دیکھے تو طلحہ کو دیکھ لے بخاری میں ہے کہ طلحہ نے اپنے لئے بہشت واجب کر لی ہے۔ مدارج النبوۃ میں ہے کہ آنحضرتؐ نے عمرو بن عاص کے حق میں فرمایا "اللھم صل علی عمرو بن عاص" ناظرین! اس عمرو بن عاص کی ماں مسماۃ نابغہ فاحشہ عورت تھی اور یہ سنہ ۸ھ میں مسلمان ہوا تھا۔

مولوی عبدالعلی نے شرح مثنوی مولوی روم میں لکھا ہے کہ عمر بن خطاب معصوم تھا یعنی پیدائش سے موت تک ایسا طیب و طاہر تھا کہ اس سے صغیرہ اور کبیرہ گناہ کا سرزد ہونا ناممکن تھا، ناظرین! مولوی کی کی سیاہ دلی اور صفا جبینی کے لئے اس کی اپنی مثنوی کا مندرجہ ذیل شعر کافی ہے

کور کورانہ مرو در کربلا — تا نیفتی چوں حسین اندر بلا

تاریخ طبری ص ۲۴۳ میں ہے کہ آنحضرتؐ کے بعد جس شخص نے سب سے پہلے قرآن کو پکار کر پڑھا وہ

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

عبداللہ بن مسعود جیسے شخص جبکہ عبداللہ بن مسعود کا نہ کوئی قبیلہ تھا نہ کوئی قوم بھی جو اُٹھ کھڑے ہوتے انکی حمایت پر آمادہ ہو جاتی حضرت ثلاثہ باوجود قوم و قبیلہ رکھنے کے بغلوں میں منہ دبائے رکھتے تھے مؤلف کا دعویٰ ہے کہ حضرت ثلاثہ کو انکی تمام عمر میں جہادوں میں کوئی زخم نہ آیا بجز اس زخم کے جو انکی ہلاکت کا باعث ہوا ہو

تاریخ خمیس ص ۲۲۵ پر ہے کہ جس نے سب سے پہلے مکہ میں ظاہر بظاہر قرآن پڑھا وہ عبداللہ ابن مسعود تھے جن کے پاس حضرت کے چند اصحاب جمع ہوئے اور کہا کہ قریش نے آجتک قرآن کو بااعلان نہیں سنا ہے۔ اس کو کون سنا سکتا ہے۔ ابن مسعود نے کہا میں سنا سکتا ہوں۔ صحابہ نے کہا ہم کو خوف ہے کہ تم کو ایذا دیں۔ کوئی ایسا شخص ہونا چاہیئے جس کا قوم اور قبیلہ ہو۔ تاکہ اگر وہ ایذا دیں۔ تو وہ روک سکیں ابن مسعود نے کہا خدا میری مدد کریگا چنانچہ دوسرے روز دوپہر کے وقت مقام ابراہیم میں قریش چھپ کر اپنے مجمع میں بیٹھے ہوئے تھے۔ ابن مسعود نے بلند آواز سے سورہ رحمان کو پڑھنا شروع کیا۔ پھر انکے مجمع کی طرف منہ کر کے تلاوت کی جس پر ان لوگوں نے آپس میں کہا کہ جو محمدؐ لائے ہیں یہ شخص اسی کی تلاوت کر رہا ہے۔ اس پر ان لوگوں نے عبداللہ بن مسعود کو زدوکوب کیا جس کا نشان اس کے چہرہ پر تھا۔ پھر وہ اپنے مجمع میں چلے گئے۔ اصحاب نے کہا ہم کو اسی بات کا خوف تھا۔ ناظرین عبداللہ بن مسعود کو اتنی خفیف ضرب تھی۔ کہ اس نے اس مضروب کی کچھ پرواہ نہ کی۔

واضح ہو کہ یہ وہی عبداللہ ابن مسعود ہیں جن سے عثمان نے قرآن طلب کیا تھا۔ اور آپ کے انکار کرنے پر عثمان نے آپ کو اتنا پٹوایا۔ کہ جان بحق ہو گئے۔

تاریخ طبری ص ۱۲۵۴ پر ہے کہ حکیم بن حزام بن خویلد اپنے غلام کے ساتھ (جب آنحضرت عمر بن خطاب کی سختیوں کی وجہ سے شعب ابو طالب میں بمع ابنائے ہاشم محصور تھے) کچھ خوراک لئے ہوئے حضرت خدیجہؑ کی خدمت میں جا رہا تھا۔ ابوجہل راستہ میں ملا۔ اس نے روکا اور کہا چلو مکہ میں ہم تم کو رسوا کرتے ہیں کہ تم بنی ہاشم کے لئے کھانا لے جاتے ہو۔ حکیم نے کہا۔ مجھے چھوڑ دو۔ ابوجہل نے نہ مانا۔ گالی گلوچ کی نوبت آئی۔ ابو البختری نے اونٹ کی ہڈی اٹھا کر ابوجہل کو رسید کی جس سے وہ زخمی ہو گیا۔

تاریخ خمیس ص ۲۴۴ پر ہے کہ آنحضرتؐ کی یہ حالت دیکھ کر ابو لہب بھی آنحضرتؐ کی حمایت و حفاظت پر آمادہ ہوا

تاریخ خمیس ص ۳۳۲ پر تو اعتراف ہے کہ اسلام الٰہی چیز نہیں ہے کہ کسی سے اس کی عزت ہو یعنی اسلام کی عزت افزائی خود دست قدرت میں ہے اس میں بکر عمر کا کوئی واسطہ نہیں۔

الفاروق شبلی جلد دوم ص ۳۳ پر قول عمر لکھا ہے کہ کاش مجھے کلالہ وغیرہ کی میراث اور ربا کی شرح معلوم ہو جاتی۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

تفسیر قرآن محدث عماد الدین بن کثیر جلد دوم صفحہ ۲۲۳ پر صحیح حدیثوں کے حوالے سے مذکورہ قول عمر کو وضاحت سے لکھا ہے۔

کنز العمال جلد ۵ صفحہ ۲ پر ہے کہ عمر نے عمرو بن مرہ سے کہا کہ اگر آنحضرتؐ تین امور کو بیان کر گئے ہوتے تو ہم کو دنیا و مافیہا سے زیادہ محبوب ہوتیں۔ ایک خلافت۔ دوسرے کلالہ۔ تیسرے ربا۔

کنز العمال جلد ۶ صفحہ ۲ پر بروایت مسروق لکھا ہے۔ کہ ہم نے عمر سے پوچھا اس شخص کے بارہ میں جو وارث کلالہ ہوا تھا۔ عمر نے کہا کلالہ۔ کلالہ کلالہ کے معنی سوچ رہا ہے۔ اور مسروق کی داڑھی پکڑ لی۔ عمر نے خیال کیا کہ مسروق میرا مضحکہ اڑا رہا ہے۔ بعد کہا قسم بخدا اگر میں اس کو جانوں۔ تو دنیا کی تمام اشیاء سے محبوب خیال کروں۔ میں نے آنحضرتؐ سے اس کو پوچھا تھا۔ تو حضرتؐ نے فرمایا تھا۔ کیا تو نے آیہ صیف نہیں سنا ہے۔ حضرتؐ نے تین مرتبہ یہی فرمایا۔

کنز العمال جلد ۶ صفحہ ۲ پر ہے کہ عمر کہا کرتا (اے خدا ذوبیان قرآن) اس لئے بیان کرتا ہے کہ لوگ گمراہ نہ ہوں لیکن خداوندا۔ تو نے جس کے لئے کلالہ بیان کیا۔ بیان کر دیا۔ ہم پر تو یہ امر ظاہر نہیں ہوا۔

تفسیر ثعلبی میں ہے کہ محمد بن سیرین کہتے ہیں کہ جب یہ آیہ نازل ہوا۔ تو آنحضرتؐ نے حذیفہ کو سکھایا اور حذیفہ نے عمر کو سکھایا۔ جب عمر خلیفہ ہوا تو حذیفہ سے مسئلہ کلالہ پوچھا کہ شاید کچھ تغیر کر دے۔ حذیفہ نے کہا قسم بخدا تو احمق ہے اگر تیرا یہ گمان ہے کہ ہم تیری حکومت کے خوف سے اس مسئلہ کو زیادہ وضاحت سے بیان کریں (وہ ہم نہیں کریں گے) ہم نے اسی روز تم کو یہ مسئلہ سمجھا دیا جب آنحضرتؐ نے ہم کو بتایا۔ عمر نے کہا خداوندا۔ اگر تو نے بیان کیا ہے۔ تو ہم پر ظاہر نہیں ہوا۔ اور ہم نہیں سمجھے۔

کنز العمال جلد ۵ صفحہ ۲ پر بروایت سعید بن المسیب ایہ راوی خصوصاً عمر کے ثقہ راویوں میں سے ہیں بھی امر بالا مرقوم ہے۔

ناظرین۔ اب آپ لوگ خود فیصلہ کر لیں کہ جو شخص مسائل قرآن سے آگاہ نہ ہو اس کیلئے حسبنا کتاب اللہ کہنا کہاں تک زیبا ہے اور ایسا شخص قرآنی مقصد و غرض پر کہاں تک دسترس رکھ سکتا ہے۔

تفسیر طبری جلد اول صفحہ ۴ پر ہے کہ ایک شخص نے عمر کے پاس قرآن پڑھا۔ تو عمر نے اس پر تغیر کیا (یعنی عمر کے خیال میں وہ قرآن غلط پڑھ رہا تھا) اس شخص نے کہا۔ کہ ہم نے خود آنحضرتؐ کے سامنے پڑھا اور حضرتؐ متغیر نہ ہوئے یعنی آپؐ نے اس کو درست تسلیم کیا۔ پس وہ شخص اور عمر لڑتے جھگڑتے آنحضرتؐ کے پاس آئے آنحضرتؐ نے فرمایا (جب اس شخص نے دوبارہ پڑھ کر سنایا)۔ ہاں یہ درست ہے۔ عمر کے دل میں شک پیدا ہوا جس کو آنحضرتؐ نے عمر کے چہرہ سے پہچان لیا۔ پس آنحضرتؐ نے عمر کے سینہ کو کوئی چیز مارا

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہاتھ) مارا اور فرمایا اے عمر دور کر اس شیطان کو حضرت نے یہی کلمہ تین دفعہ فرمایا اور پھر فرمایا اے عمر تم سب صواب ہے جب تک عذاب کو رحمت اور رحمت کو عذاب نہ بنائے۔

تاریخ ابن عساکر اور تاریخ الخلفاء سیوطی صفحہ ۱۳۶ سطر ۹ اور تفریح الاحباب مناقب عمر میں ہے کہ ابن عباس نے عمر کے مرنے کے ایک سال بعد اور عبداللہ بن عمرو عاص نے بارہ سال بعد عمر کو خواب میں دیکھا تو عمر نے کہا کہ اب تک حساب اعمال میں مبتلا رہا ہے۔ طبقات ابن سعد میں عمر بن خطاب کے پوتے سے روایت ہے کہ عمر کی وفات سے بیس سال بعد عمر کو خواب میں دیکھا گیا کہ ماتھے کا پسینہ پونچھ رہا ہے دریافت کرنے پر اس نے کہا کہ اب تک حساب اعمال میں مبتلا رہا ہوں۔ ناظرین یہ تینوں روایات تفریح الاحباب فی مناقب الاصحاب اور تاریخ الخلفاء سیوطی میں بجنسہٖ موجود ہیں۔

استیعاب مطبوعہ حیدر آباد دکن جلد دوم صفحہ ۲۷۶ اور مسند امام احمد حنبل اور کنز العمال کتاب فضائل صحابہ اور رجال مشکوٰۃ اور شیخ عبدالحق محدث شرح فرائض سراجی سید شریف اور ازالۃ الخفاء میں ہے کہ ایک منکوحہ عورت سے زنا کیا اور حاملہ ہو گئی۔ عمر نے اس کو بحالت حمل سنگسار کر دینے کا حکم دے دیا۔ لیکن حضرت علیؑ نے فرمایا اے عمر سنگساری کو اس وقت تک دیر میں ڈال دے جب تک وضع حمل ہوئے۔ عمر نے کہا لولا علی لھلک عمر یعنی حضرت علیؑ موجود نہ ہوتے تو عمر ہلاک ہو گیا ہوتا۔

تفسیر در منثور جلد اول صفحہ ۲ میں ہے کہ شیطان کی اور عمر کی تین بار کشتی ہوئی۔ اور ہر بار عمر غالب رہا۔ ریاض النضرہ صفحہ ۲۰۹ پر ہے کہ جب آنحضرت کی موجودگی میں حضرت سودہ نے ایک دوسرے کے منہ پر کھانا مل دیا۔ تو عمر کے آنے کی اطلاع ملی۔ آنحضرت نے عمر کی ہیبت سے مرعوب ہو کر ازواج کو فوراً منہ دھونے کا حکم دیا۔

شرح ابن ابی الحدید مطبوعہ ایران صفحہ ۱۹ پر ہے کہ عمر کو جب کبھی اپنے اہل و عیال میں سے کسی پر غصہ آتا تو جب تک وہ اپنے ہاتھ کو دانتوں سے کاٹ کر زخمی نہ کر لیتا غصہ فرو نہ ہوتا۔ پھر اسی صفحہ پر لکھا ہے۔ کہ ابن عمر کی کنیز عمر کے پاس آئی۔ اور ابن عمر کی شکایت کی۔ عمر نے ابن عمر کے ہاتھ کو بحالت غصہ دانتوں میں چبایا۔

کنز العمال جلد چہارم صفحہ ۲۲۳ پر بروایت شریح ثقفی لکھا ہے۔ کہ عمر نے بحالت جنابت لوگوں کو نماز پڑھا دی جب یاد آ گیا تو خود تو نماز کا اعادہ کیا۔ مگر دوسروں کو نہ کہا کہ اعادہ کرو۔ پھر بروایت خالد بن جلاح لکھا ہے کہ ایک دن عمر نماز ظہر پڑھا رہا تھا۔ کہ پیچھے ہٹ گیا اور ایک اور شخص کو اپنی جگہ پر کھڑا کر دیا۔ پھر جب نماز عصر پڑھانے لگا تو منبر کا بازو پکڑ کر کھڑا ہو گیا۔ اور کہنے لگا۔ کہ جب میں نماز ظہر کے لئے وضو کر چکا تو میں نے اپنی گھر والیوں میں سے ایک کو دیکھا۔ اور مجھ سے رہا نہ گیا۔ جب نماز میں مشغول ہوا۔ تو کچھ رطوبت

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

محسوس کی۔ اس لئے اب میں تجدید وضو و نماز کرتا ہوں۔

کنز العمال جلد چہارم صفحہ ۲۱۴ پر بروایت عبد اللہ بن حنظلہ لکھا ہے کہ عمر نے نماز مغرب پڑھائی تو پہلی رکعت میں کچھ نہ پڑھا اور نماز ختم کر دی۔ پھر ابو سلمہ بن عبد الرحمان کی روایت سے لکھا ہے کہ ایک دفعہ نماز مغرب پڑھائی تو کسی رکعت میں بھی کچھ نہ پڑھا۔ لوگوں نے پوچھا تو کہا۔ کہو رکوع اور سجود کیسے تھے۔ انہوں نے کہا وہ تو بہت عمدہ تھے۔ اس پر کہا۔ تو پھر کچھ مضائقہ نہیں۔ پھر بروایت ابراہیم نخعی لکھا ہے کہ لوگوں کو نماز پڑھائی اور کچھ نہ پڑھا۔ جب نماز تمام کی تو لوگوں نے کہا کہ آپ نے کچھ پڑھا نہیں۔ جواب دیا۔ کہ میں نے (بطور معجزہ) ایک قافلہ ملک شام کو لے جانے کے لئے تیار کیا۔ اس کو منزل بہ منزل وہاں پہنچایا۔ اور اب اس کی خرید و فروخت سے فارغ ہوا ہوں پس تجدید نماز کی گئی۔ پھر بروایت عکرمہ لکھا ہے کہ عمر نے نماز عشا میں کچھ نہ پڑھا اور نماز تمام کر کے اپنے گھر چلا گیا۔ عبد الرحمن بن عوف اس کے مکان پر گیا۔ اور کیفیت نماز سنائی تو عمر نے کہا کہ میں نے ایک قافلہ تیار کر کے مدینہ کو کیا تھا۔ (بطور معجزہ) پھر تجدید نماز کی گئی۔

کنز العمال کتاب الصوم صفحہ ۳۲۲ پر بروایت اسلم ہے کہ عمر نے ماہ رمضان میں روزہ رکھا۔ آسمان ابر آلودہ ہو گیا تو روزہ افطار کر دیا۔ پھر آفتاب نکل آیا۔ اصحاب نے پوچھا تو کہا معاملہ آسان ہے کچھ پرواہ نہیں، ہم نے وقت کے معلوم کرنے میں کوشش کی تھی۔ پھر بروایت حنظلہ لکھا ہے کہ ایک دن عمر اور اس کے اصحاب نے ماہ رمضان کا روزہ افطار کر لیا۔ تو مؤذن نے مینار اذان پر چڑھ کر بلند آواز سے کہا لوگو۔ ابھی آفتاب دکھائی دے رہا ہے۔ عمر نے کہا۔ اچھا قضا کر لو۔ پھر بروایت زید بن وہب لکھا ہے کہ ماہ رمضان میں ابر محیط آسمان پر چھا گیا۔ تو عمر اور اس کے اصحاب نے روزہ افطار کر لیا۔ پھر سورج نکل آیا۔ تمام اصحاب نے کہا کہ اچھا قضا کر لینگے لیکن عمر نے کہا واللہ ہم کبھی قضا نہ کریں گے ہم نے کوئی گناہ تو نہیں کیا۔ پھر بروایت یحییٰ بن سعید ابن سعد لکھا ہے کہ عمر کی زوجہ عاتکہ عمر کے سر پر بوسہ دیا کرتی جبکہ وہ روزہ سے ہوتا۔ پھر بروایت یحییٰ بن سعید بن ابی بکر بن محمد بن عمر بن حزم لکھا ہے۔ کہ اس سے عبید اللہ بن عبد اللہ بن عمر خطاب نے کہا کہ عمر کی زوجہ عاتکہ عمر کا سر چومتی جبکہ وہ روزہ سے ہوتا۔ پھر بروایت ابن عمر لکھا ہے کہ عمر نے کہا کہ میں نے خواب میں رسول اللہ کو دیکھا اور آپ کے چہرہ پر غصہ ظاہر ہوتا تھا۔ میں نے سبب دریافت کیا تو فرمایا۔ کیا تم روزہ میں بوسہ بازی نہیں کیا کرتے پھر میں نے عہد کیا آئندہ ایسا نہ کروں گا۔

کنز العمال جلد چہارم صفحہ ۲۴۴ پر بروایت مطیع بن الاسود لکھا ہے کہ عمر نے نماز صبح پڑھائی۔ نماز تمام کرنے کے بعد یاد آ گیا کہ میں تو احتلام سے تھا۔ پھر اعادہ نماز کیا۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

فتح الباری ص۲۴۹ پر بھی بروایت زید بن وہب لکھا ہے۔ کہ جب عمر روزہ افطار کر چکا اور آفتاب نکل آیا۔ تو عمر نے کہا ہم ہرگز اس روزہ کی قضا نہ کریں گے۔ اور نہ ہم نے گناہ کیا ہے۔

موطا زرقانی ص۹۳ پر ہے کہ عمر کی زوجہ عاتکہ بنت زید عمر کے سر کو چومتی جبکہ عمر روزہ سے ہوتا پھر ص۹۴ پر ہے کہ بحالت روزہ بوسہ لینا سنتِ رسولؐ ہے اور عجب غربت ہے پھر ص۹۵ پر ہے کہ عبداللہ بن عمر لوگوں کو کہتا کہ بحالت صوم ہرگز بوسہ نہ لیا کرو خواہ منہ کا ہو یا رخسارہ کا یا کسی اور جگہ کا۔ عروہ بن زبیر لکھا کہ روزہ دار کو بوسہ روا نہیں کیونکہ اس میں جماع یا انزال کا خوف ہے۔ پھر لکھا ہے کہ عائشہ نے تو تمام الوزع شہوت کو بحالت روزہ جائز کر دیا۔ یعنی بوسہ و مباشرت و مجامعت بس بقول عائشہ رسولؐ کی اقتدا یہی ہے کہ بحالت روزہ سب کچھ کیا جائے۔ ناظرین شاید اسی بنا پر بابر کو بھی دور کی سوجھی تھی۔ "بابر بعیش کوش کہ عالم دوبارہ نیست"

تیجیز الصول جلد چہارم ص۲۷ پر بروایت ابوسعید خدری لکھا ہے کہ صفوان بن موطل کی زوجہ نے آنحضرتؐ سے شکایت اس وقت کی جبکہ صفوان بھی آنحضرتؐ کے پاس بیٹھا تھا کہ یا حضرتؐ میرا شوہر مجھے مارتا ہے جب میں نماز پڑھتی ہوں اور اگر روزہ رکھتی ہوں۔ تو مجھ سے جماع کر کے روزہ توڑ دیتا ہے اور وہ طلوع آفتاب کے بعد نماز پڑھتا ہے۔

بخاری میں ہے کہ عمر نے نماز مغرب میں بحرین کی آمدنی کا حساب کر لیا۔ اور نیز یہ بھی لکھا ہے کہ دوسرا شخص عمر کو ارکانِ نماز بتاتا جاتا تھا دورِ امامت میں اس کا۔

مدارج النبوۃ ص۱۲۴ پر ہے کہ چوبیس مقتول کفار کو جو جنگ بدر میں قتل ہوئے بحکم رسولؐ ایک ناپاک کوئیں میں پھینک دیا گیا۔ تین دن کے بعد آنحضرتؐ اسی کوئیں پر تشریف لائے اور فرمایا اے فلاں اور فلاں اب تم دیکھ رہے ہو کہ عذاب الٰہی میں گرفتار ہو کیسا ناگوار امر ہے۔ عمر نے کہا یا حضرتؐ یہ تو بے جسم بلا روح ہیں۔ ان سے مخاطبہ لاحاصل ہے۔ حضرتؐ نے فرمایا قسم ہے مجھے اس خدا کی جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے۔ یہ لوگ تم سے زیادہ سننے والے ہیں جو کچھ میں کہہ رہا ہوں۔ لیکن وہ جواب دینے پر قادر نہیں ہیں۔

اس امر حقیقت کے باوجود بھی شیخ عبدالحق لکھتا ہے کہ شیخ ابن الہمام شرح ہدایہ میں لکھتا ہے کہ اکثر حنفیہ مشائخ کا عقیدہ ہے کہ میت نہیں سنتی ہے آنحضرتؐ تو جدائی قسم سے ارشاد فرمائیں کہ میت سنتی ہے۔ مگر مشائخ حنفیہ بالعموم اور عمر بالخصوص آنحضرتؐ کے ارشاد کی تکذیب کریں۔

وفا الوفا باخبار دار المصطفےٰ جلد دوم ص۲ پر ہے کہ ابن عبدالبر سے روایت ہے کہ آنحضرتؐ نے سلمان فارسی کو ایک یہودی سے اس شرط پر خرید لیا کہ اس قدر رقم ادا کی جائے اور اس قدر درخت لگائے جائیں

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اور جب تک وہ درخت بار دار نہ ہوں سلمان وہاں کام کرے۔ آنحضرتؐ نے اپنے ہاتھوں سے کل درخت نصب کئے جو تمام کے تمام بار دار ہوئے مگر عمر بن خطاب نے ایک درخت لگایا جو بار ور نہ ہوا۔ حضرت نے پوچھا۔ اس درخت کو کس نے لگایا تھا۔ لوگوں نے کہا عمر نے لگایا تھا۔ حضرتؐ نے وہ درخت اکھیڑ دیا۔ بعد اس کی جگہ خود درخت لگایا جو اسی سال پھل لایا۔ ناظرین۔ یہ امر سعد اور نحس کے حق ہونے کا ثبوت ہے۔

ترمذی کتاب المناقب فضائل عمر مطبوعہ نولکشور ص۲۵۶ پر ہے کہ سلمہ بن شبیب نے المقری سے اس نے حیوۃ بن شریح سے۔ اس نے بکر بن عمرو سے۔ اس نے مشرح بن ہاعان سے اس نے عقبہ بن عامر سے روایت کی ہے کہ فرمایا آنحضرتؐ نے کہ اگر میرے بعد نبوت ہوتی تو عمر کو ملتی۔

امام ذہبی نے کتاب مغنی میں لکھا ہے کہ مشرح بن ہاعان ضعیف الحدیث ہے۔ ذہبی نے کتاب میزان میں لکھا ہے کہ مشرح نے منکر احادیث بیان کی ہیں جن کی متابعت نہیں کی گئی (منکر حدیث سے وہ حدیث مراد ہے جس کا مضمون بجز سوائے اس راوی کے کسی اور جہت سے معروف نہ ہو) پھر ذہبی نے لکھا ہے کہ مشرح اس وقت حجاج کے ہمراہ تھا جب اس نے کعبہ کو گرا دینے کے لئے کعبہ پر منجنیق لگائی۔ ابن جوزی نے کتاب الموضوعات میں لکھا ہے کہ اسمعیل بن احمد نے۔ اس سے ابن مسعدہ نے۔ اس سے حمزہ نے اس سے ابن عدی نے۔ اس سے علی بن حسن بن قدید نے اس سے ذکریا بن یحییٰ الوقار نے۔ اس سے بشر بن بکر نے اس سے مریم نے۔ اس سے عمرو بن حبیب نے۔ اس سے عفیف بن حارث نے یوں اس سے بلال بن رباح نے کہا کہ رسول اللہ نے فرمایا۔ کہ اگر تم میں میں رسول بنا کر نہ بھیجا جاتا۔ تو عمر رسول بنا کر بھیجا جاتا۔

نیز اسی کتاب موضوعات میں ہے کہ ابن عدی نے کہا کہ اس سے عمر بن حسن بن نصر حلبی نے اس سے مصعب بن سعد ابو خیثمہ نے۔ اس سے عبداللہ بن واقد نے اس سے حیات بن شریح نے۔ اس سے بکر بن عمر نے اس سے مشرح بن ہاعان نے۔ اور اس سے عقبہ بن عامر نے حدیث بیان کی۔ کہ فرمایا رسول اللہ نے کہ اگر میں تم میں مبعوث بہ رسالت نہ ہوتا تو عمر ہوتا۔ مصنف کہتا ہے کہ دو نو حدیث صحیح نہیں ہیں پہلی تو اسلئے کہ اس کا راوی ذکریا بن یحییٰ بڑے بھاری جھوٹ بولنے والوں میں سے تھا ابن عدی نے کہا ہے۔ کہ وہ وضعی احادیث بنایا کرتا تھا اور دوسری حدیث اسلئے صحیح نہیں ہے کہ امام احمد حنبل اور یحییٰ نے کہا ہے کہ عبداللہ بن واقد کوئی حیثیت نہ رکھتا تھا اور نسائی نے کہا ہے کہ وہ متروک الحدیث ہے اور کہا ہے کہ ابن حبان نے منقلب کیا ہے اور مشرح کے اس کے صحائف کو پس باطل ہوا اس سے احتجاج کرنا۔ انتہیٰ

فیض القدیر شرح جامع صغیر میں ہے کہ امام احمد حنبل نے مسند میں اور ترمذی نے اپنی صحیح میں اور حاکم نے مستدرک میں عقبہ بن عامر سے اور طبرانی نے عصمۃ بن مالک سے حدیث لکھی ہے کہ فرمایا۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

رسول اللہ نے کہ اگر میرے بعد نبی ہوتا۔ تو عمر ہوتا۔ بیہقی کہتا ہے کہ اس حدیث کے سلسلہ میں فضل بن مختار آتا ہے۔ جو وہ ضعیف ہے۔ اور دیلمی نے جو یہ حدیث لکھی ہے کہ اگر میں مبعوث نہ ہوتا تو عمر ہوتا یہ حدیث منکر ہے۔

کنز العمال تبویب جمع الجوامع سیوطی فضائل عمر بن خطاب من قسم الافعال میں ہے کہ فرمایا رسول خدا نے کہ اگر میرے بعد نبی ہوتا۔ تو عمر ہوتا۔ نقل کیا ہے اسے خطیب نے رواۃ مالک سے اور یہ روایت ابن عساکر نے ابن عمر سے نقل کر کے کہا ہے کہ یہ حدیث منکر ہے! ابن عدی کہتا ہے کہ حدیث غریب (غیر صحیح) ہے۔ ابن عساکر نے کہا ہے کہ بلال ابن رباح غیر محفوظ ہے۔ ابن جوزی نے ان دونوں کو موضوعات میں درج کیا ہے۔

کنز العمال فضائل عمر بن خطاب من قسم الاول میں ہے کہ ابن عمر نے کہا کہ فرمایا رسول اللہ نے کہ اگر میرے بعد نبی ہوتا تو عمر ہوتا۔ خطیب نے کہا۔ یہ روایت منکر ہے۔

کتاب الفرقان ابن تیمیہ ص۵۹ پر ہے کہ ترمذی وغیرہ سے روایت ہے کہ فرمایا آنحضرت نے کہ اگر کوئی میرے بعد نبی ہوتا تو عمر ہوتا۔

نوٹ:۔ عمر کے نبی بننے کی روایات تو واضح الفاظ سے موضوع معلوم ہوتی ہیں کیونکہ نبوت کے لئے عصمت شرط ہے۔ اور حضرت چالیس سال تک بت پرست تھے۔ اس لئے ایسا شخص کیسے نبی ہو سکتا ہے۔ ہاں اگر ابو جہل نبی ہو سکتا ہے تو یہ بھی ہو سکتا ہے (ابو الصفا)

ترمذی نے ابن عمر سے روایت کی ہے کہ فرمایا رسول اللہ نے کہ خدا نے عمر کی زبان اور قلب پر حق کو قرار دیا۔ اور ابن عمر نے کہا کہ اگر کوئی امر ایسا نہیں ہوا کہ جس میں اختلاف ہوا ہو۔ اور عمر نے کوئی بات کہی ہو مگر قرآن اس کے مطابق نازل ہوا۔ جو عمر نے کہا تھا۔

تفسیر در منثور جلد سوم ص۲۰۲ پر ہے کہ آنحضرت نے فرمایا کہ عمر بن خطاب کی رائے سے اختلاف کرنے کی وجہ سے قریب تھا کہ ہم پر عذاب خدا نازل ہوتا۔ اور اگر نازل ہوتا۔ تو سوائے عمر کے کوئی نہ بچتا۔

اتقان جلد اول ص۳۵ پر ہے کہ ابن مردویہ نے مجاہد سے روایت کی ہے کہ عمر رائے سوچتا تھا تو قرآن اس کی رائے کے مطابق نازل ہوا کرتا۔ اور ابی حاتم نے انس سے روایت کی ہے کہ عمر نے کہا کہ مجھ سے خدا نے چار باتوں میں موافقت کی ان میں سے ایک یہ ہے کہ جب آیہ "لقد خلقنا الانسان من سلالۃ من طین" کا نزول ہوا تو میں نے کہا فتبارک اللہ احسن الخالقین" پس بعینہ میرے لفظوں میں آیہ کا نزول ہوا۔

اتقان جزو اول ص۳۶ پر ہے کہ عبد الرحمن بن ابی لیلیٰ سے روایت ہے کہ ایک یہودی عمر بن خطاب

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سے ملا اسکو کہا کہ کیا وہ جبرئیل جو تمہارے رسول کو تعلیم دیتا ہے ہمارا دشمن ہے اس پر عمر نے کہا۔ "من کان عدو اللہ وملائکتہ ورسلہ وجبرئیل ومیکائیل فان اللہ عدو للکافرین" پس یہی کلام قرآن میں نازل ہوا۔

اتقان جزو اول ص۲۵ پر ہے کہ بخاری نے انس سے روایت کی ہے کہ عمر نے کہا کہ میں نے رسول اللہ سے کہا "واتخذوا من مقام ابراہیم مصلی" پس یہی کلام نازل ہوا۔ پھر میرے کہنے پر رسول اللہ کی ازواج کے بارہ میں آیہ حجاب کا نزول ہوا۔ پھر میں نے کہا "عسے ربہ ان طلقکن ان یبدلہ ازواجا خیرا منکن" پس یہی کلام نازل ہوا۔

نوٹ :- یہ سنیوں کا غلو ہے کہ انہوں نے جوش محبت عمری میں آنکھ خدا کا ہم پلہ بنایا۔ خدا تو فرماتا ہے کہ تم میرے کلام کی مثل نہیں لا سکتے لیکن سنی کہتے ہیں کہ عمر خطاب اس کا مثل لائے۔ نہیں نہیں بلکہ خدا نے ہی انکی نقل کی توبہ (دافع الصفا)

بخاری کتاب التفسیر باب قولہ استغفر لھم اولا تستغفر لھم میں ابن عمر سے روایت ہے کہ عبداللہ ابن ابی منافق مرگیا۔ تو عبداللہ کے بیٹے نے آنحضرت سے عبداللہ کو کفن دینے کے لئے حضرت کا کرتہ مانگا حضرت نے اپنا کرتہ دیدیا جس میں وہ کفنایا گیا۔ بعد پھر آنحضرت سے نماز جنازہ کی درخواست کی جو مقبول ہوئی۔ اور آنحضرت نے نماز جنازہ شروع کی۔ اس پر عمر نے حضرت کا پلہ کھینچا اور کہا کیا آپ ایسے لوگوں کی نماز جنازہ پڑھتے ہیں۔ جن کی نماز کے بارہ میں خدا نے ممانعت کی ہوئی ہے حضرت نے فرمایا مجھے خدا نے منع نہیں کیا ہے بلکہ اختیار دیا ہوا ہے خواہ پڑھوں یا نہ پڑھوں جس پر یہ آیہ قرآنی عمر کی رائے کے مطابق، نازل ہوا کہ اے پیغمبر ایسے لوگوں کی نماز نہ پڑھ۔ بلکہ وہ مر جائیں تو انکی قبر پر بھی کھڑا نہ ہو۔ یہی حدیث بخاری کتاب اللباس باب لبس القمیص میں بھی ہے۔

ازالۃ الخفا مقصد دوئم ص۱۰۱ پر ہے کہ ایک شخص نے عمر سے استفتا کیا۔ کہ ہماری ایک جاریہ ہے اور اس کی ایک بیٹی ہے۔ ان دونوں نے میرا دل لبھا لیا ہے۔ کیا ہم دونوں سے مقاربت کریں۔ عمر نے کہا۔ کہ ایک آیہ سے حلت اور ایک آیہ سے حرمت معلوم ہوتی ہے لیکن ہم ایسے فعل کے قریب نہیں جاتے۔

فتح الباری شرح کتاب الفرائض باب میراث الجد مع الاب والاخوۃ میں ہے کہ ابن عمر نے کہا کہ میں نے عمر بن خطاب کے مسئلہ جد کے سو فیصلے یاد کئے ہیں۔ کہ ہر ایک ان میں ایک دوسرے سے متناقض ہے۔

امام ابن حزم نے کتاب محلی میں بروایت نافع لکھا ہے کہ ابن عمر نے کہا سب سے جہنم پر جرأت کرنیوالا وہ ہے جو مسئلہ جد میں جرأت کرے۔ بخاری کتاب میں بروایت محمد بن ہلال لکھا ہے۔ کہ میں نے سعید بن

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سیب سے اس فریضہ کی بابت پوچھا جس میں جد ہو تو اس نے کہا۔ کہ تم اس کو پوچھ کر کیا لو گے پھر بروایت سعید بن جبیر لکھا ہے کہ جس کو دروازہ جہنم کشادہ کرنا پسند ہو اسکو چاہئے کہ مسئلہ جد اور اخوت کا حکم لگائے۔

کنز العمال میں بروایت سعید بن مسیب لکھا ہے کہ عمر نے کہا کہ میں نے ایک دن رسول اللہ سے پوچھا کہ مسئلہ جد کا کیا حکم ہے حضرت نے فرمایا۔ کہ اے عمر۔ تم مر جاؤ گے قبل اس کے کہ تم اس مسئلہ کو جانو سعید بن مسیب کہتا ہے کہ پس عمر مر گیا قبل اس کے کہ اس مسئلہ کو جانتا۔ اسی روایت کو بیہقی اور عبد الرزاق اور ابو الشیخ نے لکھا ہے۔

علامہ سیوطی نے جزیل المواہب میں بہ سند بیہقی لکھا ہے کہ فرمایا آنحضرت نے کہ میرے اصحاب مثل ستاروں کے ہیں پس ان میں سے جس کسی کو اختیار کرو گے ہدایت پاؤ گے۔ اور انکا اختلاف باعث رحمت ہے۔

تفسیر بیضاوی جلد اول ۱۲۰ سطر ۱۰ و تفسیر جلالین برحاشیہ بیضاوی مطبوعہ مصر میں ہے کہ ابتدائے اسلام میں یہ حکم تھا۔ کہ ماہ رمضان میں شام سے عشاء تک کھانے پینے اور جماع کی اجازت تھی عمر بن خطاب نے نماز عشاء کے بعد جماع کیا۔ اور حضور رسول اللہ کے پاس شرمائے ہوئے آیا۔ بعد ازیں معلوم ہوا کہ اس فعل میں عمر کے اور بھی ساتھی ہیں لیکن سب نے اپنے گناہ کا اقرار کیا۔ اس پر سورہ بقر کی آیہ نمبر ۱۸۷ " احل لکم لیلۃ الصیام " کا نزول ہوا۔

حیرت ہے جو شخص کھانے پینے میں حلال اور حرام کی تمیز روا نہ رکھتا ہو۔ بلکہ حرام کھانے کا فتویٰ دیتا ہو۔ تورات سے مسائل شرح اسلام کا حل ڈھونڈتا ہو۔ عام مسائل شریعت سے بے خبر ہو نماز اور روزہ کے ارکان کے توڑنے کا عادی ہو۔ اس کو خلیفۂ رسولؐ کہنا دیوانہ پن نہیں تو اور کیا ہے کیا ایسے جاہل کو نائب رسولؐ اور محافظ شریعت کا معزز لقب دے سکتے ہیں۔

شجاعت عمریہ

تاریخ طبری مطبوعہ مصر جلد سوم صفحہ ۲۱ سطر ۱۰ پر ہے کہ جنگ احد کے دن تمام اصحاب رسولؐ آنحضرت کو چھوڑ کر بھاگ گئے۔ (ابوبکر و عمر و عثمان وغیرہ) آنحضرتؐ کے پاس صرف حضرت علیؑ اور ابودجانہ اور مسماۃ نسیبہ اور اس کا شوہر اور نسیبہ کے دو بیٹے عبد اللہ اور عمارہ رہ گئے۔ اسی جنگ میں امیر حمزہ شہید ہوئے بعض دوسرے لوگ بھی شہید ہو گئے اور مسماۃ نسیبہ بھی زخمی ہوئی تو آنحضرتؐ کے پاس صرف حضرت علیؑ رہ گئے۔ اس وقت جبرئیل نے کہا یا حضرتؐ ہمدردی اس کو کہتے ہیں۔ آنحضرتؐ نے فرمایا کیوں نہ ہو علیؑ مجھ سے ہے اور میں علیؑ سے ہوں۔ جبرئیل نے کہا۔ میں آپ دونوں سے ہوں۔ اس وقت غیب سے آواز آئی "لا فتیٰ الا علی لا سیف الا ذوالفقار"

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

تاریخ خمیس میں ہے کہ جب جنگ احد میں تمام مہاجر اور انصار آنحضرتؐ کو چھوڑ کر بھاگ گئے تو انس بن نضر عم انس بن مالک کا گزر عمر بن خطاب اور طلحہ پر ہوا۔ جو ایک جماعت مہاجرین و انصار کے ساتھ ہاتھ پر ہاتھ دھرے بیٹھے تھے۔ انس نے کہا یہاں کیوں بیٹھے ہو۔ کہا کیا کریں۔ رسول اللہ تو مارے گئے۔ انس نے کہا۔ پھر زندہ رہ کر تم کیا کرو گے۔ چلو ہم بھی اسی راہ پر مریں جس پر آنحضرتؐ نے وفات فرمائی مگر ان میں سے کوئی بھی نہ اٹھا۔ خود انس گیا۔ اور مارا گیا۔

تفسیر درمنثور صـ۸۸ پر ہے کہ جب صحابہ نے رسولؐ کی مخالفت کی اور عصیان کیا۔ تو آنحضرتؐ کو نو آدمیوں میں اہم ہنگامہ جنگ احد میں چھوڑ دیا جن میں سات انصار تھے اور دو مہاجر اور دسویں آنحضرتؐ خود تھے۔

ازالۃ الخفاء مقصد دوم مآثر عمر صـ۲۹ مناقب مرتضوی ترجمہ خصائص نسائی مطبع محمدی لاہور صـ۲۲ پر ہے کہ آنحضرتؐ نے خیبر کے دن عمر بن خطاب اور چند لوگوں کو مقابلے کے لیے بھیجا۔ کچھ قتال کے بعد عمر اور اس کے ساتھی شکست کھا کر چلے آئے۔ درآں حالیکہ وہ عمر کو اور عمر ان کو نامرد کہتا تھا۔

تاریخ خمیس صـ۱۱۳ تفسیر حسینی جلد اول صـ۲۵۲ اور روضۃ الصفا جلد دوم صـ۲۵ پر ہے کہ جنگ حنین کے روز تمام مہاجرین اور انصار مع ابوبکر و عمر و عثمان بھاگ گئے جبکہ آنحضرتؐ کے پاس صرف چار آدمی رہ گئے بنی ہاشم سے حضرت علیؑ اور حضرت عباس اور ابوسفیان بن حارث بن عبدالمطلب غیر بنی ہاشم سے عبداللہ بن مسعود۔ ناظرین یہ جنگ ۸ھ میں ہوئی اور ۱۱ھ میں آنحضرتؐ وفات پا گئے۔

ملا علی قاری لکھتا ہے کہ ابوقتادہ نے کہا کہ ہم حنین کے سال میں آنحضرتؐ کے ساتھ نکلے پس جب مقابلہ بھیڑ ہوئی۔ تو مسلمانوں کو سختی در پیش آئی۔ اس حدیث کی شرح میں لکھتا ہے کہ تورپشتی کہتا ہے کہ ابوقتادہ صحابی نے اصحاب کے لئے شکست اور فرار کا لفظ کہنا پسند نہ کیا۔ اس لئے سختی کے لفظ سے اس کی طرف کنایہ کیا۔

بخاری کتاب المغازی باب یوم حنین اذ اعجبتکم کثرتکم میں ہے کہ ایک شخص نے براء بن عازب سے پوچھا کہ آیا تم حنین کے دن رسول اللہ کو چھوڑ کر بھاگ گئے۔ تو براء نے کہا لیکن رسول اللہ تو نہیں بھاگتے تھے۔

بخاری میں ہے کہ ابوقتادہ نے کہا۔ کہ بروز حنین مسلمان بھاگ گئے۔ اور میں بھی ان کے ساتھ بھاگ گیا پس ناگاہ میں نے بھاگنے والوں میں عمر بن خطاب کو دیکھا۔ میں نے کہا لوگ کیوں بھاگ نکلے ہیں۔ عمر نے کہا خدا کا امر یونہی تھا۔

حبیب السیر وقائع سال ہشتم اور روضۃ الاحباب اور تاریخ ابن کثیر شامی اور انسان العیون اور مبیق حافظ دمیاطی اور تاریخ گازرونی اور تفسیر کبیر میں ہے کہ جب آنحضرتؐ کا لشکر مکہ سے باہر نکلا تو ابوبکر کی

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نظر اس کثرت و شوکت پر پڑی اور کہنے لگا کہ ہم آج مغلوب نہ ہوں گے۔ ایسے سخن صادر ہونے کی وجہ سے آنحضرتؐ کے لشکر نے حنین میں پہلی شکست کھائی۔

تاریخ خمیس اور کتاب استیعاب اور مواہب لدنیہ میں ہے کہ بروز حنین آنحضرتؐ کے پاس صرف چار اشخاص رہ گئے۔ تین اشخاص بنی ہاشم سے علیؑ و عباسؓ و ابوسفیان بن حارث تھے۔ اور ایک شخص ان کے سوائے عبداللہ بن مسعود تھا۔ علیؑ اور عباسؓ آنحضرتؐ کی حفاظت سامنے سے کرتے اور ابوسفیان بن حارث جانور کی باگ پکڑے تھا۔ اور عبداللہ بائیں طرف سے حفاظت کرتا تھا۔

فتح الباری کتاب المغازات میں ہے کہ جب بروز حنین لوگ بھاگ گئے۔ تو رسول اللہ ان کو کہتے تھے میں نبی ہوں اور میں جھوٹا نہیں ہوں۔ اور میں ابن عبدالمطلب ہوں۔ مگر سوائے چار اشخاص کے حضرتؐ کے پاس کوئی نہ رہا۔

ابن عباس فرماتے ہیں کہ ہم سات آدمیوں نے (بروز حنین) آنحضرتؐ کی نصرت کی اور بھاگنے والے بھاگ گئے اور پراگندہ ہو گئے۔

درمنثور میں بحوالہ مسلم ہے کہ حضرتؐ نے ابوبکر کو جنگ خندق میں خبر کفار لانے کے لئے کہا۔ اس نے استغفر اللہ و رسولہ کہا۔ اس پر آنحضرتؐ نے فرمایا اگر چاہتا تو جاتا۔ ابوبکر نے پھر استغفار کی۔

روضۃ الاحباب جنگ خندق ص۳۳ا پر ہے کہ آنحضرتؐ نے جنگ خندق کے دن فرمایا۔ کہ حضرت علیؑ کی ایک ضرب کا ثواب میری تمام امت کے اعمال کے ثواب سے زیادہ ہے۔ کیونکہ اس دن سے شجر اسلام کو روز افزوں شادابی اور نشوونما حاصل ہونی شروع ہوئی۔

علامہ محمد بن جریر طبری اپنی تاریخ میں جو سنیوں کے نزدیک اصح التواریخ ہے ص۱۳ا پر لکھتا ہے کہ غزوہ احد کے دن ابوبکر نیستان کی طرف چلا گیا اور وہاں چھپا رہا۔

بخاری میں ایک حدیث درج ہے جس کا خلاصہ یہ ہے۔ کہ ایک شخص نے عبداللہ بن عمر سے کہا کہ میں تم سے خانہ کعبہ کی عزت کی قسم دے کر پوچھتا ہوں کہ کیا عثمان بن عفان جنگ احد سے بھاگ گیا تھا۔ عبداللہ بن عمر نے جواب دیا کہ ہاں۔ پھر اس نے پوچھا۔ کہ آیا عثمان جنگ بدر سے بھی غائب ہو گیا تھا۔ اور پھر اس بیعت میں حاضر نہیں ہوا۔ عبداللہ نے کہا ہاں غائب ہو گیا تھا۔ اور پھر حاضر بھی نہیں ہوا۔

کنز العمال میں تاریخ ابن عساکر سے بروایت واقدی لکھا ہے کہ جنگ احد کے دن آنحضرتؐ کے پاس یہ چودہ اصحاب رہ گئے۔ مہاجرین میں سے ابوبکر و عبدالرحمٰن بن عوف و علیؑ ابن ابیطالب و سعد بن ابی وقاص و طلحہ بن عبیداللہ و ابوعبیدہ بن جراح و زبیر بن العوام اور انصار میں سے ابن المنذر و ابودجانہ و

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

وعاصم بن ثابت وحرث بن الصمہ وسہل بن حنیف و ابی بن حضیر وسعد بن معاذ۔

پھر کنز العمال میں ابن عساکر سے نقل کیا گیا ہے کہ ابن عباس فرماتے ہیں کہ جنگ احد میں نبیؐ کے پاس صرف چار اشخاص رہ گئے جن میں ایک عبداللہ بن مسعود تھا۔

روضۃ الصفا میں ہے کہ جنگ احد میں تمام اصحاب سوائے علیؑ بھاگ گئے۔ اور آنحضرتؐ کی خدمت میں سوائے علیؑ ابن ابیطالبؑ ابو دجانہ وسہیل بن حنیف کوئی نہ رہا۔ اس وقت آنحضرتؐ پر زخموں کی وجہ سے غشی طاری ہوگئی جب افاقہ ہوا تو آنکھ کھولی۔ اور علیؑ سے پوچھا کہ لوگوں نے کیا کیا۔ علیؑ نے عرض کیا لوگ وعدے اور بیعت توڑ کر بھاگ گئے ہیں۔ آنحضرتؐ نے فرمایا۔ اے علیؑ اس جمعیت کی مہم کو جو میرا قصد کرتے ہیں۔ مجھ سے ہٹا۔ علیؑ نے کفار پر حملہ کیا اور انکو بھگا دیا۔ اور آنحضرتؐ کی خدمت میں واپس آئے تو دیکھا کہ ایک جمعیت پھر آنحضرتؐ کا قصد کر رہی ہے پس علیؑ نے انپر بھی حملہ کیا اور انکو بھگا دیا۔

روضۃ الصفا میں ہے کہ زید بن وہب نے عبداللہ بن مسعود سے پوچھا۔ کہ میں نے سنا ہے کہ جنگ احد کے دن سوائے علیؑ وابو دجانہ وسہل بن حنیف کے اور کوئی شخص رسول اللہؐ کے پاس نہ تھا۔ اس نے جواب دیا کہ پہلے تمام مسلمان بھاگ گئے تھے۔ سوائے علیؑ کے اور کوئی بھی شخص آنحضرتؐ کے پاس نہ رہا تھا لیکن ایک ساعت کے بعد عاصم ابو دجانہ وسہل وطلحہ بن عبیداللہ آ گئے اور انہوں نے آنحضرتؐ کی خدمت میں کمر باندھی۔ زید کہتا ہے۔ پھر میں نے پوچھا ابوبکر و عمر کہاں تھے۔ اس نے کہا کہ وہ بھی ایک گوشہ میں چلے گئے تھے۔ عثمان کا حال پوچھا تو جواب دیا۔ کہ وہ بھی ایک طرف چلا گیا تھا اور جنگ کے بعد تیسرے روز واپس آیا۔ تو آنحضرتؐ نے فرمایا۔ بہ تحقیق تو اس واقعہ میں کہیں بہت دور چلا گیا تھا۔ بعض روایات میں ہے کہ عثمان اپنے دو یاروں سعد اور عقبہ کے ساتھ میدان جنگ سے باہر نکل گیا اور یہ تینوں راستہ بھول گئے اسلئے تین دن کے بعد آنحضرتؐ کی خدمت میں آئے تو آنحضرتؐ نے فرمایا۔ تم بہت دور چلے گئے تھے۔

مدارج النبوۃ جلد ثانی صفحہ ۱۴۳ پر جلی الفاظ میں عنوان یہ لکھا ہے کہ گریختن حضرت عثمان بروز جنگ احد۔

بخاری میں ہے۔ کہ عثمان جنگ بدر سے غائب رہا اور بیعت الرضوان میں شامل نہ ہوا۔ اور جنگ احد سے بھاگ گیا۔

مدارج النبوۃ جلد دوئم صفحہ ۱۵۲ اور معارج النبوۃ فصل دوئم باب ششم اور روضۃ الاحباب میں ہے کہ جب مسلمان بھاگ گئے اور آنحضرتؐ کو روز احد تنہا چھوڑ گئے تو حضرتؐ غضب میں آئے اور آپکی پیشانی سے پسینہ ٹپکنے لگا اس حالت میں آنحضرتؐ نے دیکھا کہ علیؑ آپ کے پہلو میں کھڑے ہیں۔ تو حضرتؐ نے فرمایا۔ اے علیؑ۔ تو بھی دوسرے بھائیوں کے ساتھ کیوں ملحق نہیں ہو گیا علیؑ نے عرض

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کہا۔ مجھ سے ایمان لانے کے بعد کافر نہیں ہوا ہوں۔ اور مجھ پر آپؐ کی پیروی لازم ہے۔

ازالۃ الخفا مقصد دوم ص۱۲۲ تفسیر ابن کثیر جلد ۱ جزو ۴ ص۴۲۱ روضۃ الصفا جلد ۲ ص۱۹۱ تاریخ خمیس اور حبیب السیر میں ہے کہ عمر، بکر و عثمان احد میں بھاگے۔

کنز العمال میں ہے کہ عائشہ نے کہا کہ جب کبھی ابوبکر کے سامنے جنگ احد کا ذکر آتا تو وہ رو دیتے اور کہتا کہ وہ دن تمام طلحہ کا تھا۔ پھر کہتا کہ میں پہلا شخص تھا جو احد کے دن بھاگ کر پہلے واپس آیا۔

تاریخ خمیس میں ہے کہ ابی حاتم نے کہا۔ کہ ابوبکر نے کہا کہ احد کے دن جب لوگ رسول اللہ کے پاس پلٹ آئے تو میں ان میں سے پہلا تھا جو رسول اللہ کی خدمت میں گیا ازالۃ الخفا علی اللہ میں ہے کہ حاکم نے عائشہ سے حدیث اخراج کی ہے۔ کہ ابوبکر نے کہا کہ جب روز احد لوگ رسول اللہ کو چھوڑ کر چلے آئے۔ تو میں پہلا شخص تھا جو واپس آیا۔ اور میں نے دور سے دیکھا۔ تو اتنے میں مجھے پیچھے سے کسی نے بلایا۔ وہ شخص رسول اللہ کے پاس جانا چاہتا تھا۔ میں نے دیکھا تو وہ ابوعبیدہ تھا۔

در منثور جلد دوم ص۸۸ تفسیر ابن کثیر اور کنز العمال کتاب سوئم باب ہفتم فصل چہارم فی التفسیر ذیل التفسیر سورہ آل عمران و کنز العمال بر حاشیہ احمد حنبل جلد اول ص۲۴ اور ازالۃ الخفا علی اللہ فصل ششم سورہ نسا میں ہے کہ عمر بن خطاب نے بروز جمعہ خطبہ پڑھا اور سورہ آل عمران پڑھی اور خطبہ پڑھتے ہوئے اس کا اس سورہ کو پڑھنا تعجب خیز لگتا تھا جب جب یہ آیہ الذین تولوا منکم یوم التقی الجمعان پہنچا تو عمر نے کہا کہ جب احد کا دن تھا تو ہم لوگ بھاگ گئے تھے پس میں بھاگ گیا یہاں تک کہ میں پہاڑ پر چڑھ گیا۔ بتحقیق میں وہاں قلانچیں بھرتا اور اچھلتا پھرتا تھا گویا میں بکری تھا اور لوگ کہتے تھے کہ محمد قتل ہو گیا ہے میں نے کہا میں یہ بات سننا پسند نہیں کرتا جو یہ بات کہنے والے کو قتل کر دونگا۔ یہاں تک کہ ہم سب بھاگنے والے پہاڑ پر جمع ہوئے تو اس آیہ کا نزول ہوا۔

در منثور ص۸۰ میں ہے کہ ابن جریر سے روایت ہے کہ جب (بروز احد) اصحاب رسولؐ بھاگ گئے ایک کہنے والے نے کہا کہ محمد شہید ہو گئے پس تم لوگ اپنے پہلے دین کی طرف رجوع کر لو۔ اس وقت اس آیہ کا نزول ہوا۔

تفسیر نیشاپوری میں ہے کہ جب اصحاب رسولؐ (بروز احد) جنگ سے بھاگ گئے تو خدا نے نازل کیا کہ مسلمانو۔ تم اس وقت کو یاد کرو جب تم بھاگے ہوئے پہاڑ پر چڑھے جاتے تھے۔ اور رسولؐ اللہ تمہارے پیچھے تم کو بلا رہے تھے اور تم مڑ کر بھی نہیں دیکھتے تھے اور رسول اللہ کا چہرہ زخمی ہو گیا اور آپؐ کا خود (لوہے کی ٹوپی) ٹوٹ گیا۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

رسولؐ تم سے راضی ہوتے۔ اے علیؑ اگر مجھے یہ خوف نہ ہوتا کہ لوگ تم کو وہ نہ سمجھیں جو عیسائی حضرت عیسیٰؑ کو سمجھتے ہیں تو البتہ آج تمہارے حق میں وہ باتیں کہتا کہ تو جس گروہ کے پاس سے گزرتا۔ تیرے قدموں کے نیچے کی خاک اٹھاتے۔ ناظرین۔ اس جنگ کو جنگ ذات السلاسل بھی کہتے ہیں۔ اور یہ کفار قبیلہ بنی سلیم سے تھے۔ اور اسی جنگ میں حضرت علی علیہ السلام کی شان میں سورہ و العادیات کا نزول ہوا۔

جمع الجوامع سیوطی حرف الف میں حذیفہ سے روایت ہے اور ازالۃ الخفا شاہ ولی اللہ میں ہے کہ حاکم نے ابن عباس سے روایت کی ہے کہ فرمایا آنحضرتؐ نے کہ جو کوئی دس آدمیوں پر یا دس سے لیکر چالیس آدمیوں پر کسی شخص کو امیر بنائے اور جانتا ہو کہ ان ماتحت آدمیوں میں کوئی ایسا شخص ہے۔ جو اس امیر سے افضل ہے تو اس نے اللہ کی اور رسولؐ کی اور تمام قوم کی خیانت کی۔

حبیب السیر جلد دوم ص۔ روضۃ الصفا جلد دوم ص۱۴۲ پر ہے کہ ذات السلاسل میں ابوبکر و عمر۔ عمرو عاص کے ماتحت بھیجے گئے۔

فتح الباری کتاب المغازی غزوہ ذات السلاسل اور روضۃ الاحباب بیان غزوہ ذات السلاسل میں ہے۔ کہ آنحضرتؐ نے اس غزوہ میں ابوبکر و عمر کو عمرو عاص کی ماتحتی میں بھیجا۔ عمرو بن عاص نے حکم دیا کہ کوئی شخص آگ نہ جلائے عمر بن خطاب نے انکار کیا پر ابوبکر نے اسکو کہا۔ اے عمر۔ انکار سے باز آؤ۔ کیونکہ رسول اللہؐ نے اس کو ہم پر سردار مقرر کیا ہے۔ اسی وجہ سے کہ اس کو جنگ کا علم ہے۔

ناظرین۔ جنگ تبوک سے واپس ہوتے ہوئے لشکر نبویؐ نے ایک مقام پر قیام کیا۔ چودہ اشخاص یعنی ابوبکر، عمر، عثمان، طلحہ، عبدالرحمان بن عوف، ابوموسیٰ اشعری، مغیرہ بن شعبہ، ابوہریرہ۔ اوس بن حدثان، ابوطلحہ انصاری، سعد بن ابی وقاص، معاویہ بن ابوسفیان، ابوعبیدہ جراح اور عمرو عاص نے مشورہ کیا کہ آج رات اندھیری ہے ہم تمام پہاڑی پر چڑھ جاتے ہیں۔ اور جب آنحضرتؐ نیچے سے اونٹ پر سوار گزریں۔ ہم اوپر سے ایک بھاری پتھر پھسلا دیں۔ آنحضرتؐ کا اونٹ بھڑک کر آنحضرتؐ کو وادی کی تہ میں گرا دیگا اور معہ جان بحق ہو جائیں گے۔ خداوند عالم نے آنحضرتؐ کو اس مشورہ اور اہل مشورہ سے آگاہ کر دیا۔ کہ فلاں فلاں چودہ اشخاص فلاں پتھر کے نیچے چھپے ہیں آنحضرتؐ نے حذیفہ بن الیمان کو ان چودہ منافقین کے نام بتا دئے اور حکم دیا۔ کہ تم فلاں مقام پر ان تمام کو پاؤ گے جیسا کہ حذیفہ وہاں گیا اور ان تمام کو دُھتکار کر بھگوا دیا یا جہاں سے وہ پراگندہ ہو گئے۔ اسی راز کے نہ بتانے کی وجہ سے حذیفہ کو امین الاسرار کہا جاتا ہے۔ اسی طرح واقعہ غدیر کے دن بھی آنحضرتؐ کو شہید کر دینے کا مصمم ارادہ کیا گیا۔ مگر خداوند عالم نے محفوظ رکھا۔ عمر بن خطاب حضرت حذیفہ سے پوچھا کرتا تھا۔ اے حذیفہ سچ بتا۔ کیا میرا نام بھی ان چودہ منافقین

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

میں ہے۔ حذیفہ کہا کرتا۔ تو خود اچھی طرح جانتا ہے۔

کنز العمال میں ہے کہ ابن ابی شیبہ نے کتاب مصنف میں اور ابن عساکر نے اپنی تاریخ میں لکھا ہے کہ انس کہتا ہے کہ جب رسول اللہ کو ابوسفیان کی پیش قدمی کی اطلاع ملی۔ تو آنحضرت نے مشورہ لیا۔ پس ابوبکر نے کلام کیا تو آنحضرت نے اس کی طرف سے منہ پھیر لیا۔ پھر عمر نے گفتگو کی تو آنحضرت نے اس کی طرف سے بھی منہ پھیر لیا۔ پس سعد بن عبادہ نے کہا۔ یا رسول اللہ آنحضرت کا جو ارادہ ہو ہم حاضر ہیں۔ اور خدا کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے اگر حضور ہمیں حکم دیں کہ ہم سمندر کی تہ میں جائیں تو ہم جائیں گے اور اگر ہمیں حکم ہو کہ ہم برک عماد (حبشہ کا ایک شہر ہے) تک جاویں تو ہم جائیں گے پس آنحضرت نے حکم دیا۔ تو کوچ کیا گیا۔ یہاں تک کہ بدر کے مقام پر اترے۔ ناظرین جب جنگ کا موقعہ آیا۔ تو ابوبکر و عمر کا کسی کافر سے لڑنا تو کجا رہا معمولی ہاتھا پائی بھی کہیں مذکور نہیں تو عثمان نے تو کوچ کرنا ہی گوارا نہ کیا اور گھر میں ہی بیٹھا رہا۔ البتہ بقول اہلسنت اس جنگ میں رسول اللہ کے لئے ایک عریشہ (بیٹھنے کا اونچا سایہ دار مقام) بنایا گیا تھا جس پر ابوبکر بیٹھ کر جنگ کا نظارہ دیکھتا رہا۔

معارج النبوۃ اور روضۃ الاحباب میں ہے کہ سعد بن معاذ کے مشورہ سے اس جنگ میں عریشہ بنایا گیا۔ اور اس عریشہ پر سوائے ابوبکر کے آنحضرت کے پاس کوئی شخص نہ تھا۔

معارج النبوۃ میں ہے کہ سعد بن معاذ نے آنحضرت سے عرض کیا کہ ہم آپ کے لئے ایک عریشہ بناتے ہیں اور آپ کی سواری آپ کے لئے تیار رکھتے ہیں اور خود جنگ میں مشغول ہوتے ہیں۔ اگر ہم دشمن پر غالب آ گئے۔ تو ہماری یہی مراد ہے اور اگر بپناہ بخدا معاملہ دگرگوں ہوا تو آپ سواری پر بیٹھ کر ہمارے ان احباب کے پاس تشریف لے جائیں جو مدینہ میں رہ گئے ہیں۔

بخاری کتاب المغازی صفحہ ۱۲ پارہ ۱۶ میں ہے کہ جنگ بدر کے دن ابوبکر عریشہ پر آنحضرت کے پاس بیٹھا تھا

روضۃ الاحباب اور تاریخ اسلام اور روضۃ الصفا جلد دوم صفحہ ۱۰۴ میں ہے کہ غزوہ احزاب کے دن رسول اللہ نے تین دفعہ اپنے اصحاب سے فرمایا۔ کہ تم میں سے کوئی عمرو بن عبدود کے مقابلہ کو جائے۔ مگر تینوں دفعہ علی نے عرض کیا کہ مجھے اجازت دیجئے۔ تیسری دفعہ عمرو بن عبدود نے نہایت سخت جملہ کہا کہ کیا تم میں کوئی مرد نہیں ہے۔ ناظرین رسول اللہ نے ابوبکر اور عمر کا نام لیکر ان کے مقابلہ میں جانے کا حکم دیا۔ مگر انہوں نے عمرو بن عبدود کی قوت اور بہادری کی تعریف کر کے دوسروں کو بھی بزدل بنا دیا۔

روضۃ الصفا میں ہے کہ جب آنحضرت نے اصحاب سے عمرو بن عبدود کا مقابلہ کرنے کا حکم دیا تو انہوں نے سر نیچے کر لئے اور ہراساں کھڑے رہے۔ ناظرین۔ اس وقت عمر نے کہا۔ یا حضرت یہ عمرو ابن عبدود

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بہت بہادر ہے۔ ایک دفعہ ڈاکوؤں سے اس کا مقابلہ ہوا تھا۔ اس کے پاس ڈھال موجود نہ تھی۔ تو اس نے اونٹ کا بچہ پکڑ کر بطور ڈھال استعمال کیا۔

ابن ابی شیبہ نے مصنف میں بروایت عروہ لکھا ہے کہ خندق کا روز یعنی غزوہ احزاب مسلمانوں کے لئے ایسا سختی کا دن تھا۔ کہ ویسا پہلے کبھی نہیں دیکھا گیا۔ اور بوقت صف بندی ابوبکر آنحضرتؐ کے پاس بیٹھا تھا۔ پھر بروایت ابن عباس لکھا ہے کہ میں نے عمر بن خطاب کو کہتے سنا کہ عمر بن عبدود گھوڑے کو جولان دیتا ہوا خندق سے گزر آیا۔ اور کہتا تھا کوئی ہے جو مجھ سے لڑنے کو نکلے۔ پس آنحضرتؐ کے تمام اصحاب ساکت ہو گئے۔ تب رسول اللہؐ نے فرمایا۔ کہ آیا کوئی اس سے جنگ کرے گا حضرت علی (علیہ السلام) نے فرمایا مجھے اجازت دیجئے۔ کہ میں دو نیکیوں کے درمیان ہوں یعنی اگر میں نے اس کو قتل کر دیا۔ تو وہ جہنم میں جائے گا۔ اور اگر اس نے مجھے قتل کیا تو میں جنت میں جاؤنگا۔ پس آنحضرتؐ نے فرمایا اے علیؑ۔ اس سے مقابلہ کیلئے تم نکلو۔ یہی روایت روضۃ الاحباب اور شرح ابن ابی الحدید میں مرقوم ہے

بیاض ابراہیمی اور روضۃ الصفا جلد دوم صفحہ ۹ میں ہے کہ عمر بن عبدود آیا اور گھوڑا دوڑاتا پھرتا تھا۔ یہاں تک کہ خندق سے گذر آیا۔ اور کہتا تھا۔ آیا کوئی ہے جو میرے مقابلہ کو نکلے۔ تمام اصحاب رسولؐ دم بخود تھے۔ ابن عبدود نے کہا۔ کہاں ہے وہ جنت جس کی نسبت تمہارا زعم تھا کہ تم میں سے جو مقتول ہوگا وہ اس میں داخل ہوگا پس اصحاب رسولؐ میں سے کوئی بھی اس کے مقابلہ کو نہ نکلا۔ ابوبکر اور عمر بھی نہ نکلے۔ حالانکہ اس نے ایسی ایسی باتوں سے انکو تین دفعہ طعنہ دیا۔ مگر علی بن ابیطالب نکلے۔ تو آنحضرتؐ نے فرمایا عین ایمان عین کفر کے مقابلہ کو جاتا ہے۔ مولوی عبید اللہ نے اپنی تاریخ ارجح المطالب میں مطالب السئول سے نقل کیا ہے۔ کہ جب عمر بن عبدود ہل من مبارز کے نعرے لگانے لگا۔ تو حضرت علی علیہ السلام نے اس کے مقابلہ کا ارادہ کیا۔ آنحضرتؐ نے منع کر دیا۔ عمر بن عبدود پکار پکار کر طعنہ زنی کرنے لگا۔ کہ کہاں ہے وہ تمہاری جنت جس کی نسبت تمہارا زعم ہے کہ جو شخص تم میں سے قتل ہوگا وہ اس میں داخل ہوگا۔ پھر کیوں تم میں سے کوئی بھی میرے مقابلہ کو نہیں آتا جناب علیؑ یہ سنکر آنحضرتؐ کی خدمت میں آئے اور مقابلہ کی اجازت چاہی۔ آنحضرتؐ نے اجازت عطا فرمائی اور اپنا عمامہ اپنے سر سے اتار کر حضرت علیؑ کے سر پر باندھا۔ اور فرمایا کہ اسی شان سے چلے جاؤ۔ جب جناب مشکلکشا اس کے سامنے گئے۔ تو وہ یہ رجز کہہ رہا تھا۔ تحقیق میں "ہل من مبارز" کے نعرے لگا لگا کر تھک گیا جب کہ بہادر نامردی کئے تھے اور میں دلیروں کے مقام میں تھا۔

مستطرف باب چالیس فصل دوم جلد اول صفحہ ۲۵۵ پر ہے کہ شجاع وہ ہے جو صف سے نکل کر خود دعوت

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

میدان میں جا کھڑا ہو اور کہے ھل من مبارز نہ یہ کافر کہے ھل من مبارز اور شجاع وہ ہے کہ اس کے دل پر دہشت نہ آئے اور نہ اس پر حیرت چھائے۔

ابن اسحاق نے کہا کہ جن سات آدمیوں نے آنحضرتؐ کی نصرت کی۔ وہ علیؑ و عباس و فضل ابن عباس و ابوسفیان بن حارث و جعفر و ربیعہ بن حارث و اسامہ بن زید تھے۔ اور آٹھواں ایمن بن عبید تھا۔

لطیفہ: صواعق محرقہ میں ہے کہ چونکہ حضرت علی علیہ السلام کو آنحضرت صلعم نے فرما دیا ہوا تھا۔ کہ تمہاری شہادت عبدالرحمٰن بن ملجم کے ہاتھ سے ہوگی۔ اور ابوبکر کو اپنی موت کا علم نہ تھا۔ اس لئے ابوبکر کی ادنیٰ دلیری بھی حضرت علی علیہ السلام کی کمال بہادری پر ترجیح رکھتی ہے۔ ناظرین۔ ابوبکر و عمر کو بھی تو آنحضرتؐ نے فرما دیا تھا کہ تم میرے بعد بدعات کثیرہ کرو گے اور حقوق اہلبیت کو پامال کرو گے۔ پھر وہ جنگ سے کیوں فرار کر گئے۔ حالانکہ آنحضرت کی پیشگوئی پر اگر مسلمان ہوتے تو پورا یقین چاہیے تھا۔

اسماء الرجال مشکواۃ میں ہے کہ کسی نے حذیفہ سے پوچھا کہ تم کو منافقین کے نام کس طرح معلوم ہوئے حالانکہ ابوبکر اور عمر تک نہیں جانتے۔ حذیفہ نے کہا کہ شب عقبہ ہم رسول اللہ کی سواری کے پیچھے جاتے تھے حضرت کو نیند آ گئی۔ تو ہم نے چند آدمیوں کو یہ کہتے سنا کہ ہم آنحضرتؐ کو اونٹ سے گرا دیں کہ حضرت کی گردن ٹوٹ جائے۔ تو ان کے ہاتھ سے خلاصی پائیں۔ حذیفہ کہتا ہے کہ ان کی یہ بات سن کر میں درمیان آ گیا اور آواز کو بلند کیا۔ یعنی میں ان سے جھگڑا اور لڑا۔ اس شور کی وجہ سے حضرتؐ بیدار ہو گئے۔ پوچھا کون ہے میں نے عرض کیا میں ہوں حذیفہ۔ پھر پوچھا یہ کون لوگ ہیں۔ میں نے سب کے نام بتلائے۔ حضرتؐ نے فرمایا۔ یہ سب منافق ہیں کسی کو ان کے نام نہ بتانا۔ نافع سے منقول ہے کہ وہ بارہ آدمی تھے۔

استیعاب جلد دوم ذکر حذیفہ اور احیاء العلوم امام غزالی جلد چہارم مطبوعہ مصر ص۱ اور معارج النبوۃ جلد دوم ص۲۲ میں ہے کہ عمر حذیفہ سے پوچھا کرتا۔ کہ وہ منافقین کون کون ہیں۔ پھر اسی کتاب میں لکھا ہے۔ کہ عمر حذیفہ سے کہتا تھا۔ حذیفہ کہا میں بھی منافقین میں سے ہوں۔

سیرت حلبیہ جلد سوم ص۱۴۲ پر ہے کہ مشورہ کیا کہ آنحضرتؐ کو عقبہ کی تنبیہ میں ، میں گرا دیں۔ جو تبوک اور مدینہ کے درمیان واقع ہے۔ پھر ص۱۴۳ پر ہے کہ آنحضرتؐ نے جبرئیل سے منافقوں کے نام اور ارادہ سے اطلاع پا کر عمار یاسر کو حکم دیا۔ کہ وہ ناقہ کی مہار پکڑے اور حضرت حذیفہ کو حکم دیا۔ کہ وہ پیچھے سے ہنکاتے چلیں جب عقبہ سے صحیح و سالم نکل آئے۔ تو اسید بن حضیر صحابی نے عرض کیا کہ اگر حکم ہو تو ہم ان منافقوں کو قتل کریں۔ آنحضرتؐ نے اجازت نہ دی۔

میزان الاعتدال ص۳۲ اور اسماء الرجال مشکواۃ شیخ عبدالحق ص۴ میں ہے کہ عمر اکثر حذیفہ سے حدیث

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

حذیفہ کو دریافت کیا کرتا اور پوچھا کرتا کہ آیا تم مجھ میں علامات نفاق پاتے ہو۔

تفسیر در منثور صفحہ ۔ اور کنز العمال کتاب سوئم باب ہفتم فصل چہارم سورہ آل عمران میں ہے کہ عمر نے کہا کہ میں جنگ احد کے دن بھاگ کر پہاڑی پر چڑھ گیا۔ اور وہاں میں پہاڑی بکری کی طرح اچکتا تھا۔

تفضیل الشیخین شاہ علی اللہ اور منہاج الکرامہ منہج ثانی جواب دلیل ہفتم اور اربعین فخر رازی اور حبیب السیر میں ہے کہ ابوبکر اور عمر جنگ خیبر میں شکست یاب ہوئے۔ اور پھر حضرت علی علیہ السلام کے ہاتھ پر خیبر کا قلعہ فتح ہوا۔

تاریخ خمیس صفحہ ۳۳۲ پر ہے کہ عمر نے کہا یا حضرتؐ ہم اپنا دین کیوں چھپائیں۔ جبکہ ہم حق پر ہیں۔ اور وہ باطل پر حضرتؐ نے فرمایا ابھی ہم کم ہیں۔ تم دیکھ چکے ہو جو مصیبت ہم پر ابوبکر کے اصرار کی وجہ سے ابھی ابھی پہنچی ہے۔ اور اسی کتاب میں ہے کہ جب عمر اسلام لایا تو کفار نے مشورہ کیا اور خلاف حکم رسولؐ عمر کی ناہنجار شوخیوں کی وجہ سے آنحضرتؐ کو قتل کرنا چاہا۔ چنانچہ حضرت ابو طالبؑ سب کو شعب ابو طالب میں لے گئے۔ اور وہاں تین برس تک محصور رہے۔ واضح ہو کہ اس زمانہ محصوری میں ابوبکر اور عمر آنحضرتؐ کے ساتھ نہ گئے۔ بلکہ مکہ ہی میں رہے۔ بخاری جلد چہارم صفحہ ۹۲ پر ہے کہ عمر نے کہا۔ یا حضرتؐ آپ ہم کو ہر چیز سے زیادہ محبوب ہیں۔ مگر اپنے نفس سے نہیں تو حضرتؐ نے فرمایا۔ قسم اس کی جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے کہ وہ شخص مومن نہیں ہو سکتا جب تک مجھ کو اپنی جان سے زیادہ عزیز نہ رکھے۔

اسد الغابہ صفحہ ۲۶ پر ہے کہ فرمایا آنحضرتؐ نے کہ اگر صدقہ نہیں دو گے اور جہاد نہیں کرو گے۔ تو داخل جنت کیونکر ہو سکو گے۔

معالم التنزیل سورہ توبہ آیہ عن المنافقون کی تفسیر میں ابن عباس سے روایت ہے۔ کہ خدا نے قرآن مجید میں ستر (۷۰) منافقوں کے نام اور ان کے باپ کے نام نازل فرمائے تھے۔

بخاری باب لیس لک من الامر شیٔ کتاب التفسیر القرآن سورہ آل عمران مطبوعہ مصر جلد سوئم صفحہ ۔ پر ہے کہ جب آنحضرتؐ نماز فجر کی آخری رکعت سے سر اٹھاتے۔ اور فرمایا کرتے۔ "اللھم لعن فلاناً وفلاناً وفلاناً"

سورہ بقرہ میں ہے۔ کتب علیکم القتال وھو کرہ لکم "ترجمہ اے مسلمانو! تم پر جہاد فرض کیا گیا ہے۔ اگرچہ تم پر شاق ہو۔ پھر اسی سورہ میں ہے" وقاتلوا فی سبیل اللہ "ترجمہ اے مسلمانو! خدا کی راہ میں جہاد کرو۔ سورہ نسا میں ہے۔ الذین امنوا یقاتلون فی سبیل اللہ ترجمہ۔ ایمان والے تو خدا کی راہ میں جہاد کرتے ہیں۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کی کہ مجھ کو رسول اللہ کے پہلو میں دفن کیا جائے۔ چنانچہ اس کو پہلوئے رسولؐ میں دفن کر دیا گیا۔

روضۃ الصفا جلد دوم ص۲۱۱ پر ہے کہ آنحضرتؐ نے انتقال فرمایا جبکہ حضرت جناب امیر علیہ السلام کے سینہ پر تکیہ کئے ہوئے تھے لیکن سر مبارک آپکے کندھے پر تھا۔ مدارج النبوۃ جلد دوم ص۵۵۵ پر ہے کہ آنحضرتؐ جناب امیر علیہ السلام سے گفتگو فرما رہے تھے کہ حالت غیر ہو گئی اور حضرتؐ کا آب دہن جناب امیرؑ کے سینہ پر گرا تب عورتوں نے پس پردہ سے بے صبری کا اظہار کیا۔ یعنی نوحہ و بکا کیا۔

شرح ابن ابی الحدید مطبوعہ ایران ص۳۴ پر ہے کہ بعض کا قول ہے کہ آنحضرتؐ پیر یعنی دو شنبہ کے دن فوت ہوئے اور جمعرات کو دفن ہوئے کیونکہ قوم بیعت کا امر طے کرنے میں مصروف تھی صواعق محرقہ مطبوعہ مصر مقدمہ ثانیہ ص۵ اور شرح فقہ اکبر ملا علی قاری ص۱۷۵ اور لغبتہ الرائد نواب مولوی صدیق حسن ص۹۲ اور فتح الباری جلد ۳ ص۲۶۵ پر ہے نوجوان کا اجماع کا اس پر اجماع ہے کہ بعد بعثت امام کا نصب کرنا واجب ہے اور ایسا اہم واجب ہے کہ نصب امام میں مصروف ہونے کی وجہ سے صحابہ آنحضرتؐ کے دفن و کفن میں شریک نہیں ہوئے۔

تاریخ طبری وفات ابوبکر میں ہے کہ ابوبکر نے عمر کو کہا۔ کہ جب میں مر جاؤں۔ تو خبردار میرے غم میں مشغول نہ ہونا۔ رغم کیا۔ عمر کی تو عین خوشی کا موجب ہے) جیسا کہ تو خود دیکھ چکا ہے کہ میں رسول اللہ کے غم میں مشغول نہیں ہوا تھا۔

مجمع البحار گجراتی جلد سوم میں ہے کہ اگر بیعت لینا چھوڑ دیا جاتا۔ تو بڑا فساد ہوتا۔ بخلاف قبر رسولؐ کے جس کے متکفل علی و عباس وغیرہ تھے۔ علامہ کرمانی نے انہی الفاظ میں اپنی رائے لکھی ہے بخاری جلد ۱۱ ص۱۶۵ پر ہے کہ دفن رسول میں شریک ہونے سے امر خلافت مقدم تھا۔ بہاب تجہیز رسول امام رازی جلد اول ص۳۹۲ پر ہے کہ صحابہ رسولؐ نے سقیفہ بنی ساعدہ کی طرف جلدی کی اور چھوڑ دیا۔ سب سے بڑے کام کو اور وہ دفن رسولؐ تھا۔

تاریخ طبری جلد سوم ص۱۹۵ پر ہے کہ جب آنحضرتؐ نے وفات پائی تو ابوبکر غائب تھا تین روز کے بعد آیا اور اس عرصہ میں کسی کو جرات نہ ہوئی کہ حضرتؐ کا چہرہ کھول کر دیکھے یہاں تک کہ حضرتؐ کا پیٹ پھول گیا۔ (نعوذ باللہ) ابوبکر نے چہرہ کھولا اور حضرتؐ کی دونوں آنکھوں کے درمیان بوسہ دیا۔ اور کہا میرے ماں باپ آپ پر فدا ہوں (مگر ابوبکر فدا نہ ہوا)

سیرۃ حلبیہ ص۳۹۳ پر ہے کہ سالم بن عبید نے جا کر ابوبکر کو وفات رسولؐ کی اطلاع دی۔ پھر لکھا ہے کہ حفصہ نے اپنے باپ عمر کو مگر ان میں سے کوئی نہ آیا۔ یہاں تک کہ رسول اللہ نے انتقال کیا۔

استیعاب جلد دوم ص۶۴۴ پر ہے کہ ابو ذویب کہتا ہے کہ ہم جو مسجد میں آئے تو مسجد کو خالی پایا۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اس وقت حضرت کے مکان سے رونے کی آواز بلند تھی نہ سلمان نے اہلبیت محمدؐ تو وفات محمدؐ پر اس بلند آواز سے گریہ فرمائیں کہ بیرون خانہ آواز جائے۔ اور تم کہو کہ رونے سے میت پر عذاب ہوتا ہے حالانکہ جب کوئی تمہارا قریبی مرتا ہے تو تم روتے بھی ہو۔ اور تمہاری عورتیں دونوں ہاتھوں سے سینہ اور ماتھا کوٹتی ہیں اور سر گنجا کر لیتی ہیں۔ مثل ہاتھی کے دانت کھانے کے اور دکھلانے کے اور) اور آنحضرتؐ لٹائے ہوئے تھے۔ اور صرف آپؐ کے اہل و عیال پاس تھے۔ پوچھا اور مسلمان کہاں ہیں۔ کہا سقیفہ کو چلے گئے ہیں۔ وہاں جا کر ابوبکر اور عمر اور ابو عبیدہ اور سالم اور ایک جماعت قریش کو پایا۔

کنز العمال مطبوعہ حیدرآباد دکن جلد سوئم صفحہ ۱۴۰ پر لو کتاب لاکتفا ابراہیم بن عبداللہ یمنی شافعی میں ہے کہ عروہ ابن الزبیر کہتا ہے کہ ابوبکر اور عمر دفن رسول اللہؐ میں شریک نہیں ہوئے کیونکہ اس وقت وہ دونوں انصار در سقیفہ میں تھے پس آنحضرتؐ دفن کر دئے گئے قبل اس کے کہ وہ دونوں واپس آئیں نیز اسی روایت کو ابن ابی شیبہ نے بھی لکھا ہے۔

سیرت حلبیہ صفحہ ۳۹۵ پر ہے کہ آنحضرتؐ نے دوشنبہ یعنی سوموار کی دوپہر کو انتقال فرمایا۔ وہ دن تمام اور شب سہ شنبہ یعنی منگل کی رات اور روز سہ شنبہ یعنی منگل کا تمام دن اور شب چہار شنبہ یعنی بدھ کی رات یونہی بلا دفن پڑے رہے کیونکہ سب لوگ سوائے حضرت علیؑ۔ عباسؓ۔ فضل ابن عباس صالحؓ غلام آنحضرتؐ، بیعت ابوبکر میں مشغول تھے یہاں تک کہ بیعت ہو گئی ہوگا۔ ناظرین آنحضرتؐ پیر کی دوپہر کو فوت ہوئے اور بدھ کی رات تک دفن نہیں ہوئے تو جمعرات کو کسی وقت دفن کئے گئے ہیں۔ اس حساب سے آنحضرتؐ کی نعش مبارک پورے تین دن اور تین رات بلا دفن پڑی رہی۔

زاد المعاد ابن القیم جلد اول صفحہ ۱۴۲ پر ہے کہ ابوبکر اور عمر پر نماز جنازہ مسجد کے اندر پڑھی گئی۔ اور تمام مہاجرین و انصار اس میں شریک تھے۔ زاد المعاد ابن القیم جلد اول صفحہ ۱۴۲ پر ہے کہ ابوداؤد سے روایت ہے کہ فرمایا آنحضرتؐ نے کہ جو شخص نماز جنازہ مسجد میں پڑھے اس کو کچھ بھی نہیں یعنی نماز جنازہ پڑھو۔ پھر صفحہ ۱۴۲ پر ہے کہ آنحضرتؐ کی سنت تھی کہ نماز جنازہ بیرون مسجد پڑھا کرتے سوائے کسی عذر کے۔

تاریخ خمیس جلد دوئم صفحہ ۲۶۲ پر ہے کہ ابوبکر پر عمر نے نماز جنازہ مسجد رسول اللہؐ میں درمیان قبر و منبر پڑھی اور سریر پر اٹھایا گیا جس پر رسول اللہؐ اٹھائے گئے تھے۔ اور عمر عثمان طلحہ اور عبدالرحمان بن ابی بکر قبر میں اترے اور رات ہی کے وقت دفن ہوئے یعنی ابوبکر دوشنبہ کی شب کو فوت ہوا اور اسی دوشنبہ کی شب کو دفن کر دیا گیا۔ مگر آنحضرتؐ کی نعش تین شب و روز بلا دفن پڑی رہی۔

حضرات ثلاثہ کا آنحضرتؐ کے کفن و دفن میں شریک نہ ہونا ان کے دامن ایمان پر ایسا بدنما

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کہا کہ حضرت کی روح کو اسی طرح آسمان پر لے گئے جس طرح حضرت موسیٰؑ کی روح کو لے گئے تھے پھر عمر نے خطبہ دینا شروع کر دیا۔ اور منافقین کو ڈرانے لگے۔ اور کہتے تھے کہ آنحضرتؐ جب تک منافقوں کے ہاتھ اور زبان قطع نہ کریں گے انتقال نہ فرمائیں گے۔ عمر کی اس وقت یہ حالت تھی کہ لب جھاگ سے بھرے ہوئے تھے

حضرت عباس نے فرمایا کہ آنحضرتؐ نے انتقال فرمایا تم لوگ آنحضرتؐ کو دفن کرو۔ حضرتؐ کی شان اس سے ارفع ہے کہ دو دفعہ انتقال فرمائیں اور عمرو بن مکتوم آیہ وما محمد الا رسول قد خلت من قبلہ الرسل افائن مات او قتل انقلبتم علی اعقابکم کی تلاوت کر رہے تھے یعنی محمدؐ ایک رسول ہیں جن کے قبل بہت سے رسول گذر چکے ہیں تو کیا اگر وہ فوت ہو جائیں یا قتل ہوں تو تم سب مرتد ہو جاؤ گے

حضرت عباس اور عمرو بن مکتوم اسی طرح عمر بن خطاب کو فہمائش کر رہے تھے کہ ابوبکر اپنی سواری پر سوار موضع سنخ سے آ گیا۔ جلدی سے مسجد کی طرف آیا اور لوگوں کی گردنوں کو پھلانگتے ہوئے منبر کے پاس جا پہنچا۔ عمر نے ابوبکر کو دیکھا اور بیٹھ گیا۔ اس کے بعد ابوبکر نے بھی وہی آیہ قرآنی پڑھی۔ جو عمرو بن مکتوم پڑھ رہا تھا جس پر عمر نے کہا۔ ہم تو آج تک جانتے بھی نہ تھے کہ یہ آیت قرآن میں موجود ہے۔

تاریخ الخلفا سیوطی میں ہے کہ ابو نعیم نے کتاب حلیہ میں ابو صالح سے روایت لکھی ہے کہ جب ابوبکر کے زمانہ میں یمن کے لوگ آئے۔ اور انہوں نے قرآن سنا۔ تو انہوں نے رونا شروع کر دیا۔ اس پر ابوبکر نے کہا بیٹے ہماری بھی یہ حالت تھی۔ پھر ہمارے دل سخت و متغیر ہو گئے۔

جب آنحضرتؐ فوت ہوئے تو عمر بن خطاب ننگی تلوار لئے ہوئے گلی کوچوں میں گھومتا پھرتا تھا۔ اور بلند آواز سے کہتا تھا میں اسے قتل کر دوں گا۔ جو یہ کہیگا کہ آنحضرتؐ فوت ہو گئے ہیں

علمائے اہلسنت کہتے ہیں کہ عمر اس وقت وفات رسولؐ کے صدمہ سے حواس باختہ ہو کر ایسی بے معنی باتیں کر رہا تھا۔ صدمہ وفات رسولؐ کی بھی مریدان عمر نے اچھی کہی۔ عمر تو چالاک اور نہایت ہوشیاری اور عیاری سے چاہتا ہے کہ وفات رسولؐ کی خبر اس وقت تک صیغہ راز میں رہے جب تک وہ ابوبکر کو جوڑ توڑ کر کے مسند خلافت پر نہ بٹھالے۔ مگر مریدان عمر نا معقول اور بیہودہ دلیلوں کے دلدادہ ہیں۔

غور طلب امر یہ ہے کہ عمر کی یہی حواس باختگی آناً فاناً کافور ہو جاتی ہے بعد وہ سقیفہ میں خلافت سازی کے لئے مشغول جنگ وجدل ہو جاتا ہے۔

اگر عمر وفات رسولؐ کے صدمہ سے حواس باختہ ہو گیا تھا مزہ تو تب تھا کہ وہ تلوار اپنے پیٹ میں گھونپ کر کہتا کہ معشوق کی موت کے بعد عاشق کا جینا لا حاصل ہے۔ یا پتھر سے سر ٹیک کر مر جاتا

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جو عام دلدادوں کا شیوہ ہے۔

عاشق نے اپنے معشوق کی دلدادگی کا کیا اچھا ثبوت دیا۔ کہ جنازہ میں دو تین گھنٹے تک صرف نکر سکا اور بجز معشوق کے لواحقین کو تہ تیغ کرنے اور ان کے گھر بار کو جلا دینے کی ہمہ تن کوشش میں محو ہو گیا۔ بالعموم معشوقوں کو ستم شعار کہا جاتا ہے مگر یہاں حضرت عاشق جفا کار ہیں۔

نادان گربہ انبار نجاست پر بڑی احتیاط سے مٹی ڈال کر سمجھتی ہے کہ اب اس نجاست کا انسانی نگاہوں میں آجانا محال ہے۔ مگر نجاست کی تعفن خود بخود پھوٹ کر نجاست کا پتہ دے دیتی ہے۔

خلفاء ثلاثہ

تاریخ الخلفاء ص ۲۳۲ پر ہے کہ خلفاء تین ہیں پہلا ابوبکر اہل ردہ کے قتل میں۔ دوسرا عمر بن عبدالعزیز دو مظالم میں، تیسرا متوکل سنت کے زندہ کرنے اور اہل تجہیم کو مارنے میں۔ اس سے چند سطر اوپر لکھا ہے کہ اس نے سنت کی طرف رغبت ظاہر کی اور اہلسنت کی مدد کی۔ ناظرین! اس مضمون سے ایک تو یہ ثابت ہوا کہ عمر اور عثمان خلیفہ رسول نہ تھے۔ دوسرے یہ کہ چونکہ متوکل نے بیدریغ شیعان علی اور سادات کو قتل کیا اور روضۂ امام حسین علیہ السلام کو شہید کرا کے اس پر ہل چلوایا اور دریا کا پانی روضہ کی طرف بہا دیا۔ اس لئے اس خلیفہ کو بہ اظہار تشکر و امتنان محی مذہب اہلسنت قرار دیا۔

اہلسنت کے عقیدہ کے مطابق محی الدین اس شخص کو کہتے ہیں۔ جو حمایت ثلاثہ اور عداوت اہلبیت میں عمر بھر کوشاں رہے۔ اہلسنت کی نگاہ میں معاویہ محی الدین اول، یزید محی الدین ثانی اور متوکل محی الدین ثالث تھا شیخ عبدالقادر گیلانی۔ امام بخاری ان تینوں کے خوشہ بردار تھے اب بھی ہزارہا متعصب اور جاہل اشخاص صفحۂ عالم پر موجود ہیں۔ جو قتل انسان کو محض تخالف اعتقاد کی بنا پر شرعاً جائز سمجھتے ہیں۔

مقابلہ فتوحات عمریہ ولیدیہ

جب شیعہ حضرات مناظرہ میں سنیوں کا دم ناک میں کر دیتے ہیں تو انکے پاس عمر کی حمایت میں رہی سہی یہ دلیل رہ جاتی ہے کہ عمر نے اپنے عہد خلافت میں یہ یہ فتوحات کئے۔ جاہل یہ نہیں سمجھتے کہ فتوحات ملکی ایک نفسانی غرض ہو اکرتی ہے۔ اس کو بطور حق خلافت پیش کرنا دیوانہ پن نہیں۔

jabirabbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

تو اور کیا ہے۔ اور اگر فتوحات ملکی ہی سنیوں کے قول کے مطابق استحقاق نیابت رسولؐ کو ظاہر کرتی ہیں تو سنیوں کے گیارھویں خلیفہ ولید کو عمرو بکر و عثمان پر بدرجہا فضیلت حاصل ہے جو سنی عقیدہ کے سراسر خلاف ہے تاریخ الخلفاء سیوطی صفحہ ۱۵۲ پر ہے کہ ابن ابی عبلہ نے کہا کہ خدا ولید پر رحم کرے۔ اور کہاں ہو سکتا ہے مثل ولید جس نے ہند اور اندلس فتح کیا۔ اور مسجد دمشق بنوائی اور فقراء و مساکین پر مساجد بیت المقدس میں رہنے والوں کی تھیلیاں تقسیم کرواتا ۸۶ھ میں اپنے باپ عبدالملک کی جگہ پر خلیفہ ہوا۔ ۸۷ھ میں مسجد دمشق بنوانی شروع کی اور مسجد نبویؐ بنوانے اور وسیع کرنیکا حکم دیا جبکہ بخارا سرانیہ۔ مطمورہ قیسقم اور بحیرہ فرسان فتح کیا ۸۸ھ میں جرثومہ اور طوانہ فتح کیا ۸۹ھ میں جزیرہ منورقہ فتح کیا۔ ۹۱ھ میں نسف کش شومان میدان اور بحر آذربائیجان کے قلعے فتح کئے ۹۲ھ میں اقلیم اندلس ارمائیل اور قرطبہ فتح کیا ۹۳ھ میں دیبل کرخ برہم۔ باجہ بیضا خوارزم سمرقند اور سندھ فتح کیا ۹۴ھ میں کابل فرغانہ شاش اور سندرہ وغیرہ فتح کیا ۹۵ھ میں موقان اور مدینۃ الباب فتح کیا ۹۶ھ میں طوس فتح کیا۔ اور اسی سال ولید نے ۵۱ سال کی عمر میں انتقال کیا۔ فرمائیے ولید عمر خطاب سے بدرجہا بہتر ہوا یا کہ نہ۔ نیز سنئے کہ ولید کی یہ فتوحات اپنے شوق اور مرضی سے تھیں مگر عمر کے عہد میں جو جو فتوحات ہوئیں عمر نہ چاہتا تھا بلکہ سرداران لشکر خود بخود بطمع غنیمت آگے آگے بڑھتے چلے جاتے تھے چنانچہ تاریخ کامل جلد دوئم صفحہ ۲۰۱ پر ہے کہ عمر نے کہا کہ کاش ہمارے اور ان کے (مخالف جنگ آور قوموں) درمیان کوئی دیوار حائل ہوتی تاکہ نہ وہ ادھر آتے۔ اور نہ ہم ادھر جاتے یعنی لیے اپنے مقبوضات پر صبر و قناعت میں بسر اوقات کرتے

ولید نے نہ صرف فتوحات ہی کیں بلکہ رفاہ عوام میں بھی بہت حصہ لیا۔ تاریخ الخلفاء صفحہ ۱۵۲ پر ہے۔ کہ ولید نے فقہا اور ضعفا اور فقراء کے لئے وظائف مقرر کئے اور سوال کرنے سے منع کیا کہ کوئی کسی سے سوال نہ کرے اور ہر شخص کے لئے اتنا وظیفہ مقرر کیا۔ جو اسکو کافی ہوتا۔ اور کل امور کا نہایت مضبوطی سے انتظام کیا

تاریخ خمیس میں ہے۔ کہ ولید نے مسجد دمشق کو بنوایا۔ مسجد نبویؐ کو وسیع کیا۔ اور طلاکاری کرائی بیماروں کے لئے ہسپتال اور مہمانوں کے لئے دارالضیافت بنائے۔ سڑکوں پر میل نصب کئے۔ تین ہزار مثقال سے خانہ کعبہ کے دروازے اور ستون کو طلاکاری کی (ثلاثہ نے اپنے عہد خلافت میں ایک پوشش بھی خانہ کعبہ پر نہیں ڈالی) ہر ماہ رمضان میں خود ستر دفعہ قرآن ختم کرتا۔ مجذوموں کے لئے وظائف مقرر کئے۔ ہر زمین گیر محتاج اور اندھے کیلئے ایک ایک نوکر مقرر کیا۔ حافظان قرآن کو انعام دیتا۔ اور ان کے قرضوں کو ادا کرتا۔

باوجود ولید کی ان کارروائیوں کے ولید کو سنی مورخ کیا جانتے ہیں۔ تاریخ الخلفاء میں ہے کہ ولید بڑا ظالم اور جابر تھا عمر بن عبدالعزیز کہتا ہے کہ شام میں ولید عراق میں حجاج نے حجاز میں عثمان بن

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

حبارہ نے مصر میں قرۃ بن شریک نے قسم بخدا زمین ظلم و جور سے بھر دی۔

تاریخ الخلفاء ص۱۵۵ پر ہے کہ عمر بن عبدالعزیز کہتا ہے۔ کہ جب ولید کو قبر میں لٹایا گیا تو اس کے پاؤں قبر میں ٹپکنے لگے۔ تاریخ کامل جلد ۹ ص۲ پر ہے کہ جب ولید کو قبر میں لٹایا گیا۔ تو اس کے دونو گھٹنے اس کی گردن سے مل گئے۔ جس پر ولید کے بیٹے نے کہا۔ کہ ولید زندہ ہو گیا۔ عمر بن عبدالعزیز نے کہا نہیں۔ بلکہ واللہ تیرے باپ کے عذاب میں جلدی کی گئی۔

تاریخ الخلفا سیوطی بیان ولید بن یزید بن عبدالملک ص۱۶۸ پر ہے کہ ذہبی نے کہا کہ ولید کے کافر یا زندیق ہونے کی خبر صحیح نہیں ہے۔ بلکہ وہ شراب خوری اور لونڈے بازی میں مشہور تھا۔

ناظرین۔ ولید بن یزید بن عبدالملک کا حال اور اس کی فتوحات کا ذکر تفصیل سے لکھ چکا ہوں۔ اب چند سطور اس کے متعلق لکھتا ہوں۔ تاکہ آپ کو معلوم ہو کہ اہلسنت کے خلفائے حقہ کو نور ایمان سے کہاں تک بہرہ تھا۔

تصحیح التاریخ میں بحوالہ تاریخ کامل ابن اثیر لکھا ہے کہ تاریخ خمیس علامہ شیخ دیار بکری میں ہے کہ ولید بن یزید بن عبدالملک زندیق اور فاسق اور فاجر تھا۔ اس نے ولیعہدی میں ارادہ کیا کہ کعبہ کی چھت پر شراب نوش کرے اور اپنے ساتھیوں کو کعبہ کی چھت پر لے جانے کے لئے صندوق بھی بنوائے۔ ایک دن ولید اپنے گھر میں داخل ہوا تو دیکھا اس کی اپنی لڑکی دایہ کے پاس بیٹھی ہے ولید نے اس لڑکی کو یعنی اپنی حقیقی بیٹی کو دبوچ لیا اس سے زنا کیا اور اس کی بکارت کا ازالہ کیا۔ دایہ نے ازراہ ملامت کہا کہ یہ تو دین مجوس ہے۔ ولید نے کہا کہ جو لوگوں کا لحاظ کرنے والا ہے وہ ہلاک ہوگا اور بے شرم و بے لحاظ لذتوں پر فائز ہوگا پھر ولید نے قرآن کا فال دیکھی تو یہ آیت نکلی واستفتحوا وخاب کل جبار عنید اس پر ولید نے قرآن کو تیروں سے چھلنی کر دیا۔ اور کہا کہ جا۔ قیامت کے دن خدا سے کہہ دینا کہ ولید نے مجھے پھاڑ دیا تھا۔

پھر لکھا ہے کہ ایک روز صبح کی اذان ہوئی تو جو لونڈی ولید کو شراب پلا رہی تھی۔ اس کے ساتھ ہم بستری کی اور قسم کھائی کہ یہی لونڈی اسی حالت جنابت اور نشہ میں لوگوں کو نماز پڑھائے گی۔ چنانچہ وہ لونڈی فی الفور بحالت جنابت و نشہ مسجد میں آئی اور پیش نماز بنی۔

پھر لکھا ہے کہ ولید ان تمام کنیزوں کو جو اس کے باپ کے تصرف میں رہی تھیں۔ اور صاحب اولاد بھی تھیں اپنے تصرف میں لے آیا۔

تاریخ کامل جلد پنجم ص۱۰ اور تاریخ الخلفا میں ہے کہ شبیب بن شیبہ نے کہا کہ ہم لوگ مہدی

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

خلیفہ عباسی کے پاس بیٹھے تھے کہ ولید کا ذکر چھڑ گیا۔ مہدی نے کہا۔ ولید زندیق تھا۔ ابو علامہ فقیہ اہلسنت جھٹ بول اٹھا کہ یہ تو خدا کے عدل کے خلاف ہے کہ وہ رسول اللہ کا نائب زندیق قرار دے یعنی چونکہ وہ خلیفۃ المسلمین تھا۔ اس لئے ہر قبیح حرکت جائز ہے۔

علامہ ابن حجر عسقلانی نے فتح الباری شرح بخاری میں اور امام جلال الدین سیوطی نے تاریخ الخلفاء میں اور شاہ ولی اللہ نے ازالۃ الخفا میں اور ملا علی قاری نے شرح فقہ اکبر میں اور قاضی عیاض نے شفا میں لکھا ہے۔ کہ سنیوں کے بارہ اماموں میں سے ولید ایک امام تھا۔ ان خلفاء دوازدہ کے اسمائے گرامی یہ لکھے ہیں۔ ابوبکر۔ عمر۔ عثمان۔ علیؑ۔ معاویہ۔ یزید۔ عبدالملک بن مروان یزید۔ سلیمان۔ ہشام۔ ولید۔ عمر بن عبدالعزیز۔

تاریخ الخلفاء سیوطی مطبوعہ مصر ص۹۰ بیان سلیمان بن یزید میں ہے کہ خلیفہ ولید بن یزید بن عبدالملک بن مروان نے اپنے حقیقی بھائی سلیمان بن یزید سے اغلام کا ارادہ کیا۔ جب ولید کی موت پر سلیمان خلیفہ ہوا۔ تو اس نے ولید کے اس فاسد ارادے کا ذکر کیا۔

دنیا جانتی ہے کہ سکندر اعظم نے مقدونیہ جیسے چھوٹے سے علاقہ کی سلطنت کو بہادری اور استقلال سے کس قدر وسعت دی۔ اور نپولین نے قریباً تمام یورپ کو تہ و بالا کر دیا۔ کیا انہیں کسی نے آج تک نائب موٹے یا نائب طیبے کا نام دیا۔

سکندر اعظم اور نپولین کی بہادری کو تمام مورخین نے تسلیم کیا ہے۔ کیونکہ وہ دونوں خود میدان جنگ میں شریک ہوتے تھے۔ مگر حضرات ثلاثہ میں سے کوئی بھی کسی جنگ میں شریک نہیں ہوا۔ آنحضرتؐ کے تمام غزوات کے حالات کا مطالعہ کریں۔ آپ کو ایک جنگ بھی ایسا نہ ملیگا جس میں حضرات ثلاثہ کے بدن کو دشمن کے ناخن تک سے کوئی خراش تک پہنچی ہو۔ یہ نرالی قسم اور انوکھی طرح کے شجاع تھے۔ نہ تو کسی کو کبھی زخمی کیا۔ اور نہ خود کبھی کسی سے زخمی ہوئے مگر شجاع زمانہ اور بہادر دوراں کہلاتے ہیں۔ اگر شجاعت اور بہادری کے معنے اہلسنت کی لغت میں نامردی اور بزدلی ہیں۔ تو ہم بھی حضرات ثلاثہ کو شجاع روزگار کہنے پر تیار ہیں۔

غزوات رسولؐ کو پڑھیں تو آپ بیساختہ کہہ اٹھینگے کہ شجاعت۔ بہادری اور سرفروشی کا سہرا نائب رسولؐ۔ زوج بتولؑ۔ امام الانس والجان۔ شاہ کون و مکان۔ فاتح خیبر۔ قاتل مرحب و عنتر۔ دست خدا۔ شیر کبریا۔ مولا المومنین خلیفۃ المسلمین حیدر کرار۔ آقائے نامدار محبوب مصطفےٰ سردار دوسرا شافع محشر۔ ساقئے کوثر حضرت علی علیہ الصلوٰۃ والسلام کے سر اطہر پر تھا۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

خلافتِ عمریہ

روضۃ الاحباب جلد دوئم ذکر مرض الموت ابوبکر ص۲۳۳ اور تاریخ کامل ابن اثیر جزری جلد دوئم ص۱۶۳ اور تاریخ طبری میں ہے کہ ابوبکر نے بوقت وفات عثمان سے اپنی جانشینی کے بارہ میں وصیت لکھانی چاہی لیکن ابھی کسی شخص کا نام نہ لکھوایا تھا۔ کہ ابوبکر پر غشی طاری ہوگئی۔ عثمان نے اپنی طرف سے عمر بن خطاب کا نام لکھدیا۔ ابوبکر ہوش میں آیا۔ تو عثمان نے کہا جو کچھ آپ کے دل میں تھا؟ مجھے معلوم تھا۔ اس لئے میں نے عمر کا نام لکھدیا۔

کتاب الامامت والسیاست ص۲۳ پر ہے کہ حسب فرمودہ ابوبکر عثمان نے وہ وصیت لفافہ میں بند کر کے مہر کردی۔ عمر نے لوگوں کی بیعت اس بند لفافہ پر لی۔ کسی نے پوچھا کہ اس لفافہ میں کیا ہے عمر نے کہا ہم جانتے تو نہیں۔ مگر جو کچھ اس میں ہے۔ ہم اس کی اطاعت کریں گے تو اس شخص نے کہا۔ اگر تم نہیں جانتے تو ہم جانتے ہیں کہ پہلے سال تم نے اس کو خلیفہ بنایا تھا اور معاوضہ میں اس سال اس نے تم کو خلیفہ بنایا۔

ناظرین۔ یہ بند شدہ لفافہ ابوبکر کے غلام مسمی شدید کے سپرد تھا۔ اور عمر بن خطاب پاس ہی ہاتھ میں ڈنڈا لئے کھڑا تھا۔

تہذیب الکمال جمال الدین مزی اور وسیلۃ النجات ملا مبین اور ریاض النضرہ محب طبری اور کنز العمال اور ازالۃ الخفا فضائل عمر ذکر رعایت وصلہ اقارب آنحضرتؐ اور صواعق محرقہ ابن حجر اور تاریخ ابن عساکر اور تاریخ سیوطی میں ہے اور ابن سعد اور ابن راہویہ اور خطیب نے بیان کیا ہے۔ کہ امام حسینؑ نے عمر بن خطاب کو کہا کہ اتر جا میرے باپ کے منبر سے اور اپنے باپ کے منبر کی طرف جا۔ عمر نے امام حسینؑ کو گود میں بٹھا لیا اور کہا کہ اے حسینؑ میرے باپ کا کوئی منبر نہیں پھر عمر امام حسینؑ کو اپنے گھر لے گیا اور پوچھا کہ یہ بات آپ کو کس نے کہی تھی۔ امام حسینؑ نے فرمایا۔ خدا کی قسم مجھے کسی نے یہ بات نہیں سکھائی۔ پھر دوسرے دن عمر نے امام حسینؑ کو کہا کہ جو کچھ آپ ہمارے سر پر دیکھ رہے ہیں۔ یہ اللہ کے اور آپ کے ہی اگائے ہوئے ہیں۔

تاریخ الخلفا سیوطی میں ہے کہ کسی نے عمر سے کہا اپنے بعد ابن عمر کو خلیفہ بناؤ۔ اس پر عمر نے کہا خدا تجھے قتل کرے۔ تو نے یہ بات رضائے خدا کے لئے نہیں کہی ہے۔ بلکہ مجھے خوش کرنے کو کہی ہے ہم ابن عمر کو خلیفہ کیونکر بنا سکتے ہیں۔ جو یہ بھی نہیں جانتا کہ اپنی زوجہ کو طلاق کس طرح دی جاتی ہے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

باقی اہل مکہ اس نظر بندی اور بندش جہاد سے مستثنیٰ تھے۔

مروج الذہب علامہ مسعودی برحاشیہ تاریخ کامل جلد پنجم صفحہ ۱۲۵ پر ہے کہ عمر نے عبداللہ بن عباس کو کہا کہ مجھے کھٹکا ہے کہ اگر میں مرجاؤں تو تم میری طرف سے عامل ہو تو تم لوگوں کو اپنی طرف کھینچو۔

تفسیر مدارک زیر آیہ "وآتیتم احداھن قنطارا" میں ہے کہ عمر نے منبر پر کہا کہ تم لوگ اپنی عورتوں کے مہر گراں نہ کرو۔ پس ایک عورت نے کہا ہم تمہاری بات کی پیروی کریں یا خدا کے حکم کی کہ اس نے فرمایا ہے۔ "وآتیتم احداھن قنطارا" تب عمر نے کہا کہ مجھ سے تو ہر شخص زیادہ عالم ہے۔ پس جس قدر مہر چاہو نکاح کرو

تفسیر معالم التنزیل صفحہ ۸۹ پر ہے کہ عمر نے ایک شخص کو پڑھتے سنا "ومن الناس یشتری نفسہ ابتغاء مرضات اللہ" تو کہا "انا للہ وانا الیہ راجعون" پس ایک شخص امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کے لئے کھڑا ہوگیا۔ عمر نے اس کو قتل کروا دیا۔

تفسیر طبری مطبوعہ مصر جلد دوم صفحہ ۱۷۹ پر ہے کہ ابن عباس نے کہا کہ ہم دیکھتے ہیں کہ ایک شخص آیہ بالا کے مطابق اٹھتا ہے اور تقویٰ کا حکم دیتا ہے۔ اور وہ دوسرا شخص عزو (جہالت) کیوجہ سے قبول نہیں کرتا تو وہ اپنی جان بیچکر کھڑا ہوجاتا ہے۔ اور اس سے لڑتا ہے پس دونوں لڑنے لگتے ہیں۔

الفاروق شبلی صفحہ ۲۲ پر ہے کہ عمر نے عبداللہ بن مسعود اور ابودرداء اور ابومسعود انصاری کو قید کردیا اور کہا کہ تم لوگوں نے آنحضرتؐ سے بہت احادیث کی اشاعت کردی ہیں۔ بحیر الفاروق صفحہ ۲۳ پر ہے کہ اس حکم کا نتیجہ یہ ہوا۔ کہ ابن مسعود کم احادیث روایت کرتا۔ یہاں تک کہ سال سال بھر "قال رسول" نہیں کہتا تھا۔

تاریخ خمیس صفحہ ۳۲۳ پر ہے کہ لوگوں نے کہا۔ کون ایسا ہے جو محمدؐ کو قتل کرے۔ تو عمر نے کہا اس کام کو میں کرونگا۔

ازالۃ الخفا صفحہ ۱۱ پر ہے کہ عمر نے کہا ہم ضرور منع کرینگے۔ کہ حسب والی عورتیں غیر کفو سے نکاح نہ کریں۔

کشف الغطا مطبوعہ صدیقی لاہور صفحہ ۲۴ پر ہے کہ ایک دن بوقت فجر عمر کے پاس موذن آیا۔ اور کہا "الصلوۃ خیر من النوم" یعنی سونے سے نماز بہتر ہے عمر نے کہا یہی کلمہ صبح کی اذان میں کہا کرو۔

بخاری کتاب الصوم باب فضل من قام رمضان پارہ آٹھواں صفحہ ۵۱ وصفحہ ۱۰ پر ہے کہ عمر نے لوگوں کو ابی بن کعب کے پیچھے نماز تراویح کا حکم دیا اور کہا یہ اچھی بدعت ہے تاریخ الخلفا سیوطی باب

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اولیات عمر میں ہے کہ عمر نے اپنے زمانہ خلافت میں سب سے پہلے امیر المومنین کا خطاب خود ہی اپنے لیے تجویز کیا۔ اور ماہ رمضان میں تراویح کی بنیاد ڈالی اور متعہ کو حرام کیا اور نماز میں تکبیر کی اور نماز جنازہ میں لوگوں کو پانچ تکبیروں پر اکٹھا کیا۔

تاریخ الخلفاء میں ہے کہ عمر بن خطاب پہلا شخص ہے جس نے تراویح کو جاری کیا۔ نووی شرح مسلم کتاب الطلاق جلد اول ص۴۷۸ پر ہے کہ عمر نے حکم جاری کیا کہ مرد عورت کو ایک ہی دفعہ تین طلاق دے سکتا ہے۔

حاشیہ بخاری مولوی وحید الزمان پارہ اول کتاب الوضوء ص[illegible] پر ہے کہ عمر نے پیشاب کے بعد اپنا ذکر دیوار پر رگڑا۔ مترجم بخاری پارہ چوتھا ابواب الاستسقاء مطبوعہ محمدی پریس لاہور مولوی وحید الزمان ص[illegible] پر ہے کہ عمر کے عہد میں جب کبھی قحط پڑتا تو حضرت عباس کے وسیلے سے دعا کی جاتی اور بارش ہوتی۔ عمر کے علم و فضل پر [illegible] تو اس جیسا بے علم کہیں نظر نہیں آتا [illegible] مسائل عوام الناس سے پوچھتا پھرتا تھا [illegible] دیکھیں تو وہ اپنے بد عمل ہونے کا خود معترف ہے مزاج کا ایسا درشت اور اکھڑ تھا کہ خدا کی پناہ [illegible] اصحاب رسول کو اس کی بد مزاجی سے [illegible] شکایت رہی [illegible] دیانت اور امانت [illegible] اس طرف نا شبہ تھی [illegible] طرح گدھے کے سر سے سینگ۔ احکام شریعت اس کے عہد خلافت میں [illegible] بازی کی طرح تھے جن کو ٹھوکروں سے ادھر ادھر اچھالا جاتا۔ غرض عمر بن خطاب خاتم خلافت [illegible] کہ جب [illegible] انہیں [illegible] حضرات اس کی جتنی بھی عزت و حرمت کریں کم ہے جس خلوص ارادت [illegible] سے عمر بن خطاب خاندان اہلبیت سے آنحضرت کی وفات کے بعد پیش آیا اس کی [illegible] نتائج [illegible] ہیں انہیں ملتی ہیں شیعہ حضرات پر اٹھتے بیٹھتے اور سوتے جاگتے اس پر ...... بھیجنا فرض ہے۔

صلح حدیبیہ

تفسیر درمنثور سورہ فتح جلد ششم ص[illegible] زاد المعاد اور تفسیر [illegible] میں ہے کہ جنگ حدیبیہ میں آنحضرت اور کفار کے درمیان صلح ہونی قرار پائی اور حضرت علی علیہ السلام نے صلح نامہ لکھنا شروع کیا جب لکھا گیا۔ یہ صلح نامہ [illegible] محمد الرسول اللہ اور فلاں کے [illegible] تو کفار نے کہا کہ اگر ہم محمد کو رسول اللہ مانتے تو جنگ ہی کیوں کرتے [illegible] ہم کو رسول اللہ لکھا جانا منظور نہیں آنحضرت نے [illegible] فرمایا کہ لفظ رسول اللہ مٹا دو حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا کہ میرا جوش ایمان اس امر کی اجازت

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جو شخص مسلمانوں کے کسی امر کا والی ہوا اور وہ مسلمانوں پر بابامنہ اور بحالیکہ جو سے کسی آدمی کو امیر کرے تو اس والی پر خدا کی لعنت ہو۔ خدا اس کی توبہ قبول نہ کریگا۔ یہاں تک کہ اسکو جہنم میں داخل کریگا۔

تاریخ الخلفا سیوطی مطبوعہ سرکاری لاہور صفحہ ۱۳۹ سطر ۱۷ پر سفیان بن ابی العرجا سے روایت ہے کہ عمر نے کہا کہ خدا کی قسم میں نہیں جانتا کہ آیا میں خلیفہ ہوں یا بادشاہ۔

ریاض النضرہ باب ثانی فصل حادی عشر مناقب عمر قسم ثانی اور صواعق محرقہ ابن حجر باب اول فصل چہارم اور مسند امام احمد حنبل جلد اول صفحہ ۴۳ اور مسلم کتاب الامارت اور بخاری کتاب الاستخلاف اور قسطلانی اور قرۃ العینین شاہ ولی اللہ اور ترمذی باب ما جاء فی الخلافت صفحہ ۳۷ میں ہے کہ عمر نے کہا۔ کہ اگر میں خلیفہ مقرر کروں تو اس شخص نے بھی (ابوبکر نے) خلیفہ مقرر کیا جو مجھ سے بہتر تھا اور اگر مقرر نہ کروں تو رسول اللہ کی سنت پر عامل ہوں گا یعنی رسول اللہ نے بھی کسی کو خلیفہ نہ کیا۔ نیز کنز العمال اور تاریخ الخلفاء اور طبقات ابن سعد اور تاریخ ابن عساکر اور کتاب الامامۃ والسیاسۃ ابن قتیبہ در تولیت عمر السنۃ للبیہقی وحمد الیہ من ولایۃ عمر اور شرح ابن ابی الحدید در شرح خطبہ شقشقیہ جزو اول اور استیعاب بہ تحت علی بن ابی طالب اور مستدرک حاکم میں یہی قول عمر درج ہے۔

مفتی محمد شفیع الدین خاں مرحوم اکبرآبادی نے رائل ایشیاٹک سوسائٹی برطانیہ و آئرلینڈ و ملک پنجاب ہسٹوریکل سوسائٹی نے بھی کتاب انسہ مشرقیت کو بہ تعلیم و شرح کیا ہے۔ جو عمر بن خطاب نے ابو عبیدہ کی معرفت حضرت علی علیہ السلام کو انکار بیعت کرنے پر لکھا تھا جس کا ضروری خلاصہ یہ ہے۔

بیشک اللہ نے رسول اللہ کی معرفت ہر شخص کی ناک ٹیڑھی کی۔ ہر سرکش کی چیٹھ توڑ دی۔ ہر گنگ کی زبان کھولی ہیں۔ تمہارے سر میں کیا تکبر بھرا ہے۔ تمہارے دل میں کیا بات کا خوف ؟ دردمند انقصہ ہے۔ یہ کیا کیڑا ہے۔ جو تمہاری پسلیوں کی رگوں کو کھا گیا ہے۔ تمہاری آنکھوں میں کیا چیز پڑ گئی ہے جس نے تمہاری آنکھوں پر پردہ ڈال دیا ہے اور تم نے کس سبب سے چیتے کی کھال پہن رکھی ہے۔ رسول اللہ نے امر خلافت کو مقید اور محبوس کسی کے حق میں کیا تھا۔ اور تمہارے بارے میں نہ کوئی قول ہے اور نہ کوئی آیت قرآنی۔

مسلم کتاب الایمان جلد اول صفحہ ۳۳ و صفحہ ۴۵ اور مظاہر حق شرح مشکوٰۃ جلد اول کتاب الایمان صفحہ پر بروایت ابوہریرہ لکھا ہے کہ آنحضرتؐ نے مجھ کو اپنی نعلین مبارک دی اور فرمایا کہ باہر چلے جاؤ اور کہو کہ جو شخص یہ اقرار کرے کہ خدائے واحد کے سوائے کوئی اور قابل عبادت نہیں۔ وہ داخل جنت ہوگا۔ میں اس ندا کے لیے باہر نکلا ہی تھا کہ مجھے عمر بن خطاب ملا جسے میں نے صورت معاملہ بیان

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کی تو میرے سینہ میں اس زور سے گھونسا مارا کہ میں چوتڑوں کے بل زمین پر گر پڑا اور پھر عمر نے مجھ سے کہا کہ ابھی واپس چلے جاؤ۔ پس میں نے آ کر آنحضرتؐ سے تمام بات عرض کر دی۔ اور عمر بھی وہاں آ پہنچا۔ آنحضرتؐ نے عمر سے پوچھا کہ تم نے ابوہریرہ کو کیوں مارا۔ عمر نے کہا کیا آپ نے اس کو بھیجا تھا فرمایا ہاں۔ اس پر عمر نے کہا کہ ایسا حکم نہ دیجئے۔ مجھے خوف ہے کہ لوگ کہیں عبادت خداوندی ترک کر دیں۔ آنحضرتؐ نے فرمایا۔ اچھا جانے دو۔

جامع ترمذی جلد دوم صفحہ ۱۴۳، مسلم جلد دوم صفحہ ۱۲۳، شرح فقہ اکبر صفحہ ۷۲ اور فتح الباری میں ابن جلال سے نقل کر کے روایت کی ہے کہ عمر بن خطاب نے کہا اگر میں خلیفہ بناؤں تو اس نے جو مجھ سے بہتر تھا یعنی ابوبکر نے خلیفہ بنایا تھا۔ اور اگر کسی کو خلیفہ نہ بناؤں تو اس نے بھی جو مجھ سے بہتر تھا۔ یعنی رسول اللہ نے کسی کو خلیفہ نہیں بنایا تھا۔

طبقات ابن سعد میں بروایت سفیان ابن ابوالعرجا اور تاریخ الخلفا میں لکھا ہے کہ عمر بن خطاب نے کہا۔ کہ خدا کی قسم میں خلیفہ ہوں یا بادشاہ اگر میں بادشاہ ہوں۔ تو یہ امر عظیم ہے پس ایک کہنے والے نے کہا اے امیرالمومنین خلیفہ اور بادشاہ میں فرق ہے۔ عمر نے پوچھا کیا فرق ہے۔ اس نے کہا خلیفہ وہ ہے جو اپنا ہی حق لے اور کسی کا حق نہ لے اور حق کو حق کی جگہ پر رکھے اور غیر حق کو جگہ پر نہ رکھے۔ خدا کا شکر ہے کہ تو ایسا ہی ہے (راوی نے فرمایا کہ عمر کو خوشامد یا بخوف کہا) اور بادشاہ وہ ہے جو لوگوں سے تعصب کر کے ایک سے لیتا اور دوسرے کو دیتا ہے پس عمر خاموش رہا۔

تاریخ ابن عساکر میں معاویہ بن قرہ سے روایت ہے کہ ابوبکر کو خلیفہ رسول لکھا جاتا تھا جب عمر کا زمانہ آیا۔ تو لوگوں نے عمر کو امیرالمومنین کا لقب دیا۔ تفسیر درمنثور جلد اول مطبوعہ مصر صفحہ ۲۱ پر ہے کہ عمر نے بارہ سال میں سورہ بقر پڑھی۔ تو شکرانہ میں اونٹ قربانی دیا۔ یہی روایت شعب الایمان بیہقی اور کتاب معاۃ مالک از خطیب اور تنویر الحوالک میں مرقوم ہے۔

ابوبکر نے وقت مرگ عمر کے کہنے کے مطابق وصیت نامہ لکھوایا جس میں انہوں نے عمر کو اپنے بعد خلیفہ مقرر کیا۔ پھر یہ وصیت نامہ لفافہ میں بند کر کے ابوبکر کے مہر سے مہر کر دیا گیا۔

جب عمر بن خطاب نے اس بند لفافے پر لوگوں سے بیعت لینی چاہی اور انہوں نے پوچھا کہ اس میں کس شخص کا نام ہے۔ تو عمر نے کہا کہ مجھے اس کا علم نہیں ہے لیکن میں اس لفافے کے حکم کا مطیع ہوں۔ اب ناظرین ہی فیصلہ کریں کہ آیا عمر جیسا کذاب شخص خلافت رسولؐ کے قابل ہو سکتا ہے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

عمر کو کیا حق حاصل تھا کہ ابوبکر سے دربارہ اپنی خلافت کی وصیت لکھوا لیتا۔ اگر خلافت کیلئے بقول علمائے اہلسنت آنحضرتؐ نے کوئی آدمی نامزد نہ کیا تھا تو نہ تو ابوبکر کو حق حاصل تھا کہ عمر کو اپنے بعد خلیفہ نامزد کرتا اور نہ عمر کو چاہیئے تھا کہ ابوبکر سے ایسا وصیت نامہ لکھواتا۔ اس طرح یہ تینوں یکساں مجرم ہیں۔

حضرت عمر صاحب کے کارنامے

الفاروق ص۲۰۵ میں ہے کہ عمر نے ایک رات گشت لگاتے ہوئے ایک عورت کو یہ کہتے سنا کہ آج کی رات طویل ہو گئی اور اس کے اطراف نہایت سیاہ ہیں اور مجھے اس امر نے بیدار کر رکھا ہے کہ میرے پاس میرا ہم خواب (خاوند) نہیں جس سے میں کھیلوں۔ خدا کی قسم اگر انجام کا خیال نہ ہوتا تو اس وقت اس چارپائی کی چولیں ہلائی جا رہی ہوتیں۔ عمر کو اس بات سے سخت قلق ہوا۔ اور کہا میں نے زنان عرب پر ظلم کیا ہے۔ پس اپنی لڑکی حفصہ کے پاس گیا اور پوچھا کہ عورت کتنے دن مرد کے بغیر رہ سکتی ہے۔ حفصہ نے کہا چار مہینے۔ صبح ہوئی تو عمر نے ہر جگہ حکم بھیج دیا کہ کوئی سپاہی چار مہینے سے زیادہ باہر نہ رہے۔ تقریباً یہی واقعہ تاریخ الخلفاء ص۹۷ پر ہے۔

ازالۃ الخفاء مقصد دوم ص۸۳ پر ہے کہ عمر ایک رات گشت لگا رہا تھا۔ کہ ایک گھر سے گانے کی آواز سنی عمر دیوار پھاند کر گھر میں داخل ہوا۔ دیکھا ایک مرد کے پاس ایک غیر عورت ہے اور شراب رکھی ہے۔ عمر نے کہا اے دشمن خدا۔ تو گمان کرتا تھا کہ خدا تیری پردہ پوشی کریگا حالانکہ تو اس کی معصیت کر رہا ہے۔ اس نے کہا۔ اے امیر المومنین۔ تم نے بھی تین معصیتیں کی ہیں۔ خدا کہتا ہے لا تجسسوا اور تم نے تجسس کیا۔ خدا کہتا ہے کہ گھروں میں دروازوں سے داخل ہو۔ تم دیوار پھاند کر آئے ہو۔ خدا کہتا ہے دوسرے کے گھر میں (بلا اجازت) داخل مت ہو تم ہمارے گھر میں بلا اذن داخل ہوئے ہو۔

ازالۃ الخفاء جلد دوم ص۱۵۰ پر ہے کہ عمر کے بیٹے ابو شحمہ نے شراب پی اور زنا کیا اسکو گرفتار کر کے عمر کے دربار میں لایا گیا۔ ابو شحمہ نے کہا مسلمانو تم میں کسی نے میرے جیسا کام جاہلیت یا اسلام میں کیا ہو۔ یہ اسلام غور طلب لفظ ہے۔ وہ مجھ پر حد نہیں لگا سکتے۔ (جب عمر اور دربار عمر میں سے کوئی شخص حد لگانے کی جرات نہ کر سکا) حضرت علی علیہ السلام کھڑے ہو گئے اور امام حسن علیہ السلام نے ابو شحمہ کا داہنا بازو اور امام حسین علیہ السلام نے ابو شحمہ کا بایاں بازو پکڑا اور حضرت نے سولہ کوڑے مارے کہ وہ غش کھا کر زمین پر گر پڑا حضرت نے چھوڑ دیا اور فرمایا جا خدا سے کہہ دینا کہ مجھ پر اس نے حد جاری کی

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہے بھی رہ فاسق تیری کوئی حد نہیں۔ اس کے بعد عمر نے سو کوڑے پورے کیا اور وہ مر گیا۔ اس واقعہ کو سنی لوگ عمر کی انصاف پسندی پر محمول کر کے فخر و مباہات کرتے ہیں۔ حالانکہ اس میں عمر کی سراسر توہین ہے بیٹا باپ کو رو در رو کہہ رہا ہے کہ تو بحالت اسلام بھی شراب اور زنا کا مرتکب ہے۔

حسن المحاضرۃ علامہ سیوطی ص۹۰ پر ہے کہ عمر بن خطاب نے عمرو عاص کو حکم نامہ بھیجا کہ ذمیوں (اہل غیر مسلم قومیں جو اپنے مسلمان بادشاہ کو اپنی حفاظت کے سلسلہ میں کچھ رقم [illegible] ادا کریں) کی گردنوں میں سیسہ کی تختیاں (برائے شناخت) ڈالدیں اپنے کمربند کو نمایاں کریں (تاکہ غلام معلوم ہوں) انکی پیشانیوں کو داغ دیں۔ حکم دو کہ یہ لوگ سواری پر عرض میں بیٹھیں اور لباس میں مسلمانوں سے تشبہ نہ کریں

پھر ص۱۰۱ پر لکھا ہے کہ شعبان ۷۰۰ھ میں خلیفہ وقت نے حکم دیا کہ یہودی زرد رنگ کا عمامہ باندھا کریں اور نصاریٰ نیلے رنگ کا اور سامری سرخ رنگ کا۔ اس حکم کا عملدرآمد سیوطی کے زمانہ تک جاری رہا۔ اگر عمر ایسے قوانین جاری نہ کرتا۔ تو کسی اور خلیفہ کو بھی جرأت نہ ہوتی۔

پھر ص۱۰۲ پر لکھتا ہے کہ ۷۵۵ھ میں یہ حکم دیا گیا۔ کہ نصاریٰ کا ازرق عمامہ ہو۔ اور یہودیوں کا زرد رنگ کا ہو اور سامری کا آزار سرخ رنگ کا ہو۔ سبحان اللہ کیا ما آزار تھی ان ستم ظریفیوں سے [illegible]

پھر ص۱۰۶ پر لکھتا ہے کہ سادات اشراف کے لئے حکم ہوا کہ اپنے عماموں پر سبز نشان لگائیں [illegible] ثابت تھا یہ نشان کوئی عزت کا نشان نہ تھا۔ بلکہ اس حکم کا مطلب یہ تھا کہ یہ گروہ بھی بوجہ محبت اہلبیت ذمیوں کی طرح ہے [illegible] جب خلیفۃ المسلمین کو [illegible] مطلوب ہو گی تو تمام سادات کو خواہ [illegible] وہ [illegible] قتل کر کے ان کے سروں کو پتھروں کی طرح [illegible] قطاروں میں رکھ کر ایک [illegible] اہلبیت کا ماتم بنایا جائے گا [illegible] تخت [illegible] خلیفۃ المسلمین خود اور [illegible] مجلس [illegible] رقص [illegible] فرماتے [illegible] جھوم کر [illegible] نہ بہت ہے [illegible] بات ہے [illegible] اپنے یاروں کی من گھڑت ہیں۔

[illegible] کہتے ہیں کہ جب عمر مسلمان ہو گیا تو مسلمانوں کو ہر طرف آزادی سے چلنے پھرنے اور [illegible] کی جرأت پیدا ہو گئی۔ حالانکہ عمر کی حرکات کیوجہ سے آنحضرت کو شعب ابو طالب میں پناہ گزین ہونا پڑا۔ علاوہ ازیں تاریخ طبری ص۲۲۳ پر ہے کہ جب حضرت حمزہ ایمان لے آئے تو [illegible] مسلمان سمجھ گئے کہ اب رسول اللہ غالب آگئے اور حضرت حمزہ انکی حفاظت کرینگے۔ لہذا رسول اللہ کی اذیت سے باز آگئے

امام ابو شامہ نے کتاب الباعث علی انکار البدع والحوادث ص۱۲ پر لکھا ہے کہ امام شافعی کہتا ہے کہ ابوبکر اور عمر قربانی (عید الضحیٰ) نہ دیا کرتے تھے۔ اس کراہت سے کہ لوگ ان کی اقتدا کریں اور سمجھیں

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کہ واجب ہے اور حذیفہ ابن اسید کہتا ہے کہ ابوبکر اور عمر ہمارے ہمسایہ تھے۔ مگر وہ تو قربانی نہ دیا کرتے تھے کہ لوگ ان کی اقتدا نہ کریں۔

فتح الباری ابن حجر عسقلانی جلد اول صفحہ [illegible] پر ہے کہ مقام ابراہیم کو جہاں وہ آنحضرتؐ اور ابوبکر اور عمر کے عہد میں تھا، نہیں تبدیل کیا گیا لیکن جلد چہارم صفحہ [illegible] پر خود ہی لکھتا ہے کہ مقام ابراہیم عہد ابراہیم سے متصل تھا۔ مگر عمر نے اس کو اصلی مقام سے ہٹا دیا۔ اور منتقل کیا جہاں کہ اب ہے پھر صفحہ [illegible] پر لکھتا ہے کہ صحابہ نے اس فعل عمر پر نہ تو اعتراض کیا اور نہ انکار۔ لہٰذا اجماع ہوا۔ نیز جلد سوم صفحہ [illegible] پر ہے کہ عمر نے مقام ابراہیم کو تبدیل کیا۔ تو کسی صحابی نے بھی چوں و چرا نہ کی۔

فتح الباری جلد دوم صفحہ [illegible] پر ہے کہ عبداللہ بن زبیر نے خانہ کعبہ کو گرا کر اپنی مرضی کے مطابق بنوایا جب عبداللہ بن زبیر مارا گیا۔ تو حجاج بن یوسف ثقفی نے خانہ کعبہ کو توڑ پھوڑ کر پھر اصلی حالت پر بنایا جس طرح زمانہ قریش میں تھا۔

ازالۃ الخفا صفحہ [illegible] پر ہے کہ عمر نے حکم دیا۔ کہ حج اور عمرہ میں فصل کرو تاکہ حج اور عمرہ تمام ہو اور عمرہ غیر ماہ حج میں ہونا چاہیے تاکہ عمرہ تمام ہو۔ ناظرین آنحضرتؐ نے اپنے آخری حج میں تاکیدی حکم فرمایا۔ کہ حج اور عمرہ ایک ساتھ بجا لایا کرو۔ اسی کتاب میں ہے کہ عمر نے [illegible] رسول اللہ کو حج کی اجازت دیدی اور ان کے ہمراہ عثمان اور عبدالرحمان کو کر دیا۔ ترمذی میں ہے کہ کسی نے ابن عمر سے پوچھا کہ آیا حج تمتع جائز ہے (یعنی حج اور عمرہ کو ایک ساتھ ادا کیا جائے) ابن عمر نے کہا۔ بالکل جائز ہے اس شخص نے کہا مگر تمہارا باپ اس کو ناجائز قرار دیتا ہے۔ ابن عمر نے کہا کہ اگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اجازت دیں اور ہمارا باپ منع کرے تو کس کا حکم مانا جائے۔ [illegible] حکم رسول مانیں گے پھر ابن عمر نے کہا کہ رسول اللہ نے جائز قرار دیا ہے۔

ازالۃ الخفا میں ہے کہ تمام صحابی اس کے قائل تھے کہ روز قربانی عورت طواف کرے۔ اور اگر اسے حیض آ جائے تو اس کا حج پورا ہو گیا لیکن عمر نے کہا کہ نہیں۔ وہ عورت پھر طواف کرے۔

[illegible] صفحہ [illegible] پر ہے کہ نبی ہاشمی کے لڑکوں نے بنی ہاشم کو گھر بنایا اور [illegible] نبی ہاشم کو کوئی حصہ نہ دیا لیکن بنی امیہ کو خمس سے بہت [illegible] یہ حاشیہ تاریخ کامل [illegible] پر ہے کہ ابوبکر اور عمر نے حضرت علیؑ کو اپنے گھر کا [illegible] اپنے عہد میں حصہ نہ دیا۔

[illegible] پر ہے کہ [illegible] اسلام میں پہلے [illegible] عمر نے [illegible]

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

غلام مسمی یرفا کو جرم سے بچنے کے لئے رشوت دی اور اسی مشہور نے بحالت اسلام تین سو عورتوں سے نکاح کیا۔

بخاری کتاب تیمم۔ شرح قسطلانی جلد اول مطبوعہ نولکشور ص۳۵۶ مسلم شرح نووی مطبوعہ احمدی سہارنپوری باب تیمم جلد اول ص۱۶۱ السنن نسائی مطبوعہ نظامی ص۵۵ تا ص۶۲ ابوداؤد ابن ماجہ طحاوی کنز العمال استذکار شرح موطا۔ جامع الاصول۔ جمع بین الصحیحین حمیدی۔ صحیح صادق۔ اصابہ۔ ازالۃ الخفا۔ کتاب الانصاف۔ مسند عبدالرزاق۔ مسند سعید بن منصور۔ جمع الجوامع۔ مصنف ابن ابی شیبہ۔ مشکوٰۃ المصابیح۔ اسد الغابہ وغیرہ میں لکھا ہے کہ عمر بن خطاب نے حکم دیا۔ کہ جو شخص جنب کی حالت میں ہو اور اس کو پانی نہ ملے۔ تو تیمم کر کے نماز نہ پڑھے۔ خواہ اس کو پانی ایک ماہ تک نہ مل سکے۔

سورۂ مائدہ میں ہے کہ جو شخص اس حکم کے مطابق حکم نہ دے۔ جو اللہ نے نازل کیا ہے تو وہ کافر ہے۔

سورۃ النساء رکوع ۷ میں ہے کہ اگر تم بیمار ہو یا سفر میں ہو یا تم میں سے کسی کا پاخانہ نکل گئے۔ یا عورتوں سے مجامعت کی ہو اور پھر کو پانی نہ مل سکے تو پاک مٹی سے تیمم کر لو۔

کتاب استذکار شرح موطا ابن عبدالبر مالکی ص۱۴۹ پر ہے۔ کہ مشرق اور مغرب کے کل شہروں کے علماء نے اس پر اجماع کیا ہے کہ جب پانی نہ ملے تو پاک مٹی سے تیمم کرنا ہر ایک مسلمان کی طہارت ہے۔ خواہ وہ مریض ہو یا مسافر ہو یا جنب ہو۔

اسد الغابہ ص۹۶ پر ہے کہ عمار نے عمر سے کہا کہ رسول اللہ نے فرمایا۔ کہ اگر پانی نہ ملے اور غسل و وضو کا موقعہ نہ ہو تو تیمم کر کے نماز پڑھ لو۔ بخاری میں ہے کہ ابن مسعود اور ابو موسیٰ میں اس بارہ میں بحث ہوئی۔ اور ابو موسیٰ نے اس کی تائید میں حدیث رسول پیش کی۔ تو ابن مسعود نے کہا۔ کہ کیا تم کو معلوم نہیں کہ عمر نے اس حدیث عمار پر قناعت (یعنی یقین) نہیں کی۔

اغاثۃ اللہفان ابن القیم ص۱۸۱ پر مسند عمر مولفہ حافظ ابوبکر اسمٰعیلی سے یہ روایت منقول ہے کہ عمر ابن الخطاب کہا کرتا تھا۔ کہ میں کسی بات پر اس قدر شرمندہ نہیں ہوں جتنا تین باتوں پر جن کا کاش میں نے تین علاقل کو حرام نہ کیا ہوتا۔ غلاموں کا نکاح نہ کیا ہوتا۔ اور متوفی کے مرنے والوں کو قتل نہ کیا ہوتا۔

تاریخ خمیس دیار بکری جلد دوم ص۲۴۷ پر ہے کہ عمر بن خطاب نے سعد بن ابی وقاص کو اس خطا پر درّہ مارا کہ وہ تعظیم خلیفہ کے لئے نہ اٹھا تھا۔ ابی بن کعب کو اس خطا پر عمر بن خطاب نے مارا کہ لوگ

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

تو خلیفہ کے رعب کے خیال سے اس کے پیچھے چلتے تھے۔ اور وہ خلیفہ سے آگے بڑھ جاتا تھا۔

فتح الباری کتاب التفسیر ص۱۲۳ پر ہے کہ جب رمضان کے روزوں کا حکم ہوا۔ تو اس تمام مہینہ میں عورتوں سے ہمبستری کرنے کا حکم نہ تھا لیکن بعض صحابہ اپنی جانوں پر خیانت کرتے تھے۔ یعنی اپنی ازواج سے صحبت کرتے تھے پس خدا نے یہ آیت نازل فرمائی۔ علم لیا خدا نے کہ تم لوگ اپنے نفسوں پر خیانت کرتے ہو۔ پس تمہاری توبہ قبول کی اور معاف کیا۔

حافظ ابن حجر عسقلانی اس حدیث کی شرح میں لکھتا ہے کہ ان خیانت کرنے والوں میں عمر بن خطاب اور کعب بن مالک تھے۔

ترمذی کتاب التفسیر جلد دوم ص۲۳۲ پر بروایت ابن عباس لکھا ہے کہ عمر بن خطاب نے آنحضرت کے پاس آکر کہا۔ یا رسول اللہ میں ہلاک ہوا۔ حضرت نے فرمایا تجھے کس چیز نے ہلاک کیا۔ عمر نے کہا۔ رات کو میں نے اپنی سواری کو الٹا کر لیا۔ اور جب آنحضرت نے کچھ جواب نہ دیا۔ ابن عباس نے کہا کہ تب آنحضرت پر یہ آیت نازل ہوئی کہ عورتیں تمہاری کھیتیاں ہیں۔ جدھر سے چاہو ان کے پاس جاؤ۔ ناظرین بھلا آنحضرت کی نظر میں یہ فعل درست ہوتا تو عمر بن خطاب یہ نہ کہتا کہ یا رسول اللہ میں ہلاک ہو گیا پس ثابت ہے کہ عمر بن خطاب کو آنحضرت کی زبانی اس فعل کے قبیح ہونے کا یقین تھا۔

کنز العمال کتاب العلوم میں بروایت سعید بن المسیب لکھا ہے کہ عمر بن خطاب ایک دن اصحاب کے پاس آیا اور کہا تم مجھے کیا فتویٰ دیتے ہو۔ اس کام کی بابت جو میں نے آج کیا ہے۔ اصحاب نے پوچھا یا امیر المومنین وہ کیا فعل ہے۔ عمر نے کہا میرے پاس سے ایک باکرہ کنیز گزری مجھے پسند آئی پس میں اس سے چمٹ گیا۔ حالانکہ میں روزہ میں تھا۔ پس اصحاب کو یہ سن کر تعجب ہوا۔

محاضرات الامم القاسم راغب اصفہانی میں ہے کہ عمر بن خطاب ایک دن منبر پر خطبہ پڑھ رہا تھا۔ کہ یکایک اس نے خطبہ موقوف کیا اور کہا کہ لوگو میں اسلئے کھڑا ہو گیا ہوں کہ آیا خدا سے ڈرتا ہوں یا تم سے لیکن اللہ کا خوف تمہاری ملامت سے بہتر ہے بات یہ ہے کہ میرا گوز نکل گیا ہے میں ابھی وضو کر کے آتا ہوں۔

تاریخ خطیب بغدادی میں بروایت عکرمہ غلام ابن عباس لکھا ہے کہ ایک دن حجام عمر بن خطاب کی حجامت بنا رہا تھا عمر ایک مہیب شخص تھا جب اس نے کھنکارا تو بوجہ خوف حجام کا گوز نکل گیا۔ عمر نے اس کو چالیس درہم انعام دیئے۔

کتب الجواب الصحیح من بدل دین المسیح علامہ ابن تیمیہ جلد اول ص۲۰۶ پر ہے کہ جس وقت عمر نے نصاریٰ اہل شام سے صلح کی ہے۔ تو یہ شرط لگائی تھی کہ نصاریٰ اپنے شہر میں یا اس کے اطراف

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہیں اور نہ کنیسہ۔ قلابہ۔ صومعہ۔ بیعہ نہ نیا بنائیں۔ (یہ سب نام ہیں معبد نصاریٰ ویہود کے) اور جو برباد ہو جائے اسکی مرمت نہ کریں۔ مسلمان اگر کسی معبد میں ٹھہرنا چاہیں تو تین شب تک نہ روکیں بلکہ انکی مہمانداری کریں۔ کسی جاسوس کو نہ آنے دیں نہ مسلمانوں کے ساتھ کوئی دغا فریب کریں۔ نہ اپنی اولاد کو قرآن سکھائیں نہ کسی امر شرک کو ظاہر کریں۔ نہ اپنے اہل قرابت کو اسلام سے روکیں۔ اور مسلمانوں کی تعظیم کریں اور جب مسلمان بیٹھنا چاہیں۔ تو یہ تعظیم کو کھڑے ہوں۔ مسلمانوں کے لباس میں کسی طرح کی مشابہت نہ کریں نہ ٹوپی میں نہ عمامہ نہ نعلین نہ مانگ نکالنے میں۔ نہ مسلمانوں کا سا نام رکھیں۔ نہ ان کی کنیت نہ زین پر سوار ہوں۔ نہ تلوار لگائیں۔ نہ کسی قسم کا اسلحہ لگائیں۔ نہ اپنے نام کی مہر بنوائیں۔ خواہ عربی میں ہو یا فارسی میں۔ نہ شراب بیچیں اور سر کے آگے کے بال کٹوائیں۔ زنار باندھا کریں۔ مسلمانوں کے جوار میں اپنے مردوں کو نہ دفن کریں نہ ناقوس بجائیں۔ نہ اپنے گرجا وغیرہ میں کچھ باآواز بلند پڑھا کریں۔ نہ اپنے مردوں کے ساتھ آواز بلند کریں۔ نہ آگ روشن کریں۔ اگر اس کے خلاف کرینگے۔ تو پھر خون اور مال ان کا مسلمانوں کو حلال ہے۔ دوسری روایت میں ہے کہ عمر نے حکم دیا تھا۔ وہ اپنی پیشانی کے بال کتروا ڈالیں اور کمر میں پیٹیاں باندھیں تاکہ وہ مسلمانوں سے پہچانے جائیں عمر نے تمام لشکر والوں کو لکھ دیا تھا کہ اہل کتاب (یہود و نصاریٰ مجوس) کی گردن پر مہر لگائیں اور جس طرح مسلمان گھوڑے پر سوار ہوتے ہیں یہ نہ سوار ہوں بلکہ عورتوں کی طرح بیٹھیں اور کمر باندھے رکھیں اور یہ عجیب شرائط انہوں نے لکھوائی اور اپنے عاملوں اور مدینے کے بعد والے خلیفہ کو وصیت کی کہ اس کے خلاف نہ کریں۔

ازالۃ الخفاء صفحہ ۱۱۹ میں ہے کہ صبیغ نے عمر سے پوچھا کہ قرآن میں والذاریات ذروًا ہے اس کے کیا معنے ہیں۔ عمر نے آستین چڑھائی اور اس کو کوڑے لگانے شروع کئے یہاں تک کہ سر سے عمامہ گر گیا پھر اس کو ایک گھر میں بند کر دیا اور ہر روز اس کو وہاں سے نکال کر کعبہ کو کوڑے لگاتا اور جب وہ اچھا ہو جاتا تو اس کو پھر کوڑے لگاتا بعد ازاں اس کو ایک اونٹ پر چڑھا کر شہر بدر کر دیا اور بصرہ بھیج دیا اور ابو موسیٰ عامل بصرہ کو لکھا کہ صبیغ کے ساتھ نشست و برخاست رکھنا حرام ہے اور خطبہ میں بیان کرو کہ اس نے علم کی جستجو کی ہے جو اس کی خطا ہے۔

تاریخ کامل جلد سوم صفحہ ... میں ہے کہ امام شعبی کہتا ہے کہ عمر نے مہاجرین قریش کو مدینہ میں مقید کر دیا اور نظر بند رکھا یہاں تک کہ اس نے وفات پائی اور کہا کرتا تھا کہ مجھے سب سے زیادہ خوف قریش کے شہروں میں پھیلنے سے ہے۔ اگر ان میں سے کوئی جہاد کی اجازت مانگتا تو عمر کہتا کہ تمہارے لئے رسول اللہ کے ساتھ کا جہاد ہی کافی ہے۔ میں چاہتا ہوں کہ نہ تم دنیا کو دیکھو اور نہ دنیا تم کو دیکھے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نہیں دیتا۔ آنحضرتؐ نے اپنے دست مبارک سے لفظ رسول اللہ مٹا دیا اور صلح نامہ لکھا گیا۔ عمر نے کہا مجھے آج محمدؐ کی نبوت میں شک ہوا ہے۔ جو پہلے نہ ہوا تھا۔

تذکرہ خواص الامہ میں ہے کہ جب ثالث نامہ کے دن جناب امیر علیہ السلام نے اپنے نام کے ساتھ امیر المومنین لکھا۔ تو عمرو عاص نے اس لقب کو کاٹ دینے کو کہا (کفار قریش کی طرح) جناب امیر علیہ السلام نے فرمایا کہ صلح حدیبیہ کے وقت یہی اعتراض کفار نے رسول اللہ کے نام پر کیا تھا عمرو عاص نے کہا آپ مجھے کافروں سے تشبیہ دیتے ہیں حضرت نے فرمایا۔ تو ہمیشہ سے زنا کار عورات کا بیٹا ہے۔ تو کب مسلمانوں کا دشمن اور فاسقوں کا دوست نہیں تھا۔ نیز اسی کتاب میں ہے کہ ابو موسیٰ نے کہا اے عمرو عاص تجھ پر خدا کی لعنت ہو۔ تو نے بیوفائی کی اور فسق و فجور کیا۔ تیری مثال بالکل کتے کی سی ہے۔

عینی نے شرح بخاری میں لکھا ہے کہ اگر یہ کہا جائے کہ عمر کے دل میں نبوت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے متعلق شک پیدا ہونے سے ثابت ہوتا ہے کہ ایمان سے خارج تھا۔ ہم یہ جواب دیں گے کہ ابھی تک وہ مولفۃ القلوب میں سے تھا [illegible] حسن اسلام اور رسوخ ایمان کے ضعف [illegible] بخاری کتاب الشروط [illegible] جلد ۲ اور قسطلانی شرح بخاری باب الشروط [illegible] بروایت عمر لکھا ہے کہ [illegible] آنحضرتؐ سے کہا کیا آپ خدا کا سچا نبی نہیں ہیں فرمایا کہ ہوں۔ میں نے کہا کیا ہم حق پر اور ہمارے دشمن ناحق پر نہیں ہیں [illegible] پھر ہم دین کو یہ ذلیل حالت کیوں دیں فرمایا میں رسول خدا ہوں اور اس کی نافرمانی نہیں کر سکتا اور وہ میرا مددگار ہے میں نے پھر کہا کیا تو ہم سے باتیں نہ کرتا تھا کہ ہم عنقریب بیت اللہ کا طواف کریں گے فرمایا ہاں لیکن میں نے کب کہا تھا کہ اسی سال طواف بیت اللہ کریں گے۔ عمر کہتا ہے کہ پھر میں ابوبکر کے پاس گیا اور کہا کہ کیا یہ خدا کا سچا نبی نہیں ہے (گویا ابھی تک شک میں گرفتار ہے) ابوبکر نے کہا ہاں سچا نبی ہے

مفتاح النجا [illegible] میں ہے کہ عمر کے دل میں صلح حدیبیہ کے دن ایک امر عظیم وارد ہوا۔ رسول اللہ کہتے جاتے تھے کہ میں خدا کا سچا رسول ہوں اور میں خدا کے امر کی مخالفت نہیں کر سکتا۔ مگر عمر اپنے شک پر اصرار کرتا تھا۔ ابو عبیدہ نے کہا اے عمر کیا تو نہیں سنتا کہ رسول اللہ کیا کہتے ہیں۔ میں پناہ مانگتا ہوں شیطان ملعون سے اور تیری [illegible] شیطان [illegible] ہوں۔ ناظرین بخاری پارہ دوم [illegible] شبلی نعمانی الفاروق میں لکھتا ہے کہ حضرت [illegible] کی توجہ اور ندامت [illegible] عمر تو کئی برس تک [illegible]

علاوہ [illegible] علامہ [illegible] شہرستانی مطبوعہ لندن صفحہ [illegible] سب سے پہلا شبہ جو مخلوقات میں

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

پیدا ہوا وہ شیطان کا تھا جس نے بمقابلہ نص کے اپنی رائے کو قوی سمجھا۔ اور حکم خدا کے مقابلہ میں اپنی خواہش نفس کو اختیار کیا۔ اور اپنی خلقت نار سے آدمؑ کی خلقت خاک پر تکبر کیا۔ اس شبہ سے سات شبہے پیدا ہوئے۔ جو تمام عالم میں پھیل گئے۔ اور ان سے مذہب ضلالت و بدعت پیدا ہوا۔

الفاروق مولوی شبلی نعمانی حصہ دوئم ص۲۳۲ پر ہے کہ اس تفریق مراتب کا موجد دراصل عمرؓ ہے کیونکہ کتب احادیث و سیر میں تم نے اکثر پڑھا ہوگا۔ کہ بہت سے ایسے مواقع پیش آئے ہیں کہ رسول اللہ نے کوئی کام کرنا چاہا ہے یا کوئی بات ارشاد فرمائی ہے تو عمرؓ نے اس کے خلاف رائے دی ہے۔

الفاروق شبلی ص۲۲۴ پر ہے کہ جس نے سب سے اول اسلام میں قیاس کی بنیاد ڈالی۔ وہ عمر بن خطاب ہے۔

یواقیت الجواہر شیخ عبدالوہاب شعرانی میں ہے کہ بعض محققین نے قرار دیا ہے کہ اہل اللہ کے لئے قیاس کرنا حرام ہے۔

درمنثور سیوطی جلد ہفتم ص۷۳ پر ہے کہ شجرۃ الرضوان کو جس کے نیچے آنحضرتؐ نے بیعت لی تھی۔ عمر بن خطاب نے کٹوا دیا۔ لوگ جوق در جوق اس درخت کی زیارت کو آتے جاتے تھے۔ اور وہاں نمازیں پڑھتے تھے۔ ابن عمرؓ کا تمام عمر یہ وطیرہ رہا کہ آنحضرتؐ نے جن درختوں کے نیچے کبھی آرام فرمایا تھا۔ ان کو پانی دیتا رہتا تاکہ خشک نہ ہونے پائیں۔ سورہ فتح میں ہے کہ خدا مومنین سے درخت شجرۃ الرضوان کے نیچے بیعت لیتے ہوئے راضی ہو گیا جب انہوں نے تیری بیعت کی اور خدا نے ان بیعت کرنے والے دلوں کی حالت کو بھی جان لیا۔ اس آیہ میں شجرۃ الرضوان کی حرمت ظاہر ہے بالآخر شجرۃ الرضوان کی اصلی جگہ کو بصد کوشش تلاش کر کے وہاں مسجد بنا دی گئی۔ اب ہم بتاتے ہیں کہ عمرؓ نے اس درخت کو کیوں کٹوایا۔

الف۔ درمنثور ص۷۲ پر ہے کہ عبداللہ بن معقل بیان کرتا ہے۔ کہ ہم رسول اللہؐ کے ساتھ تھے اور شجرۃ الرضوان کی شاخ آنحضرتؐ اور حضرت علی علیہ السلام پر پڑتی تھی۔

ب۔ درمنثور ص۷۲ پر ہے کہ آنحضرتؐ معہ پندرہ سو اصحاب کے عمرہ کو جاتے ہوئے مقام حدیبیہ پہنچے قریش مکہ ڈرے کہ آنحضرتؐ ہمارے ساتھ لڑنے کو آ رہے ہیں۔ آنحضرتؐ نے قریش مکہ کو تسکین دینے کے لئے عمر بن خطاب کو قریش مکہ کی طرف پیغام لے جانے کا حکم دیا۔ عمرؓ نے جانے سے انکار کر دیا اور کہا میرا وہاں کوئی ہمدرد نہیں ہے عثمان کو بھیجئے۔ اس کی قوم و قبیلہ کے لوگ وہاں موجود ہیں۔ چنانچہ عثمان کو بھیجا گیا۔ جب کو قریش مکہ نے جنگ رہن قیدی بنا لیا۔ اس پر آنحضرتؐ نے مسلمانوں سے بیعت لی کہ مر جائیں گے۔ مگر آنحضرتؐ کا ساتھ نہ چھوڑیں گے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سلمہ بن اکوع کہتا ہے کہ ہم سب نے مرنے پر بیعت کی تھی مگر عمر بن خطاب نے مرنے پر بیعت نہ کی تھی۔ جابر کہتا ہے کہ آنحضرتؐ عمر کا ہاتھ پکڑے بیعت لے رہے تھے مگر بیعت اس پر تھی کہ میں فرار نہ کرونگا۔ نہ اس پر کہ جان قربان کردوں گا۔ تاریخ خمیس ص۲۲ پر ہے کہ بیعت دو قسم کی تھی ایک یہ کہ ہم لڑتے لڑتے مرجائینگے۔ دوسرے یہ کہ ہم فرار نہیں کرینگے۔ عروہ بن مسعود ثقفی نے کہا جو کفار قریش کا سفیر تھا کہ خدا کی قسم میں ایسے ایسے اوباشوں کے چہرے دیکھ رہا ہوں جو فرار کر جائینگے اور آنحضرتؐ کو تنہا چھوڑ جائینگے۔ اس بات پر ابوبکر نے عروہ بن ثقفی کو سخت گالیاں دیں

ج - اسی شجر کے قرب میں صلحنامہ حدیبیہ لکھا گیا اور جو حرکت عمر سے ہوئی۔ عام وخاص کی زبان زد ہے اغاثۃ اللہفان ص۳۰ پر ہے کہ عمر نے کہا کہ اگر ہم کو قدرت حاصل ہوتی۔ تو ہم صلح رسول اللہ کو توڑ دیتے۔ معارج النبوۃ ص۱۹۶ پر ہے کہ اسی شجر کے نیچے آنحضرتؐ نے عمر کو مخاطب کر کے فرمایا۔ کہ تم وہ دن بھول گئے سو جب تم جنگ احد میں بھاگ گئے اور میں تم کو بلاتا رہا۔ اور پھر تم جنگ احزاب میں بھاگ گئے۔

د - معارج النبوۃ ص۱۹۶ پر ہے کہ صلحنامہ حدیبیہ کامل ہو چکنے کے بعد آنحضرتؐ نے تمام اصحاب کو تاکیداً تین بار فرمایا کہ اپنے اونٹوں کو نحر کرو اور سر منڈواؤ۔ لیکن مگر کسی ایک نے بھی حکم کی تعمیل نہ کی واضح ہو کہ اس وقت ان لوگوں کو مسلمان ہوئے قریباً اٹھارہ سال کا عرصہ ہو چکا ہے۔ گر یہ حالت تھی در منثور ص۸ پر ہے کہ آنحضرتؐ اور اصحاب نے بالآخر سر منڈوائے مگر عثمان اور ابو قتادہ نے پھر بھی سر نہ منڈوایا۔

عمر بن خطاب کا یہ کہنا کہ مجھے آج آنحضرتؐ کی نبوت میں شک ہوا ہے۔ جو پہلے نہ ہوا تھا۔ اس کے صریحاً یہ معنی ہیں۔ کہ وہ دل میں ہمیشہ شک میں گرفتار رہا۔ جس کے اظہار کا اسے آج موقعہ ملا ہے۔

حضرت علی کا آنحضرتؐ کی خدمت میں عرض کرنا کہ میں رسول اللہ کے لفظ کو اپنے ہاتھ سے مٹانا پسند نہیں کرتا عین ایمان عین اسلام تھا۔ مگر عمر بن خطاب کا کہنا کہ مجھے نبوت میں شک پیدا ہوا ہے جو پہلے نہ ہوا تھا۔ عین ارتداد ہے۔ وہ نواہی کے فعل میں مخالفت کی ہے۔

عمر کا نبوت میں شک کرنا اس بات کا ثبوت ہے کہ اس کا اسلام لانا مصلحت اور خوف کی وجہ سے تھا۔ در اصل اس کا دل لات و منات کی الفت سے لبریز تھا۔

جب وہ آنحضرتؐ کو نبی نہیں مانتا تھا۔ تو وہ آپؐ کے احکام کو واجب التعمیل کب مان سکتا تھا۔ یہی وجہ تھی کہ جب کبھی آنحضرتؐ اسکو کسی کافر کے مقابلہ میں نکلنے کا حکم دیتے تھے۔ وہ صاف انکار کر دیتا تھا۔ اور یہی سبب تھا کہ وہ آنحضرتؐ کو کفار میں گھرا ہوا چھوڑ کر بھاگ جاتا تھا۔ اس کو

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کیا بچی تھی کہ ایسے شخص کی حمایت میں رہ کر اپنی جان عزیز صرف کرتی جب حضرت ابوبکر [illegible] وہ دل سے غرض تھا وہ خدا نہ سمجھتا ہے۔

جو شخص نبوت سے [illegible] قائل ہو قرآن پاک کو خدا کا کلام کہے [illegible] سلطنت۔ اور بیعت صرف احکام قرآن کو بھی واجب التعمیل نہ جانے۔ آیہ متعہ کو اپنی مرضی سے منسوخ کر دیا۔ آیہ تطہیر کی تحریک کی۔ آیہ خمس پر عمل نہ کیا۔ آیہ فدک کے احکام کو نہ مانا۔ اور آیہ بلغ کی [illegible] کی ایسا آدمی قول رسول اور اہلبیت علیہم السلام کی منقبت کو کس طرح حدیث تسلیم کر سکتا ہے۔ پس اس نے نقصان اہلبیت میں جو جو قدم اٹھایا۔ اپنے دل کی رضا سے مطابق اٹھایا۔ ان مخالفین میں وہ [illegible] شعور و ادراک نہیں [illegible] ان کا اصل [illegible] فطرت نظر آتی ہے۔

واقعہ غدیر کو جنہوں نے ایک خود غرضانہ کہانی سمجھا اس کی فطرت اور ذہنیت کا [illegible] تھا۔ وہ کب گوارا کر سکتا تھا کہ اہلبیت علیہم السلام کے گھر میں پھر اقبال و دولت لوٹ آئے اور وہ محکوم رعیت بن کر رہے۔ اس کے خیال میں جب آیات قرآنی اور اقوال رسول انہیں مصنوعات سے تھے۔

آنحضرت صلعم کے طلب قرطاس و قلم پر عمر کا حسبنا کتاب اللہ کہنا عجیب و حیرت انگیز نہ تھی۔ اس کا دل اس کو اسی مسلک پہ چلنے پر مجبور کر رہا تھا۔ کیا آپ لوگ چاہتے ہیں کہ وہ دل کے حکم کے خلاف عمل پیرا ہو کر وصیت نامہ لکھنے کا موقعہ دے دیتا۔ اور [illegible] اپنے ہاتھوں سے آپ خرید لیتا۔

خانہ سیدہ کو جلانا اور پہلوئے سیدہ پر ضرب لگا کر حضرت علی کو [illegible] بیعت کرنے پر عمر [illegible] فطرتاً مجبور تھا۔ اس کا دل ہر لحظہ با اصرار کہہ رہا تھا کہ جب تک [illegible] لوگوں کی نگاہ سے حضرت علی کی عزت اور حرمت کم نہیں ہو سکتی۔

اصل عمر بن خطاب نے جو کچھ بھی کیا ختم اللہ علی قلوبہم کے تحت میں کیا۔ لہٰذا ہم ان کو ایسی تمام بدفعلیوں میں بحکم قرآن مجبور پاتے ہیں۔ اور اس [illegible] حق ہیں قرآن ہی کے حکم پر عمل کر کے درجہ [illegible] غالیہ پر فائز ہوتے ہیں۔

احراقِ کتب خانہ جناب سیدہ

ازالۃ الخفا صفحہ ۱۹۹ پر ہے کہ عمر سے ایک شخص نے بیان کیا کہ جب ہم نے مدائن کو فتح کیا تو وہاں سے ایک کتاب ہم کو ملی ہے جس میں علوم فارس ہیں یعنی منطق، سائنس وغیرہ۔ عمر نے فوراً منگوایا اور اس

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

شخص کو [illegible] شروع کیا بعد کہا۔ کیا کتاب خدا سے کوئی قصہ کی کتاب بہتر ہے۔

جواب اہل العلم والایمان علامہ ابن تیمیہ مطبوعہ مصر مطبع شارع مقدم صفحہ ۲۵ پر ہے کہ جب صحابہ نے عمر کو کتب خانہ [illegible] جس میں بقول یورپین مورخین لاکھوں کتابیں کئی علوم نادرہ کی جمع تھیں [illegible] کی اطلاع دی تو عمر نے انکو لکھ بھیجا کہ تمام کتب خانہ کو جلا دو۔ ہم کو قرآن ہی کافی ہے حسبنا کتاب اللہ۔ کشف الظنون صفحہ ۳۵ پر ہے کہ صحابہ نے عمر کے حکم کے مطابق فتوحات بلاد میں جس قدر کتابیں پائیں ان سب کو جلا دیا۔ کشف الظنون صفحہ ۲۶ پر ہے کہ صحابہ کو [illegible] اتنی نفرت تھی کہ علمی باتوں کے لکھنے سے بھی کراہت رکھتے تھے۔ ناظرین جن لوگوں کو علمی باتوں سے کراہت ہو وہ [illegible] کیوں [illegible] دیتے۔ ان لوگوں نے حضرت علی علیہ السلام پر جبلا کو ترجیح دی کتاب الملل والنحل علامہ شہرستانی مطبوعہ بولاق مصر صفحہ [illegible] ابن ابی الحدید مطبوعہ ایران جلد اول [illegible] تحقیق [illegible] سید [illegible] بہادر آزاد مطبوعہ [illegible] لکھنؤ صفحہ ۲۳۲ [illegible] شمس العلماء مولوی شبلی نعمانی حصہ اول [illegible] الامامۃ والسیاسۃ امام ابو محمد عبد اللہ بن مسلم بن قتیبہ صفحہ ۱۳ اسکیٹر آف [illegible] اردو [illegible] آگ [illegible] اور جناب سیدہ کے خانہ قدس کا [illegible] کہا [illegible] ورنہ اس قصر کو آگ لگا دوں گا۔ اس وقت اس گھر میں حضرت علی و فاطمہ و حسن و حسین علیہم السلام تھے۔

ملل و نحل [illegible] تفسیر [illegible] صفحہ ۲۶ جزو اول [illegible] عبارت مرقوم ہے۔ و زادنی الفریۃ فقال ان عمر ضرب بطن فاطمۃ علیہا السلام یوم البیعۃ حتی القت المحسن من بطنہا وکان یصیح احرقوہا بمن فیہا وما کان فی الدار غیر علی و فاطمۃ والحسن والحسین [illegible] ہے کہ عمر نے یوم بیعت شکم فاطمہ پر ضرب لگائی [illegible] کی وجہ سے [illegible] اور جب عمر نے خانہ سیدہ [illegible] آگ لگانے کے [illegible] وقت گھر میں صرف اہلبیت [illegible] تشریف فرما تھے۔

[illegible] کو قتل کرکے مثال قائم کر دی بعد میں خلفائے باطل نے [illegible] کی پیروی کی [illegible] الایمان [illegible]

[illegible] کاشفی مطبوعہ نولکشور [illegible] چہارم باب [illegible] صفحہ ۲۳ سطر ۹ پر ہے کہ [illegible] محسن کی وجہ سے جناب سیدہ بیمار ہو گئیں حتی کہ وفات فرمائی۔

ینابیع المودۃ علامہ شیخ سلیمان قندوزی حنفی مطبوعہ قسطنطنیہ صفحہ ۱۴۳ سطر ۲۳ پر روایت [illegible]

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

لکھا ہے کہ پیغمبر صلعم کے سوائے میں نے کسی کو بھی جناب فاطمہؑ سے افضل نہ پایا۔

ترمذی صفحہ ۲۲۶ سطر ۵ اور مشکوٰۃ مطبوعہ محمدی دہلی صفحہ ۵۶۸ سطر ۳ پر ہے۔ کہ آنحضرتؐ نے فرمایا کہ جو شخص علیؑ و فاطمہؑ و حسنؑ و حسینؑ کا دشمن ہے وہ میرا دشمن ہے اور جو انکا دوست ہے وہ میرا دوست ہے

بخاری میں ہے کہ آنحضرتؐ نے فرمایا۔ کہ فاطمہؑ سیّدہ سردار ہے بہشت کی تمام عورتوں کی۔

بخاری مطبوعہ بمبئی فضائل اصحاب النبیؐ باب مناقب فاطمہ جلد چہارم صفحہ ۵۵ سطر ۲ اور ترمذی جلد دوئم صفحہ ۲۳۳ آخری سطر پر ہے کہ آنحضرتؐ نے فرمایا کہ فاطمہؑ میرے جگر کا ٹکڑا ہے جس نے اس کو غضبناک کیا۔ اس نے مجھ کو غضبناک کیا۔

ترمذی مطبوعہ مطبع احمدی میرٹھ جلد دوئم صفحہ ۲۴۹ سطر ۱۵ پر ہے کہ جب جناب فاطمہؑ حضور صلعم کے پاس تشریف لاتیں۔ تو آنحضرتؐ آپ کی تعظیم کو کھڑے ہو جاتے۔ اور آپ کو اپنی جگہ پر بٹھاتے۔

شرح ابن ابی الحدید صفحہ ۳۶ سطر ۱۰ پر ہے کہ سلمہ بن عبدالرحمان سے روایت ہے کہ جب ابوبکر منبر خلافت پر بیٹھا۔ اس وقت حضرت علی علیہ السلام اور زبیر اور چند بنی ہاشم خانہ سیّدہ میں (بطور فاتحہ خوانی) موجود تھے پس عمر بن خطاب ان کے پاس آیا۔ اور کہا خدا کی قسم اس گھر کو جلا دوں گا۔ اگر تم لوگ بیعت ابوبکر کے لیئے (اسی وقت) نہ نکلے۔

تاریخ ابوالفداء ترجمہ اردو جلد اول صفحہ ۳۶۵ پر ہے کہ ابوبکر کی بیعت عشرہ اوسط ماہ ربیع الاول ۱۱ھ میں ہوئی مگر بنی ہاشم اور زبیر اور عتبہ بن ابی لہب اور خالد بن سعید ابن عاص اور مقداد بن عمر اور سلمان فارسیؓ اور ابوذر غفاریؓ اور عمار یاسرؓ اور براء ابن عازب اور ابی بن کعب یہ سب لوگ حضرت علی علیہ السلام کے ہمراہ ہو گئے (اور ان میں سے کسی نے بیعت ابوبکر نہ کی) اس بارے میں عتبہ بن ابی لہب نے چند شعر اس مضمون کے کہے کہ میں نہ جانتا تھا کہ اولاد ہاشم سے خلافت اور حکم دو جانے نہ پیگی اسی طرح ابوسفیان پدر معاویہ نے بھی بیعت ابوبکر نہیں کی پھر ابوبکر نے عمر بن خطاب کو حضرت علیؑ کے پاس بایں ارادہ بھیجا۔ کہ حضرت علی علیہ السلام کو مع ان لوگوں کے جو ان کے پاس ہوں۔ خانہ سیّدہ سے نکال دو۔ اگر وہ نکلنے میں پس و پیش کریں۔ تو بیشک ان سے جنگ کرو۔ عمر بن خطاب نے تھوڑی سی آگ بھی ہاتھ میں لے لی تاکہ اس گھر کو جلا دے۔ اسی اثناء میں حضرت فاطمہؑ راہ میں ملیں۔ حضرتؑ نے فرمایا۔ اے ابن خطاب کیا اس ہوا سے کہ ہمارا گھر جلانے آیا ہے عمرؓ نے کہا بیشک تمہارا گھر پھونک دونگا۔ ورنہ تم بھی ابوبکر کی بیعت کرو۔ اور جس کام میں امت داخل ہوئی ہے تم بھی داخل ہو جاؤ۔

الفاروق شبلی مطبوعہ مفید عام آگرہ حصہ اول صفحہ ۴ سطر ۹ پر ہے کہ ابن ابی شیبہ نے مصنف میں

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اور علامہ طبری نے تاریخ کبیر میں ذوالنفہ کی طرح پوشی کرتا ہے۔ جو اس نے احراق خانۂ فاطمہؑ کے ارادہ کے بارہ میں صرف دو حوالے لکھے ہیں) لکھا ہے کہ عمر نے حضرت فاطمہؑ علیہا السلام کے گھر کے دروازے پر کھڑے ہو کر کہا۔ یا بنت رسول اللہ۔ خدا کی قسم۔ آپ ہم کو سب سے زیادہ محبوب ہیں۔ تاہم اگر آپکے ہاں لوگ اس طرح جمع ہوتے رہے۔ تو میں ان لوگوں کی وجہ سے (آپ کے) گھر میں آگ لگا دوں گا۔ اگرچہ سند کے اعتبار سے اس روایت پر ہم اپنا اعتبار ظاہر نہیں کر سکتے۔ کیونکہ اس روایت کے راویوں کا حال ہم کو معلوم نہیں ہو سکا۔ (اس روایت کے راوی ثقہ اور معتبر ہیں) تاہم درایت کے اعتبار سے اس واقعہ کے انکار کی کوئی وجہ نہیں۔ عمر کی تندی اور تیز مزاجی سے یہ حرکت کچھ بعید نہیں۔

کتاب الامامۃ والسیاسۃ جلد اول مطبوعہ مصر ص۱۳ سطر ۳ پر تفصیل سے لکھا ہے کہ عمر نے خانۂ سیدہؑ کو جلانے کے لیے آگ اور لکڑیاں لانے کا حکم دیا۔ جناب فاطمہ علیہا السلام نے لوگوں سے اپنی بیکسی اور مظلومیت کا اظہار کیا اور روضۂ رسولؐ کی طرف منہ کر کے دلگداز الفاظ میں بلند آوازی سے نوحہ بکا کیا۔ عمر نے ابوبکر سے بار بار (بیعت) علیؑ پر اصرار کیا۔ اور پھر حضرت علی علیہ السلام نے قبر رسولؐ سے چمٹ کر دلسوز الفاظ میں اپنی حالت کا نقشہ کھینچا۔

تاریخ الامم والملوک امام محمد بن جریر طبری مطبوعہ مصر جلد سوئم ص۱۹۸ بروایت ابن حمید۔ عقد الفرید امام شہاب الدین احمد المعروف بہ ابن عبد ربہ اندلسی مطبوعہ مصر جلد دوئم ص۱۷۶۔ تاریخ المختصر فی اخبار البشر ملک المؤید عماد الدین ابو الفداء مطبوعہ مصر جلد اول ص۱۵۶ روضۃ المناظر برحاشیہ تاریخ کامل جلد یازدہم علامہ ابو الولید محمد بن شحنہ مطبوعہ مصر ص۱۱۳۔ مروج الذہب علامہ مسعودی برحاشیہ تاریخ کامل جلد نہم مطبوعہ مصر ص۵۶۔ استیعاب امام عبد البر مطبوعہ حیدرآباد دکن جلد اول ص۳۲۵۔ تحفۂ اثنا عشری شاہ عبد العزیز دہلوی مطبوعہ نولکشور ص۴۹۳۔ ازالۃ الخفاء شاہ ولی اللہ دہلوی مقصد دوئم مآثر ابی بکر۔ ص۔ صداقہ مولوی نذیر احمد دہلوی ص۵۲۔ احد تحقیق برمشرب سنی مولوی وحید الدین خان مطبوعہ جعفری لکھنؤ ص۳۲۔ کتاب المرتضیٰ مولوی عبد الرحمان حنفی امرتسری مطبوعہ امرتسر ص۴۵ رسالہ خلافت مصنفہ جان ڈیون پورٹ (عیسائی) ڈی کلائن اینڈ فال آف رومن ایمپائر یعنی زوال سلطنت روم ایڈورڈ گبن جلد سوئم ص۵۱۹۔ سکیچز آف محمڈ واشنگٹن اروِنگ ص۔ تاریخ اسلام انگریزی اوکلی ص۔ پر بھی عمر کا آگ لکڑیاں لے کر خانۂ سیدہؑ پر جانا۔ اور گھر کو آگ لگانے کی دھمکی دینا لکھا ہے۔

مروج الذہب ص۱۵۹ برحاشیہ تاریخ کامل جلد اول مطبوعہ مصر میں ہے کہ نوفلی حماد بن سلمہ سے روایت کرتا ہے کہ عروہ بن زبیر اپنے بھائی عبداللہ بن زبیر سے اس حرکت پر کہ اس نے حضرت

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

حسنیہ کے جلانے کا قصد کیا تھا اور لکڑیاں جمع کی تھیں۔ معذرت کرتا تھا کیونکہ غرض یہ تھی کہ ان لوگوں کو ڈرایا جائے تاکہ داخل اطاعت ہوں جیسا کہ اس سے پہلے جب بنی ہاشم نے انکار کیا تھا۔ تو جلانے والی لکڑیاں ان کے جلانے کو جمع کی گئی تھیں۔

داشت در پر شیر یزداں جا مہ ماتم ہنوز ۔۔۔ بود زہرہ را از غم چشم و دیدگاں پُر نم ہنوز
آتش اندر خانہ خیر البشر افروختند ۔۔۔ روز اول کعبہ اسلام را در سوختند
کافر ظاہر مسلمانی ز عقبے چشم بست ۔۔۔ کرد محسن را شہید و پہلوئے زہرا شکست

کتاب طرائف حضرت علامہ ابن طاؤس علیہ الرحمۃ میں ہے کہ جب حضرت علیؑ اور حضرت عباس نے بیعت ابوبکر سے انکار کیا تو ابوبکر اور عمر نے ارادہ کیا۔ کہ حضرت علیؑ اور حضرت عباسؓ کو آگ میں جلا دیں۔

تفسیر درمنثور سورہ نور میں ہے کہ ابن مردویہ نے انس اور بریدہ سے روایت لکھی ہے کہ رسول اللہ نے آیہ قرآنی "فی بیوت اذن اللہ ان ترفع" پڑھی تو ایک شخص نے کھڑے ہو کر پوچھا کہ وہ گھر کون سے ہیں فرمایا۔ یہ انبیاء کے گھر ہیں۔ پھر ابوبکر نے کھڑے ہو کر پوچھا۔ یا رسول اللہ کیا علیؑ اور فاطمہؑ کا گھر بھی انہی گھروں میں داخل ہے حضرت نے فرمایا کہ ہاں بلکہ ان سے بھی افضل ہے۔

تاریخ خمیس جلد دوم صفحہ ۳۰۹ پر ہے کہ عروہ بن زبیر نے عائشہ سے روایت کی ہے کہ جب آنحضرت نے مدینہ کی طرف ہجرت کی تو زینب ملاقات رسولؐ کے قصد سے اونٹ پر سوار ہو کر جانب مدینہ روانہ ہوئی ایک کافر نے جس کا نام ہبار بن اسود تھا حضرت زینب کے اونٹ کو نیزہ سے بھڑکایا۔ اور وہ زمین پر گر پڑیں۔ جس کی وجہ سے ان کا اسقاط حمل ہو گیا۔

تفسیر بیضاوی میں ہے کہ خدا کا یہ قول اجابت ہے واسطے التماس حضرت ابراہیمؑ کے اور اس بات پر تنبیہ ہے کہ تحقیق انکی ذریت میں ظالم ہونگے۔ اور تحقیق وہ لوگ امامت کو نہیں پا سکتے۔ اس سبب سے کہ یہ امامت اللہ کی طرف سے امانت ہے اور عہد ہے اور ظالم اس کی صلاحیت نہیں رکھتا۔ اور سوائے اس کے نہیں ہے کہ امامت کو وہ لوگ پاتے ہیں۔ جو اولاد ابراہیمؑ میں سے ابرار اور اتقیا سے ہوں۔

تفسیر کشاف میں ہے کہ کیونکر جائز ہو سکتا ہے۔ نصب کرنا ظالم کا واسطے امامت کے حالانکہ امام اس واسطے نصب کیا جاتا ہے کہ ظالموں کو ظلم سے دفع کرے۔ لیکن جس وقت کہ وہ شخص نصب کیا جائے۔ کہ جو فی نفسہ ظالم ہو تو یہ کہاوت صادق ہو جائے گی کہ جس شخص نے بھیڑیے کو چرواہا بنایا۔ اس نے ظلم کیا۔

کنز العمال جلد سوئم کتاب الخلافت باب فضل خلافت ابوبکر حدیث نمبر ۲۳۳۲ مطبوعہ حیدرآباد دکن میں ہے کہ اسلم روایت کرتا ہے کہ جب ابوبکر خلیفہ بن گیا۔ اس وقت حضرت علی علیہ السلام اور زبیر خانہ فاطمہ

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہیں تھے۔ اور حضرت علیؑ اور زبیر اور فاطمہؑ آپس میں مشورہ کر رہے تھے جب یہ خبر عمر بن خطاب کو پہنچی تو وہ خانۂ فاطمہؑ پر آیا اور کہا۔ اے فاطمہؑ قسم بخدا۔ میرے نزدیک تمام مخلوق سے محبوب ترین تیرے باپ رسول خدا تھے۔ اور ان کے بعد میں تجھ کو محبوب ترین مخلوقات جانتا ہوں لیکن قسم بخدا۔ یہ دونوں امور مجھے اس سے منع نہیں کر سکتے۔ کہ اگر تمہارے گھر میں یہ لوگ مشورہ کرینگے۔ تو میں اس گھر کو جلا دونگا۔

کتاب العقد ابن عبد ربہ فصل سقیفہ کتاب القضاۃ فی اخبار الخلفاء و تواریخہم میں ہے۔ کہ جن لوگوں نے ابوبکر کی بیعت سے تخلف کیا۔ وہ علیؑ و عباسؓ زبیر و سعد بن عبادہ تھے۔ علیؑ اور عباسؓ جناب فاطمہؑ کے گھر میں بیٹھ رہے۔ یہاں تک کہ ابوبکر نے عمر کو بھیجا کہ ان دونوں کو فاطمہؑ کے گھر سے نکالے۔ اور ابوبکر نے عمر کو حکم دیا کہ اگر یہ دونوں انکار کریں تو ان سے مقاتلہ کرو۔ پس عمر اپنے ساتھ آگ لے کر ادھر متوجہ ہوا۔ اور یہ قصد کیا کہ جناب فاطمہؑ کے گھر کو علیؑ اور عباسؓ سمیت جلا دے۔ پس حضرت فاطمہؑ نے اس کو دیکھ کر کہا۔ اے خطاب کے بیٹے کیا تو اس لئے آیا ہے کہ ہمارے گھر کو جلا دے۔ عمر نے کہا ہاں۔ میں تمہارا گھر جلا دونگا۔ یا یہ کہ علیؑ اور عباسؓ بھی اس امر میں داخل ہوں جس میں امت کے لوگ داخل ہوئے ہیں۔

کتاب المختصر فی اخبار البشر بیان بیعت ابوبکر میں ہے کہ ابوبکر کی بیعت سے بنی ہاشم کی ایک جماعت اور زبیر اور عتبہ اور خالد بن سعید اور مقدادؓ اور سلمان فارسیؓ اور ابوذر غفاریؓ اور عمار یاسرؓ اور براء بن عازب اور ابی بن کعب نے انکار کر دیا۔ اور علیؑ کی طرف میلان کیا۔ عتبہ نے اس امر کے متعلق اشعار بھی کہے جنکا مطلب یہ ہے کہ میں نہیں گمان کرتا تھا کہ خلافت بنی ہاشم اور ان میں سے علیؑ سے منہ موڑے گی کیا علیؑ سب لوگوں سے ایمان میں اول اور سابق اور قرآن و سنت کا سب سے بڑھ کر عالم نہیں ہے کیا علیؑ نے سب لوگوں سے پیچھے آخر وقت تک نبی کا ساتھ نہیں دیا۔ کیا علیؑ وہ شخص نہیں ہے جس کی مدد جبرئیلؑ نے رسول اللہ کے تفنن و دفن میں کی۔ علیؑ کی ذات میں وہ سب باتیں موجود ہیں جو دوسر تمام لوگوں میں ہیں۔ وہ اس سے برابری نہیں کر سکتے۔ تمام امت میں نیکی اور فضیلت کی وہ باتیں موجود نہیں ہیں جو علیؑ میں موجود ہیں۔ ایسا ہی ابوسفیان نے بھی بیعت ابوبکر سے تخلف کیا۔ پس ابوبکر نے عمر کو علیؑ اور ان لوگوں کی طرف بھیجا جو علیؑ کے ساتھی تھے۔ تاکہ وہ ان کو خانۂ فاطمہؑ سے نکالدے اور ابوبکر نے عمر کو حکم دیا کہ اگر وہ انکار کریں تو ان سے قتال کر۔ پس عمر آگ لے کر اس قصد سے چلا کہ فاطمہؑ کے گھر کو جلا دے فاطمہؑ نے اس کو دیکھ کر کہا اے خطاب کے بیٹے۔ تو کدھر آ رہا ہے کیا تو ہمارے گھر کو جلانے آیا ہے عمر نے کہا ہاں۔ یہ گھر جلانے آیا ہوں۔ یا یہ کہ وہ اس امر میں داخل ہوں جس میں امت کے لوگ داخل ہوئے ہیں

بلاذری میں ہے کہ علی علیہ السلام نے ابوبکر کی بیعت سے انکار کیا تو عمر اپنے ساتھ آگ لے کر آیا

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

فاطمہؑ نے عمر کو دروازے پر دیکھ کر کہا کہ اے پسر خطاب۔ کیا تو چاہتا ہے کہ مجھ پر میرا دروازہ جلائے عمر نے کہا۔ ہاں اور یہ امر زیادہ قوی ہے بہ نسبت اس امر کے جو تیرا باپ لے کر آیا۔

تاریخ طبری ذکر خلافت ابوبکر میں ہے کہ عمر بن خطاب خانہ جناب امیر علیہ السلام پر آیا اور انہیں طلحہ اور زبیر اور مہاجرین میں سے چند اشخاص تھے عمر نے کہا خدا کی قسم۔ میں ضرور یہ گھر تم پر جلا دوں گا۔ یا یہ کہ ابوبکر کی بیعت کرنے کے لئے باہر آؤ۔

مولوی وحید الدین خان نے کتاب حد تحقیق مطبوعہ لکھنؤ میں لکھا ہے کہ حسب روایت "تاریخ ابوالفدا بادشاہِ شام کے کہ جس پر شیعہ ہونے کا کچھ احتمال نہیں ہو سکتا۔ یہ بات معلوم ہوتی ہے کہ حضرت عمر خانۂ فاطمہ علیہا السلام کو جلانے کے لئے اپنے ہاتھ میں آگ لے کر گئے تھے۔ اور حضرت ابوبکر نے یہ حکم دیا تھا۔ کہ علیؑ بیعت نہ کریں تو علیؑ اور ان کے ساتھیوں کو فاطمہؑ کے گھر سے نکال دیا جائے۔

اگر کوئی شخص فوت ہو جائے اور اس کا خاندان مصروف گریہ و زاری ہو۔ تو اس وقت ہر ایک انسان کو اس خاندان سے قدرتاً اور اخلاقاً ہمدردی ہوتی ہے جیسے جیسے مدت منقضی ہوتی جاتی ہے پسماندگان میں صبر و تحمل آ جاتا ہے آخر کچھ عرصے کے بعد صدمۂ موت ہلکا ہو جاتا ہے

اگر عمر بن خطاب اور ابوبکر بن قحافہ دنیوی دستور ہی کو پیش نظر رکھتے تو خاندان اہلبیت کو سیر ہو کر وفات رسولؐ کے غم میں رو لینے دیتے اور صف ماتم اٹھ جانے دیتے خلافت پر قبضہ کر چکے تھے اور احباب اور حلقہ بگوشوں کا جم غفیر موجود تھا حضرت علیؑ سے بیعت لینے میں اتنی عجلت کی کیا ضرورت تھی۔ اور خانۂ اہلبیت کو معہ اہل خانہ جلا دینے کی کیا مجبوری لاحق تھی۔ کیا یہ ممکن تھا کہ ڈرانے دھمکانے سے حضرت علیؑ ابوبکر کی بیعت کر لیتے۔

حضرات شیخین کے اس فعل نے عوام الناس میں ایک نمونہ قائم کر دیا کہ خاندان اہلبیتؑ کسی عزت کسی آبرو اور کسی لحاظ کے مستحق نہیں ہیں اس فعل بد کا نتیجہ یہ ہوا کہ لوگوں کی نگاہ میں اہلبیت کا وقار کم ہو گیا پھر حضرات ثلاثہ کے دورِ حکومت میں ان کی گوناگوں تدابیر سے اہلبیت کی عزت بتدریج لوگوں کے دل سے محو ہو گئی۔

پھر معاویہ اور اس کے بعد کے خلفاء نے جو جو وحشیانہ سلوک اہلبیتؑ اور محبانِ اہلبیتؑ سے روا رکھے ظاہر و باہر ہیں۔ اس خونی دریا کا منبع خلافت اولیٰ تھی جس کا مدار المہام وزیر اعظم عمر بن خطاب تھا۔

قصۂ قرطاس

بخاری امام بخاری مطبوعہ مصر جلد پنجم ص مسلم امام مسلم مطبوعہ نولکشور جلد دوئم ص۳۳ تاریخ

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

خمیس علامہ دیار بکری مطبوعہ مصر جلد دوم صفحہ ۱۸۲ معارج النبوۃ ملا معین کاشفی مطبوعہ نولکشور رکن چہارم صفحہ ۲۳۴ مشکوۃ امام ولی الدین محمد بن عبداللہ الخطیب مطبوعہ محمدی دہلی صفحہ ۵۵۴ روضۃ الاحباب محدث جمال الدین حسینی مطبوعہ تیج بہادر لکھنؤ صفحہ ۵۵ الفاروق شمس العلما مولوی محمد شبلی نعمانی مطبوعہ مفید عام آگرہ حصہ اول صفحہ ۶۰ سر العالمین حجۃ الاسلام امام غزالی مطبوعہ بمبئی صفحہ ۹ کتاب الشفا علامہ قاضی عیاض مطبوعہ صدیقی بریلی صفحہ ۳۰۶ شرح علامہ ابن ابی الحدید مطبوعہ ایران جلد اول صفحہ ۵۴ ان تمام کا مجموعہ یہ ہے کہ آنحضرتؐ نے اپنی مرض الموت کے وقت حکم دیا لاؤ میرے لئے قلم اور کاغذ تاکہ میں تم کو ایسی تحریر کردوں جس سے تم میرے بعد گمراہ نہ ہو جاؤ۔ عمر نے کہا۔ قلم اور کاغذ لانے کی کچھ ضرورت نہیں ہے۔ یہ شخص (عمر نے کہا ہے یہ شخص نہ رسول اللہ اور نہ پیغمبر خدا نہ حضرتؐ) ہذیان کی حالت میں ہے یعنی غلبہ مرض کی وجہ سے خلاف عقل باتیں کہہ رہا ہے ہم کو کتاب خدا ہی کافی ہے۔ اس کلمہ پر حاضرین میں بلند آوازی شروع ہوئی اور حضرتؐ نے فرمایا قوموا عنی یعنے دور ہو جاؤ مجھ سے۔ دور ہو جاؤ مجھ سے۔

سورۃ الحجرات میں ہے کہ اے ایمان والو۔ اپنی آوازکو رسولؐ کی آواز سے بلند نہ کرو۔ اور جس طرح بلند آوازی سے آپس میں باتیں کرتے ہو اس طرح رسولؐ سے بلند آوازی سے گفتگو نہ کرو۔ ورنہ تمہارے تمام اعمال ضائع ہو جائیں گے۔

سورۃ الاحزاب میں ہے کہ جو لوگ اللہ اور اس کے رسولؐ کو ایذا دیتے ہیں انکو اللہ نے اپنی رحمت سے دنیا اور آخرت میں دور رکھا ہے اور ان کے لئے ذلیل کرنے والا عذاب تیار ہے۔

بخاری مطبوعہ بمبئی باب مرض النبی جلد پنجم صفحہ ۳۲ سطر اول پر ہے کہ ابن عباس نے فرمایا کہ پنجشنبہ کا روز عجیب روز تھا کہ آنحضرتؐ نے شدت مرض میں حکم دیا کہ لاؤ کاغذ تاکہ میں ایک وصیت نامہ لکھ دوں کہ اس پر عمل کرنے کے بعد تم لوگ گمراہی میں نہ پڑو گے پس حاضرین میں نزاع پیدا ہوئی۔ اور پیغمبر کے حضور میں تکرار اور نزاع کسی طرح مناسب نہ تھا پس اصحاب (صرف عمر) نے کہا کہ پیغمبر صلعم ہذیان بول رہے ہیں پیغمبرؐ نے فرمایا۔ مجھے چھوڑ دو۔ اس حالت میں کہ جس میں ہوں یعنی تم شور نہ کرو۔ پھر آنحضرتؐ نے تین وصیتیں کیں۔ پہلی یہ کہ مشرکین کو جزیرہ عرب سے نکال دو۔ دوسری یہ کہ جائزہ دیا کرنا جس طرح میں دیا کرتا تھا۔ تیسری یہ کہ . . . . . . یعنی یہاں حضرتؐ خاموش ہو گئے یا راوی اس وصیت کو بھول گیا۔

ناظرین غور طلب بات یہ ہے۔ کہ آنحضرتؐ کو کاغذ و قلم کے طلب فرمانے پر بہتان ہذیان بتایا جاتا ہے لیکن اسی وقت آنحضرتؐ بقائمی حواس وصایا فرما رہے ہیں۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

امام بخاری نے تیسری وصیت کو دانستہ درج بخاری نہیں کیا لیکن ہم اس بھید کو بتا دیتے ہیں۔ سرالعالمین امام غزالی مطبوعہ بمبئی ص۹ سطر ۵ پر ہے کہ جب آنحضرتؐ کا انتقال ہوا تو مرنے سے پہلے حضرتؐ نے فرمایا۔ لاؤ دوات اور کاغذ کو تمہارے لیئے خلافت اور امارت کی مشکلات کو دور کر دوں اور بتا دوں کہ تم میں سے خلافت اور امارت کا کون مستحق ہے۔ مگر عمر بن خطاب نے اس وقت کہہ دیا۔ کہ چھوڑ دو اس شخص کو کہ یہ ہذیان کر رہا ہے۔

کتاب الشفا قاضی عیاض مطبوعہ صدیقی بریلی ص۳۰ سطر ۱۲ پر ہے کہ آنحضرتؐ کا مقصود اس وقت وصیت لکھنے سے یہ تھا۔ کہ امر خلافت کا فیصلہ کیا جائے اور اپنے بعد ایک خاص خلیفہ مقرر کیا جائے تفسیر کبیر سورہ نسا زیر آیہ "ان یتحاکموا الی الطاغوت" لکھا ہے کہ آنحضرتؐ کا ہر ایک قول و فعل واجب التعمیل ہے۔ اور جس نے ایک امر کی بھی مخالفت کی۔ وہ اسلام سے خارج ہو گیا۔ خواہ اس کی مخالفت شک کی وجہ سے ہو یا سرکشی کی وجہ سے۔

امام عینی شرح بخاری لکھتا ہے۔ کہ چونکہ آنحضرتؐ کسی وقت خلاف عقل باتیں نہیں کر سکتے۔ اس لئے آنحضرتؐ کے حق میں کلمہ ہذیان کہنے والا کوئی منافق ناقص الایمان ہو گا۔

قسطلانی شارح بخاری اور ابن حجر عسقلانی صاحب فتح الباری لکھتا ہے۔ کہ جب آنحضرتؐ نے قلم اور کاغذ طلب فرمایا تھا۔ اس وقت آنحضرتؐ کے اہلبیت وہاں موجود نہ تھے۔

کتاب شفا امام الائمہ قاضی عیاض مطبوعہ صدیقی بریلی ص۲۵۲ سطر ۳۰ پر ہے کہ ھجر ھجراً کے معنی بکواس کرنا ہے۔ اور ھجر ھجراً کے معنی گندی گالیاں دینا ہے۔

تاریخ خمیس علامہ دیار بکری مطبوعہ مصر جلد دوم ص۱۶۴ سطر ۲۴ اور مشکوٰۃ مطبوعہ محمدی دہلی ص۴۵۵ سطر ۹ پر بروایت ابن عباس مفصل لکھا ہے کہ آنحضرتؐ کے قلم و قرطاس طلب فرمانے پر عمر بن خطاب نے حضرتؐ پر بہتان ہذیان لگایا۔ اور آنحضرتؐ نے فرمایا۔ دور ہو جاؤ مجھ سے دور ہو جاؤ مجھ سے۔

بخاری کتاب العلم باب کتاب العلم و کتاب الخمس باب اخراج الیہود من جزیرۃ العرب و کتاب المغازی باب مرض النبی و کتاب الجہاد باب ھل یستشفع الی اھل الذمہ و کتاب الاعتصام باب کراھۃ الخلاف و صحیح مسلم کتاب الوصایا باب وصیت النبی و مشکوٰۃ بعد باب الکرامات و قبل باب مناقب الصحابہ میں ہے کہ حضرت ابن عباس پنجشنبہ یعنی جمعرات کے روز رویا کرتے۔ یہاں تک کہ زمین پر بچھے ہوئے سنگریزے ان کے آنسوؤں سے تر ہو جاتے۔ وجہ دریافت کرنے پر فرماتے۔ کہ یہ دن تمام مصیبتوں کا

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

فاطمہؑ نے عمر کو دروازے پر دیکھ کر کہا کہ اے پسرِ خطاب۔ کیا تو چاہتا ہے کہ مجھ پر میرا دروازہ جلائے عمر نے کہا۔ ہاں اور یہ امر زیادہ قوی ہے بہ نسبت اس امر کے جو تیرا باپ لے کر آیا۔

قاضی بیضاوی نے سیپارہ اول تفسیر آیہ فلما انبأھم باسمائھم میں لکھا ہے کہ جاننا چاہیے کہ یہ آیات انسان کی شرافت اور علم کی بزرگی اور بندگان پر اس کی فضیلت ہونے پہ دلالت کرتی ہیں اور علم خلافت کی شرط ہے۔ بلکہ عمدہ شرط ہے۔

حیات القلوب جلد دوم ص۵۲۹ پر جو کتاب شیعہ ہے لکھا ہے کہ اسما بنت عمیس اوی ہیکہ جب آنحضرتؐ نے بروز خم غدیر حضرت علی علیہ السلام کو اپنا جانشین بہ حکم خدا بنایا۔ تو ابو بکر کے مکان میں (اسما بنت عمیس اس وقت ابو بکر کے نکاح میں ہے۔ اور اسی گھر میں موجود ہے) مندرجہ ذیل لوگ جمع ہوئے۔

"ابو بکر۔ عمر۔ عثمان۔ طلحہ۔ عبدالرحمان بن عوف۔ سعد بن ابی وقاص۔ ابو عبیدہ جراح۔
معاویہ بن ابو سفیان۔ عمرو بن عاص (یہ نو آدمی قریش ہیں) ابو موسیٰ اشعری۔ مغیرہ بن شعبہ۔ اوس بن حدثان۔ ابو ہریرہ۔ ابو طلحہ انصاری۔

ان لوگوں نے باہم معاہدہ کیا۔ جو سعید بن عاص اموی نے لکھا اور جس کا مضمون یہ ہے کہ یہ عہد نامہ ہے جس پر اشراف و رؤسائے عرب نے اتفاق کیا ہے۔ جن کی مدح و ثنا خداوند عالم نے قرآن میں کی ہے۔ اس عہد نامہ پر عمل پیرا ہونا مسلمانان پر فرض ہے۔ یاد رکھو کہ آنحضرتؐ نے اپنے بعد کسی کو اپنا جانشین نہیں بنایا۔ بلکہ یہ امر اہم مسلمانوں کی رائے اور مشورہ پر چھوڑ دیا ہے۔ آنحضرتؐ نے نہ چاہا۔ کہ خلافت ایک ہی خاندان میں دست بدست چلتی رہے۔ اور اُن کی وراثت قرار پائے اور دیگر مسلمان اس سے محروم ہو جائیں نیز یاد رکھو کہ جب ایک خلیفہ مرنے لگے تو وہ بھی خلافت کو پہلے کی طرح انتخاب مسلمین پر چھوڑ دے۔ اور جو شخص یہ کہے کہ خلافت بروئے قرابت رسولؐ و نص بر حق ہے اسکو فوراً قتل کر دو اور اس کا قتل کرنا ثواب عظیم کا باعث ہے۔ محمد صلی اللہ نے بھی ایسے شخص کا قتل مباح قرار دیا ہے۔ فقط الحمد للہ رب العالمین وصلی اللہ علی سیدنا محمد وآلہ مرقومہ یکم محرم سنہ۔

جب سقیفہ میں ابو بکر کو عمر بن خطاب نے خلیفہ بنانا چاہا تو حاضرین نے مخالفت کی اور جب عمر کی چالاکی کارگر ہوتی نظر آئی تو بہت لوگ وہاں سے ناراض ہو کر چلے گئے۔

اہل مدینہ میں سے خاندان اہلبیتؑ اور بنی ہاشم اور ان تمام لوگوں نے ابو بکر کی بیعت نہ کی جن کے دل میں نور ایمان تھا اور جو آنحضرتؐ کو سچا نبی مانتے تھے۔

مدینہ سے باہر کئی قبیلوں نے ابو بکر کی بیعت نہ کی جن کو ابو بکر کے حکم سے قتل کیا گیا۔ ان کے گھروں کو لوٹا گیا اور ان کی عورتوں سے بالجبر زنا کیا گیا۔

ثلاثہ کی حکومت کے بعد خلفائے بنی امیہ اور خلفائے عباسیہ نے بھی مومن اشخاص کو گوناگوں

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اذیتیں پہنچائیں۔ مگر ان کے ایمان میں تزلزل واقع نہ ہوا۔

فدک

قاضی نور اللہ شوستری علیہ الرحمہ نے احقاق الحق میں معجم البلدان یاقوت حموی سے جو اہل سنت کے ہاں معتبر ترین تاریخ ہے نقل کیا ہے کہ فدک قریہ ہے حجاز سے۔ مدینہ سے دو دن کے فاصلہ پر ہے یا تین دن کے فاصلہ پر۔ خداوند عالم نے سنہ ۷ھ میں رسول اللہ پر صلح کے رو سے فتح کر دیا تھا۔ جو خالص رسول اللہ کی ملکیت تھا۔ اسمیں پانی کے بہت سے چشمے جاری تھے اور کھجوروں کے کثیر التعداد درخت تھے اور یہی وہ ملک ہے جسکی نسبت جناب سیدہ نے فرمایا تھا کہ رسول اللہ نے اسکو میرے حق میں ہبہ کر دیا ہوا ہے۔

فتح الباری جلد ششم ص ۱۴۱ پر ہے کہ فدک ایک شہر ہے جو مدینہ سے تین منزلوں کے فاصلہ پر ہے فدک رسول اللہ کی ذاتی ملکیت تھا اور اس میں کسی کا دخل نہ تھا۔

شرح ابن ابی الحدید مطبوعہ ایران جلد دوم قریب نصف حصہ پر ہے کہ بہ تحقیق رسول اللہ جب خیبر سے فراغت پا چکے۔ تو اہل فدک کے دلوں میں خدا نے رعب ڈال دیا۔ پس انہوں نے اپنے تمام نمائندوں کو پیغمبر کی خدمت میں بھیجا اور نصف فدک پر مصالحت کر لی پس ان کے نمائندے خیبر ہی میں یا راستہ میں یا قیام مدینہ کے بعد آنحضرت کی خدمت میں پہنچے اور آنحضرتؐ نے یہ فیصلہ منظور کر لیا پس یہ فدک خاصۃً و خالصۃً صرف پیغمبر ہی کا حق تھا۔ بلا اشتراک غیرے۔ کیونکہ وہ فدک لشکر کی چڑھائی اور اونٹ گھوڑے دوڑانے کے بغیر یہودی بنی نضیر سے دستیاب ہوا تھا۔

فتوح البلدان علامہ بلاذری ص ۲۹ پر لکھا ہے۔ کہ نصف فدک خاصۃً و خالصۃً پیغمبر کا مال تھا۔ بخاری کے باب الخمس اور باب المغازی اور باب المیراث میں بہ تفصیل لکھا ہے کہ عمر نے "وما افاء اللہ علی رسولہ منھم فما اوجفتم علیہ من خیل ولا رکاب" پڑھ کر کہا کہ یہ فدک خالص پیغمبر کا حق ہے۔

معارج النبوۃ علامہ معین کاشفی مطبوعہ نولکشور رکن چہارم ص ۲۲۱ سطر ۲ پر ہے کہ آنحضرتؐ نے حضرت علی علیہ السلام کو فدک کے مسخر کرنے کے لئے بھیجا مگر فدک کو یہودی بنی نضیر نے بلا مقاتلہ جناب امیرؑ کے حوالے کر کے صلح کر لی۔ اس پر حضرت جبرئیلؑ نازل ہوئے اور آنحضرتؐ کی خدمت میں عرض کیا خدا فرماتا ہے حق خویشاں ادا کرو۔ آنحضرتؐ نے فرمایا میرے خویش کون ہیں جبرئیلؑ نے عرض کیا جناب فاطمہؑ ہیں علاقہ فدک انکو دیدیں۔ آنحضرتؐ نے جناب سیدہ کو بلایا اور ان کے حق میں علاقہ فدک کے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

عطیہ کی تحریر کر دی۔ یہ وہی تحریر رسول اللہ کی تھی جو سیدہ نے ابوبکر کے دربار (مطالبۂ فدک) پیش کی اور فرمایا کہ یہ نوشتۂ رسولؐ ہے جو آنحضرتؐ نے میرے اور حضرات حسنینؑ کے حق میں لکھا تھا! ورنہا بیع المودۃ مطبوعہ قسطنطنیہ ص۱۱۹ وص۱۲۰ پہ ہے کہ جب یہ ولآت ذالقربیٰ حقہٗ نازل ہوئی تو آنحضرتؐ نے فدک جناب سیدہ کو بخشدیا۔

ہبہ فدک

روضۃ الصفا جلد دوئم ص۱۳۷ سطر ۳ مطبوعہ نولکشور پہ ہے کہ سورہ روم آیہ نمبر ۳۸ کے رو سے آنحضرتؐ نے بحکم خدا علاقہ فدک جناب فاطمہؑ کو ہبہ کر دیا۔ اور ہبہ نامہ تحریر کر دیا تھا۔

قسطلانی ص۵۵ شمائل ترمذی ص۳۳ سیرۃ الحلبیہ جلد ۳ ص۳۹۴ اور کتاب الامامت والسیاست وغیرہ متعدد کتب میں مرقوم ہے کہ فدک جناب سیدہ کے حق میں عطیہ رسول اللہ تھا جناب سیدہ نے ابوبکر سے طلب فدک کیا۔ اور ابوبکر کے انکار پر سیدہ تا دم آخر ابوبکر سے متکلم نہ ہوئیں اور غضبناک رہیں۔

ہبہ کردہ چیز سے شرعاً اور قانوناً ہبہ کنندہ کا کبھی کوئی تعلق باقی نہیں رہتا۔ ہبہ کردہ چیز ہمیشہ کے لئے اس شخص کی ملکیت ہو جاتی ہے جس کے حق میں وہ ہبہ کی گئی ہو۔ اس ہبہ پر ناجائز قبضہ کرنے والا آدمی قانون شکن کہلائے گا۔ اور شرع اور قانون دونوں کے رو سے مجرم ہوگا۔ اس قانون سے نہ بادشاہ مستثنےٰ ہو سکتا ہے۔ اور نہ کوئی رعیت کا آدمی۔

فدک آنحضرتؐ کی ذاتی جائیداد تھی۔ وہ جسے چاہتے عطا فرماتے۔ اس میں کسی شخص کو کچھ سروکار نہیں ہو سکتا۔ ابوبکر نے فدک پہ قبضہ کر کے اور ایک وضعی حدیث پیش کر کے صرف قانون شکنی ہی نہیں کی ہے۔ بلکہ احکام شرع کو دانستہ پامال کیا ہے۔ حکم قرآن کی تضحیک کی ہے۔ حکم رسولؐ کی ہنسی اڑائی ہے۔ جناب صدیقہؑ کی بے حرمتی کی ہے۔ دین اللہ اور دنیا ہر دو کا پورا ثبوت دیا ہے۔ محاسبۂ قیامت سے نہیں ڈرا ہے۔ ذی شعور لوگوں کی لعن وطعن کی پرواہ نہیں ہے۔ اور ارتداد و عداوت اہلبیتؑ میں کمال کر دکھایا ہے۔

ایسا عظیم الشان بادشاہ ہو کر اور ایک لاانتہا بیت المال کا مالک ہو کر اگر کوئی شخص ایک معمولی علاقے کو غصب کرے جس کی سالانہ آمدنی ایک لاکھ روپیہ سالانہ سے زیادہ نہ ہو تو ہمیں مجبوراً کہنا پڑتا ہے کہ اس شخص کا یہ فعل کسی خاص غرض پر مبنی ہے۔

ابوبکر اور عمر کا دل اس سوچ بچار سے کسی وقت خالی نہ تھا۔ کہ کون کون سی تدابیر پہ عمل کیا جائے۔ جن کی وجہ سے اہلبیت علیہم السلام لوگوں کی نگاہ میں حقیر ہو جائیں۔ سب سے پہلے انہوں نے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

فدک پر قبضہ کیا۔ تاکہ آسائش اور تمول ان کی کسی حالت میں دستگیری نہ کر سکے۔ بجز خمس و بنا بند کر دیا۔ تاکہ ان پر افلاس اور احتیاج کا پہاڑ ٹوٹ پڑے۔ تینوں خلافتوں میں اہلبیت میں سے کسی کو کسی قسم کا عہدہ نہ دیا گیا۔ تاکہ ان کا خزاں دیدہ وقار کبھی بہار پر نہ آ سکے۔

اگر یہ خلیفے عام رعایا پرور دنیاوی بادشاہوں کے نمونے پر بھی ہوتے۔ تو خلافت کے غصب کرنے بعد اہلبیت کو بسر اوقات کے لئے جاگیریں مرے دیتے۔ خود بادشاہ بنے رہتے۔ اور انہیں ایک فارغ البال رئیس کی طرح زندگی گذارنے کا موقعہ دیتے۔ مگر افسوس کہ ان کی شقاوت ان کے ضمیر پر غالب آئی۔ اور انہوں نے وہ سفیہانہ کاروائیاں کیں کہ ان کی مثال ڈھونڈھے سے نہیں مل سکتی۔

نہایت رنج اور قلق کا مقام ہے کہ شیخین نے نوشتہ رسول کی کچھ پرواہ نہ کی بلکہ ایک ردی کا غذ خیال کر کے اسے پھاڑ ڈالا۔ اب آپ ہی فرمائیں کہ ہم ایسے لوگوں کو کیونکر اچھا کہہ سکتے ہیں کیا یہ بھی معاویہ کا عہد ہے کہ زینب مصائب کی دیوار میں چن دیا جائے۔

دعوائے فدک

مندرجہ ذیل کتب اہلسنت میں لکھا ہے کہ حضرت فاطمہ علیہا السلام نے اپنے والد گرامی حضرت رسول اکرم صلعم کے ہبہ کردہ فدک کا دعوے ابو بکر پر کیا۔ اور حضرت علی علیہ السلام اور حضرت ام ایمن نے اور بعض کتابوں میں ہے کہ امام حسنؑ اور امام حسینؑ اور ام کلثوم نے بھی ہبہ نامہ کی تصدیق میں گواہیاں دیں لیکن اس پر بھی جناب خلیفہ صاحب نے دعوے خارج کر دیا۔ حالانکہ ابو بکر کو یہ معلوم تھا۔ کہ جناب فاطمہ سیدۃ النساء عالمیان ہیں۔ حضرت علی علیہ السلام کے حق میں ارشاد ہے علی مع الحق والحق مع علی علی حق کیساتھ ہے۔ اور حق علیؑ کیساتھ ہے۔ اور حسنینؑ کو رسول اکرم نے سرداران جوانان اہل جنت فرمایا ہے۔ اور ام ایمن کے بارے میں تو خود ابو بکر نے شہادت دی کہ حضور انور نے اسے جنتی فرمایا ہے کما فی شرح المواقف حالانکہ لوگوں کے مقدمات میں ایک گواہ پیش کرنے پر بھی مدعی کے حق میں فیصلہ دیا گیا۔ جیسا کہ آپ کو مندرجہ ذیل واقعات سے معلوم ہو گا۔

ملل و النحل شہرستانی۔ کتاب مغنی قاضی القضاۃ وفاء الوفا سید نور الدین سمہودی باب ششم فصل ثانی در صدقات۔ خلاصۃ الوفا انتخاب وفاء الوفا باب ششم فصل ثانی در صدقات جواہر العقدین سید نور سمہودی۔ شرح نہج البلاغت ابن ابی الحدید فصل الخطاب خواجہ محمد پارسا ربع آخر کتاب فضائل

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ابو بکر۔ انسان العیون فی سیرۃ الامین و المامون مطبوعہ مصر جلد سوم صفحہ ۳۹۹۔ کتاب موافقہ ابن السمان حاشیہ صلاح الدین رومی بر شرح عقائد نسفی مصنفہ تفتازانی صواعق محرقہ باب اول مطاعن ابو بکر براہین قاطعہ کمال الدین بن فخر الدین جہرمی۔ شرح مواقف صفحہ ۷۳۵ سطر ۱۰، نہایت العقول امام فخر الدین رازی ریاض النضرہ محب طبری ذکر الخلفاء و اثار النبوۃ و ابتہام ایاہا من الفصل الثانی عشر من الباب الاول من القسم الثانی۔ ریاض النضرہ فی مارووی عن اہلبیت و بغض الشیخین و تنازعہم علیہما من الباب من القسم الاول تفسیر کبیر آیہ ما افاء اللہ علی رسولہ منہم فما اوجفتم علیہ من خیل ولا رکاب۔ کتاب الاکتفا ابراہیم بن عبد اللہ یمنی شافعی۔ کتاب محلی ابن حزم اندلسی حبیب السیر غیاث الدین روضۃ الصفا ملا محمد ابن خاوند شاہ معارج النبوۃ۔ تصانیف عمر بن شیبہ کتاب صواقع مطاعن ابو بکر محمد مورخ ابو بکر جوہری۔ معجم البلدان یاقوت حموی بہ لفظ فدک وغیرہ۔

شرح ابن ابی الحدید جلد دوم کے قریب نصف میں لکھا ہے کہ جناب سیدہ نے ابو بکر سے کہا حضرت ام ایمن اس امر کی شہادت دیتی ہیں کہ آنحضرتؐ نے یہ فدک مجھے عطا کیا تھا اسے جواب میں ابو بکر نے کہا بہ تحقیق اے فاطمہؑ یہ فدک رسول اللہ کا مال نہیں ہے۔ بلکہ مسلمانوں کا مال تھا۔ کہ پیغمبر اس کو فی سبیل اللہ خرچ کیا کرتے تھے۔ پس جبکہ آنحضرتؐ کا انتقال ہوا تو میں اس کا متولی قرار پایا جیسا کہ پیغمبرؐ متولی تھے۔ سیدہ نے فرمایا اے ابو بکر خدا کی قسم میں مدت العمر کبھی تم سے کلام نہ کروں گی ابو بکر نے کہا خدا کی قسم۔ میں بھی تم سے تمام عمر علیحدگی اختیار کروں گا۔ سیدہ نے فرمایا خدا کی قسم میں تمہارے حق میں بددعا کیا کروں گی۔ ابو بکر نے کہا خدا کی قسم۔ میں بھی تمہارے حق میں بددعا کیا کروں گا۔ پس سیدہ نے وقت وفات یہ وصیت کی۔ کہ ابو بکر اس کے جنازہ میں شریک نہ ہو۔ چنانچہ معصومہ کو رات کے وقت ابو بکر و عمر کی اطلاع کے بغیر دفن کر دیا گیا۔

کنز العمال کتاب الشہادت فصل ثالث میں ہے۔ کہ جعفر بن محمدؑ نے اپنے باپ سے اور اس نے حضرت علی علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ اور ابو بکر و عمر اور عثمان ایک گواہ اور قسم پر فیصلہ کیا کرتے تھے

تاریخ شرح توضیح رکن ثانی فصل فی الانقطاع میں بروایت حضرت علی علیہ السلام لکھا ہے کہ بہ تحقیق رسول خدا نے ایک گواہ کی شہادت اور قسم پر فیصلہ کیا۔ اور اس سے روایت ہے کہ بہ تحقیق رسول اللہ اور ابو بکر اور عمر اور عثمان ایک گواہ کی شہادت اور قسم پر فیصلہ کر دیتے تھے۔

موطا امام مالک کتاب الاقضیہ باب القضا بالیمین مع شہادہ صفحہ ۳۰ پر ہے کہ مالک کہتا ہے کہ ایک گواہ کی شہادت اور قسم پر فیصلہ کرنے کی سنت قائم ہو چکی ہے۔ صاحب حق کا ایک گواہ ہو اور وہ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہے۔ کہ فرمایا آنحضرتؐ نے کہ ولد الزنا اور مدام الخمر اور قطع رحم کرنے والا جہنمی ہے۔

تفسیر کبیر سورہ نون و القلم میں ہے کہ ولد الزنا کا بیٹا اور پوتا داخل جنت نہ ہوگا۔

موطا امام مالک باب العمل فی الصلوٰۃ الجماعۃ ص۹۲ پر یحییٰ بن سعید سے روایت ہے کہ عراقی ہند کے ایک موضع عقیق میں ایک شخص امام مسجد تھا۔ عمر بن عبدالعزیز مروانی نے اس کو معزول کر دیا۔ نواب وحید الزمان نے اس روایت کی شرح میں لکھا ہے کہ وہ امام مسجد مجہول النسب تھا۔ اس لئے امامت سے معزول کر دیا گیا۔

کنز العمال میں بروایت میمون بن مہران لکھا ہے کہ اس نے کہا کہ ابن عمر ولد الزنا کی نماز جنازہ پڑھا کرتا تھا۔ لوگوں نے اس کو کہا کہ ابو ہریرہ ولد الزنا کی نماز جنازہ نہیں پڑھتا اور کہتا ہے کہ ولد الزنا شر الثلاثہ ہے۔ (یعنی اس میں تین شر موجود ہیں۔ خباثتِ نطفہ۔ شقاوتِ طینت۔ غضبِ خدا) ابن عمر نے کہا کہ وہ خیر الثلاثہ ہے۔

تلویح شرح توضیح ذکر معارضت در بحث حدیث ولد الزنا شر الثلاثہ میں لکھا ہے۔ کہ اکثر دیکھا گیا کہ بعض ولد الزنا والد الحلال سے دین و دنیا کے کاموں میں زیادہ پرہیزگار ہوتے ہیں پس اس دلیل پر حدیث شر الثلاثہ درست نہیں۔ ولد الزنا امام کرامات و فضائل کا مستحق ہے۔ جس کا ولد الحلال حقدار ہے۔ پس ولد الزنا کا عابد و شاہد و قاضی و امام (یعنی جانشین رسولؐ) ہونا جائز ہے۔ ناظرین چونکہ قرآن کی رو سے امام کا درجہ انبیاء سے بڑا ہے۔ اس لئے بقول سنیاں نبی ولد الزنا ہو سکتا ہے۔

علامہ قطب الدین شیرازی نے نزہۃ القلوب میں اور امام ابو القاسم راغب اصفہانی نے محاضرات میں لکھا ہے۔ کہ ولد الزنا شریف تر ہوتا ہے کیونکہ مرد خواہش اور نشاط سے زنا کرتا ہے اور بچہ کامل پیدا ہوتا ہے اور یہ بات حلال مقاربت میں میسر نہیں۔ کیونکہ انسان اپنی منکوحہ سے بہ تقتضیٰ رغبت کرتا ہے۔

سیرۃ حلبیہ جلد سوم ص۲۰۹ پر ہے کہ آنحضرتؐ نے ایک دفعہ خالد کو بنی جذیمہ کی طرف بھیجا۔ خالد نے اپنی ذاتی دشمنی کی وجہ سے ان اشخاص کو قتل کر دیا۔ اس پر آنحضرتؐ نے فرمایا۔ خداوندا۔ ہم تبرا کرتے ہیں خالد بن ولید پر اور یہی کلمہ دو دفعہ فرمایا۔ ناظرین۔ بعد ازاں جناب امیرؑ نے بحکم رسولؐ تمام مقتولین کا خون بہا ادا کر دیا۔

انجامِ عمر

کنز العمال باب وفاتِ خلافتِ عمر۔ جامع عبدالرزاق۔ مسند احمد حنبل۔ طبقات ابن سعد۔ تاریخ ابن

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

عساکر سنن ابوداؤد طیالسی۔ مسند ابو یعلیٰ۔ صحیح ابن حبان۔ مستدرک حاکم۔ مواعظ ابو ہلال عسکری اور سنن بیہقی میں ہے کہ عمر نے بوقت مرگ کہا کہ اگر دنیا کی تمام چیزیں میری ہوتیں تو میں انکو اس امر کے عوض میں جو مجھ کو آخرت میں پیش آنے والا ہے۔ اور اس ہول کے بدلے جو مجھ پر روشن ہے فدیہ ادا کرتا۔

کنز العمال کتاب الفضائل فضائل عمر میں ہے کہ ہنادنے اور حافظ ابو نعیم نے حلیہ میں اور بیہقی نے شعب الایمان میں ضحاک سے روایت کی ہے کہ عمر نے کہا کہ کاش کہ میں گوسفند ہوتا اور میرے مالک مجھے کھلا پلا کر مجھے فربہ کرتے اور میں پہلے کی نسبت زیادہ فربہ ہو جاتا انکے دوست انکے ہاں مہمان ہوتے پس میرا جسم تو آگ پر بھونتے اور کچھ حصہ ٹکڑے ٹکڑے سکھا چھوڑتے۔ پھر مجھے کھاتے۔ اور گوہ کی صورت میں نکال دیتے۔ لیکن میں انسان نہ ہوتا۔

کنز العمال باب وفات عمر میں ہے کہ حضرت ابن عباس فرماتے ہیں۔ کہ جب عمر کو ضرب لگی تو پہلا شخص میں تھا جو اس کے پاس گیا۔ میں نے کہا اے امیر المومنین میں تجھے جنت کی خوشخبری دیتا ہوں۔ تو نے رسول اللہ کی طویل صحبت کی اور خلافت میں عدل کیا اور امانت ادا کی۔ عمر نے کہا یہ جو تو نے مجھے جنت کی خوشخبری دی ہے پس خدا کی قسم۔ جس کے سوائے کوئی معبود نہیں۔ اگر جو کچھ آسمان اور زمین کے درمیان ہے میری ملکیت ہوتا تو میں اسکو اس امر کے عوض جو مجھے آگے در پیش آنے والا ہے فدیہ کر دیتا پہلے اسکے کہ مجھے اسکی خبر ہو اور یہ جو تو نے مسلمانوں کی خلافت کا ذکر کیا ہے۔ پس خدا کی قسم میں تو یہ چاہتا ہوں کہ اس سے نجات پاتا (یعنی مجھے خلیفہ بنایا ہی نہ جاتا) تاکہ مجھ پر کوئی بوجھ ہوتا۔ اور نہ میرے لئے کوئی ثواب ہوتا۔ اور یہ جو تو نے صحبت رسول کا ذکر کیا ہے پس یہ بات البتہ یونہی ہے۔

طبقات ابن سعد اور تاریخ ابن عساکر میں ہے کہ عبداللہ بن عبید بن عمیر سے روایت ہے۔ کہ جب عمر کو ضرب لگی۔ تو اس نے کہا۔ یہ وہ وقت ہے۔ کہ اگر وہ تمام چیزیں جن پر سورج طلوع کرتا ہے۔ میری ملکیت ہوتیں اور میں اس امر کے ہول سے جو مجھ پر روشن ہے فدیہ کر دیتا۔ ابن عباس نے کہا واللہ اے امیر المومنین تیرا اسلام نصرت اور تیری خلافت فتح تھی۔ عدل سے تو نے زمین کو بھر دیا۔ عمر نے کہا۔ اے ابن عباس۔ کیا جب تو خدا سے ملاقات کرے گا تب بھی یہی شہادت دیگا۔ اس نے کہا۔ ہاں۔ تو اس پر عمر خوش ہوا۔ اور تعجب کرتا تھا۔

طبقات ابن سعد میں ابن سیرین سے حدیث لکھی ہے کہ جب عمر کو ضرب لگی۔ تو لوگ اس کے پاس جاتے تھے۔ پس ایک آدمی نے کہا۔ واللہ مجھے امید ہے کہ دوزخ کی آگ تیرے بدن کو کبھی مس نہ کریگی پس عمر نے اس کی طرف دیکھا اور کہا اے فلانے مجھے بیٹے تجھے اس امر کا علم

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

قلیل ہے اگر جو کچھ زمین پر ہے میرا ہوتا۔ تو میں اس ہول پر جو مجھ پر طالع ہے فدیہ کر دیتا۔

طبقات ابن سعد اور مواعظ ہلال عسکری میں شعبی سے روایت ہے کہ جب عمر کو ضرب لگی۔ تو اس کے پاس بیٹھنے والے اس کی مدح کرنے لگے۔ عمر نے کہا۔ بہ تحقیق وہ شخص جس کو تم نے ان باتوں پر فریفتہ کر لیا۔ بیہودہ امید رکھنے والا ہے۔ خدا کی قسم کاش کہ میں دنیا سے ایسی حالت میں نکلتا۔ جس حالت میں کہ دنیا میں آیا تھا۔ اور خدا کی قسم اگر وہ تمام چیزیں جن پر آفتاب طلوع کرتا ہے۔ میری ہوتیں تو میں انکو اس ہول پر جسکی مجھے اطلاع ہے فدیہ کر دیتا۔ یہی کلمات عمر مسند ابو یعلےٰ اور صحیح ابن حبان اور مستدرک حاکم اور سنن بیہقی سے صاحب کنز العمال میں لکھتے ہیں۔ جس کا جی چاہے دیکھ لے

مسند عدنی میں بروایت جابر لکھا ہے کہ عمر نے عبدالرحمان بن عوف کو کہا۔ یا ابن عوف وددت انی خرجت منھا کفافا لا لی ولا علی وان اتقی اللہ فلا تنظروا لبونی بقلیل ولا کثیر العدنی

طبقات ابن سعد میں ذکر وفات عمر میں لکھا ہے۔ کہ عمر رو پڑا۔ تو ابن عباس نے کہا۔ تمہارے رونے کا کیا باعث ہے۔ تو کہنے لگا مجھے میری آخرت کا معاملہ رلاتا ہے۔

تتبع البیکین میں جمع بین الصحیحین کی سند پر اور بخاری پارہ چودھواں باب مناقب عمر پر لکھا ہے کہ عمر نے ابن عباس سے کہا کہ میری بیتابی اس کام کی وجہ سے ہے جو میں نے تجھ سے اور تیرے صاحب (حضرت علی علیہ السلام) سے کیا ہے واللہ اگر تمام روئے زمین سونا ہوتی اور میری ہوتی تو میں دے دیتا۔ تاکہ پیش ازاں کہ عذاب خدا دیکھتا۔ اس سے خلاصی پاتا۔

کنزل العمال ابن ابی شیبہ سے روایت کی ہے کہ عبداللہ بن عمر نے کہا کہ جب موت عمر کو غش دینے لگی۔ تو میں نے اس کو چھاتی سے لگایا ہوا تھا۔ عمر نے کہا کہ وائے ہو تجھ پر۔ میرا سر زمین پر رکھدے پس اس پر غشی طاری ہو گئی۔ پھر افاقہ ہوا تو اس نے کہا وائے ہو تجھ پر میرا سر زمین پر رکھدے پس میں نے اس کا سر زمین پر رکھدیا۔ پس اس نے اپنا سر اور منہ مٹی سے ملتفر بھر لیا۔ اور کہا ویل اور ویل ہے عمر کے لئے۔ عذاب اور ویل ہے عمر کے لئے۔ اگر خدا اس کو نہ بخشے۔

ابن سعد اور مسدد نے لکھا ہے۔ کہ عثمان بن عفان نے کہا کہ آخری کلمات جو عمر کے منہ سے نکلے یہ تھے کہ عذاب اور ویل ہو عمر کو اور اس کی ماں کو۔ اگر خدا مجھے نہ بخشے۔ یہی کلمات اسنے تین بار دہرائے۔

شرح مشکوٰۃ عبدالحق میں ہے کہ حدیث میں جو آیا ہے کہ تم میں سے کوئی نہ مرے۔ مگر یہ کہ خدا پر اس کا نیک ظن ہو۔ اس میں اس امر کی ترغیب ہے کہ موت کے وقت خدا کے فضل و کرم پر تکیہ کر کے اس پر نیک ظن رکھو۔ محدثین کا قول ہے کہ نیک انجام کی علامت یہ ہے کہ زندگی میں تو اس

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

پر خوف غالب ہو۔ مگر جب موت کا وقت آئے تو اس پر بخشش کی امید غالب ہو۔ طیبی نے کہا ہے کہ زندگی میں نیک عمل کرو۔ یہاں تک کہ مرتے وقت خدا پر تمہارا نیک ظن ہو۔ اور جس شخص کے عمل موت سے پہلے برے ہوں۔ اس کا ظن خدا پر موت کے وقت برا ہوتا ہے۔

تاریخ طبری مطبوعہ مصر جلد ۵ صفحہ ۲۵ پر ہے کہ عمر نے بوقت مرگ ابوطلحہ انصاری جو یہ شخص شراب نوشی میں عمر کا شریک تھا کو کہا کہ تم پچاس آدمیوں کا دستہ لے کر شورٰی خلافت کے مکان پر موجود رہنا۔ اور اگر پانچ آدمی ایک رائے پر متفق ہوں تو چھٹے کو جو مخالف رائے رکھتا ہو (حضرت علیؑ کو) قتل کر دینا۔

ازالۃ الخفا جلد دوئم صفحہ ۲۱۵ پر ہے کہ جب عمر زخمی ہوا تو پوچھا کہ یہ کون ہے جس نے مجھے زخمی کیا ابن عباس نے فرمایا مغیرہ کا غلام ابو لؤلؤ ہے عمر نے کہا تم اور تمہارے باپ ہی غلاموں کو زیادہ پسند کرتے تھے اب اگر تم کہو تو تمام غلاموں کو زبجرم اور بحالت مسلمانی قتل کر ڈالیں۔ ابن عباس نے فرمایا تم جھوٹ کہتے ہو یہ لوگ ہماری زبان بولتے ہیں ہماری نمازیں پڑھتے ہیں اور ہمارے طریق پر حج کرتے ہیں۔

قرضہ عمر

بخاری برحاشیہ فتح الباری جلد ۳ صفحہ ۱۳۲ پر ہے کہ جب عمر بن خطاب مرا تو اس کے ذمہ بیت المال کا چھیاسی ہزار درہم قرضہ تھا۔ حالانکہ اس کے ایک وارث نے اپنا باغ ایک لاکھ درہم پر فروخت کیا

عمر بن خطاب کی خلافت کا آغاز حقیقت میں آنحضرتؐ کی وفات کے عین بعد ہو چکا تھا۔ پس یہ شخص تیرہ چودہ سال تک دریائے معاصی میں سرتاپا غرق رہ کر ۶۳ سال کی عمر میں قتل کر دیا گیا تمام اوصیا کو اپنے اعداء سے سابقہ پڑا ہے لیکن صلابت امیر، قلب سیاہ دلی اور شوخ چشمی سے عمر نے حصہ لیا ہے۔ اس کا نمونہ صفحہ عالم پر نظر نہیں آتا۔

جناب فاطمہؑ اور حضرت علیؑ کے آلام اور شہادت۔ امام حسنؑ کی تکالیف اور شہادت۔ امام حسینؑ اور آپ کے احباب اور اقربا کے مصائب اور شہادت اور خاندان رسولؐ کی بے حرمتی اور رسوائی ان تمام جور و جفا کا سرچشمہ محض عمر بن خطاب تھا۔

اس نے متعدد احکام شرع کو اپنی رائے سے بدل دیا متعہ کو منسوخ کیا۔ صبح کی اذان میں الصلوٰۃ خیر من النوم بڑھا دیا۔ معاویہ کے دل میں عداوت اہلبیت کا بیج بوتا رہا۔ بیت المال میں سے اپنے احباب کو گرانقدر عطیہ جات دیتا رہا۔ وغیرہ۔

کند ذہن یہاں تک تھا کہ بارہ سال کے طویل عرصہ میں سورہ بقرہ کو بخوبی حفظ نہ کر سکا۔ کوئی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

شرعی مسئلہ پوچھا جاتا۔ تو منہ دیکھتا رہ جاتا۔ مزاج کا اکھڑ اور طبیعت کا درشت تھا انصاف سے کوسوں دور تھا۔ غلبۂ اسلام سے مرعوب ہو کر مسلمان ہوا۔ اور آنحضرتؐ کی وفات پر اپنے آبائی مذہب کی طرف لوٹ گیا۔ خاندانی امارت اور ریاست کا یہ حال تھا کہ باپ، بیٹا قریباً برہنہ بدن ہوا کرتے تھے شجاعت کا یہ حال تھا کہ احد کے دن جنگ سے فرار کر کے اور آنحضرتؐ کو نرغۂ کفار میں گھرا ہوا چھوڑ کر پہاڑیوں پر بکریوں کی طرح اچکتا پھرتا تھا۔ عزم اور استقلال یہاں تک تھا کہ نہ تو اس کے اور نہ ہی ابوبکر اور عثمان کے بدن پر کبھی بھی اور کسی بھی جنگ میں خراش تک آئی تھی زخمی اور گھائل ہونا بجائے خود رہا۔

عمر بن خطاب آنحضرتؐ کی نبوت میں شک رکھتا تھا بعد اس کا گستاخانہ رویہ دیکھ کر آنحضرتؐ نے اس کے حق میں بوقت وصال "قوموا عنی" فرمایا۔ بہ الفاظ دیگر یہ شخص راندۂ دربار رسولؐ تھا۔ دختر رز کا فریفتہ اور لڑکے لڑکے بیتاب کرنے کا دلدادہ تھا۔ اس کی موت حسرت اور نا کامی کا بے مثل مرقع ہے۔

تاریخ شاہد ہے کہ ابوبکر، عثمان، عائشہ، حفصہ، حسن بصری، ابوہریرہ، خالد، معاویہ، عمرو عاص، مروان، عبدالرحمٰن بن عوف، عبدالرحمٰن ابن ملجم، یزید، شمر، عمر ابن زیاد، حرملہ، مامون رشید، ہارون رشید، ابوحنیفہ، عبدالوہاب نجدی، بخاری، شیخ عبدالقادر جیلانی، اور مرزا حیرت اور مرزا غلام احمد قادیانی یہ تمام اعدائے اہلبیت عمر بن خطاب کے جانشین ہیں۔ اور یہ ان لوگوں کی اجمالی فہرست ہے جن کی یاد ہمارے دماغوں میں ہمیشہ موجود رہتی ہے۔

حالات حضرت عثمان صاحب

عثمان بن عفان خاندان قریش میں سے امیہ تھا۔ یہ بارہ برس بادشاہ رہا۔ آنحضرتؐ کی نام نہاد دو سوتیلی لڑکیاں رقیہ اور ام کلثوم جو خدیجہؑ کے ساتھ بوقت نکاح آنحضرتؐ کے گھر آئیں عثمان کے نکاح میں یکے بعد دیگرے آگئیں۔ یہ دونوں لڑکیاں خدیجہ کی بیٹیاں نہ تھیں۔ بلکہ خدیجہ کی بہن ہالہ کی بیٹیاں تھیں اور پہلے ان کا نکاح ابولہب کے بیٹوں عتبہ اور عتیبہ سے ہوا تھا۔ مگر بعد ازاں یہ دونوں لڑکیاں عثمان کے نکاح میں آگئیں۔ یہ شخص تدبر اور سیاست سے بے بہرہ تھا۔ خوش پوشی تن آسانی اور نفس پرستی کا شیدا تھا۔ تحمل اور خلق سے کوسوں دور اور اقربا نوازی کے نہایت نزدیک تھا۔ ۳۹ سال کی عمر میں حلقۂ اسلام میں آیا۔ اور ۸۲ سال کی عمر میں اصحاب رسولؐ کے ہاتھ سے قتل ہوا۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

عبدالمناف کے چار بیٹے ، ہاشم۔ عبدالشمس۔ نوفل اور مطلب تھے۔ عبدالشمس کے سات بیٹے مشہور ہیں۔ امیہ۔ ربیعہ۔ عبدالعزیٰ۔ عبدامیہ۔ نوفل۔ حبیب اور امیہ۔ تاریخ کامل جلد اول مطبوعہ مصر ص۲۵ پر ہے کہ امیہ در اصل عبدالشمس کا بیٹا نہ تھا بلکہ غلام تھا جیسا کہ اصابہ میں بھی بہ ترجمہ توب مذکور ہے کہ جب وہ دربار معاویہ میں پہنچا۔ تو اس نے خود معاویہ سے بیان کیا کہ تم لوگ غلط کہتے ہو کہ امیہ بیٹا تھا عبدالشمس کا بلکہ غلام تھا جس کا اصلی نام ذکوان تھا۔ ازالۃ الخفا مقصد دوم ص۲۰۱ پر ہے کہ بنی تیم (خاندانِ ابوبکر) اور بنی عدی (خاندانِ عمر) اور بنی ہاشم خاندان رسول) میں زمانۂ جاہلیت میں عداوت تھی مصنف کہتا ہے کہ شاہ صاحب اگر یہ لکھتے کہ بنی ہاشم سے بنی تیم اور بنی عدی اور بنی امیہ کو سخت عداوت تھی تو زیادہ موزوں ہوتا۔ تیم کے معنی عرب میں غلام لکھے ہیں اسلئے ابوبکر بھی غلام خاندان سے تھا۔

سیوطی نے خصائص الکبریٰ جلد اول ص۱۳۱ میں (عثمان کے اسلام لانے کی وجہ میں) بروایت ابن عساکر لکھا ہے کہ عثمان بن عفان کہتا ہے کہ مجھ کو عورتوں کا بہت عشق تھا۔ ایک روز میں خانہ کعبہ کے پاس بیٹھے تھے۔ کہ کسی نے کہا۔ محمد نے رقیہ کا نکاح عتبہ بن ابولہب سے کر دیا ہے۔ اس خبر نے عجب کام کیا۔ کہ دل میں حسرت آنے لگی کہ کیوں نہیں میں نے سبقت کی۔ کہ رقیہ مجھ کو ملجاتی کیونکہ رقیہ صاحب حسن و جمال تھی۔

ایک مضحکہ خیز بات بتاتا ہوں۔ مسند ابوحنیفہ مرویہ حصکفی ص۲۸۲ پر ہے کہ آنحضرتؐ نے قسم سے فرمایا کہ اگر میرے پاس سو بیٹیاں ہوتیں اور اسی طرح (رقیہ اور ام کلثوم کی طرح) مرتی رہتیں تو میں ایک کے بعد دوسری عثمان کے نکاح میں دیتا جاتا۔ ناظرین! اس سے طرفہ تر یہ بات ہے۔ کہ فرمایا آنحضرتؐ نے کہ رقیہ زوجہ عثمان کی موت کے بعد جو میں نے ام کلثوم کا نکاح عثمان سے کیا ہے۔ یہ حکم خدا کیا ہے۔ جس کی خبر حضرت جبرئیلؑ میرے پاس لائے تھے۔

عبدالمنذر ہشام نے اپنی سیرت کے باب مثالث بنی امیہ میں لکھا ہے کہ عثمان کے باپ عفان بن العاص سے لوگ مخنث کا کام لیتے تھے۔ اور ایسا ہی طلحہ کے باپ عبید اللہ کی نسبت لکھا ہے۔

تاریخ صغیر بخاری مطبوعہ الوار احمدی الہ آباد ص۱۰ اور بخاری جلد اول مطبوعہ مصر ص۱۴۴ پر ہے کہ جب رقیہ کو قبر میں اتارنے لگے تو عثمان آگے بڑھا۔ آنحضرتؐ نے فرمایا۔ رقیہ کو قبر میں وہ شخص اتارے جس نے آج رات مباشرت نہ کی ہو۔ عثمان پیچھے ہٹ گیا۔ اور ابوطلحہ نے رقیہ کو قبر میں اتارا۔

تیسیر الباری شرح بخاری جز خامس ص۴۳۵ پر ہے کہ انس بن مالک کہتا ہے کہ ابوطلحہ دو زید

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سہیل شوہر ام سلیم والدہ انس بن مالک انصاری کا بچہ بیمار تھا۔ وہ فوت ہوگیا۔ بچہ کی ماں نے مردہ بچہ کو کسی دوسری جگہ چھپا دیا۔ جب ابو طلحہ آیا۔ اور بچہ کا حال دریافت کیا۔ تو اس نے کہا راضی خوشی ہے۔ ابو طلحہ نہ سمجھ سکا۔ اور رات کو اس عورت سے ہمبستری کی اور صبح کو مرغ کا گوشت کھایا۔ جب ابو طلحہ باہر نکلنے لگا۔ تو بیوی نے اصل بات سنائی اور بچہ کو دفن کر دیا گیا۔

میزان الاعتدال جلد اول بہ ذکر زید بن وہب مرقوم ہے۔ کہ تابعین دجال تابعین حضرت عثمان ہونگے۔ ناظرین! عثمان کی داڑھی بھی عمر کی داڑھی کی طرح بہت لمبی تھی جس کی وجہ سے عائشہ اس کو نعثل کہا کرتی تھی۔ کیونکہ نعثل یہودی کی داڑھی ناف تک لمبی تھی۔ نیز عثمان کے دانت بھی اہل ہنود کی طرح سونے کی میخیں لگی ہوئی تھیں۔

تنزیہ الانساب حصہ ثانیہ ص۳۵ میں ہے کہ عثمان کا باپ عفان دف بجایا کرتا اور لوگ اس سے مخنث کا کام لیتے تھے۔ اور دل لگی کرتے۔

تاریخ کامل ابن اثیر میں ہے کہ عثمان نے کہا۔ کہ میں ان لوگوں سے ہوں۔ جو قلیل المقدور ہیں۔ حیوٰۃ الحیوان علامہ دمیری میں ہے کہ عثمان کی حقیقی بہن آمنہ عورتوں کے سر گوندھا کرتی تھی۔ اصابہ فی معرفت الصحابہ میں ہے کہ اسی آمنہ کا خاوند حکم بن کیسان جو بنی مخزوم کا غلام تھا حجامت کا کام کرتا تھا۔ ناظرین۔ بنی مخزوم وہ قبیلہ ہے جس کا سردار ابوجہل بن ہشام تھا۔ جو ذات سے لوہار اور عمر بن خطاب کا حقیقی ماموں تھا۔

کتاب مجمع الامثال علامہ میدانی نیشاپوری اور حاشیہ علی القاموس والقانون سیوطی میں ہے کہ ابوجہل کو علت اُبنہ تھی۔ نہایہ ابن اثیر میں ہے کہ عمر بن خطاب کی ماں ختمہ ہشام کی بیٹی اور ابوجہل کی بہن تھی۔

استیعاب ص۷۴۹ پر ہے کہ رقیہ کا پہلا نکاح عتبہ بن ابولہب سے اور ام کلثوم کا پہلا نکاح عتیبہ بن ابولہب سے ہوا۔ جب سورہ تبت کا نزول ہوا تو ابولہب اور حمالۃ الحطب نے عتبہ اور عتیبہ سے دختران محمدؐ کو طلاق دلوا دی۔ ازاں بعد رقیہ کا نکاح عثمان سے کر دیا گیا۔ اصابہ جلد ۸ ص۸۳ پر ہے کہ رقیہ کا نکاح عتبہ سے قبل نبوت ہوا تھا۔ اور یہ امر مسلمہ ہے کہ رقیہ اور ام کلثوم خدیجہؓ کی بہن کی لڑکیاں تھیں۔ اصابہ ص۹۱ پر ہے کہ حضرتؐ کی سب سے بڑی لڑکی زینب کا نکاح بھی قبل بعثت ہوا تھا۔

علامہ محمد بن علی بن شہر آشوب مازندرانی نے اپنی کتاب مناقب آل ابیطالب میں لکھا ہے جو کتب شیعہ سے ہے۔ کہ احمد بلاذری اور ابوالقاسم کوفی نے اپنی کتابوں میں روایت کی ہے اور

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جناب سید مرتضٰے نے کتاب شافی میں اور ابوجعفر نے کتاب تلخیص میں لکھا ہے کہ جب آنحضرتؐ نے خدیجہ سے عقد کیا۔ تو وہ باکرہ تھیں یعنی کنواری تھیں۔ اور کتاب الانوار والبدع میں ہے کہ رقیہ اور زینب حضرت خدیجہ کی بہن ہالہ کی بیٹیاں تھیں۔ (میرا ارادہ ہے کہ اس معاملہ پر کسی علیحدہ رسالہ میں مفصل روشنی ڈالوں) (ابوالصفا)

تاریخ اسلام جلد سوم صفحہ ۱۲۴ پر ہے کہ آنحضرتؐ نے فرمایا۔ کہ میرے منبر پر بنی امیہ کے جابر ملوک میں سے ایک جابر تقدیم کریگا اور اس کی نکسیر جاری ہوگی۔ ملفوظ حیدر العمال صفحہ احاقہ صواعق محرقہ میں ہے کہ عمرو بن سعید بن عاص اموی کو منبر پر نکسیر جاری ہوئی۔ تاریخ الخلفا سیوطی صفحہ ۳۳ پر ہے کہ عثمان کو نکسیر جاری ہوئی اور سخ نہ جا سکا۔

تاریخ الاسلام جلد سوم باب چہارم صفحہ ۱۴۳ سطر ۲۷ پر ہے کہ عثمان نے منیٰ کو ایام حج میں خیمہ گاہ بنایا اور جہالت کے دنوں کی طرح پر تکلف ضیافتیں کیں اور لوگوں کی پیٹھ پر روئے مارے۔ تاریخ اسلام جلد سوم صفحہ ۱۴۵ پر ہے کہ عثمان نے بارش کے پانی سے لوگوں کو محروم کر دیا اور بس کو اپنے اقربا کے لئے مخصوص کر دیا۔ تاریخ اسلام جلد سوم صفحہ ۱۴۵ پر ہے کہ عثمان نے منع کر دیا کہ سمندر میں ہمارے تجارتی جہازوں کے سوائے اور کوئی جہاز نہ چلے۔

الامامت والسیاست ابن قتیبہ صفحہ ۱۷ پر ہے کہ خدا نے تورات کو اپنے ہاتھ سے لکھا اور اسی لئے عثمان نے اس کا ترجمہ عبرانی سے عربی میں کر دیا۔

خلافت حضرت عثمان صاحب

شرح فقہ اکبر ملا علی قاری صفحہ ۷۶ اور بخاری مطبوعہ احمدی پریس پارہ چودھواں صفحہ ۹۹ پر ہے کہ عمر نے مرتے وقت وصیت کی کہ چھ آدمی۔ علیؑ۔ عثمان۔ طلحہ۔ زبیر۔ سعد بن ابی وقاص اور عبدالرحمٰن بن عوف آپس میں کثرت رائے سے خلیفہ مقرر کر لیں اور جو شخص کثرت رائے کے مخالف ہو اس کو قتل کر دیا جائے۔ (ناظرین! مندرجہ بالا چھ اشخاص ایک مقام پر جمع ہوئے حضرت علی علیہ السلام سے کہا گیا کہ اگر آپ سیرت شیخین پر عمل کرنے کا وعدہ کریں یعنی آپ بھی بدعات شیخین پر کاربند ہیں تو ہم آپکو خلیفہ تسلیم کرتے ہیں حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا میں صرف قرآن اور احادیث رسولؐ کے مطابق عمل کرونگا۔ پھر یہی سیرت شیخین پر عمل پیرا ہونے کی شرط عثمان بن عفان کے پیش کی گئی عثمان نے اس شرط کو قبول کر لیا۔ اور خلافت کی باگ ڈور عثمان کے حوالہ کر دی گئی طرفہ تر امر

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

یہ ہے کہ جس کمرہ میں عثمان کو خلیفہ بنانے کی کارروائی عمل میں لائی گئی۔ اس کمرہ میں مقررہ چھ اشخاص کے سوائے کسی کو داخل ہونے کی اجازت نہ تھی۔ اور کمرہ کے ارد گرد پہرہ لگا ہوا تھا۔ اور جب عثمان کے حق میں پنچایت کا فیصلہ صادر ہو چکا۔ تو اس وقت طلحہ وہاں موجود نہ تھا جب یہ واپس آیا تو اسے کہا گیا کہ اگرچہ فیصلہ خلافت ہو چکا ہے تاہم تمہارے مقابلہ میں ہم اس کو کالعدم خیال کرتے ہیں اگر کہو تو پھر شوریٰ مقرر کیا جائے۔ ناظرین! دیکھا اس قدر اہمیت حضرت علیہ السلام کی تخفیف کو دی گئی نیز عمر کا حکم تھا۔ کہ خلافت کا فیصلہ تین دن تک طے کر لیا جائے۔ مگر عثمان کو ایک گھنٹہ کے اندر اندر خلیفہ بنا دیا گیا۔ اور قابل غور امر یہ بھی ہے کہ سعد بن ابی وقاص عثمان کا سسر اور عبدالرحمان بن عوف چچازاد بھائی تھا اور عبدالرحمان بن عوف کو بحیثیت صدر شوریٰ ہونے کے دو ووٹ کا حق حاصل تھا۔

کتاب الامامت والسیاست ابن قتیبہ صفحہ ۲۵ پر ہے کہ جب عبدالرحمان بن عوف عثمان سے ہاتھ کر چکا تو جناب امیر علیہ السلام کا ہاتھ پکڑا اور کہا۔ ہم آپ سے بیعت کرتے ہیں عمر کی اس شرط پر کہ کسی بنی ہاشم کو کاروبار میں شریک نہ بنائیں۔ حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا۔ تجھے اس شرط سے کیا مطلب جب تو نے خلافت کو میرے سپرد کر دیا تو میرا فرض ہے کہ امت محمدیہ کی بہتری کے لئے اجتہاد کروں جس کسی کو صاحب قوت و امانت پاؤں اس سے کام لوں چاہے وہ بنی ہاشم سے ہو یا نہ ہو۔ اس پر عبدالرحمان نے کہا۔ واللہ جب تک آپ اس بات کا عہد نہ کریں گے ہم آپ کو خلافت نہیں دیں گے حضرت نے فرمایا کہ ہم ایسا عہد نہیں کریں گے عبدالرحمان کو حضرت نے چھوڑ دیا اور وہ سب لوگ اٹھ کر چلے گئے۔

استیعاب جلد دوم صفحہ ۲۰۰ پر ہے کہ جب عثمان کو خلافت ملی تو ابو سفیان نے آ کر کہا۔ تیمی اور عدی کے بعد خلافت تجھے ملی ہے۔ اس کو گیند بنا لے۔ کہ بنی امیہ کے ہاتھ میں پھرا کرے۔ یہ سب ملک کا سامان تھا۔ نہ جنت تھی نہ نار۔ عثمان نے چلا کر کہا۔ دور ہو جاؤ۔ دور ہو جاؤ۔ عثمان نے صرف جھڑکی کا متعارف جملہ دہرا دیا۔ اور ابو سفیان کو نہ قتل کروایا۔ اور نہ ہی زندہ جلوایا اور نہ ہی کوئی اور سزا دی۔ بات یہ ہے۔ دراصل ایک ہی تھیلی کے چٹے بٹے تھے۔

حضرت عثمان صاحب کے کارنامے

ازالۃ الخفا مقصد دوم صفحہ ۲۲۱ پر ہے کہ عثمان کے پاس ایک عورت لائی گئی جس کے ہاں چھ ماہ میں بچہ پیدا ہوا تھا۔ عثمان نے اس عورت کو سنگسار کر دینے کا حکم دے دیا۔ حضرت علی علیہ السلام وہاں آ پہنچے۔ اور فرمایا۔ وہ عورت سنگسار نہیں ہو سکتی کیونکہ خدا فرماتا ہے کہ زمانہ حمل و مدت شیر خواری تیس

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ماہ ہے اور پھر فرماتا ہے کہ مائیں اپنے بچوں کو دو برس دودھ پلائیں۔ اس شخص کے لئے جو زمانہ شیر خوارگی کو پورا کرے۔ پس حمل کا زمانہ چھ ماہ بھی درست ہے۔ عثمان نے کسی کو حکم سنگساری کو منسوخ کر کے بھیجا۔ مگر اس وقت تک وہ عورت سنگسار ہو چکی تھی۔

ازالۃ الخفاء ص۲۲۶ پر ہے کہ ابن مسعود نے عثمان کے ساتھ منیٰ میں چار رکعت نماز پڑھی۔ اس پر لوگوں نے اعتراض کیا کہ تم تو یہ حدیث بیان کرتے تھے کہ رسول اللہ اور ابوبکر اور عمر دو رکعت نماز پڑھا کرتے تھے۔ ابن مسعود نے کہا ہاں۔ ہم یہ حدیث بیان کرتے تھے۔ مگر کیا کریں عثمان اس وقت خلیفہ ہے۔ کب میں اس کے خلاف کر سکتا ہوں۔ حق یہ ہے کہ اصحاب لاالخیار کو ثلاثہ کی خلافتوں میں مومن آل فرعون کی طرح زندگی بسر کرنی پڑتی تھی۔

استیعاب ص۳۵ پر ہے کہ حضرت عمار بن یاسر کو جب غلامان عثمان نے گالی دی۔ اتنا زدوکوب کیا کہ آپ کو عارضہ فتق لاحق ہو گیا۔ اور پسلی کی ہڈی ٹوٹ گئی۔ تو بنی مخزوم نے اجتماع کیا۔ اور کہا اگر عمار مر گئے۔ تو ہم اس کے عوض میں صرف عثمان ہی کو قتل کریں گے۔ عائشہ کہتی ہیں کہ اگر ہم چاہیں تو ہر صحابی کے بارہ میں کہہ سکتے ہیں۔ یعنی میں ہر ایک صحابی کے اعلیٰ مدارج کو بقول رجال جانتی ہوں۔ مگر عمارؓ کے متعلق آنحضرتؐ کا ارشاد ہے کہ یہ قدم کے تلووں سے لیکر کان کی لو تک ایمان سے بھرا ہوا ہے اس سے روایت ہے کہ آنحضرتؐ نے فرمایا۔ کہ جنت چار شخصوں کی مشتاق ہے۔ علیؑ۔ عمارؓ۔ سلمانؓ۔ بلالؓ کی بخاری امام بخاری مطبوعہ بمبئی جلد چہارم فضائل القرآن ص۲۵ تاریخ خمیس علامہ دیار بکری مطبوعہ مصر جلد دوم ص۲۰۳ صواعق محرقہ علامہ ابن حجر مکی مطبوعہ میمنیہ مصر ص۲ روضۃ الاحباب محدث جمال الدین مطبوعہ تیغ بہادر لکھنؤ جلد دوم ص۲۲۹ مشکوٰۃ امام ولی الدین محمد بن عبداللہ الخطیب مطبوعہ محمدی ص۱۵ ترجمہ تاریخ اعثم کوفی امام اعثم مطبوعہ بمبئی ص۳۷ تفسیر اتقان امام سیوطی مطبوعہ احمدی ص۳۲ تحفہ نذریہ مولوی قاری عبدالرحمان پانی پتی مطبوعہ رفاہ عام لاہور ص۵۵ و ص۵۶ سکیپرز آف محمد واشنگٹن اروِنگ ص۱۶۰ پر ہے کہ عثمان نے اپنے عہد خلافت میں تمام مملکت کے قرآن جمع کر کے آگ لگا دی۔ اور بعض پھاڑ ڈالے اور اپنا ترتیب دیا ہوا قرآن جاری کیا۔

ناظرین۔ آنحضرتؐ نے اپنے بعد تمام امت کے لئے دو ثقل یعنی دو گرانبہا چیزیں چھوڑی تھیں جن کا ادب و حرمت اور اقتدار امت پر واجب تھا۔ قرآن ناطق یعنی علیؑ و فاطمہؑ و حسنؑ و حسینؑ کا ادب اور اقتدا جس سرگرمی اور ایثار سے کیا گیا ہے۔ وہ اظہر من الشمس ہے۔ قرآن صامت یعنے قرآن شریف کا ادب یہ ہوا ہے کہ اس کو آگ میں جلا دیا گیا۔ اور پھاڑ ابھی گیا بحضرات اگر عثمان کو

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بھی شوخی منظور اور مفید تھی۔ تو کیا قرآنوں کے دفن کر دینے کو قطعہ زمین بھی میسر نہ تھا۔ خود رسول اللہؐ اور آلِ محمدؐ اور انبیائے ماسبق سب سوائے حضرت عیسیٰؑ زیرِ خاک استراحت فرما ہیں۔ یا کم از کم قرآنوں کے انبار کو ننھی پتھروں سے باندھ کر دریا میں ڈال دیا جاتا۔ حروف آہستہ آہستہ خود بخود مٹ جاتے یا ان قرآنوں کو کسی محفوظ مکان میں رکھ دیا جاتا۔ جیسا کہ دنیا کا عام رواج چلا آتا ہے۔ اور ان کتبخانوں میں ہزارہا سال کی تصانیف محفوظ اور مسئون ہیں۔ مگر ایسے خلفا کو وہ فہمائش کرے جو اپنی پسلیاں تڑوالے۔ یا جلاوطن ہونا منظور کرے۔

ناظرین۔ احراق المصاحف عثمان کی جدت طبع کا نتیجہ نہیں ہے۔ بلکہ محض تقلید ابوبکر ہے جس نے احادیث کے مجموعہ کو سپرد آتش کر دیا۔ بھلا جلے ہوئے قرآن تو ذرات خاکستر بن کر ہوا میں ادھر ادھر منتشر ہو گئے ہوں گے۔ مگر پھٹے ہوئے اوراق قرآن ہر پاک اور ناپاک مقام پر جوتیوں کے نیچے روندے گئے ہوں گے۔

تاریخ اعثم کوفی ترجمہ فارسی مطبوعہ بمبئی ص۱۴۷ سطر۵ پر ہے کہ چند اہل مصر عثمان کے پاس گئے اور کہا تم نے تین ناپسندیدہ کام کئے ہیں جن کی وجہ سے ہم تم پر ناراض ہیں۔ اول یہ کہ تم نے قرآنوں کو جلا دیا۔ اور پھاڑ ڈالا۔ دوسرے یہ کہ تم نے حکم بن عاص کو مدینہ میں واپس بلا لیا ہے حالانکہ آنحضرتؐ اس کو مدینہ سے باہر نکال دینے کا حکم صادر فرما گئے ہیں۔ تیسرے یہ کہ تم خزانہ اور حکومت کو اپنے سگوں میں بانٹ رہے ہو اور دوسرے اہل حق کو اس سے محروم رکھتے ہو۔

نجات المومنین ملا محسن کشمیری (جو اکابر اہلسنت سے ہے) میں ہے کہ عثمان سے بہت سے مکروہ امور اور بری حرکتیں اصحاب رسولؐ کے حق میں ہوئیں۔ مثلاً ابن مسعود کو اس قدر زد و کوب کیا کہ اس کے پہلو کی دو ہڈیاں ٹوٹ گئیں اور ان کے قرآن شریف کو جلا دیا۔

روضۃ الاحباب جمال الدین محدث مطبوعہ شیخ بہادر لکھنؤ جلد دوم ص۲۲۹ سطر۲ پر ہے کہ عثمان نے حکم دیا (اپنی تمام قلمرو میں) کہ سوائے میرے ترتیب دیے ہوئے قرآن کے باقی تمام قرآنوں کو جلا دیا جائے۔ یا پھاڑ دیا جائے۔ (چنانچہ اس حکم پر پورا پورا عملدرآمد ہوا)

بخاری امام بخاری مطبوعہ بمبئی جلد ۴ فضائل القرآن ص۲۶ سطر۳ اور مشکوٰۃ مطبوعہ محمدی دہلی ص۱۹۳ سطر۱۲ پر ہے کہ عثمان نے حفصہ کیطرف کسی کو بھیجا۔ کہ میرے پاس صحیفے بھیجدو۔ کہ ہم ان میں سے مصاحف میں نقل کریں۔ پھر تم کو واپس بھیجدیں گے۔ حفصہ نے عثمان کے پاس وہ صحیفے بھیجدیئے اور عثمان نے زید بن ثابت اور عبداللہ بن زبیر اور سعید بن عاص اور عبدالرحمان بن حارث بن ہشام کو

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مصاحف میں نقل و جمع کرنے کے کام پر مامور کیا۔ اور تینوں قریشی گروہ کے آدمیوں سے کہہ دیا کہ اگر تم کو زید بن ثابت سے قرآن کے کسی امر میں اختلاف پڑ جائے تو لغت قریش میں اس کو لکھنا کیونکہ انہیں کی زبان میں قرآن نازل ہوا ہے پس انہوں نے ایسا ہی کیا۔ یہاں تک کہ صحیفوں کو مصاحف میں نسخہ کر لیا اور حسب وعدہ عثمان نے حفصہ کو وہ صحیفے واپس کر دیئے اور ہر ایک طرف کو ایک تیار شدہ صحیفہ بھیج دیا۔ اس صحیفہ کے سوائے جہاں [illegible] جو کوئی صحیفہ موجود تھا سب کو جلا دینے کا حکم نافذ کیا۔ یہی امر بالا دو بارہ صحائف حفصہ و حکم [illegible] مصاحف تفسیر اتقان امام سیوطی مطبوعہ مطبع احمدی صفحہ سطر ۹ پر مرقوم ہے۔

شرح مشکوٰۃ شیخ عبدالحق دہلوی لکھتا ہے کہ اس بات سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ جو قرآن حفصہ کو نظر بہ ایفائے وعدہ عثمان نے واپس کر دیا تھا وہ بھی بہ حکم عثمان جلا دیا گیا ہو کیونکہ جب عثمان نے یہ حکم دیا کہ ہمارے قرآن کے سوائے تمام قرآن جلا دیئے جائیں تو لا محالہ حفصہ کے پاس کا قرآن جو ابوبکر و عمر کے زمانہ میں جمع ہوا تھا [illegible] قرآن کے علاوہ وہ تھا۔ تو لا محالہ وہ بھی جلا دیا ہوگا۔

صواعق محرقہ [illegible] مطبوعہ [illegible] صفحہ ۱۶ سطر [illegible] میں ہے کہ عثمان نے جلا دیا ان مصاحف کو جن میں یہ قرآن لکھا ہوا تھا [illegible] صاحب صواعق محرقہ نے فضائل عثمان میں لکھا ہے۔

تاریخ خمیس علامہ دیار بکری مطبوعہ مصر جلد دوم صفحہ ۳۰ [illegible] میں ہے کہ عثمان نے ابن مسعود اور ابی کے قرآنوں کو تو جلا دیا اور لوگوں کو زید بن ثابت کے قرآن پر [illegible] جب ابن مسعود کو اس کے قرآن کے جلائے جانے کی خبر ملی۔ اس وقت کوفہ میں [illegible] کے پاس اس قرآن کی نقل موجود تھی۔ ابن مسعود نے اس قرآن کی [illegible] اصحاب کو مامور کیا۔ اور ان سے کہا کہ میں نے ستر سورتوں کی [illegible] جس کے قرآن پر عثمان نے لوگوں کو جمع کیا ہے وہ ابھی بہت چھوٹا بچہ تھا۔

تحفہ ندیہ قاضی عبدالرحمن [illegible] میں ہے کہ عثمان نے اپنے جمع کردہ قرآن کی نقلیں اطراف [illegible] بھیج دیں [illegible] قرآنوں کو جلا دیا۔

[illegible] تاریخ خمیس [illegible] اور مستطاب [illegible] میں ہے کہ عثمان نے اپنے جمع کردہ قرآن کے سوائے [illegible] قرآنوں کو جلا دیا [illegible] ابن مسعود نے اپنا قرآن دینے [illegible]

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

حکم عثمان قید کر دیا گیا۔ جہاں وہ بحالت قید فوت ہو گیا۔

فتح الباری جلد چہارم صفحہ ۱۲ میں ہے کہ عثمان نے حفصہ کے پاس کسی کو بھیجا۔ اور اس سے قرآن طلب کیا۔ اس نے انکار کیا جب عثمان نے عہد کیا کہ بعد نقل ضرور واپس کر دیں گے۔ تو حفصہ نے وہ قرآن دے دیا جس سے عثمان نے قرآن نقل کیا اور حفصہ کو قرآن واپس کر دیا۔ اور وہ حفصہ کے پاس رہا۔ مگر مروان نے زبردستی اس سے لیا اور جلا دیا۔

علامہ عینی اپنی شرح کے صفحہ ۳۰۶ پر جلد نہم میں لکھتے ہیں کہ حکم دیا گیا کہ جو قرآن اس قرآن کے مخالف ہو جس کو عثمان نے تمام ملکوں میں بھیجا تھا۔ وہ جلا دیا جائے۔ پس اس وقت عراق کے مصاحف آگ سے جلا دئے گئے۔

ازالۃ الخفا حصہ دوم صفحہ ۱۲ میں ہے کہ عثمان نے قرآن جمع کرنے پر زید بن ثابت کے علاوہ عبداللہ بن زبیر اور سعید بن العاص و عبدالرحمان بن حارث بن ہشام کو بھی لگایا تھا مگر رکن اعظم زید بن ثابت ہی تھا۔ کنز العمال میں ہے کہ ایک شخص نے زید بن ثابت کو کہا کہ یہ کوئی وحی نہیں ہے کہ اس میں تم زیادتی کر دو یا کمی۔ یہ ایک رائے اور مشورہ کی بات ہے موافقت کرو تو بہتر ورنہ پرواہ نہیں۔

کتاب تحفہ شاہ عبدالعزیز میں ہے کہ ابی بن کعب نے عثمان کو اپنا قرآن دے دیا۔ اور ملاحظہ سے محفوظ ہے اور یہ قرآن بھی عثمان نے جلا دیا۔ اسد الغابہ جلد اول صفحہ ۴۹ میں ہے کہ جب رسول اللہ وارد مدینہ ہوئے۔ تو سب سے پہلے جس شخص نے آنحضرت کے لئے لکھا۔ وہ ابی بن کعب تھا۔ اور آنحضرتؐ نے فرمایا کہ ابی بن کعب قرأت میں سب سے زیادہ ماہر ہے۔ استیعاب صفحہ ۲۵ پر ہے کہ آنحضرتؐ نے ابی بن کعب سے پوچھا کہ قرآن میں سب سے اعظم آیہ کونسی ہے۔ عرض کیا۔ لا الہ الا ھو الحی القیوم آنحضرتؐ نے اس کے سینہ پر ہاتھ مارا اور فرمایا تجھے علم مبارک ہو۔ اے ابو المنذر نیز فرمایا کہ تم ہماری امت میں سب سے بڑے عالم قرآن ہو۔ اسی صفحہ پر ہے کہ ابی بن کعب انصار میں سے تھا عقبہ ثانیہ میں اسلام لایا اور بعد ازاں تمام جہادوں میں آنحضرتؐ کا شریک حال رہا۔ صفحہ ۲۶ پر ہے کہ جب سورہ لم یکن الذین کفروا کا نزول ہوا۔ تو آنحضرتؐ نے ابی بن کعب سے فرمایا۔ کہ جبرئیلؑ نے مجھے کہا ہے کہ میں تم کو یہ سورہ پڑھاؤں اس پر ابی نے عرض کیا کہ کیا خدا نے میرا ذکر کیا ہے حضرتؐ نے فرمایا کہ ہاں اور اس نے رونا شروع کر دیا۔ پھر اسی صفحہ پر ہے کہ عمر نے کہا کہ ہم لوگوں میں سب سے بڑا قاضی علی ابن ابیطالب ہے اور سب سے بڑا قاری ابی بن کعب ہے۔

تاریخ خمیس صفحہ ۳۰۶ پر ہے کہ ابی بن کعب کے پیچھے لوگ چلتے تھے۔ (بطور تعظیم و تکریم)

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

تو عمر نے اس کو درّہ رسید کیا۔

محاضرات میں ہے کہ ابن مسعود نے کہا کہ ہم کو مددگار ملتے تو ہم بھی عثمان کے قرآن کے ساتھ وہی سلوک کرتے جو عثمان نے ہمارے قرآن کے ساتھ کیا ہے۔

کتاب الاغانی میں اور واحدی نے اور ابن مردویہ نے اور خطیب بغدادی نے اور ابن عساکر نے بروایت ابن عباس لکھا ہے کہ سورہ سجدہ آیہ نمبر ۱۸ "افمن کان مومنا کمن کان فاسقا لا یستوون" کا شانِ نزول یہ ہے کہ ولید بن عقبہ بن معیط نے حضرت علی علیہ السلام پر اپنی فوقیت جتلانی چاہی۔ تو حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا ارے کہیں مومن اور بدکار بھی برابر ہو سکتے ہیں۔ ناظرین تاریخ الخلفاء سیوطی صفحہ ۱۰۳ حاشیہ بخاری پارہ چودھواں صفحہ ۹۲ پر ہے کہ یہ وہی ولید ہے جس کو عثمان نے کوفہ کا گورنر بنایا تھا۔ اور جس نے نماز فجر میں نشہ میں مست ہو کر بجائے دو رکعت فریضہ کے چار رکعت پڑھادی تھی اور پھر جھوم کر کہا تھا کہ اگر کہو تو اور زیادہ کر دوں۔ اور بخاری پارہ پندرھواں صفحہ ۳۳ پر ہے کہ اس پر لوگوں کی شہادت اور جناب امیر علیہ السلام کے مشورہ سے اسّی کوڑے کی سزا دی گئی تھی۔ اس شرعی سزا سے ناراض ہو کر ولید نے حضرت علیؑ کی خلافت ظاہری میں حضرتؑ کی بیعت نہ کی تھی۔

سورہ الکہف آیہ نمبر ۱۰۷۔ ان الذین آمنوا وعملوا الصالحات کانت لہم جنت الفردوس

بقول معصومین اس آیت سے مراد حضرت ابوذرؓ و سلمانؓ و مقدادؓ و عمار یاسرؓ ہیں۔

تاریخ اسلام جلد سوم صفحہ ۱۳۱ تطہیر الجنان حاشیہ صواعق محرقہ عربی مصری صفحہ ۱۵۶ بخاری پارہ ۶ مطبوعہ احمدی لاہور صفحہ ۱۲ تاریخ کامل جلد سوئم صفحہ ۴۳ پر ہے کہ معاویہ نے عثمان سے شکایت کی۔ تو اس نے ابوذرؓ کو بلوایا۔ اور حکم دیا کہ ان کو مارتے مارتے شہر سے نکالا جائے اور کوئی شخص ان کو وداع کرنے نہ جائے اور ان کو ربذہ میں جلا وطن کر دیئے جانے کا حکم دیدیا حضرت علی علیہ السلام ان کو وداع کرنے تشریف لے گئے۔ ابوذرؓ ربذہ میں ہی بحالت جلا وطنی فوت ہو گئے۔

تفسیر در منثور مطبوعہ مصر جلد پنجم صفحہ ۳۲۵ پر ہے کہ سورہ زمر آیہ نمبر ۱۷۔ "والذین اجتنبوا الطاغوت الخ" کے بارہ میں ابن جریر اور ابن ابی حاتم نے زید بن اسلم سے روایت کی ہے کہ یہ آیہ مبارکہ اور اس کے بعد کی تین آیات زید بن عمرو بن نفیل اور حضرت ابوذرؓ غفاری اور سلمان فارسیؓ کے حق میں نازل ہوئی ہیں۔ اور ابن مردویہ نے بروایت ابن عمر زید بن عمرو بن نفیل کی جگہ سعید بن زید کا نام لکھا ہے

استیعاب ابو عمر ابن عبدالبر کی جلد دوئم صفحہ ۶۶۳ پر ہے۔ کہ ابوذرؓ بہت پرانے صحابی ہیں اور قدیم الاسلام ہیں۔ آپ چار آدمی کے بعد اسلام لائے اور پانچویں مسلمان تھے۔ ناظرین۔ آنحضرتؐ کا ارشاد

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہے کہ ابوذرؓ حضرت عیسیٰؑ کے زہد پر ہیں۔ اور صفحہ ۲۶۵ پر ہے۔ کہ ابوذرؓ نے اسلام لاتے ہی مسجد میں جا کر بآواز بلند پکارا۔ اشهد ان لا الٰه الا الله و اشهد ان محمداً رسول الله تو کفار نے اس کو مارنا پیٹنا شروع کر دیا۔ دوسرے دن آپ نے پھر یہی کلمہ فرمایا۔ اور سارا پیٹ کھائی۔

اسد الغابہ جلد دوئم صفحہ ۱۳۲ پر ہے کہ ابوذر رسول اللہؐ کی بعثت سے تین سال پہلے عبادتِ خدا کیا کرتے۔ صفحہ ۱۴۳ پر ہے کہ عثمان نے معاویہ کی شکایت پر ابوذر کو ربذہ میں جلاوطن کر دیا جہاں یہ بحالت جلاوطنی فوت ہو گئے۔ ناسخ التواریخ صفحہ ۹۵ پر ہے کہ ابوذر نے عمر بن خطاب کو کہا کہ اے عمر۔ تو ہم کو اس سبب سے ملامت کرتا ہے کہ ہم آل محمدؐ سے محبت رکھتے ہیں۔ اور انکی تعظیم کرتے ہیں۔ خدا کی لعنت ہو اس شخص پر جو ان حضرات سے بغض رکھے۔ اور ان پر افترا کرے اور انکے حقوق میں ظلم کیے اور لوگوں کو انپر حاکم بنائے۔ اور امت کو مرتد کرے۔

تحفہ اثنا عشریہ صفحہ ۱۰۹ پر ہے کہ عثمان نے حکم دیا کہ ابوذر کو ایسے اونٹ پر سوار کرا کے ہمارے پاس بھیجو۔ جو سخت سرکش ہو اور اس کا ہانکنے والا نہایت بے رحم آدمی ہو یعنی تمام راستہ ابوذر کو صدمہ پہنچا دو۔ پھر اسی صفحہ پر ہے کہ حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا کہ رسول اللہ نے فرمایا۔ کہ آسمان نے سایہ نہیں کیا۔ اور ذی لہجہ کے جو زیادہ سچا ہو۔ البعد انبیاء و اوصیاء ابوذر غفاری سے ناظرین۔ عثمان نے ابوذر سے پوچھا۔ کہ تم سب سے زیادہ کراہت کس شہر سے رکھتے ہو فرمایا ربذہ سے جہاں میں بحالت کفر رہا تھا۔ عثمان نے حکم دیا کہ اس کو ربذہ میں بھیجو۔ اور مروان بن حکم کو حکم دیا کہ خبردار ابوذر کو وداع کرنے کوئی شخص نہ جائے۔ مگر آپ کو وداع کرنے حضرت علیؑ و امام حسنؑ و امام حسینؑ و حضرت عقیلؓ و حضرت عمارؓ گئے۔ بحالت جلاوطنی ابوذر کا پرسان حال صرف آپکی بیوی اور ایک غلام تھا۔ اور چونکہ عثمان نے آپکا وظیفہ بند کر دیا تھا۔ آپ فاقوں سے نڈھال ہو گئے۔ یہاں تک کہ جب انتقال کا وقت ہوا تو آپکے گھر میں کفن کیلئے کپڑا بھی نہ تھا۔ زوجہ نے رونا شروع کیا۔ تو آپ نے فرمایا۔ گریہ نہ کرو بقول رسول مقبولؐ میرے دفن وکفن کا کام ایک قافلے کے سپرد ہو چکا ہوا ہے۔ چنانچہ مالک اشتر اور ابن مسعود وغیرہ کے قافلے نے آپکی تجہیز و تکفین کی۔ مگر آپ پر ظلم کرنے والے کو بلا غسل و کفن روڑی پر ڈال دیا۔

درمنثور صفحہ ۲۳۳ پر ہے کہ زید بن وہب کہتا ہے کہ ہمارا گذر ربذہ میں حضرت ابوذرؓ پر ہوا تو پوچھا یہاں کیونکر آنا ہوا حضرت نے جواب دیا۔ کہ ہم ملک شام میں تھے آیۃ والذین یکنزون الذهب والفضة کی تلاوت کی۔ تو معاویہ نے کہا کہ یہ آیۃ اہل کتاب یہود و نصاریٰ کے حق میں ہے۔ ہم نے کہا نہیں ہمارے اور اہل کتاب دونوں کے حق میں ہے۔ اس بات پر وہ جاہل ہم سے ناراض ہو گیا اور ہم کو بلا جرم

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

خطا جلا وطن کر دیا)

تفسیر کشاف مطبوعہ مصر جلد سوم صفحہ ۲۹ پر سورہ نجم آیہ نمبر ۳۳ "افرایت الذی تولی واعطی قلیلا واکدی" کی تفسیر میں لکھا ہے کہ عبداللہ بن سعد بن ابی سرح نے عثمان کو کہا کہ اس قدر خیرات کرنے سے تم فقیر ہو جاؤ گے۔ عثمان نے کہا کیا کروں۔ بڑے بڑے گناہ کئے ہیں۔ شاید خیرات کی وجہ سے معاف ہو جائیں۔ اس پر عبداللہ نے کہا۔ اگر تم یہ لدا ہوا اونٹ مجھ کو دے دو۔ تو میں تمہارے تمام گناہ اپنے ذمہ لیتا ہوں۔ چنانچہ عثمان نے دو گواہوں کی موجودگی میں اس کو وہ لدا ہوا اونٹ دیدیا۔ نیز لکھا ہے کہ تولی سے مراد جنگ احد سے بھاگ جانا ہے۔

سورہ عبس آیہ اول "عبس وتولی ان جاءہ الاعمٰی" کی تفسیر میں آئمہ کا ارشاد ہے کہ رسول اللہ کے پاس عبداللہ بن مکتوم نے دیوآنحضرت کا موذن تھا اور اب نابینا ہو چکا تھا) بیٹھنا چاہا جس کی وجہ سے وہ ذرا عثمان کے قریب ہو بیٹھا۔ عثمان کو ناگوار ہوا اور وہ عبداللہ کی طرف پیٹھ کر کے بیٹھ گیا یہ آیت عثمان کی تنبیہ میں نازل ہوئی ہے۔

تاریخ الخلفا سیوطی مطبوعہ سرکاری لاہور صفحہ ۳۵ سطر ۱۰ دربارہ ذکر مناقب ولید بن یزید بن عبدالملک لکھا ہے کہ ولید نے قرآن مجید پر تیر مارے اور اس نے فسق کیا اور گناہوں سے نہ ڈرا گویا عثمان اور ولید بہتک قرآن میں ہم پلہ ہیں۔

معارف ابن قتیبہ ذکر عثمان میں ہے کہ جب عثمان نے ابن مسعود صحابی سے قرآن طلب کیا اور اس نے اس خیال بلکہ یقین سے کہ اس کا قرآن بھی جلا دیا جائیگا) اور اس نے انکار کیا تو عثمان نے اس کو اپنے غلام سے اتنا پٹوایا کہ اس کی پسلیاں ٹوٹ گئیں۔ ناظرین ابو سفیان آنحضرت کے ہاتھ پر بکراہت اسلام لایا اور عثمان کے دور حکومت میں زندہ تھا۔

ایک دن ابو سفیان نے عثمان سے دوران گفتگو میں کہا کہ نہ کوئی جنت ہے۔ نہ دوزخ ہے۔ نہ ملائکہ۔ نہ قیامت اور نہ عذاب قبر عثمان نے اس پر شرعی حد نہ لگائی۔ کتاب الامامت والسیاست اور تاریخ اعظم کوفی احوال قتل عثمان میں ہے۔ کہ عثمان نے ابو سفیان پر شرعی حد لگانے کی بجائے اس کو دو لاکھ دینار عطا کر دیا۔ جو بحساب سکہ انگریزی دس لاکھ روپیہ ہوتا ہے۔

معارج النبوۃ اور روضۃ الاحباب میں ہے کہ عبداللہ بن ابی سرح عثمان کا برادر رضاعی تھا۔ جب آنحضرت نے اس عبداللہ بن ابی سرح کو کاتب مقرر کیا۔ تو اس نے اپنے پاس سے کچھ کمی و بیشی کر دی۔ اور پھر خوف کیوجہ سے بھاگ گیا۔ اس پر آنحضرت نے حکم فرمایا۔ کہ عبداللہ بن ابی سرح کو

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ادھر محمد بن ابوبکر کو حکومت مصر کا پروانہ لکھ دیا۔ اور اس پر اپنی مہر ثبت کر دی اور ساتھ ہی درپردہ ایک قاصد کو تیز رفتار اونٹ دے کر مصر کے حاکم کو لکھ دیا۔ کہ محمد بن ابی بکر کو وہاں پہنچتے ہی قتل کر دیا جائے ابھی محمد بن ابی بکر معہ دیگر احباب کے مصر کی راہ ہی میں تھا۔ کہ انہوں نے ایک شتر سوار کو راستہ کترائے ہوئے مصر کی طرف جاتے دیکھا۔ گرفتار کرنے پر اس کے پاس سے وہی رقعہ نکلا۔ محمد بن ابوبکر اور حضرت عمارؓ یاسر اور مجمع کثیر نے عثمان کے گھر کو گھیر لیا۔ محمد بن ابی بکر وغیرہ دیوار پھاند کر گھر میں داخل ہوئے۔ اور عثمان قتل ہو گیا اور اس کی نعش کو گھسیٹ کر ایک کھوڑی (مزبلہ، کوڑی، نجاست کا انبار) پر ڈال دیا جہاں نعش تین دن اور تین رات بے گور و کفن پڑی رہی۔ ایک کتا نعش کی ایک ٹانگ بھی کھا گیا۔ آخر کار نعش کو حش کوکب (یہودیوں کا قبرستان) میں بے غسل و کفن دفن کر دیا گیا۔ معاویہ نے اپنے عہد خلافت میں یہودیوں کے قبرستان کی دیوار کو گرا کر عثمان کی قبر کو مسلمانوں کے قبرستان میں داخل کر لیا۔ ناظرین! عثمان کو قتل کرنے والا ابوبکر کا بیٹا محمد تھا مگر متوکل عباسی کو اس کے اپنے بیٹے نے قتل کیا۔

روضۃ الصفا میں ہے۔ کہ دو اصحاب رسولؐ ابو درداؔ اور ابو امامہ معاویہ کے لشکر میں حضرت علی علیہ السلام کے خلاف شامل تھے ان دونوں نے معاویہ کو حضرت علی علیہ السلام کے خلاف لڑنے سے منع کیا۔ معاویہ نے کہا۔ ہم علیؑ سے عثمان کے قتل کا قصاص لینے کو لڑ رہے ہیں۔ ابو دردا اور ابو امامہ نے حضرت علی علیہ السلام سے یہ بات عرض کی۔ اس خبر کا پھیلنا تھا کہ حضرت علی علیہ السلام کے لشکر میں سے بیس ہزار اصحاب رسولؐ ان کے سامنے موجود ہوئے اور کہا کہ ہم تمام عثمان کے قاتل ہیں نیز جب ابولہب فوت ہوا تھا تو اس کی نعش بھی کھوڑی پر تین دن اور تین رات بے کفن و دفن پڑی رہی آخر کار اس کے رشتے داروں نے حبشیوں کو مزدوری دے کر نعش اٹھوائی اور حش کوکب میں دفن کر دی گئی۔ نیز تاریخ کامل جلد ۳ صفحہ ۱۲۹ پر ہے کہ ابن زبیر کو مکہ میں پھانسی دی گئی اور اس کی نعش کو قبرستان یہود میں پھینکدیا گیا

امام ابو محمد عبداللہ بن مسلم قتیبہ نے کتاب الامامت والسیاست صفحہ ۱۸ پر لکھا ہے کہ عثمان نے توریت کا ترجمہ عبرانی سے عربی میں کرایا۔

کتاب الامامت والسیاست صفحہ ۵۲ پر ہے کہ معاویہ نے عثمان کو رائے دی (جب عثمان کے خلاف بالعموم تمام اصحاب ہو گئے) کہ تم ہم کو حکم دو کہ ہم لوگوں کا سر جدا کر دیں۔ عثمان نے پوچھا کن کا معاویہ نے کہا۔ علیؑ و طلحہ و زبیر کا۔

تاریخ خمیس میں ہے کہ عبدالرحمان بن عوف نے جناب امیر علیہ السلام سے کہا۔ کہ آیا تم بیعت کرتے ہو کتاب خدا اور سنت رسولؐ اور فعل شیخین پر حضرت نے فرمایا نہیں۔ بلکہ کتاب خدا۔ سنت

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

رسولؐ اور اپنے اجتہاد اور طاقت پر تو عبدالرحمان نے ان کا ہاتھ چھوڑ دیا۔

تاریخ اعثم کوفی ذکر قتل عثمان میں ہے۔ کہ عائشہ اور اصحاب رسول کی تحریک سے بے شمار لوگوں نے عثمان کے گھر کا محاصرہ کر لیا۔ محمد بن ابی بکر وغیرہ دیوار پھاند کر اس کے گھر میں داخل ہوئے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

محمد بن ابوبکر نے عثمان کی داڑھی پکڑ لی۔ اور پھر ایک ضرب لگائی اور اس کو بیاسی سال کی عمر میں قتل کر ڈالا۔

عثمان بن عفان قریباً بارہ سال خلیفہ رہا۔ قرآن پاک کو سر پہ رکھ کر اور ہاتھوں پہ اٹھا کر قسمیں کھانا اور پھر بدل جانا اسکی عادت میں داخل تھا۔ جیس طرح عمر کے ہاتھ میں ابوبکر کٹھ پتلی بنا ہوا تھا۔ اسی طرح مروان نے عثمان کو موم کی ناک بنا رکھا تھا۔ عمر اور مروان دونوں عیاری کی جان تھے۔

عثمان کا باپ عفان دف بجایا کرتا اور لوگ اس سے مخنثوں کا کام لیا کرتے تھے اور دل لگی کرتے۔ عثمان کی حقیقی بہن آمنہ لوگوں کے سر گوندھا کرتی اور اس کا خاوند حکم بن کیسان حجاموں کا کام کرتا تھا۔ سبحان اللہ عثمان کا نسب کیسا اعلیٰ اور نجیب تھا۔

مسائل شرعیہ سے ناواقف اور امور سلطنت میں نااہل تھا۔ ابوسفیان اور دیگر اعدائے رسول ؐ کا دلدادہ تھا۔ محض اہلبیت علیہم السلام کے محامد و مناقب پر پردہ ڈالنے کیلئے آیات قرآنی کی ترتیب کو بگاڑ دیا اور پہلے رائج شدہ قرآنوں کو جلا دیا۔ اور اپنا جمع شدہ قرآن رائج کر دیا۔ بیت المال خلاف حکم خدا اپنے اقربا اور احباب میں تقسیم کرتا رہا۔

مردانگی میں یہاں تک بلند پایہ تھا کہ جنگوں سے بھاگ کر کئی کئی دن دربار رسول ؐ سے غائب رہتا۔ ان لوگوں پر جو اہلبیت علیہم السلام کی عزت کرتے تھے گوناگوں ظلم روا رکھتا بلکہ زد و کوب سے بھی دریغ نہ کرتا۔

عائشہ اس کو دراز ریش ہونے کی وجہ سے نعثل کہا کرتی۔ نعثل ایک دراز ریش یہودی تھا۔ جو کذب اور کفر میں شہرت اور امتیاز رکھتا تھا۔ عائشہ اور صحابہ رسول ؐ نے اتفاق رائے سے عثمان کے قتل کا فتویٰ دیدیا۔ چنانچہ اس کو قتل کر دیا گیا۔ اور یہودیوں کے قبرستان میں دفن کر کے نعثل کی ہمسائگت کا شرف دیدیا گیا۔

نوٹ متعلق حضرت عائشہ و حضرت حفصہ امہات المومنین

عائشہ ابوبکر کی لڑکی اور حفصہ عمر بن خطاب کی لڑکی ہے۔ ابوبکر کا اصلی نام عبد الکعبہ تھا۔ ابوبکر کے معنی ہیں کنواری کا باپ چونکہ آنحضرت ؐ کے نکاح میں عائشہ کنواری آئی تھی۔ اس لئے اس کے باپ کا نام ابوبکر مشہور ہو گیا۔ عائشہ کے بطن سے کوئی لڑکا یا لڑکی پیدا نہیں ہوئی۔ اس کا رنگ بہت سرخ و سفید تھا۔ اس لئے اس کو حمیرا بھی کہا جاتا ہے سنہ ۵ میں پیدا ہوئی چھ سال کی عمر میں اس کا نکاح آنحضرت ؐ سے ہوا۔ اٹھارہ سال کی عمر میں بیوہ ہو گئی۔

آنحضرت ؐ کا سب سے پہلا نکاح حضرت خدیجہ ؑ سے ہوا۔ اس نکاح کے وقت آنحضرت ؐ کی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

عمر جو تیس سال تھی۔ آنحضرتؐ کی وہ پچاس ۵۰ سال کی عمر میں حضرت خدیجہؑ نے انتقال فرمایا۔ عائشہ کی زندگی کا سب سے بڑا واقعہ جنگِ جمل ہے۔ جو اس کے اور حضرت علی علیہ السلام کے درمیان ہوا۔ عائشہ کو حضرات اہلبیتؑ کے ساتھ فطری بغض اور عداوت تھی۔ بہتر سال کی عمر میں معاویہ بن ابو سفیان کے ہاتھ سے زندہ دفن کر دی گئی۔

بخاری کتاب النکاح جلد سوم ص۱۵۳ پر ہے کہ عبداللہ بن عمر کہتا ہے۔ کہ جب حفصہ (عمر کی لڑکی) بیوہ ہوئی جس کے پہلے خاوند کا نام خنیس بن حذافہ سہمی تھا۔ جو اصحاب رسولؐ میں سے تھا۔ تو عمر نے کہا کہ میں حفصہ کو لے کر عثمان کے پاس گیا۔ اور اس پر حفصہ کو عرض کیا یعنی عمر نے عثمان کو کہا کہ تو اس سے نکاح کر لے عثمان نے کہا ہم غور کرینگے چند راتوں کے بعد پھر عمر اور عثمان کی ملاقات ہوئی۔ تو عثمان نے کہا میری رائے اس نکاح پہ نہیں ہے۔ عمر نے کہا تب میں حفصہ کو ابوبکر کے پاس لے گیا اور کہا اگر تم چاہو تو حفصہ سے نکاح کر لو۔ ابوبکر چپ ہو رہا اور کچھ جواب نہ دیا عمر کو ابوبکر پر غصہ عثمان کی نسبت زیادہ آیا عمر کہتا ہے میں نے چند راتیں اور صبر کیا۔ یہاں تک کہ آنحضرتؐ نے خطبہ کیا۔ اور میں نے حفصہ کا نکاح آنحضرتؐ سے کر دیا۔

مشکوٰۃ ص۵۷۳ پر ہے کہ آنحضرتؐ کی زوجہ صفیہ کو یہ خبر پہنچی کہ حفصہ نے اس کو یہودی بچی کہا ہے۔ صفیہ نے اس بات کی شکایت آنحضرتؐ سے کی۔ تو حضرتؐ نے فرمایا۔ تم بیٹی ہو نبیؑ کی۔ تمہارے چچا نبیؑ تھے تمہارا شوہر نبیؐ ہے۔ پھر کس بات پر حفصہ فخر کرتی ہے۔ پھر آنحضرتؐ نے حفصہ سے کہا اے حفصہ خدا سے ڈر۔

مشکوٰۃ ص۵۷۳ پر ہے کہ عائشہ نے کہا کہ مجھے ازواج نبیؐ میں سے کسی پر اتنی غیرت (حسد۔ بغض) نہ آئی جتنی حضرت خدیجہؑ پر آئی۔ کیونکہ آنحضرتؐ اس کا ذکر کیا کرتے اور اکثر بکری ذبح کرتے۔ تو خدیجہ کی دوست عورتوں میں تقسیم کرتے۔ جس پر میں کہا کرتی کہ گویا دنیا میں خدیجہؑ جیسی کوئی عورت نہ تھی۔ اس پہ حضرتؐ فرمایا کرتے کہ وہ ایسی تھی ایسی تھی۔ اور خدا نے اس سے مجھے اولاد بخشی۔

مستدرک نصف ثانی ص۳۴۲ پر ہے کہ عائشہ نے ابو ہریرہ کو بلا کر کہا کہ اے ابو ہریرہ یہ کیسی حدیثیں ہم کو پہنچی ہیں۔ جو تم رسولؐ اللہ کی طرف سے بیان کرتے ہو۔ حالانکہ تم نے بھی وہی سنا جو ہم نے سنا تھا۔ اور تم نے بھی وہی دیکھا جو ہم نے دیکھا تھا۔ اس پہ ابو ہریرہ نے کہا۔ اے اماں۔ تم کو رسولؐ اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے باز رکھتی تھیں۔ آئینہ سرمہ دانی اور بناؤ سنگار اور قسم خدا کی ہم کو رسولؐ اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کوئی چیز باز نہ رکھتی تھی۔

درمنثور جلد ۵ ص۱۹۶ پر ہے۔ کہ جب کبھی عائشہ آیہ قرآنی "وقرن فی بیوتکن" پڑھتی تو اتنا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

روتی کہ اس کی چادر آنسوؤں سے تر ہو جاتی۔ ناظرین۔ یہ بات قطعی بے بنیاد ہے بھلا ایسی سنگدل عورت کو بخوف خدا و آخرت کب رونا آسکتا ہے۔ جو جناب فاطمہ علیہا السلام کی موت پر خوش ہو امام حسن علیہ السلام کو نانا کے پہلو میں دفن نہ ہونے دے۔ بلکہ امام مظلوم کی نعش کو تیروں سے چھلنی کرے۔ اور حضرت علی علیہ السلام کی شہادت پر اظہار مسرت کرے۔

ناظرین۔ آنحضرتؐ کی ایک زوجہ مسمات سودہ کو پوچھا گیا۔ کہ آپ حج کیوں نہیں کرتیں۔ آپ نے فرمایا۔ ایک بار حج مجھ پر واجب تھا۔ جو میں کر چکی ہوں۔ اس کے بعد میرا حج یہی ہے۔ کہ حکم خدا کے مطابق اپنے گھر سے باہر نہ نکلوں چنانچہ آپ اپنے حجرہ میں رہائش رکھتیں اور تادم زیست باہر نہ نکلیں

تفسیر در منثور مطبوعہ مصر جلد پنجم صفحہ ۲۱۴ سطر ۳۳ پر سورۂ احزاب آیہ نمبر ۵۲ ولا تنکحوا ازواجہ من بعدہ ابدا کی تفسیر میں لکھا ہے کہ ابن عباس سے مروی ہے کہ طلحہ نے کہا۔ کہ کیا اندھیر ہے کہ ہم کو اپنی چچا زاد بہنوں کی ملاقات سے باز رکھا جاتا ہے جب آنحضرتؐ انتقال کریں گے تو میں عائشہ سے نکاح کرونگا۔ اس لئے یہ آیت نازل ہوئی۔

آنحضرتؐ نے حفصہ کو افشائے راز کے قصور پر (یہ مشہور قصہ ہے) طلاق دینی چاہی جس پر عمر ابن خطاب نے حفصہ کو مخاطب کر کے کہا۔ کہ آل خطاب کی اولاد میں کچھ بھی نیکی ہوتی تو اے حفصہ رسول اللہ طلاق پر آمادہ نہ ہوتے۔ اس تمام واقعہ کی تفصیل تفسیر در منثور مطبوعہ مصر جلد ۶ صفحہ ۲۳۹ اور تفسیر کشاف مطبوعہ مصر جلد سوئم صفحہ ۱۹۱ اور بخاری اور مسلم اور سنن ابوداود میں موجود ہے جو سورۂ تحریم آیہ اول کے بارہ میں ہے۔ جہاں عائشہ اور حفصہ کو بارگاہ الہٰی سے کھلے الفاظ میں عتاب ہے۔ کہ ان دونوں کے دل ٹیڑھے ہو گئے ہیں۔ اگر تم ان دونوں کو طلاق دیدو تو میں تم کو فرمانبردار اور با ایمان اور مطیع اور توبہ کرنے والی اور عبادت گذار اور روزہ دار عورتیں دوں گا۔

قرۃ العینین شاہ ولی اللہ دہلوی صفحہ ۱۱۲ پر عائشہ کے بھانجے عروہ کے غلام حبیب سے روایت ہے کہ جب حضرت خدیجہؑ کا انتقال ہو گیا۔ تو آنحضرتؐ رنجیدہ رہنے لگے۔ ابوبکر عائشہ کو اپنے ساتھ لے گیا اور عرض کیا۔ یا رسول اللہ۔ عائشہ سے آپ کی دلبستگی ہوگی۔ اور غم کم ہوگا۔

میزان الاعتدال ذہبی میں ہے کہ ام رومان والدہ عائشہ نے عائشہ کو کپڑے وغیرہ کھلا کھلا کر جلد قابل ہمبستری کر دیا۔

مدارج النبوۃ جلد دوئم صفحہ ۵۰۲ پر ہے کہ جب عائشہ اور حفصہ نے مبتی نمازی کے لئے اپنے اپنے باپ کے نام پیش کئے۔ تو آنحضرتؐ نے فرمایا۔ تم بھی ان مکار عورتوں کی بہنیں ہو۔ جنہوں نے حضرتؑ

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

یوسفؑ سے مکر کیا تھا۔

حیات الحیوان علامہ دمیری شافعی جلد اول ص۳۲۲ میں ہے۔ کہ جب عائشہ کو حضرت علی علیہ السلام کے قتل ہو جانے کی خبر پہنچی۔ تو اس نے یہ شعر پڑھا۔ اس عورت نے اپنا عصا ڈال دیا۔ اور مقام اطمینان پہ قیام کر لیا جیسا کہ منزل مقصود پہ پہنچ جانے سے مسافر کی آنکھوں میں ٹھنڈک پڑ جاتی ہے

بخاری باب حد المریض ان یشہد الجماعۃ من ابواب الجماعۃ۔ مسلم کتاب الصلوٰۃ باب استخلاف الامام اذا عرض لہ عذر۔ شرح مسلم نووی جلد اول ص۱۷۷ بخاری کتاب الاذان باب الرجل یأتم بالامام و یأتم الناس بالماموم۔ شرح بخاری قسطلانی جلد دوئم ص۳۱ بخاری کی شرح۔ شیخ الاسلام کتاب الاذان باب حد المریض ان یشہد الجماعۃ میں ہے کہ آنحضرتؐ نے عائشہ اور حفصہ سے فرمایا کہ تم دو تو صواحب یوسفؑ ہو (جب انہوں نے امامت کے لئے اپنے اپنے باپ کے نام آنحضرتؐ کو پیش کئے) نیز انہی مذکورہ کتابوں میں مروی ہے کہ عائشہ نے کہا کہ اس وقت آنحضرتؐ بحالت ضعف دو آدمیوں کے کندھوں کے سہارے یا عباس اور ایک آدمی کے سہارے مسجد میں تشریف لائے۔ مسند امام احمد حنبل میں بروایت عائشہ لکھا ہے کہ آنحضرتؐ کے ہمراہ [illegible] ایک عباس اور دوسرا کوئی اور شخص تھا۔ فتح الباری شرح بخاری میں ہے کہ آنحضرتؐ کو سہارا دینے والے دو شخص عباس بن عبدالمطلب اور حضرت علیؑ تھے

فتح الباری میں ہے کہ عبدالرزاق نے معمر سے روایت کی ہے کہ عائشہ کا دل خوش نہ ہوتا تھا کہ حضرت علی کا ذکر بھلائی سے کرے۔ ابن اسحاق نے زہری سے روایت کی ہے کہ عائشہ کے بس میں نہ تھا کہ علی کا ذکر بھلائی سے کرے۔ تاریخ طبری میں ہے کہ ابن عباس نے کہا کہ جس شخص کا عائشہ نے نام نہیں لیا وہ حضرت علی علیہ السلام ہیں۔ مگر عائشہ کا مقدور نہیں کہ علی کا ذکر بھلائی کے ساتھ کرے۔ مسند احمد حنبل میں ہے کہ دوسرا شخص جس کا عائشہ نے نام نہیں لیا۔ وہ حضرت علی علیہ السلام تھے۔ مگر عائشہ کا نفس اس سے خوش نہ ہوتا تھا۔

جذب القلوب میں ہے کہ جناب فاطمہؑ نے وصیت فرمائی۔ کہ مجھے اسماء بنت عمیس اور حضرت علی علیہ السلام غسل دیں۔ اور کسی دوسرے (بالخصوص عائشہ) کو اندر آنے کی اجازت نہ دیں۔ چنانچہ جب عائشہ آئی تو اس کو روک دیا گیا۔ نیز اسی کتاب میں ہے کہ حجرہ عائشہ اور خانہ سیدہ کے درمیان ایک کھڑکی تھی جس سے آمد و رفت ہو سکتی تھی۔ ایک دن عائشہ اس کھڑکی کی راہ سے آدھی رات کو جناب سیدہؑ کے گھر میں آئی اور معصومہ سے لڑی۔ اس لیے آنحضرتؐ نے بند کروا دی۔

روضۃ الاحباب میں ہے کہ جنگ جمل کے بعد حضرت علی علیہ السلام نے عائشہ سے فرمایا کہ اے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

عائشہ تو نے وہ کام کیا جو تیرے لئے مناسب نہ تھا حالانکہ تو خوب جانتی ہے کہ رسول اللہ سے میں کسقدر قرابت رکھتا ہوں اور تو میرے بارہ میں من کنت مولا فعلی مولاہ سن چکی تھی۔

شرح ابن ابی الحدید میں ہے کہ جب جناب فاطمہؑ نے وفات پائی تو لوگوں نے جناب امیر علیہ السلام کیخدمت میں عائشہ کے ایسے کلمات بیان کئے جو دلالت کرتے تھے کہ عائشہ کو وفات معصومہ پر خوشی ہوئی

بخاری پارہ سولہواں قصہ افک ص۳۲ و ص۹۹ پر ہے کہ ایک بدری صحابی نے عائشہ پر زنا کی تہمت لگائی۔ ناظرین! ازواج نبیؐ میں سے کوئی بھی زانیہ نہ تھی اور یہ تہمت غلط تھی۔

بخاری کتاب الہبہ پارہ دہم ص۳۵ بہ بخاری احمد علی سہارنپوری دالی ص۳۵ باب من اہدی الی صاحبہ الخ میں ہے کہ عائشہ اور زینب بنت جحش آپس میں لڑیں جھگڑیں اور گالی گلوچ تک نوبت آئی۔

محمد بن اسحاق نے کتاب مغازی میں امام مسروق سے روایت کی ہے کہ عائشہ نے اپنے ایک غلام کا اصلی نام بدل کر اس کا نام عبدالرحمان رکھ دیا جب وجہ پوچھی گئی تو کہا کہ میں نے اسکا نام اس لئے عبدالرحمان رکھا ہے تاکہ میرے دل میں (حضرت) علی علیہ السلام کے عبدالرحمان بن ملجم کی یاد تازہ رہے۔

جب طلحہ جنگ جمل میں عثمان کے بیٹے مروان کے تیر سے زخمی ہو گیا جو اس وقت علیؑ کے خلاف لڑ رہا تھا اور زندگی سے مایوس ہو گیا تو اس نے حضرت علی علیہ السلام کو کہلا بھیجا کہ میں آپکی بیعت توڑنے اور عائشہ کے ہمراہ آپ سے جنگ کرنے کی توبہ کرتا ہوں حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا کہ یاس اور باس کی توبہ قبول نہیں۔ یاس جب زندگی سے ناامیدی ہو جائے اور باس جب آسمانی عذاب سر پر آ پہنچے۔

صواعق محرقہ ابن حجر باب اول فصل پنجم میں ہے۔ کہ ابوبکر اور عمر ہر سال عائشہ کو دس ہزار درہم وظیفہ دیا کرتے تھے کتاب الخراج ابویوسف ازالۃ الخفا اور مستدرک اور شرح ابن ابی الحدید اور حبیب السیر میں ہے کہ عائشہ اور حفصہ کو بارہ بارہ ہزار درہم سالانہ وظیفہ دیا جاتا تھا۔

کنز العمال کتاب الفضائل باب عائشہ میں ہے کہ عمر نے امہات المومنین کے لئے دس دس ہزار درہم سالانہ وظیفہ مقرر کیا۔ تو عائشہ کے لئے بارہ ہزار مقرر کیا۔ اور کہا کہ یہ آنحضرتؐ کی محبوبہ تھی۔

نہایہ ابن اثیر میں ہے کہ عائشہ نے کہا۔ کاش میں حیض کا کپڑا ہوتی تو بھولی بسری ہوتی۔

ابن ماجہ مطبوعہ نظامی دہلی باب ماجاء فی وجوب الغسل اذا التقی الختانان میں عائشہ سے روایت ہے کہ جب ختنہ ختنے سے مل جائے تو غسل واجب ہو جاتا ہے۔ اور میں نے اور حضرتؐ نے ایسا ہی کرنے پر غسل کیا ہے۔ بخاری کتاب الصوم باب المباشرۃ للصائم میں عائشہ سے روایت

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہے کہ آنحضرتؐ بحالت صوم میرے بوسے لیتے اور مجھ سے مباشرت کرتے اور عضو مخصوص پر تم لوگوں سے زیادہ قادر رہتے۔

بخاری کتاب الصوم باب متیٰ یقضی قضاء رمضان میں ابی سلمہ سے منقول ہے کہ عائشہ نے کہا کہ مجھ پہ ماہ رمضان کے روزوں کی قضا باقی رہ جاتی۔ تو میں قضا پوری نہ کر سکتی تھی۔ یحییٰ نے کہا کہ عائشہ (یہاں تک) آنحضرتؐ سے مشغول رہتی تھی۔ مطلب یہ کہ اتنی فرصت نہ ملتی کہ بیچاری سحری کھا سکے۔

نسائی جلد اول باب مباشرت الحائض صفحہ ۳۳ ابو جمیع ابن عمیر سے منقول ہے کہ میں اپنی ماں اور خالہ کے ساتھ عائشہ کے پاس گیا۔ ان دونوں نے عائشہ سے پوچھا۔ کہ آنحضرتؐ اپنی حائضہ ازواج سے کیا عمل جائز رکھتے ہیں۔ عائشہ نے کہا کہ جب ہم میں سے کسی کو حیض آتا۔ تو آنحضرتؐ اس کو ازار بند باندھنے کا حکم دیتے اور پھر اس کے سینے اور چھاتیوں سے چمٹ جاتے۔

مسلم مطبوعہ مجتبائی دہلی جلد اول کتاب الرضاع باب القسم بین الزوجات صفحہ ۴۷۲ پر ہے کہ ایک رات عائشہ کی باری تھی۔ اور زینب بھی وہاں آگئی۔ حضرتؐ نے زینب کی طرف ہاتھ بڑھایا تو زینب اور عائشہ میں دنگہ و فساد برپا ہوا حتیٰ کہ نماز فجر کا وقت آگیا (تہجد جاتی رہی) ابوبکر آیا اور کہا یا حضرتؐ ان عورتوں کے منہ میں خاک ڈالو۔ اور نماز کے لیے باہر آؤ۔

نسائی جلد ثانی کتاب المباشرۃ النساء باب الغیرۃ صفحہ ۶۶ پر ہے کہ عائشہ کہتی ہے۔ کہ میں نے آنحضرتؐ کے سر کو چھوا اور اپنا ہاتھ ان کے بالوں میں دوڑایا۔ آنحضرتؐ نے فرمایا۔ کیا تیرے پاس تیرا شیطان آیا۔ میں نے کہا کہ آپ کے لیے شیطان نہیں حضرتؐ نے فرمایا۔ ہاں قسم خدا کی ہے۔ مگر خدا نے مجھے اس پر قابو دیا ہے۔ اور وہ (میرے لیے) مسلمان ہو گیا ہے۔

ابن ماجہ جلد اول باب فی الجنب یستدفی بامراتہ قبل ان تغتسل میں عائشہ سے منقول ہے کہ آنحضرتؐ غسل جنابت کے بعد میرے جسم کی گرمی لیا کرتے اور میں نے ابھی غسل نہ کیا ہوتا۔

استیعاب صفحہ ۵۷۲ اور اسد الغابہ جلد چہارم صفحہ ۳۳۲ پر ہے کہ عائشہ نے کہا کہ حضرت سلمان فارسی آنحضرتؐ کی خدمت میں رات کو بیٹھے رہتے یہاں تک کہ قریب تھا۔ کہ وہ مجھ سے رسول خدا کے بارہ میں سبقت لیجائیں۔

استیعاب جلد دوم صفحہ ۵۵۱ پر ہے کہ آنحضرتؐ نے فرمایا کہ خدا نے مجھ کو چار آدمیوں کی الفت کا حکم دیا۔ اور وہ ان کو دوست رکھتا ہے۔ یعنی علیؑ و ابوذرؓ و مقدادؓ و سلمانؓ۔ اگر دین ثریا کے پاس ہوتا۔ تو سلمان اس کو ضرور پا لیتا۔

تفسیر درمنثور مطبوعہ مصر جلد ۶ صفحہ ۹۵ پر سورہ حجرات آیہ نمبر ۱۲ "ولا یغتب بعضکم بعضاً" کی تفسیر

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

میں لکھا ہے کہ ابوبکر اور عمر دونوں نے سلمانؓ کی غیبت کی تو اس آیہ کا نزول ہوا۔

تفسیر درمنثور مطبوعہ مصر جلد ۶ صفحہ ۳۹۲ سطر ۱۸ پر سورہ عصر کی تفسیر میں لکھا ہے کہ ابن مردویہ نے بروایت ابن عباس لکھا ہے کہ انسان سے مراد ابوجہل اور الذین امنوا سے مراد حضرت علیؑ اور سلمانؓ ہیں

سورہ الکہف آیہ نمبر ۱۰۶ "ان الذین امنوا وعملوا الصالحات کانت لہم جنت الفردوس" میں سے مراد بقول معصومین سلمانؓ و ابوذرؓ و عمارؓ یاسر و مقدادؓ ہیں۔

تفسیر درمنثور مطبوعہ مصر جلد پنجم صفحہ ۳۲۵ پر ہے کہ سورہ زمر آیہ نمبر ۱۷ "والذین اجتنبوا الطاغوت" کے بارہ میں ابن جریر اور ابن حاتم نے زید بن اسلم سے روایت کی ہے کہ یہ آیہ مبارکہ اور اس سے بعد کی تین آیات زید بن عمرو بن نفیل اور ابوذر غفاری اور سلمان فارسی کے حق میں نازل ہوئی ہیں اور ابن مردویہ نے بروایت ابن عمر زید بن عمرو بن نفیل کی جگہ سعید بن زید کا نام لکھا ہے۔

استیعاب صفحہ ۵۶۲ پر ہے کہ سلمان و صہیب و بلال ایک جگہ بیٹھے تھے۔ کہ ادھر سے ابوسفیان کا گذر ہوا ان تینوں نے ابوسفیان کو دیکھ کر کہا۔ کیا خدا کی تلواروں نے اس دشمن خدا کی گردن پر قبضہ نہیں کیا ہے۔ ابوبکر نے کہا کہ تم لوگ ایسا ایسے شخص کے حق میں کہتے ہو جو قریش کا سردار اور شیخ ہے۔ یہ کلمہ کہہ کر ابوبکر آنحضرتؐ کے پاس آیا۔ اور تمام ماجرا بیان کیا۔ آنحضرتؐ نے فرمایا۔ شاید تو نے ان تینوں کو ناراض کیا ہے۔ اگر ایسا ہوا تو خدا کو تو نے غضبناک کیا۔

بخاری مطبوعہ مصر جلد سوم صفحہ ۱۲۳ اور تفسیر درمنثور جلد ۶ مطبوعہ مصر صفحہ ۲۴۲ پر ہے کہ ابن عباس نے عمر سے پوچھا کہ وہ دو عورتیں جنہوں نے آنحضرتؐ پر تظاہر (ایک دوسرے کی مدد) کیا تھا۔ کون ہیں عمر نے کہا عائشہ اور حفصہ ہیں۔ بعد ازاں لکھا ہے کہ عمر کی زوجہ نے عمر کو کہا کہ تو ہم کو اس طرح کے رد و بدل منع کرتا ہے حالانکہ تیری بیٹی حفصہ رسول اللہؐ سے یہ سلوک کرتی ہے کہ حضرتؐ کا تمام دن رنج میں گذر جاتا ہے پس یہ سنکر عمر حفصہ کے پاس گیا اور پوچھا کہ آیا تو واقعی آنحضرتؐ کو رنجیدہ کرتی ہے اس نے جواب دیا۔ ہاں ہم ایسا ہی کرتے ہیں۔ اس پر عمر نے کہا۔ میں تم کو خدا اور رسولؐ کے غضب سے ڈراتا ہوں۔ دیکھنا یہ عورت (عائشہ) تجھے دھوکہ میں نہ ڈالے جسکے حسن و جمال نے آنحضرتؐ کو دیوانہ بنا رکھا ہے

ابن ماجہ ابواب النکاح باب معاشرۃ النساء میں عروہ بن زبیر سے منقول ہے کہ عائشہ نے کہا کہ مجھے خبر نہ ہوئی کہ یکایک (جناب) زینب بنت جحش میرے ہاں بے اجازت چلی آئیں۔ اور آنحضرتؐ سے کہا کہ ابوبکر کی لڑکی اگر اپنی کرتی الٹ دے۔ تو آپ کے لئے کافی ہے۔

نسائی مترجمہ نواب وقار جنگ جلد ثانی باب الغیرۃ صفحہ ۱۰۳ پر محمد بن قیس سے روایت ہے۔ کہ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

عائشہ نے کہا کہ میری باری کی رات تھی کہ آنحضرتؐ مجھے سوتی سمجھ کر چپکے چوری سے دبے پاؤں بستے باہر چلے گئے۔ عائشہ کو وہم ہوا۔ کہ کسی دوسری زوجہ کے پاس جاتے ہیں، میں بھی اوڑھنی لے کر پیچھے میں روانہ ہوئی جب آنحضرتؐ بقیع سے واپس ہونے لگے تو میں دوڑ کر پہلے واپس آگئی۔ حضرتؐ نے میرا پھولا ہوا سانس دیکھ کر کہا۔ شاید تو سمجھی کہ اللہ اور رسولؐ تجھ پر ظلم کریں گے۔ میں نے کہا۔ آپکو اللہ نے بتا دیا۔ فرمایا۔ جبرئیل میرے پاس آیا اور تیرے پاس نہ آیا کیونکہ تو ننگی تھی۔

بخاری جلد سوم ص۲۶۳ پر ہے کہ عمر نے اپنی بیٹی حفصہ سے کہا کہ دیکھو کہیں تم کو عائشہ دھوکا نہ دے۔ جس کے حسن سے رسول اللہ فریفتہ ہو رہے ہیں۔

بخاری ص۱۹۲ پر ہے کہ آنحضرتؐ ایک باغ کی طرف تشریف لے گئے۔ وہاں جونیہ لائی گئی۔ حضرتؐ نے اس سے کہا۔ تو اپنی جان ہم کو ہبہ کر دے۔ اسنے جواب دیا۔ کیا یہ ہو سکتا ہے کہ جو عورت ملکہ ہو وہ اپنی جان ایک بازاری مرد کو بخش دے۔ تب حضرتؐ نے اسکی طرف ہاتھ بڑھایا۔ تو اسنے کہا۔ اعوذ باللہ منک۔

بخاری جلد دوم ص۴۰ پر ہے کہ لوگوں نے عائشہ سے کہا کہ حضرت علی علیہ السلام آنحضرتؐ کے وصی تھے۔ عائشہ نے کہا۔ آنحضرتؐ نے انکو وصی کب کیا حالانکہ میں خود حضرتؐ کو اپنے سینے کے ساتھ لگائے ہوئے تھی اور جب آنحضرتؐ نے طشت مانگا حضرت میری گود میں چپکے ہوئے تھے۔ پس مجھ کو نہ معلوم ہوا کہ حضرتؐ نے وفات پائی۔ پھر وصیت کب کی۔

تطہیر الجنان علامہ ابن حجر بر حاشیہ صواعق محرقہ میں ہے کہ جنگ جمل میں عمارؓ نے عائشہ سے پوچھا سچ کہو کہ کیا رسول اللہ نے حضرت علی علیہ السلام کو اپنا وصی مقرر نہیں کیا تھا۔ عائشہ نے کہا۔ ہاں کیا تھا۔ پھر حضرت علی علیہ السلام نے یہی سوال کیا تو کہا۔ ہاں کیا تھا۔ اس پر عمارؓ اور حضرت علی علیہ السلام نے کہا کہ پھر جنگ کیوں کرتی ہو۔ کہا کہ خون عثمان کا بدلہ لینے کے لئے۔

صواعق محرقہ مطبوعہ مصر ص۵۹ پر ہے کہ عمر نے کہا کہ خدا نے میری تین باتوں میں میری موافقت کی مقام ابراہیم کو مقام نماز بنایا۔ ازواج نبی کو پردہ کا حکم دیا۔ اور نبیؐ کو عائشہ اور حفصہ طلاق دے دینے کی اجازت دے دی۔

اسد الغابہ جلد دوم ص۲۹۶ پر ہے کہ عائشہ نے کہا کہ میں غزوہ خندق میں لوگوں کے نشان قدم دیکھتی ہوئی جا رہی تھی۔ کہ میرے پیچھے سے پاؤں کی آہٹ ہوئی میں نے مڑکر دیکھا تو وہ سعد بن معاذ تھا پس میں وہاں ہی بیٹھ گئی۔ مسند احمد حنبل ص۱۴۱ پر ہے کہ جب سعد بن معاذ چلا گیا۔ تو عائشہ کہتی ہے۔ میں ایک باغ میں چلی گئی وہاں چند مسلمان بھی تھے۔ جنمیں عمر بن خطاب بھی تھا۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

(جنگ سے بھاگ کر یہاں چھپے ہوئے تھے) عمر نے مجھ سے کہا۔ تو یہاں کیوں آئی ہے (بلا اجازت رسول)
خدا کی قسم تو بڑی بہادر ہے اور تجھ کو کیا اطمینان ہے کہ تجھ پر کوئی بلا نازل ہو۔ اور ہم بھی یہاں سے
سمٹ کر (بھاگ کر) کہیں چلے جائیں۔

مودۃ القربیٰ سید علی ہمدانی میں بروایت عروہ لکھا ہے کہ عائشہ نے کہا کہ آنحضرت کا ارشاد ہے
کہ جو شخص علیؑ سے لڑا وہ کافر اور جہنمی ہے۔ مگر میں اس حدیث کو جمل کے دن بھول گئی تھی۔ البتہ
بصرہ میں یاد آگئی تھی۔ اسلئے رب سے طلب مغفرت مانگا کرتی ہوں لیکن امید نہیں کہ دعا قبول ہو
کتاب فخری ابن طقطقی ص۸۲ اور روضۃ الاحباب میں ہے کہ عائشہ نے جب یہ مکہ سے مدینہ کی
طرف آرہی تھی) لوگوں سے عثمان کا حال پوچھا انہوں نے جواب دیا۔ وہ قتل ہوگیا ہے۔ پوچھا قتل
عثمان کے بعد کیا ہوا۔ کہا لوگوں نے علیؑ کو خلیفہ بنا دیا ہے تب عائشہ نے کہا۔ کاش آسمان زمین
پر گر پڑتا اگر علی خلیفہ ہو جائیں یعنی اگر علیؑ نے ہی خلیفہ ہونا تھا تو بہتر تھا۔ کہ میں مر گئی ہوتی۔ پھر
لکھا ہے۔ کہ عائشہ نے طلحہ اور زبیر سے مشورہ کیا اور متفق ہو گئے کہ قتل عثمان کے قصاص پر علیؑ سے
جنگ کریں اور کبھی راضی نہ ہوں۔

ملل والنحل مطبوعہ مصر ص۲۵ پر ہے کہ وہ شخص جو اس امام پر خروج کرے۔ جس پر جماعت
نے اتفاق کر لیا ہو۔ خارجی کہلاتا ہے۔

وفا الوفا معجم کبیر طبرانی ص۳۰۰ پر بروایت ابو المظفر بن بنیدا اور کتاب مناقب ابن شہر حصہ سوم ص۴۵
پر لکھا ہے کہ ہم نے بہت سے علماء سے دریافت کیا۔ کہ آنحضرتؐ کی قبر کیوں اسقدر پوشیدہ کر دی گئی ہے
کہ کوئی دیکھ بھی نہیں سکتا کیونکہ (سیسہ کی) دیوار بنا دی گئی ہے جس میں کوئی دروازہ نہیں تو بعض
علماء نے جواب دیا کہ جب امام حسنؑ نے وفات پائی اور وصیت کی۔ کہ بعد از جنازہ قبر رسولؐ پر لیجا کر
اور ہم کو بجوارِ رسولؐ میں دفن کرو۔ اگر ہاں ہمارے اعدا ہم کو دفن نہ ہونے دیں) تب جنت البقیع
میں دفن کردو چنانچہ جب امام حسینؑ علیہ السلام نے اس وصیت کے مطابق کرنا چاہا تو لوگوں نے سمجھا
(عائشہ نے) کہ حضرت نعش کو یہاں دفن کرنا چاہتے ہیں۔ اس پر سب (صرف عائشہ اور اسکی پارٹی) مانع
ہوئے اور آمادہ قتال ہوئے اسلئے عبدالملک نے یا کسی اور نے قبر رسولؐ کو چھپا دیا۔ اور بند کر دیا۔

جذب القلوب ص۲۶ پر ہے کہ امام حسنؑ نے امام حسینؑ کو وصیت کی تھی کہ مجھ کو پہلوئے رسولؐ
میں دفن کرنا۔ اور اگر یہ لوگ مانع ہوں تو جنت البقیع میں ہی دفن کر دینا۔

روض المناظر علامہ قاضی القضاۃ محب الدین ابو الولید ص۱۳۳ بر حاشیہ تاریخ کامل جلد ۱۱ میں ہے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کہ امام حسن علیہ السلام نے وصیت کی تھی۔ کہ مجھ کو پہلوئے رسولؐ میں دفن کیا جاوے۔ مگر عائشہ اس سے مانع ہوئی۔

جذب القلوب صفحہ ۲۵۲ پر ہے کہ عائشہ نے امام حسن علیہ السلام کو پہلوئے رسولؐ میں دفن نہ ہونے دیا۔ مگر چاہا۔ کہ عبدالرحمان بن عوف روضہ رسولؐ میں دفن کیا جائے (مگر ایسا نہ ہو سکا۔)

ایک شاعر لکھتا ہے۔ اے عائشہ تو خچر پہ بھی سوار ہوئی (جب نعش امام حسن علیہ السلام پر تیر باری کی گئی۔) اور شتر پہ (جنگ جمل) بھی سوار ہوئی۔ اور اگر زندہ رہتی تو ہاتھی پہ بھی سوار ہوتی۔ تیرا حصہ تو آٹھویں میں سے نواں حصہ تھا۔ مگر تو نے کل مال پہ طمع کی۔

جذب القلوب شیخ عبدالحق محدث صفحہ ۲۵۳ پہ ہے کہ جب عبدالرحمان بن عوف کا وقت رحلت قریب آیا۔ تو عائشہ نے اس کو کہلا بھیجا کہ تم کو بھی روضہ رسول اللہ میں تمہارے دو بھائیوں ابوبکر و عمر کے پہلو میں دفن کر دیا جائے۔ عبدالرحمان بن عوف نے جواب میں کہا کہ میں تجھ پر گھر کو تنگ کرنا نہیں چاہتا ہوں اور عثمان بن مظعون کا آپس میں یہ عہد تھا کہ ہم میں سے جو کوئی مرے ایک دوسرے کے پاس دفن کیا جاوے۔

روضۃ المناظر قاضی القضاۃ محب الدین ابوالولید حنفی حلبی۔ کتاب مختصر اخبار البشر۔ روضۃ الاحباب میں ہے کہ جب امام حسن علیہ السلام کی نعش اطہر کو بموجب ان کی وصیت کے روضہ رسول اللہ میں لے گئے تو عائشہ خچر پر سوار ہو کر آئی اور اس امر سے مانع ہوئی اور باہم جھگڑا پیدا ہو کر تیر اندازی کی نوبت پہنچی اور چند تیر نعش اطہر میں پیوست ہو گئے۔ تب امام حسین علیہ السلام نے نعش کو اٹھایا۔ اور جنت البقیع میں دفن کر دیا۔

المعلم ترجمہ مسلم جلد اول صفحہ ۲۴۳ اور بخاری جلد اول پارہ دوئم کتاب الحیض باب من سمی النفاس حیض میں ہے کہ آنحضرتؐ عائشہ سے بحالت حیض مباشرت کرتے۔ بخاری پارہ دوئم باب مباشرت الحیض میں ہے کہ آنحضرتؐ اور عائشہ جنب ہوتے۔ تو ایک برتن میں غسل کرتے۔ یہی روایت بخاری پارہ دوئم باب غسل الرجل مع امراتہ تسہیل القاری صفحہ ۷ پر مرقوم ہے۔

المعلم ترجمہ مسلم کتاب الحائض مطبوعہ صدیقی پریس لاہور صفحہ ۲۴۴ اور بخاری جلد اول کتاب الحیض میں ہے کہ آنحضرتؐ اپنی ازواج سے بحالت حیض مباشرت کرتے۔

بخاری جلد اول صفحہ ۲۷۶ مطبوعہ مصر میں ہے کہ آنحضرتؐ عائشہ سے بحالت حیض جماع کرتے اور جب وہ اعتکاف سے ہوتے اور میں حائضہ ہوتی تو میرا سر دھلاتے۔

ربیع الابرار جار اللہ زمخشری میں جنگ جمل کا واقعہ مذکور ہے جس سے ناظرین کی دلچسپی کے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

لئے یہ نتائج اخذ کر کے لکھتا ہوں۔ پہلا یہ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عائشہ کو کھلے لفظوں میں کہا تھا کہ اے حمیرا تو وہ نہ ہو نا کہ میری ازواج میں سے ہو کر علیؑ کے خلاف ہو کر خروج کرے۔ اور علیؑ کے خلاف خروج کرنا۔ خدا اور رسولؐ کے خلاف خروج کرنا ہے۔ دوسرا یہ کہ عائشہ نے بصرہ میں مسلمانوں کا بیت المال لٹوایا۔ دیکھو تذکرۃ خواص الائمہ سبط ابن جوزی باب چہارم۔ تیسرا یہ کہ آیۂ قرآنی "وقرن فی بیوتکن" کے خلاف عائشہ نے عمل کیا۔ چوتھا یہ کہ عثمان بن حنیف صحابی کی داڑھی اور مونچھیں اور آنکھوں کی پلکیں اور بھویں اور سر کے بال، نوچ ڈالے گئے۔ دیکھو تذکرہ خواص الائمہ باب چہارم۔ پانچواں یہ کہ ہزارہا مسلمانوں کی خونریزی ہوئی دیکھو تاریخ طبری و تاریخ کامل و تاریخ ابو الفدا۔

خداوند عالم سورہ تحریم کے آغاز میں فرماتا ہے کہ اے رسولؐ جو چیز خدا نے تمہارے لئے حلال کی ہے۔ تم اس سے اپنی بیویوں کی خوشنودی کے لئے کیوں کنارہ کشی کرتے ہو۔ خدا بڑا بخشنے والا مہربان ہے کیونکہ خدا نے تم لوگوں کے لئے قسموں کے توڑ ڈالنے کا کفارہ مقرر کر دیا ہے۔ اور خدا ہی تمہارا کارساز اور وہی واقف کار اور حکمت والا ہے۔ اور جب پیغمبرؐ نے اپنی بعض بی بی (حفصہ) سے چپکے سے کوئی بات کہی پھر جب اس نے (باوجود ممانعت) اس بات کی (عائشہ کو) خبر دیدی۔ اور خدا نے اس امر کو ظاہر کر دیا۔ تو رسولؐ نے (عائشہ کو) بعض بات جتا دی۔ اور بعض بات ٹال دی۔ غرض جب رسولؐ نے (حفصہ کے افشائے راز کی) اس (عائشہ) کو خبر دی۔ تو (عائشہ حیرت سے) بول اٹھی۔ کہ آپ کو اس بات (افشائے راز) کی کس نے خبر دی۔ تب رسولؐ نے کہا مجھ کو بڑے واقف کار اور خبردار (خدا) نے بتا دیا۔ (پس اے حفصہ و عائشہ) اگر تم دونوں (اس حرکت سے) توبہ کرو تو خیر کیونکہ تم دونوں کے دل ٹیڑھے ہیں۔ اور اگر تم دونوں رسولؐ کی مخالفت میں ایک دوسرے کی اعانت کرتی رہو گی۔ تو (کچھ پرواہ نہیں) کیونکہ خدا اور جبرئیلؑ اور تمام مومنوں میں ایک شخص (علیؑ) رسولؐ کے مددگار ہیں اور انکے علاوہ تمام فرشتگان مددگار ہیں۔ اگر رسولؐ تم دونوں (عائشہ اور حفصہ) کو طلاق دیدے تو عنقریب ہی اس (رسولؐ) کا پروردگار تمہارے بدلے اسکو تم سے اچھی بیبیاں عطا کرے جو فرمانبردار۔ ایماندار (خدا اور رسولؐ) کی مطیع گناہوں سے توبہ کرنیوالی۔ عبادت گذار۔ روزہ دار۔ بیاہی ہوئی اور بن بیاہی ہوئی ہوں۔

سورہ تحریم کے آیہ نمبر ۱ میں فرماتا ہے۔ کہ خدا نے کافروں کی عبرت کے لئے نوح کی بی بی (واعلہ) اور لوط کی بی بی (واہلہ) کی مثال بیان کی ہے کہ یہ دونوں عورتیں ہمارے نیک بندوں کے نکاح میں تھیں۔ تو جب دونوں نے اپنے شوہروں سے دغا کی تو انکے شوہر خدا کے مقابلہ میں ان کے کچھ کام نہ آئے اور ان دونوں عورتوں کو حکم دیا گیا۔ کہ اور جانیوالے کے ساتھ تم بھی جہنم میں جاؤ۔ مفسر اقاتل اور صاحب کشاف

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

لکھتے ہیں۔ کہ خدا نے قرآن پاک میں عائشہ و حفصہ کو نوحؑ اور لوطؑ کی ازواج سے تشبیہ دی ہے

سورہ الحجرات آیہ نمبر ۱۱ یہ ہے کہ اے ایمان والو (تم میں کسی قوم کا) مرد (دوسری قوم کے) مردوں سے ہنسی نہ اڑائے ممکن ہے کہ وہ لوگ (خدا کے نزدیک) ان سے اچھے ہوں۔ اور نہ عورتیں (عائشہ اور حفصہ) عورتوں (صفیہ زوجۂ رسولؐ) سے تمسخر کریں کیا عجب ہے کہ وہ (صفیہ) ان (عائشہ و حفصہ) سے بہتر ہو۔

ماہ رمضان ۸ھ میں قبیلہ بنی اسد کی ایک عورت نے جس کا نام ام شریک بنت جابر تھا۔ آنحضرتؐ کی خدمت میں آکر عرض کیا۔ کہ میں اپنا نفس حضور کو ہبہ کرتی ہوں۔ عائشہ نے حسد کیا تو آنحضرتؐ نے فرمایا اے عائشہ یہ عورت تجھ سے بہتر ہے۔ اس پر یہ آیہ مبارکہ نازل ہوئی (سورہ احزاب کی آیہ نمبر ۵۰) کہ اے رسولؐ ہم نے تیرے لئے ہر ایماندار عورت حلال کر دی ہے۔ خواہ وہ اپنے آپ کو بغیر مہر تجھ کو دے دے۔ بشرطیکہ تو بھی اس سے نکاح کرنا چاہے۔

ایک مرتبہ عالمگیر اورنگزیب بادشاہ نے دربار عام میں کہا کہ عائشہ کو حضرت فاطمہؑ پر حدیث کے رو سے تو فضیلت حاصل ہے۔ مگر قرآن کی کوئی آیت اس مطلب میں نظر نہیں آتی۔ نعمت خاں عالی موجود تھے۔ فرمایا جہاں پناہ۔ ایسی آیت قرآن میں موجود ہے۔ "فضل اللہ المجاھدین علی القاعدین" یعنی اللہ تعالیٰ نے جہاد کرنے والوں کو گھر بیٹھ رہنے والوں پر فضیلت دی ہے۔ نیز جس طرح آنحضرتؐ نے جنگ حنین میں مشت خاک اٹھا کر کفار کی طرف پھینکتے وقت فرمایا تھا۔ "شاھت الوجوہ" یعنی بدنما ہو جائیں تمہاری صورتیں۔ اسی طرح عائشہ نے جنگ جمل میں مشت خاک اٹھائی۔ اور لشکر علیؑ کی طرف پھینک کر کہا "شاھت الوجوہ"۔ امام واقدی لکھتا ہے کہ اہل عرب کی جہالت ملاحظہ ہو کہ جب عائشہ کا اونٹ جنگ جمل کی تیاری پر مدینہ سے نکلا تو تمام راستہ میں مسلمانوں نے اس اونٹ کا گوبر اور پیشاب زمین پر نہیں گرنے دیا۔ اور اس کو طاہر اور مطہر خیال کیا۔ نیز ایک شخص مسمی ابوبکر لشکر عائشہ سے نکل کر لشکر علیؑ میں آیا۔ اور کہا مجھے اس کلمہ کی ہدایت ہوئی ہے۔ "لن یفلح قوم ولوا امرھم امرأۃ" یعنی نہیں بہتری پائے گی وہ قوم جس نے عورت کو صاحب اختیار بنایا۔

روضۃ الاحباب میں ہے کہ عائشہ کی وفات کے وقت عبداللہ بن زبیر اس کے پاس آیا۔ تو عائشہ نے کہا کہ عبداللہ بن عباس نے میری تعریف کی تھی۔ مگر مجھے پسند نہیں کہ آج کوئی شخص میری تعریف کرے۔ کاش کہ میں درخت ہوتی اور مجھے کاٹتے اور کاش میں مٹی کا ڈھیلہ ہوتی اور کاش کہ میں ایسی ہوتی کہ مجھے کوئی (سوائے شیعہ) یاد نہ کرتا۔ اور کاش کہ میں پیدا ہی نہ ہوتی۔

ربیع الابرار جار اللہ زمخشری میں ہے کہ عائشہ نے اپنی نزع کے وقت فریاد اور بیتابی کی تو لوگوں نے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

اس جزع فزع کا باعث پوچھا تو جواب دیا۔ کہ جنگ جمل کا دن میرے گلے کو گھونٹ رہا ہے۔ ناظرین! عائشہ کا جزع فزع کرنا فرضی روایات ہیں۔ کیونکہ وہ تو معاویہ کے صحن میں زندہ دفن کر دی گئی تھی۔

حبیب السیر جلد اول جزو سوم ص۵۰ ربیع الابرار۔ کتاب الاوائل سیوطی۔ تاریخ اسلام اوکلی۔ تاریخ حافظ۔ کامل السقیفہ وغیرہ میں ہے کہ معاویہ نے عائشہ کو دعوت کے بہانے سے اپنے گھر میں بلایا جس کے صحن میں اس نے ایک گڑھا کھودکر اور گھاس پھوس سے ڈھانپ کر اس کے اوپر ایک آبنوس کی کرسی رکھ دی تھی۔ جونہیں کہ عائشہ کرسی کی طرف بڑھی۔ اس گڑھے میں گر پڑی۔ معاویہ نے فوراً گڑھے کو مٹی اور چونے سے بھر دیا۔ اور اس طرح عائشہ واصل بحق ہو گئی۔

نسائی جلد ثانی کتاب عشرۃ النساء مترجمہ نواب وقار نواز جنگ میں انس بن مالک سے روایت ہے کہ آنحضرتؐ نے فرمایا مجھے دنیا کی چیزوں میں سے عورت (زنِ عائشہ) اور خوشبو سے بہت رغبت ہے

بخاری کتاب النکاح باب موعظۃ الرجل ابنتہ لحال زوجہا ہے۔ ہے کہ عمر نے کہا یارسول اللہ غور فرمایئے۔ میں تو حفصہ کے پاس پہنچ گیا تھا۔ اور کہا تھا۔ کہ دیکھ تو اس تیری گوری چٹی پڑوسن سے فریب نہ کھائیو۔ کیونکہ آنحضرتؐ اسے بہت چاہتے ہیں۔ اس پر آنحضرتؐ کو دو دفعہ خوب زور سے ہنسی آئی۔

نسائی مترجمہ نواب وقار نواز جنگ جلد ثانی ص۱۰۱ ہے کہ جب آنحضرتؐ نے (دق ہو کر) تمام ازواج کو طلاق لے لینے پر اختیار دیا۔ تو عائشہ سے روایت ہے کہ آنحضرتؐ نے یہ خطاب سب سے پہلے مجھ سے ہی کیا تھا۔ ابن ماجہ جلد ثانی باب الطلاق ص۲۳ میں ہے کہ عمر نے کہا کہ حفصہ کو آنحضرتؐ نے طلاق دے دی مگر پھر رجوع کر لیا۔

بخاری کتاب التفسیر باب قولہ ترجی من تشاء میں عائشہ سے منقول ہے کہ میں ان عورتوں سے کڑھتی تھی جو اپنا نفس آنحضرتؐ کو ہبہ کر دیتی تھیں اور خیال کرتی کہ یہ کونسی بات ہے۔ کہ عورت اپنا نفس مرد کو ہبہ کر دے۔ لیکن جب سورہ احزاب کی آیہ ترجی من تشاء منھن وتودی الیک ممن تشاء کا نزول ہوا۔ تو میں نے آنحضرتؐ سے کہا۔ کہ جیسی آپکی خواہش ہوتی ہے ویسی آیت خدا نازل کر دیتا ہے

بخاری باب النکاح باب ھل للمرأۃ ان تھب نفسھا لاحد میں عروہ بن ہشام سے روایت ہے کہ خولہ بنت حکیم ان عورتوں میں سے تھی جنہوں نے اپنا نفس رسول اللہ کو ہبہ کر رکھا تھا۔ عائشہ کہتی ہے کہ میں نے خولہ سے کہا کہ تجھے شرم نہیں آتی کہ تو اپنا نفس مرد کو ہبہ کرتی ہے۔ پھر جب آیہ ترجی من تشاء کا نزول ہوا تو میں نے کہا۔ یا حضرتؐ خدا کس قدر جلدی آپکی خواہش کے موافق حکم نازل کرتا ہے

بخاری کتاب النکاح باب ما یتقی من شوم المرأۃ عن اسامہ بن زید سے روایت ہے کہ

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

آنحضرتؐ نے فرمایا۔ کہ میں نے اپنے بعد عورتوں سے بڑھ کر کوئی نقصان رساں چیز نہیں چھوڑی۔

ابن ماجہ مطبوعہ دہلی جلد دوم ابواب النکاح باب صداق النساء ص۱۳۷ پر عائشہ سے روایت ہے کہ آنحضرتؐ کی ازواج میں سے ہر ایک کا مہر پانچسو دینار (دو ہزار پانچسو روپیہ) تھا بعض کتب سیر میں ہے۔ کہ ام حبیبہ بنت ابوسفیان کا چار سو دینار یعنی دو ہزار روپیہ تھا۔ لیکن اسی ابن ماجہ کے اسی باب اور ص۱۳۷ پر ہے کہ ابو سعید خدری سے روایت ہے کہ آنحضرتؐ نے عائشہ سے نکاح کیا۔ تو خانگی اسباب کے معاوضہ میں کیا جس کی قیمت صرف پچاس درہم یعنی بارہ تیرہ روپیہ تھی۔ ناظرین۔ اس امر سے پایا جاتا ہے کہ عائشہ سے نکاح متعہ ہوا۔ تھا جس پر کچھ مزید روشنی ڈالتا ہوں۔

(۱) آنحضرتؐ نے ہر ایک نکاح پر رسم ولیمہ ادا کی ہے۔ مگر عائشہ کے نکاح پر ولیمہ نہیں دیا گیا نہ یوم نکاح میں۔ نہ روز زفاف اور نہ بعد از زفاف۔ مدارج النبوۃ شیخ عبدالحق محدث دہلوی جلد دوم ص۹ پر عائشہ سے منقول ہے۔ کہ میرے لوگ باہر گئے اور آنحضرتؐ نے مجھ سے زفاف کیا اور کوئی اونٹ یا بکری ذبح نہ کی گئی۔ بعد شادی کا کھانا جس کو ولیمہ کہتے ہیں (کوئی نہ تھا) صرف ایک پیالہ دودھ کا تھا۔ اور وہ بھی سعد بن عبادہ کے گھر سے آیا تھا۔ اسما بنت عمیس سے روایت ہے کہ میں عائشہ کے زفاف میں موجود تھی خدا کی قسم اس دن کسی قسم کا ولیمہ نہیں کیا گیا۔ سوائے ایک پیالہ دودھ کے جس میں سے کچھ آنحضرتؐ نے پیا اور باقی عائشہ کو دے دیا گیا۔

(ب) آنحضرتؐ نے عائشہ کو حکم دیا اور وہ انس کی ماں ام سلیم کے ساتھ اپنی پیٹھ پر مشکیں لاد لاد کر لاتی اور جنگ احد میں مہاجرین اور انصار کو پانی پلاتی۔ اس کام سے اونچے گھرانے کی عورت کے لئے کوئی نہیں ہو سکتا۔ اور یہ برتاؤ منکوحہ سے نہیں ہو سکتا۔ ممتوعہ سے ہی ہو سکتا ہے (بخاری کتاب المغازی باب غزوۃ النساء)

(ج) مروج الذہب علامہ مسعودی جزو ثانی مطبوعہ مصر ذکر معاویہ بن یزید بن معاویہ ابن ابوسفیان ص۷۲ پر ہے کہ عبداللہ بن زبیر نے خطبہ میں کہا۔ کہ لوگوں کو کیا ہو گیا ہے کہ (حلت متعہ کا) فتوے دیتے ہیں۔ اور حواری رسولؐ (زبیر) اور عائشہ کی تنقیص کرتے ہیں۔ پس اگر زبیر کا متعہ سے پیدا ہونا ثابت ہو جائے۔ تو عائشہ کا آنحضرتؐ کی ممتوعہ ہونا بھی ضمناً ثابت ہو گیا۔ کیونکہ دونوں پر ایک ہی الزام ہے۔

(د) شرح ابن ابی الحدید ص۴۸۳ پر بحوالہ تاریخ طبری لکھا ہے کہ جب عبداللہ بن زبیر کو عبداللہ ابن عباس نے طعنہ دیا۔ تو وہ ہتھیار لے کر اپنی ماں کے پاس گیا اور کہا تو مجھے عوسجہ کی دو چادروں والا معاملہ سچ سچ بتا دے ورنہ میں تجھے ابھی قتل کرتا ہوں۔ اسماء نے جواب دیا کہ ایک دن ایک شخص عوسجہ نے دو چادریں آنحضرتؐ کو بطور نذر دیں اور آنحضرتؐ نے وہی دو نو چادریں زبیر کو عطا کر دیں۔ زبیر نے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

دو چادروں کے عوض میں مجھ سے متعہ کیا۔ اور میں حاملہ ہوئی جس سے تو پیدا ہوا۔

(۵) زبیر نے اسماء سے صرف دو چادروں پر متعہ کیا جن کی قیمت بارہ تیرہ روپیہ تھی اور آنحضرتؐ نے بھی عائشہ کا مہر بارہ تیرہ روپیہ مقرر کیا تھا پس یہ دونوں نکاح متعہ کے نکاح تھے۔

عائشہ نے آنحضرتؐ کو زہر سے شہید کیا۔ اس امر کے ثبوت ملاحظہ کریں۔

(۱) ابوبکر اور عمر وغیرہ نے جنگ تبوک کی واپسی کیوقت اور موضع غدیر پر آنحضرتؐ کو شہید کر دینے کا مصمم ارادہ کیا اور ارادہ کو عملی جامہ بھی پہنایا۔ مگر راز فاش ہو جانے پر ایسا نہ کر سکے پس انکی بیٹیوں سے زہر خورانی عین قرین قیاس ہے۔

(ب) طلاق ایک ایسا امر ہے جو بدایت سے ثابت کرتا ہے کہ خداوند کی ناراضگی انتہا کو پہنچ چکی ہے جو لاعلاج ہے۔ اسی لئے خداوند عالم نے آنحضرتؐ کو عائشہ اور حفصہ کو طلاق دیدینے پر اختیار عطا فرمایا۔ آنحضرتؐ کا حفصہ کو طلاق دیدینا اور عائشہ کو طلاق دیدینے کا ارادہ کرنا بدیہی امر ہے ایک کریلا اور پھر نیم چڑھا۔ یہ دونوں بیبیاں پہلے ہی جبلی طور پر عیار، کینہ ور اور ٹیڑھے دل والی تھیں۔ اس پر ابوبکر اور عمر ان کی پیٹھ ٹھونکنے کو ہر وقت تیار تھے۔ اس لئے زہر خورانی اغلب ہے۔

(ج) آنحضرتؐ نے اپنے اہلبیت کا شان اور مرتبہ ظاہر کرنے میں قول اور فعل سے جو جو امور کئے وہ کافی تھے۔ کہ عائشہ اور حفصہ آنحضرتؐ کو زہر دیتیں۔

(د) مشکوۃ الانوار تسہیل مشارق الانوار باب الف صفحہ بحوالہ بخاری بروایت عائشہ لکھا ہے کہ آنحضرتؐ نے اپنے مرض الموت میں فرمایا۔ اے عائشہ میں ہر وقت اس کھانے کی تکلیف محسوس کر رہا ہوں جو میں نے خیبر میں کھایا تھا۔ اب تو اس زہر سے میری رگ جان ٹوٹتی نظر آتی ہے۔

(ہ) بخاری مطبوعہ مصر جزو ثالث کتاب الطب باب اللدود میں ابن عباس اور عائشہ دونوں سے روایت ہے کہ عائشہ نے کہا۔ کہ جب ہم نے آنحضرتؐ کے منہ میں دوائی ڈالی اور حضرتؐ دوائی نہ پلانے کا اشارہ کرتے رہے۔ ہم یہ سمجھے کہ جیسے ہر مریض کو دوا سے کراہت ہوا کرتی ہے ویسے ہی آنحضرتؐ بھی اظہار کراہت کرتے ہیں۔ مگر جب حضرتؐ کو ہوش آیا۔ تو ہم سے فرمایا۔ کیا میں نے تم کو دوا نہ پلانے کا اشارہ نہ کیا تھا۔ ہم نے جواب دیا۔ ہم نے اس اشارہ کو عام مریضوں کی طرح دوا سے نفرت پر محمول کیا۔ اس پر آنحضرتؐ نے فرمایا جس قدر اشخاص گھر میں موجود ہیں ان سب کے منہ میں (اسی) دوائی ڈال دو تو میں دیکھوں وہ کس طرح بچ رہتے ہیں) مگر عباس کو یہ دوا نہ دینا۔ جو اس وقت موجود نہ تھے۔

(د) یکم محرم کو ابوبکر کے گھر میں ایک عہد نامہ لکھا گیا۔ جس میں ثلاثہ وغیرہ شامل تھے اور چونکہ اس

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

عہد نامہ کی عائشہ اور حفصہ کو ضرور اطلاع تھی (یہ عہد نامہ حالات ابوبکر میں ملاحظہ کریں) اسلئے اب آنحضرتؐ کو زہر دینے میں سراسر فائدہ تھا۔ اور یہ عمر کی عین منشا کے مطابق تھا۔

(ز) زاد المعاد ابن القیم جلد اول ص۳۹ پر ہے کہ اہل تحقیق کا اس میں اختلاف ہے۔ کہ آیا آنحضرتؐ نے خیبر کے دن کھانا (زہر سے ملا ہوا گوشت) کھایا تھا یا کہ نہیں۔ مدارج النبوۃ ص۳۰ پر ہے کہ آنحضرتؐ نے ایک ٹکڑے کو اٹھا کر اگلے دانتوں کے نیچے دبایا لیکن فوراً نکال کر پھینک دیا اور فرمایا کہ یہ گوشت مجھ کو خبر دے رہا ہے کہ اس میں زہر ملا ہوا ہے یعنی وہ کھینا ہوا دست بتقال قدرت خدا سے گویا ہوا کہ میں زہر آمیختہ ہوں مجھ کو نہ کھایئے۔ امام زہری کہتا ہے کہ دست بزغالہ گویا ہوا۔ تو مرحب یہودی کی بھتیجی مسمات زینب بنت حارث جس نے یہ کھانا مسموم کیا تھا مسلمان ہو گئی پس ثابت ہوا کہ آنحضرتؐ کی وفات اس مسموم کھانے کی وجہ سے نہیں ہوئی۔ بلکہ اس دوائی کی وجہ سے ہوئی۔ جو عائشہ نے آنحضرتؐ کو پلائی تھی

بخاری میں بروایت عائشہ لکھا ہے۔ کہ میرا ہار مقام بیدا میں گر گیا۔ اور ہم مدینہ میں داخل ہونے والے تھے پس آنحضرتؐ نے اپنی سواری کو بٹھایا اور نیچے اترے۔ پھر آنحضرتؐ اپنا سر میری گود میں رکھ کر سو گئے۔ ابوبکر آیا۔ تو مجھے شدت سے لاتیں ماریں اور کہا۔ لوگ ہار کے بارہ میں رک گئے ہیں عائشہ کہتی ہے کہ گویا مجھے اس وقت رسول اللہ کی گود میں موت آگئی اور تحقیق مجھے درد شدید ہوا

بخاری جلد دوئم ص۱۶۵ پر ہے کہ عائشہ کہتی ہے کہ آنحضرتؐ نے مجھے اپنے پیچھے کھڑا کیا۔ اور آنحضرتؐ اور میں دونوں حبشیوں کو دیکھتے رہے جبکہ وہ مسجد میں لہو و لعب میں مشغول تھے۔ عمر نے حبشیوں کو ڈانٹا تو آنحضرتؐ نے فرمایا۔ اے بنی ارفدہ۔ تم عمر کے ڈانٹنے پر نہ جاؤ۔ بلکہ بدستور اپنے کام میں مشغول رہو

المعلم ترجمہ مسلم جلد دوئم ص۹۲ پر بروایت ابوہریرہ لکھا ہے کہ حبشی آنحضرتؐ کے پاس تیروں سے کھیلتے تھے۔ عمر وہاں آ پہنچا اور حبشیوں کے مارنے کو کنکر اٹھانے کے لئے جھکا۔ آنحضرتؐ نے عمر کو منع فرمایا۔ دعہم یا عمر وہ حبشی جن کو عمر نے کنکر مارنا چاہا تھا مسجد میں تھے۔ آنحضرتؐ کے گال پر عائشہ کا گال رکھا ہوا تھا۔ اور عائشہ ان حبشیوں کا تماشہ دیکھ رہی تھی۔

بخاری پارہ یازدہم باب الحراب فی المسجد اور مشکوٰۃ باب عشرۃ النساء اور ترمذی جلد دوئم باب مناقب عمر ص۲۳ اور نسائی کتاب العیدین باب اللعب فی المسجد یوم العید و نظر النساء ص۲۲ میں آنحضرتؐ کی گال پر عائشہ کا گال رکھ کر حبشیوں کا ناچ دیکھنا تفصیل سے درج ہے اور یہ بھی ترمذی میں لکھا ہے کہ جب عمر کے آنے پر تمام لوگ بھاگ گئے۔ تو آنحضرتؐ نے فرمایا کہ میں جنی اور انسی شیطانوں کو عمر سے بھاگتے دیکھتا ہوں۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بخاری صفحہ ۱۶۵ پر ہے۔ کہ آنحضرت عائشہ کو حبشیوں کا ناچ دکھاتے تھے یہاں تک کہ خود عائشہ ہی تھک جاتی تھی۔

المسلم کی دوسری روایت میں ہے۔ کہ عائشہ کہتی ہے کہ میرے پاس دو لڑکیاں گا بجا رہی تھیں۔ اس وقت ابوبکر آیا اور مجھے جھڑکا اور کہا کہ شیطان کی تان اور آنحضرت کے پاس آنحضرت نے فرمایا۔ اے ابوبکر ان کو گانے دو۔

بخاری کتاب المناقب پارہ پندرہ احمدی پریس لاہور صفحہ ۱ پر ہے کہ عائشہ کے پاس دو لڑکیاں گا رہی تھیں۔ ابوبکر نے دو بار کہا کہ آنحضرت کے سامنے یہ شیطانی گانا بجانا کیوں ہوتا ہے آنحضرت نے فرمایا کہ ان کو گانے دو۔ ہر قوم کے لئے خوشی کا دن ہوتا ہے۔ اور یہ دن (عید الفطر یا عید الاضحی) ہماری خوشی کا دن ہے۔

بخاری کتاب المناقب قصۃ الحبش باب چودھواں احمدی پریس لاہور صفحہ ۲۵ پر ہے کہ انصار کی دو لڑکیاں منیٰ کے دن گا رہی تھیں۔ اور دف بجا رہی تھیں۔ اور آنحضرت اپنا کپڑا اوڑھے ہوئے پڑے تھے۔ ابوبکر نے ان لڑکیوں کو جھڑکا تو آنحضرت نے منہ سے چادر ہٹائی اور فرمایا۔ اے ابوبکر انکو گانے دو۔ حاشیہ بخاری مترجم کتاب المناقب پارہ پندرھواں احمدی پریس لاہور صفحہ پر ہے کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بوقت ہجرت مدینہ کے قریب پہنچے تو بنی نجار کی لڑکیاں دف بجاتی اور گاتی ہوئی نکلیں۔ تو آنحضرت نے ان سے فرمایا کہ خدا تعالے تم سے محبت کرتا ہے۔

امام غزالی نے کتاب احیاء العلوم میں لکھا ہے کہ اگر گانے کے ساتھ طبل اور نفیری اور تال سر بھی زیادہ کر دئے جائیں تو تاثیر زیادہ ہوگی۔ اور یہ امر جائز ہے۔

رسالہ امام شوکانی۔ فرح الاسماع شیخ محمد بن احمد مغربی۔ بوارق الاسماع فی تکفیر من یحرم السماع شیخ احمد غزالی۔ رسالہ ابی الروح میں گانے کے متعلق روایات ذیل لکھی ہیں کہ عمر بن خطاب۔ عثمان بن عفان۔ ابو عبیدہ جراح۔ سعد بن ابی وقاص۔ عبدالرحمان بن عوف۔ ابو مسعود۔ بلال۔ عبداللہ بن ارقم۔ اسامہ بن زید۔ عبداللہ بن عمر۔ براء بن مالک۔ حسان بن ثابت۔ مغیرہ بن شعبہ۔ ضمرہ۔ عبداللہ بن جعفر۔ قرظہ بن کعب۔ جزات بن جبیر۔ ربیع۔ رباح۔ معترف عائشہ بنت ابوبکر وغیرہ گانا سنتے اور خود گایا کرتے۔ پھر لکھا ہے کہ تابعین بھی گانا سنتے اور اس کے جواز کا فتوے دیتے مثلاً سعید بن مسیب۔ سالم بن عبداللہ بن عمر۔ خارجہ بن زید۔ قاضی شریح۔ سعید بن جبیر۔ عامر شعبی۔ عبداللہ بن ابی عتیق۔ عطا بن ابی رباح۔ خلیفہ عمر بن عبدالعزیز وغیرہ۔

امام مالک۔ امام شافعی۔ امام ابو حنیفہ۔ امام احمد حنبل۔ ابن جریح عنبری۔ سفیان بن علیہ۔ قاضی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ابوالطیب۔ ابوبکر بن مجاہد۔ ابو منصور بغدادی۔ ابوالقاسم قشیری۔ دارکی حلیمی۔ امام الحرمین۔ محلی۔ ماوردی رویانی وغیرہ تمام علمائے اہلسنت نے حلت غنا کا فتویٰ دیا ہے۔

شیخ سہروردی کہتا ہے کہ سماع کا منکر یا تو سنن و آثار سے جاہل ہے یا جاہل الطبع ہے۔ اور ذوق سے عاری ہے۔ امام شافعی اپنے رسالہ میں لکھتا ہے۔ کہ غنا کا مباح ہونا ہی ثابت نہیں۔ بلکہ اس سے منع کرنے والا جاہل اور غبی ہے۔ عارفین اہلسنت کا یہ زبان زد مقولہ ہے کہ سماع میں وہی تاثیر ہے۔

جواب زمزم میں ہے۔ امام غزالی۔ عامری۔ رافعی۔ امام عزالدین ابن السلام۔ امام تقی الدین۔ امام ابن مجاجہ کا فتویٰ ہے۔ کہ غنا دف وغیرہ کے ساتھ بھی جائز ہے۔

عبداللہ بن عمر۔ عبداللہ بن جعفر۔ عبداللہ بن زبیر۔ معاویہ بن ابوسفیان۔ عمرو وقاص کا فتوے ہے کہ ستار۔ سارنگی۔ عود و مزامیر کے ساتھ گانا جائز ہے۔

امام ابراہیم بن سعد زہری نے خلیفہ ہارون رشید کے سامنے عود بجا کر احادیث رسولؐ کو گایا۔

امام محلی اور امام رافعی اور امام غزالی ناچنے کا فتوے دیتے ہیں۔ امام الحرمین کہتا ہے کہ ناچنا حرام نہیں کیونکہ یہ کچھ سیدھی اور کچھ ٹیڑھی چال ہے۔ امام حلیمی اور امام نووی کہتا ہے کہ جو ناچ اس قسم کا ہو جیسا ہیں ناچنے والا ہیجڑوں اور مخنثوں کی طرح نہ ناچے وہ مباح ہے۔ امام عزالدین تو خود ناچنے لگتے جب گانا سنتے۔ امام غزالی کہتا ہے جو گانے کو حرام کہے وہ کافر ہے۔ ابوطالب مکی نے قوت القلوب میں لکھا ہے کہ صحابہ اور تابعین گانا سنتے رہے ہیں۔ اور جو لوگ جواز غنا کے قائل ہیں وہ کہتے ہیں کہ سال بھر میں جو دن [illegible] کر خدا کے لیے مخصوص [illegible] گانا سننا چاہیے۔

ابن مسعود نے اپنی تفسیر میں آیہ "ومن الناس من یشتری لہو الحدیث" کی تفسیر میں لکھا ہے کہ خدا کی قسم لہو الحدیث سے مراد غنا ہے۔ امام بیہقی اور امام حاکم نے اس کی تخریج کی ہے۔ اور کہا ہے کہ یہ حدیث صحیح ہے۔ اور ابن شیبہ نے بھی اس کی تخریج کی ہے۔ پھر ابن مسعود نے بروایت ابن عباس لکھا ہے کہ مراد لہو الحدیث سے غنا ہے اور جو اس کی مانند ہو۔ امام بیہقی نے اس کی تخریج کی ہے۔

عثمان بن عفان کی دو لونڈیاں ہر رات اس کو گانا سنایا کرتیں۔ ابو حنیفہ ہر رات ایک شخص مسمی عمر سے گانا سنا کرتا۔ چنانچہ ایک دفعہ عمر قید ہو گیا تو ابو حنیفہ نے اس کو قید سے رہائی دلوائی۔ اور گانا سنا کرتا۔ امام مالک خود بھی گاتا اور گانا سنا کرتا۔ امام احمد حنبل گانا سنا کرتا۔

اصابہ ص۱۹۳ میں ہے کہ عبدالرحمان بن عوف کے کہنے پر مغنیہ نے گانا شروع کیا۔ تو عمر بن خطاب نے ٹوکا۔ عبدالرحمان بن عوف نے کہا کہ اس شغل سے راستہ آسانی سے طے ہوتا ہے۔ اس پر عمر نے کہا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اچھا عمر ابن خطاب کے انتظار لگایا کرو۔ مشکوٰۃ باب المناقب عمر ص۵۴۵ پر ہے کہ ایک چھوکری آنحضرتؐ کے پاس دف بجا رہی تھی۔ کہ اتنے میں ابو بکر آ گیا لیکن وہ دف بجاتی رہی۔ پھر حضرت علی علیہ السلام اور پھر عثمان آیا۔ مگر وہ دف بجاتی رہی۔ لیکن جب عمر آ گیا تو اس چھوکری نے دف کو بجانا چھوڑ دیا اس پر آنحضرتؐ نے کہا کہ عمر سے شیطان ڈرتا ہے۔

تاریخ کامل جلد سوئم ص۹ پر ہے کہ اس حادثہ (جنگ جمل) کے بانی مبانی وہی لوگ ہیں۔ جو دنیا کے طالب تھے۔ اور خدا کے عطیہ اور اس کی دی ہوئی فضیلت (امامت) کا حسد کرتے تھے۔ اور چاہتے تھے کہ اسلام اور شریعت کو الٹ دیں۔

انساب سمعانی۔ روض المناظر۔ تاریخ طبری۔ تاریخ کامل۔ کتاب الامامۃ والسیاسۃ۔ روضۃ الاحباب۔ روضۃ الصفا وغیرہ میں مرقوم ہے کہ جمل کو جاتے ہوئے عائشہ پر مقام حواب میں کتے بھونکے تو عائشہ کو حدیث رسولؐ یاد آ گئی۔ کہ اے علی میری ایک بیوی تم سے جنگ کرے گی جس کا نشان یہ ہوگا۔ کہ مقام حواب پر اس پر کتے بھونکیں گے اور تو اس وقت باغی ہو گی) عبداللہ بن زبیر نے پچاس اشخاص کو جو باشندہ حواب تھے بطور گواہ پیش کیا جنہوں نے کہا کہ یہ مقام حواب نہیں ہے۔ اور اسلام میں یہ سب سے پہلی جھوٹی گواہی تھی

ترجمہ اسد الغابہ جلد چہارم ص۸۵ پر ہے کہ الولید نے محمد بن قیس سے روایت کی ہے۔ کہ عائشہ کہا کرتی کہ کاش میں بھی گھر میں اسی طرح بیٹھی رہتی جیسے کہ دوسری ازواج رسول بیٹھی رہیں۔ یہ بہتر ہوتا اور حضرت علی علیہ السلام سے برسر پیکار نہ ہوتی۔

بخاری جلد۳ ص۲۴۴ پر ہے کہ وہ عورتیں (عائشہ اور حفصہ) مخزومی عورتیں جنہوں نے ایسا کیا اور گھلتے میں رہی۔ کیا تم سب کو اس کا خوف نہیں کہ خدا اس پر غضبناک ہو بسبب غضب علی اور وہ ہلاک ہو جائے۔ پھر لکھا ہے کہ عمر نے کہا کہ میں نے عائشہ سے کہا کہ اے دختر ابوبکر۔ کیا تیری یہ شان ہو گئی ہے کہ تو رسول اللہؐ کو ایذا دے۔ عائشہ نے کہا کہ ہم کو تجھ سے کیا واسطہ اے پسر خطاب۔ پھر ہم نے حفصہ سے کہا کہ کیا تیری یہ شان ہو گئی ہے کہ تو رسول اللہؐ کو ایذا دے۔ حالانکہ تو خوب جانتی ہے کہ رسول اللہؐ تجھ کو نہیں چاہتے اور اگر میں نہ ہوتا تو رسول اللہؐ تجھ کو طلاق دے دیتے۔

مدارج النبوۃ ص۴۵۵ پر ہے کہ ایک روز آنحضرتؐ نے عائشہ کی دونوں آنکھوں کے درمیان بوسہ دیا اور فرمایا کہ تو مجھ سے اتنی مسرور نہیں ہے جتنا میں تجھ سے مسرور ہوں۔ مدارج النبوۃ ص۴۵۵ پر ہے کہ آنحضرتؐ کو قبل نکاح جبرئیلؑ نے عائشہ کی تصویر لا کر دکھائی اور کہا یہ آپ کی دنیا اور آخرت میں زوجہ ہے

مدارج النبوۃ ص۴۷۵ پر ہے کہ حیی ابن اخطب کی بیٹی صفیہ آنحضرتؐ کے نکاح میں آئی۔ تو

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ایک دن عائشہ بھی چھپ کر اور منہ کو ڈھانپ کر صفیہ کو دیکھنے آئی۔ آنحضرتؐ نے اس کو پہچان لیا اور جب باہر جانے لگی۔ تو حضرتؐ نے اس سے پوچھا کہو صفیہ کو کیسا پایا۔ کہا یہودن ہے۔ اور یہودیوں میں سے بھی ہے۔

روضۃ الاحباب جمال الدین محدثؒ میں ہے کہ آنحضرتؐ نے اسماء بنت نعمان کندی سے عقد کیا جو نہایت شکیلہ تھی۔ عائشہ اور حفصہ نے اسماء کو کہا کہ جب آنحضرتؐ تیرے پاس بغرض مقاربت آئیں تو اس کہنا "اعوذ باللہ منک" چنانچہ اسماء نے ایسا ہی کیا اور آنحضرتؐ نے اس کو طلاق دیدی۔ اور عائشہ اور حفصہ کو کہا کہ تم صواحب یوسف ہو۔

شرح ابن ابی الحدید جلد دوئم ص۵ پر بروایت ابو مخنف لکھا ہے۔ کہ جنگ جمل میں حضرت علی علیہ السلام مقام ذی قار تک پہنچے تو عائشہ نے حفصہ کو خط لکھا کہ اب حضرت علی علیہ السلام ذی قار تک آگئے ہیں اور جب انکو ہمارے لشکر اور جمعیت کی خبر ملی یعنی ہماری جرار اور عظیم التعداد فوج کا علم ہوا۔ تو خوف زدہ ہو کر وہیں ٹھہر گئے۔ اب ان کی مثال کمیت گھوڑے کی سی ہو رہی ہے۔ کہ آگے بڑھتا ہے تو اس کے چاروں پاؤں کاٹے جاتے ہیں اور اگر پیچھے ہٹتا ہے تو ذبح کیا جاتا ہے۔ جب یہ خط حفصہ کو ملا تو اس نے اپنی لونڈیوں کو جمع کیا اور گانے بجانے کا حکم دیا۔

تاریخ کامل ص... میں ہے کہ عائشہ نے ... کو خط لکھا کہ کوئی شخص علیؑ کی امداد نہ کرے بلکہ ان سے قاتلان عثمان کو طلب کرے۔

بخاری کتاب المناقب پارہ پندرھواں ص۵۵ باب التزویج النبی عائشہ احمدی پریس لاہور اور مشکوٰۃ باب مناقب ازواج النبی ص۲۳ پر ہے کہ آنحضرتؐ نے عائشہ سے فرمایا کہ میں نے تم کو دو بار خواب میں دیکھا کہ تو ایک ریشمی کپڑے کے ٹکڑے میں لپٹی ہوئی ہے اور جبرئیلؑ نے کہا یہ تمہاری بیوی ہے۔ جب میں نے کھول کر دیکھا تو اندر تو ہی تھی۔ مشکوٰۃ باب مناقب ازواج النبی فصل ثانی ص۵۷۴ پر ہے کہ جبرئیلؑ آنحضرتؐ کے پاس عائشہ کی تصویر سبز ریشمی کپڑے میں لپٹی ہوئی لائے اور کہا یہ آپ کی بیوی ہے۔ دنیا اور آخرت میں۔

بخاری پارہ دسواں کتاب الہبہ احمدی پریس لاہور ص۳۵ پر ہے۔ کہ رسول اللہؐ کو اس وقت وحی ہوتی جب وہ اور عائشہ ایک کپڑے کے اندر ہوتے۔ مشکوٰۃ ربع دوئم باب تنزیہ الصوم فصل ثانی مطبوعہ امرتسر ص۳ اور زرقانی شرح موطا جلد دوئم ص۹۳ پر ہے کہ آنحضرتؐ عائشہ کے بوسے لیتے اور زبان چوستے حالانکہ روزہ سے ہوتے۔

زرقانی شرح موطا جلد دوئم ص۹۳ پر ہے کہ عائشہ نے اپنے بھتیجے عبداللہ بن عبدالرحمان کو

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کہا کہ تم اپنی بی بی سے بحالت روزہ بوس و کنار کیوں نہیں کرتے ۔ اس نے کہا ۔ کرتا ہوں مسلم ص ۹۳
پر ہے کہ عائشہ نے کہا کہ آنحضرتؐ بحالت روزہ میرے بوسے لیا کرتے ۔ اور بخاری میں ہے کہ ام سلمہ نے
کہا کہ آنحضرتؐ بحالت روزہ میرے بوسے لیا کرتے ۔ اور حفصہ نے کہا کہ آنحضرتؐ بحالت روزہ مجھے بھی بوسے لیتے
تلخیص الصحاح جلد چہارم ص ۳۲۳ ترمذی جلد ا کتاب الصوم باب ما جاء فی ایجاب القضاء علیہ
پر ہے کہ عائشہ نے کہا کہ میں اور حفصہ روزہ سے تھیں کہ کچھ کھانا بطور ہدیہ آیا ۔ ہم دونوں نے کھانا کھا
لیا ۔ اور پھر بحکم رسولؐ روزہ کی قضا کی ۔

مسلم میں ہے کہ عائشہ نے کہا کہ آنحضرتؐ نے فرمایا کہ اے عائشہ جب تو مجھ سے خوش ہوتی ہے
تو کہتی ہے مجھ کو محمدؐ کے رب کی قسم ہے اور جب ناراض ہوتی ہے تو کہتی ہے مجھ کو ابراہیم کے رب کی
قسم ہے ۔ میں نے کہا ناراضگی میں بیشک آپؐ کا نام لینا ترک کر دیتی ہوں ۔

منہاج النبوۃ ترجمہ مدارج النبوۃ جلد اول باب پنجم فضائل رسولؐ ص ۲۹۶ پر ہے کہ یزید بن
معاویہ بن ابو سفیان نے عائشہ سے نکاح کرنا چاہا ۔ لیکن جب سورہ احزاب کی آیۃ لا تنکحوا ازواجہ ابداً
پیش کی گئی تو اس ارادہ سے باز آ گیا ۔

بخاری کتاب النکاح باب القرعۃ بین النساء اذا اراد سفراً میں عائشہ سے منقول ہے کہ آنحضرتؐ
کا معمول تھا کہ جب کبھی سفر کو نکلتے تو اپنی ازواج کے نام قرعہ ڈالتے ۔ چنانچہ ایک سفر میں قرعہ میرے
اور حفصہ کے نام نکلا ۔ اور آنحضرتؐ کی عادت تھی کہ بحالت سفر مجھ سے گفتگو کرتے جاتے ۔ حفصہ کو اس پر
رشک ہوا ۔ پس اس نے مجھ سے کہا کہ تم میرے اونٹ پر اور میں تمہارے اونٹ پر سوار ہو جاتی ہوں اور ایک
تماشا دیکھتے ہیں ۔ (رسول اللہ سے مضحکہ کرتے ہیں) پس آنحضرتؐ حسب عادت میرے اونٹ کے پاس
گئے ۔ اور حفصہ کو سلام کیا (نعوذ باللہ) لیکن جب دیکھا کہ حفصہ ہے تو آپؐ بغیر میری طرف واپس آئے سیدھے
چلے گئے ۔ علی الصبح میں نے اپنے پاؤں اذخر گھاس (جہاں سانپوں کی کثرت ہوتی ہے) میں ڈال
دیئے اور اپنے تئیں کوسنے لگی کہ اے خدا مجھے بچھو کاٹے یا سانپ ڈس جائے تو بہتر ہو تاکہ میں
آنحضرتؐ سے گفتگو نہ کروں ۔

فتح الباری جلد چہارم ص ۱۳۱ پر ہے کہ جب آنحضرتؐ کے قبض روح کا وقت آیا ۔ تو اس وقت
حضرتؐ کا سر عائشہ کے ران پر تھا ۔ ناظرین ! کبھی تو کہا جاتا ہے کہ جب حضرتؐ نے جان دی تو تمام ازواج
پس پردہ سے نکلیں کبھی یہ کہ حضرتؐ اس وقت عائشہ کے سینہ سے چپکے ہوئے تھے ۔ اور رچو تھی مسواک
چبا رہے تھے ۔ دروغ گو را حافظہ نباشد ۔ سینہ سے چپکا نیوالی روایت فتح الباری جلد چہارم ص ۱۰۳ پر ہے ۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بخاری پارہ دوئم باب الصلوٰۃ علی الفراش کتاب الصلوٰۃ ص٣٠٧ اور مترجم بخاری پارہ پنجم ابواب العمل فی الصلوٰۃ باب ما یجوز من العمل فی الصلوٰۃ احمدی پریس لاہور میں ہے۔ کہ جب آنحضرتؐ نماز پڑھتے تو عائشہ قبلہ میں بیٹھ کر پاؤں لمبے کر دیتی اور آنحضرتؐ جب سجدہ کو جاتے اور عائشہ کے پاؤں کو ہاتھ لگاتے تو وہ قدم سمیٹ لیتی۔ پھر جب کھڑے ہوتے تو عائشہ قدم لمبے کر دیتی

مشکوٰۃ باب عشرۃ النساء فصل ثانی ربع دوئم میں ہے کہ آنحضرتؐ اور عائشہ سفر میں مقابلۃً دوڑتے کبھی آنحضرتؐ اور کبھی عائشہ آگے بڑھ جاتی۔ مشکوٰۃ ربع دوئم باب عشرۃ النساء فصل اول ص٢٠٤ پر ہے کہ عائشہ گڑیوں سے کھیلا کرتی۔ اور ص٢١٢ پر ہے کہ گڑیوں میں ایک گھوڑا ہوتا تھا۔ جسکے دو پر ہوتے

ناظرین: اس وقت عائشہ کی عمر سترہ سال سے زیادہ ہے۔ کیونکہ یہ واقعہ ٩ھ بعد واپسی جنگ تبوک کا ہے۔

ابن ماجہ مترجم نواب وقار نواز جنگ جلد ثانی کتاب النکاح باب حسن معاشرت النساء ص٥٢ پر عائشہ سے منقول ہے۔ کہ آنحضرتؐ اور میں مقابلہ میں دوڑے اور میں جیت گئی۔ دوسری روایت میں ہے کہ جب میں فربہ ہوگئی تو آنحضرتؐ دوسری دوڑ میں جیت گئے اور فرمایا۔ اے عائشہ یہ پہلی دوڑ کا بدلہ ہے۔

عائشہ بنت ابوبکر حفصہ بنت عمر کی طرح مکر و فریب میں کامل تھی۔ مگر عداوت اہلبیت اور قساوت قلبی میں اس سے بدرجہا فائق تھی۔ جنگ جمل اس کی سیاہ دلی کا بین ثبوت ہے۔

قرآن اور حدیث دونوں کے رو سے اس کی عیاریاں ثابت ہیں۔ علمائے اہلسنت نے رسول اللہ کی توہین اور اہلبیت علیہم السلام کی تحقیر کا ذریعہ عائشہ کی ناپاک زبان کو حد درجہ دلیری سے بنا رکھا ہے۔

اس نے جناب فاطمۃ الزہراؑ کو ایذا دی۔ امام حسنؑ کے جنازے پر تیر چلوائے۔ اور حضرت علیؑ کی شہادت پر اظہار مسرت کیا اگر یہ دشمن اہلبیت ایام کربلا میں زندہ ہوتی تو ابن زیاد اور شمر کو خلعت فاخرہ انعام میں دیتی اور اگر اسکو معاویہ ضیافت کے بہانہ سے بلوا کر اپنے مکان کے صحن میں زندہ دفن نہ کر دیتا تو ممکن تھا کہ اس کی قبر بھی روضۂ رسولؐ میں ہوتی۔

تاریخیں اور احادیث گواہ ہیں کہ عائشہ کو اہلبیت سے صرف بغض و حسد ہی نہ تھا۔ بلکہ اسکی دلی خواہش تھی کہ اہلبیت اور محبان اہلبیت کا ذکر ان تک صفحہ دنیا سے مٹا دیا جائے۔

عائشہ نے آنحضرتؐ کی ایذا دہی میں بہت دفعہ کوشش کی جناب فاطمہؑ سے اس کو ہمیشہ عناد رہا۔ حضرت علیؑ کے قتل پر آمادہ رہی۔ امام حسنؑ کو دشمن جانتی رہی۔ اور محبان اہلبیت کے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

خلاف شیخین کا بایاں بازو بنی رہی۔

اس وقت جس قدر احادیث مذمت اہلبیت میں ملتی ہیں۔ ان کا اکثر حصہ عائشہ کی زبان سے ہے۔ اور اہلسنت نے عائشہ کو جناب فاطمہؑ پر ہر رنگ میں فوقیت دینے کی سر توڑ کوشش کی ہے ادھر کسی شیعہ نے عائشہ کے خلاف کوئی لفظ منہ سے نکالا۔ ادھر اس پر مصائب کا آسمان ٹوٹ پڑا۔ وزیر آباد کا واقعہ ہے کہ ایک شیعہ نے ایک دفعہ صرف اتنا کہا تھا۔ کہ عائشہ میدان جنگ میں حضرت علیؑ سے لڑنے کے لئے نکلی تھی۔ جبکہ وہ اونٹ پر سوار تھی اور لوگ اس کے ہمرکاب تھے چند جاہل سنی جنہوں نے اس بات کو بہتان خیال کیا۔ اس شیعہ سے دست و گریبان ہو گئے۔

حالات امیر معاویہ

معاویہ بن ابی سفیان مجہول النسب تھا۔ اور خاندان قریش میں سے امیہ تھا۔ ابوسفیان کے ساتھ بطمع زر اس کا نسبی الحاق ہو گیا۔ بہت تھوڑا عرصہ کاتب وحی رہا۔ اس کو عمر بن خطاب نے امیر شام مقرر کیا اور زمانہ عثمان میں بھی امیر شام رہا۔ اس کی مدت حکومت چالیس یا بیالیس سال ہے قریباً بیس سال عمر اور عثمان کے عہد میں امیر شام رہا۔ اور باقی عرصہ شام میں خلیفہ رسولؐ بنا رہا۔ اس کا مرتبہ عداوت اہلبیتؑ میں عمر بن خطاب سے کم نہیں ہے تمام لوگوں سے بڑھا ہوا ہے۔ ثلاثہ اور عائشہ اور دیگر دشمنان اہلبیتؑ کے فضائل و مناقب اور حضرات اہلبیتؑ کے بارہ میں مذمت میں احادیث قریباً تمام کی تمام معاویہ کے عہد کی وضع کردہ ہیں۔ اہلسنت کے بعض علماء اور اکثر جہلا کو اگر اسلامی حالات ایک گورکھ دھندا نظر آتے ہیں۔ تو اس گورکھ دھندا کا موجد صرف معاویہ ہے۔ کہاں یہ گمان کہ ابوبکر کے ذکر خیر کا چرچا ملائکہ مقربین میں ہوتا رہتا ہے۔ اور کہاں یہ حقیقت کہ ابوبکر کے دل میں شرک چیونٹی کی طرح رینگتا رہتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اہلسنت کو ہزار بار کہو کہ معاویہ مجہول النسب۔ شرابخور۔ قاتل اہلبیتؑ اور دشمن رسولؐ تھا۔ مگر انکے کانوں پر جوں تک نہیں رینگتی۔ وہابیوں کو اس سے خاص الفت ہے معاویہ سنہ ۶۰ ہجری میں ۷۸ سال کی عمر میں مر گیا۔

نہایہ مجمع البحار میں قول جناب علی علیہ السلام درج ہے کہ معاویہ شیطان ہے۔ ابن قتیبہ محدث نے بروایت قیس بن سعد عبادہ لکھا ہے کہ معاویہ بت پرست ہے اور بت پرست کا لڑکا ہے۔ زبردستی اسلام لایا یا خوشی سے اسلام سے نکل گیا۔ دشمن خدا ہے اور اس کا گروہ شیطان کا گروہ ہے ابن عساکر کہتا ہے کہ اے معاویہ تو کس قدر اپنے اہل کی نظر میں ذلیل ہے جنہوں نے تیرا نام معویہ

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

رکھا معویہ اس کتیا کو کہتے ہیں جو ہر وقت بھونکتی رہتی ہے ۔ نہج البلاغت میں قول جناب امیر علیہ السلام درج ہے کہ اے معویہ خدا سے ڈر اور شیطان کی پیروی نہ کر مروج الذہب مسعودی میں قول محمد بن ابی بکر درج ہے کہ معاویہ لعین ابن لعین ہے ۔ وہ اور اسکا باپ ہمیشہ رسول اللہ کے درپے آزار رہے اور چاہتے تھے کہ نور خدا کو بجھا دیں ۔ ابن عساکر نے قول ابو ایوب انصاری درج کیا ہے ۔ کہ معاویہ کا گروہ قاسطین ہے جناب امیر علیہ السلام نے فرمایا کہ ہمارا لشکر لشکر خدا ہے اور معاویہ کا لشکر لشکر شیطان ہے ۔ جو شخص ہم میں اور ہمارے دشمنوں میں برابری کا قائل ہو ۔ وہ ہم سے نہیں یعنی خدا کی درگاہ اور رسول کی بارگاہ کا راندہ ہے ۔ بیہقی نے قول ابن عساکر درج کیا ہے کہ معویہ اور اس کے اصحاب قاسطین ہیں ۔

معاویہ کو حضرت علی علیہ السلام سے عداوت کیوں تھی اسکے چند بواعث لکھتا ہوں ۔ پہلا یہ کہ معاویہ ولد الزنا تھا ۔ دوسرا یہ کہ حضرت علی علیہ السلام نے جنگ بدر میں معاویہ کے بھائی حنظلہ اسکے نانا عتبہ ۔ اس کے نانا کے بھائی شیبہ اور اس کے ماموں ولید کو قتل کیا ۔ تیسرا یہ کہ خلافت علی میں معاویہ کا امیر شام رہنا ناممکن تھا ۔ چوتھا یہ کہ عمر بن خطاب اکثر کہا کرتا کہ مسلمانو ۔ مجھے خطرہ ہے ۔ کہ معاویہ بھی خلافت کا خواہشمند نہ ہو ۔ پانچواں یہ کہ خلافت کے خواہاں اولاد علی کو یہاں تک ذلیل کر دیا تھا ۔ کہ ہر ادنے و اعلیٰ ان کی مخالفت پر آمادہ ہو جاتا تھا حسین کا آخری نتیجہ کربلا میں رونما ہوا ۔ چھٹا یہ کہ معاویہ جانتا تھا ۔ کہ اگر خلافت خاندان رسول میں چلی گئی ۔ تو قیامت تک انہیں مخصوص ہو جائیگی اور وہ حاکم اور ہم محکوم ہو جائیں گے ۔

کتاب مثالب ابو المنذر ہشام بن سائب کلبی میں ہے کہ معویہ کی ماں ہند اور نانی حمامہ فاحشہ عورتیں تھیں ۔ ہند کو حبشی غلاموں کی طرف خاص شوق تھا ۔ چنانچہ ہند نے کئی سیاہ رنگ بچے جنے اور زندہ دفن کر دیئے ۔ معاویہ کو چار باپ کی طرف منسوب کیا جاتا ہے ۔ یعنی عمارہ بن ولید اور مسافر بن عمر اور ابو سفیان اور ایک اجنبی شخص

اسمٰعیل نے کتاب مثالب بنی امیہ میں اور شیخ ابو الفتح نے کتاب بہجۃ المستفید میں لکھا ہے ۔ ایک شخص مسمی مسافر بن عمر معاویہ کی ماں ہند پہ عاشق ہو گیا ۔ اور اس سے ہمبستری کی ۔ جب حمل ٹھہر گیا اور ہند کے باپ عتبہ کو اس معاملہ کی اطلاع ہوئی تو مسافر بن عمر جان کے خوف سے ملک حیرہ کو بھاگ گیا ۔ عتبہ نے بے عزتی سے ڈر کر ابو سفیان کو درپردہ بلایا اور کافی مقدار میں مال و منال دے کر ہند کا نکاح ابو سفیان سے کر دیا ۔ نکاح سے تین مہینے بعد معویہ پیدا ہوا ۔

ربیع الابرار علامہ زمخشری میں ہے ۔ کہ ابو سفیان بدشکل تھا ۔ اور اس کا غلام مسمی صباح خوبصورت تھا ۔ اس وجہ سے ہند کو ابو سفیان سے نفرت اور صباح کی طرف رغبت تھی پس صباح کی عنایت

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سے معاویہ کا بھائی عتبہ پیدا ہوگا۔

مستطرف ص۲۳۳ پر ہے کہ ایک دفعہ ہاتھی کے کرتبوں کا تماشہ ہو رہا تھا۔ معاویہ بھی ایک بلند مقام پر تماشہ دیکھنے بیٹھ گیا۔ اتفاقاً اپنے گھر کی طرف نظر کی تو دیکھا کہ کوئی غیر شخص اس کی زوجہ سے پرائیویٹ کارروائی میں مشغول ہے۔ گھر کو گیا اور بھلے مانس کو شانوں سے پکڑ کر کہا۔ اے فلانے تم نے اتنی جرأت کیوں کی ہے۔ بھلے مانس نے دست بستہ عرض کیا۔ آپ کے حلم اور خلق کی وجہ سے یہ دلیری کی ہے۔ معاویہ نے کہا اچھا جا۔ میں نے معاف کیا۔ لیکن اس راز کو پوشیدہ رکھنا۔

حاشیہ مستطرف مسمی بہ ثمرۃ الاوراق ص۲۴۵ پر ہے کہ اسے عتبہ تو کسی کے قتل کی جرأت کیونکر کر سکتا ہے حالانکہ تو نے اس شخص کو دیکھا تھا۔ جو تیری جورو سے تیرے ہی بستر پر بدفعلی کر رہا تھا پس تو نے اس کو قتل ہی نہ کیا (بلکہ اس دیکھنے پر تو نے) اس جورو کو گھر سے بھی نہ نکالا۔

فتح الباری میں ہے کہ سعد بن ربیع انصاری جس سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بعد ہجرت عبدالرحمان بن عوف کا بھائی چارہ کر دیا تھا۔ اس نے اپنی ایک زوجہ عبدالرحمان موصوف کو دینی چاہی تھی لیکن اس نے اس کو قبول نہ کیا۔

تاریخ طبری میں ہے کہ ایک دن ابوسفیان گدھے پر سوار تھا۔ معاویہ اس کو کھینچتا تھا۔ اور اس کا بھائی ہنکاتا تھا۔ آنحضرت نے فرمایا۔ خدا کی لعنت ہو سوار پر اور کھینچنے والے پر اور ہنکانے والے پر۔

تفسیر درمنثور مطبوعہ مصر جلد چہارم ص۱۹۱ پر سورہ بنی اسرائیل ۳ آیہ نمبر ۵۹ "وما جعلنا الرؤیا التی اریناک الا فتنۃ للناس والشجرۃ الملعونۃ فی القرآن" کی تفسیر میں لکھا ہے کہ ابن جریر نے سہیل بن سعد سے اور ابن ابی حاتم نے ابن عمر اور یعلی بن مرہ سے اور ابن مردویہ نے امام حسینؑ اور ابن عباس اور عائشہ سے اور بیہقی اور ابن عساکر نے سعید بن مسیب سے مختلف الفاظ میں روایت کی ہے جنکا خلاصہ یہ ہے کہ یہ خواب ہے جو آنحضرتؐ نے دیکھا۔ کہ بنی امیہ میرے منبر پر اس طرح اچک رہے ہیں جس طرح بندر اچکتے ہیں اس خواب کے بعد آنحضرتؐ غمگین ہوئے اور کبھی خندہ نہ فرمایا اور جس درخت پر لعنت کی گئی ہے۔ وہ مروان بن حکم ہے جو عثمانؓ کا وزیر تھا۔ اور جو اپنی شرارت اور خیانت کی وجہ سے بحکم آنحضرتؐ مدینہ سے نکال دیا گیا تھا۔ اور جسکو اسی واسطے طرید رسولؐ کہا جاتا ہے۔

ابن ابی شیبہ اور ابن عساکر نے ربیع بن انس سے روایت کی ہے کہ شب معراج آنحضرتؐ نے بنی امیہ کو اپنے منبر پر خطبہ پڑھتے دیکھا تو بہت شاق گذرا۔ اس پر سورہ انبیاء آیہ نمبر ۱۱۱ "وان ادری لعلہ فتنۃ لکم ومتاع الی حین" کا نزول ہوا۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

تفسیر درمنثور مطبوعہ مصر صفحہ ۳ جلد چہارم میں سورہ حج آیہ نمبر ۷۸ "وجاھدوا فی اللہ حق جہادہ" کی تفسیر میں لکھا ہے۔ کہ ابن مردویہ نے بروایت عبدالرحمان بن عوف لکھا ہے کہ عمر بن خطاب نے کہا کہ کیا ہم قرآن میں یہ آیت (جیسے تم نے شروع میں جہاد کیا اسی طرح آخر زمانہ میں جیسا حق جہاد کرنے کا ہے خدا کی راہ میں جہاد کرو) نہ پڑھتے تھے۔ میں نے کہا بیشک پڑھتے تھے لیکن وہ زمانہ آخر کب ہوگا عمر نے کہا جس زمانہ میں بنی امیہ حاکم ہونگے اور مغیرہ کی اولاد وزیر ہوگی۔ بیہقی نے بھی روایت بیان لکھی ہے۔ ناظرین! مغیرہ کی اولاد یزید کے زمانہ میں وزیر ہوئی۔ اور جس شخص نے سب سے پہلے یزید کی بیعت کی تحریک کی۔ اور لوگوں سے بیعت کرائی وہ مغیرہ حاکم کوفہ تھا۔ جب چالیس آدمی بیعت کر چکے تو معاویہ نے اس کے بیٹے سے تنہائی میں پوچھا کہ "بکم اشتری ابوک دینھم"۔ یعنی تیرے باپ نے ان لوگوں کا دین کس رقم پر خرید ا ہے۔ وہ بولا چار سو دینار میں (ایک دینار انگریزی سکہ مروجہ حساب سے پانچ روپیہ کا ہوتا ہے۔ اس لئے ہر ایک ایمان فروش کے حصہ میں صرف بیس روپے آئے) مقام غور یہ امر ہے کہ معاویہ اور مغیرہ کا بیٹا خود جانتے ہیں۔ کہ یہ بیعت کفر ہے اور اس آیہ کے مصداق صرف امام حسینؑ اور شہدائے کربلا ہو سکتے ہیں اور کوئی نہیں ہو سکتا۔

صواعق محرقہ ابن حجر آخری حصہ کتاب میں لکھا ہے کہ معویہ امام حسن علیہ السلام سے صلح ہونے کے بعد خلیفہ حق اور امام صدق تھا ترمذی نے ابو عمیرہ صحابی کے بیٹے عبدالرحمان سے روایت کی ہے اور اس روایت کو حسن قرار دیا ہے کہ آنحضرتؐ نے معاویہ کے حق میں فرمایا کہ خداوندا معویہ کو ہدایت کرنے والا اور ہدایت یافتہ بنا۔

صاحب صواعق محرقہ نے مسند امام حنبل اور مصنف ابن ابی شیبہ اور طبرانی کی سند پر کعب الاحبار سے روایت کی ہے۔ کہ معاویہ کے فضائل اور مناقب قرآن سے پہلے آسمانی کتابوں میں لکھے ہیں اور اس کی خلافت پر نص موجود ہے۔

ملا علی قاری نے فقہ اکبر میں شاہ ولی اللہ نے ازالۃ الخفا صفحہ ۹ جلد ۲ میں ابوداؤد اور ابن عساکر اور ابن سعد اور دیلمی نے اور مجدد الف ثانی نے مکتوبات میں اور مولوی جامی نے فضائل معاویہ میں لکھا ہے کہ معاویہ پر بدگمانی تک کرنی حرام ہے۔ کیونکہ وہ خلیفہ حق اور امام صدق تھا۔

علامہ جلال الدین سیوطی نے تاریخ الخلفا میں اور شیخ عبدالقادر نے غنیۃ الطالبین میں لکھا ہے کہ معویہ خلیفہ حق اور ہدایت اور دین حق پر عامل تھا۔

حیوۃ الحیوان علامہ دمیری میں ہے کہ یزید کی ماں کا نام میسونہ تھا۔ جو ایک صحرائی قبیلہ سے تھی۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

چونکہ اس کو معاویہ سے سخت نفرت تھی اس لئے اس کو علیج عنوق (ننگ چھدر اجھیڑا) کہا کرتی۔ ایک دن معاویہ مکان میں داخل ہوا تو وہ معاویہ کی ہجو میں اشعار پڑھ رہی تھی معاویہ کو ناگوار ہوا اور اس کو تین طلاق دیدیں۔ لیکن پھر واپس کر لیں۔ اس سے صحبت کی جس سے وہ حاملہ ہو گئی آثار حمل ظاہر ہوتے پر وہ اپنے میکے چلی گئی۔ اور وہاں یزید پیدا ہوا۔ اور دو برس کے بعد معاویہ اس کو اپنے پاس لے آیا۔

ناظرین! پس معاویہ اور یزید بہ لحاظ نسب ایک ہی تھیلی کے چٹے ہیں۔

ذیل کے حوالے مآثر معاویہ مصنفہ استاد المناظرین مولوی مرزا احمد علی صاحب قبلہ سے نقل کرتا ہوں تفسیر کبیر مطبوعہ مصر جلد پنجم تفسیر درمنثور سیوطی مطبوعہ مصر جلد چہارم ص ۱۹۱ تفسیر کشاف زمخشری مطبوعہ کلکتہ جلد اول ص ۷۷۵ تفسیر نیشاپوری جلد دوم ص ۴۵۹ تفسیر بیضاوی۔ مطبوعہ نولکشور جلد اول ص ۴۶۶ پر ہے۔ کہ شجرۃ الملعونہ سے مراد بنی امیہ ہیں۔

تطہیر الجنان ص ۱۴۳ نصائح کافیہ ص ۱۰۶ پر ہے کہ رسول اللہ نے فرمایا کہ ہمارے سب سے زیادہ دشمن بنی امیہ ہیں۔ فتح الباری ابن حجر عسقلانی جلد پنجم ص ۶۵ پر ہے کہ زمانہ جاہلیت میں فاحشہ عورتوں کی نشانی یہ تھی کہ گھروں میں جھنڈے بلند رکھتیں۔

نصائح کافیہ ص ۱۱۱ پر ہے کہ فاحشہ عورتوں میں سب سے مشہور عورت زرقا تھی۔ اور اس کے گھر میں جھنڈا بلند تھا۔ ثمرۃ الاوراق ص ۱۰۱ اور ابوالفدا ص ... اور ابن شحنہ ص ۱۳۲ اور نشگفتن ارونگ ص ۴۸ پر ہے کہ عمرو عاص کی ماں نابغہ مکہ میں مشہور فاحشہ تھی جب عمرو عاص پیدا ہوا تو اس کا حلیہ ملانے پر عاص کا بیٹا قرار دیا۔

تذکرہ خواص الامہ سبط ابن جوزی ص ۱۱۶ پر ہے کہ معاویہ کی بعض دادیوں میں سے حمامہ جھنڈے والی فاحشہ عورت تھی۔ نصائح کافیہ ص ۱۱۳ پر ہے کہ حسان شاعر نے رسول اللہ کی موجودگی میں اپنے اشعار میں ہندہ کو زانیہ کہا۔ مگر آنحضرت خاموش رہے۔

نصائح کافیہ ص ۱۱۱ پر ہے کہ امیہ شام کو چلا گیا اور مقام صفوریہ میں ٹھہرا اور وہاں ایک شوہردار یہودن لونڈی سے زنا کیا جس سے ابوعمرو پیدا ہوا۔ روض الانف میں بروایت دغفل صحابی اور کتاب اصابہ اور تاریخ کامل جلد سوئم میں ہے کہ امیہ کے بعد ابوعمرو نے اپنی ماں سے نکاح کیا اور مسافر پیدا ہوا۔

آغانی ابوالفرج اصفہانی اور نصائح کافیہ ص ... اور تذکرہ سبط ابن جوزی میں ہے کہ مسافر ہندہ پر عاشق ہو گیا اور ہندہ حاملہ ہوئی۔ جب حمل ظاہر ہوا تو مسافر بخوف جان حیرہ کو بھاگ گیا۔ اور بعد ازاں ہندہ کو ابوسفیان نے اپنے قبضہ میں لیا۔ کلبی کہتا ہے کہ جمہور کی رائے ہے کہ معاویہ اسی مسافر کا بیٹا ہے۔ نصائح کافیہ ص ۱۱۱ پر ہے کہ مثالب ابن السمان میں لکھا ہے کہ ہندہ کے باپ نے اس کا نکاح

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ابوسفیان سے مال کثیر کے وعدہ پر کر دیا۔ اور اس نکاح سے تین ماہ بعد معاویہ پیدا ہوا۔

ربیع الابرار زمخشری میں ہے کہ معاویہ کے چار باپ تھے جن میں صباح بھی تھا۔ یہ صباح خوبصورت گویا تھا اس نے ہندہ سے جماع کیا تو معاویہ کا بھائی عتبہ پیدا ہوا۔ امام شعبی لکھتا ہے کہ آنحضرتؐ نے جب ہندہ مسلمان ہوئی تو فرمایا کہ زنا نہ کرنا۔ ہندہ نے عرض کیا کہ کیا آزاد عورتیں بھی زنا کرتی ہیں؟ یہ سُنکر رسول اللہ عمر بن خطاب کی طرف دیکھ کر مسکرائے۔

نصائح کافیہ صـ۱۴۴ پر ہے کہ ہندہ نے آنحضرتؐ کی والدہ آمنہ کی قبر کھود ڈالنے کا دوسری عورتوں کو حکم دیا۔ روضۃ الشہداء صـ۲۲۳ پر ہے کہ ہندہ نے جبیر بن مطعم کے غلام مسمی وحشی کو کہا کہ اگر تو محمدؐ کو میرے باپ کے قتل کے صلہ میں قتل کر دے تو میں تیری دلی مراد پوری کر دوں چنانچہ اس نے حضرت حمزہؓ کو شہید کیا۔ اور انکا جگر نکال کر ہندہ کے پاس لے گیا ہندہ نے اس کو چبانا چاہا لیکن وہ سخت ہو گیا پھر ہندہ نے چھری سے حضرت حمزہؓ کے ناک کان اور بعض دیگر اعضا کو کاٹ کر اپنے گلے کا ہار بنا لیا۔

حیٰوۃ الحیوان میں ہے کہ ابوسفیان [illegible] بیچا کرتا تھا۔ تاریخ اعثم کوفی صـ۲۲۶ پر ہے کہ ابوسفیان شرابخور تھا حیات القلوب اور ینابیع المودۃ میں ہے کہ ابوسفیان نے بضرورت وقت اور بخوف جان اسلام قبول کیا۔ حیات الحیوان میں ہے کہ معاویہ کی داڑھی کھودی اور [illegible] سبز تھیں۔ تاریخ الخلفا صـ۱۳۲ پر ہے۔ کہ عمر نے معاویہ کا نام عرب کا کسریٰ یعنی کافر بادشاہ رکھا ہوا تھا۔ نصائح کافیہ صـ۱۱۱ اور تاریخ کامل جلد سوئم صـ۱۹۶ پر ہے کہ محمد بن ابوبکر نے معاویہ کو لکھا کہ تو لعین ابن لعین ہے۔ نہج البلاغہ جلد دوئم صـ۱۹ پر ہے کہ حضرت علی علیہ السلام نے معاویہ کو لکھا کہ تم دین اسلام میں طمع اور خوف سے داخل ہوئے پھر صـ۱۳۱ پر ہے۔ کہ تیرا اسلام مجبوری اور کراہت کی وجہ سے ہے۔

تاریخ اعثم کوفی صـ۲۲۵ پر ہے کہ امام حسن علیہ السلام نے فرمایا کہ معاویہ اور ابوسفیان اور معاویہ کا بھائی اور خالو اور چچا سب دشمن رسولؐ ہیں نہ مسلمان تھے اور نہ مسلمان ہیں۔ نصائح کافیہ صـ۸ پر ہے۔ کہ معاویہ بحالت اسلام منافقین کی جائے پناہ ہے اور بحالت جاہلیت زندیق تھا۔ نصائح کافیہ صـ۸ پر اور کتاب الامامت ابن قتیبہ میں ہے کہ معاویہ بت پرست کا بیٹا بت پرست ہے مجبوری اور کراہت سے اسلام لایا۔ اور خوشی سے اس سے نکل گیا۔ تاریخ کامل جلد سوئم صـ۱۰۱ پر ہے کہ معاویہ خود گمراہ اور گمراہ کنندہ اور شیطان ہے۔ اور صـ۱۲۶ پر ہے کہ معاویہ نہ دیندار ہے اور نہ قرآن کا قائل ہے نصائح کافیہ صـ۹۳ پر ہے کہ معاویہ سب سے بڑا کافر اور خبیث ہے۔ تاریخ کامل جلد ششم صـ۲ پر ہے کہ امام حسین علیہ السلام نے معاویہ کی موت پر فرمایا کہ بنی امیہ کا شیطان ہلاک ہو گیا۔ تاریخ اعثم

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کوفی ص۲۵۶ پر ہے کہ معاویہ لوگوں سے کہا کرتا کہ علیؑ ایک بے نماز شخص ہے۔

نصائح کافیہ ص۵۸ اور سیرت محمدیہ ص۵۴۵ پر ہے کہ معاویہ نے حضرت حجر بن عدی کو حضرت علی علیہ السلام پر لعنت کرنے کا حکم دیا جب انہوں نے انکار کیا تو شہید کر دیے گئے۔ اور ایسا ہی عبدالرحمان بن حسان عنبری صحابی کو حضرت علی علیہ السلام کی مدح سرائی کے جرم میں زندہ دفن کر دیا گیا۔

شواہد النبوۃ ملا جامی ص۲۲۸ پر ہے کہ امام حسن علیہ السلام کی زوجہ جعدہ نے معاویہ کے کہنے پر امام حسن علیہ السلام کو زہر سے شہید کر دیا۔ ترجمہ تاریخ اعثم کوفی ص۳۳۵ پر ہے کہ معاویہ نے جعدہ بنت اشعث بن قیس (اشعث ابوبکر کا بہنوئی تھا) کو کہا کہ اگر تو امام حسن علیہ السلام کو زہر سے شہید کر دے تو میں تجھے ایک لاکھ درہم انعام دونگا تیری شادی اپنے بیٹے یزید سے کر دونگا۔ چنانچہ جعدہ نے امام کو زہر سے شہید کر دیا۔

عقد الفرید جلد دوم ص۲۲۵ پر ہے کہ معاویہ نے یزید کو کہا کہ ایک حسینؑ ابن علیؑ ہے جس سے خدا تیری کفالت کریگا یعنی اس کو قتل کر دینا۔ منہاج جلد دوم ص۳۰۱ پر ہے کہ معاویہ نے امام حسینؑ کو کہا کہ اے حسینؑ تجھے مرحبا ہو تیرا خون حلال ہوا ہے اور خدا اس کو بہائیگا۔

مرزا غلام احمد قادیانی نے سر الخلافہ ص۲۳ پر لکھا ہے کہ خلافت کے بارہ میں علیؑ حق پر اور معاویہ بغاوت پر تھا۔ تاریخ کامل جلد سوم ص۱۹۰ پر ہے کہ عمرو ابن عاص نے معاویہ کو کہا کہ ہم تو تیرے ساتھ اس دنیا کیلئے ہیں۔

تاریخ اعثم ص۲۳۳ پر ہے کہ ابوہریرہ اور ابودرداء نے کہا کہ معاویہ بے دین اور دنیا طلب ہے۔ مرقاۃ ملا علی قاری میں ہے کہ شہادت عمار کو دیکھ کر معاویہ پر واجب تھا کہ بغاوت چھوڑ دیتا۔

شیخ صادق مولوی نظام دین۔ فتاوے عزیزیہ ص۲۲۳ روضۃ الندیہ ص۲۲۷ لعقیدۃ الایمان میں ہے کہ معاویہ حضرت علی علیہ السلام کے خلاف جنگ کرنے میں مجتہد نہیں ہو سکتا۔ تصریح الفقیہ میں ہے کہ جس نے علیؑ کو اذیت دی، وہ قیامت کے دن یہودی یا نصرانی اٹھیگا۔ ملل و النحل ص۲۷ پر ہے کہ امام پر خروج کرنیوالا خارجی ہے۔

مشکوٰۃ ص۵۶۴ ینابیع ص۵۵ روضۃ الندیہ ص۷۶ پر ہے کہ علیؑ سے بغض رکھنے والا اور جنگ کرنیوالا کافر و منافق و جہنمی ہے۔

تاریخ کامل جلد سوم ص۱۳۳ پر ہے کہ معاویہ دعائے قنوت میں علیؑ، حسنؑ، حسینؑ، ابن عباس، مالک اشتر کو گالیاں نکالتا۔

عقد الفرید جلد سوم ص۱۱ پر ہے کہ معاویہ لوگوں سے اس بات پر بیعت لیتا کہ حضرت علی علیہ السلام پر لعنت کریں۔ ینابیع المودۃ ص۲۶ پر ہے کہ معاویہ نے سعد بن وقاص کو کہا کہ تو حضرت علیؑ پر سب کیوں نہیں

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کرتا یعنی حضرت علیؑ کو گالیاں کیوں نہیں دیتا مستطرف ص۲۷ پر ہے کہ معاویہ نے حضرت عقیلؓ کو کہا کہ منبر پر چڑھ کر حضرت علی علیہ السلام پر لعنت کرو۔

نصائح کافیہ ص۸۷ پر ہے کہ معاویہ نے کہا اے اللہ۔ علیؑ نے تیرے دین میں الحاد کیا۔ براہین قاطعہ ص۲۰۶ اور شرح ابن الحدید جلد چہارم میں ہے کہ معاویہ نے شام اور عراق وغیرہ میں حکم دیا کہ علیؑ پر سب کی جائے۔ تاریخ الخلفاء ص۱۲۶ پر ہے کہ تمام منبروں اور مسجدوں میں یہ رسم جاری رہی۔

تاریخ مسعودی ص۱۱ پر ہے کہ مدرسہ میں بچوں کو اس رسم کی تعلیم دی جاتی۔ نصائح کافیہ ص۸۶ پر ہے کہ لوگ کہتے ہیں کہ جب تک علیؑ پر سب نہ کی جائے۔ نماز جمع ہی صحیح نہیں۔ چنانچہ جب عمر بن عبدالعزیز نے اس رسم کی ممانعت کی تو مسجد کے اطراف سے یہ آواز بلند ہوئی کہ اے امیر المومنین (معاویہ) آج تیری سنت ترک کر دی گئی۔

منہاج میں ہے کہ جب معاویہ نے علیؑ پر سب کرنا شروع کیا تو اس سال کا نام عام السنۃ رکھا۔ تاریخ الخلفاء ص۱۳۲ پر ہے کہ جب امام حسنؑ نے خلافت چھوڑ دی تو اس سال کا نام عام الجماعت رکھا پھر دونوں ناموں کو ملا کر یہ لوگ اہلسنت والجماعت کہلانے لگے۔

نصائح کافیہ ص۱۵۴ پر ہے کہ معاویہ نے خطبہ میں کہا جو شرطیں میں نے امام حسن علیہ السلام سے کی ہیں میرے قدموں کے نیچے ہیں۔ ناظرین! پہلی شرط یہ تھی کہ قرآن اور سنت رسولؐ پر عمل کروں گا۔ دوسری یہ تھی کہ اپنے بعد کسی کو اپنا ولی عہد نہ بناؤں گا۔ تیسری یہ تھی کہ اہلبیت محمدؐ پر سب نہیں کروں گا وغیرہ۔

نصائح کافیہ ص۱۶۳ پر ہے کہ بستان المحدثین میں بہ سند امام نسائی و موضوعات امام شوکانی اور لآلی مصنوعہ سیوطی میں بہ سند علامہ اسحاق بن ابراہیم حنظلی تطہیر الجنان اور موضوعات کبیر ملا علی قاری ص۲۵ پر اور فتح الباری میں بہ سند علامہ ابن راہویہ اور مدارج النبوۃ اور فوائد المجموعہ علامہ شوکانی میں ہے کہ معاویہ کے حق میں کوئی حدیث فضیلت وارد نہیں سوائے اس کے کہ آنحضرتؐ نے اس کے حق میں فرمایا "لا اشبع اللہ بطنہ" خدا اس کا پیٹ نہ بھرے۔

"تاریخ طبری اور شرح ابن ابی الحدید میں ہے کہ فرمایا رسول اللہؐ نے کہ معاویہ کی موت اسلام پر نہ ہوگی۔ اور وہ طبقہ جہنم میں ایک آتشیں تابوت میں ہوگا جہاں وہ "حنان یا منان" کہہ کر چلائے گا۔

ناظرین! معاویہ کی فضیلت میں کہا جاتا ہے کہ وہ کاتب وحی تھا۔ نصائح کافیہ ص۱۰ پر ہے کہ کتابت وحی کی حدیث دربارہ معاویہ صحیح نہیں۔ اور اگر بالفرض کاتب وحی مان لیا جائے تو اس میں کوئی فضیلت نہیں کیونکہ عبداللہ بن ابی سرح بھی کاتب وحی تھا۔ جو مرتد ہو گیا۔ اور اس کے حق میں یہ آیت

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نازل ہوئی۔ ومن اظلم ممن افتریٰ علی اللہ کذباً او قال اوحی الی ولم یوح الیہ شیئ اور یہ بھی وہ عذاب ہوا۔ اور اسی طرح عبداللہ بن خطل بھی کاتب وحی تھا جو مرتد ہو گیا اور فتح مکہ کے دن اسکو قتل کیا گیا۔

نصائح کافیہ ص۱۷۱ پر ہے کہ اگر معاویہ نے چند دن کتابت کی ہو تو کیا ہوا کیونکہ وہ اپنی ایڑیوں پر الٹ پھر گیا یعنی کافر ہو گیا۔ مروج الذہب علامہ مسعودی برحاشیہ کامل جلد ۵ ص۱۱ پر ہے کہ ان جاہلوں کی جہالت اور بیوقوفی پر غور کرو کہ رسول اللہ پر ۲۳ برس وحی آتی رہی جس کو صحابہ لکھتے رہے اور معاویہ نے بھی کچھ عرصہ کتابت کی تو ان جاہلوں نے اتنا فروغ دیا کہ اس کو کاتب وحی بنا دیا۔

خواجہ حسن نظامی نے کتاب طمانچہ بر رخسار یزید ص۱۳۳ پر لکھا ہے کہ یزید بن معاویہ اپنی ماں مرجانہ پر عاشق ہو گیا۔ ایک دن دو گھنٹہ تک مرجانہ کے پاس بیٹھا رہا۔ دونوں شراب میں مخمور اور بوس و کنار میں مشغول تھے کہ یکایک معاویہ آ گیا اور ان کو ایسی حالت میں دیکھتا رہا۔

ثمرۃ الاوراق ص۴۵ اور تطہیر الجنان ص۱۲۱ پر ہے کہ رسول اللہ نے اور تاریخ کامل جلد سوم ص۱۳۳ پر ہے کہ حضرت علی علیہ السلام نے اور مستطرف ص۱۲۱ پر ہے کہ امام حسن علیہ السلام نے اور ص۱۴۳ پر ہے کہ عائشہ نے اور ص۱۵۵ پر ہے کہ ابن عباس نے اور ص۲ پر ہے کہ محمد بن ابوبکر نے اور تاریخ کامل جلد سوم ص۱۹۶ پر ہے کہ سمرہ بن جندب صحابی نے اور ص۲۴ پر ہے کہ عقیل اور احنف بن قیس نے اور تاریخ طبری جلد سوم ص۱۶۲ پر ہے کہ خلیفہ معتضد باللہ عباسی نے اور تاریخ کامل جلد چہارم ص۶۰ پر ہے کہ امام حسین علیہ السلام نے معاویہ بن ابوسفیان پر لعنت کی۔

فردوس الاخبار میں ہے کہ فرمایا رسول اللہ نے کہ اے علی تم سے بغض رکھتا ہو عرب سے مگر حرامزادہ اور عجم سے مگر شقی اور عورتوں سے مگر سلقلقیہ یعنی وہ عورت جس کو حیض پر [illegible] آوے۔

تاریخ الخلفاء ص۱۹۹ تاریخ خمیس جلد دوم ص۲۵۳ تاریخ امام واقدی میں ہے کہ معاویہ حضرت علی علیہ السلام پر لعنت کیا کرتا تھا۔ اور دوسروں کو لعنت کرنے کی ترغیب دیتا۔

روضۃ الصفا میں ہے کہ حضرت خواجہ اویس قرنی حضرت علی علیہ السلام کی طرف سے لڑ کر جنگ صفین میں شہید ہوئے۔

کتاب اختصاص میں یحییٰ بن طویل سے روایت ہے کہ میں مکہ کے سفر میں امام زین العابدین کے ہمراہ تھا۔ اثنائے راہ میں ایک وادی تھی جس میں ایک شخص آگ کی زنجیروں میں جکڑا دیکھا گیا۔ اور پیاس کی شدت سے جاں بلب ہے۔ امام عابد نے فرمایا کہ یہ معاویہ ہے اور قیامت تک اسی حالت میں رہیگا۔ جناب امیر علیہ السلام نے فرمایا کہ زمانہ نے ہم کو ایسا گھٹایا کہ لوگ کہنے لگے کہ معاویہ اور علیؑ یعنی معاویہ کے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نام کو تقدیم و تکمیل اور نیز ختم کر دیا گیا حالانکہ دو ناموں کا باہم ختم کرنا یا تقدم و تاخر کرنا ہم جنسوں میں ہوا کرتا ہے۔

تذکرہ خواص الامہ سبط ابن جوزی ص۱۱۶ پر ہے کہ معاویہ کی دادی حمامہ تھی۔ جس کے ہاں زنا کا جھنڈا تھا۔ اور وہ رنڈی تھی۔

مستطرف شیخ شہاب الدین ابشیہی ص۱۲۱ پر ہے کہ معاویہ کی دادی کا نام (جس نے رایت زنا بلند کیا ہوا تھا) قہلہ تھا بعض محققین نے زرقا لکھا ہے۔ لیکن عقد الفرید میں لکھا ہے کہ جناب امیر علیہ السلام اپنے فرامین میں معاویہ ابن ہند لکھتے تھے۔ ناظرین یہ خوب یاد رہے کہ ہر ایک زانیہ رایت زنا بلند نہ کر سکتی جب تک اس کو تمام قوم کی طرف سے اس کام کی اجازت (لائسنس) نہ ملتی۔

تذکرہ خواص الامہ مطبوعہ طہران ص۱۱۹ پر ہے کہ اصمعی کہتا ہے کہ امام حسن علیہ السلام نے عمرو عاص کو بازاری فاحشہ عورت کا بچہ کہا۔ امام کے اس قول کی شرح میں محمد بن اسحاق صاحب مغازی نے لکھا ہے۔ کہ مروان کی ماں کا نام امیہ تھا۔ اس کے ہاں مثل سبط امیت زنا بلند تھا جس سے وہ زمانہ جاہلیت میں پہچانی جاتی تھی۔ اور وہ ام حنبل الزرقا یعنی نیلی آنکھ والی ام حنبل کے پتہ سے مشہور تھی اور مروان کا باپ نہیں پہچانا گیا کہ کون تھا۔ اور مروان کا نسب حکم سے ایسا ہی ہے جیسا عمرو کا عاص بن وائل سے یعنی جس طرح عمرو عاص کا ولد الحرام ہونا یقینی ہے اسی طرح مروان بھی ولد الحرام تھا۔

ناظرین! صعبہ بنت حضرمی نے رایت زنا بلند کیا ہوا تھا۔ یہ حضرمی وہ شخص ہے۔ جو خلافت ابوبکر میں امیر بحرین بنایا گیا تھا۔ طلحہ بن عبید اللہ جو عشرہ مبشرہ سے ہے اور جو قتل عثمان میں ہو ابکیل میں شریک تھا۔ اور جو عائشہ کے ساتھ مکہ سے بصرہ تک جنگ جمل میں رہا۔ اسی صعبہ کے بطن سے تھا آغانی مطبوعہ بیروت جلد اول ص۹ اور تاریخ کامل ابن اثیر جزری جلد ۴ ص۱۲ پر ہے کہ عبد اللہ بن فضالہ شاعر نے عبد اللہ بن زبیر کو ابن الکاہلیہ لکھا ہے۔ اور ابن زبیر کو بھی اپنے نصب میں کاہلیہ کے ہونے سے کافی شین اور شرمندگی تھی۔ بعد امام حسین علیہ السلام کی شہادت کے بعد جب ابن زبیر مکہ میں خلیفہ بنا دیا گیا اور اس نے حضرت عبد اللہ ابن عباس اور محمد حنفیہ کو انکار بیعت پر کنوئیں میں قید کر دیا۔ اور ان مقبول حضرات کو مار ڈالنے کی تجویز کی اور اس (پر درد) سانحہ کی اطلاع مختار ثقفی کو دی گئی۔ تو مختار نے بھی ابن زبیر کو الکاہلیہ کہا تھا۔ پس بالبداہت پایا گیا کہ کاہلیہ فاحشہ عورت تھی۔

تاریخ الرسل والملوک یعنی تاریخ کبیر طبری میں ہے کہ سعد ابن ابی وقاص نے ابن مسعود کو لونڈی بچہ کہا جس پر ابن مسعود نے اس کو ابن حمنیہ کہا پس سعد کی ماں حمنیہ بھی بازاری فاحشہ عورت تھی خلاصۃ التفاسیر مولوی فتح اللہ نائب شاگرد مولوی عبد الحی لکھنوی جلد سوم سورہ نور ص۲۹ پر ہے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کہ ایک صحابی نے ام جہدل سے اس شرط پر نکاح کیا کہ وہ (دوران نکاح میں) زناکرتی رہے گی۔ لیکن جب آنحضرت صلعم کو خبر ہوئی تو یہ شرط موقوف کردی۔ یہی قصہ ام جہدل فتح الباری جلد پنجم ص۶۵ پر بھی موجود ہے۔

ملا علی قاری نے شرح فقہ اکبر میں علامہ سیوطی نے تاریخ الخلفاء میں۔ شاہ ولی اللہ نے ازالۃ الخفا میں لکھا ہے کہ معاویہ منجملہ دعاۃ خلفاء سے ہے۔ مگر یہی ملا علی قاری مرقاۃ شرح مشکوٰۃ میں معاویہ اور طرفداران معاویہ کا قول درج کرتا ہے "نحن فئۃ الباغیۃ طالب الدم العثمان"

"تاریخ الاوائل ص۵۰ پر ہے کہ معاویہ بن ابوسفیان کا اسکے خطبہ میں گوز نکل گیا۔ تو اس نے کہا کہ خدا کا شکر ہے کہ اس نے خروج ریح کو باعث راحت بنایا۔ لیکن سامعین نے یہ سن کر کہا کہ منبر رسولؐ پر گوز کا نکل جانا امر قبیح ہے۔

نصائح کافیہ علامہ ابوبکر بن عبدالرحمان ص۷۲ پر ہے۔ کہ معاویہ نے سنہ ۴۱ھ کے بعد ایک پروانہ جاری کیا۔ کہ ہم اس شخص سے بری الذمہ ہیں۔ جو حضرت علی علیہ السلام یا اہلبیت محمدؐ کی تعریف بیان کرے۔ یعنی ایسے شخص کا خون جائز ہوگا۔

نصائح کافیہ ص۷۲ پر ہے کہ معاویہ نے دوسرا پروانہ جاری کیا کہ جس کی بابت تحقیقات سے ثابت ہو جائے کہ وہ حضرت علی علیہ السلام اور اس کے اہلبیت کو دوست رکھتا ہے اس کا نام دیوان سے کاٹ دو۔ اور جو روزینہ یا وظیفہ اس کا مقرر ہو اس کو بند کر دو پھر تیسرا رقعہ جاری کیا کہ اگر کسی شخص پر تہمت بھی لگائی جائے یعنی غلط طور پر بلا ثبوت بھی بیان کیا جائے کہ وہ حضرت علیؑ اور اہلبیت محمدؐ کو دوست رکھتا ہے۔ تو اس کو سزا دو اور اس کا گھر گرا دو۔

نصائح کافیہ ص۷۳ پر ہے کہ معاویہ نے مغیرہ حاکم کوفہ کو لکھا۔ کہ ہم دیگر امور میں تیری رائے پر اعتماد کرتے ہیں اور کچھ نہیں کہتے۔ مگر اتنا سمجھانا ضروری ہے کہ علیؑ کو گالیاں دینا کبھی نہ چھوڑنا۔ اور عثمان بن عفان پر ہمیشہ دعائے رحمت بھیجنا اور اصحاب علیؑ کی مذمت کرنا اور جہاں تک ہو سکے انکو اپنے پاس سے نکال دینا اور دوستان عثمان کی تعریف کرنا اور انکو اپنا مقرب بنانا۔ مغیرہ نے جواب میں کہا کہ ہم کو پیشتر از یں اس بات کا تجربہ حاصل ہے اور خود بھی تجربہ کر چکے ہیں اور تمہارے سوائے یعنی پہلے جو خلیفہ ہو چکے ہیں ہم ان کے لئے بھی (انکو خوش کرنے کے لئے) یہی کام کرتے رہے ہیں جس سے وہ سب خوش تھے یعنی عمر اور عثمان کے عہد حکومت میں بھی ہم علیؑ اور اہلبیت محمدؐ کو گالیاں نکالتے رہے ہیں۔ ناظرین مغیرہ کو عمر بن خطاب نے کوفے کا حاکم مقرر کیا تھا ایک دفعہ عمر کے پاس آکر اصحاب رسولؐ نے شکایت

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کی کہ مغیرہ حاکم کوفہ (حضرت) علی (علیہ السلام) اور اہلبیت محمدؐ کی سب اور مذمت کرتا ہے۔ عمرو نے اس شکایت پر کوئی نوٹس نہ لیا۔ بلکہ الٹا ان کو سزا دی۔ حالانکہ شکایت کرنے والے اور اس شکایت کی سچائی پر شہادت دینے والے اصحاب رسولؐ تھے۔ نیز اسی مغیرہ نے ایک روز معاویہ کے دربار میں کہا کہ آنحضرتؐ نے جو فاطمہؑ کا نکاح علیؑ سے کر دیا تھا۔ اس وجہ سے نہیں کیا تھا کہ آنحضرتؐ علیؑ سے راضی تھے۔ بلکہ یہ ان احسانات کا عوض تھا جو ابوطالب نے آنحضرتؐ پر کیے تھے۔ اسی طرح معاویہ نے مروان بن الحکم کو حاکم مدینہ مقرر کیا۔ جو ہر جمعہ حضرت علی علیہ السلام پر لعنت کیا کرتا تھا مروان کی اس حرکت کی وجہ سے امام حسنؑ مسجد میں نہ آتے۔ ایک دن مروان نے امام حسن علیہ السلام کو گالیوں سے بھرا ہوا خط لکھا کہ اے حسنؑ تمہاری مثال تو خچر کی ہے کہ جب اس سے پوچھا جاتا ہے کہ تیرا باپ کون ہے تو کہتا ہے میری ماں گھوڑی ہے۔

نصائح کافیہ میں ہے کہ حضرت حجر بن عدی کو جو شیعیان جناب امیر علیہ السلام سے تھے اور صحابی رسولؐ تھے معاویہ نے محض اس جرم پر قتل کرا دیا کہ وہ شیعہ علیؑ تھے جس پر عائشہ روئی اور معاویہ سے کہا۔ کہو تو ہم تجھے اس کے عوض میں قتل کر ڈالیں۔

نصائح کافیہ ص۶۶ پر ہے کہ صیفی بن فسیل شیبانی سے زیاد نے جناب امیر علیہ السلام کے بارے میں سوال کیا۔ تو اس نے جناب امیر علیہ السلام کی بہت تعریف کی۔ اس پر زیاد نے صیفی کو اس قدر مارا کہ وہ زمین پر گر گیا۔ زیاد نے وہی سوال کیا تو صیفی نے کہا اگر تو ہماری بوٹی بوٹی بھی کاٹ دیگا۔ تو ہم وہی کہیں گے جو کہہ چکے ہیں۔ اس بات پر وہ قید کر دیا گیا۔

نصائح کافیہ ص۶۵ پر ہے کہ علامہ ذہبی کہتا ہے کہ زیاد ملعون نے رشید ہجری کو صرف اس وجہ سے قتل کیا کہ وہ شیعہ تھا۔ زیاد نے پہلے رشید کی زبان کاٹ ڈالی اور پھر سولی پر چڑھایا۔

نصائح کافیہ ص۷۲ پر ہے کہ علامہ سیوطی لکھتا ہے کہ زمانہ بنی امیہ میں ستر ہزار منبر ایسے تھے جن پر جناب امیر علیہ السلام پر لعنت کی جاتی تھی۔ کیونکہ معویہ اس بدعت کو جاری کر گیا تھا۔

نصائح کافیہ ص۸۲ پر ہے کہ سعید نے حجاج سے کہا کہ عبدالملک نے ہمارے قبیلہ کو ہدینیں کہا حجاج نے کہا بیشک یہ بڑی فضیلت ہے۔ پھر سعید نے کہا کہ ہمارے قبیلہ کے ستر آدمی جنگ صفین میں معویہ کی طرف تھے (حضرت) علیؑ کیساتھ ہمارا صرف ایک آدمی شریک ہوا تھا۔ جو نہایت غیر معروف تھا۔ حجاج نے کہا کہ یہ بھی بیشک منقبت ہے۔ پھر سعید نے کہا کہ ہمارے قبیلہ کی عورتوں نے نذر مانی تھی کہ اگر امام حسینؑ شہید ہونگے تو ہم گیارہ گیارہ اونٹ نحر کرینگے۔ چنانچہ سب عورتوں نے اس نذر کو پورا کیا۔ حجاج نے کہا کہ یہ بھی بڑی بزرگی کی بات ہے۔ پھر سعید نے کہا کہ جب ہمارے خاندان سے کہا گیا کہ علیؑ پر لعنت کرو

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کرو تو سب نے بڑی خوشی سے اس بات کو قبول کیا۔ بلکہ ہم نے امام حسنؑ اور امام حسینؑ اور (حضرت) فاطمہؑ پر لعنت کی۔ حجاج نے کہا کہ بیشک یہ بھی ایک فضیلت ہے۔

بے مثل نیکیوں میں جنہیں کبریا کہے　　　مجلس میں تو انہیں سرِ منبر بُرا کہے

امیر خان ترکمان حاکم خراسان نے سید امیر غیاث الدین بن سید یوسف ہروی رازی علامہ امامیہ کو بے جرم و خطا محض شیعہ ہونے کی وجہ سے شہید کر دیا۔

مجالس المومنین میں ہے کہ منصور نے بہت سے سیدوں اور علویوں کو قتل کیا اور جامع منصور کے نیچے جو بغداد میں ہے بہت سے بنی فاطمہؑ کو زندہ دفن کر دیا۔ واضح ہو کہ قتل سادات جاسوسوں کے ذریعہ سے عمل میں آتا تھا اور ہر آبادی میں جاسوسوں کی کثرت تھی جس شخص پر بھی شبہ ہوتا کہ اولاد علیؑ سے یا آل محمدؐ کا مداح ہے اسے بے دریغ تہ تیغ کیا جاتا اور جو شخص ایسے آدمی کو پناہ دیتا وہ بھی قتل کیا جاتا وغیرہ وغیرہ۔

ابن بابویہ نے بہ سند شیخ عبداللہ نیشاپوری لکھا ہے کہ حمید بن عطیہ طوسی نے اس سے بیان کیا کہ میں ایک دن ہارون رشید کے پاس گیا اس نے مجھے اپنے غلام کے ساتھ ایک مکان میں بھیجا جس کے صحن میں ایک کنواں تھا اور تین کوٹھریاں تھیں ہر کوٹھری میں بیس بیس بنی فاطمہؑ قید تھے پھر ہارون رشید نے ان ساٹھ سیدوں کو ایک ہی دن میں قتل کر دیا اور ان کو کنوئیں میں ڈلوا دیا۔ ناظرین! یہی عمل ہر دور میں جاری رہا تھا اسی پر سنی لوگ کہیں بھلا بھلا کر کہتے ہیں کہ عدالت مآب امیر المومنین حضرت ہارون رشید رحمۃ اللہ علیہ۔

تاریخ الخلفاء ص ۲۲۳ پر ہے کہ ۲۳۶ھ میں متوکل نے حکم دیا کہ امام حسینؑ کی قبر کو منہدم کر دیا جائے اور اس کے ارد گرد کے مکان گرا دیئے جائیں۔ اور وہاں زراعت کی جائے۔ زیارت سے لوگوں کو روکا جائے اس ظلم کا نتیجہ یہ ہوا کہ ۲۳۶ھ میں ہی بمقام عسقلان ایسی آگ پیدا ہوئی جس نے تمام مکانات کو جلا دیا۔

۲۳۸ھ میں رومیوں نے شہر دمیاط کو لوٹ لیا جس میں چھ سو عورتیں مسلمانوں کی قید ہوئیں۔ اور مرد دریا میں کود کر غرق ہو گئے۔

۲۴۰ھ میں آسمان سے نہایت ہولناک آواز سنائی دی جس سے بہت سے مسلمان ہلاک ہو گئے

۲۴۱ھ میں ہزاروں ستارے ٹوٹ ٹوٹ کر زمین پر گرتے معلوم ہوئے۔

۲۴۲ھ میں ایسا شدید زلزلہ آیا کہ پہاڑ ٹکڑے ٹکڑے ہو گئے۔ زمین میں جا بجا گڑھے پڑ گئے شہر سویدہ واقع مصر پر آسمان سے پتھر برسے اور حلب میں ایک پرندہ ظاہر ہوا۔ جس نے چالیس دفعہ کہا۔ (اتقوا اللہ اتقوا اللہ) یعنی خدا سے ڈرو خدا سے ڈرو۔

۲۴۵ھ میں زلزلہ نے تمام دنیا کو گھیر لیا جس سے بہت سے شہر بہت سے قلعے اور بہت سے پل

Contact : jabir.abbas@yahoo.com　　http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

خراب ہو گئے پہاڑ ٹوٹ کر دریا میں گر پڑا۔ آسمان پر صدائے مہیب آنے لگیں مصر میں بھی سخت زلزلہ آیا۔ اہل بلبیس نے مصر کی طرف سے ایسی دہشتناک آوازیں سنیں۔ کہ بہت سے لوگ ہلاک ہو گئے اور مکہ کے چشمے بہنے سے رک گئے۔

تاریخ الخلفاء ۲۴۴ھ میں ہے کہ مہدی باللہ نے رؤسا (شیعہ رؤسا) کی ایک جماعت کو زدوکوب کیا اور جعفر بن محمود کو صرف شیعہ ہونے کی وجہ سے بغداد کی طرف جلاوطن کر دیا۔ ناظرین! خلیفہ متوکل باللہ جس نے قبر امام حسین علیہ السلام کو منہدم کرا کے ہل چلوایا تھا۔ خود نہایت ذلت سے ہلاک ہوا اور اسکی زوجہ فاحشہ ہو گئی۔ اور اس کا بیٹا ہلاک کر دیا گیا۔

تاریخ وصاف، مورخ فاضل ادیب فضل اللہ شیرازی میں ہے کہ مستعصم باللہ عباسی خاندان کے خلیفۃ المسلمین تھا اس کے بیٹے ابوبکر کے حکم سے محلہ کرخ کے شیعان علی کو تہ تیغ کیا گیا۔ ان کے گھروں کو لوٹ لیا گیا ان کی عورتوں کو قیدی بنایا گیا۔ پھر ان کے گھروں کو گرا کر زمین کے ساتھ ہموار کر دیا گیا۔ یہ تمام حالات مورخ موصوف نے اپنی آنکھوں سے دیکھ کر لکھے ہیں۔

۷۴۳ھ میں سلطان طاہر حنفی نے ایک حکمنامہ شیخ الحرام فارس کے نام بھیجا کہ شیعوں کے جنازے مسجدوں سے روک دیئے جائیں۔

ایک دفعہ ایک شخص نے خلیفہ حجاج کے روبرو کہا۔ کہ میرے والدین نے مجھ پر سخت ظلم کیا ہے کہ میرا نام علی رکھا ہے۔

ایک سیاح کا گذر شام کے ملک میں ہوا۔ وہاں کسی کا نام بھی اہلبیت کے نام پر نہ سنا اتفاقاً ایک مقام پر سنا۔ کہ دو لڑکوں کے نام حسنؑ اور حسینؑ ہیں۔ وجہ پوچھی تو معلوم ہوا کہ ان کے والد نے یہ نام صرف امام حسن اور امام حسین کو گالیاں دینے کو رکھے ہیں۔

ایک دن خلیفہ متوکل دربار میں بیٹھا تھا اس کے دو بیٹے کھیلتے کھیلتے دربار میں داخل ہوئے حضرت ابو یوسف یعقوب بن اسحاق معروف بہ ابن سکیت نحوی شیعہ اثنا عشری وہاں تشریف رکھتے تھے متوکل نے کہا دیکھو حسن اور حسین آ گئے ہیں حضرت ابو یوسف یعقوب نے فرمایا کہ یہ حضرت امیر علی علیہ السلام کے غلام قنبر سے بھی ادنے ہیں متوکل نے آپ کی زبان گدی سے نکلوا دی۔

اسی متوکل کا وزیر فتح بن خاقان تھا۔ اس نے روضۂ امام حسین علیہ السلام کو گرا دینا چاہا تھا محمد ابو عبداللہ اثنا عشری دمشق میں قیام فرماتے تھے۔ آپ علم فقہ میں بہت کامل تھے اہلسنت کے قاضی دمشق مسمی ابن جماع نے شام کے حاکم بیدمر کو مشورہ دیا۔ کہ محمد ابو عبداللہ شیعہ اثنا عشری ہیں

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

انکو قتل کر دینا واجب ہے۔ چنانچہ سید مرنے سے پہلے تو آپ کو سولی دی پھر آپ کی نعش کو جلا دیا۔

شاہ جہان کے بیٹے اورنگ زیب نے شیعوں پر کفار کی طرح جزیہ لگا دیا۔ علامہ شوستری جہانگیر کے زمانہ میں اہلسنت کے علماء کے فتویٰ پر اس بنا پر شہید کر دیئے گئے کہ آپ محب اہلبیتؑ تھے۔

کابل کے امیر عبدالرحمان نے افغانستان کے تمام شیعوں کو صرف اس بنا پر جلا وطن کر دیا۔ کہ وہ شیعہ کیوں ہیں۔

رقعات عالمگیری میں لکھا ہے کہ ایک شخص نے اورنگ زیب کے روبرو ایک خنجر آبدار پیش کیا عالمگیر کو اس کی ساخت اور وضع پسند آئی اور تعریف کی۔ اس شخص نے عرض کیا کہ اس میں ظاہری خوبصورتی کے علاوہ باطنی وصف بھی ہے یعنی میں نے اس کا نام رافضی کش رکھا ہے۔ اورنگ زیب نے کہا بہت خوب ایسی دو چار تلواریں ہمارے اسلاح خانہ میں رکھی جاویں۔

علامہ سیوطی نے تاریخ الخلفاء ص۲۳۳ پر لکھا ہے کہ متوکل نے حضرت قبر حسینؑ کو گرا کر ہموار زمین کر دیا تھا بلکہ اہلبیت رسولؐ پر سب و شتم کرنے میں مشہور تھا۔ پھر ص۲۳۶ پر ہے کہ علمائے اہلسنت کہتے ہیں کہ خلیفہ صرف تین ہوئے ہیں ابوبکر کہ جنہوں نے اہل ردہ کو قتل کیا۔ عمر بن عبدالعزیز کہ جنہوں نے رد مظالم کیا اور متوکل کہ جس نے سنت کو زندہ کیا یعنی عداوت اہلبیتؑ اور دشمنان اہلبیتؑ میں یاران آفاق پر سبقت لے گیا ہے

حیات الحیوان جلد اول ص۱۵۹ و جلد دوم ص۵ اور تاریخ ابن خلکان میں ہے۔ کہ عبدالملک نے بیت المقدس میں قبۃ الصخرہ تعمیر کرایا جہاں لوگ حج کر لیا کرتے۔

ترجمہ تمدن اسلام جلد دوم میں علامہ جرجی زیدان نے بحوالہ تاریخ طبری و یعقوبی جلد سوم ص۱۹۵ پر ہے کہ خلیفہ منصور عباسی نے لوگوں کے حج کے لئے ملک عراق میں ایک عمارت قبۃ الخضر تعمیر کرائی اور خانہ کعبہ کی عزت کم کر دی پھر ص۳۹ پر بحوالہ مقریزی ص۲۲ پر لکھا ہے کہ معتصم عباسی نے شہر سامرہ آباد کر کے وہاں خانہ کعبہ کی شبیہ کھڑی جس کے گرد لوگ طواف کیا کرتے تھے اور وہاں منیٰ اور عرفات کے ناموں سے چند مقامات کو نامزد کیا۔

روضۃ الصفا میں ہے۔ کہ ایک دفعہ معاویہ نے صف لشکر سے نکلکر مقابل طلب کیا۔ جناب امیر علیہ السلام کے لشکر سے سعید بن قیس نیزہ اٹھائے معاویہ پر لپکا۔ اس کے بدن میں تھر تھری پڑ گئی اور اپنے خیمہ کی طرف فوراً بھاگ گیا۔ اور وہاں پہنچتے ہی اس کو تین دست آئے۔

تاریخ کامل جلد سوم ص۹۵ پر ہے کہ طرفداران عثمان (اہلسنت) کا نام عثمانیہ تھا۔ تاریخ ابوالفدا ص۱۸۱ پر ہے کہ یہ لوگ معتزلہ کہلاتے تھے۔ تاریخ الخلفاء ص۱۳۳ پر ہے کہ جب امام حسنؑ اور معاویہ میں صلح ہو گئی۔ تو

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اس سال کا نام جماعت رکھا گیا کیونکہ تمام امت کا اجماع ہوا۔ منہاج التحقیق یحییٰ ابن الحسن القرشی میں ہے کہ جب حضرت علی علیہ السلام کو گالیاں دینے کا آغاز ہوا تو نام سنت رکھا گیا۔ کتاب ابانہ علامہ ابن بطہ میں ہے کہ جب امام حسین علیہ السلام کا سر مبارک دمشق میں داخل ہوا تو اس سنہ کا نام اہلسنت والجماعت رکھا گیا۔

شیعہ عالم حضرت علی رحمۃ اللہ نے کشف الحق میں کتب عامہ سے روایت کی ہے کہ ایک دن اروی بنت حارث معاویہ سے ملی اور کہا اے معاویہ تو نے کفران نعمت محمد اور اہلبیت محمد کی مخالفت کیا اسی لئے خداوند عالم نے تیرے خاندان بنی امیہ کو قرآن پاک میں شجرہ ملعونہ فرمایا ہے۔ پہلے ثلاثہ نے ہمارے حقوق چھینے اور بعد ازاں تو بھی انکے نقش قدم پر چلا۔ کیا تجھ کو وہ دن بھول گیا ہے جب کہ ابوبکر اور عمر شیخین کے ظلموں سے گھبرا کر حضرت علی علیہ السلام گریاں و نالاں روضہ رسول پر گئے اور فرمایا "یا ابن ام ان القوم استضعفونی وکادوا یقتلوننی" یعنی اے میرے ماں جائے قوم نے مجھ کو ضعیف کر دیا ہے اور قریب تھا کہ مجھ کو قتل کر دیتے۔ یہی آیہ مبارکہ حضرت ہارون نے بنی اسرائیل کے گوسالہ پرستوں کے حق میں فرمائی تھی۔)

امام جعفر صادق سے منقول ہے کہ کفر کے دو بازو ہیں بنی امیہ اور بنی مہلب۔ جہنم کے سات طبقوں میں سے گرم ترین طبقہ بنی امیہ کے لئے مخصوص ہے جو گوسفندوں کی طرح ابدالآباد تک نیچے اوپر کرتا رہیگا۔ حضرت علی علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپ نے آنحضرت کو خواب میں دیکھا اور میں نے اپنی مصیبتوں کا ذکر آنحضرت سے کیا۔ حضرت نے فرمایا اے علی نظر کر پس میں نے دیکھا کہ معاویہ اور عمر عاص جہنم میں الٹے لٹکے ہوئے ہیں اور جہنم کے فرشتے ان سے سوال کرتے ہیں کہ تم دونوں نے علی ابن ابیطالب کی ولایت سے کیوں انکار کیا۔ عبداللہ بن عمر سے منقول ہے کہ معاویہ ایک تابوت میں جہنم کے سب سے نچلے حصہ میں جل رہا ہے اور اگر فرعون "انا ربکم الاعلیٰ" نہ کہتا تو معاویہ سے نچلا درجہ میں کوئی شخص نہ ہوتا۔

مروج الذہب مسعودی جلد ۲ ص۵۵ تاریخ طبری فارسی [illegible] ابو الفداء جلد اول میں معاویہ کے مظالم کی تفصیل مرقوم ہے جس کا ضروری خلاصہ یہ ہے کہ معاویہ نے بیشمار شیعان علی کو محض محبت علی کے جرم میں سولی پر چڑھایا۔ کان کاٹ دئے زبانیں نکلوا دیں۔ ہاتھ کٹوائے گئے جلا وطن کئے گئے۔ انکے گھر مسمار کر دئے گئے۔ کنوؤں میں دھکیل دئے گئے۔ پہاڑ پر سے گرائے گئے۔ زندہ جلائے گئے قتل کئے گئے۔ انکے اہل و عیال کو تہ تیغ کیا گیا۔ وغیرہ۔

تاریخ الخلفا میں ہے کہ حضرت علی علیہ السلام دانتوں سے اپنی انگلیاں کاٹتے اور فرماتے اعصی ویطاع معاویۃ یعنی افسوس میری نافرمانی ہو اور معاویہ کی فرمانبرداری کی جائے۔ شرح ابن ابی الحدید میں ہے کہ معاویہ کا پیٹ اتنا بڑھا ہوا تھا کہ بیٹھتے وقت رانوں پر آ پڑتا۔ نیز یہ کھانے سے سیر نہ ہوتا۔ کھاتے کھاتے پشت کے بل لیٹ جاتا اور پھر اٹھ کر کھانا شروع کر دیتا۔ حتیٰ کہ خدمتگار کھانا اٹھا لیتے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

قرۃ العینین شاہ ولی اللہؒ میں ہے کہ معاویہ عمر بن خطاب کی پوری پوری پیروی کرتا اور استیصال اہلبیت میں عمر کے نقش قدم پر چلتا۔ شرح ابن ابی الحدید جلد چہارم ص۱۹۵ پر ہے کہ معاویہ نے ابوہریرہ و عمرو عاص وغیرہ و عروہ بن زبیر کو جھوٹی احادیث بنانے پر مامور کیا۔

محاضرات امام راغب اصفہانی میں ہے کہ جب معاویہ مر گیا تو اس کے گلے میں صلیب کا ویزہ لٹکا تھا۔
تاریخ الخلفاء ص۱۳۵ پر ہے کہ معاویہ چالیس سال حکومت کر کے (معاویہ کو عمر نے امیر شام مقرر کیا اور عثمان کے عہد میں بھی امیر شام رہا اور حضرت علی علیہ السلام کے عہد میں اور نیز حضرت کی شہادت کے بعد بادشاہ کی طرح عوام الناس میں خلیفہ رسولؐ کہلاتا)، ۷۷ سال کی عمر میں سنہ ۶۰ھ میں فوت ہو گیا۔

روضۃ الصفا میں ہے کہ معاویہ مرض الموت میں خواب میں پریشان دیکھتا پیاس کی شدت سے بار بار پانی مانگتا۔ کبھی ہوش میں آتا اور کبھی غش کر جاتا اور کہتا اے علیؑ آپ کو مجھ سے کیا کام اے کاش میں آپ کی مخالفت نہ کرتا۔

حافظ ابو نعیم نے حلیۃ الاولیاء میں لکھا ہے کہ رسول اللہؐ نے فرمایا۔ کہ "نبأ العظیم" سے مراد حضرت علی علیہ السلام کی خلافت اور دوستی ہے۔ اور کوئی شخص نہیں مرتا مشرق یا مغرب میں۔ خشکی یا تری میں کہ اس سے علیؑ کی خلافت اور دوستی کا سوال نہ کیا جائے۔

بدعات معاویہ

تاریخ الخلفاء سیوطی ص۱۳۶ پر ہے کہ امام شعبی کہتا ہے کہ سب سے پہلے جس نے بیٹھ کر خطبہ پڑھا وہ معویہ ہے جبکہ اس کی چربی زیادہ ہو گئی اور توند بہت نکل آیا۔ امام زہری کہتا ہے کہ سب سے پہلے جس نے نماز عید میں خطبہ کو مقدم کیا وہ معویہ ہے اور سب سے پہلے جس نے بروز عید اذان دلوائی وہ معویہ ہے۔ اور جس نے نماز میں تکبیر کو کم کیا وہ معویہ ہے مراد اس سے نماز جنازہ ہے۔ اصل میں پانچ تکبیر کا حکم تھا۔ مگر معویہ نے چار تکبیریں کر دیں۔

مروج الذہب علامہ مسعودی ص۱۹۸ بر حاشیہ کامل جلد ۹ پر ہے کہ جب حضرت علی علیہ السلام پر لعنت کرنے کی رسم بد بدعت مٹائی گئی تو اہل حران نے اس حکم کی اطاعت سے انکار کر دیا۔ اور کہا کہ بغیر لعن ابو تراب کے نماز باطل ہے۔ مؤرخ ہوگر موجودہ سنیوں سے تو مامون رشید اور معتضد باللہ عباسی ہی بہتر ہیں جنہوں نے لعن معاویہ کا حکم صادر کیا۔ اور معز الدولہ تو ان سے بدرجہا بہتر ہے۔ جس نے بروز عاشورہ دوکانیں بند کر دیں اور گریہ و زاری کرنے کا حکم دیا۔ مورخ کامل کہتا ہے کہ معز الدولہ کے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

حکم کی پوری پوری تعمیل کی گئی۔ کیونکہ اس وقت شیعہ حضرات کی جا بجا کثرت اور غلبہ تھا۔

کنز الانساب میں بروایت ابوالعباس سہل سعدی لکھا ہے کہ میں حوالی دمشق کے ایک موضع میں تجارت کیلئے گیا۔ دیکھا کہ وہاں کے لوگ خوشیاں مناتے اور ڈھول بجاتے ہیں۔ میں نے پوچھا آج یوم عید ہے کسی نے کہا اہل عراق نے امام حسینؑ کا سر بطور تحفہ یزید کے پاس بھیجا ہے اور شام کے لوگ اظہار انبساط کرتے ہیں

بدعات ثلاثہ تو ناظرین پڑھ چکے ہیں۔ اب بدعات معاویہ بھی ملاحظہ ہوں۔ تاریخ الخلفاء علامہ سیوطی میں ہے کہ معاویہ پہلا شخص ہے جس نے خطبہ بیٹھ کر پڑھا۔ (۲) عیدین کے لئے اذان مقرر کی (۳) خانہ کعبہ کو برہنہ کیا یعنی اس کی پوشش اتروائی۔ (۴) مسجد میں مقصورہ بنوایا جس میں امام پوشیدہ رہے اور اس پر قاتلانہ حملہ نہ ہو سکے۔ (۵) نماز جنازہ میں پانچ تکبیروں کے بجائے چار تکبیریں کر دیں (۶) بیعت یزید میں حلف لیا (۷) خواجہ سراؤں کو گھروں میں داخل کیا۔ (۸) خطبہ عیدین کو نماز عیدین پر مقدم کیا (۹) زیاد کو فرزندان ابوسفیان میں داخل کیا حالانکہ زیاد ولد الحرام تھا۔ (۱۰) حدود شرع کو ساقط کر دیا (۱۱) اوقات نماز کو بدل دیا۔ (۱۲) بسم اللہ کو بالجہر پڑھنے سے روک دیا۔ (۱۳) بحالت احرام عطر لگانے کا حکم دیا

یہ چند بدعات مشتے نمونہ از خروارے ہیں ورنہ بدعات معاویہ سینکڑوں ہیں۔ اس پر بھی معاویہ کو امیر معاویہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ کہا جاتا ہے۔ مقام تعجب ہے۔

اہلسنت کی کتاب مناقب صفحہ ۳۶۵ پر ہے کہ ابو ہاشم نے بیان کیا۔ کہ امام حسن عسکریؑ نے فرمایا کہ جب قائم آل محمدؐ کا ظہور ہوگا تو مسجدوں کے مینار اور مقصورے منہدم کروا دیئے جائیں گے۔ راوی کہتا ہے کہ ہمارے دل میں شک ہوا کہ ایسا کیوں کیا جائے گا۔ تو حضرت نے فرمایا یہ دو نو امور بدعت ہیں نہ نبیؐ نے (مینار اور مقصورہ) بنایا اور نہ کسی حجت خدا نے۔

معاویہ کی (۱۳) بدعات پہلے لکھ چکا ہوں۔ چند اور بیان کرتا ہوں۔ نصائح کافیہ صفحہ ۹۳ پر ہے کہ چند لوگوں نے معاویہ کو یا رسول اللہ کہہ کر سلام کیا۔ مگر اس نے منع نہ کیا۔ یزید کو اپنا جانشین بنایا۔ ریشمی لباس پہننا اور سونے چاندی کے برتن استعمال کرتا تھا۔ مال فے کو اپنے تصرف میں لاتا۔ متعہ الحج بند کیا۔ اس کے سامنے رسول اللہ کو برا بھلا کہا جاتا۔ مگر یہ منع نہ کرتا۔ بہ مطلب برآری میں حلال و حرام کی تمیز نہ کرتا۔ اس نے شہدائے احد کی قبریں کھدوائیں۔ نماز ہاتھ باندھ کر پڑھی۔ فضائل ثلاثہ اور مذمت اہلبیتؑ میں انعام و اکرام دے کر دیگر احادیث کا انبار لگا دیا۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

معاویہ کے کارنامے اور یزید

تاریخ کامل جلد سوئم ص۳۱ پر ہے کہ سنہ ۳۰ھ میں معاویہ نے حضرت ابوذر کو شام سے مدینہ کی طرف جلاوطن کیا۔ معویہ نے ان کو گالیاں دیں قتل کی دھمکی دی۔ شام سے مدینہ تک ایسے اونٹ پر سوار کر کے روانہ کیا جس پر کسی قسم کا محمل یا کجاوہ اور فرش نہ تھا۔ پھر مدینہ سے نہایت ذلت و خواری سے جلاوطن کئے گئے (مدینہ سے ربذہ کی طرف حضرت ابوذرؓ کو عثمان نے جلاوطن کیا تھا) جس کا ذکر نا بھی جائز نہیں اور اگر جائز ہو تو چاہئے کہ عثمان کی طرف سے معذرت کریں۔ (یعنی عثمان کی یہ حرکت نہایت احمقانہ تھی کہ خلیفہ کو رعیت کی ایسی سزا کا حق حاصل ہے اس کے علاوہ جو ہو سکے عذر کرو مگر یہ ان کو ذریعہ طعن نہ بنائیں (یعنی عثمان ضرور مورد لعن وطعن ہے)

نصائح الکافیہ ابن عقیل میں ہے کہ معاویہ خطبہ کے آخر میں کہا کرتا تھا۔ بار الہا۔ بہ تحقیق ابوتراب نے الحاد کیا تیرے دین میں اور روکا تیرے راستہ سے۔ پس لعنت کر تو اس پر سخت لعنت اور عذاب کر تو اس پر سخت عذاب اور تمام مملکت میں لکھ بھیجا کہ یہی کلمہ کہا کرو حتی کہ عمر ابن عبدالعزیز نے اس رسم کو سنہ ۹۹ھ میں موقوف کیا۔ نسائی میں ہے فرمایا آنحضرتؐ نے کہ علیؑ کا دوست مومن اور علیؑ کا دشمن منافق ہے۔ (اب مولف بتاتا ہے کہ نسائی کس پایہ کا عالم تھا۔ اور یہ کہ بخاری اور مسلم دونوں سے اعلم تھا۔ ابوعلی نیشاپوری کہتا ہے کہ نسائی آئمہ مسلمین میں سے تھا۔ وہ امام ہے۔ علامہ مافعہ چار آدمی ائمہ حدیث سے ہیں محمد بن اسحاق۔ ابراہیم بن ابیطالب نسائی اور عبدان۔ ابوالحسن بن مظفر کہتا ہے کہ ہمارے تمام مشائخ مصر نسائی کی امامت اور تقدم کے قائل ہیں۔ مزید یہ کہ نسائی عبادت حج اور جہاد میں قابل توصیف تھے۔ سنن ماثورہ کی اقامت کرتے اور مجالس سلطان سے پرہیز کرنے ہی انکا داب تھا۔ یہاں تک کہ شہید ہوئے امام حاکم کہتا ہے کہ علی بن عمر حافظ کو چند مرتبہ یہ کہتے سنا کہ نسائی فقیہ ترین اپنے زمانہ کے مشائخ سے اور سب سے زیادہ صحیح و سقیم کے عارف ہیں۔ جب وہ اس درجہ تک پہنچے لوگوں نے حسد کیا۔ اور وہ رملہ کی طرف چلے گئے۔ وہاں لوگوں نے انسے معویہ کے بارہ میں دریافت کیا۔ وہ خاموش رہے جس پر سب نے انکو مسجد میں زدوکوب کیا۔ انہوں نے کہا ہم کو مکے لے چلو۔ وہیں انہوں نے مقتول ہو کر وفات پائی۔ طبقات شافعیہ سبکی جلد دوئم ص۸۳ طبقات شافعیہ ابوبکر الصدی۔ طبقات الحافظ ذہبی شرح حولسبب لدنیہ مقالید الاسانید میں ہے کہ امام نسائی زیادہ حافظ تھے نسبت مسلم کے طبقات شافعیہ امام سبکی جلد ۴ ص۳۸ پر ہے کہ ابن طاہر مقدسی نے سعد بن علی زنجانی سے ایک راوی کا حال

Presented by: Rana Jabir Abbas

پوچھا۔ سعد نے کہا وہ ثقہ راوی ہے ابن طاہر نے کہا مگر نسائی نے اسکو ضعیف قرار دیا ہے۔ سعد نے کہا نسائی کے شرائط رجال میں زیادہ سخت ہیں بہ نسبت شرائط بخاری اور مسلم کے تدریب الراوی علامہ سیوطی ص۳۳ پر ہے کہ ابن طاہر نے کہا کہ بخاری اور مسلم کی شرط یہ ہے کہ ایسی حدیثیں روایت کریں جنکے رجال کے موثق ہونے پر اصحاب اجماع ہو۔ عراقی نے کہا یہ ٹھیک نہیں کیونکہ نسائی نے بہت سے ایسے راویوں کو ضعیف قرار دیا ہے۔ بستان المحدثین شاہ عبد العزیز ص۱۱۱ پر ہے کہ نسائی مناقب مرتضوی لکھ چکا اور اسنے چاہا کہ ان مناقبوں کو جامع دمشق میں جا پڑھکر سنائے تاکہ وہاں کے لوگ جو بنی امیہ کی سلطنت کے تادیر رہنے کیوجہ سے ناصبی (خارجی) ہو چکے تھے۔ ہدایت پاویں۔ ابھی کچھ حصہ پڑھا تھا کہ کسی نے کہا مناقب معاویہ میں بھی کچھ ارشاد فرمایئے نسائی نے کہا اسکے مناقب میں لا اشبع اللہ بطنہ حدیث رسول ہی کافی ہے۔ لوگوں نے انکو لاتوں سے کوٹ کوٹ کے بہت زخمی کر دیا۔ نسائی کی خواہش کے مطابق اسکو مکہ میں لے گئے جہاں یہ شنگل کے دن ۱۳ صفر ۳۰۳ھ فوت ہو کر صفا اور مروہ کے درمیان مدفون ہوئے۔

تاریخ مروج الذہب بر حاشیہ تاریخ کامل جلد ۵ ص۱۰۳ پر ہے کہ اہل شام اس درجہ تک معاویہ کے مطیع تھے کہ معاویہ نے جنگ صفین کی راہ میں چہار شنبہ کو نماز جمعہ پڑھ دی۔ صحابہ اور غیر صحابہ نے کچھ اعتراض نہ کیا۔

نصائح کافیہ ص۶۹ اور صارم مسلول ابن تیمیہ ص۱ پر ہے کہ ایک یہودی نے دربار معاویہ میں کہا۔ کہ آنحضرت نے ابن اشرف سے غدر (بغاوت) کیا۔ معاویہ چپ رہا جس پر محمد بن مسلمہ انصاری نے کہا کہ اے معاویہ تیرے سامنے رسول اللہ پر غدر کا الزام لگایا جاتا ہے اور تو خاموش بیٹھا ہے۔ تاریخ کامل جلد سوم ص۱۵۷ پر ہے کہ معاویہ نماز کی قنوت میں حضرت علی اور ابن عباس اور امام حسن اور امام حسین اور مالک اشتر پر لعنت کیا کرتا تھا۔ نصائح کافیہ ص۱۹ پر لکھا ہے کہ سعد بن ابی وقاص کے مرنے کے بعد معاویہ نے اپنے تمام حکام کو لکھ بھیجا کہ تمام منبروں پر حضرت علی علیہ السلام پر لعنت کی جائے چنانچہ سب نے اس حکم کی تعمیل کی۔ ص۷۲ پر معاویہ کے کئی فرمان درج ہیں جو حکام سلطنت کو تاکیداً بھیجے گئے۔ یعنی اس شخص کا خون مباح ہے جو فضیلت علیؑ میں کوئی بات کہے۔ شیعان علیؑ کی گواہی نامعتبر جانو۔ مداحان عثمان کی قدر افزائی کرو۔ اور چونکہ فضیلت عثمان میں احادیث کا انبار لگ گیا ہے اب ابوبکر و عمر کی فضیلت کی احادیث بناؤ۔ جس شخص کی نسبت گمان ہو کہ شیعہ ہے اس کا نام دیوان سے کاٹ دو۔ اور اس کا سالانہ بند کر دو۔ اور اس پر عذاب کرو۔ اور اس کا گھر جلا دو۔

عقد الفرید جلد اول ص۱۹ پر ہے کہ معاویہ بیعت لیتے وقت یہ شرط پیش کرتا۔ کہ علیؑ سے تبرا کیا کریں۔ نصائح ص۸ پر ہے کہ کسی نے معاویہ سے کہا کہ اے امیر المومنین۔ اب تو تم اپنی ہر ایک آرزو میں کامیاب ہو۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

چکے ہو۔ اب اس مرد (حضرت علی علیہ السلام) سے تم باز آجاتے تو اچھا ہوتا۔ معاویہ نے کہا۔ جب تک بچے اس طریقہ پر پرورش نہ پائیں اور بڑے لوگ اس عقیدہ پر بوڑھے نہ ہو جائیں حتیٰ کہ کوئی شخص فضیلت علیؑ کا ذکر کرنے والا نہ رہے۔ خدا کی قسم اس حرکت سے باز نہ آؤنگا۔

تاریخ کامل جلد سوم ص۱۹۵ پر ہے کہ جب معاویہ یزید کو اپنا جانشین بنانے کی کوشش میں سرگرداں پھر رہا تھا معاویہ سب سے اول امام حسین علیہ السلام کو ملا حضرتؑ کو دیکھ کر معاویہ نے کہا تم کو مرحبا ہو۔ نہ اہل و سہل تو قربانی کا دنبہ ہے جس کا خون جوش کر رہا ہے۔ خدا کی قسم یہ خون گرایا جائیگا۔ امام حسینؑ نے فرمایا چپ رہو ہم ایسی باتیں نہیں سننا چاہتے۔ معاویہ نے کہا۔ بلکہ تم اس سے بڑے کلام کے مستحق ہو۔

پھر لکھتا ہے کہ معاویہ عبداللہ ابن عبدالرحمان بن ابوبکر کو ملا تو اس سے معاویہ نے کہا کہ یہ ایک فاتر العقل شیخ ہے اور حکم دیا کہ اس کی سواری کے جانور کو ماریں ایسا ہی برتاؤ ابن عمر کے ساتھ کیا گیا یہاں تک کہ معاویہ مدینہ پہنچا۔ بعض اہل مدینہ اس کی بدسلوکی کی وجہ سے مکہ بھاگ گئے۔ مگر معاویہ نے وہاں خطبہ میں یزید کی تعریف و توصیف کے پل باندھے اور کہا یزید سے بڑھ کر کون مستحق خلافت ہو سکتا ہے میں جانتا ہوں کہ یہ لوگ خلافت یزید میں راضی نہیں ہونگے جب ان پر طلب نہ پڑیں اور بیعت و نابود نہ کر دیئے جائیں۔

پھر لکھتا ہے معاویہ مدینہ سے فارغ ہو کر مکہ آیا جہاں امام حسن علیہ السلام عبداللہ بن زبیر اور عبداللہ بن عمر وغیرہ سب جمع تھے۔ معاویہ نے کہا کہ یزید تم لوگوں کا بھائی اور ابن عم ہے۔ میری صرف یہ خواہش ہے کہ برائے نام اس کو خلیفہ بنا دو لیکن کل امور سلطنت اپنے ہاتھ میں رکھو۔ عبداللہ بن زبیر نے کہا۔ اگر سیرت رسولؐ کو اختیار کرو۔ تو آنحضرتؐ نے کسی اپنا خلیفہ مقرر نہیں کیا۔ اگر سیرت ابوبکر کو اختیار کرو۔ تو اس نے اپنے بیٹے کو مقرر نہیں کیا۔ اگر سیرت عمرؓ کو اختیار کرو۔ تو اس نے چھ آدمیوں میں خلافت کو چھوڑ دیا۔ یہ سنکر معاویہ نے خبر لیس کو حکم دیا۔ کہ ان لوگوں میں سے ہر ایک کے سر پر دو آدمی ننگی تلواریں لیے ہوئے کھڑے کر دو۔ اور خود منبر پر چڑھ کر یوں گویا ہوا۔ ایہا الناس۔ یہ لوگ (معاویہ نے امام حسنؑ۔ عبداللہ بن زبیر وغیرہ کی طرف اشارہ کیا) مسلمانوں کے سردار ہیں۔ جنکی صلاح و مشورہ کے بغیر کوئی کام نہیں ہو سکتا ان سب نے برضا و رغبت یزید کی بیعت کر لی ہے اب تم بھی خدا کا نام لیکر یزید کی بیعت کرو۔ سب لوگوں نے بیعت کر لی کیونکہ وہ صرف امام حسنؑ اور عبداللہ بن زبیر کی بیعت کے منتظر تھے اس کے بعد معاویہ مدینہ کو گیا۔ اور وہاں تمام لوگوں سے یزید کی بیعت لی۔

جب اہل مکہ نے عبداللہ بن زبیر وغیرہ سے تذکرہ بیعت کیا۔ تو انہوں نے کہا کہ ہم نے واللہ ہرگز بیعت یزید نہیں کی۔ مگر ہم کیا کرتے جبکہ ہمارے سروں پر ننگی تلواریں تھیں۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نصائح کافیہ میں لکھا ہے کہ ابوالحسن مدائنی نے اپنی کتاب احداث میں لکھا ہے کہ معاویہ نے بعد سال جماعت (معاویہ نے ان لوگوں کے مجمع کا نام اہلسنت والجماعت قرار دیا تھا جو اہلبیت رسولؐ کے جانی دشمن تھے) اپنے عمال کو لکھا کہ جو شخص ابوتراب کی فضیلت بیان کرے تو ہم اس سے اور اسکے اہل و عیال سے بری الذمہ ہیں یعنی ان تمام کا خون مباح ہے پس خطیب خواں ممبروں پر کھڑے ہوتے اور علیؑ پر لعن کرتے اور ان کی اور ان کی اہلبیت کی مذمت کرتے۔ زیادہ تر مبتلائے بلا اہل کوفہ ہوئے کیونکہ یہاں شیعوں کی کثرت تھی پس معاویہ نے زیاد بن سمیہ کو حاکم کوفہ مقرر کیا جس نے شیعہ لوگوں کو ہر رنگ کے طور سے نکالا اور قتل کیا کیونکہ یہ ان تمام کو پہچانتا تھا۔ بعض کے ہاتھ پاؤں کاٹ ڈالے اندھا کر دیا۔ خرما کی شاخوں پر سولی دیا۔ جلا وطن کیا۔ حتیٰ کہ عراق میں ان میں سے مشہور شیعہ کوئی نہ چھوڑا۔ پھر معاویہ نے تمام سلطنت کے عاملوں کو لکھا۔ کہ جو شخص عثمانؓ کے فضائل میں روایت و احادیث بیان کرے اس کا نام مع ولدیت و خاندان لکھ کر میرے پاس بھیجو۔ پس عثمان کے فضائل کی کثرت اور افراط ہو گئی۔ اور فضائل روایت کرنے والوں کو انعام و اکرام سے مالا مال کر دیا گیا۔ اسی طرح پھر ابوبکر اور عمر کے فضائل کی روایات کا انبار لگ گیا۔ اور ایسی روایات فضیلت وضع کی گئیں جن کی کچھ بھی اصل نہ تھی۔ پھر یہ روایات فضیلت ثلاثہ ممبروں پر بیان کی جاتیں۔ بچوں کو علما کے درس میں لکھ کر داخل کر دیا گیا۔ بچے انکو قرآن کی طرح ازبر کرتے اور لڑکیوں اور عورتوں کو گھروں میں تعلیم دی جاتی۔ لونڈیوں و غلاموں کو زبانی یاد کرائی جاتیں پھر معاویہ نے ایک حکم نامہ تمام مملکت میں نافذ کیا کہ جو شخص علیؑ اور اولاد علیؑ کو دوست رکھتا ہو اسکا نام دیوان عطا سے کاٹ دو اور اسکا رزق وظیفہ بند کر دو۔ پھر ایک اور حکم نامہ نافذ کیا کہ جس پر محبت علیؑ کی تہمت لگائی جائے اسکو عقوبت کرو اور اسکے گھر کو مسمار کر دو۔ اس تشدد کا نتیجہ یہ ہوا کہ شیعہ لوگ اپنا عقیدہ اپنے خادم اور غلام دوست سے بھی نہ کہتے ان لوگوں یعنی جاہلوں اور ناصبیوں اور درباریوں نے بغرض جاگیر و انعام رسول اللہ پر بہت سے افترا اور بہتان باندھے اور جھوٹی احادیث وضع کیں یہاں تک کہ بعد آنے والے لوگوں نے ان احادیث کو سچا تسلیم کر لیا۔ بہ تحقیق اگر وہ جانتے کہ یہ کذب و باطل ہے تو کبھی ان احادیث کو بیان نہ کرتے تا اینکہ معاویہ نے امام حسن علیہ السلام کو ۵۰ھ میں شہید کروا دیا

اہلسنت کے علامہ سید محمد بن اسمٰعیل صلاح امیر کحلانی ثم صنعانی نے روضۃ ندیہ ص ۱۵۵ پر لکھا ہے کہ ابوجعفر نے کہا کہ یہ روایت صحیح طور پر ثابت ہے کہ بنی امیہ نے فضائل امیرؑ کے اظہار کو روک دیا تھا۔ اور جو بھی فضائل امیر کرتا اس پر عتاب کیا جاتا۔ یہاں تک کہ جناب امیرؑ کا نام تک بھی کوئی نہ لے سکتا۔ بلکہ ضرورتاً؟ ابو زید کہتا ہے یہی حالت بنی عباسیہ میں بھی قائم رہی خصوصاً زمانہ متوکل ملعون میں جس کی عداوت جناب امیر علیہ السلام سے یہاں تک بڑھی ہوئی تھی۔ کہ اس نے امام حسین علیہ السلام کی قبر کو منہدم

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کرا دیا۔ اور اس پر پانی جاری کیا۔

نصائح کافیہ ص۲۳ پر ہے کہ ابن عرفہ معروف بہ امام ابن نفطویہ کہتا ہے کہ فضائل صحابہ ثلاثہ کی اکثر احادیث زمانہ بنی امیہ میں بنائی گئیں کیونکہ بنانے والے جانتے تھے۔ کہ اس وجہ سے خلفا کا تقرب حاصل ہوگا اور بنی ہاشم کی تذلیل ہوگی۔

اسد الغابہ جلد دوئم ص۱۵۳ پر ہے کہ جب جندع انصاری نے کہا کہ میں نے آنحضرتؐ کو فرماتے سنا اگر نہ سنا ہو تو میرے کان بہرے ہو جائیں کہ حضرتؐ نے غدیر خم پر فرمایا "من کنت مولاہ فعلی مولا" تو عبید اللہ نے زہری سے کہا کہ تم یہ حدیث ملک شام میں جا کر بیان نہ کرنا۔ کیونکہ تم اپنے کانوں سے حضرت علی علیہ السلام پر سب و لعن ہوتی سن چکے ہو۔ زہری نے کہا کہ واللہ میرے پاس حضرت علی علیہ السلام کے اس قدر فضائل ہیں۔ کہ اگر بیان کروں تو قتل کر دیا جاؤں۔

تاریخ اعثم کوفی ص۱۹۷ میں ہے کہ معاویہ نے عمرو عاص کو حضرت علی علیہ السلام کے مخالف اپنا رفیق بنانا چاہا۔ عمرو عاص نے قبول نہ کیا لیکن جب معاویہ نے اسکو حکومت مصر کا پروانہ لکھ دیا تو راضی ہو گیا۔

تاریخ اعثم کوفی ص۲۳۳ اور تاریخ کامل میں ہے کہ مالک بن اشتر کی شہادت کے بعد حضرت علی علیہ السلام نے محمد بن ابوبکر کو امیر مصر مقرر کیا لیکن عمرو عاص اور معاویہ بن خدیج نے معاویہ بن ابوسفیان کے حکم سے محمد کو گرفتار کر لیا اور اس کا پانی بند کر دیا پھر ان کو قتل کیا اور اس کی نعش کو مردار گدھے کی کھال میں ڈال کر جلا دیا۔ جب مرحوم کی بہن عائشہ بنت ابوبکر کو اس امر کی آگاہی ہوئی تو اسنے گریہ و بکا کیا اور مرتے دم تک بھنا ہوا گوشت کھانا ترک کر دیا۔ اور نماز میں معاویہ اور عمرو عاص کے حق میں بددعا کرتی۔

تحفہ شاہ عبد العزیز دہلوی ص۱۹ مطبوعہ کلکتہ میں ہے جاننا چاہیئے کہ پہلے فرقہ سنی تفضیلیہ شیعہ کہلاتے تھے۔ مگر بعد ازاں جب یہ نام تابعان علیؑ نے اختیار کر لیا تو سنیوں نے اپنا نام اہلسنت والجماعت رکھ لیا

صواعق محرقہ ص۱۳۱ پر ہے کہ معاویہ نے سنہ ۴۱ھ میں جب اسکی خلافت مسلم ہو گئی تو اپنی جماعت کا نام اہلسنت والجماعت رکھا۔

مرقاۃ شرح مشکوٰۃ ملا علی قاری جلد ۵ ص۲۰۹ پر ہے کہ مقدام بن معدی کرب اور عمر بن الاسود کا وفد معاویہ کے پاس آیا تو معاویہ نے کہا۔ کیا تم کو معلوم ہے کہ حسن بن علیؑ نے انتقال کیا۔ اس پر مقدام نے کہا "انا للہ وانا الیہ راجعون" معاویہ نے کہا۔ کیا تو اس کو مصیبت جانتا ہے لیکن میں تو اس امر پر بہت خوش ہوں۔

صواعق محرقہ ص۱۳۱ پر ہے کہ اس سال سنہ ۴۱ھ سے جب معاویہ کی خلافت مسلم ہو گئی، کا نام سال

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جماعت رکھا گیا کیونکہ امت ایک خلیفہ پر مجتمع ہو گئی۔ گویا اہلسنت والجماعت کا بانی مبانی معاویہ ہے
"تاریخ الخلفا سیوطی" میں ہے کہ جنگ حرہ میں جو یزید کے حکم سے ہوا۔ بہت سے لوگ اصحاب رسولؐ
اور غیر اصحاب رسولؐ سے قتل ہوئے۔ مدینہ لوٹ لیا گیا اور ایک ہزار کنواری لڑکیوں کا ازالہ بکارت کیا گیا۔
پھر اسی کتاب میں ہے کہ امام واقدی نے بطرق متعددہ عبداللہ بن حنظلہ بن غسیل (غسیل الملائکہ)
سے روایت کی ہے کہ ہم نے اس وقت تک یزید پر خروج نہیں کیا جب تک ہم کو یہ خوف نہیں ہوا کہ اب
آسمان سے ہم پر پتھر برسیں گے کیونکہ اس وقت یہ حالت تھی کہ لوگ اپنے باپ کی امہات الاولاد۔ اور
بیٹیوں پر اور بہنوں پر سوار ہونے لگے تھے۔ شراب پیتے تھے اور نماز کو ترک کر چکے تھے۔

وفیات الاعیان ابن خلکان میں ہے کہ حارث بن کلدہ حکیم نے عبید کا نکاح سمیہ سے کر دیا اور
اسی زمانہ نکاح عبید میں سمیہ نے زیاد کو جنا اس کو لوگ زیاد بن عبید۔ زیاد بن سمیہ۔ زیاد بن ابیہ اور زیاد
بن امہ کہتے تھے اور کہا گیا ہے کہ یہی آخری اضافت سے زیادہ مشہور تھا۔ البتہ ابوسفیان کے ساتھ زیاد کا
الحاق نسب کرنے کے روز سے زیاد بن ابوسفیان مشہور ہو گیا۔

تاریخ کامل ابن اثیر جزری بیان سنہ ۴۴ھ میں ہے کہ معاویہ نے زیاد کو اپنی طرف مائل کرنا چاہا
جس پر وہ فوراً راضی ہو گئے۔ لوگوں کو کوفہ میں جمع کیا جنہوں نے دباؤ اور رشوت سے گواہی دی کہ
زیاد ابوسفیان کا لڑکا ہے۔ ایک شخص ابو مریم شراب فروش بھی تھا یہ شخص بعض احادیث صحاح کا راوی
ہے جس نے کہا کہ ایک دفعہ ابوسفیان میرے پاس آیا اور شراب پی اس کے بعد کہا میرے پاس اس وقت
سوائے سمیہ کوئی نوچی نہیں ہے ابوسفیان نے کہا خیر یہی سہی اگرچہ بد بغل اور کثیف ہے مگر خیر وہی لاؤ سمیہ
حاضر کی گئی۔ بعد فراغ جب سمیہ جانے لگی تو اس کے جسم سے منی ٹپکتی تھی۔" یہ سن کر زیاد نے کہا اے ابا مریم تم
گواہی دینے کو آئے ہو یا ہمیں گالیاں دینے کو پس معاویہ نے زیاد کا الحاق ابوسفیان سے کر دیا۔

تاریخ کامل ص ۱۹۹ میں ہے کہ زیاد کی موت کے بعد معاویہ نے یزید کی بیعت لینے کا ارادہ کیا عبداللہ
بن عمر کو ایک لاکھ درہم بھیجا گیا۔ جسکو عبداللہ بن عمر نے قبول کر لیا۔ بعد ازاں معاویہ نے عبداللہ بن عمر سے
بیعت یزید کا تذکرہ کیا تو عبداللہ بن عمر نے کہا۔ اسی لئے تم نے لاکھ درہم بھیجا تھا۔ تو معلوم ہوا کہ بیعت سستا
ہے عبداللہ بن عمر کی خواہش تھی کہ اگر اور رقم مل جائے تو بیعت میں ہونے میں کوئی مضائقہ نہیں ہو اور یہ
ہو کہ پھر عبداللہ بن عمر کو اور رقم بھیجی گئی۔ تو یزید کی بیعت کر لی۔ اور اس کا یہاں تک طرفدار بنگیا کہ جو کوئی
یزید کی مخالفت کرتا اس سے دست و گریبان ہوتا۔

کتاب تذکرۃ خواص الامۃ علامہ سبط ابن الجوزی میں ہے کہ امام زہری نے کہا کہ ہم کو تعجب ہے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کہ عبداللہ بن عمر نے اور سعد بن ابی وقاص نے جناب امیر علیہ السلام کی بیعت تو نہ کی مگر یزید بن معاویہ کی بیعت کر لی۔

شرح عقاید تفتازانی مطبوعہ مصر صفحہ ۱۴۲ پر ہے کہ حضرت کی یہ حدیث "الخلافۃ بعدی ثلثون سنۃ" حضرت علی علیہ السلام پر منطبق ہے کیونکہ آپ نے وفات رسول کے تیس سال بعد وفات پائی۔ پس معاویہ وغیرہ خلیفہ نہ ہوئے بلکہ عام بادشاہ ہوگئے۔

تاریخ الخلفاء صفحہ ۱۶۶ اور تاریخ خمیس جلد دوم صفحہ ۳۵۳ پر ہے کہ معاویہ حضرت علی علیہ السلام پر لعنت کیا کرتا تھا۔ اور دوسروں کو لعنت کرنے پر مجبور کرتا تھا۔ اسی بری رسم کو ۹۹ھ ہجری میں خلیفہ عمر بن عبدالعزیز نے حکماً بند کر دیا۔

عقد الفرید جلد اول صفحہ ۱۹ پر ہے۔ کہ معاویہ نے جبراً لوگوں سے حضرت علی علیہ السلام پر لعنت کرائی اور لوگوں سے اپنی بیعت کے وقت وعدہ لیتا کہ علیؑ پر لعنت کیا کریں۔

استیعاب جلد اول صفحہ [illegible] میں ہے کہ ایک دفعہ عمرو بن عاص لشکر معاویہ سے باہر نکلا اور اپنا مقابل طلب کیا حضرت علی علیہ السلام مقابلہ کو خود تشریف لائے حضرت علی علیہ السلام کا باہر آنا تھا کہ عمرو عاص حواس باختہ ہو کر بھاگا حضرت علی علیہ السلام نے اسکا پیچھا کر کے آہستہ سے اسکی زرہ پر برچھی کا وار کیا عمرو عاص گھوڑے سے زمین پر گر پڑا اور گرتے ہی بخوف جان ٹانگوں کو اونچا کر کے اپنی مقعد کو ننگا کر دیا۔ جناب امیر علیہ السلام نے منہ پھیر لیا۔ اور عمرو عاص جان بچا کر بھاگ گیا۔

مروج الذہب مسعودی جلد ۶ صفحہ ۵۵ طبری فارسی صفحہ ۱۷۴ ابوالفداء جلد اول میں ہے کہ معاویہ کے زمانہ خلافت میں بیشمار شیعان علیؑ کے کان کاٹ دیئے گئے۔ قتل کئے گئے۔ زبانیں گدی سے کھچوائی گئیں۔ اعضائے بدنی توڑے گئے۔ آنکھیں نکلوائی گئیں سولی دیئے گئے۔ جلا وطن کئے گئے۔ انکے گھروں کو مسمار کر دیا گیا۔ ان کی گواہی نامعتبر قرار دی گئی۔ ان ظلموں کا نتیجہ یہ ہوا۔ کہ شیعہ حضرات فقیر ہو کر جنگلوں اور غاروں میں جا بسے۔

تاریخ کامل میں ہے کہ معاویہ نے عمرو عاص کے مشورہ سے محمد بن ابوبکر کو گدھے کی کھال میں ڈال کر زندہ جلا دیا۔ حالانکہ مرحوم کے حقیقی بھائی عبدالرحمان بن ابوبکر نے اس کی جان بخشی کے لئے معاویہ کی بہت منت سماجت کی جب اس ظلم کی خبر محمد کی بہن عائشہ بنت ابوبکر کو ملی تو بہت روئی اور جب تک زندہ رہی ہر نماز کے بعد معاویہ اور عمرو عاص پر لعنت کیا کرتی تھی۔ اور مرحوم کا اس حد تک غم کیا کہ باقی تمام عمر میں بھنا ہوا گوشت کھانا ترک کر دیا۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

استیعاب ابن عبدالبر مالکی اور تذکرہ خواص الامت سبط ابن جوزی اور کتاب صفوۃ جدی اور تاریخ یعقوب ابن سفیان اور تہذیب الکمال مزی اور تہذیب التہذیب ذہبی اور مراۃ الجنان شیخ ابوعبداللہ محمد بن عمر زین الدین بن واقدی اور ربیع الابرار زمخشری اور تاریخ ابوالحسن مذاہبی اور کتاب المختصر فی اخبار البشر اسمٰعیل بن محمود اور حسن السریرہ عبدالقادر بن محمد طبری نواسہ محب طبری اور طبقات ابن سعد میں ہے کہ معاویہ نے امام حسن علیہ السلام کو زہر سے شہید کروا دیا۔

فتح الباری شرح بخاری اور طبقات علامہ تاج الدین سبکی میں عمران بن حطان کا قصیدہ درج ہے اس نے عبدالرحمان بن ملجم کی تعریف میں اس لئے نظم کیا کہ اس نے علیؑ کو شہید کر دیا۔ اسکا صحیح ترجمہ یہ ہے: "اے مکر کے پیشے والے ابن ملجم۔ تیری اس ضرب پر شاباش ہو۔ جس میں عین خوشنودی الہٰی شامل ہے۔ اور جس کا ثواب خدا کے نزدیک تمام اہل جہان کے ثواب سے میزان میں بھاری ہے خدا ابن ملجم کو جزائے خیر دے جس کے ہاتھوں نے ایسے انسان کو قتل کیا جو سب خلقت سے بڑا تھا۔ بخاری اور سنن ابوداؤد اور نسائی میں عمران بن حطان سے روایات لی گئی ہیں اور اس کو ثقہ اور معتبر تسلیم کیا ہے۔

فتح الباری ابن حجر عسقلانی اور شرح بخاری عینی اور کتاب الانساب سمعانی اور شرح بخاری کرمانی میں لکھا ہے کہ عمران بن حطان خارجیوں کا رئیس تھا۔ علامہ تاج الدین سبکی نے طبقات میں لکھا ہے کہ قاضی القضاۃ کہتا ہے کہ جو کچھ قاضی الطیب نے عمران کے حق میں کہا ہے وہ عین خطا ہے کیونکہ عمران صحابی تھا۔ اور اس پر لعنت کرنا جائز نہیں ہے۔ پھر لکھا ہے کہ قاضی جلیل سیف السنت ولسان الامت ابوبکر باقلانی نے کتاب مناقب الائمہ میں لکھا ہے کہ عمران صحابی تھا۔ اور اختلاف اور تفرقہ ہونے کے باعث سب کے سب صحابہ کو نیک اجر ملے گا۔ شیخ عبدالحق نے کتب مشکوٰۃ میں سے کتاب اللعان کی شرح میں لکھا ہے کہ عمران کی کنیت ابوشہاب ہے اور وہ تابعی اور ثقہ اور بصری تھا۔ علامہ عجلی نے بھی عمران کو ثقہ تسلیم کیا ہے۔ ناظرین ایک خارجی کو ثقہ راوی تسلیم کر لینا سنیوں کے ہاں معمولی بات ہے حیرت انگیز امر تو یہ ہے کہ سمرۃ بن جندب جس نے بصرہ کے آٹھ ہزار شیعان علیؑ کو بلاقصور قتل کرایا۔ حصین بن نمیر جس نے حضرت علی اکبر علیہ السلام کو نیزہ مارا۔ شیث ابن ربعی جو کربلا میں امام حسینؑ کے مخالف لڑا اور دیگر قاتلان حسینؑ اور خوارج مثلاً عمرو بن سعد شمر ذی الجوشن ولید بن کثیر مخزومی عکرمہ عبدہ بسر بن ارطاۃ سے احادیث کر لیا گیا ہے۔

شرح عقائد شیخ عبدالحق محدث دہلوی اور وسیلۃ النجات ملا مبین باب سوئم میں ہے کہ یزید بے سعادت کی عداوت اہلبیتؑ اور اس کا قتل و اہانت اہلبیت پر خوش ہونا ایک ظاہر امر ہے۔ ناظرین۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

یہ پلید ۶۰ھ میں خلیفہ ہوا اور ۶۴ھ میں مر گیا۔ اس چار سالہ خلافت کے عرصہ میں بہت بربادی ہو گیا۔ اس ملعون کا سال ولادت ۲۵ھ ہے۔

شرح فقہ اکبر ملا علی قاری مطبوعہ ۱۳۲۳ھ مطبع حنفی ص۸۸ اور بخاری اور مسلم اور تاریخ الخلفا سیوطی اور فتح الباری ابن حجر عسقلانی اور ازالۃ الخفاء ولی اللہ اور شرح جامع صغیر سیوطی میں بروئے حدیث رسولؐ بارہ خلفاء کے یہ نام لکھے ہیں۔ ابوبکر۔ عمر۔ عثمان۔ علیؑ۔ معاویہ۔ یزید۔ عبدالملک بن مروان۔ یزید۔ سلیمان۔ ہشام علیہ۔ عمر بن عبدالعزیز۔

نزل الابرار ملا محمد بن معتمد خان بدخشی باب پنجم فصل چہاردہم میں لکھا ہے کہ معاویہ نے یزید کو اپنا جانشین بنانا چاہا۔ تو اہل شام نے قبول کر کے یزید کی بیعت کر لی۔ مکہ اور مدینہ کے لوگوں نے بیعت یزید سے انکار کیا تو ان کو وعدہ وعید سے راضی کر کے بیعت لے لی۔ ناظرین عبداللہ بن عمر جو سنیوں کے ہاں بڑے عالم اور پارسا سمجھے جاتے ہیں۔ انہوں نے حضرت علی علیہ السلام کی بیعت سے انکار کیا۔ لیکن معاویہ اور یزید اور عبدالملک کی بیعت کو خوشی قبول کیا اور انکی حمایت بھی کی۔

غزالی کہتا ہے کہ یزید کو برا کہنا اور اس پر لعنت بھیجنی حرام ہے اور علامہ ابن حجر نے شرح قصیدہ ہمزیہ نسخہ قلمی ص۱۴۳ پر لکھا ہے کہ ابن عربی مالکی کہتا ہے کہ یزید نے امام حسین علیہ السلام کو اس کے نانا رسول اللہ کی تلوار سے شہید کیا (یعنی چونکہ یزید نائب رسول اللہ تھا اور امام حسین علیہ السلام باغی تھے۔ اس لئے یزید کا قتل حسینؑ کرانا عین تھا پیروی رسول اللہ کی) اور چونکہ بعض اصحاب حل و عقد نے بیعت یزید کر لی تھی اس لئے امام حسین علیہ السلام کا شامل بیعت نہ ہونا بغاوت تھی۔

شرح فقہ اکبر ملا علی قاری مطبوعہ مطبع حنفی ص۸۸ پر ہے کہ قتل حسینؑ کفر کا موجب نہیں ہے کیونکہ انبیاء کے سوائے کسی اور شخص کو قتل کر دینا گناہ کبیرہ ہے مگر کفر نہیں۔ اسی صفحہ میں ملا علی لکھتا ہے کہ ابوبکر اور عمر کو گالیاں دینا اور انکو قتل کر دینا کفر نہیں۔

احیاء العلوم امام ابو حامد غزالی میں ہے کہ یزید پر لعنت کرنا تو درکنار مرے ہوئے یہ کہنا بھی جائز نہیں کہ یزید نے حسین علیہ السلام کو قتل کیا یا قتل کرایا۔ لعنت کرنے میں خطرہ ہے لیکن اس سے پرہیز کی جائے بلکہ شیطان پر بھی لعنت کرنے سے چپ رہنے میں کوئی خطرہ نہیں۔

تاریخ ابن خلکان میں امام غزالی کی ایک طویل عبارت ہے جس کا ماحصل ضرورت خلاصہ یہ ہے کہ مسلمان پر لعنت کرنا ہرگز جائز نہیں جو شخص کسی مسلمان پر لعنت کرے وہ خود ملعون ہے اور بہ صحیح طور پر ثابت ہے کہ یزید مسلمان تھا لہٰذا یزید کے حق میں رحمت کی دعا مانگنی جائز بلکہ مستحب ہے بلکہ ہم جو ہر نماز میں مومنین

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اور مومنات کے لئے دعائے مغفرت کرتے ہیں۔ ان میں یزید بھی داخل ہے۔ ناظرین محسن الملک مہدی علی نے آیات بینات میں کل امت محمدیہ پر خطبہ کتاب میں درود بھیجا ہے جس میں یزید بھی شامل ہے مسلم میں ہے کہ ظالم اور فاسق خلیفہ کے خلاف بھی خروج کرنا جائز نہیں اور یزید سے تو قتل حسینؑ سے پہلے کسی قسم کا کفر و فسق ظاہر ہونا ثابت نہیں واقعہ حرہ کے مظالم بھی قتل حسینؑ سے بعد کے ہیں یعنی حسینؑ کو قتل نا کردہ بیعت پر کیا گیا۔ ناظرین! عبارت بالا سے صاف ظاہر ہے کہ قتل حسینؑ میں یزید مستوجب الزام نہیں ہے۔ بلکہ امام حسین علیہ السلام ہی قصوروار ہیں۔

شرح مقاصد سعد الدین تفتازانی میں طویل عبارت ہے اس کا ضروری خلاصہ یہ ہے کہ بعض اصحاب رسولؐ کینہ اور بغض کی وجہ سے حق اور راستی سے منحرف ہو گئے تھے اور ظلم اور بدکاری کی حد تک پہنچ گئے ان کے جھگڑوں اور فساد کا باعث حسد اور عداوت اور حکومت اور سرداری کی خواہش تھی۔ کیونکہ کل اصحاب رسولؐ معصوم نہ تھے۔ اور جو ظلم اہلبیتؑ رسولؐ پر کئے گئے انکو چھپانا کسی کی مجال سے باہر ہے یہ وہ ظلم ہیں کہ انکی شہادت پتھر اور جمادات تک دیتے ہیں تو آسمان روئیں اور پہاڑ ٹکڑے ہو کر گر پڑیں۔ اور سنگ خارہ پھٹ جائے انکی یاد ہمیشہ ماہ اور سال اور زمانہ کے ساتھ تا قیامت قائم رہے گی۔ خدا کی لعنت ہو اس پر جو ان مظالم سے خوش ہو یا انکو پسند کرے یا ان کو چھپانے کی کوشش کرے اور جو علمائے دین یہ کہتے ہیں کہ یزید پر لعنت جائز نہیں وہ چاہتے ہیں کہ لعنت کو زینہ بزینہ اوپر کی طرف چڑھنے سے بچائیں۔

تاریخ بلاذری میں ہے کہ جب امام حسین علیہ السلام شہید ہو گئے تو عبداللہ بن عمر نے یزید ابن معاویہ کو خط لکھا کہ بہ تحقیق مصیبت عظیم اور بزرگ ہو گئی! اور اسلام میں بڑا بھاری حادثہ واقع ہوا اور کوئی دن حسینؑ کے دن جیسا نہیں ہے۔ یزید نے جواب میں لکھا کہ اے احمق ہم اس وقت خلافت پر بیٹھے۔ جبکہ محل بلند ہوئے ہوئے تھے۔ اور فرش بچھے ہوئے تھے اور تکیے سجائے ہوئے تھے۔ اور مسند پر تہ بہ تہ پڑی ہوئی تھیں پس ہم نے حسینؑ سے مقاتلہ کیا۔ اگر ہمارا حق تھا یعنی اگر ہم خلیفہ حقہ ہیں تو ہم نے حسینؑ سے مقاتلہ اپنے حق پر کیا اور اگر ہمارا حق نہ تھا یعنی ہم غاصب خلافت ہیں۔ تو تیرا باپ عمر بن خطاب پہلا شخص ہے۔ جس نے اس طریقہ کی بنیاد رکھی اور حق داروں سے حق چھین لیا۔ اور حق داروں کو حق سے محروم کر دیا۔

کرد شخصے سوال از دانا	کہ بگو کشتہ شد حسینؑ کجا
گفت کاندر سقیفہ اش کشتند	بہر دنیائے جیفہ اش کشتند
سبب قتل از چہ بود بنہید	ایں ستم بر وے از سقیفہ رسید
هر مرض کہ می شنود لاحق	باشند اسباب واصل او سابق

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

روایت کی ہے کہ خدا کی قسم ہم نے یزید پر خروج اس خوف سے کیا کہ کہیں آسمان سے ہم پر پتھر نہ گریں کیونکہ یزید اپنی ماں اور بیٹی اور بہن سے زنا کرتا تھا اور شراب پیتا تھا۔ اور نماز ترک کر دی تھی۔

صواعق محرقہ ابن حجر مکی مطبوعہ مصر صفحہ ۱۹۵ سطر ۱۳ اور کتاب تجویز لعن علامہ ابن جوزی میں ہے کہ یزید پر لعنت کرنا جائز ہے۔ ناظرین! بعض سنی کہتے ہیں کہ ہر سال عزاداری حسین کی کیا ضرورت ہے جب کہ اس کو واقعہ ہوئے کئی صد سال گذر گئیں۔ بھلے مانسوں سے کوئی پوچھے کہ اس دلیل پر تم بارہ وفات اور معراج شریف اور شب برات اور عیدیں اور رمضان وغیرہ کو ہر سال عمل میں کیوں لاتے ہو۔

صواعق محرقہ صفحہ ۱۳۵ اور ینابیع المودت صفحہ ۳۲۷ پر ہے کہ احمد حنبل کے لڑکے نے اپنے باپ سے پوچھا کہ ایک قوم ہم کو محبت یزید کی نسبت دیتی ہے احمد حنبل نے کہا ایسے شخص کی دوستی ہماری طرف منسوب نہیں ہو سکتی جو خدا پر ایمان نہیں رکھتا تھا اور جس پر خدا نے قرآن مجید میں لعنت کی ہے۔

طبرانی نے معجم کبیر میں اور ابو یعلیٰ نے اپنی مسند میں بروایت ابوہریرہ اور امام احمد حنبل نے اپنی مسند میں بروایت ابن عباس لکھا ہے کہ معاویہ اور عمرو بن عاص گا رہے تھے۔ تو آنحضرت نے فرمایا کہ الٰہی ان دونوں کو عذاب و فضیحت میں الٹا سرنگوں جیسا سرنگوں کرنے کا حق ہے اور شدت اور درشتی سے داخل جہنم کر۔

ازالۃ الخفا شاہ ولی اللہ میں ہے کہ بیہقی نے جناب امیر علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ فرمایا آنحضرت نے کہ جس طرح بنی اسرائیل میں اختلاف پیدا ہوا اور وہ ثالث خود بھی گمراہ ہوئے اور لوگوں کو بھی گمراہ کیا۔ اسی طرح میری امت کے دو ثالث (ابو موسیٰ اور عمرو عاص) خود بھی گمراہ ہوں گے۔ اور لوگوں کو بھی گمراہ کریں گے۔

تذکرہ خواص الامت سبط ابن جوزی میں شعبی سے نقل کیا گیا ہے اور سوانح عمری حمید اللہ صفحہ ۲۷ اور کفایت الطالب یوسف گنجی شافعی میں ہے کہ جناب امیر علیہ السلام نے خطبہ میں فرمایا کہ ابو موسیٰ و عمرو عاص نے قرآن کو پس پشت ڈال دیا۔ اور جس امر کی موت کا خدا نے حکم دیا تھا۔ اسے زندہ کیا۔ اور جس امر کو خدا نے زندہ کیا تھا اسے مار ڈالا۔ یہ دونوں راہ ہدایت سے محروم اور خدا و رسول و صالح المومنین سے دور اور رد ہو گئے۔

علامہ سبط ابن جوزی نے معاویہ اور عمرو عاص کی باہم خط و کتابت لکھی ہے جس میں عمرو عاص نے معاویہ کی طرفداری سے انکار کر کے حضرت علی علیہ السلام کے محامد و فضائل تسلیم کئے ہیں۔ لیکن جب معاویہ نے اس کو حکومت مصر دینے کا وعدہ کیا تو راضی ہو گیا۔

قسطلانی باب مناقب عمار میں ہے کہ فرمایا آنحضرت نے کہ اے عمار تجھے ایک باغی گروہ قتل

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کریگا جبکہ تو انکو بہشت کی طرف اور وہ تجھ کو دوزخ کی طرف بلائیں گے۔ تذکرہ خواص الامہ اور روا قدی اور اسد الغابہ میں ہے کہ معاویہ و عمرو عاص جانتے اور اقرار کرتے تھے کہ عمار کو قتل کرنیوالا فریق جہنمی ہے قاضی عبد الجبار لکھتا ہے کہ جب لشکر معاویہ نے عمارؓ کو شہید کیا۔ تو جناب امیر علیہ السلام نے معاویہ پر فتوی کفر صادر کیا مصنف ابن ابی شیبہ و مسند بخاری اور مسلم اور ابو داؤد اور ابن ماجہ اور جمع الجوامع اور کنز العمال ملا علی قاری میں ہے کہ عبد الرحمان بن معقل نے کہا کہ حضرت علی علیہ السلام نماز فجر کی قنوت میں فرمایا کرتے کہ خدایا تیری رحمت سے معاویہ اور اسکا گروہ اور عمرو عاص اور اسکا گروہ اور عبد اللہ بن قیس اور اسکا گروہ دور رہے۔

تذکرہ خواص الامہ میں ہے کہ عمار یاسرؓ نے جنگ صفین میں عمرو عاص کو کہا۔ کہ تو خدا اور رسولؐ اور مسلمانوں کا دشمن ہے اور خدا کے دشمنوں کا مددگار ہے۔ بغیر رغبت کے صرف نام کا مسلمان ہے بعد وفات رسولؐ مسلمانوں سے عداوت رکھنے والا اور نور خدا (یعنی اہلبیتؑ) کو بجھانیوالا ہے۔

ازالۃ الخفا میں ہے کہ عمر بن خطاب نے عمرو عاص کو کہا کہ تو نے خیانت اور سرقہ سے مصر کی ولایت میں مال کثیر جمع کر لیا ہے۔ فتوح الشام میں ہے کہ عمر بن خطاب نے عمرو عاص کو کہا کہ تو دنیا طلب اور لالچی ہے۔ حاکم نے مستدرک میں لکھا ہے کہ جب عائشہ پر ثابت ہو گیا کہ ذو الثدیہ جنگ نہروان میں حضرت علیؑ کے ہاتھ سے قتل ہوا ہے اور ذو الثدیہ وہ تھا جس کی نسبت آنحضرتؐ کا ارشاد تھا کہ جس فریق کی طرف وہ ہو کر لڑیگا وہ فریق جہنمی ہے تو عائشہ نے کہا خدا لعنت کرے عمرو عاص پر جسنے مجھ سے جھوٹ کہہ دیا کہ ذو الثدیہ مصر میں قتل ہو چکا ہے۔ یہ حدیث بخاری اور مسلم کی شرائط کے مطابق بالکل صحیح ہے

تاریخ المختصر فی اخبار البشر عماد الدین ابو الفدا اسمٰعیل بن علی میں ہے کہ جب عائشہ کو اطلاع ملی کہ اسکا بھائی محمد ہلاک کر دیا گیا ہے (معاویہ نے عمرو بن عاص کے مشورہ سے محمد بن ابوبکر کو گدھے کی کھال میں زندہ جلا دیا تھا) تو روتی اور پیٹتی اور معاویہ اور عمرو عاص پر ہر ایک نماز میں لعنت کیا کرتی۔

استیعاب میں ہے کہ عمرو عاص لوگوں کو قتل عثمان پر ابھارتا اور اس کی عیب جوئی کرتا۔ اور فساد میں جد و جہد کرتا تھا۔ اور جب عثمان قتل ہو گیا۔ (نعوذ باللہ) سبط ابن جوزی کی کتاب تذکرہ خواص الامہ اور کتاب فضائل الباہرہ اور سیوطی کی کتاب حسن المحاضرہ اور روا قدی میں بھی یہی مرقوم ہے

کتاب روض المناظر میں ہے کہ سلطان عماد الدین نے شافعی سے روایت کی ہے کہ معاویہ اور عمرو عاص اور مغیرہ اور زیاد کی شہادت مردود ہے۔

انسان العیون علی بن برہان الدین حلبی شافعی میں ہے کہ عمرو عاص کی ماں نابغہ زناکار تھی اور اس کا بار اٹھانے والا اشخاص یعنی عاص اور ابو لہب اور امیہ بن خلف اور ابو سفیان سے تھا لیکن عمرو عاص

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کے پیدا ہونے پر نابغہ نے کہا یہ عاص کا بیٹا ہے۔ کیونکہ وہ مجھے نان و نفقہ بھی دیتا رہا ہے۔

تذکرۃ خواص الائمہ میں ہے کہ امام حسن علیہ السلام نے عمرو عاص کو رو در رو فرمایا کہ اے نابغہ کے بیٹے تیری نسبت پانچ آدمیوں نے تیرا باپ ہونے کا دعوے کیا۔ تیرا ضرر مسلمانوں کو ہر ایک مشرک سے زیادہ ہے ابن شحنہ حلبی نے روض المناظر میں لکھا ہے کہ جناب اروی بنت حارث بن عبدالمطلب نے جو آنحضرتؐ کی چچا زاد بہن تھی اور بزرگ صحابیوں میں سے تھی۔ عمرو عاص اور معاویہ کو رو در رو فرمایا کہ اے عمرو عاص تیری ماں سب زانیہ عورتوں سے زیادہ مشہور و معروف تھی جس کی اجرت بھی بہت ارزاں تھی۔ تو پانچ باپ کی طرف منسوب ہے لیکن خط و خال کی مشابہت کی وجہ سے تو عمرو عاص کا بیٹا قرار دیا گیا۔"

یہی روایت ابوالفدا اسمٰعیل نے کتاب مختصر فی اخبار البشر میں جنابہ اروی بنت حارث والی روایت لکھی روض المناظر کتاب برحاشیہ تاریخ کامل جلد یازدہم میں ہے کہ شافعی کے نزدیک معاویہ اور عمرو عاص اور مغیرہ اور زیاد کی شہادت مردود ہے۔

تفسیر معالم التنزیل ص۔۔۔ میں ہے کہ عمرو عاص کے باپ عاص ابن وائل نے آنحضرتؐ کے حق میں کہا کہ یہ جی بے اولاد ہے کہ جب یہ مر جائیگا تو اس کا ذکر بھی ہلاک ہو جائیگا۔ ناظرین ایک دفعہ عمرو عاص نے تیس شعر آنحضرتؐ کی ہجو میں نظم کئے اور پڑھے تو آنحضرتؐ نے اس پر تیس بار لعنت کی کتاب ثمرات الاوراق برحاشیہ مستطرف ص۲۴۵ پر ہے کہ عمرو عاص نے تیس اشعار نظم کئے اور پڑھے تو آنحضرتؐ نے فرمایا۔ خداوندا میں شعر کہنا تو نہیں جانتا بجز اس کے کہ اس کے ہر ایک شعر پر ایک بار لعنت کروں یہ اشعار آنحضرتؐ کی ہجو میں بنائے گئے تھے یعنی آنحضرتؐ نے فرمایا۔ کہ ان ہتک آمیز اشعار کا جواب میرے پاس یہی ہے کہ اس کے ہر ایک شعر پر لعنت کروں

محاضرات راغب اصفہانی میں ہے قاضی شریک بن عبداللہ معاویہ کے بارہ میں روایت کرتا ہے کہ بہ تحقیق معاویہ کو جب حضرت علی علیہ السلام کی شہادت کی خبر پہنچی تو وہ تکیہ کے سہارے بیٹھا ہوا تھا یہ خبر سنتے ہی سیدھا ہو بیٹھا اور لونڈی کو حکم دیا کہ ہمیں کچھ گانا سناؤ۔ کیونکہ آج ہماری آنکھوں کو ٹھنڈک حاصل ہوئی ہے پس اس لونڈی نے یہ اشعار اس وقت بنا کر سنائے کہ معاویہ کو یہ خبر سنا دو۔ کہ خدا شماتت کرنے والے کی آنکھوں کو ٹھنڈک نہ دے۔ آہ تم نے (اے معاویہ) ماہ رمضان میں ایسے بزرگوار کے قتل سے ہم کو دردناک کیا جو تمام لوگوں سے افضل تھا۔ تم نے اس کو قتل کیا جو بہتر اور افضل تھا۔ اور لوگوں سے بزرگتر تھا۔ جو گھوڑے اور ناقہ پر سوار ہوتے یا جہازوں پر چڑھنے والے ہیں۔ یہ سنکر معاویہ نے گرز لونڈی کے سر پہ مارا جس سے اس کا سر پھٹ گیا اور وہ شہید ہو گئی۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ابن ماجہ جلد اول صفحہ ۱۲ سطر ۱۳۔ ابو داؤد جلد دوئم صفحہ ۲۱۶ سطر ۲ مسلم جلد دوئم صفحہ ۲۸ بخاری مطبوعہ مصر جلد اول صفحہ ۵۶ پر ہے کہ معاویہ علی الاعلان منبروں پر حضرت علی علیہ السلام پر لعنت کرتا اور گالیاں دیتا۔

تاریخ الخلفاء مطبوعہ سرکاری لاہور صفحہ ۲۰ سطر ۱۲۔ اور صواعق محرقہ مطبوعہ میمنیہ مصر صفحہ ۱۹۴ سطر ۲۲ پر ہے کہ فرمایا آنحضرت نے کہ بنی امیہ میں سے سب سے پہلا شخص جو میری سنت کو بدل ڈالے گا اس کا نام یزید ہوگا۔ اور نیز تاریخ الخلفاء صفحہ ۲۰ سطر ۱ اور صواعق محرقہ صفحہ ۱۹۴ سطر ۲ پر ہے کہ میری امت میں قسط و عدل ہمیشہ قائم رہیگا جب تک کہ سب سے پہلے بنی امیہ سے ایک شخص رخنہ ڈالے گا جس کا نام یزید ہوگا۔

المعتقد المنتقد صفحہ ۵۲ پر ہے کہ امام بیہقی نے کتاب حضرات التجلی میں لکھا ہے کہ اہل شام کا حضرت علی علیہ السلام پر خروج کرنا کفر نہیں ہے۔

تاریخ ابو الفدا جلد اول صفحہ ۹۲ پر ہے کہ معاویہ جناب امیر علیہ السلام پر سب کرتا۔ اور لوگوں کو اس فعل کی ترغیب دیتا۔ شرح مشکوٰۃ ملا علی قاری میں ہے کہ عمر بن سعد خود قتل حسینؑ کا مباشر نہیں ہوا۔ اور شاید اس کا لشکر کے ساتھ حضور رہنا اس کی رائے اور اجتہاد سے ہو اور اکثر دفعہ اس کا حال اچھا اور اس کا انجام پاکیزہ ہوا ہے۔

ابن حجر عسقلانی شارح بخاری اور قاضی عیاض اور ملا علی متقی اور علامہ سیوطی کا قول ہے کہ یزید زمرہ آئمہ اور خلفاء اثنا عشریہ میں داخل ہے کنز العمال ملا علی متقی جلد چہارم ذکر حدیث اثنا عشر میں ہے کہ آئمہ اثنا عشر کی بیعت سے انکار کرنیوالا واجب القتل ہے۔ پس امام حسین علیہ السلام واجب القتل تھے۔ شرح فقہ اکبر ملا علی قاری میں ہے کہ قتل حسینؑ موجب کفر نہیں کیونکہ جمہور اہلسنت یزید کو مومن فاسق جانتے ہیں۔

وصیت کبرٰی علامہ ابن تیمیہ صفحہ ۳۰ پر ہے کہ بعض کا اعتقاد ہے کہ یزید امام عادل ہادی اور مہدی تھا۔ اور اکابر صحابہ اور اولیاء اللہ سے تھا۔ بلکہ بعض کا عقیدہ ہے کہ وہ نبی تھا۔

بخاری جلد اول کتاب الجہاد باب ماقیل فی قتال الروم صفحہ ۴۱۰ مطبوعہ دہلی میں ہے کہ فرمایا رسول اللہ نے کہ میری امت میں جو شخص قسطنطنیہ پر چڑھائی اور جہاد کرے گا۔ وہ جنتی ہے۔ پس ناظرین! یزید بقول اہلسنت جنتی ہے کیونکہ یہ امر مسلمہ مورخین ہے کہ یزید نے قسطنطنیہ پر چڑھائی کی۔

منہاج السنۃ ابن تیمیہ مطبوعہ مصر جلد دوئم صفحہ ۲۵۲ پر ہے کہ یزید نے قسطنطنیہ پر چڑھائی کی۔

فتح الباری جلد گیارہ صفحہ ۹۲ قسطلانی جلد پنجم صفحہ ۹۲ عینی جلد چھ صفحہ ۶۴۹ پر ہے کہ یزید قسطنطنیہ پر چڑھائی کی وجہ سے مغفور نہیں ہو سکتا۔ کیونکہ مغفرت اور صلاحیت سے خارج تھا۔ علامہ تفتازانی کہتا ہے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کہ یزید اسی وقت کافر ہو گیا جب اس نے قتل حسینؑ کا حکم دیا۔

ابن تیمیہ نے شیخ حسن بن عدی سے روایت کی ہے کہ اولیا کو جہنم پر توقف کیا گیا۔ بوجہ انکے قول کے درباره یزید یعنی چونکہ انھوں نے یزید پر زبان لعن و طعن درازی کی تھی۔ اس لئے انکو کچھ عرصہ کے لئے جہنم میں ڈالا گیا۔ شرح عینی ص۲۲۲ پر ہے کہ مہلب نے کہا کہ اس حدیث سے معاویہ اور انکے بیٹے یزید کی منقبت ثابت ہے کیونکہ معاویہ نے سب سے پہلے دریا میں جنگ کی اور یزید نے سب سے پہلے مدینہ قیصر (قسطنطنیہ) میں چڑھائی کی۔

اسد الغابہ ص۲۶ پر ہے کہ فرمایا رسول اللہ نے کہ جب قسطنطنیہ فتح ہوگا۔ اس وقت مسلمانوں کا سردار بہت عمدہ شخص ہوگا۔ اور اس کا لشکر بہت عمدہ لشکر ہوگا۔

وصیتہ کبرےٰ ص۳۳ پر ہے کہ امر صواب وہ ہے جس پر آئمہ اہلسنت ہیں کہ یزید قابل محبت ہے اور اس پر لعنت نہ کرنی چاہئے کیونکہ اگر وہ فاسق تھا تو اللہ غفور اور رحیم ہے جو بخش دیتا تھا فاسق اور ظالم کو خاص کر جب اس سے حسنات عظیم ہوں کیونکہ بخاری نے ابن عمر سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ نے فرمایا کہ قسطنطنیہ پر جو پہلا لشکر جہاد کرے گا وہ جنتی ہے اور جس لشکر نے قسطنطنیہ پر چڑھائی کی اس کا سردار یزید تھا۔ اور اس کے ہمراہ ابو ایوب انصاری بھی تھا۔

ابن تیمیہ نے صارم مسلول میں لکھا ہے کہ ایک یہودی نے دربار معاویہ میں کہا کہ رسول اللہ نے ابن اشرف کے ساتھ غدر (بغاوت، فریب۔ بدعہدی) کی۔ معاویہ سنتا رہا۔ اس پر محمد بن مسلمہ انصاری نے کہا کہ اے معاویہ تیرے سامنے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم پر غدر کا الزام لگایا جاتا ہے اور تو سنتا ہے۔ (اور اس پر کوئی شرعی حد نہیں لگاتا)

اسد الغابہ جلد اول ص۲۴ پر ہے کہ جس طرح ابوبکر نے اہل یمامہ کے مسلمانوں پر مظالم کا سیلاب (بے تمیزی) بہا دیا اسی طرح معاویہ نے یمن کے قبیلہ ہمدان سے سلوک کیا اور بسر بن ارطاۃ صحابی کو حکم تاراج دیا جس نے ان مسلمانوں کی مستورات پر بغیر عدہ و نکاح قبضہ کیا اور کئی ولد الزنا پیدا ہوئے اس قتل و غارت کی بنا یہ تھی کہ وہ مسلمان معاویہ کو جابر اور غاصب سمجھتے تھے۔ ناظرین۔ بسر بن ارطاۃ وہی شخص ہے جس نے حضرت ابن عباس کے کم سن بچوں عبد الرحمان اور قثم کو ان کی ماں کے سامنے ذبح کر دیا تھا جس کی وجہ سے ان کی ماں دیوانی ہو کر گلی کوچوں میں آوارہ ہو کر مر گئی۔

تاریخ کامل جلد چہارم ص۳۴ پر ہے کہ شہادت حسینؑ کے بعد۔ ابو برزہ اسلمی صحابی جو دربار یزید میں بیٹھا ہوا تھا۔ یہ کہہ کر وہاں سے اٹھ کر چلا گیا کہ اے یزید تو اس طرح قیامت میں آئیگا۔ کہ ابن زیاد تیرا

Presented by: Rana Jabir Abbas

سفیان نے کہا کہ الحمد للہ یہ اسلام کو پارہ پارہ کرتا تھا۔ اور اس سے بڑھ کر کوئی منحوس مولود اسلام میں پیدا نہیں ہوا۔ ناظرین! یہ وہابی فرقہ ابو حنیفہ کے حق میں اچھے خیال نہیں رکھتا۔ ان کا ایک عالم لکھتا ہے کہ لفظ "سگ" کے اعداد بحساب حروف ابجد اسی بنتے ہیں۔ جو ابو حنیفہ کا سال ولادت ہے اور "بود کم جہاں پاک" کے اعداد ایک سو پچاس ہیں جو اس کا سال وفات ہے۔

امام طحاوی نے فضائل ابو حنیفہ میں لکھا ہے کہ حضرت خضر نے ابو حنیفہ سے اس کی زندگی میں پانچ سال اور اس کی قبر سے پچیس سال تک علم حاصل کیا۔

میزان الاعتدال میں بسند ابن عدی و نسائی اور حاشیہ العینیہ عراقی میں بسند ابن المبرد ابن عدی و نسائی و دارقطنی لکھا ہے کہ ابو حنیفہ ناقص العقل تھا۔ حاشیہ تخریج الہدایہ ابن حجر مکی میں ہے۔ کہ ابو حنیفہ نے پچاس احادیث رسول میں خطا کی۔ اسمٰعیل کا قول ہے کہ ابو حنیفہ جہمی و مرجی و خارجی تھا مصفی شرح موطا شاہ ولی اللہ میں ہے کہ اکابر محدثین مثل احمد۔ بخاری۔ مسلم۔ ترمذی۔ نسائی ابو داؤد۔ ابن ماجہ نے ابو حنیفہ کو قابل روایت خیال نہیں کیا۔ تاریخ ابن خلکان میں ہے کہ ابو حنیفہ نے کہا کہ میں نے شریعت کے تین مسئلے ایک حجام سے سیکھے۔ جبکہ وہ میری حجامت بنا رہا تھا۔

مذہب ابو حنیفہ

قیاس ایسی منحوس چیز ہے جو اسلامی شریعت کے حق میں زہر ہلاہل کا حکم رکھتی ہے۔ اور افسوس ہے کہ یہی چیز مذہب سنی کی جان ہے۔ ابو حنیفہ کو اس سے خاص انس تھا۔ امام صادقؑ نے ابو حنیفہ کو بہت سمجھایا کہ قیاس سب سے اول شیطان نے کیا تھا جس کے صلہ میں وہ مردود ابدی ہو گیا۔ مگر بمصداق "زرو میخ آہنی در سنگ" ہیچ اثر نہ ہوا۔ ایک دفعہ حضرت صادقؑ نے ابو حنیفہ سے فرمایا کسی شخص کو قتل کر دینا امر عظیم ہے یا زنا۔ ابو حنیفہ نے کہا قتل انسان امر اعظم ہے۔ حضرتؑ نے فرمایا پھر قتل میں دو گواہ۔ اور زنا میں چار گواہ کیوں ضروری ہیں۔ پھر حضرتؑ نے فرمایا۔ خدا کے نزدیک روزہ امر اعظم ہے یا نماز۔ ابو حنیفہ نے کہا نماز امر اعظم ہے۔ حضرتؑ نے فرمایا پھر کیا وجہ ہے کہ عورتوں کو حکم ہے کہ روزہ کی قضا کریں۔ مگر نماز کے لئے یہ حکم نہیں ہے۔ پس تمہارا قیاس کیا ہوا۔

غنیۃ الطالبین شیخ عبد القادر گیلانی ص ۲۰۰ پر ہے کہ فرمایا آنحضرتؐ نے میری امت بہتر فرقوں پر متفرق ہوگی جس میں سب سے اعظم فتنہ میں وہ ہوگا۔ جو قیاس کریگا۔ اور حلال کو حرام اور حرام کو حلال کریگا۔

الفاروق مولوی شبلی نعمانی ص ۲۹۳ پر ہے کہ سب سے اول جسنے قیاس کی بنیاد ڈالی وہ عمر بن خطاب ہے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

شارح منہاج لکھتا ہے کہ امام محمد باقرؑ اور امام صادقؑ قیاس کے منکر ہیں۔ دراسات اللبیب میں ہے کہ تمام آئمہ اہلبیتؑ قیاس کے منکر ہیں۔

میزان الشعرانی میں ہے کہ دین کے مسائل میں قیاس کرنا ایسا بدترین فتنہ ہے جس کی وجہ سے دین کی بنیادیں گر جاتی ہیں۔ مقدمہ ہدایہ مولوی عبدالحق میں ہے کہ مسائل شرح میں قیاس کرنا حلال کو حرام اور حرام کو حلال بنا دیتا ہے۔ دراسات اللبیب میں ہے کہ حضرت صادقؑ نے ابوحنیفہ سے فرمایا کہ جس نے اول خدا کے حکم میں قیاس کیا وہ شیطان تھا۔

وفیات الاعیان ابن خلکان جلد دوم صفحہ ۲۱۶ پر ہے کہ امام ابن حزم کہتا ہے۔ دو مذاہب نے بذریعہ حکومت و ریاست رواج پایا۔ مذہب ابوحنیفہ و مذہب مالک بن انس۔

امام غزالی نے منخول میں لکھا ہے کہ ابوحنیفہ نے مذہب کے ۲/۳ حصہ میں غلطی کی۔ اور یہی وجہ ہے کہ پہلے اماموں نے اس پر طعن کیا ہے۔ خطیب ابوبکر نے تاریخ بغداد میں لکھا ہے۔ کہ امام بخاری کے استاد شیخ حمیدی نے ابوحنیفہ پر کفر کا فتویٰ لگایا۔

امام غزالی نے منخول میں لکھا ہے کہ ابوحنیفہ نے شریعت کو درہم برہم کر دیا۔ قاضی ابوبکر لکھتا ہے کہ ابوحنیفہ نے شریعت محمدؐ کی شکل بدل ڈالی۔ شبلی نعمانی نے سیرت النعمان میں لکھا ہے۔ کہ ابوحنیفہ نے رومیوں کے مسائل شریعت اسلام میں داخل کر دیئے۔ ابوحنیفہ کا مذہب سلطنت کے اغراض سے وابستہ تھا۔

نصر بن شمیل نے کتاب جمیل میں لکھا ہے کہ امام شافعی کا قول ہے کہ ابوحنیفہ نے اسلام میں ایسے امور داخل کئے جو مخالف اسلام ہیں۔ اور امام مالک کا قول ہے کہ اسلام میں ابوحنیفہ کے مسائل کا نقصان شیطان کے نقصان سے زیادہ ہے۔ اور ابن مہدی کا قول ہے کہ اسلام میں ابوحنیفہ کی خرابی دجال کے فتنہ سے زیادہ ہے۔

اقوال ابوحنیفہ

مسند امام احمد حنبل میں سورہ ق آیہ نمبر ۲۳ "القیا فی جہنم کل کفار عنید" کے بارہ میں لکھا ہے کہ شریک بن عبداللہ کا بیان ہے کہ ہم لوگ ابو محمد اعمش کے مرض الموت میں عیادت کو گئے کہ اتنے میں وہاں ابوحنیفہ اور ابن ابی لیلی اور ابن شبرمہ بھی آ گئے ابوحنیفہ نے ابو محمد اعمش سے کہا کہ تم نے علیؑ کے بارہ میں ایسی ایسی حدیثیں بافقدر و منزلت کی روایت کی ہیں کہ اگر تم خاموش رہتے تو بہتر ہوتا۔ ابو محمد اعمشؒ کر

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

تکیہ کے سہارے بیٹھ گیا۔ اور کہا۔ مجھ سے ابو المتوکل نے ابو سعید خدری سے روایت کی ہے کہ فرمایا آنحضرتؐ نے کہ قیامت کے روز مجھ کو اور علیؑ کو حکم دیا جائیگا کہ تم اپنے دوستوں کو بہشت میں اور اپنے دشمنوں کو جہنم میں داخل کرو۔

فقہ اکبر ص۱ اور شرح فقہ اکبر ملا علی قاری حنفی ص۱۰۵ اور شرح عقائد نسفی مطبوعہ نولکشور ص۹ پر ہے کہ ابو حنیفہ کے نزدیک انبیاء اولیا اور ملائکہ بلکہ تمام نیکوں اور بدوں کا ایمان برابر ہے کسی کے ایمان میں کچھ کمی زیادتی نہیں۔

ترجمہ مشکوٰۃ شیخ عبد الحق دہلوی مطبوعہ نولکشور ص۲۱۱ پر ہے کہ ابو حنیفہ کے نزدیک مدینہ منورہ حرم یعنی جائے عزت نہیں ہے۔

رد المختار ص۲۷۹ اور ہدایہ جلد اول ص۵۷۴ اور شرح وقایہ ص۱۸۳ اور کنز مطبوعہ احمدی ص۱۵۲ پر ہے کہ ابو حنیفہ کے نزدیک اگر کوئی ذمی یعنی جذیہ ادا کرنے والا رسول اللہؐ کو گالی دے تو قابل قتل نہیں ہے ہدایہ جلد اول ص۵۷۶ اور شرح وقایہ ص۱۸۳ اور کنز الدقائق ص۱۹۲ پر ہے کہ ابو حنیفہ کے نزدیک اگر کوئی ذمی جزیہ دینے سے انکار کر دے یا کسی مسلمان کو مار ڈالے یا کسی مسلمان عورت سے زنا کرے تو بھی اس کا عہد ذمی ہونے کا نہیں ٹوٹتا یعنی مسلمانوں پر اس کے مال اور جان کی حفاظت واجب ہے۔

ہدایہ شرح وقایہ۔ در المختار۔ منیہ قدوری کیدانی وغیرہ کی کتاب الصلوٰۃ میں ہے۔ کہ ابو حنیفہ کے نزدیک نماز میں سورہ فاتحہ پڑھنی فرض نہیں ہے نماز میں خواہ امام ہو یا مقتدی یا اکیلا ہو اور نماز خواہ جہری ہو یا خفی۔

ہدایہ شرح وقایہ منیہ۔ کیدانی۔ قدوری وغیرہ کی کتاب الصلوٰۃ میں ہے کہ ابو حنیفہ کے نزدیک رفع یدین کرنا وقت رکوع میں جانے اور رکوع سے سر اٹھانے اور تیسری رکعت میں ہاتھ باندھنے درست نہیں ہیں۔ ہدایہ جلد اول ص۸۲ شرح وقایہ ص۱۳۹ رد المختار جلد اول ص۴۱۱ عالمگیری ص۲۶ و ص۲۷ کنز الدقائق۔ قدوری میں ہے۔ کہ ابو حنیفہ کے نزدیک قومہ یعنی رکوع سے اٹھ کر سیدھا کھڑا ہونا۔ اور قعود یعنی پہلے سجدہ سے اٹھ کر سیدھا بیٹھنا اور جلسہ استراحت یعنی پہلی اور تیسری رکعت میں دونوں سجدوں سے اٹھ کر سیدھا بیٹھ کر کھڑا ہونا کوئی بھی فرض نہیں ہے۔ ہدایہ جلد اول ص۱۰۱ عالمگیری جلد اول ص۲۶ پر ہے کہ ابو حنیفہ کے نزدیک نماز کو آہستگی سے اور ٹھہر ٹھہر کر پڑھنا فرض نہیں ہے۔

ہدایہ جلد اول ص۳۳۳ شرح وقایہ ص۱۰۶ کنز ص۱۰۵ رد المختار جلد دوم ص۳۰۳ عالمگیری جلد اول ص۱۲۷ پر ہے کہ ابو حنیفہ کے نزدیک بچہ کو اڑھائی برس تک ماں کا دودھ پلانا حلال ہے۔ فتاوی عالمگیری جلد پنجم ص۱۳۲ جامع الصغیر میں ہے کہ ابو حنیفہ کے نزدیک عقیقہ کرانا جائز نہیں بلکہ مکروہ ہے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہدایہ جلد اول ص۲۱۳ شرح وقایہ ص۶۱ کنز ص۶۵ رد المختار جلد دوم ص۸۱ عالمگیری جلد اول ص۶۲ قاضی خاں جلد اول ص۹۷ پر ہے کہ ابو حنیفہ کے نزدیک فرضی روزہ کی نیت بجائے رات کے دن کو زوال کے وقت تک کر سکتے ہیں۔

شرح فقہ اکبر ملا علی قاری ص۹ پر ہے کہ ابو حنیفہ سے کسی نے پوچھا کہ مذہب اہلسنت والجماعت کیا ہے کہا کہ ابو بکر اور عمر کو سب سے افضل مانیں عثمان و علی سے الفت رکھیں مسح علی الخفین جائز مانیں۔ ہر فاسق و فاجر کے پیچھے نماز پڑھ لیں۔

ابن جوزی نے کتاب منتظم میں لکھا ہے کہ ابو حنیفہ کہا کرتا کہ اگر رسول اللہ میرے زمانہ میں زندہ ہوتے تو میرے بہت اقوال پر عمل پیرا ہوتے۔

در مختار میں ہے کہ جب حضرت عیسٰی آسمان چہارم سے نزول فرمائیں گے تو عیسٰی اور مہدی ابو حنیفہ کی پیروی کرینگے اور ابو حنیفہ کا قول ہے کہ فرعون طاہر و مطہر تھا۔ کتاب مختار مختصر تاریخ بغداد میں ہے کہ ابو حنیفہ کا قول ہے کہ ابو بکر کا ایمان اور شیطان کا ایمان برابر ہے اور ایک دفعہ ابو حنیفہ کو رسول پاک کی حدیث سنائی گئی جو اس کے اپنے اجتہاد کے خلاف تھی۔ اس نے کہا کہ اس حدیث کو خنزیر کی دم سے چھیل ڈالو۔

رد المختار ص۱۲۵ پر ہے کہ کتا نجس العین نہیں ہے یہی قول امام ابو حنیفہ کا ہے اور اسی پر فتویٰ ہے۔ اگرچہ بعض نے نجاست کو ترجیح دی ہے۔ لہذا اس کا بیچنا اجرت پر لینا دینا سب جائز ہے۔ اس کی کھال کا مصلے بنا سکتے ہیں اور نیز ڈول (پانی بھرنے کے لئے) بنا سکتے ہیں۔ اور اگر اس کو گود میں لے کر نماز پڑھی جائے تو نماز باطل نہیں ہوتی۔

تحفہ حنیفہ

شرح فقہ اکبر ملا علی قاری ص۸۶ پر ہے۔ کہ فرض کرو۔ اگر کسی شخص نے ابو بکر یا عمر یا عثمان یا علی کو قتل کر دیا تو بھی وہ مسلمانی سے خارج نہیں ہوتا۔

شرح فقہ اکبر ملا علی قاری ص۸۸ پر ہے کہ فرض کرو۔ کہ اگر کوئی شخص امام حسین علیہ السلام کے شہید کر دینے کا حکم دیدے تو بھی وہ شخص کافر نہیں کہا جا سکتا۔

امام فخر الدین رازی ترجیح مذہب شافعی میں لکھتا ہے کہ حنفیوں کے نزدیک جائز ہے کہ گوز کر کے نماز تمام کرے حالانکہ یہ ایسا امر ہے کہ کوئی فاسق مسلمان بھی اس کا ارتکاب نہیں کرتا۔ بلکہ اگر کوئی ایسا کرے تو وہ ملحد ہے کہ اس نے دین شریعت کو ذلیل کیا۔ ایسی فضیحت بھری نماز سے ترک نماز بہتر ہے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

تمیز الملواہب فی اختلاف المذاہب سیوطی مغیث الخلق فی اختیار الحق امام الحرمین جوینی رسالہ ترجیح مذہب شافعی امام رازی میں ہے کہ اگر کتے کی کھال کا پہنا ہوا کچھ حصہ نجاست سے آلودہ کر لیا جائے اور شراب نبیذ سے بے ترتیب وضو کر لیا جائے اور بغیر نیت تکبیر الاحرام کہہ کر نماز کو کسی بھی زبان میں شروع کر دیا جائے۔ اور دو تو سجدوں میں بلا فاصلہ صرف کوؤں کی طرح دو ٹھونگیں لگائی جائیں اور نماز کے اختتام پر بجائے سلام کہنے کے گوز لگا دیا جائے۔ تو ابو حنیفہ کے نزدیک سب سے چھوٹی اور درست نماز ہے۔

غایت الاوطار جلد دوم ص۲۴ فتح القدیر جلد دوم ص۳۳۵ پر ہے کہ اگر ایک مرد ملک مغرب میں اور ایک عورت ملک مشرق میں ایک سال کی مسافت پر بیٹھے ہوں۔ اور ان دونوں کا نکاح کسی طرح پڑھ دیا گیا۔ اب اگرچہ اس مرد مغربی کو اس عورت مشرقی سے صحبت کرنے کی نوبت نہیں آئی پھر بھی تاریخ نکاح سے چھ مہینے بعد بھی اگر وہ عورت بچہ جنے تو وہ بچہ صحیح النسب ہوگا۔ بلکہ اس مرد کی کرامات سمجھی جائیگی۔

رد المحتار شرح تنویر الابصار جلد اول مطبوعہ مصر ص۲۱۰ پر ہے کہ خانیہ میں ہے کہ بخاری میں جو یہ حدیث آئی ہے کہ حضرت نے فرمایا جن چیزوں کو خدا نے حرام کیا ہے ان میں شفا نہیں ہے اس سے یہ لازم ہے جن چیزوں میں شفا ہے وہ حرام نہیں ہیں جیسا کہ پیاسے کے لئے شراب حلال ہے۔

درمختار ص۱۴۲ پر ہے کہ سور کے بال پاک ہیں۔

رد المحتار جلد دوم ص۱۰۱ پر ہے کہ اگر قبل نیت یا بعد نیت روزہ رکھ کر کھا لے پی لے یا جماع کرے تو روزہ درست ہے صرف نسیان ہونا چاہیئے۔

رد المحتار جلد دوم ص۱۰۱ پر ہے کہ اگر کوئی یاد دلائے کہ تم روزہ سے ہو اس پر بھی وہ کھالے تو بعض کہتے ہیں کہ اس کا روزہ درست ہے اور جو لوگ روزہ کے باطل ہوجانے کے قائل ہیں وہ بھی کفارہ نہیں مانتے

رد المحتار جلد دوم ص۱۰۱ پر ہے کہ اگر فرج کی طرف کئی بار نظر کرے اور انزال ہوجائے یا اسی فکر میں ڈوبا ہے اور انزال ہو جائے تو روزہ نہیں ٹوٹتا۔

رد المحتار جلد دوم ص۱۰۲ پر ہے کہ اگر کوئی روزہ دار لکڑی اپنی مقعد میں داخل کرے اس طرح پر کہ اس کا کچھ حصہ مقعد سے باہر رہ جائے تو روزہ درست ہے لیکن اگر لکڑی تمام کی تمام غائب ہوجائے تو روزہ ٹوٹ جاتا ہے۔

رد المحتار جلد دوم ص۱۰۲ پر ہے کہ اگر روزہ دار خشک انگلی مقعد یا فرج میں داخل کرے تو روزہ درست ہے لیکن تر انگلی داخل کرنے سے روزہ فاسد ہوجاتا ہے۔

رد المحتار جلد دوم ص۱۰۳ پر ہے کہ اگر لکڑی یا حقنہ میں بتی باندھ کر حلق تک یا پیٹ میں داخل کر دیا

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جاوے بشرطیکہ وہ ساکن وہ باہر رہے تو روزہ درست ہے۔

ردالمختار جلد دوم صفحہ ۱۰۳ اور فتاوے قاضی خاں مطبوعہ نولکشور جلد اول صفحہ ۱۰۳ پر ہے کہ اگر بحالت روزہ عضو تناسل کو کسی جانور یا مردہ کی فرج میں داخل کیا جائے انزال ہو یا نہ ہو روزہ درست ہے۔

ردالمختار جلد دوم صفحہ ۱۰۳ پر ہے کہ اگر دو عورتیں مساحقہ کریں اور انزال ہو جائے تو روزہ نہیں ٹوٹتا۔

شرح بخاری عینی کتاب التفسیر میں ہے کہ امام مالک نے کہا جو شخص دین میں میرا اقتدا کرتا ہے اسکی نسبت مجھے شبہ نہیں کہ وہ وطی فی الدبر نسواں کی حلت میں شک کرے۔

درمنثور میں ہے کہ امام شافعی سے وطی فی الدبر کا استفادہ کیا گیا۔ امام شافعی نے کہا۔ رسول اللہ سے نہ اس فعل کی حلت ثابت ہے اور نہ حرمت اور قیاس اسکی حلت پر دلالت کرتا ہے۔ اسی درمنثور میں امام شافعی کا مناظرہ صحیح ہے۔ جو استے اپنے رقیب والد امام محمد شاگرد امام ابو حنیفہ سے کیا تھا جس میں شافعی نے وطی فی الدبر ثابت کر دیا تھا۔ نیز امام ابو حنیفہ کے استاد فقہ محمد بن منکدر اور عبدالرحمان بن قاسم اور ابن ابی ملیکہ وغیرہ جو تمام ثقہ اور تابعین کے نامی راوی ہیں۔ وطی فی الدبر نسواں کی حلت کے قائل تھے اور ان میں بعض اس فعل کے عامل بھی تھے۔

درمنثور میں ہے کہ ایک دن ابن ابی ملیکہ سے وطی فی الدبر نسواں کا استفادہ کیا گیا اس نے کہا کہ شب گذشتہ میں نے خود اس فعل کا ارادہ کیا جب دخول دشوار ہوا تو روغن سے مدد لی گئی۔

عینی نے شرح ہدایہ میں لکھا ہے کہ اگر کوئی شخص اپنی زوجہ یا غلام یا لونڈی سے وطی فی الدبر کرے تو اس پر حد نہیں ہے۔ اکثر فقہا نے اس فعل کے ارتکاب پر بغیر انزال غسل تک کا بھی حکم نہیں دیا اور بعض فقہا کے نزدیک اس فعل سے وضو بھی نہیں ٹوٹتا۔

ہدایہ صفحہ ۳۹۹ اگر کوئی شخص عورت یا مرد سے لواطت کرے تو ابو حنیفہ کے نزدیک اس پر حد نہیں اور جو چوپائے سے کرے۔ اس پر بھی حد نہیں۔

امام ابو یوسف کی شکایت کا قصہ ابن حجر عسقلانی نے نظام شاعر کی زبانی لسان المیزان ترجمہ ابو یوسف میں ابو اسحاق شیرازی کی کتاب القاب سے نقل کیا ہے وہ یہ ہے کہ جب یعقوب یعنی امام یوسف دفن ہو چکا۔ تو اس کی قبر پر نظام شاعر نے یہ اشعار پڑھے جنکا حاصل یہ ہے ابو یوسف نے اپنے قیاس سے شراب کو حلال کیا۔ قیاس کی طرف اس قدر رغبت کی۔ کہ ہمارے لئے حرمت مدام کے بعد اس کا حلال ہونا ثابت کر دیا۔ اگر ابو یوسف کو جلد موت نہ آتی تو وہ زنا اور غلاموں کی لواطت کو ہمارے لئے حلال کر جاتا ناظرین! اسحاق شیرازی خطیب بغدادی کا استاد ہے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نہیں ہے۔ سوائے اس کے کہ میں نے حضرت (علی علیہ السلام) کے ساتھ ہو کر (جنگ صفین میں) فرقہ باغیہ کے خلاف جنگ نہ کی۔

ملل والنحل مطبوعہ لندن صفحہ ۱۰۳ پر ہے کہ قیس بن ابی حازم کہتا ہے کہ ہم حضرت علی علیہ السلام کے ہر جنگ میں اور ہر حال میں شریک تھے یہاں تک کہ جنگ صفین میں حضرت علی علیہ السلام نے اپنے لشکر سے کہا۔ کوچ کرو اس قوم کی طرف جو لقبیہ احزاب سے ہے (کافر اور ملعون ہے) اور ان لوگوں کی طرف جو کہتے ہیں خدا اور اس کے رسولؐ نے جھوٹ کہا۔ (صرف ظاہری مسلمان ہیں)

معاویہ اور یزید یعنی باپ بیٹا دونو مجہول النسب تھے معاویہ عداوت اہلبیت علیہم السلام میں خاص امتیاز رکھتا ہے اہلسنت کا تاریخ دان اور انصاف پسند طبقہ اب معاویہ سے بیزار ہو رہا ہے مگر وہابیوں اور مرزائیوں کے سیاہ دل گروہ اس کے حد درجہ دلدادہ اور شیفتہ ہیں۔

امام حسنؑ اور حضرت علیؑ کی شہادت اور امام حسینؑ اور آپ کے احباب اور اقربا کی شہادت اور خاندان رسولؐ کی رسوائی کا بانی مبانی یہی ناپاک ہستی تھی۔

شراب بالاعلان پیتا تھا اور ناچ رنگ کا متوالا تھا بہت پیٹو اور فربہ تھا اور اس کا پیٹ لٹک کر اس کے رانوں پر پڑتا تھا۔

اس نے تمام مملکت میں حکم جاری کر رکھا تھا کہ بعد از نماز جمعہ ہر خطیب خود بھی حضرت علی پر (خاکم بہ دہن) لعنت کیا کرے اور دوسرے لوگوں کو اس فعل مذموم کے ارتکاب پر حکماً مجبور کرے۔ اور جو شخص اس حکم کی خلاف ورزی کرے اسکو قتل کر دیا جائے نیز اس کا یہ بھی حکم تھا۔ کہ تمام رعایا امام حسنؑ اور امام حسینؑ اور جناب سیدہؑ پر (خاکم بہ دہن) لعنت کیا کریں۔

حضرت علیؑ کو قتل کرنے کے ارادے سے کئی دفعہ حملہ آور ہوا یہی شخص اہلسنت والجماعت کے نام کا موجد ہے۔ اس کے عہد حکومت میں ثلاثہ کی منقبت اور اہلبیت علیہم السلام کی توہین میں ہزارہا جھوٹی احادیث وضع کی گئیں۔

معاویہ ثلاثہ کی طرح ہمیشہ اپنے آبائی مذہب پر عمل سے قائم رہا اس کے طرز عمل سے اس کا کفر اور ارتداد صاف ظاہر ہے متعدد بدعات کو رواج دیا۔ اور اپنی زندگی ہی میں یزید کو خلاف عہد نامہ اپنا جانشین بنا کر راہی ملک عذاب ہوا۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

فضائل و شہادت حضرت عمار یاسرؓ

وفاء الوفاء صفحہ ۲۲۵ اور تاریخ خمیس جلد اول صفحہ ۳۸۹ پر ہے کہ امام یحییٰ اور زہری اور مجید سے روایت ہے کہ ام سلمہ نے فرمایا کہ جب حضرتؐ نے مسجد کی تعمیر شروع کی تو خود آنحضرتؐ نے اینٹ وغیرہ اٹھانا شروع کر دیا۔ دوسرے مہاجرینؓ انصار نے بھی اینٹ گارا وغیرہ اٹھانا شروع کر دیا۔ عثمان بن عفان خوش پوشاک شخص تھا۔ یہ کام کرنے میں کپڑوں پر گرد و غبار پڑنے کا خیال رکھتا اور صاف کرتا اس پر پہلے حضرت علی علیہ السلام نے اور پھر حضرت عمارؓ نے یہ فرمایا کہ جو شخص تعمیر مسجد میں اس طرح مشغول ہو کہ کھڑا ہو کر اور بیٹھ کر وہ ڈھوئے اس کے برابر وہ شخص نہیں ہو سکتا جو اپنے کپڑے جھاڑتا اور صاف کرتا ہے عثمان نے حضرت عمارؓ کو ڈنڈا دکھایا اور زدو کوب کی وجہ سے چہرہ بگاڑنے کی دھمکی دی۔ اس پر آنحضرتؐ غضبناک ہوئے اور فرمایا کہ عمارؓ ہماری آنکھ اور ناک کے درمیانی جسم کے برابر ہے جس نے اس کو ایذا دی۔ اس نے ہم کو ایذا دی۔ پھر آنحضرتؐ نے عمارؓ کا ہاتھ پکڑا اور تمام مسجد میں گھومے اور عمارؓ کے سر کے بالوں کی مٹی صاف کرتے اور فرماتے تھے کہ اے سمیہ (عمار یاسر) تجھ کو ہمارے اصحاب قتل نہیں کرینگے۔ بلکہ تو ایک باغی فرقہ سے قتل ہوگا۔

سورہ زمر آیہ نمبر ۲۱ افمن شرح اللہ صدرہ للاسلام ۔۔۔ بقول معصومین علیؑ و حمزہؓ و عمارؓ ہیں۔

روضۃ الصفا جلد ثانی صفحہ ۲۲ اور ابو الفدا جلد ثالث صفحہ ۲۲۶ اور استیعاب صفحہ ۴۳۶ اور نسائی ابن مسعود اور مطالب السئول ابن طلحہ شافعی اور کتاب المرتضیٰ صفحہ ۱۲ بحوالہ ابن حجر عسقلانی لکھا ہے کہ فرمایا آنحضرتؐ نے کہ اے عمارؓ۔ تم کو گروہ جہنمی قتل کرے گا۔

استیعاب جلد دوم صفحہ ۴۳۵ پر ہے کہ فرمایا رسول اللہؐ نے کہ بہ تحقیق عمارؓ کا دل ایمان سے بھرا ہے اور یہ سر سے پاؤں تک ایمان میں ڈوبا ہوا ہے جو عمارؓ سے دشمنی کرے اس نے خدا سے دشمنی کی۔ ترمذی معہ ترجمہ مطبوعہ نولکشور جلد دوم صفحہ ۵۹۱ پر ہے کہ فرمایا آنحضرتؐ نے کہ بہ تحقیق جنت تین شخصوں کا مشتاق ہے یعنی علیؑ و عمارؓ و سلمانؓ کا استیعاب جلد دوم صفحہ ۴۳۵ پر ہے کہ عمارؓ اور عمارؓ کی والدہ سمیہ اور عمارؓ کا باپ یاسر ایک ہی وقت اسلام لائے جس کی وجہ سے سمیہ کو ابوجہل نے شہید کر دیا۔ اور مرحومہ اسلام میں سب سے پہلی شہیدہ کہلائیں یاسر کو کفار نے اتنا زدو کوب کیا کہ جاں بحق ہو گیا۔ عمارؓ نے تقیہ سے جان بچائی جس کی تعریف میں آیہ قرآنی کا نزول ہوا پھر اسی صفحہ پر ہے کہ عائشہ نے کہا کہ ہم چاہتے تو

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

تمام صحابہ رسولؐ کے بارہ میں کچھ کہہ سکتے (مذمت میں وضعی حدیث بنا سکتے) بہ استثناء عمار جس کے بارہ میں رسول اللہ نے فرمایا کہ سر سے قدموں کے تلوے تک ایمان سے بھرا ہوا ہے ص۲۳۶ پر ہے۔ کہ عمارؓ حضرت علی علیہ السلام کی طرف سے لڑکر جنگ صفین میں سنہ ۳۷ ہجری میں شہید ہوا۔ اور حضرت علی علیہ السلام نے اس کو بلا غسل وکفن اس کے اپنے کپڑوں میں دفن کیا۔

قلائد الجواہر ص۱۹ پر ہے کہ شیخ کے جسم پر مکھی نہ بیٹھتی تھی۔ قلائد الجواہر ص۲۲ پر ہے کہ شیخ نے پڑھا جو ہر ایک انسان کی پیشانی پہ ہے۔ قلائد الجواہر ص۲۵ پر ہے کہ شیخ کے وجود کی وجہ سے خدا زمین کو قائم رکھے گا۔

قلائد الجواہر ص۳۳ پر ہے کہ میں (شیخ) نے خواب میں دیکھا کہ عائشہ بنت ابوبکر کی گود میں ہوں اور اس کے دائیں پستان کا دودھ پی رہا ہوں پھر عائشہ نے مجھے بائیں پستان کا بھی دودھ پلایا۔

قلائد الجواہر میں ہے کہ شیخ نے ایک مردہ چیل کو زندہ کر دیا۔

خلاصۃ الانساب مطبوعہ ریاست جے پور ماہ اپریل ۱۹۱۴ء میں ہے کہ شیخ یکم رمضان ۴۷۰ھ کو پیدا ہوا اور ۵۶۱ھ کو فوت ہو گیا۔ نیز اسی کتاب میں لکھا ہے کہ شیخ کی مجلس وعظ میں ملائکہ اور ارواح انبیاء و روح رسول مقبول شریک ہوتے اور بطور شاگرد فیض حاصل کرتے۔

حیات جاودانی ص۱۳ پر ہے کہ شیخ نے خواب میں عائشہ کا دودھ پیا۔ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ شیخ میرا فرزند ہے۔

روضات میں ہے کہ ہر ایک ولی کسی نبی کے قدم پر ہوتا ہے۔ اور میں (شیخ) رسول اللہ کے قدم پر ہوں حضرت نے کوئی قدم نہیں اٹھایا کہ اسی جگہ میں نے اپنا قدم نہ رکھا ہو اور یہ وہ مقام ہے کہ جہاں سوائے نبی کے اور کوئی نہیں پہنچ سکتا۔ پھر لکھا ہے کہ مجھے علم لدنی کے ستر دروازے عطا ہوئے ہیں جن میں سے ہر ایک دروازے کی وسعت زمین اور آسمان کے درمیانی فاصلے کے برابر ہے اور میرا رتبہ انسانی عقلوں سے باہر ہے پھر لکھا ہے کہ مجھے مشرق سے مغرب تک کل زمین عطا کی گئی اور مجھے قطب ملا۔

خزینۃ الاصفیا میں ہے کہ انسانوں اور جنات اور فرشتوں کا شیخ (سردار) ہوں۔ قلائد ص۹۳ پر ہے کہ شیخ کا لباس نہایت قیمتی ہوا کرتا تھا جب اعتراض کیا گیا۔ تو کہا۔ کہ ایک ہزار موت کے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بعد (تتا شیخ) یہ لباس اختیار کیا گیا ہے۔

قلائد صفحہ ۹ پر ہے کہ ایک دفعہ ایک بیل نے شیخ کو کہا۔ کہ تو اسلئے پیدا نہیں ہوا ہے پر شیخ گھبرا کر واپس آیا اور اپنے گھر کی چھت پر چڑھ کر دیکھا کہ لوگ عرفات کے میدان میں جمع ہیں۔ قلائد صفحہ ۱۰ پر ہے کہ شیخ کے جسم سے روشنی ساطع ہوتی اور فرشتے زمین پر اترتے اور شیخ سے مصافحہ کرتے اور کہتے تو شاہد و مشہود ہے۔

قلائد صفحہ ۱۱ پر ہے کہ شیخ امام احمد حنبل کی زیارت کو اس کی قبر پر گیا۔ تو وہ قبر سے نکل آیا۔ اور اس کو سینہ سے لگایا۔ تو اس نے کہا اے شیخ میں علم شریعت و علم حقیقت و علم حال میں تمہارا محتاج ہوں۔ صفحہ ۳۲ پر ہے کہ جب شیخ حج کو گیا۔ تو ایک لڑکی ملی جو آپ کی طرح ولی تھی۔ اس نے کہا۔ آپ کے لئے ایک نورانی خیمہ نصب کیا گیا جس کا طواف ملائکہ کرتے ہیں۔

ناظرین! شیخ نے ایک نماز اختراع کی ہے جس کی ترکیب یہ ہے کہ دو رکعت نماز بعد نماز مغرب پڑھو۔ بعد اس میں گیارہ مرتبہ قل ہو اللہ پڑھ کر آنحضرتؐ پر درود بھیجو اور پھر بغداد کی طرف گیارہ قدم آگے بڑھو اور شیخ کا نام لو۔ اور اپنی حاجت بیان کرو۔ پس تمہاری حاجت یقیناً پوری ہوگی۔

گلدستہ کرامات میں ہے کہ شیخ کا ایک مرید فوت ہو گیا۔ اس کی ماں نے شیخ سے کہا کہ اس کو دوبارہ زندہ کر دیجئے۔ شیخ نے ملک الموت کو حکم دیا۔ کہ میرے مرید کی روح واپس کر دو جب ملک الموت نے نہ مانا۔ تو شیخ نے زبردستی اس سے وہ زنبیل چھین لی جس میں بیشمار روحیں تھیں اور زنبیل کا منہ کھول دیا اور تمام روحوں کو آزاد کر دیا جس کی وجہ سے بیشمار مردے زندے ہو گئے۔

شیخ نے شب معراج آنحضرتؐ کو کندھا دیا۔ اور شیخ نے بارہ سال کی ڈوبی ہوئی برات کو پھر دریا سے زندہ نکال دیا۔ شیخ نے ہی یعقوبؑ سے یوسفؑ کو ملایا تھا۔ ایک ہندو شیخ کی گیارھویں دیا کرتا تھا۔ جب مر گیا تو خدا نے اس کو بخش دیا۔ شیخ نے ستر ہزار بچوروں کو صرف ایک نظر سے اولیا اللہ بنا دیا۔ شیخ ہر روز پھیری لگاتے اور کئی منوں آٹا کھا جاتا تھا۔

شیخ کا ایک مرید فاسق اور فاجر تھا۔ شیخ نے اس کے حق میں مغفرت کی دعا کی۔ باری تعالےٰ سے ندا آئی۔ کہ اس شخص کے حق میں تیری دعا مقبول نہیں۔ اس پر شیخ نے ناراض ہو کر بغداد کو چھوڑ دینے کا ارادہ کر لیا۔ ابھی شیخ نے بغداد سے باہر ایک قدم اٹھایا تھا۔ کہ خدا نے ایک ہزار فاسق و فاجر کو بخش دینے کا وعدہ کیا۔ شیخ راضی نہ ہوا۔ پھر شیخ نے دوسرا قدم اور پھر تیسرا قدم اٹھایا۔ تو خدا نے تین ہزار فاسقوں اور فاجروں کو بخش دینے کا وعدہ کیا۔ تب شیخ راضی ہو گیا۔

اقتباس الانوار صفحہ ۱۴ پر ہے کہ شیخ کی ماں کا نام ام الخیر بی بی فاطمہ تھا۔ اور دادا ابی عبد اللہ

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

صومعی کی بیٹی تھی۔ ابی عبداللہ قصبہ جیال کا باشندہ تھا۔ جو طبرستان کے قریب ایران میں واقع ہے اور بغداد سے سات کوس کی مسافت پر ہے یہی وجہ ہے کہ شیخ کو جیلانی یا گیلانی کہا جاتا ہے ناظرین! ایک دفعہ شیخ کے بیٹے عبدالرزاق نے شیخ سے پوچھا کہ آپ کی جائے پیدائش کونسی ہے۔ جواب دیا۔ لا اعلم لہ حقیقۃ یعنی میں اس کی اصلیت نہیں جانتا ہوں۔ سلسلہ قادریہ کے پیرو شیخ کو تیرھواں (۱۳) امام جانتے ہیں۔ حالانکہ یہ عقیدہ حدیث رسول کے سراسر خلاف ہے۔ شیخ بہت دبلا تنگ سیاہی مائل اور داڑھی بہت لمبی چوڑی تھی۔

فوائد الجواہر صفحہ ۲ پر ہے کہ ہر مرغ بولیگا اور چپ ہو جائیگا۔ مگر یہ شیخ جیلانی تمہارا مرغ قیامت تک بولتا رہیگا۔ اسی نام پر عالیجناب معلی القاب محسن المناظرین صدر الواعظین مولینا و مقتدانا حضرت مرزا احمد علی صاحب امرتسری ادام اللہ تعالے فیوضہم نے کتاب مستطاب صحیفۂ حقانی المعروف بہ خروس جیلانی تصنیف فرمائی ہے اور اسی میں سے میں نے اس مجموعہ میں بہت سے مضامین لئے ہیں۔

کتاب تحقیق الطلاب فی معرفۃ عمدۃ الانساب قلمی صفحہ ۲۰ پر ایک خط درج کیا ہے۔ جو ابن میمون الشریف نسابہ نے قاضی ابو صالح کے خط کے جواب میں لکھا ہے جب کہ قاضی ابو صالح نے اس سے درخواست کی کہ میرا نام آل حسن میں داخل کر دے۔ (خط کا مضمون یہ ہے)

بعد سلام واضح ہو کہ ہم تجھے جانتے ہیں کہ تو قاضی ہے۔ اور تیرا باپ عبدالرزاق رجل فقیہ صالح تھا۔ اور تیرا دادا شیخ عبدالقادر شیخ صوفی متقی تھا۔ لوگ ان سے برکت لیتے اور ان کی نیک دعاؤں کی خواہش کرتے تھے لیکن جیسا کہ تو نے خود اپنے بعض خطوط میں لکھا ہے۔ کہ اس کا خاندان بشتبری تھا۔ جو ملتجی ہوتا ہے بشتبریہ اور جو فارس میں ہرامزہ میں سے ایک بطن یعنی خاندان ہے پس تو اللہ سے ڈر اور نسبت اس کے اہل کے لئے چھوڑ دے۔ کتاب نہایۃ الطالب مولفہ سید تاج الدین محمد حسنی اور کتاب منتقلہ مولفہ سید ابو اسمٰعیل ابراہیم حسنی میں بھی شیخ کو بشتبری لکھا ہے۔

اب میں چند معتبر نسابوں کے نام درج ذیل کرتا ہوں جو حسنی و حسینی ہیں اور جنہوں نے شیخ کی سیادت سے انکار کیا ہے۔ اور لکھا ہے کہ شیخ بشتبری تھا۔

سید شجری۔ سید ضیاء الدین ابو الرضی فضل اللہ۔ سید ابو احمد محمد۔ سید سعید ذوی الاعقاب جعفر۔ سید ام سلیم۔ سید ابو البرکات۔ سید قطب ابو عبیدہ ابو الحسین بن سید علم الدین نقیب الطاہر۔ سید ابو القاسم عبداللہ بن سید ابو محمد حسن قاضی دمشق صاحب مبسوط۔ سید مجد الدین محمد بن النقیب علم الدین علی۔ سید ابو طالب جلال الدین عبدالحمید۔ سید جلال الدین بن ابی القاسم بن سید فخر الدین یحییٰ۔ سید ابو الحسن علی۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

قاضی طبرستان از اولاد حضرت عباس علمدار شہید کربلا۔ سید ابو علی عمر سید ابو الغنائم محمد سید ابو الحسن علی سید ابو طالب یحییٰ سید ابو الحسین احمد۔ سید جعفر محمد سید ابو اسمٰعیل ابراہیم۔ سید رضی الدین احمد۔ سید تاج الدین محمد سید ابو الفضائل جمال الدین احمد۔ سید غیاث الدین حسین و سید ابو العباس احمد فرزندان سید ابو تغلب حمید الدین علی سید ابو عبد اللہ حسین۔ سید ابو العباس احمد۔ سید ابو تغلب حمید الدین علیؒ۔

قلائد الجواہر ص۱۸ اور گلدستہ کرامت ص۱۲۹ پر ہے کہ شیخ نے کہا کہ ایک روز بچپن کی حالت میں بحالت خواب مجھے فرشتگان آسمانی خدا کے حکم سے اٹھا کر لے گئے۔ اور مجھے عائشہ زوجہ رسولؐ کی گود میں رکھ دیا۔ عائشہ نے مجھے چھاتی سے لگایا اور اتنا پیار کیا کہ اس کے پستان میں دودھ بھر آیا۔ چھاتیاں میرے منہ میں ڈال دیئے اور میں نے دودھ پیا۔ اتنے میں آنحضرتؐ تشریف لے آئے اور فرمایا یا عائشہ ہذا ولدنا حقا۔ قلائد الجواہر میں ہے کہ شیخ ہوا پر چلا کرتا اور کہا کرتا۔ کہ سورج اور سال اور مہینے اور دن مجھے سلام کرتے ہیں اور مجھے ہر نیک و بد موجودات سے آگاہی حاصل ہے۔ لوح محفوظ کا مطالعہ کرتا ہوں اور خدا کے علم اور مشاہدہ کے سمندروں میں غوطہ زن ہوں۔ تمام ملائکہ اور تمام انس و جان کا شیخ یعنی راہنما ہوں کوئی نبی اور کوئی ولی ایسا نہیں ہے جو میری مجلس میں بطور شاگرد حاضر نہ ہوا ہو قلائد الجواہر ص۳۷ پر ہے کہ امام ذہبی نے تاریخ الاسلام میں اور علامہ عمر بن الحاجب نے کتاب معجم میں لکھا ہے کہ شیخ کا مذہب حنبلی تھا۔ گلدستہ کرامت ص۱۳ پر ہے کہ ایک روز شیخ مراقبہ میں تھا۔ کہ ابو حنیفہ کوفی کی روح آئی۔ اور کہا۔ اے شیخ کیا وجہ ہے کہ تم نے مجھے چھوڑ کر امام حنبل کی تقلید کی ہے۔ ناظرین! شیخ نے فرقہ حنفیہ کو گمراہ قرار دیا ہے مگر حنفیوں کی سادہ لوحی ملاحظہ ہو کہ باوجود اس نسبت فقرہ اور پھبتی کے وہ شیخ پر دل و جان سے فدا ہیں۔ بھلا شیخ کو تو سید بنا دینے کا کچھ اسلئے موقعہ لگ گیا۔ کہ وہ درویشی کے لباس میں تھا۔ اور کچھ اس لئے کہ اس کے پوتے سنے ہے جنید و غوث نے سیادت بھی کر دیا۔ مگر مرزا غلام احمد کی جلد بازی قابل داد ہے کہ جب اس پر اعتراض کیا گیا۔ کہ امام مہدی کا بقول رسولؐ مقبول آل رسولؐ سے ہونا ضروری ہے۔ تو جواب میں کس شوخ چشمی اور دلیری سے یہ کہا کہ میں نے کشف میں دیکھا کہ جناب فاطمہؑ نے میرا سر اپنی مبارک ران پہ رکھا اور فرمایا اے مرزا تو میرا بیٹا ہے۔ ازیں قبل مرزا نے یہ بھی کہا ہے کہ میری دادیوں اور پڑدادیوں میں کئی سید زادیاں ہیں مگر افسوس یہ نہ کہا کہ میرے دادوں اور پڑدادوں میں بہت سید ہیں۔ علاوہ ازیں مرزا غلام احمد رفتہ رفتہ احمد بنا۔ مگر شیخ عبد القادر شدہ شدہ قادر بنا۔ ہر دو سرائی میں دونو یکساں ہیں۔ مگر عداوت اہلبیت میں مرزا کا نمبر ان سب سے بڑھا ہوا ہے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

گلدستہ کرامت صفحہ ۱۰۵ پر ہے کہ ہم نے شیخ کی مجلس میں کئی دفعہ آنحضرتؐ کی زیارت کی۔ بلکہ پیغمبروں کی ارواح وہاں حاضر پائیں اور کئی مرتبہ ملائکہ آسمان کو شیخ کی حضوری میں صف باندھے ہوئے دیکھا اور صفحہ ۱۳۴ پر ہے کہ حضرت سلیمانؑ کی وفات کا وقت قریب آیا تو حضرت نے جنات کے امور انتظام کے لئے خدا سے عرض کی۔ ارشاد ہوا کہ تم سے بعد پیغمبر آخرالزمان کی آل میں سے ایک شخص عبدالقادر نام ہوگا۔ یہ قوم جنات تاقیامت اسکے زیر حکم رہیگی۔ اور صفحہ ۱۲ پر ہے کہ خدا نے شیخ کو مرتبہ صفت قدرت (علی کل شیء قدیر) عطا کیا اور موجودات کے جزو کل پر قادر بنادیا۔ بتمام مقبولان بارگاہ ایزدی پر شیخ کو متصرف کردیا۔ اور حمائل دو جہان کی شہنشاہی بخشدی۔

گلدستہ کرامت صفحہ ۱۰ پر ہے کہ شیخ دور دراز ملکوں سے نہایت قیمتی کپڑے منگا کر پہنا کرتا اور ہر جمعہ تبدیل لباس کیا کرتا۔ صفحہ ۴۵ پر ہے کہ شیخ کے لباس کے لئے ایک گز کپڑا دس دینار یعنی پچاس روپیہ کو خریدا جاتا۔ ایک دفعہ شیخ کے لئے عمامہ ستر ہزار دینار یعنی پانچ لاکھ اور تیس ہزار روپیہ کو خریدا گیا۔ صفحہ ۷ پر ہے کہ شیخ کا جوتا تمام مطلا [illegible] جس میں یاقوت اور زمرد اور الماس جڑے ہوتے اور اسکے تلووں میں چاندی اور سونے کی میخیں ہوتیں۔

تحفۃ الطالبین مطبوعہ مطبع صدیقی لاہور صفحہ ۱۹ پر ہے کہ خدا کے علم سے کوئی مکان خالی نہیں۔ ہو ملیوں کہنا جائز نہیں ہے کہ ہر مکان میں ہے بلکہ یوں کہنا چاہیئے کہ وہ آسمان میں عرش پر ہے۔ صفحہ ۱۳۴ پر ہے کہ جو شخص یہ کہے کہ حروف تہجی حادث ہیں اور قدیم نہیں ہیں۔ وہ کافر ہے صفحہ ۱۳۶ پر ہے کہ حروف تہجی خواہ کلام اللہ میں ہوں یا آدمیوں کے کلام میں ہوں۔ قدیم ہیں۔ اور کن فیکون میں لفظ کن قدیم ہے صفحہ ۱۳۵ پر ہے کہ مومنوں کو ہدایت اور کافروں کو گمراہی اللہ کیطرف سے ہے اور یہ سب خدا کا فعل ہے صفحہ ۱۴۳ پر ہے کہ خیر اور شر اللہ نے پیدا کیا۔ صفحہ ۱۵۰ پر ہے کہ آنحضرتؐ نے خدا کو دو دفعہ یعنی آنکھوں سے دیکھا

گلدستہ کرامت صفحہ ۲۰ پر ہے کہ شیخ نے کہا کہ میں نے خدا کو ایک دفعہ اپنی ماں کی شکل میں دیکھا۔ اور دوسری دفعہ آنحضرتؐ کی شکل میں۔ شیخ کے مرید شیخ کے ۹۹ ناموں کا ورد کرتے ہیں۔ جو خدا کے نام ہیں۔ مثلاً ورد کے چند کلمات یہ ہیں یا ھادی الفہیم یا مفتح المغلقات یا ضیاء السموات والارضین یا قاضی الحاجات یا عبدالقادر یا صاحب القدرۃ یا واھب النعمۃ ارحمنا برحمتک یا ارحم الراحمین۔

اقتباس الانوار صفحہ [illegible] پر بحوالہ التحفۃ القادریہ لکھا ہے کہ شب معراج کو آنحضرتؐ نے شیخ کی روح پر سواری کی اور جب آنحضرتؐ ساتوں آسمانوں کو طے کرکے ساق عرش کے قریب پہنچے تو وہاں

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

حکم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ایسے عظیم اہتمام متعلقہ غدیر کے باوجود نہایت شوخ چشمی اور دلیری سے یہ کہتا ہے کہ اس موقعہ پر آنحضرتؐ کو صرف یہ مطلوب تھا کہ چند ایک مخالفین علیؑ اور علیؑ میں رابطہ آشتی قائم کیا جائے وہ خدا اور رسولؐ کیساتھ تمسخر کرتا ہے اللہ یستہزئ بھم ویمدھم فی طغیانھم یعمھون ۔

شیعہ سنت رسولؐ کے مطابق ۱۸ ذی الحجہ کو عید غدیر مناتے ہیں۔ مگر اہلسنت اس کے مقابلہ میں ۲۶ ذی الحجہ کو عید منانا شروع کیا۔ کیونکہ ۲۶ ذی الحجہ کو آنحضرتؐ مع ابوبکر غار میں داخل ہوئے تھے ناظرین عاشورہ کے آٹھ روز بعد سنیوں نے اپنا علیحدہ عاشورہ قائم کیا۔ کیونکہ اس دن مصعب بن زبیر قتل ہوا تھا مصعب ابوبکر کا نواسہ ہے اسی مصعب نے حضرت امیر مختار بن ابو عبیدہ ثقفی کو قتل کرایا تھا جنہوں نے خون حسنین کا انتقام لیا تھا۔

ذیل میں چند نہایت معتبر اور جلیل القدر محدثین اور علماء اہلسنت کے نام درج کرتا ہوں۔ جنہوں نے واقعہ غدیر کی صحت کو تسلیم کیا۔

امام احمد بن حنبل۔ عبداللہ بن احمد۔ عبداللہ بن محمد بن ابی شیبہ عیسی۔ ابوالعباس نسوی۔ عبدالملک فرکوش ابو اسحاق نیشاپوری۔ اسمٰعیل معروف بہ ابن السمان۔ عبدالکریم سمعانی۔ موفق بن احمد۔ عمر بن محمد یوسف بن قزغلی سبط ابن الجوزی۔ محب طبری۔ ابراہیم بن محمد بن عبداللہ۔ جمال الدین زرندی۔ ابن کثیر۔ علی بن شہاب الدین ہمدانی۔ محمد بن علی مقریزی۔ ابن الصباغ۔ علامہ سیوطی۔ جلیل الدین واعظ۔ محمود بن محمد۔ محمد بن عبدالرسول برزنجی۔ مرزا محمد بن معتمد خاں بدخشی۔ محمد بن صدر عالم۔ محمد بن اسمٰعیل بن صلاح الامیر۔

اب ہم چند ثقہ راویوں کے نام لکھتے ہیں جنہوں نے تسلیم کیا ہے کہ آنحضرتؐ نے حضرت علی علیہ السلام کے سر پر بروز غدیر دستار باندھی۔

سلیمان بن داود۔ عبداللہ بن محمد بن ابی شیبہ۔ احمد بن منیع بغوی۔ احمد بن حسین بن علی بیہقی۔ محب الدین طبری۔ ابراہیم بن محمد جوینی۔ محمد بن یوسف زرندی۔ ابن الصباغ مالکی۔ سیوطی۔ جمال الدین۔ عطاء الدین فضل اللہ محدث۔ علاؤالدین متقی۔ محمود بن علی سبحانی قادری۔ احمد بن محمد قشاس۔

ابن عقدہ۔ معجم صغیر طبرانی اور ابو سعید مسعود بن ناصر سے روایت ہے کہ آنحضرتؐ نے بروز غدیر فرمایا کہ علی (علیہ السلام) امیر المومنین سید المسلمین اور قائد الغر المحجلین ہیں۔

محب الدین طبری نے ریاض النضرۃ فی مناقب العشرہ جلد ۲ ص ۱۷۲ پر لکھا ہے کہ عبدالاعلیٰ ابن عدی نہروانی راوی ہے۔ کہ آنحضرتؐ نے جناب امیر علیہ السلام کو بروز غدیر خم بلایا۔ اور اپنے دست مبارک سے حضرت علی علیہ السلام کے سر پر عمامہ باندھا اور ایک حصہ اس کا جانب پشت لٹکا دیا۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اسد الغابہ میں بروایت ابو اسحاق لکھا ہے کہ بیشمار لوگوں نے بیان کیا کہ حضرت علی علیہ السلام نے رحبہ میں لوگوں کو قسم دی کہ جس نے حدیث من کنت مولاہ فعلی مولاہ کو سنا ہو۔ وہ بیان کرے۔ بہت سے لوگوں نے گواہی دی۔ اور بہت سے لوگوں نے چھپایا۔ یہ چھپانے والے دنیا سے رخصت نہ ہوئے جب تک اندھے نہ ہوئے ہوں۔ یا کسی اور آفت میں مبتلا نہ ہوئے ہوں۔ ان لوگوں میں جن پر مصائب کا نزول ہوا یزید بن ودیعہ اور عبدالرحمٰن بن مدلج بھی تھے۔

سر العالمین امام غزالی مطبوعہ بمبئی مقالہ رابعہ مطہرہ ہے کہ حجت ظاہر ہو گئی اور جمہور نے متن حدیث غدیر پر اجماع کیا کہ آنحضرتؐ نے بروز غدیر فرمایا من کنت مولاہ فعلی مولاہ اس پر عمر بن خطاب نے کہا مبارک ہو مبارک ہو۔ حضرت علی علیہ السلام بخٍ بخٍ اس حالت میں صبح کی ہے کہ ہمارے اور تمامی مومنین اور مومنات کے مولا ہو گئے۔ پس عمر نے صاف صاف اقرار کر لیا کہ حضرت علی علیہ السلام حاکم ہیں اور مسلمین کے لیکن بعد اس کے سلطنت کی محبت اور خلافت کے لالچ نے غلبہ کیا اور شاہنشاہی جھنڈوں کے ہوا میں لہرانے اور فوجوں کے حشم کے ذکر سے۔ فتح امصار کے خیال نے عہد کو پس پشت ڈال دیا۔ اور تھوڑا سا سامان خریدا جو بہت برا تھا اور جب آنحضرتؐ نے بوقت وصال الٰہی فرمایا کہ لاؤ قلم اور کاغذ کہ تمہارے کام کو آسان کر دوں (علاوہ زبانی تاکیدوں کے تحریری تاکید بھی کر دوں تا کہ کما حقہ اتمام حجت ہو جائے) اور بیان کروں اس کو جو میرے بعد امر خلافت کا مستحق ہے تو عمر نے کہا چھوڑو اس شخص کو (نہ رسول اللہ کہا۔ نہ آنحضرت کہا نہ محبوب کبریا کہا۔ صرف اس شخص سے مخاطب کیا جو غایت درجہ کی گستاخی ہے) یہ ہذیان کہہ رہا ہے۔ پس جب تمہارا اور تمام اہلسنت کا یہ تعلق تاویل نقص سے باطل ہو چکا تو اجماع پر بھی۔ حالانکہ اجماع بھی باطل ہے کیونکہ عباس اور انکی اولاد اور حضرت علی علیہ السلام اور انکی اولاد حلقہ بیعت میں نہیں آئے بلکہ خود اصحاب سقیفہ نے بھی خلافت ابو بکر کی مخالفت کی۔

یہ امام غزالی صاحب کی تحریر ہے جس کی نسبت کتب اہلسنتہ یمن بعث اللہ علی راس کل مائۃ علامہ سیوطی میں ہے کہ بعض اکابر علماء جو علم ظاہر و باطن کے جامع ہیں کہتے ہیں کہ آنحضرتؐ کے بعد اگر کوئی نبی ہوتا تو امام غزالی ہوتا۔ اور اس کے معجزات کا ثبوت خود اس کی بعض تصنیفات ہیں۔

کتاب سر العالمین غزالی ہی کی تصنیف ہے اور سنیوں کے عالم ذہبی نے میزان الاعتدال جلد ۱ صفحہ ۳۳۷ ترجمہ الحسن بن صباح میں۔ اس کتاب کو غزالی کی تصنیف مانا ہے۔ اب اہلسنت نے لاہور میں اس کتاب کا ترجمہ بھی شائع کیا ہے اور اس سے بھی اس کتاب کا اعتبار ثابت کیا لیکن سخت ظلم مصنف کی روح پر کیا ہے کہ جس مقالے کا حصہ اس عنوان بالا درج ہے ترجمہ بھی نہیں کیا اور اسے بالکل ہضم کر لیا۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

یہ لوگ آئے دن عیسائیوں کی طرح ایسی تحریفات کرکے خود اپنے مذہب کا بطلان ثابت کرتے ہیں:۔

مطالب السئول علامہ محمد بن طلحہ شافعی مطبوعہ لکھنؤ ص۵۶ پر ہے۔ کہ روز غدیر یعنی ۱۸ ذی الحجہ روز عید و موسم قرار پایا کیونکہ یہ وہ روز ہے کہ آنحضرتؐ نے جناب امیر علیہ السلام کو اس روز وہ عالی منزلت اور خاص شرف بحکم خدا عطا کیا جو غیر کو نہیں ملا۔ پھر اسی کتاب کے اسی صفحہ پر ہے کہ حدیث کے معنی یہ ہیں کہ آنحضرتؐ نے فرمایا کہ ہم جس کے ساتھ اولے۔ ناصر۔ وارث عصبہ۔ حمیم یا صدیق ہیں۔ تو اس سے علی بھی ویسے ہی ہیں اور یہ صریح ہے اس بارہ میں کہ حضرت علی علیہ السلام اس منصب جلیلہ کیساتھ مخصوص ہیں یعنی باقی تمام اصحاب اس منصب سے محروم ہیں۔ اور آنحضرتؐ نے جناب امیر علیہ السلام کو خیر کیلئے بمنزلہ اپنے نفس کے قرار دیا۔ کیونکہ کلمہ من (جو من کنت مولاہ میں ہے) عموم کے لئے ہے پس جو لوگ اس عموم کے تحت میں داخل ہیں ان سب کے لئے جناب امیر علیہ السلام کو وہی رتبہ حاصل ہے۔ جو رسالتمآب کو حاصل تھا۔ (گویا حضرت علی علیہ السلام کی اقتدا ہر قول اور ہر فعل میں بعینہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرح کیجائے) پھر لکھتا ہے۔ جاننا چاہئے کہ یہ حدیث (من کنت مولاہ فعلی مولاہ) اسرار آیہ مباہلہ سے ہے۔ کیونکہ انفسنا سے مراد حضرت علی علیہ السلام ہیں۔ خدا نے نفس رسولؐ اور نفس حضرت علی علیہ السلام کو جمع کیا ہے۔ اور ایک ضمیر متکلم لایا ہے جو مضاف ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف پس آنحضرتؐ نے حضرت علی علیہ السلام کے لئے بھی انہی امور کو ثابت کیا جو حضرتؐ کے لئے بہ نسبت عامۂ مومنین ثابت ہیں کیونکہ آنحضرتؐ اولےٰ بالمومنین۔ ناصر المومنین اور سید المومنین ہیں جن سب کا اثبات لفظ مولےٰ سے آنحضرتؐ کے لئے ممکن ہے آنحضرتؐ نے ان تمام امور کو جناب امیرؑ کے لئے ثابت کیا ہے۔ اور یہ وہ مرتبہ سامیہ۔ منزلت شامخہ درجہ علیہ اور مکانہ رفیعہ ہے جس کو آنحضرتؐ نے جناب امیرؑ کے ساتھ مخصوص کر دیا ہے۔ اس لئے یہ روز عید و سرور ہے اولیا و محبان حضرت علی علیہ السلام کے لئے:۔

تذکرہ خواص الامۃ علامہ یوسف بن قزعلی سبط ابن الجوزی میں ہے کہ آنحضرتؐ کا (بروز غدیر) الست اولیٰ بالمومنین فرمانا جناب امیر علیہ السلام کی اثبات امامت اور قبول طاعت میں نص صریح ہے۔ اور اسی طرح آنحضرتؐ کا دوسرا اے الحق معہ حیثما دار فرمانا اس امر کی دلیل ہے کہ حضرت علی علیہ السلام اور دیگر صحابہ میں اگر کچھ اختلاف پیدا ہو تو جناب امیر حق پر ہیں مدارج النبوۃ فارسی ص۵۱۱ پر ہے کہ آنحضرتؐ نے حضرت علی علیہ السلام کو وصیت فرمائی کہ میں نے لشکر اسامہ کی تیاری کے لئے فلاں یہودی سے اس قدر قرضہ لیا تھا۔ اس کو میرے بعد ادا کر دینا۔ اہل بصیرت کے لئے تو آنحضرتؐ کی یہی وصیت ہی دلیل خلافت ہے۔ مسند احمد بن حنبل ص۱۵۳ پر ہے کہ آنحضرتؐ نے فرمایا کون ضامن ہے میرے قرضہ کا اور پورا کریگا میرے وعدہ کو ایسا شخص میرے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

خدا کے مندرجہ ارشادات کے مطابق ثابت ہوا کہ حضرات ثلاثہ نہ تو مسلمان تھے اور نہ ہی مومن
جنگ حنین میں حضرات ثلاثہ کا بھاگ جانا جو ۸ھ میں ہوا یعنی آنحضرتؐ کی وفات سے
صرف دو سال پہلے۔ صاف ثابت کرتا ہے کہ حضرات ثلاثہ کے دل میں رائی بھر بھی نور ایمان نہ
تھا بیعت کے لغوی معنے اپنے آپ کو بیع کر دینا ہے جو چیز بیع کر دی جائے۔ پھر بیع کنندہ کا اس
چیز سے کوئی تعلق نہیں رہتا۔ اگر حضرات ثلاثہ نے صدق دل سے اپنے آپ کو آنحضرتؐ کے ہاتھ
بیع کیا ہوتا۔ تو ان کا جنگوں سے فرار کرنا ناممکن تھا۔

کئی دفعہ ایسا موقعہ ہوا ہے کہ آنحضرتؐ نے حضرات ثلاثہ کو کسی کافر کے مقابلہ میں جانے کا حکم
دیا ہے اور انہوں نے انکار کر دیا ہے۔ اور انکار بھی ایسے الفاظ میں کیا ہے جس کے سننے سے
دوسرے مسلمانوں پر خوف اور دہشت طاری ہو جائے۔ پس کیا ہمیں یہ کہنے کا حق نہیں رکھتا ہوں
کہ حضرات ثلاثہ کے دل میں کفار کی دلی ہمدردی کوٹ کوٹ کر بھری ہوئی تھی۔

جب کبھی حضرات ثلاثہ کو آنحضرتؐ نے امیر لشکر بنا کر بھیجا ہے۔ بجائے شکست کھا کر الٹے پاؤں
پھر آئے ہیں۔ اور جب کبھی آنحضرتؐ کو گھمسان کی جنگ کرنی پڑی ہے۔ آنحضرتؐ کو نرغۂ کفار میں
گھرا ہوا چھوڑ کر بھاگ گئے ہیں۔ ہم انہیں اصحاب رسولؐ کہیں تو کس دلیل سے کہیں۔ مسلمان کہیں
تو کیونکر کہیں۔ اور مومن کہیں تو کیوں کہیں۔ ہم ان لوگوں کو اسلام اور ایمان سے سرتاپا معرا دیکھتے
ہیں۔ اور یہ خود بھی اپنے آپ کو وہی سمجھتے تھے جو ہم ان کو سمجھتے ہیں۔ گویا ان کے ایمان کے متعلق
ان کا اور ہمارا ایک ہی خیال اور ایک ہی اعتقاد ہے۔ سنی لوگ خواہ مخواہ انہیں مومن کہہ کر انہیں بدنام کر
رہے ہیں۔ کیا یہ نادان لوگ ان کے دل کی حالت ان سے زیادہ جانتے ہیں۔

حضرات ثلاثہ نے اسی پر بس نہیں کیا کہ جنگوں سے بھاگ گئے تھے۔ بلکہ کئی کئی دن تک
مفقود الخبر رہے۔ وہ ڈرتے تھے کہ انہیں کہیں پھر اسی آگ میں پڑنے کا حکم صادر نہ ہو۔ فدائیت
ہو تو ایسی ہو اور ایمان ہو تو ایسا ہو۔ اگر آنحضرتؐ کے دو چار ایسے یار ہوتے تو آنحضرتؐ گھر میں بیٹھے
بٹھائے تمام دنیا مسخر کر لیتے۔ ایسے پاک نفوس پر ایک لمحہ میں ہزار دفعہ .. بھیجنا ہر مسلمان پر واجب ہے

خداوند عالم نے جہاد کے دوران میں فخر و مباہات کے طور پر حضرت علیؑ کی شجاعت اور فدائیت
اور ایمان کی تعریف کی اور آپؑ کو تمام مخلوقات پر سبقت عطا کی مگر حضرات ثلاثہ کی شان میں کبھی
کچھ تعریفی الفاظ نہیں فرمائے۔ سورۂ انفال میں ہے۔ او متحیزاً الی فئۃ فقد باء بغضب
من اللہ وماواہ جہنم وبئس المصیر۔ ترجمہ۔ جو شخص کفار کی طرف پیٹھ پھیر دے۔ یعنی

Presented by: Rana Jabir Abbas

بھاگ جائے۔ وہ یقیناً خدا کے غضب میں آ گیا اور اس کا ٹھکانا جہنم ہے اور وہ بُرا ٹھکانا ہے۔

حضرات ثلاثہ کا جنگوں سے فرار اختیار کرنا۔ اور آنحضرتؐ کو نرغہ اعدا میں محصور چھوڑ جانا ظاہر کرتا ہے کہ ان کی خواہش تھی کہ آنحضرتؐ قتل ہو جائیں۔ اس بات کی تصدیق اس واقعہ سے بھی ہوتی ہے۔ جب چودہ اشخاص نے جن میں حضرات ثلاثہ بھی شامل تھے۔ آنحضرتؐ کے قتل کا مشورہ کیا مگر راز افشا ہو جانے پر کامیاب نہ ہو سکے۔

مسلمان تو بجائے خود رہے۔ غیر مسلم بھی جب کوئی قوت اور بہادری کا کام کرنا چاہتے ہیں۔ زبان سے یا علیؑ۔ یا علیؑ پکارتے ہوئے چلتے ہیں کبھی ایسا سننے یا دیکھنے میں نہیں آیا۔ کہ کسی مسلمان نے بھی یا ابوبکر۔ یا عمر۔ یا عثمان۔ یا معاویہ۔ یا یزید وغیرہ کہا ہو۔ یہ قدرت کا انصاف اور فیصلہ ہے جس کے آگے تمام دنیا کا سر تسلیم خم ہے۔

تجہیز و تکفین حضرت رسول اللہ صلعم

مولوی شبلی نے الفاروق حصہ اول (۲۲) پر لکھا ہے کہ یہ صحیح ہے کہ ابوبکر و عمر وغیرہ آنحضرتؐ کی تجہیز و تکفین چھوڑ کر سقیفہ بنی ساعدہ کو چلے گئے اور یہ بھی صحیح ہے کہ انہوں نے سقیفہ میں جا کر خلافت کے لئے انصار سے معرکہ آرائی کی اور اس طرح ان لوگوں میں سے کسی کو بالکل پر کوئی جانا نصیب ہی نہیں آیا۔ نیز یہ بھی صحیح ہے کہ انہوں نے اپنی خلافت کو نہ صرف انصار سے بلکہ بنی ہاشم اور حضرت علی علیہ السلام سے بزور منوانا چاہا۔

شرح فقہ ملا علی قاری (ص۱۸۲) پر ہے کہ اہلسنت اور معتزلہ کا یہی مذہب ہے کہ خلیفہ کا بنانا لوگوں پر موقوف ہے کیونکہ آنحضرتؐ نے فرمایا ہے کہ جو شخص امام وقت کی پہچان کے بغیر مر جائے وہ جاہلیت کی موت مرتا ہے اس لئے اصحاب رسولؐ نے خلیفہ سازی کے کام کو دفن رسولؐ پر مقدم جانا۔

کنز العمال اور طبقات ابن سعد میں ہے کہ سعید بن یربوعؓ سے منقول ہے کہ ایک روز جناب علی ابن ابیطالب علیہ السلام تشریف لائے اور آپ غمناک اور حزین تھے۔ ابوبکر نے کہا۔ آپؑ کو میں آج غمگین دیکھتا ہوں حضرتؑ نے فرمایا ہے مجھے اس واقعہ نے غمناک کر رکھا ہے جس نے تم کو غمناک نہیں کیا۔ (وفات آنحضرت صلعم)

مودۃ القربےٰ میں ہے کہ رسول اللہ کے غسل میں سوائے گھر والوں کے کوئی شریک نہ تھا یہی روایت احمد حنبل اور ابو عمرہ اور دیلمی نے بھی لکھی ہے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

عقیلی لکھتا ہے کہ جناب امیر علیہ السلام فرماتے تھے کہ کیا تم میں سے میرے سوائے کوئی ایسا ہے جو سب سے بعد رسول اللہؐ سے جدا ہوا ہو جس وقت اس نے آنحضرتؐ کو قبر میں اتارا ہو۔

کنز العمال کتاب الشمائل باب غسل نبیؐ میں ہے کہ حاکم نے مستدرک میں حضرت علی علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ حضرتؐ نے فرمایا۔ کہ آنحضرتؐ کا کفن و دفن صرف چار اشخاص یعنی علیؑ اور عباس اور فضل ابن عباس اور صالح جو آنحضرتؐ کا غلام تھا نے کیا۔ ان کے سوائے کوئی شخص شامل نہ تھا۔

مجمع البحار گجراتی ص۲۱۵ جلد اول میں ہے کہ نہایہ ابن کثیر میں ہے کہ آنحضرتؐ کا کفن دفن علیؑ اور عباس نے کیا۔ بعض روایات میں ہے کہ اوس بن خلی اور اسامہ بن زید اور چند بنی ہاشم بھی شامل تھے۔ بعض روایات میں ہے کہ آنحضرتؐ کا غلام شقران اور اسامہ بوقت غسل نبیؐ دروازہ پر تعینات تھے۔

طبقات ابن سعد میں ہے کہ آنحضرتؐ کو علیؑ و عباس و عقیل ابن ابیطالب و اوس بن خلی و اسامہ بن زید نے غسل دیا۔ مسند احمد حنبل میں ہے کہ عبد اللہ بن عباس سے روایت ہے۔ کہ آنحضرتؐ کے غسل میں علیؑ اور عباسؓ اور عباس کے دو بیٹے فضل اور قثم اور اسامہ اور صالح شریک تھے۔ پھر اوس بن خلی کو شریک غسل ہونے کی اجازت دی گئی۔ پھر عبد اللہ بن عباس فرماتے ہیں کہ میں نے آنحضرتؐ کو چھاتی سے سہارا دیا عباس اور فضل اور قثم حضرت علی علیہ السلام کے ساتھ ہو کر آنحضرتؐ کا پہلو اٹھاتے تھے۔ اور اسامہ اور صالح پانی ڈالتے تھے۔ اور حضرت علی علیہ السلام غسل دیتے تھے آنحضرتؐ کو آب خالص اور آب سدر سے غسل دے کر خشک کیا گیا اور تین کپڑوں میں کفنایا گیا جن میں دو کپڑے سفید اور ایک یمنی چادر تھی۔ پھر عباس نے ابو عبیدہ جراح اور ابو طلحہ سہل انصاری کو بلوایا کہ آنحضرتؐ کے لئے قبر کھودیں معلوم ہوا کہ ابو عبیدہ جراح کہیں چلا گیا ہے (سقیفہ میں) ابو طلحہ لگیا جس نے قبر کھودی عباس نے حالت یاس و تنہائی میں فرمایا خداوندا۔ تو ہی اپنے رسولؐ کے لئے زمین کو شگافتہ کر دے۔

مصنف ابن ابی شیبہ میں بروایت سعید بن مسیب لکھا ہے کہ آنحضرتؐ کے کفن و دفن میں صرف چار (۴) آدمی حضرت علیؑ و عباس و فضل و صالح شریک تھے۔

کنز العمال کتاب الشمائل باب دفن نبیؐ میں بروایت حضرت صادق علیہ السلام لکھا ہے کہ حضرت علیؑ نے آنحضرتؐ کو غسل دیا۔ اور عباس پانی ڈالتا رہا اور اسامہ اور شقران دربانی کرتے رہے نماز جنازہ حضرت علیؑ اور عباس نے ایک صف میں پڑھی۔ عباس نے پانچ تکبیریں کہیں اور آنحضرتؐ کو دفن کر دیا۔ یہی حدیث ابن معروف نے بروایت عبد الصمد لکھی ہے۔

طبقات ابن سعد میں ہے کہ حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا کہ آنحضرتؐ کو میں نے اور عباس نے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

عقیل اور اسامہ اور اوس بن خولی انصاری نے قبر میں اتارا اور انہیں نے کفن دیا۔

بخاری اور مسند احمد حنبل جلد اول ص۵۶ اور قسطلانی جلد دہم مطبوعہ نولکشور ص۲ اور مجمع البحار ملا محمد طاہر گجراتی جلد سوئم ص۵۴۹ اور شروح کرمانی اور شروح عینی اور شرح بخاری اور نہایۃ العقول امام رازی میں ہے کہ عمر نے کہا کہ خدا کی قسم جس کام کو چھوڑ کر ہم (آنحضرتؐ کی تجہیز و تکفین) ہم حاضر ہوئے تھے (یعنی سقیفہ میں جمع ہوئے تھے) اس کام کو ہمیں ابوبکر کی بیعت سے ضروری نہ جانا ہم کو خطرہ تھا کہ اگر ہم اس گروہ سے الگ رہے اور بیعت (بیعت ابوبکر) نہ ہوئی تو لوگ اپنے میں سے کسی کو خلیفہ بنا لیں گے تو خواہ ہم انکی بات اپنی مرضی کے خلاف مان لیں۔ اور خواہ ان کی مخالفت کریں اور فساد ہو جائے۔

بخاری کتاب الجنائز باب موت یوم الاثنین اور کشف المغطا ص۱۵۶ میں ہے کہ عائشہ سے روایت ہے کہ میں ابوبکر کے پاس گئی۔ تو اس نے مجھ سے پوچھا تم نے رسول اللہ کو کتنے کپڑوں میں کفن دیا میں نے جواب دیا کہ سفید رنگ کے تین سحولی کپڑوں میں۔ (سحول ایک گاؤں ہے جو کپڑا بننے میں مشہور تھا) کہ ان میں قمیص اور عمامہ نہ تھا۔ پھر ابوبکر نے پوچھا۔ رسول اللہ کی وفات کس دن ہوئی میں نے کہا کہ دو شنبہ کے دن علامہ ابن حجر نے فتح الباری میں لکھا ہے کہ ابوبکر نے یہ ذکر عائشہ سے صیغہ استفہام میں کیا تھا۔ تاکہ اس کا علم غلط ہو۔ البتہ یہ درست ہے کہ ابوبکر آنحضرتؐ کی تجہیز و تکفین میں حاضر نہ تھا۔

تاریخ صغیر بخاری ص۲۳ میں ہے کہ عائشہ کہتی ہے کہ جب آنحضرتؐ فوت ہوئے تو ابوبکر مقام سخ میں تھا یہ ایک مقام ہے۔ جو مدینہ سے دو میل کے فاصلہ پر ہے جہاں ابوبکر کا گھر تھا۔

کنز العمال جلد سوئم ص۱۴۰ ارجح المطالب باب چہارم ص۶۷۰ تاریخ اسلام جلد دوم ص۱۶۳ تاریخ صغیر بخاری ص۲۳ بخاری پارہ ششم۔ کتاب الجنائز باب موت یوم الاثنین ص۱۸ تفہیم بخاری پارہ چھ دھوال کتاب المناقب حالات سقیفہ ص۶۷ پر ہے کہ ابوبکر آنحضرتؐ کی نعش اطہر کو بلا کفن و دفن چھوڑ کر عمر بن خطاب اور ابو عبیدہ جراح کے ساتھ سقیفہ کو چلا گیا۔

تفریح الاحباب میں ہے کہ جس رات ابوبکر اور عمر فوت ہوئے اسی رات کو دفن کر دیئے گئے۔

مسند احمد حنبل میں بروایت عائشہ لکھا ہے کہ جب ابوبکر کا وقت وفات ہوا تو ابوبکر نے پوچھا آج کون دن ہے۔ لوگوں نے کہا پیر کا دن ہے کہا۔ اگر میں آج رات مر جاؤں تو کل صبح تک مجھے رکھ چھوڑنا کیونکہ مجھے دنوں اور راتوں سے یہ بات زیادہ پسند ہے کہ میں رسول اللہ سے اقرب ہوں۔ یعنی آنحضرتؐ کا جنازہ تین دن بلا دفن پڑا رہا۔ اور میری نعش بھی بلا دفن رکھ چھوڑنا۔

تاریخ الخلفا سیوطی میں ہے کہ عروہ اور قاسم نے اخراج کیا ہے کہ ابوبکر نے عائشہ کو وصیت

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

یعنی رسول اللہ کا حصہ اور ذوی القربیٰ یعنے اہلبیت کا حصہ ساقط کر دیا۔

فتح القدیر اور شرح مواہب اور شرح السنۃ بغوی اور زوائد ابن قیم اور سنن ابو داؤد اور مسند دارمی اور در منثور میں ہے کہ عمر بن خطاب نے اہلبیت کا حصہ خمس سے بند کر دیا سنن ابو داؤد مطبوعہ دہلی ص ۲۱۲ پر بروایت جبیر لکھا ہے کہ ابوبکر بھی خمس کو اسی طرح تقسیم کرتا تھا جس طرح آنحضرتؐ کیا کرتے تھے مگر آنحضرتؐ کے قرابتداروں (اہلبیتؑ) کو انکا حق نہ دیتا۔

عہد رسولؐ میں خمس جاری تھا قرآن مجید میں اسکی ادائیگی کا حکم وارد ہے اور اسکو منسوخ کرنے والی کوئی آیت بھی موجود نہیں ہے سورہ الانفال کے آغاز میں ہے یسئلونک عن الانفال قل الانفال للہ والرسول ترجمہ اے رسولؐ یہ لوگ مال غنیمت کے بارے میں پوچھا کرتے ہیں تم کہدو کہ مال غنیمت خاص خدا اور رسولؐ کے واسطے ہے یعنی مال غنیمت کی تقسیم رسول اللہ کی مرضی پر منحصر ہے جسکو جتنا چاہیں دیدیں مسلمان اس پر اعتراض نہیں کر سکتے آنحضرتؐ مال غنیمت کو پانچ حصوں میں تقسیم فرماتے رہے جن میں ایک حصہ خود لیتے رہے اور ایک حصہ اہلبیتؑ کو عطا فرماتے رہے۔

خمس صرف مال غنیمت تک محدود نہ تھا بلکہ اور کئی اشیاء پر واجب تھا مثلاً سونے چاندی کی کان۔ دفینہ دریا سے نکلی ہوئی چیزیں نفع پیشہ زراعت پس انداز رقم۔ وہ زمین جو اہل کتاب کسی مسلمان سے خریدیں وہ مال جو حرام اور حلال پر مشتمل ہو۔ دیکھو۔ اگر خمس ہی کم از کم اہلبیت کو ملتا رہتا تو وہ فراغت سے زندگی گزار سکتے تھے۔ مگر یہ تو کب گوارا تھا۔ انکی سیاست متقاضی تھی کہ اہلبیت کو نان شبینہ تک سے محروم کر دیا جائے۔

جب آنحضرتؐ کے عہد میں خمس پر زکوٰۃ کی طرح عمل ہوتا تھا تو شیخین کو کیا حق حاصل تھا کہ خمس کے دو حصے ساقط کر دیں۔ اہلسنت نے شیخین کی تقلید کا حق ادا کر دیا علاوہ ازیں مقدم یہ بنایا کہ خمس کو فروع دین سے بھی خارج کر دیا۔ شیخین نے اہلبیتؑ کو خمس سے خارج کر کے محبت رسولؐ کا خوب ثبوت دیا اور اہلسنت نے خمس کو فروع دین سے خارج کر کے حرمت سادات کی اچھی پاسداری کی۔

اہلسنت کو اس بات کی پرواہ نہیں ہے کہ آنحضرتؐ نے کونسا امر جائز اور کونسا ناجائز قرار دیا ہے۔ اور قرآن پاک کا کیا حکم ہے انہیں تو صرف دیکھنا ہے کہ عمر بن خطاب نے کیا اختراع فرمایا ہے۔ عمر بن خطاب کے اجتہاد و بدعت آمیز کے مقابلہ میں نہ تو آنحضرتؐ کے قول کی کچھ وقعت ہے اور نہ ہی حکم خدا کی کچھ عزت و حرمت۔

مصائبِ جناب سیدہ معصومہ علیہا السلام

ترجمہ جذب القلوب مطبوعہ نولکشور ص ۱۹۵ اور منہاج النبوۃ اردو ترجمہ مدارج النبوۃ جلد دوم ص ۴۴۳ پر ہے کہ قبہ عباس سے قبلہ کی طرف مائل ہو متصل جس مسجد میں جناب فاطمہؑ رویا کرتی تھیں اس کا نام بیت الحزن پڑ گیا تھا سو بخاری رسول کریمؐ و افضلکم بخاری مجلد مطبوعہ احمدی صفحہ ۱۱ پر ہے۔ کہ مدینہ کے باب البقیع سے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

قریب ہی حضرت عباس اور امام حسنؑ کا مقبرہ ہے۔ اس قبہ کے برابر جناب فاطمہؑ کا بیت الحزن ہے
مولوی صدر الدین احمد نے کتاب بیعدیح المصطفےٰ مطبع احمدی کانپور ص۳۶ و ص۳۳ پر لکھا ہے
کہ رسول اللہ کی وفات کے بعد بہت واقعات گزرے مثلاً معاملہ فدک۔ اسقاط حمل سیدہ۔ عمر کا احراق
خانہ فاطمہؑ کی دھمکی دینا۔ فاطمہؑ کا انصار کی موجودگی میں نالہ و شیون کرنا۔ (بوجہ اسکی دھمکی کے) جسکا ذکر نہ کرنا بہتر
معصومہ کا وصیت فرمانا کہ فلاں فلاں میرے جنازہ میں شریک نہ ہوں۔ یہ تمام امور اس بات کی صریح دلیل
ہیں کہ معصومہ کو ملول کیا گیا۔ دوسرے لوگ جو چاہیں اسکی تاویلیں کریں الغرض ہم صحابہ کے مشاجرات و مخالفت (بعض طعن)
سے قلم روکتے ہیں سیدہ نے وفات رسولؐ کے بعد ایک مکان جنت البقیع میں اختیار کر لیا تھا اور اسکو بیت الحزن (ماتمکدہ)
بنا کر اکثر ایام وہیں بسر کرتیں۔

تاریخ آل محمد مولوی عبد المجید مطبع انصاری دہلی ص۴۱ پر ہے کہ وفات رسول کے بعد معصومہ کے شدت گریہ کیوجہ سے
اہل مدینہ سو نہیں سکتے تھے اس سبب سے وہ ایک درخت کے نیچے بیٹھ کر تمام دن رویا کرتیں اسلئے اس جگہ کا نام بیت الحزن
پڑ گیا۔ اکسیر التواریخ جلد دوئم ص۲ پر ہے کہ بی بی معصومہ کے واسطے ایک گھر بقیع میں بنایا گیا جسکا نام بیت الحزن رکھا گیا۔
مدارج النبوۃ ص۲۱۰ میں ہے کہ بعد از گذشتن آنحضرتؐ ہرگز فاطمہؑ را کسے خنداں ندیدیعنی آنحضرتؐ کی شہادت
کے بعد کسی نے جناب فاطمہؑ کو ہنستے نہیں دیکھا۔

بروایت احمد بن عبد العزیز جوہری لکھا ہے کہ جناب سیدہ مسجد ابوبکر میں تشریف لے گئیں اور فدک کے مطالبہ کے
بعد فصیح و بلیغ خطبہ فرمایا جس میں اپنا حسب و نسب اپنی مظلومیت اور شیخین کے مظالم کا دل کھول کر تذکرہ فرمایا جب خطبہ
ختم ہوا اور ابوبکر نے حاضرین مسجد کو خطبہ سے متاثر پایا۔ تو فوراً منبر پر گیا۔ اور کہا اے لوگو یہ کیا بات ہے کہ تم ہر
ایک حق و باطل پر کان لگا لیتے ہو وہ (حضرت علیؑ) ایک لومڑی ہے جسکی گواہ اسکی دم (جناب فاطمہؑ) ہے وہ (حضرت علیؑ)
فتنہ انگیز ہے وہ خلافت کو جھگڑا بنانا چاہتا ہے۔ اور عورتوں سے امداد چاہتا ہے۔ مانند ام طحال زانیہ کے جسکے اکثر دوست
بدکار ہیں۔ پھر ابوبکر نے انصار سے کہا کہ میں نے تمہارے احمقوں (حضرت علیؑ اور جناب فاطمہؑ) کا کلام سنا اور خوب جانا۔
ابن ابی الحدید کہتا ہے کہ میں نے یہ کلمات یعنی خطبہ ابوبکر الوبکر کے نقیب ابو جعفر یحییٰ بن ابی زید بصری کے سامنے عرض کئے
تو اسنے کہا۔ کہ ابوبکر کا مطلب ان کلمات سے حضرت علیؑ تھے۔

کتاب سقیفہ ابوبکر احمد بن عبد العزیز جوہری میں ہے کہ جب ابوبکر نے جناب فاطمہؑ سے فدک چھین لینے کا مصمم ارادہ کر لیا تو
جناب فاطمہؑ مع چند خدمتگار اور رشتہ دار عورتوں کے ابوبکر کے پاس تشریف لے گئیں جبکہ اسنے مہاجرین اور انصار کا
ایک گروہ جمع کیا ہوا تھا جناب فاطمہؑ کے سر پر مقنعہ بندھا تھا اور ایک چادر اوڑھی ہوئی تھی جو آپکے پاؤں تک پہنچ رہی تھی
اسوقت جناب فاطمہؑ کی رفتار اور جناب رسولؐ پاک کی رفتار میں کوئی فرق نہ تھا جناب فاطمہؑ اور حاضرین کے درمیان پردہ تان لیا گیا۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ایک سبز رنگ کا عظیم الشان خیمہ دیکھا۔ ارشاد ہوا۔ یہ خیمہ شیخ کے لیئے ہے۔ گلدستہ کرامت ص پر ہے کہ آنحضرتؐ کو جبرئیلؑ اور براق مقام سدرۃ المنتہٰی تک لے گئے جہاں سے آگے نہ جا سکے اس وقت عبدالقادر کی روح نے آنحضرتؐ کو کندھے پر اٹھایا اور قاب قوسین تک پہنچا دیا۔ آنحضرت نے فرط مسرت میں فرمایا اے بیٹے۔ میرا قدم تیری گردن پر ہے اور تیرا قدم تمام اولیا کی گردن پر ہوگا۔ ص۱۳ پر ہے کہ مقام سدرہ کے متصل ایک خیمہ ہے جس کے اندر دو مرغ ہیں ایک سفید اور دوسرا سبز سفید مرغ شیخ بایزید بسطامی ہے اور دوسرا مرغ شیخ عبدالقادر جیلانی ہے۔

غنیۃ الطالبین ص۳۲ پر ہے کہ شیطان نے اپنی دم اپنی مقعد میں داخل کی اور ساتھ انڈے دئیے پس ابلیس کی اولاد ہے تو تمام انسانوں پر موکل ہے جب خدا نے شیطان کو بہشت سے نکال دیا۔ تو اس کی بائیں پسلی سے اس کی مادہ پیدا کی جس طرح حوا کو آدم سے پیدا کیا گیا تھا۔ پھر شیطان نے مادہ شیطان سے جماع کیا اور اکتیس انڈے پیدا ہوئے جو شیطان کی اولاد کے اصل بنے۔ پھر ان انڈوں سے اتنی اولاد نکلی کہ تمام مقامات پُر ہو گئے۔

گلدستہ کرامت ص۱۱۹ پر ہے کہ اگر کل درخت قلمیں اور تمام دریا سیاہی اور تمام جن وانس کاتب ہو جائیں تو شیخ کی تعریف کا شمہ بھی ادا نہ کر سکیں اور ص۱۱۱ پر ہے کہ ایک مرتبہ ماہ رمضان میں ستر آدمیوں نے شیخ سے درخواست کی کہ آج شب کو ان کے ہاں روزہ افطار کریں۔ پس شیخ نے دعوت قبول کی اور ستر مقامات پر روزہ افطار کیا۔ اور نیز اسی وقت شیخ نے اہل خانقاہ کے ساتھ روزہ افطار کیا۔

قلائد الجواہر ص۵ پر ہے کہ آپکے پڑوس میں ایک شخص عبداللہ رہتا تھا جو نرد کھیلا کرتا تھا۔ اس نے سب کچھ ہار دیا۔ تو شیخ نے اسے کہا کہ یہ میرا سجادہ لے اور جوا کھیل۔ اس نے کھیلا اور سب کچھ ہارا ہوا جیت لیا۔ پھر شیخ کے پاس آیا اور توبہ کی۔

ہدیۃ المہدی مولوی وحید الزمان ص۱۰۹ پر ہے کہ معاویہ اور اس کے بعد کے تمام فرمانروا بادشاہ ہیں نہ کہ خلیفہ۔ البتہ شیخ عبدالقادر نے مخالفت کی ہے اور کہا ہے کہ جناب امیر علیہ السلام کی شہادت اور امام حسن علیہ السلام کی صلح کے بعد معاویہ خلیفہ حقہ ہے مگر ہم انکی خلافت کو شرعی خلافت نہیں کہتے۔

ناظرین۔ شیخ گیلان واقعہ ایران میں پیدا ہوا۔ اٹھارہ سال کی عمر میں بغداد چلا آیا۔ ان ایام میں شعبدہ فروشی سحر کا عام رواج تھا۔ جیسے کہ پنجاب میں بعض لوگ فقیری لباس پہنے گلے میں دس بارہ تسبیح ڈالے لمبے لمبے سر کے بال شانوں پر ڈالے اور گھوڑوں پر سوار مقام بمقام پھرتے ہیں اور جھولا کو اپنے بالوں سے دودھ نکال کر دکھاتے اور سبز لعل و پیسہ جو دستے پھرتے ہیں شیخ بھی یقیناً ایسا ہی شعبدہ باز تھا۔ اس امر کا قوی

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ثبوت یہ ہے کہ شیخ کے بارہ میں یہ مقولہ زبان زد خلائق تھا کہ علوجی مرد سے ملاقات کرائیں اور یہ بات کہ گیلان ایام میں شعبدہ کا مرکز تھا۔ تاریخوں سے صاف ظاہر ہے۔ شیخ کی ماں کا نام ام ولد رومیہ تھا۔
قرۃ العینین شاہ ولی اللہ میں ہے کہ ابتدا میں جتنے صوفی تھے وہ سب ناصبی اور دشمن اہلبیت تھے۔ خزینۃ الاصفیا میں ہے کہ شیخ عبدالقادر ۴۷۱ھ میں پیدا ہوا اور ۵۶۱ھ میں فوت ہو گیا۔
قلائد الجواہر میں ہے کہ شیخ حماد نے کہا کہ اس عجمی مرد (شیخ عبدالقادر) کا مرتبہ بہت عالی ہو گا یہاں تک کہ اس کا قدم تمام زمانہ کے اولیا کی گردن پر ہو گا۔
خزینۃ الاصفیا ص۹۵ پر ہے کہ شیخ بغداد میں حسن بنج میں رہا کرتا تھا۔ اس کا نام اشک بیج جنگی مشہور ہے۔ مولوی عبدالحق مؤلف تفسیر حقانی نے اپنی تفسیر کی جلد اول ص۱۷۴ کے حاشیہ پر لکھا ہے کہ مولوی عبدالمنصور نے اپنے رسالہ انکشاف ص۱۵۹ پر لکھا ہے کہ شیخ بت پرستوں اور یہودیوں کا جو بدیدی دوسرا گروہ تھا
علامہ ابن خلکان نے اپنی تاریخ وفیات الاعیان میں تمام سابقہ سلاطین و فقہا و محدثین و مفسرین و علما و مشاہیر کے نام اور حالات درج کئے ہیں۔ علامہ ابن خلکان شیخ سے ایک سو بیس برس بعد فوت ہوا ہے مگر شیخ کا نام کہیں درج نہیں کیا۔
شیخ کا ہم زمانہ اور نقد رجال میں سب سے بڑا عالم علامہ ابن جوزی حنبلی شیخ کے ملنے سے نفرت اور کراہت رکھتا تھا۔ علامہ ۵۰۹ھ میں پیدا ہوا اور ۵۹۷ھ میں فوت ہوا اور بقول علمائے اہلسنت شیخ بھی حنبلی تھا۔ حیات ابن جوزی مطبوعہ لاہور ص۱۹ پر سید امام یافعی نے لکھا ہے کہ علامہ ابن جوزی حنبلی اکثر اوقات شیخ کی مخالفت میں زبان طعن دراز رکھتا۔ بلکہ بسا اوقات شیخ کی نسبت سخت کلمات اور گالیاں کہا کرتا
خزینۃ الاصفیا مولوی وحید الزمان حیدر آبادی جلد اول ص۹۲ پر ہے کہ شیخ حنبلی شافعی تھے۔
خزینۃ الاصفیا میں ہے کہ شیخ کو محی الدین اس لئے کہا جاتا ہے کہ اس نے ایک دن کمزور و متغیر الحالت بیمار کو اپنی کرامت سے تندرست کر دیا۔ ناظرین یہ غلط ہے بلکہ وجہ یہ ہے کہ چونکہ شیخ نے تمام علمائے ماسبق کے اعتقاد اور تحقیق کے خلاف یہ لکھا کہ معاویہ خلیفہ حقہ ہے اور روز عاشورہ کو عید قرار دیا اور عمر بن خطاب اور معاویہ کی ارواح کو تا دم آخر خوش کرتا رہا۔
غنیہ ص۵۵ پر شیخ لکھتا ہے کہ جو کوئی روز عاشورہ کے دن نہائے وہ سوائے مرض الموت کے کسی بیماری میں مبتلا نہ ہو گا اور جو کوئی سرمہ لگائے اس تمام سال میں اس کی آنکھ نہ دکھے گی۔ لؤلؤ المرصوع مطبوعہ مصر ص۸۰ پر ہے کہ روز عاشورہ سرمہ لگانے اور زینت کرنے اور خوشبو لگانے کی جتنی بھی حدیثیں ہیں وہ سب کذابوں کی بنائی ہوئی ہیں۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

امام عبدالرحمان شعبانی نے کتاب تمیز الطیب من الخبیث ص۲۲ پر لکھا ہے کہ حاکم کہتا ہے کہ روز عاشورہ سرمہ لگانے کی حدیث منکر ہے۔ ابن جوزی نے اس کو موضوع قرار دیا ہے۔ حاکم پھر کہتا ہے کہ یہ حدیث بدعت ہے جو قاتلان حسینؑ نے وضع کی ہے۔

صواعق محرقہ ص۱۱۱ سفر السعادت مجدالدین فیروز آبادی، شرح سفر السعادت عبدالحق محدث دہلوی ص۵۴۴ و ص۵۴۵ پر ہے کہ جتنی حدیثیں روز عاشورہ کے فضائل میں ہیں جیسا کہ اس روز حضرت آدمؑ کی توبہ قبول ہوئی۔ ابراہیمؑ نے آگ سے نجات پائی۔ نوحؑ کی کشتی کوہ جودی پر ٹھہری۔ اسمٰعیلؑ کیلئے فدیہ آیا یوسفؑ نے قید سے رہائی پائی وغیرہ وغیرہ سب غلط ہیں۔ اور کذابوں کی وضع کردہ ہیں (یعنی ان واقعات کا تعلق روز عاشورہ سے نہیں ہے بلکہ اور ایام سے ہے) اور دیگر احادیث سرمہ لگانا، غسل کرنا، خوشبو لگانا اور عید منانا قاتلان حسینؑ کی ایجاد کردہ ہیں۔ کیونکہ بعض اشقیا نے امام حسین علیہ السلام کے خون سے سرمہ لگایا۔ علامہ ابن تیمیہ اور ابن قیم نے صراحتاً ان حدیثوں کو موضوع اور مفتری قرار دیا ہے۔

علامہ مقریزی نے اپنی کتاب اتعاظ الاعتبار مطبوعہ مصر جلد دوم ص۳۸۵ پر لکھا ہے کہ مصر کے خلفائے بنی فاطمہ عاشورہ کے دن غم کیا کرتے۔ خرید و فروخت بند کر دیتے اور مساکین کو خیرات کرتے جب سلطنت بنی فاطمہ کو زوال آیا اور صلاح الدین نے مصر پر قبضہ پایا۔ تو پھر عاشورہ کے دن خوشی منائی جانی شروع ہوئی۔ لذیذ کھانے کھاتے۔ سرمہ لگاتے، غسل کرتے۔ اور بسر طرب اظہار سرور کرتے۔ پس ناظرین! ثابت ہوا کہ چونکہ شیخ نے اس مردہ سنت کو پھر زندہ کیا۔ اس لئے محی الدین کہلایا۔

خزینۃ الاصفیا جلد اول ص۱۱۱ پر مناقب غوثیہ سے نقل کیا گیا ہے کہ محی الدین ابن العربی کا باپ علی بن محمد لاولد تھا۔ یہاں تک کہ پچاس سال کا ہو گیا۔ شیخ نے اپنی پشت علی بن محمد کی پشت سے مس کی اور کہا کہ ابھی میری پشت میں ایک فرزند باقی تھا (اس وقت شیخ کے تین بیٹے عبدالوہاب و عبدالرزاق و عبدالعزیز تھے) پس وہ فرزند تم کو دے دیا گیا۔ چنانچہ علی بن محمد کے ہاں محی الدین بن محمد ابن العربی پیدا ہوا جب مولود کو شیخ کے پاس لایا گیا۔ تو کہا۔ انشاءاللہ یہ مولود ولی زمانہ اور قطب یگانہ ہوگا۔ ناظرین! شیخ کے ہوائی نطفہ کا اثر تھا۔ کہ محی الدین بن محمد ابن العربی نے صاف الفاظ میں فتویٰ دیا۔ کہ یزید امام برحق تھا اور امام حسینؑ باغی تھے۔ اور وہ اپنے نانا کی تلوار سے قتل کئے گئے یعنی جس طرح رسول اللہؐ نے کفار قریش کو انکار رسالت کی بنا پر قتل کیا اور غضب کیا۔ اسی طرح یزید نے امام حسینؑ کو انکار خلافت کی وجہ سے قتل کیا اور ٹھیک کیا۔ غنیۃ الطالبین مطبوعہ لاہور ص۲۰۵ پر ہے کہ رافضیوں (شیعوں) کے مذہب کو یہودیوں کے مذہب سے مشابہت ہے یعنی یہودی نماز مغرب میں تاخیر کرتے ہیں۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

یہانتک کہ ستارے آپس میں جمع ہو جائیں (بہت ستارے نکل آئیں) رافضی بھی تاخیر کرتے ہیں یہودی قبلہ سے تھوڑا سا پھرتے ہیں۔ رافضی بھی پھرتے ہیں (غلط ہے) یہود نماز میں سر ہلاتے ہیں رافضی بھی ہلاتے ہیں (محض کذب ہے) یہود نماز میں اپنے کپڑے لٹکاتے ہیں۔ رافضی بھی لٹکاتے ہیں (دیکھ نہیں سکا کہ یہ کیا بکواس ہے) یہود ہر مسلمان کا خون حلال جانتے ہیں۔ رافضی بھی حلال جانتے ہیں (محض بیہودہ گوئی) یہود عدت کی پرواہ نہیں کرتے رافضی بھی پرواہ نہیں کرتے (فضول گوئی)

متفرقات

صفاتِ خدا

شرح مسلم مولوی عبد العلی میں ہے کہ شیخ ابوالحسن اشعری شافعی کے تابعین جو اشاعرہ ہیں (اہلسنت) کہتے ہیں کہ خدا کے فعل کسی حکمت اور مصلحت کے بغیر ہوتے ہیں کیونکہ انکے نزدیک اللہ تعالٰے کے احکام مصلحتوں پر مشتمل نہیں ہوتے بلکہ خدا کرتا ہے جو چاہتا ہے۔

ابن حجر مکی نے شرف الوسائل میں جلال الدین دوانی نے شرح عقائد عضدی میں مفتی صدر الدین نے منتہی المقال میں شیخ محمد بیربی نے تحاف اہل العرفان میں تاریخ بلخی اور تاریخ نوذی میں عبد الحلیم نے حل المعاقد شرح عقائد میں لکھا ہے کہ ابن تیمیہ کہتا ہے کہ خدا مجسم ہے اور وہ عرش پر بیٹھا ہے۔ اور عرش قدیم ہے۔

کتاب الاسماء والصفات بیہقی میں ہے کہ ہمارے بعض شیوخ اہلحدیث ان کثیر التعدد احادیث سے جن میں لکھا ہے کہ خدا ایک آسمان سے دوسرے آسمان پر نازل ہوتا ہے۔ ظاہری مطلب لیتے اور کہتے ہیں۔ کہ واقعی خدا ایک آسمان سے دوسرے آسمان پر اترتا ہے۔

سبکی نے طبقات میں اور صلاح الدین نے امام ذہبی کی نسبت لکھا ہے کہ وہ بھی خدا کو مجسم مانتا ہے ابو اسمٰعیل بن محمد ہروی جسکو میزان الاعتدال ذہبی نے شیخ الاسلام کہا ہے اس کا بھی یہی مذہب تھا امام یافعی کہتا ہے کہ حافظ ابن مندہ خدا کے لئے جہت بتاتا ہے۔

ملل ونحل شہرستانی میں ہے کہ مضر و کہمس اور احمد ہجیمی علمائے اہلسنت خدا کے اعضا اور جسم ہونے اور پیچھے آنے جانے اور عرش پر بیٹھنے اور مسلمانوں سے بغلگیر ہونے اور معانقہ کرنے کے قائل ہیں۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اور نیز لکھتا ہے کہ داؤد جوارجی حنبلی کہتا ہے کہ خدا کی داڑھی اور فرج کی نسبت مجھ سے نہ پوچھو اور جو چاہو پوچھو کہ خدا کا جسم گوشت خون اعضاء ہاتھ پاؤں۔ سر زبان آنکھیں اور کان ہیں اسکے بال کالے اور گھنگریالے ہیں۔

جلال الدین دوانی نے شرح عقاید میں تصریح کی ہے کہ جو علماء خدا کا جسم ثابت کرتے ہیں وہ ظاہر معنی کتاب اور سنت کے لیتے ہیں۔

تلبیس ابلیس ابن جوزی میں ہے کہ اہلسنت کے عام محدثین خدا کو دنیاوی چیزوں سے تشبیہ دیتے ہیں شرح مواقف اور منہاج ابن تیمیہ اور انساب سمعانی اور میزان ذہبی میں ہے کہ مقاتل بن سلیمان خدا کو جسم گوشت اور خون سے مرکب مانتا ہے۔

ملل و النحل شہرستانی میں ہے کہ مقاتل بن سلیمان ائمہ سلف سے ہے اور مالک بن انس کا ہمپایہ ہے تاریخ ابن خلکان میں ہے کہ لوگ تفسیر میں مقاتل بن سلیمان کے عیال ہیں۔

تلبیس ابلیس ابن جوزی میں ہے کہ نعیم ابن حماد سے احادیث نقل کی گئی ہیں۔ ذہبی کہتا ہے کہ نعیم ابن حماد آئمہ میں سے ہے۔ یحییٰ ابن معین کہتا ہے کہ نعیم ابن حماد ثقہ اور صدوق تھا۔

کتاب العرش و العلو میں ہے کہ خدا عرش پر بیٹھا ہے۔ چار چار انگلی عرش سے باہر ہے عرش خدا کے بوجھ سے چرچراتا ہے اور نیز لکھا ہے کہ طوفان نوح کے وقت خدا اتنا رویا کہ اسے آشوب چشم ہو گیا۔

مشکوٰۃ میں ہے کہ پچھلی رات کو خدا آسمان پر نزول کرتا ہے اور کہتا ہے کون بندہ ہے جو مجھ سے مانگے اور میں اس کی طلب پوری کروں مشکوٰۃ جلد چہارم میں ہے کہ آنحضرت نے فرمایا کہ جب میں ہنستا ہوں تو خدا بھی ہنستا ہے اور میں خدا کے ہنسنے سے ہنستا ہوں۔

ابن ماجہ اور حاکم ابن کعب سے روایت کرتے ہیں کہ قیامت کے دن خدا سب سے پہلے عمر بن خطاب سے مصافحہ کریگا۔ (سبحان اللہ)

کعبی کہتا ہے کہ بعض لوگ اسی دنیا میں خدا کی تلاش کرتے ہیں اور وہ انکی زیارت کرتا ہے

تفسیر کبیر امام فخر الدین رازی (یہ فرقہ اشاعرہ کا زبردست عالم ہے) میں ہے۔ اشاعرہ اہلسنت میں سے ہیں۔ جو ابو الحسن اشعری شافعی کے نام پر مشہور ہیں۔

تفسیر کبیر امام فخر الدین رازی نے زیر آیۂ ان تعذبھم فانھم عبادک و ان تغفر لھم فانک انت العزیز الحکیم لکھا ہے کہ ہمارا یہ مذہب ہے کہ خدا کے لئے جائز ہے کہ کافروں کو جنت میں داخل کرے اور عابدوں اور زاہدوں (انبیاء و اوصیاء و اولیاء) کو دوزخ میں ڈال دے۔ کیونکہ

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

دنیا اس کی ملکیت ہے اور مالک اپنے ملک میں جیسا چاہے۔ ویسا عمل کرے۔ اس پر کوئی اعتراض نہیں علامہ عبدالرحیم سبط صاحب ہدایہ نے فصول الاحکام فی اصول الاحکام میں لکھا ہے کہ ابو سہل کبیر نے بہت سے ائمہ سلف سے روایت کیا ہے کہ جو یہ کہے کہ قرآن مخلوق ہے وہ کافر ہے (یعنی قرآن ازلی ہے) اور جو یہ کہے کہ یہاں مخلوق ہے وہ کافر ہے۔

رسالہ فرقان ابن تیمیہ مطبوعہ لاہور ص۹۵ پر ہے کہ وہ لوگ (بعض علمائے اہلسنت) کہتے ہیں کہ فرعون کا کہنا کہ میں تمہارا رب ہوں صحیح ہے۔

کتاب مجمع الاحباب علامہ سیطاہر نے ترمذی کے حالات میں لکھا ہے کہ امام ترمذی نے اللہ تعالے کو خواب میں دیکھا۔

ابو الخیر لکھتا ہے کہ معراج کی رات عرش کو جوش خوشی میں احتلام ہو گیا۔ علاء الدولہ سمنانی نے تجلی مجلس میں بہ سند شیخ محی الدین لکھا ہے کہ میں نے خدا کو کرسی پر انسان کی شکل میں بیٹھا ہوا دیکھا میں بھی سلام کر کے ایک کرسی پر بیٹھ گیا اور عرض کیا کہ تو میرا خدا اور میں تیرا بندہ ہوں۔ نیز لکھا ہے کہ میں نے خدا کو گھوڑے کی شکل میں دیکھا پھر لکھا ہے کہ خدا ایک ایسے جوان آدمی کی شکل رکھتا ہے جس کی چھوٹی سی داڑھی ہو۔

بخاری کتاب التفسیر ن والقلم پارہ ۲۹ صفحہ مترجمہ مولوی وحید الزمان مطبوعہ احمدی پریس لاہور میں ہے کہ قیامت کے دن خدا اپنی پنڈلی کھولے گا تو لوگ سجدہ میں گر پڑیں گے۔ حاشیہ بخاری پارہ بست ۲۰ احمدی پریس لاہور میں ہے کہ فرمایا رسول اللہ نے کہ خدا نے مجھ کو اپنا آپ ایک اچھی صورت میں دکھایا۔ اور میرے کندھوں پر اپنا ہاتھ رکھا کہ ان کی انگلیوں کی پوروں کی ٹھنڈک مجھے اپنی چھاتی میں محسوس ہوئی۔

کتاب ملل و النحل شہرستانی ص۴۵ اور ص۴۶ پر ہے کہ خدا کی آنکھیں دکھنی آ گئیں تو فرشتوں نے بیمار پرسی کی۔ اور اللہ تعالے طوفان نوح پر اتنا رویا کہ آشوب چشم ہو گیا۔ اور عرش اس کے بیٹھنے سے چرچراتا ہے اور عرش کے چاروں طرف سے چار چار انگلی اس کا جسم باہر نکلا ہوا ہے۔ لمع العجابہ عن سنن ابن ماجہ جلد اول ص۳۴ پر ہے کہ عرش اللہ کی عظمت سے اس طرح چرچراتا ہے۔ جس طرح پالان سوار کے بوجھ سے سنن ابن ماجہ جلد اول ذکر فضل عمر مترجمہ ص۴۲ پر ہے کہ خدا قیامت میں سب سے پہلے عمر سے مصافحہ کریگا اور اس پر سلام کریگا اور اس کا ہاتھ پکڑ کر جنت میں داخل کریگا۔

وحید الزمان مترجمہ بخاری پارہ بست کتاب التفسیر سورہ ق مطبوعہ احمدی پریس لاہور ص۲۳۳ پر لکھا ہے کہ جب دوزخ کا پیٹ نہیں بھرے گا۔ تو خدا اپنا قدم اس میں ڈالے گا۔ شرح فقہ اکبر ص۱۵۳

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اور کنز العمال میں ہے کہ رسول اللہ نے فرمایا مکہ میں نے خدا کو زلفوں والے جوان کی شکل میں دیکھا
تاریخ ابن اثیر جزری جلد ہشتم ۴۹ پر ہے کہ امام احمد حنبل کے مذہب میں خدا کی شکل انسان
کی طرح ہے اور اس کے ہاتھ انگلیاں پاؤں زردوزی جوتی اور گھونگر والے بال ہیں۔
کتاب الیواقیت والجواہر مطبوعہ مصر جلد اول علامہ عبدالوہاب شعرانی ۱۱۵ سطر ۳۱ پر ہے کہ آنحضرتؐ
نے فرمایا کہ میں نے شب معراج اپنے رب کو ایک جوان لڑکے کی شکل میں دیکھا جو گھنگر یالے بالوں والا تھا۔
اور جس کے پاؤں میں سنہری جوتی تھی۔ بخاری ۵۵۵ سطر دوم کتاب التفسیر سورہ ق باب قولہ ہل من مزید
جزو ہفتم اور مسلم جلد دوم ۳۸۲ سطر ۲ کتاب الجنت باب جہنم اور ترمذی جلد دوم ۱۵۰ سطر ۲ سورہ ق ابواب
التفسیر میں ہے کہ خداوند عالم دوزخ میں اپنا قدم ڈال دیگا۔ تو وہ پکار اٹھے گا۔ کافی ہے کافی ہے

دیدارِ خدا

تفسیر کشاف امام زمخشری میں ہے کہ مجھے تعجب ہے ان لوگوں پر جو اہلسنت والجماعت
کہلائیں اور پھر خدا کے دیدار کو بلا کیفیت و مکان کے جائز خیال کریں اور یہ ایک گناہ عظیم ہے
خداوند عالم سورہ بقرہ آیہ نمبر ۵۵ میں فرماتا ہے کہ اے بنی اسرائیل وہ وقت یاد کرو جب تم نے موسیٰ
سے کہا کہ ہم تم پر ہرگز ایمان نہ لائیں گے جب تک خدا کو ظاہر بظاہر دیکھ لیں۔ اور تب تم کو (تمہاری)
اس نادانی کی وجہ سے) بجلی نے ہلاک کر دیا۔ اور تم دیکھتے ہی رہ گئے۔
سورہ نسا آیہ نمبر ۱۵۳ میں ہے کہ اے رسول یہ اہل کتاب (یہودی) تم سے درخواست کرتے ہیں
کہ ان پر ایک کتاب آسمان سے اتروا دو (تم اس بات کا کچھ خیال نہ کرو) یہ لوگ تو اس سے بھی بڑھ
چڑھ کر (دیدار خدا کی) درخواست کر چکے ہیں چنانچہ انہوں نے کہا کہ ہم کو خدا ظاہر بظاہر دکھا دو، تب
ان کو بوجہ اس بیوقوفی کے، بجلی نے ہلاک کر دیا۔
سورہ انعام آیہ نمبر ۱۰۳ میں ہے کہ خدا کو آنکھیں دیکھ نہیں سکتیں۔
سورہ اعراف آیہ نمبر ۱۴۳ میں ہے کہ جب موسیٰ ہمارا وعدہ پورا کرنے کو کوہ طور پر آیا اور اس
کا پروردگار اس سے ہم کلام ہوا تو موسیٰ نے قوم کی خواہش دیدار پیش کی۔ خدا نے فرمایا کہ تم مجھے ہرگز
نہیں دیکھ سکتے بلکہ اس پہاڑ کی طرف دیکھو پس اگر پہاڑ اپنی جگہ پہ قائم رہے تو سمجھ لینا (عنقریب
مجھے بھی دیکھ لوگے ورنہ ہرگز نہیں دیکھ سکوگے۔ پھر جب موسیٰ کے پروردگار نے پہاڑ پر تجلی کی تو وہ چکنا چور
ہوگیا اور موسیٰ بیہوش ہو کر زمین پہ گر پڑا۔ پھر جب ہوش میں آیا تو کہنے لگا خداوندا تو دیکھے جانے سے) پاک

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

پاکیزہ ہے۔ میں نے تیری درگاہ میں توبہ کی اور میں سب سے پہلے تیری عدم رویت کا یقین کرتا ہوں۔

سورہ فرقان آیہ نمبر ۲۱ میں ہے کہ جو لوگ (قیامت میں) ہماری حضوری کی امید رکھتے ہیں۔ وہ کہا کرتے ہیں کہ آخر فرشتے ہمارے پاس کیوں نازل نہیں کئے گئے۔ یا ہم اپنے پروردگار کو کیوں نہیں دیکھتے ان لوگوں نے اپنے جی میں اپنے آپ کو بہت بڑا سمجھ رکھا ہے۔ اور انہوں نے (دیدار خدا کا سوال کرنے اور فرشتوں کو بصورت بشر دیکھنے میں) سخت سرکشی کی ہے۔

حافظ قرآن

درۃ اغانی جلد انیس ص۶۳ پر ہے کہ خالد قشیری حاکم مدینہ نے جو ہشام بن عبدالملک کی طرف سے والی تھا۔ ایک دفعہ خطبہ میں قرآن کی تلاوت میں غلطی کی لوگ ہنس پڑے اس کے ایک دوست نے کھڑے ہو کر کہا اے امیر تم شرمندہ نہ ہو۔ کوئی عقلمند حافظ قرآن نہیں ہوتا۔ بلکہ مردوں میں سے جو احمق ہوتے ہیں وہی حافظ قرآن ہوتے ہیں۔ خالد نے کہا تو ٹھیک کہتا ہے۔

سنیوں کی تحریف قرآن

کسی عبارت میں کوئی لفظ یا حرف بڑھا دینا یا اس سے کوئی لفظ یا حرف گھٹا دینا یا اعراب کو بدل دینا تحریف کہلاتا ہے۔

تفسیر اتقان سیوطی مطبوعہ احمد نوع ۲ نم ص۳۶ سطر اول پر ہے کہ تنسیخ آیت میں عام مفسروں کے قول بلکہ مجتہدوں کے محض اجتہاد کا بھی کوئی اعتبار نہیں ہو سکتا جب تک کہ حدیث صحیح سے تنسیخ نہ ثابت ہو جائے جس کے معارض کوئی بینہ اور برہان موجود نہ ہو کیونکہ نسخ کسی قرآنی حکم کے ازالہ یا اثبات پر شامل ہوتا ہے جو عہد پیغمبر میں متقرر ہو چکا ہو۔ اس لئے کسی آیت کو منسوخ قرار دینے کے لئے حدیث اور تاریخ کی ضرورت ہے نہ کہ کسی کی رائے اور اجتہاد کی۔

تفسیر اتقان سیوطی مطبوعہ احمدی ص۳۱۶ سطر ۹ پر ہے کہ عبداللہ ابن عمر نے کہا کہ تم میں کوئی شخص بھی یہ دعویٰ نہیں کر سکتا کہ اس نے پورا اور مکمل قرآن تمسک کیا ہے اور اس کو کیونکر معلوم ہو سکتا ہے کہ مکمل اور پورا قرآن کیا ہے کیونکہ اس قرآن کا بہت سا حصہ اس میں سے نکل گیا ہے۔

تفسیر اتقان سیوطی مطبوعہ احمدی ص۳۲۲ سطر ۲ پر ہے کہ سورہ اعراف کا شروع جو موجودہ قرآن میں المص سے ہوتا ہے یہ در اصل الم یعنی تین حرف تھے۔ اس میں ایک حرف ص اس لئے زیادہ کر دیا۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

گیا۔ کہ اس میں نبیوں کے قصوں کا بیان ہے۔

تفسیر اتقان سیوطی مطبوعہ احمدی صفحہ ۴۴ سطر ۴ پر ہے کہ سورہ رعد کا شروع جو موجودہ قرآن میں المر سے ہوتا ہے۔ یہ بھی دراصل المر نازل ہوا تھا۔ اس میں بھی ایک حرف سے زیادہ کر دیا گیا کیونکہ اس سورت میں رعد اور برق کا ذکر ہے۔

تفسیر در منثور سیوطی جلد ششم صفحہ ۴۱۶ سطر ۳ پر ہے کہ احمد اور بزاز اور طبرانی اور ابن مردویہ نے ابن عباس اور ابن مسعود سے روایت کی ہے۔ ابن مسعود نے معوذتین یعنی سورہ فلق اور سورہ ناس اپنے قرآن سے کاٹ دیا تھا۔ اور کہتا تھا۔ کہ قرآن میں غیر قرآن کو خلط ملط نہ کرو۔ یہ دونو سورتیں کتاب خدا میں داخل نہیں ہیں۔

تفسیر کبیر رازی مطبوعہ مصر صفحہ ۱۶۹ سطر ۱ پر ہے کہ ابن مسعود نے کہا۔ کہ سورہ فاتحہ اور معوذتین داخل قرآن نہیں ہے۔

تفسیر در منثور سیوطی مطبوعہ مصر جلد ہفتم صفحہ ۳۵ سطر ۵ پر ہے کہ سعید بن منصور اور احمد اور عبد بن حمید اور بخاری اور مسلم اور ترمذی اور نسائی اور ابن جریر اور ابن المنذر اور ابن مردویہ نے علقمہ سے روایت کی ہے کہ علقمہ ایک مرتبہ شام میں آیا اور ابودردا کے پاس بیٹھا۔ اس نے پوچھا تم کن لوگوں سے ہو علقمہ نے کہا میں اہل کوفہ سے ہوں پس ابودردا نے کہا تم نے عبداللہ کو "واللیل اذا یغشی" کس طرح پڑھتے سنا ہے علقمہ نے کہا میں نے اس کو بجائے "وما خلق الذکر والانثی" کے "والذکر والانثی" پڑھتے سنا ہے۔ ابودردا نے کہا میں شہادت دیتا ہوں کہ میں نے آنحضرتؐ کو بھی اسی طرح پڑھتے سنا لیکن یہ لوگ چاہتے ہیں۔ میں انکی طرح "وما خلق الذکر والانثی" پڑھوں۔ بخدا میں انکی پیروی ہرگز نہیں کروں گا۔

تفسیر اتقان سیوطی صفحہ ۳۱۶ سطر ۱ پر ہے کہ عائشہ نے کہا کہ سورہ احزاب کی آنحضرتؐ کے زمانہ میں پوری دوسو آیات کی تلاوت کی جاتی لیکن عثمان نے اسی قدر آیات لکھیں جو اس وقت موجود ہیں ناظرین! موجودہ قرآن میں سورہ احزاب کی تہتر آیات ہیں۔

تفسیر اتقان سیوطی صفحہ ۱۰۱ سطر ۳ پر ہے کہ زر بن جیش نے کہا کہ ابی بن کعب نے مجھ سے کہا۔ کہ سورہ احزاب کی کتنی آیتیں شمار کرتے ہو۔ میں نے کہا کہ بہتر یا تہتر آیات ابی کعب نے کہا اگر یہ سورت پوری رہنے دی جاتی تو سورہ بقر کے برابر ہوتی۔ ناظرین! البقرہ کی دوسو چھیاسی آیات ہیں۔

تفسیر در منثور سیوطی مطبوعہ مصر جلد سوم صفحہ ۲۰۸ سطر ۱ پر ہے کہ ابن ابی شیبہ اور طبرانی اور حاکم اور ابن مردویہ نے حذیفہ سے روایت کیا ہے کہ جس سورت کو تم توبہ کے نام سے موسوم کرتے ہو۔ وہ دراصل سورہ

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

احزاب ہے خدا کی قسم ہم صحابہ میں سے ایک بھی ایسا نہیں رہا جس کے متعلق کوئی نہ کوئی عذاب کی آیت نہ اتری ہو اور تم اس سورہ توبہ میں نہیں پڑھتے ہو کہ جو کچھ کہ ہم پڑھا کرتے تھے موجودہ سورت اصلی سورت کا چوتھا حصہ ہے۔

تفسیر درمنثور سیوطی مطبوعہ مصر جلد سوم ص۲۷۶ سطر ۲۳ پر ہے کہ حاکم نے عکرمہ سے روایت کی ہے کہ سورہ برأت نازل ہوتی رہی ہم نے گمان کیا کہ ہم صحابہ میں کوئی بھی ایسا باقی نہ رہیگا جس کے متعلق کوئی نہ کوئی نصیحت نازل نہ ہوئی ہو۔ اور اس لئے اس سورت کا نام فاضحہ ہے۔

افادۃ الشیوخ مطبع محمدی لاہور علامہ صدیق حسن خاں ص۲۳ سطر ۲ پر ہے کہ سورہ فاتحہ دو مرتبہ نازل ہوئی ایک مرتبہ مکہ میں اور پھر مدینہ میں اس سورت میں نہ تو کوئی آیہ ناسخ اور نہ کوئی آیت منسوخ ہوئی یہی روایت تفسیر اتقان مطبوعہ احمدی ص۳۱ سطر ۱۱۔ نوع ۷ میں ہے۔

تفسیر درمنثور سیوطی مطبوعہ مصر جلد اول ص۱۵ سطر ۳۴ پر ہے کہ ابن عباس اھدنا السراط المستقیم سؔ کے ساتھ پڑھتے تھے۔ ابن انباری کہتا ہے کہ عبد اللہ بن کثیر بھی سراط کو سؔ کے ساتھ پڑھتا تھا۔ ابن ابی داؤد اور ابن المنذر اور عبد بن حمید اور سعید بن منصور اور وکیع اور ابو عبیدہ نے کہا کہ عمر بن خطاب بھی سراط کو سؔ کے ساتھ پڑھتا تھا۔

تفسیر درمنثور سیوطی مطبوعہ مصر جلد اول ص۱۰ سطر ۲۲ پر ہے کہ ترمذی نے اور ابن ابی الدنیا نے اور ابن الانباری نے کتاب المصاحف میں ام سلمہ سے روایت کی ہے کہ آنحضرتؐ مالک یوم الدین کو ملک یوم الدین پڑھا کرتے تھے۔

تفسیر درمنثور سیوطی جلد اول ص۱۱ سطر ۳ پر ہے کہ ابن الانباری نے انس بن مالک سے روایت کی ہے کہ آنحضرتؐ اور ابوبکر اور عمر اور طلحہ اور زبیر اور عبد الرحمان بن عوف اور معاذ بن جبل ملک یوم الدین پڑھا کرتے تھے۔

تفسیر درمنثور سیوطی جلد اول ص۱۲ سطر ۴ پر ہے کہ ابو داؤد اور خطیب نے طریق ابن شہاب اور سعید بن المسیب اور براء بن عازب سے روایت کی ہے کہ آنحضرتؐ اور ابوبکر اور عمر ملک یوم الدین پڑھا کرتے تھے۔

تفسیر درمنثور سیوطی مطبوعہ مصر جلد اول ص۱۵ سطر ۳۵ پر ہے کہ عمر بن خطاب صراط الذین انعمت علیھم کو سراط من انعمت علیھم پڑھا کرتا تھا۔ اور ولا الضالین کو غیر الضالین پڑھا کرتا تھا۔

تفسیر درمنثور سیوطی جلد اول ص۱۵ سطر ۳ پر ہے کہ عبد اللہ بن زبیر بھی من انعمت علیھم اور غیر الضالین پڑھا کرتا تھا۔

تفسیر درمنثور سیوطی مطبوعہ مصر جلد ۲ ص۲۱۹ سطر ۷ پر ہے کہ شافعی اور عبد الرزاق فریابی اور سعید بن

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

منصور اور ابن ابی شیبہ اور عبد بن حمید اور ابن جریر اور ابن المنذر اور ابن ابی حاتم اور ابن الانباری اور بیہقی نے ابن عمر سے روایت کی ہے کہ میں نے عمر کو سورہ جمعہ میں آیت فاسعوا الی ذکر اللہ کو بجائے فامضوا الی ذکر اللہ پڑھتے سنا۔

تفسیر درمنثور سیوطی جلد ۶ مطبوعہ مصر صفحہ ۲۱۹ پر ہے کہ ابن مسعود اور ابن زبیر اور ابن عباس بھی فامضوا الی ذکر اللہ پڑھتے تھے۔ افادۃ الشیوخ فی الناسخ و منسوخ مطبوعہ محمدی لاہور صفحہ ۲۳ سطر ۳ پر ہے کہ سورہ جمعہ مدنی ہے اور بقول کرتبی اور علمائے اہلسنت اس سورت میں ناسخ اور منسوخ نہیں ہے۔

تفسیر درمنثور سیوطی جلد ۶ مطبوعہ مصر صفحہ ۲۲۹ سطر آخری پر ہے کہ سورہ طلاق میں اس وقت فطلقوھن بعدتھن موجود ہے حالانکہ آنحضرتؐ فطلقوھن فی قبل عدتھن پڑھا کرتے تھے۔

تفسیر درمنثور سیوطی جلد ۶ مطبوعہ مصر صفحہ ۱۱۶ سطر ۲ پر ہے کہ احمد اور ابو داؤد اور ترمذی اور نسائی اور ابن الانباری اور ابن حبان اور حاکم اور ابن مردویہ اور بیہقی نے ابن مسعود سے روایت کی ہے کہ آنحضرتؐ نے مجھے انی انا الرزاق پڑھایا۔ ناظرین! سورہ الذاریت میں ان اللہ ھو الرزاق ہے۔

تفسیر درمنثور سیوطی مطبوعہ مصر جلد اول صفحہ ۳۰۲ سطر ۱۲ پر ہے کہ مالک اور ابو عبیدہ اور عبد بن حمید اور ابو یعلیٰ اور ابن جریر نے اور ابن الانباری نے مصاحف میں اور بیہقی نے سنن میں عمرو بن رافع سے روایت کی ہے کہ میں حفصہ کے لئے قرآن لکھ رہا تھا۔ حفصہ نے کہا جب حافظوا علی الصلوٰۃ والصلوٰۃ الوسطیٰ تک پہنچو تو مجھ سے پوچھ لینا۔ عمر کہتا ہے جب میں اس آیت بالا پر پہنچا تو حفصہ نے مجھے یہ لکھوایا "حافظوا علی الصلوٰۃ والصلوٰۃ الوسطیٰ وصلوٰۃ العصر وقوموا للہ قانتین" پھر حفصہ نے کہا میں شہادت دیتی ہوں کہ میں نے اس آیت کو آنحضرتؐ سے اسی طرح سنا۔

تفسیر درمنثور سیوطی مطبوعہ مصر جلد اول صفحہ ۳۰۲ سطر ۲ پر ہے کہ مسلم اور ابو داؤد اور نسائی اور ترمذی اور مالک اور احمد اور عبد بن حمید اور ابن جریر اور ابن داؤد اور ابن الانباری اور بیہقی نے یہی دعائے قنوت والی آیت ابی یونس اور عائشہ سے روایت کی ہے۔ ناظرین! ابی یونس عائشہ کے مصحف کا کاتب تھا۔ اور یہ آیہ بالا سورہ بقرہ کی ہے۔ افادۃ الشیوخ فی الناسخ والمنسوخ مطبوعہ محمدی لاہور صفحہ ۱۸ سطر ۱۳ پر وہ تمام آیات بقرہ درج ہیں جن میں تنسیخ وارد ہوئی ہے مگر ان آیات میں اس آیت کا ذکر موجود نہیں۔

تفسیر درمنثور سیوطی مطبوعہ مصر جلد دوئم صفحہ ۲۹۸ سطر ۱ پر ہے کہ ابن مسعود نے کہا کہ ہم صحابہ آنحضرتؐ کے عہد میں آیہ بلغ سورہ مائدہ کو اس طرح پڑھا کرتے تھے یا ایھا الرسول بلغ ما انزل الیک من ربک ان علیا مولی المومنین فان لم تفعل فما بلغت رسالتہ واللہ یعصمک من الناس

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

افادۃ الشیوخ فی الناسخ والمنسوخ مطبوعہ محمدی لاہور صفحہ ۲ سطر ۱۹ پر وہ تمام آیات مندرج ہیں جن میں نسخ وارد ہوئی ہے۔ مگر ان آیات میں اس آیت کا ذکر موجود نہیں ہے۔

تفسیر درمنثور سیوطی مطبوعہ مصر جلد پنجم صفحہ ۱۸۰ سطر ۱۰۔ اور ازالۃ الخفا مطبع صدیقی بریلی مقصد اول صفحہ ۲۲ میں ہے کہ عمر بن خطاب نے خطبہ میں لوگوں سے کہا کہ تم لوگ آیت رجم کی بابت شک نہ کرو۔ کیونکہ وہ حق ہے خود رسول اللہ نے رجم کیا ابوبکر نے رجم کیا میں نے بھی رجم کیا۔ .... پھر میں نے ارادہ کیا کہ یہ آیہ رجم کو قرآن میں لکھ دوں لیکن میں نے اسکی بابت اُبی بن کعب سے پوچھا۔ تو اس نے کہا۔ اے عمر کیا تم اس وقت میرے پاس نہیں آئے تھے جبکہ میں خود اس آیہ کو رسول اللہ سے پڑھوانا چاہتا تھا تو اے عمر کیا تم نے میرے سینہ پہ ہاتھ مار کر نہیں کہا تھا۔ کہ اے اُبی بن کعب تو رسول اللہ سے آیہ رجم پڑھوانا چاہتا ہے۔ حالانکہ تو جانتا ہے کہ اصحاب رسولؐ گدھوں کی طرح زنا کرتے ہیں (یعنے زنا کی ہر طرف گرم بازاری ہے)

تفسیر درمنثور مطبوعہ مصر جلد پنجم صفحہ ۱۸۰ سطر اول پر وہی واقعہ آیہ رجم درج کرکے آیہ رجم بھی بقول عمر درج کی گئی ہے۔ جو یہ ہے۔

الشیخ والشیخۃ اذا زنیا فارجموھما البتۃ۔ تفسیر اتقان مطبوعہ احمدی نوع ۴۷ صفحہ ۳۱۶ سطر ۵ پر بھی آیہ رجم کا نقصان ہو جانا لکھا ہے۔

تفسیر اتقان مطبوعہ احمدی نوع ۴۷ صفحہ ۳۱۶ سطر ۹ پر ہے کہ حمیدہ بنت ابی یونس نے کہا کہ ابی نے اسی (۸۰) برس کی عمر میں مجھے یہ آیت پڑھ کر سنائی جو مصحف عائشہ میں بایں الفاظ مرقوم ہے کہ آیہ صلوات برنبی میں تسلیما کے بعد وعلی الذین یصلون الصفوف الاولیٰ کی عبارت قرآن میں عثمان کے تغیر و تبدل کرنے سے پہلے موجود تھی۔ یہی اثر تفسیر درمنثور سیوطی مطبوعہ مصر جلد پنجم صفحہ ۲۲۰ سطر میں عائشہ کی زبانی مرقوم ہے۔

تفسیر اتقان مطبوعہ احمدی نوع ۴۷ صفحہ ۳۱۶ سطر آخر میں ہے کہ عبید بن صالح نے ہشام بن سعید سے اور اس نے زید بن اسلم سے اور اس نے عطا بن یسار سے اور اس نے ابی واقد لیثی سے روایت کی ہے۔ کہ آنحضرتؐ پر آیہ حال نازل ہوئی جو آنحضرتؐ نے ہم کو پڑھ کر سنائی اور وہ اب قرآن میں موجود نہیں ہے

تفسیر اتقان مطبوعہ احمدی نوع ۴۷ صفحہ ۳۱۷ سطر ۲ پر ہے کہ ابن ابی مریم نے نافع سے اور اس نے ابن جریج سے اور اس نے ابن ابی ملیکہ سے اور اس نے مسور بن مخرمہ سے روایت کی ہے کہ عمر نے عبدالرحمان بن عوف سے کہا کہ آیت "ان جاھدوا کما جاھدتم اول مرۃ" کو کیا تو بھی قرآن میں

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نہیں پایا۔ ہم نے تو بہت تلاش کیا لیکن کہیں اس آیت کا پتہ نہ ملا۔ عبد الرحمان نے کہا کہ یہ آیت بھی نکال دی گئی ہے۔ انہیں آیتوں کے ساتھ جو قرآن سے ساقط کی گئی ہیں۔

تفسیر اتقان مطبوعہ احمدی نوع ۴۷ صفحہ ۳۱ سطر ۱ میں مرقوم ہے کہ ابن ابی مریم نے ابی لہیعہ سے اس نے یزید بن عمرو معافری سے اس نے ابی سفیان کلاعی سے روایت کی ہے کہ ایک روز مسلمہ بن مخلد انصاری نے ان سے کہا کہ مجھے قرآن مجید کی وہ دو آیتیں بتاؤ جو مصحف میں مکتوب نہیں ہیں پس کسی نے ان کو نہ بتلایا۔ اس کے پاس ابو الکنود سعد بن مالک بیٹھا ہوا تھا پس مسلمہ انصاری نے دو آیات جہاد پڑھ کر سنا دیں (جو موجودہ قرآن میں نہیں ہیں)

تفسیر در منثور مطبوعہ مصر جلد دوم صفحہ ۲۴۶ سطر ۱۵ میں امام سیوطی کہتا ہے کہ ابو عبیدہ نے کتاب فضائل القرآن میں لکھا ہے کہ مجھ سے ابو معاویہ نے بیان کیا اور اس سے ہشام بن عروہ نے اور اس سے اسکے باپ نے کہا کہ میں نے ان آیات "ان الذین امنوا والذین ھادوا والصائبون" اور آیت "والمقیمین الصلوۃ والموتون الزکوۃ" اور آیت "ھذان لساحران" کی غلطی کی بابت عائشہ سے سوال کیا۔ تو اس نے کہا اے فرزند۔ یہ کاتبوں کی غلطی ہے جنہوں نے قرآن میں غلط لکھ دیا ہے۔

تفسیر در منثور سیوطی مطبوعہ مصر جلد دوم صفحہ ۲۴۶ سطر ۲۲ پر ہے کہ ابی داؤد نے قتادہ سے روایت کی ہے اور تفسیر کبیر رازی مطبوعہ مصر جلد ۶ صفحہ ۶۹ سطر اول پر ہے کہ ہشام نے عروہ سے اور اس نے اپنے باپ سے اور اس نے عائشہ سے روایت کی ہے۔ اور تفسیر معالم التنزیل امام بغوی مطبوعہ بمبئی صفحہ ۵۷۹ سطر ۲ پر ہے کہ ہشام بن عروہ سے روایت کی ہے کہ جب عثمان کے سامنے قرآن پیش کیا گیا۔ تو اس نے کہا کہ اس میں غلطیاں تو ہیں لیکن مضائقہ نہیں۔ عرب خود بخود اپنی زبان کے مطابق درست کر لیں گے

تفسیر در منثور سیوطی مطبوعہ مصر جلد دوم صفحہ ۲۴۶ سطر ۱۰ پر ہے کہ ابی داؤد نے سعید بن جبیر سے روایت کی ہے کہ قرآن میں چار الفاظ غلط ہیں۔ والصائبون۔ والمقیمین۔ فاصدق واکن من الصالحین۔ ان ھذان لساحران

امام سیوطی نے تفسیر اتقان میں اور حسین بن منادی نے ناسخ و المنسوخ میں لکھا ہے کہ منجملہ ان سورتوں اور آیتوں کے جن کے نقوش قرآن سے اٹھا لئے گئے ہیں۔ لیکن جن کی یاد دلوں سے نہیں گئی وہ دو سورتیں ہیں جو قنوت اور وتر میں پڑھی جاتی تھیں اور جنکو سورۃ الخلع اور سورۃ الحفد کہا جاتا تھا مگر اس وقت عثمان کے جمع کردہ قرآن میں انکا کوئی نشان تک موجود نہیں ہے۔

دبستان المذاہب ملا مرزا محسن کشمیری فانی مطبوعہ بمبئی صفحہ ۲۲۰ سطر ۱ پر ہے کہ ایک مکمل سورت

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

موجودہ قرآن میں نہیں ہے جس کا نام سورہ نورین تھا۔ اسی کتاب میں سورہ نورین تمام وکمال درج ہے (شیعوں کی کتابوں میں اس سورہ کا ذکر تک نہیں پس یا تو اسے سنیوں نے تحریف کی غرض سے بنایا ہے)

ناظرین! اب وہ حوالہ جات لکھتا ہوں جن سے یہ ثابت ہو کہ عثمان نے مکی سورتوں میں مدنی آیات اور مدنی سورتوں میں مکی آیات خواہ مخواہ رکھ دیں۔ یا یوں کہئے کہ بچارے کو تنزیل آیات کی ترتیب کا وقوف ہی نہ تھا۔

تفسیر درمنثور سیوطی مطبوعہ مصر جلد چہارم صفحہ ۴۳ سطر ۹ پر ہے کہ ابن المنذر اور ابو الشیخ نے قتادہ سے روایت کی ہے کہ سورہ رعد مکمل مدینہ میں نازل ہوئی تھی۔ مگر اس کی صرف ایک آیہ ولا یزال الذین کفروا الخ۔ مدنی ہے۔ یعنی باقی تمام آیات مکی ہیں۔

تفسیر کبیر رازی مطبوعہ مصر جلد پنجم صفحہ ۲۵۰ سطر آخری پر ہے کہ سورہ رعد مکی ۴۳ آیات ہیں۔ اور یہ سورہ مکی ہے سوائے آیہ ولا یزال الذین کفروا اور ۲ یہ ومن عندہ علم الکتاب، کے ہم نے کہا یہ دو آیات مدنی ہیں اور اس پر صحابہ کا اجماع ہے۔

تفسیر درمنثور سیوطی مطبوعہ مصر جلد چہارم صفحہ ۶۹ سطر ۳۲ پر ہے کہ نحاس نے اپنی تاریخ میں ابن عباس سے روایت کی ہے کہ سورہ ابراہیم مکہ میں نازل ہوئی ہے سوائے دو آیات کے یعنی الم تر الی الذین الخ یہ دو نو آیات مدنی ہیں۔ جو خواہ مخواہ اس سورت میں داخل کر دی گئی ہیں۔

تفسیر درمنثور سیوطی مطبوعہ مصر جلد چہارم صفحہ ۳۴۲ سطر ۱ پر ہے کہ ابن المنذر نے قتادہ سے روایت کی کہ سورہ حج مدینہ میں نازل ہوئی سوائے چار آیات کے جو اس میں مکی ہیں یعنی وما ارسلنا من قبلک من رسول ولا نبی سے لے کر عذاب یوم عقیم تک۔ مگر ان کو مدنی میں لکھ دیا گیا۔

تفسیر درمنثور سیوطی مطبوعہ مصر جلد پنجم صفحہ ۸۲ سطر ۲ پر ہے کہ نحاس نے ابن عباس سے روایت کی ہے کہ سورہ شعرا مکہ میں نازل ہوئی سوائے پانچ آیات کے جو مدنی ہیں۔ یعنی "والشعراء یتبعھم الغاوون الخ"

تفسیر کبیر رازی مطبوعہ مصر جلد ششم صفحہ ۵۳۵ سطر ۲۸ پر ہے کہ سورہ شعرا مکی ہے۔ مگر اس میں چار آیات مدنی داخل کر دی گئی ہیں اور وہ آیات والشعراء یتبعھم الغاوون الخ ہیں۔

تفسیر درمنثور سیوطی مطبوعہ مصر جلد پنجم صفحہ ۱۵۵ سطر ۲۹ پر ہے کہ نحاس نے اپنی تاریخ میں ابن عباس سے روایت کی ہے کہ سورہ لقمان مکہ میں نازل ہوئی سوائے تین آیات کے جو مدنی ہیں وہ آیات یہ ہیں۔ ولو ان ما فی الارض الخ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

تفسیر کبیر رازی مطبوعہ مصر جلد ۵ صفحہ ۷۹ سطر ۱۲ پر ہے کہ سورہ لقمان تمام مکی ہے سوائے دو آیات کے جو مدنی ہیں اور جو اوپر مذکور ہوئیں۔

تفسیر کبیر رازی مطبوعہ مصر جلد ششم صفحہ ۲۰ سطر ۱۱ پر ہے کہ سورہ حج ۷۶ آیتیں ہیں اور یہ سورہ مکی ہے مگر اس میں تین آیتیں مدنی ہیں۔ یعنی (ھذان خصمان) سے لے کر صراط الحمید تک مگر ان کو مکی میں لکھ دیا ہے۔

تفسیر معالم التنزیل امام بغوی پارہ شانزدہم سورہ طٰہٰ رکوع ۳۔ تفسیر ثعلبی۔ کتاب المشکل ابن قتیبہ تفسیر درمنثور، اتقان سیوطی تفسیر فقیہ ابو اللیث سمرقندی۔ محاضرات راغب اصفہانی میں ہے۔ کہ ان ھذان لساحران یریدان غلط ہے۔ اس کی بجائے "ان ھذین لساحران یریدان" چاہیئے تھے۔ عثمان سے کہا گیا کہ اس غلطی کو درست کر دے۔ اس نے جواب دیا کہ اہل زبان خود بخود درست کر لیں گے۔

تفسیر اتقان جلد اول صفحہ ۔ ہے ایک قوم متکلمین میں سے قائل ہے کہ جائز ہے کہ ملائے اور اجتہاد سے جس قرأت یا وجہ کو یا حرف کو ثابت کریں بشرطیکہ وہ قواعد عربیت سے درست ہو۔ خواہ یہ نہ بھی ثابت ہو کہ رسول اللہ نے اس کو اس طرح پڑھا بھی ہے۔ ناظرین! یہ قرآن تو ایک گیلی مٹی کا کھلونا ہوا جس طرح چاہا توڑ موڑ کر نئی شکل بنالی۔

مولوی آزاد سبحانی نے رسالہ سیاح سیاح مطبوعہ اتفاق پریس کانپور ۱۹۰۹ء صفحہ پر لکھا ہے کہ میں یہ کہتا ہوں کہ یہ خیال (تحریف قرآن) بجائے خود ایسی اختراع ہے جس کی جگہ جاہل سنیوں اور نادان دلوں کے سوائے کہیں نہیں ہے محققین علمائے شیعہ نے اس خیال سے نفرت کی ہے اور بہ آواز بلند پکار دیا ہے کہ ہم کو اس نفرتی عقیدہ سے کچھ تعلق نہیں۔

حصول المامول صفحہ ۱۵۱ پر ہے کہ اس میں اختلاف ہے یعنی بعض اس کے مطابق ہیں اور بعض مخالف، کہ قرآن اور حدیث متواتر خبر احاد سے منسوخ ہو سکتے ہیں یا نہیں لیکن اکثر قائل ہیں کہ یہ بات عقلاً جائز ہے شرح اصول بزودی صفحہ ۲۰۸ پر ہے کہ قرآن شریف کا نسخ ابوالقاسم کے نزدیک قیاس سے جائز ہے۔ مگر قیاس جلی ہو خفی نہ ہو۔ اور غزالی نے کہا کہ لفظ جلی مبہم ہے اگر مراد اس سے قیاس قطعی ہے تو اس کا ناسخ ہونا صحیح ہے اور اگر ظنی ہے تو نہیں۔

شرح اصول بزودی صفحہ ۱۴۵ پر ہے کہ جب عثمان نے دو بھائیوں اور ایک ماں کی میراث میں ماں کو ثلث سے گھٹا کر سدس دلایا۔ تو ابن عباس نے کہا کہ اگر مردہ کے کئی بھائی ہوں تو ماں کا چھٹا

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

حصہ ہے۔ اس پر عثمان نے کہا کہ اے غلام (بطور دشنام)، تیری قوم نے اس کو مجوب کر دیا ہے یعنی شیخین وغیرہ خلاف قرآن مسئلہ وراثت میں عمل کرتے رہے ہیں۔

درمنثور جلد ششم ص۴۵۶ پر ہے کہ سورہ فلق اور ناس کو ابن مسعود نے قرآن سے کاٹ دیا اور کہا کہ قرآن کو غیر قرآن میں مخلوط نہ کرو۔ تفسیر کبیر امام رازی جلد اول ص۱۶۹ پر ہے کہ ابن مسعود نے کہا کہ سورۂ فلق اور ناس اور فاتحہ داخل قرآن نہیں ہیں۔

کنز العمال ص۲۴۰ پر ہے کہ حسن بصری سے روایت ہے کہ عمر نے قرآن کی آیت کو دریافت کیا تو معلوم ہوا کہ یہ آیہ فلاں شخص کے پاس تھی۔ جو جنگ یمامہ میں مارا گیا ہے۔ اس پر عمر نے کہا انا للہ اور پھر جمع قرآن کا حکم دیا۔

معالم التنزیل سورہ توبہ ۴ "یحذر المنافقون" کی تفسیر میں ابن عباس سے روایت ہے۔ کہ خدا نے قرآن میں ستر منافقوں کے نام اور ان تمام کے باپوں کے نام نازل فرمائے تھے۔ (جو اس وقت قرآن میں موجود نہیں ہیں)

نواب محسن الملک نے رسالہ تہذیب الاخلاق جلد دوم ص۲۲ پر مندرجہ ذیل نقشہ تحریر کیا ہے:-

صحیح آیت جو قرآن میں نہیں ہے	غلط آیت جو قرآن میں موجود ہے	غلطی کی اسناد
فی قلوبهم الحمية حمية الجاهلية كما حموا فسد المسجد الحرام فانزل الله سكينته على رسوله	کما حموا سے اخیر تک قرآن نہیں ہے۔	مستدرک۔ حاکم اور تفسیر درمنثور سیوطی بروایت ابی بن کعب
صلوا عليه وسلموا تسليما وعلى الذين يصلون الصفوف الاول	وعلی الذین سے اخیر تک قرآن میں نہیں ہے	اتقان بروایت حمیدہ
فامضوا الى ذكر الله	فاسعوا الى ذكر الله	موطا امام مالک بروایت عمر بن خطاب
وهو اب لهم وازواجه امهاتهم	وهو اب لهم قرآن میں نہیں ہے۔	حاکم، ابن مردویہ، بیہقی، عبدالرزاق، سعید بن منصور وغیرہ بروایت ابن عباس

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

صحیح آیت جو قرآن میں نہیں ہے	غلط آیت جو قرآن میں موجود ہے	غلطی کی اسناد
انی انا الرزاق ذالقوۃ المتین	ان اللہ ھوالرزاق	ترمذی بروایت عبداللہ ابن مسعود
ووصی ربک	وقضی ربک	اتقان بروایت ابن عباس
والنھار اذا تجلی والذکر والانثےٰ	والذکر والانثےٰ قرآن میں نہیں ہے	مسلم و بخاری و ترمذی بروایت ابو داؤد
مثل نور اللہ عن مشکوٰۃ	مثل نورہ کمشکوٰۃ	درمنثور بروایت ابن عباس

ازالۃ الخفاء ص۲۳ پر ہے کہ اصحاب کا ایک گروہ عثمان کے پاس آیا اور کہا کہ آپ نے کیوں حروف قرآن کو مٹا کر ایک حرف کر دیا ہے۔

ازالۃ الخفاء ص۲۱ پر ہے کہ عمر بن خطاب نے چاہا کہ آیہ "السابقون الاولون من المہاجرین والانصار والذین اتبعوھم باحسان" واؤ کو نکال ڈالوں۔ چنانچہ عمر نے اس پر خط بھی کھینچ دیا۔ اس بات پر ابی بن کعب سے تین دفعہ جھگڑا ہوا۔ آخر ابی بن کعب نے غصہ سے کہا کہ قسم بخدا۔ یہ ہی جبرئیل پر خدا نے نازل کیا اور جبرئیل نے رسول اللہ پر۔ اس میں نہ تو خطاب کا اجارہ ہے۔ اور نہ اس کے بیٹے کا۔

سنیوں کی سینہ زوری ملاحظہ ہو کہ مناقب ابن شہر آشوب ص۱۲۷ پر ہے کہ ایک سنی عالم مسمی اسحاق کندی نے کتاب تناقض القرآن لکھنا شروع کر دی مگر امام حسن عسکریؑ نے کسی آدمی کی معرفت اس کو تنبیہ فرمائی تو لکھا ہوا مسودہ جلا دیا۔

اتقان جلد دوئم ص۲۵ پر ہے کہ ایک سورت برات کی سورت کے برابر نازل ہوئی تھی جو اٹھا لی گئی۔ مگر اس میں سے ایک آیت ان اللہ سویدھذ الذین الخ محفوظ رہ گئی۔

تفسیر درمنثور جلد ۶ میں ہے کہ امام اعمش کہتا ہے کہ مصحف عبداللہ بن مسعود اور مصحف زید بن ثابت میں کوئی ایسا اختلاف نہیں جس کا اثر حرام اور حلال پر پڑے (یعنی فرق ضرور ہے مگر تھوڑا ہے) البتہ عبداللہ بن مسعود کے قرآن کی سورہ حشر اور سورہ انفال میں "والمہاجرین فی سبیل اللہ" لکھا تھا۔ جو موجودہ قرآن میں نہیں ہے۔ جو زید بن ثابت کا لکھا ہوا ہے۔

الامامت والسیاست امام ابن قتیبہ ص۵۹ پر ہے کہ تمام مہاجرین اولین اور اصحاب رسولؐ نے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اہلِ مصر خطوط لکھے کہ مدینہ میں بہت جلد آؤ۔ کیونکہ کتاب خدا بدل دی گئی ہے اور سنت رسولؐ میں تغیر کر دیا گیا ہے۔

اعتقاد شیعہ متعلق عدم تحریف قرآن

رسالہ اعتقادات علامہ شیخ صدوق مطبوعہ ایران ص۲۳ سطر۳ کتاب شیعہ پر ہے کہ ہم شیعوں کا اعتقاد یہ ہے کہ قرآن جس کو خدا نے اپنے رسولؐ پر نازل کیا اور جو اس وقت دو جلدوں کے اندر لوگوں کے ہاتھوں میں موجود ہے وہ اس سے زیادہ نہیں تھا اور اس کی سورتیں لوگوں کے نزدیک ایک سو چودہ ہیں لیکن ہم شیعوں کے نزدیک سورہ والضحیٰ اور سورہ الم نشرح ایک سورت ہے اور سورہ لایلاف اور الم ترکیف ایک سورت ہے اور جو شخص ہم شیعوں کی طرف یہ نسبت دے کہ ہم شیعہ کہتے ہیں کہ قرآن موجودہ مقدار سے زیادہ تھا۔ وہ جھوٹا اور کاذب اور مفتری ہے۔

تفسیر مجمع البیان علامہ طبرسی مطبوعہ ایران جلد اول ص۵ سطر ۱۲ اور سطر ۱۳ کتاب شیعہ پر ہے کہ قرآن میں زیادتی کا ہونا تو بالاجماع غلط اور باطل ہے لیکن کمی واقع ہونے میں صرف چند شیعوں اور فرقہ حشویہ نے روایت کی ہے کہ قرآن میں تغیر اور نقصان واقع ہوا ہے لیکن ہم شیعوں کا صحیح عقیدہ ان روایات کے خلاف ہے یعنی ہمارا عقیدہ ہے کہ کمی بھی اس میں واقع نہیں ہوئی علم الہدیٰ سید مرتضیٰ نے بھی یہی فرمایا ہے۔

قوانین الاصول علامہ مرزا ابوالقاسم مطبوعہ ایران جلد اول باب ششم بحث کتاب ص۲۱۵ سطر ۱ کتاب شیعہ پر ہے کہ اس میں اختلاف ہے کہ قرآن میں تحریف اور نقصان واقع ہوا یا نہیں۔ اکثر اخباریوں (وہ ہیں) کے نزدیک تحریف اور زیادتی اور کمی قرآن میں واقع ہوئی ہے اور یہی علامہ کلینی اور علامہ علی بن ابراہیم قمی اور صاحب احتجاج (الامۃ شیخ احمد بن ابی طالب طبرسی) سے بھی ظاہر ہوتا ہے لیکن علم الہدیٰ سید مرتضیٰ اور علامہ صدوق محمد بن بابویہ اور محقق طبرسی محمد بن الفضل اور دیگر تمام جمہور مجتہدین شیعہ قرآن کی عدم تحریف کے قائل ہیں۔

تفسیر منہج الصادقین علامہ ملا فتح اللہ کاشانی مطبوعہ ایران جلد اول مقدمہ کتاب ص۹ سطر ۱۷ کتاب شیعہ پر ہے کہ قرآن زیادتی اور کمی سے قطعاً محفوظ ہے اور یہی عقیدہ ہمارے جمہور علمائے اعلام کا ہے۔

تفسیر لوامع التنزیل علامہ حائری مطبوعہ لاہور جلد چہارم ص۳۳ سطر ۲۲ کتاب شیعہ پر ہے کہ موجودہ قرآن ہر قسم کی کمی و بیشی سے بالکل مصئون ہے ورنہ ارکانِ اسلام برباد ہو جائیں۔

کتاب البیان علامہ شیخ الطائفہ محمد بن الحسن طوسی کتاب شیعہ میں ہے کہ قرآن کی زیادتی اور

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نقصان ہیں کلام کرنا کسی طرح مناسب ہی نہیں ہے۔ کیونکہ قرآن کی ربانی کے بطلان پر تو اجماع قائم ہے رہا کمی کا واقع ہونا۔ پس اس میں بھی ظاہر ہے کہ ہم شیعوں کا مذہب اس کے قطعاً خلاف ہے تو ابین الاصول علامہ صدوق مطبوعہ ایران جلد اول ص۱۵ سطر ۱۲ تک پہ عبارت ہے کہ ہمارا کلام حضرت علی علیہ السلام کے قرآن کے متعلق یہ ہے کہ احادیث سے ثابت ہے کہ حضرت علی علیہ السلام نے جو قرآن جمع کیا۔ اس میں جو زیادتی ہے اور جو اس کے سوائے کسی قرآن میں نہیں ہے وہ زیادتی نفس قرآن میں نہ تھی بلکہ اس میں حدیث قدسیہ بھی جمع کی گئیں تھیں یعنی وہ تمام قرآن کی صورت میں موجود تھیں جن کا اصل قرآن سے کوئی تعلق نہ تھا۔

توہین خدام اہلبیت از علماء سنیہ

منہاج السنۃ جلد دوم ص۱۲۳ پر ہے کہ جو علماء علم حدیث میں مشہور ہیں۔ وہ امام حسن عسکری کے زمانہ میں موجود تھے مگر ان علماء میں سے کسی نے بھی امام حسن عسکریؑ سے حدیث نہیں لی۔

درر کامنہ ابن حجر عسقلانی ص۱۵۴ اور دراسات البیت مطبوعہ لاہور ص۳۴۶ پر ہے کہ ابن تیمیہ نے حضرت علی علیہ السلام کے بارے میں کہا ہے کہ انہوں نے سترہ امور میں خطا کی۔ اور کتاب خدا کی مخالفت کی۔ نعوذ باللہ۔

ازالۃ الخفاء ص۲۳۱ پر شاہ ولی اللہ لکھتا ہے کہ حضرت علی علیہ السلام سے مسائل فقہ میں غلطیاں سرزد ہوئیں اور امام محمد باقر علیہ السلام فرماتے ہیں کہ جناب امیر علیہ السلام کے نزدیک خمس میں ذوالقربیٰ کا حصہ تھا مگر حضرت نے نہیں لیا تاکہ لوگ شورش نہ کریں کیونکہ ابوبکر و عمر نہ دیا کرتے تھے۔

دراسات اللبیب میں ہے کہ ابن ہمام کہتا ہے کہ امام محمد باقر علیہ السلام کی یہ حدیث خلاف واقع ہے۔ یا وہ علیؑ کے مذہب سے ناواقف تھے۔ یا بھول گئے یا علیؑ پر جھوٹ اور افترا باندھا۔

میزان الاعتدال ترجمہ امام علیہ السلام ق ۱۲۷ میں ہے کہ امام رضا اپنے باپ سے عجیب عجیب روایات نقل کرتے ہیں یعنی جھوٹی روایات اور وہم بھی کرتے ہیں اور خطا بھی کرتے ہیں۔

لالی مصنوعہ علامہ سیوطی میں ہے کہ امام حسن عسکریؑ لاشئے یعنی نکمے ہیں۔

ابن تیمیہ کہتا ہے کہ زفر اور دارمی جو علمائے اہلسنت ہیں۔ امام نقیؑ اور امام حسن عسکریؑ سے بڑھ کر دین کے عالم تھے اور نقیؑ اور عسکریؑ اور ان جیسوں پر واجب تھا کہ زفر اور دارمی میں سے کسی ایک سے تعلیم پاتے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

انتصار شریعت نمبر ۳ جلد اول ص۲۵ پر ہے کہ بخاری لکھتا ہے کہ مجھے مجالد امام صادق علیہ السلام سے زیادہ پیارا ہے۔ مجھے صادق کی حدیثوں کی طرف سے دل میں شک ہے۔ دارقطنی ابن معین اور ذہبی وغیرہ نے مجالد کو ضعیف کہا ہے۔

امام الائمہ یحیٰی بن سعید کہتا ہے کہ امام صادقؑ کی طرف سے میرے دل میں ایک شے (کراہت عداوت) ہے اور مجھے امام صادقؑ سے مجالد زیادہ محبوب ہے۔ ابن معین کہتا ہے کہ مجالد قابل احتجاج نہیں۔ امام احمد کہتا ہے کہ مجالد لا شئے تھا۔ امام نسائی مجالد کے متعلق لیس بالقوی لکھتا ہے۔ دارقطنی ضعیف بتاتا ہے۔ ابن مہدی اس سے روایت ہی نہیں لیتا۔ طرفہ تر امر یہ ہے کہ خود یحیٰی بھی اس کو بعد ازاں ضعیف بتاتا ہے۔ یہ تمام امور میزان الاعتدال ذہبی میں مرقوم ہیں۔

ابن ہمام کہتا ہے کہ امام حسن علیہ السلام نے اپنی رائے سے نص رسولؐ کی مخالفت کی کیونکہ ابوبکر سے حدیث ہے کہ بہت چکھنے والے اور بہت طلاق دینے والے پر خدا کی لعنت ہو۔

اعلام الناس محمد آحسن مجبو پال ص۲۰ پر ہے کہ امام زین العابدین علیہ السلام بت پرستوں کی سی باتیں کرتے تھے۔

انتصار الشریعت نمبر ۳ جلد اول ص۱۴ پر ہے کہ ذہبی کہتا ہے کہ امام کاظم علیہ السلام کی حدیثیں غیر محفوظ ہیں۔

اخبار اہلسنت و الجماعت امرتسر نے ۱۱ جولائی ۱۹۲۰ء کی اشاعت کے ص۳ کالم ۲ پر لکھا ہے۔ کہ مولوی ثناء اللہ امرتسری ایسا بدحواس ہو گیا کہ اس نے یزید کی مدح سرائی شروع کر دی اور امام حسینؑ کی توہین پر کمر باندھ لی اور بڑی بے باکی سے کہا۔ کہ یزید حکومت کی صلاحیت اور جنگی قابلیت رکھتا تھا۔ اس لیے وہ صالحین میں داخل تھا۔ اور چونکہ امام حسین علیہ السلام حکومت کی صلاحیت نہ رکھتے تھے (اس لیے آپ صالح نہ تھے) پس یزید کو فتح ہوئی اور حسینؑ ناکامیاب رہے۔

صواقع خواجہ نصر اللہ کابلی اور کنز العمال ملا علی متقی کتاب العلم میں ہے کہ عبداللہ بن بشیر سے روایت ہے کہ حضرت علی علیہ السلام سے ایک مسئلہ پوچھا گیا۔ تو حضرت نے فرمایا کہ مجھے اس کا علم نہیں ہے۔ تحفہ شاہ عبدالعزیز میں ہے کہ بلکہ ہم کہتے ہیں کہ جناب امیر علیہ السلام کو بھی تمام احکام (شریعت) کا علم نہیں تھا۔ اور یہ امر انکی قابلیت خلافت کو مانع نہیں ہے۔ ناظرین! ایسی ہی خرافات کی بنا پر شیخ سعدی شیرازی نے بھی بوستان میں لکھ دیا۔ بوستان مترجم تحت اللفظ ص۱۱۲ سطر آخر ملاحظہ ہو۔

کسے مشکلے برد پیش علی　　مگر مشکلش را کند منجلی

Contact : jabir.abbas@yahoo.com　http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بپسندید ہ اذو شاہ مرداں جواب   کہ من برخطا بودم او بر صواب

کنز العمال تبویب جمع الجوامع فضائل علیؑ کتاب الفضائل میں بروایت ابو معتمر مسلم بن اوس وکنیز قدامۃ السعدی اور فتح الباری شرح بخاری تفسیر سورہ والذاریات کتاب التفسیر میں بروایت ابو الطفیل اور تہذیب الکمال میں بروایت ابو الطفیل اور استیعاب ابن عبد البر کی مطبوعہ حیدر آباد ص۴۶۴ پر لکھا ہے کہ حضرت علی علیہ السلام بر سر منبر فرمایا کرتے۔ کہ پوچھ لو مجھ سے جو سوال چاہو ارضی و سماوی پیشتر اس کے کہ میں فوت ہو جاؤں۔

شرح مقاصد علامہ تفتازانی اور ارجح المطالب میں ہے کہ حضرت علی علیہ السلام اہل تورات کو احکام تورات کے مطابق اور اہل زبور کو احکام زبور کے مطابق اور اہل انجیل کو احکام انجیل کے مطابق اور مسلمانوں کو احکام قرآن کے مطابق مسائل بتلاتے شرح مواقف سید شریف جرجانی میں ہے کہ اس سے یہ مراد ہے کہ حضرت علی علیہ السلام کو چاروں کتب کا علم حاصل تھا۔ یہ نہیں کہ حضرت ان کتابوں کے منسوخ شدہ احکام کے جائز ہونے کا حکم فرماتے۔

ابن مغازلی نے ابن عباس سے روایت کی ہے کہ رات جناب امیر علیہ السلام نے بائے بسم اللہ کی تفسیر شروع کی اور طلوع فجر ہو گیا اور ابھی تفسیر ختم نہ ہوئی۔

شواہد النبوت ملا جامی میں امام صادقؑ اور امام کاظمؑ کا ارشاد درج ہے کہ ہم اہلبیت کو علم ما کان و ما یکون" و اسمائے ملوک تاقیامت و شجرہائے ملائکہ و بطائح الناس تاقیامت حاصل ہے۔

ناظرین! اہلسنت کے جید عالم اور علامہ ابن جوزی نے ایک دفعہ منبر پر کہا "سلونی قبل ان تفقدونی" یعنی پوچھ لو مجھ سے جس مسئلہ میں چاہو پیشتر اس کے کہ میں فوت ہو جاؤں۔ ایک عورت اٹھی اور کہا کہ کیا یہ درست ہے کہ حضرت سلمان فارسی مدائن میں فوت ہوئے اور حضرت علی علیہ السلام (بہ معجزہ) مدینے سے مدائن فی الفور تشریف لے گئے۔ حالانکہ مدینے سے مدائن ایک ہفتہ کی راہ ہے اور حضرت نے مرحوم کی تجہیز و تکفین کی۔ ابن جوزی نے کہا۔ ہاں یہ درست ہے۔ پھر اس عورت نے کہا کہ عثمان مدینہ میں قتل ہوا اور اسکی نعش تین دن اور تین رات گھوڑی پر بے غسل و کفن پڑی رہی اور حضرت علی علیہ السلام نے اسکی تجہیز و تکفین نہ کی، ابن جوزی نے غرہ غضب میں کہا کہ اے فلانی۔ اگر تو اپنے شوہر کی اجازت کے بغیر یہاں آئی ہے تو تجھ پر لعنت ہو اور اگر اس نے تجھ کو اتنے مجمع عام میں آنے کی اجازت دی ہے۔ تو اس پر لعنت ہو۔ عورت نے کہا۔ کیا عائشہ جنگ جمل میں آنحضرتؐ کی اجازت سے گئی تھی یا بلا اجازت۔ ابن جوزی لاجواب ہو گیا اور ازیں بعد تمام عمر سلونی قبل ان تفقدونی نہ کہا۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ابن سعد امام صادق علیہ السلام کو قابل احتجاج نہیں جانتا اور ضعفا سے شمار کرتا ہے اور ایکے قول میں تناقض کا قائل ہے۔ یعنی کہتا ہے کہ حضرت کاذب تھے۔

امام رازی نے نہایۃ العقول میں لکھا ہے کہ تعجب ہے کہ شیعہ لوگ امام تقیؑ اور نقیؑ اور عسکری کی نسبت زعم (غلط خیال) رکھتے ہیں کہ وہ جمیع مسائل اصول و فروع کے مجملات و تفصیلات سے آگاہ تھے۔ حالانکہ یہ تینوں ایسے زمانہ میں تھے کہ علما کا خوض علوم کے اقسام میں بڑا ہوا تھا اور ان علما نے تصنیفات کثیر کیں۔ مگر ان تینوں اماموں میں سے ایک سے بھی علم کی کوئی بات ظاہر نہ ہوئی۔ نہ تھوڑی نہ بہت نہ کسی محفل میں شریک ہوئے اور نہ کسی مسئلہ میں مخالف سے کلام کیا۔ اور نہ ان سے کوئی قابل انتفاع تصنیف ہوئی جیسا کہ شافعی اور محمد بن حسن وغیرہ سے ہوئیں (یعنی شافعی اور محمد بن حسن تو بجائے خود رہے۔ ان تینوں آئمہ پر عام علما کو بھی ترجیح ہے۔ نعوذ باللہ۔

انتصار الشریعت نمبر جلد اول ص۲۶ پر ہے کہ ابن تیمیہ کہتا ہے کہ امام علی نقیؑ اور حسن عسکریؑ وغیرہ وغیرہ کو طبری سے علم کا حاصل کرنا واجب تھا۔ انتصار الشریعت نمبر ۲ جلد اول ص۲ پر ہے کہ شیخ نے امام حسن عسکری علیہ السلام کو وضاعین اور کذابین کے گروہ میں داخل کیا ہے۔

حاشیہ بخاری مطبوعہ دہلی کتاب النکاح ص۷۶ پر بخاری نے آیہ مثنیٰ و ثلث و رباع کی تفسیر میں امام عابدؑ کا قول درج کیا ہے جس کی شرح میں ابن حجر عسقلانی لکھتا ہے کہ یہ قول راضیوں کے امام عابدؑ کا ہے جو آپ کی عصمت کا اعتقاد رکھتے ہیں۔

شرح عقائد عضدی از دوانی مطبوعہ لکھنؤ ص۱۹ پر ہے کہ ہم شیعوں کی طرح احادیث کی پیروی نہیں کرتے جن کا اعتقاد ہے کہ آئمہ معصوم ہیں۔ (یعنی آئمہ گنہگار ہیں)

تہذیب التہذیب ابن حجر ترجمہ امام جعفر صادق علیہ السلام میں ہے کہ امام صادق کثیر الحدیث تھے انکو ضعفا سے سمجھا جاتا ہے اور ان سے احتجاج نہیں کیا جاتا۔ ایک مرتبہ ان سے پوچھا گیا کہ کیا آپ نے ان احادیث کو اپنے باپ سے سنا ہے آپ نے جواب دیا ہاں سنا ہے۔ لیکن جب دوسری دفعہ بھی پوچھا گیا۔ تو جواب دیا کہ میں نے صرف اپنے باپ کی کتابوں سے ان احادیث کو دیکھا تھا

کتاب الفصل فی الملل والنحل ابن حزم میں ہے کہ بنی مروان کی خلافت صحیح ہے اور جناب امیر علیہ السلام اور انکی اولاد کی خلافت صحیح نہیں ہے۔ بحر العلوم مولوی عبد العلی میں ہے کہ ہمارے لئے اہلبیت رسولؐ کا اجماع بھی حجت نہیں ہے ازالۃ الخفا اور قرۃ العینین میں ہے کہ اہل تصوف کو حضرت علیؑ اور ان کی اولاد سے کوئی واسطہ نہیں ہے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

امہات الائمہ ص ۹۹ مولوی نذیر احمد میں ہے کہ ہمارے ملک میں عورتوں کا ایک طبعی خاصہ یا بہت
اور تریا چرتر دکر اور فریب بھی مانا گیا ہے۔ اور یہی بات ہم فاطمہؑ اور عائشہ میں بھی پاتے ہیں۔

اخبار اہلحدیث مورخہ ۲۰ مارچ ۱۹۰۸ء مطابق ۱۷ صفر ۱۳۲۶ھ میں مولوی ثناء اللہ وہابی
امرتسری نے مندرجہ ذیل الفاظ حضرت علی علیہ السلام کے بارہ میں نقل کئے ہیں:۔

بے حیا۔ بزدل۔ کمینہ۔ دیوث۔ بے غیرت۔ اول الدیوثین۔ نعوذ باللہ ثم نعوذ باللہ۔

اخبار اہلحدیث مولوی ثناء اللہ امرتسری ص۱۱ نمبر ۴۴ ۳ ماہ شوال میں یہ فتویٰ شائع کیا گیا ہے
کہ مجالس حسین علیہ السلام میں کسی بھی نیت سے جانا قرآن اور احادیث کے رو سے ناجائز ہے۔

کتاب درر کامنہ شیخ ابن حجر عسقلانی میں حضرت علی علیہ السلام کے بارہ میں معاذ اللہ یہ الفاظ
درج ہیں کہ حضرت علی علیہ السلام بوجہ مخالفت شرح مختذل ہوئے۔ آپ کا اسلام صحیح نہ تھا۔ آپ نے ثلاثہ کی
خلافتوں کے خلاف کوشش کرکے منافقت کا اظہار کیا۔ آپ کا جہاد دیانت پر مبنی نہ تھا بلکہ دنیوی ریاست
کی وجہ سے تھا۔ کتاب شرح اسماء النبی ص۔ مرزا ذوالنبیین ابن وحبہ میں ہے کہ بخاری نے اپنی صحیح میں براء بن
عازب سے روایت کی ہے کہ آنحضرتؐ نے ہم کو خالد بن ولید کے ساتھ حجۃ الوداع سے پہلے یمن کی طرف روانہ
کیا۔ بعد ازاں جناب امیر علیہ السلام کو بھیجا کہ جو شخص خالد کے ساتھ رہنا چاہے رہنے دینا اور جو واپس آنا چاہے
آ جائے۔ براء کہتا ہے کہ میں ان میں سے تھا جو خالد کے پاس رہے اور بہت سا مال غنیمت ہاتھ آیا۔ بریدہ
سے روایت ہے کہ حضرتؐ نے جناب امیرؑ کو بھیجا کہ جا کر خالد سے مال خمس وصول کریں۔ ہم کو جناب امیرؑ
سے بغض تھا۔ وغیرہ وغیرہ۔

ذوالنبیین پھر لکھتا ہے کہ اس حدیث کو بخاری نے ناقص اور ابتر وارد کیا ہے جیسا کہ تو دیکھتا ہے
اور ایسی احادیث (منقبت جناب امیر علیہ السلام) کے لکھنے میں کانٹ چھانٹ کرنا اس کی عادت ہے
بہ سبب اس رائے بد کے جو اس راہ سے (الفت آل محمدؐ) انحراف کرنے میں رکھتا ہے۔ اس حدیث کو احمد
بن حنبل نے کاملاً اور محققاً وارد کیا ہے۔ کہ عبد اللہ بن بریدہ سے روایت ہے کہ ہم کو علی ابن ابیطالب
سے اس قدر بغض تھا کہ اتنا کسی سے بغض نہ تھا۔ ہم ایک شخص سے صرف اس وجہ سے محبت رکھتے تھے کہ
وہ دشمن علیؑ تھا۔ یہ شخص (خالد بن ولید) جب سردار لشکر بنا کر بھیجا گیا۔ تو ہم نے صرف اس وجہ سے کہ یہی
دشمن علیؑ ہے اس جنگ میں چند قیدی ہوئے۔ ہم نے آنحضرتؐ کو لکھا کہ تقسیم غنیمت کے لئے کسی
کو بھیج دیجئے۔ آنحضرتؐ نے جناب امیر (علیہ السلام) کو بھیجا ان قیدیوں میں ایک لونڈی بھی تھی جو سب سے
بہتر تھی جناب امیر بعد تقسیم آئے اس طرح کہ غسل کیا ہوا تھا اور پانی سر سے ٹپک رہا تھا ہم نے کہا یہ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کیا حضرت نے فرمایا۔ تم نے اس لونڈی کو نہیں دیکھا تھا جو قیدیوں میں تھی جو بعد تقسیم خمس میں پڑی اور تقسیم خمس میں یہ وہی لونڈی حصہ علی میں آئی۔

پھر ذوالنسبین لکھتا ہے کہ بخاری کو حذف اور اسقاط کی عادت ہے اور یہ دلیسی بات پہ ہے جو اس کی تصنیف پر عیب ہے خصوصاً ذکر علیؑ کو ساقط کر دینا۔

۱۳۲۹ھ مطابق ۱۹۱۱ء شیخ الاسلام قسطنطنیہ نے فتویٰ صادر کیا کہ نجف اشرف اور کربلائے معلےٰ کے خزائن اور تبرکات کو شاہی مصارف میں لایا جائے اس پر شیعان عالم میں ہیجان پیدا ہوا اور یہ فتوے عمل میں نہ آسکا۔ وہابیوں کے پیرو مرشد عبدالوہاب نجدی کا بھی یہی منشا تھی۔ عبدالوہاب واقعی نجدی تھا چنانچہ ابجد العلوم صدیق حسن خاں ص۱۶۸ پر ہے کہ شیخ محمد بن عبدالوہاب نجدی کی ولادت ۱۱۱۵ھ میں اور وفات ۱۲۰۶ھ میں واقع ہوئی۔ ناظرین تبرکات مشاہد مقدسہ کو اپنے صرف میں لانے کا خیال شیخ الاسلام کی جدت طبع کا نتیجہ نہ تھا۔ بلکہ سنت عمری کا تتبع تھا۔ بخاری کتاب الحج باب کسوۃ الکعبہ ص۱۸۷ پر ہے کہ ابی وائل راوی ہے کہ ہم شیبہ کے پاس گئے (اس وقت خانہ کعبہ کی کلید بردار شیبہ کی اولاد ہے) خانہ کعبہ میں کرسیوں پر بیٹھے تھے اور ہمارے ساتھ عمر بن خطاب بھی بیٹھا تھا عمر بن خطاب نے کہا کہ خانہ کعبہ میں نہ سونا چھوڑیں گے نہ چاندی۔ مگر سب کو تقسیم کریں گے شیبہ نے کہا اے عمر تمہارے دونو صاحب آنحضرتؐ اور ابوبکر نے تو اس کام کو نہیں کیا عمر نے کہا بیشک وہ دونو مرد اس قابل تھے کہ ہم انکی اقتدا کریں۔ یعنی میں اس خیال کو چھوڑ دیتا ہوں فتح الباری جلد ۳ ص۳۰۵ پر ہے کہ عمر نے جس مال کی تقسیم کا ارادہ کیا تھا۔ یہ وہ مال تھا جو خزانہ میں جمع تھا۔ کیونکہ اکثر مال بغرض تعظیم بھیجتے تھے خرچ سے جو بچ رہتا وہ بطور خزانہ جمع ہو جاتا۔ اسی مال کی تقسیم کا ارادہ عمر نے کیا تھا نہ اس مال کا جو بطور قندیل وغیرہ تھا۔ از راہ زینت کیونکہ اس مال کا خرچ تو کسی طرح بھی جائز نہیں۔ ابن الجوزی نے کہا کہ زمانہ جاہلیت میں اکثر مال بغرض تعظیم خانہ کعبہ بھیجتے تھے جو جمع ہو جاتا تھا۔ دیکھئے صاحب فتح الباری عمر کی ناجائز سنت پر و پرکس طرح ملمع کاری کرنا چاہتا ہے عمر کہتا ہے کہ میں ہر قسم کا مال بصورت سونا چاندی نکال لونگا۔ حالانکہ قندیل چاندی کے ہیں۔ یہاں تک ہی بس نہیں عمر نے پھر بھی ارادہ کیا اور ابی بن کعب کے سمجھانے سے باز رہا۔ بخاری ص۱۰۶ پر ہے کہ یہی قصہ عمر ابی بن کعب کے درمیان ہوا اور ابی بن کعب نے سمجھایا تو عمر اپنے ارادہ سے باز رہا۔

ربیع الابرار زمخشری میں ہے کہ کسی نے عمر سے کہا کہ خانہ کعبہ کو زیور کی کیا ضرورت ہے زیور یعنی آراستگی پس ثابت ہوا کہ عمر قندیل وغیرہ بھی نکال لینا چاہتا تھا اسی مال سے مسلمانوں کا لشکر تیار

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کیجئے۔ عمر نے اس کا قصد کیا اور حضرت علی علیہ السلام سے پوچھا۔ حضرت نے فرمایا۔ آنحضرتؐ پر قرآن نازل کیا گیا جس میں مال کی چار اقسام ہیں۔ ایک مال مسلمین جسکو خدا نے ورثہ میں مطابق فرائض تقسیم کیا۔ دوسرا مال فئے ہے جس کو اس کے مستحقوں پر تقسیم کیا۔ تیسرا خمس جس کے خاص مصرف مقرر ہیں۔ چوتھے صدقات جنکے احکام خدا نے مقرر کیے ہوئے ہیں۔ خانہ کعبہ کے زیورات اس وقت بھی موجود تھے جب آنحضرتؐ موجود تھے۔ آنحضرتؐ نے ان زیورات کو اپنے حال پر چھوڑ دیا۔ یہ چھوڑ دینا نہ از راہ نسیان تھا۔ اور از راہ نادانی۔ لہذا خدا و رسولؐ نے جس طرح انکو رہنے دیا۔ اسیطرح تو بھی رہنے دے۔ عمر نے کہا۔ اگر آپ نہ ہوتے تو ہم ذلیل ہوتے۔ پس اس ارادہ سے باز رہا۔

پھر چوتھی دفعہ عمر نے اس خزانہ عظیم کو حاصل کرنا چاہا۔ عرف الوردی فی اخبار المہدی حافظ جلال الدین سیوطی ص۲۵۳ پر ہے نعیم بن حماد نے روایت کی ہے کہ ایک دن عمر داخل خانہ کعبہ ہوا تو کہا۔ ہم نہیں جانتے کہ خزانہ خانہ کعبہ کو جس میں سلاح و مال ہے یونہی رہنے دیں یا خدا کی راہ میں تقسیم کر دیں۔ اس پر جناب امیر علیہ السلام نے فرمایا۔ تم اس کے صاحب نہیں ہو۔ اس کا صاحب ہم اہلبیت میں سے وہ جوان ہے جو آخر الزمان میں ہوگا۔ اور وہی اس کو تقسیم خدا کے راہ میں کریگا۔

تزک تیموریہ میں ہے کہ امیر تیمور کے عہد سلطنت میں ماوراء النہر کے تمام علمائے اہلسنت نے امیر تیمور کے پاس ایک محضر نامہ بھیجا کہ چونکہ علیؑ قتل عثمان میں شریک تھا۔ اس لیے سرکاری حکم نافذ فرمایا جائے کہ ہر مسلمان علیؑ کو اپنا دشمن جانے لیکن امیر تیمور نے منظور نہ کیا۔ امام احمد حنبل لکھتا ہے کہ ہر مسلمان پر لازم ہے کہ علیؑ سے بغض رکھے۔ امام غزالی لکھتا ہے کہ تسنن (اہلسنت) (عقیدہ) اور محبت علیؑ کا ایک دل میں جمع ہونا ناممکن ہے۔ سنی شاعر علی بن جہم ہمیشہ حضرت علی علیہ السلام کو بہت برا بھلا کہا کرتا تھا شاعر مذکور کے حق میں علامہ ابن خلکان کہتا ہے کہ علیؑ کو برا بھلا کہنا تب جرم ہو سکتا ہے جبکہ دیگر اہلسنت اس بات کو قبیح خیال کریں اور چونکہ ہر ایک اہلسنت علیؑ کو اپنا دشمن جانتا ہے۔ خواہ کوئی شخص ظاہر اس امر کا اظہار کر دیتا ہے خواہ کوئی دل میں پوشیدہ رکھتا ہے۔ اسلئے شاعر علی بن جہم کو علی ابن ابی طالب کی دشنام دہی میں معذور جاننا چاہیے۔

حالانکہ ینابیع المودۃ مطبوعہ قسطنطنیہ ص۲۵۲ پر ہے کہ جو شخص حضرت علی علیہ السلام کو اپنے طور پر دیکھنے وہ زانیہ کا بیٹا ہے یا حیض کی پیدائش ہے یا منافق ہے۔ ناظرین! مقام حیرت تو یہ ہے کہ ایک طرف وہ پاک ذات ہے جسکی عظمت و تقدس میں ہزارہا احادیث شاہد ہوں۔ تخلیق موجودات سے پیشتر خدائے قدوس کی تسبیح و تہلیل میں مشاغل ہو۔ ملائکہ کا استاد اور انبیاء کا دستگیر ہو۔ ماں کے پیٹ میں سر وقد کھڑا ہو کر

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

آنحضرتؐ کی تعظیم کرے۔ کعبہ کی دیوار اس کی ولادت باسعادت کے استقبال میں اپنے بازو کشادہ کر دے اس کا پہلا منظر رسول اللہ کا چہرہ اور پہلا مقام رسولؐ اللہ کی گود اور پہلی خوراک رسول اللہ کا لعاب دہن ہو۔ اپنی پیدائش کے وقت کتب آسمانی کو از بر پڑھے تیرہ سال کی عمر میں پہلی تن اور شجاع جوانان عرب کے مجمع کثیر میں بالاعلان مدعی ہو کہ تمہاری سرکش گردنیں میرے قدم شجاعت کے نیچے پامال کی جائیں گی۔ ہر ایک جہاد میں کرار غیر فرار ہو۔ آنحضرتؐ کا حقیقی معنوں میں فدائی ہو۔ سرچشمہ معجزات اور منبع خوارق عادات ہو۔ علوم ارضی و سماوی میں یگانہ ہو۔ گھوڑے کی ایک رکاب میں پاؤں رکھتے ہوئے قرآن شروع کرے اور دوسری رکاب میں پاؤں رکھنے تک کے قلیل عرصہ میں تمام قرآن ختم کر دے۔

حضرت فاطمۃ الزہرہ کا خاوند اور حسنین کا باپ ہو۔ خداوند عالم اور رسولؐ اللہ اور ملائکہ کو اس کی ذات والا صفات پر فخر ہو لیکن دوسری طرف وہ افراد ہیں جو پچاس پچاس سال تک شرک سے ملوث اور تمام عمر قباحات سے مملو اور جہالت کے مخزن ہوں۔ رسولؐ اللہ اور اس کی واجب الاطاعت آل پاک کو ہر ممکن طریقہ سے ایذا دیں۔ احکام شریعت کو پس پشت ڈال دیں اور تادم مرگ گناہان کبیرہ کے مرتکب رہیں۔ لیکن نادان مبتیاں نور کو چھوڑ کر ظلمت میں پھنستی ہیں۔

قاتلین معصومین علیہم السلام

حوالہ جات لکھ چکا ہوں کہ جناب فاطمہؑ کی شہادت کا باعث سقط محسنؑ ہوا جس کا باعث عمر اور ابوبکر تھے بعض روایت سے پایا جاتا ہے کہ رسولؐ اللہ کو عائشہ اور حفصہ نے زہر دیکر شہید کیا معاویہ نے حضرت علی علیہ السلام اور امام حسن علیہ السلام کو اور یزید نے امام حسین علیہ السلام کو شہید کیا۔

تاریخ اسلام ص۳۰ پر ہے کہ ولید بن عبدالملک سنی خلیفہ نے امام زین العابدین علیہ السلام کو زہر سے شہید کیا۔ تاریخ اسلام ص۳۲ اور تاریخ ابن خلدون کتاب ثانی جلد ششم ص۸۵ پر ہے کہ اسی ولید نے حضرت یحییٰ بن زید بن امام زین العابدین کو قتل کر کے سولی پر لٹکایا جہاں نعش مبارک مدت تک لٹکی رہی۔ تاریخ اسلام ص۳۳ پر ہے کہ ہشام بن عبدالملک مروانی سنی نے امام محمد باقر علیہ السلام کو زہر سے شہید کیا۔ ص۳۳ پر ہے کہ منصور عباسی سنی نے امام جعفر الصادق علیہ السلام کو زہر سے شہید کیا۔

ابوالفدا جلد اول ص۱۵ پر ہے کہ ہارون رشید عباسی سنی نے امام موسیٰ کاظم علیہ السلام کو زہر سے شہید کیا۔ تاریخ اسلام ص۴۶ تاریخ کامل ابن اثیر جلد ششم ص۱۱۶ مروج الذہب مسعودی جلد ۹ ص۳۳ حبیب السیر جزو اول ص۱۵ پر ہے کہ مامون رشید عباسی سنی نے امام موسیٰ رضا علیہ السلام کو زہر سے شہید کیا۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

تاریخ اسلام جلد اول صفحہ ۳۱ پر ہے کہ خلیفہ معتصم باللہ سنی نے امام محمد تقی علیہ السلام کو زہر سے شہید کیا اور صفحہ ۱۵ پر ہے کہ معتز باللہ عباسی سنی نے امام علی نقی علیہ السلام کو زہر سے شہید کیا اور صفحہ ۲۶ پر ہے کہ خلیفہ معتمد علی اللہ عباسی سنی نے امام حسن عسکری علیہ السلام کو زہر سے شہید کیا۔

اصحاب اخیار

قاضی علامہ نوراللہ شوستری کی کتاب مجالس المومنین میں سے آنحضرتؐ کے چند اصحاب کا نام لکھتا ہوں جن کا انجام بخیر ہوا۔ اور جو بہشت کے درجات عالیہ پر فائز ہو گئے۔

ابوطالب۔ حمزہ۔ عباس۔ عبداللہ بن عبداللہ۔ عبداللہ بن عباس۔ قثم بن عباس۔ فضل ابن عباس۔ عبداللہ بن جعفر طیار۔ عون بن جعفر طیار۔ عقیل بن ابوطالب۔ محمد بن جعفر۔ عباس بن عتبہ ابولہب ہاشمی۔ عباس بن ربیعہ بن حارث بن عبدالمطلب۔ جعفر بن ابوسفیان بن حارث ہاشمی۔ مسلم بن عقیل۔ ابوسفیان بن حارث بن عبدالمطلب۔ سعید بن حارث بن عبدالمطلب۔ عبدالمطلب بن ربیعہ بن حارث۔ عمر بن ابی سلمہ بن عبدالاسد۔

مقداد بن الاسود۔ سلمان فارسی۔ عمار بن یاسر۔ عیسیٰ ابوذر جندب بن جنادہ غفاری۔ بریدہ بن حصین اسلمی۔ خالد بن سعید بن عاص بن امیہ بن عبدالشمس۔ عثمان بن حنیف انصاری۔ ابوالہیثم بن مالک بن ضال انصاری۔ سہل بن حنیف انصاری۔ جابر بن عبداللہ۔ حذیفہ بن یمان انصاری۔ خزیمہ بن ثابت انصاری۔ ابوایوب بن زید انصاری۔ ابی کعب انصاری۔ سعد بن عبادہ انصاری۔ قیس بن سعد بن عبادہ انصاری۔ بشیر بن سعد انصاری۔ جریر بن عبداللہ۔ حجر بن عدی کندی۔ عدی بن حاتم طائی۔

اسامہ بن زید۔ ابراہیم ابورافع۔ ہرمز بن مالک۔ براء بن عازب۔ براء بن معرور سلمی خزرجی۔ بشیر بن براء بن معرور۔ حارث بن سراقہ۔ حارث بن نعمان بن قیع انصاری۔ حارث بن نعمان بن امیہ۔ حارث بن ہشام مخزومی۔ حارث بن عزیہ انصاری۔ عروہ ازدی انصاری۔ عبداللہ بن بدیل بن ورقہ خزاعی۔ اسعد بن زرارہ۔ ابوامامہ خزرجی انصاری۔ ابوالبشر کعب بن عمر قتادہ۔ عمر بن حمق خزاعی۔ اسعد بن حصین بن سماک انصاری۔ اوس بن ثابت بن منذر انصاری۔ ابی بن عمارہ انصاری۔ ثابت بن زید۔ ثابت بن قیس خزرجی۔ ثابت بن ضحاک الخزاجی انصاری۔ حریث بن زیب انصاری۔ خباب الارث۔ عبداللہ بن خباب بن ارث۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

عبدالغفار بن قاسم بن قیس بن فہد الانصاری ۔ محمد بن عمر حزم الانصاری ۔ نعمان بن عجلان الزرقی ۔ سعد بن معاذ الانصاری ۔ سالک بن نویرہ بلال بن رباح ۔ حارث بن قیس ۔ عمر بن ام کلثوم القرشی العامری ۔ ہاشم بن عتبہ بن ابی وقاص الزہری ۔ ابوسعید الخدری ۔ جابر بن عبداللہ بن عمر بن حزم الانصاری ۔

ناظرین! حضرت نوحؑ کی سینکڑوں سال کی وعظ و نصیحت کے باوجود قریباً کچھ آدمی آپ پر ایمان لائے حضرت عیسٰیؑ کی پینتیس سالہ تبلیغ پر صرف بارہ پندرہ آدمی ایمان لائے ۔ اور حضرت ابراہیمؑ پر بابل کے تمام باشندوں میں سے صرف نمرود کی لڑکی ایمان لائی ۔ از آں قبیل تمام انبیا کی یہی حالت رہی ۔

بسم اللہ اور نماز

تفسیر کبیر جلد اول ص۱۰۵ سطر۱۰ پر ہے کہ حضرت علی علیہ السلام بسم اللہ کو بلند آوازی سے پڑھا کرتے تھے ۔ لیکن جب بنی امیہ خلیفہ ہوئے تو انہوں نے بسم اللہ کو بلند آوازی سے پڑھنا چھوڑ دیا ۔ تفسیر کبیر جلد اول ص۱۵۸ تا ص۱۶۰ پر ہے کہ معاویہ نماز میں بسم اللہ بلند آواز سے نہ پڑھتا ۔ اور حضرت علی علیہ السلام کی مخالفت کی وجہ سے لوگوں کو بلند آواز سے پڑھنے سے روکتا ۔ اور نہ ہی رکوع اور سجود میں جاتے وقت تکبیریں کہتا ۔ تفسیر الباری پارہ چہارم کتاب الصلوٰۃ ص۳۳ پر ہے کہ عمر بن سلمہ نماز میں بائیس تکبیریں کہتا ۔ اور بخاری پارہ تیسرا کتاب مواقیت الصلوٰۃ ص۱ پر ہے کہ سعد بن سہیل نے عمر بن عبدالعزیز خلیفہ کے ساتھ ظہر کی نماز پڑھی ۔ اور انس بن مالک کے پاس گیا ۔ دیکھا تو وہ نماز پڑھ رہا تھا ۔ پوچھا یہ کونسی نماز ہے کہا نماز عصر پڑھی ہے ۔ اور اسی طرح رسول اللہ پڑھا کرتے یعنی ظہر اور عصر کا ایک ہی وقت ہے ۔

بخاری پارہ سوئم کتاب الاذان ۔ باب اتمام التکبیر فی الرکوع مترجمہ مولوی وحید الزماں مطبع احمدی لاہور ص۹۰ پر ہے کہ عمران بن حصین نے حضرت علی علیہ السلام کے ساتھ بصرہ میں نماز پڑھی ۔ تو کہا ۔ ہم کو حضرت نے آج وہ نماز یاد دلائی جو ہم آنحضرت کے زمانہ میں پڑھا کرتے تھے ۔ پھر کہا کہ حضرت علی علیہ السلام جب سر اٹھاتے اور جب جھکاتے تکبیر کہتے ۔

سنن ابن ماجہ مترجم جلد اول باب التسلیم ص۲۱۵ پر ہے کہ ابوموسیٰ اشعری نے حضرت علی علیہ السلام کے ساتھ جنگ جمل میں نماز پڑھی تو مذکورہ کلمات کہے ۔

البلاغ المبین ص۱۵۹ ابن ماجہ جلد اول ص۲۱۵ فتویٰ عبدالحی جلد اول ص۱۰۶ نیل الاوطار شوکانی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جلد ششم ص۱۵۶ پر ہے کہ امام مالک ہاتھ چھوڑ کر نماز پڑھا کرتا تھا۔ حاشیہ بخاری مولوی وحید الزمان پارہ ۳ ص۱۰ پر ہے کہ ابن قاسم لکھتا ہے کہ امام مالک ہاتھ چھوڑ کر نماز پڑھتا تھا۔ سنن ابن ماجہ مترجم جلد اول ص۲۹۶ اور نیل الاوطار جلد دوم ص۶۰ پر ہے کہ ابن ابی شیبہ نے حسن بصری اور ابراہیم اور ابن مسیب اور ابن سیرین اور سعید بن جبیر سے ہاتھ کھول کر نماز پڑھنا نقل کیا ہے۔ اور عبداللہ بن زبیر جب نماز پڑھتا تو دونوں ہاتھ کھول کر پڑھتا۔

البلاغ المبین جلد اول ص۲۳۲ پر ہے کہ اس پر صحاح ستہ اور محدثین کا اتفاق ہے کہ آنحضرتؐ نماز میں ہر تکبیر کے بعد رفع یدین کرتے۔ بخاری مترجمہ مولوی وحید الزمان کتاب الاذان باب اتمام التکبیر فی الرکوع پارہ سوئم ص۹۵ پر ہے کہ ابوہریرہ نماز میں جب جھکتا اور جب کھڑا ہوتا۔ اور سجدہ میں جاتا تو تکبیر کہتا۔

ترجمہ موطا ص۱۱۱ اور البلاغ المبین ص۲۲۳ و ص۳۹۹ پر ہے کہ اہلسنت کی دعا قنوت یعنی اللھم انا نستعینک الخ کو آنحضرتؐ نے نہیں پڑھا بلکہ اسے عمرؓ نے بنایا اور لوگوں نے اسکی پیروی کی۔ البلاغ المبین ص۲۲۹ پر ہے کہ براء بن عازب کہتا ہے کہ آنحضرتؐ صبح اور مغرب کی نماز میں دعائے قنوت پڑھتے۔ مترجم بخاری مطبوعہ احمدی پارہ چہارم ص۶ پر ہے کہ انس بن مالک کہتا ہے کہ آنحضرتؐ کے زمانہ میں دعائے قنوت صبح اور مغرب کی نماز میں پڑھی جاتی۔

وضو

تفسیر درمنثور جلد دوم ص۲۶۲ پر ابن عباس سے روایت ہے کہ لوگوں نے مسح پا سے انکار کیا اور غسل پا کو جاری کیا حالانکہ میں کتاب خدا میں نہیں پاتا ہوں مگر مسح پا۔

تفسیر کبیر جلد سوئم ص۳۷۰ پر ہے کہ اگر ارجلکم کے لام کو زیر و زبر پڑھو۔ تب بھی حکم مسح ہی ثابت ہوگا کیونکہ جملہ "وامسحوا برؤسکم" اگرچہ مجرور ہے مگر محل نصب میں ہے کیونکہ مفعول وامسحوا ہے اب اس پر جو ارجلکم کو عطف کیا تو جائز ہے کہ وہ نصب سے پڑھا جائے۔ پس بہر طور مقصود خدا حکم مسح رجلین ہے نہ کہ غسل قدمین۔

تفسیر کبیر ص۳۷۰ پر ہے کہ اس آیہ کا جواب اور کچھ ہو ہی نہیں سکتا بجز اس کے کہا جائے کہ احادیث (غسل قدمین کے بارہ میں) کثرت سے وارد ہیں۔ تفسیر درمنثور جلد سوئم ص۲۶۲ پر ہے کہ قرآن تو مسح کے ساتھ اترا اور سنت سے غسل جاری ہوا اور اصحاب رسولؐ نے غسل قدمین پر اجماع کیا۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اسد الغابہ جلد دوم صفحہ ۲۲۳ پر ہے کہ تمیم بن زید بن عبداللہ بن زید انصاری نے کہا کہ میں نے
...رت کو دیکھا کہ آپ نے وضو فرمایا اور اپنے پاؤں پر پانی چھڑک لیا۔
مسند امام احمد حنبل جلد اول مطبوعہ مصر صفحہ ۵۹ پر ہے کہ عثمان بن عفان مسح پا کیا کرتا صفحہ ۶۸
...ے کہ عثمان نے سر اور پاؤں کا مسح کیا۔ اور عثمان نے کہا کہ رسول اللہ یونہی کیا کرتے صفحہ ۹۵ پر
...کہ حضرت علی علیہ السلام نے مسح پا کیا اور فرمایا کہ رسول اللہ یونہی کیا کرتے صفحہ ۱۱۴ پر ہے کہ رسول اللہ
...ح پا کیا کرتے صفحہ ۱۱۶ پر ہے کہ حضرت علی علیہ السلام نے مسح پا کیا صفحہ ۱۲۰ پر ہے کہ حضرت علی علیہ السلام نے
...ح پا کیا۔ صفحہ ۱۲۴ پر ہے کہ حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا کہ رسول اللہ مسح پا کیا کرتے صفحہ ۱۲۵ پر ہے۔
سنن دارقطنی نے بروایت رفاعہ بن رافع لکھا ہے کہ ہم لوگ خدمت رسولؐ میں بیٹھے تھے کہ ایک
...ص نے وضو کیا۔ آنحضرتؐ نے اس کے وضو کو ناجائز فرمایا۔ اس نے اسی طرح تین دفعہ وضو کیا۔
...ب حضرتؐ نے فرمایا کہ تم لوگوں کی نماز صحیح نہیں ہو سکتی جب تک وضو درست نہ ہو اور حکم دیا کہ منہ
...دھوئے اور دونوں ہاتھوں کو کہنیوں تک دھوئے اور سر اور پاؤں کا مسح کرے۔
فتح الباری شرح بخاری جزء ۳ مطبوعہ دہلی صفحہ ۲۶۲ اور بخاری جزء ۲۲۔ کتاب الاشربہ میں ہے۔
...حضرت علی علیہ السلام نے سر اور پاؤں کا مسح کیا۔ ازالۃ الخفاء میں ہے کہ عمر بن خطاب نے فسخ حج
...عمرہ و مسئلہ غسل قدم و مسئلہ متعہ و مسئلہ صرف میں اقدام کیا۔
مسلم بخاری۔ روضہ ندیہ۔ مجمع البحار میں بروایت عائشہ لکھا ہے کہ حضرت علی علیہ السلام نے
...مسح پا کیا۔ تفسیر درمنثور سیوطی۔ معالم التنزیل بغوی۔ تفسیر صدیق حسن خاں۔ مجمع البحار گجراتی میں ہے
...د ابن عباس مسح پا کرتے تھے۔
تفسیر درمنثور۔ ابن کثیر۔ تفسیر کبیر رازی میں ہے کہ انس بن مالک مسح پا کرتا۔ سنن دارقطنی میں
...ہے رفاعہ بن رافع صحابی مسح پا کرتا۔ مسند احمد حنبل میں ہے کہ تمیم بن زید مازنی صحابی مسح پا کرتا۔
اصابہ اور سنن ابوداؤد میں ہے کہ جابر بن عوف صحابی مسح پا کرتا۔
تفسیر کبیر فخرالدین رازی میں امام محمد باقرؑ کا اور تفسیر درمنثور و معالم التنزیل بغوی و گجراتی میں
عکرمہ کا اور تفسیر صدیق حسن خاں میں حسن بصری کا اور تفسیر ابن کثیر میں علقمہ کا مسح پا کرنا لکھا ہے
کتاب رحمۃ الامۃ صفحہ ۱۹ بر حاشیہ میزان الکبریٰ شعرانی میں ہے کہ امام احمد حنبل مسح پا کا قائل تھا
تفسیر نواب صدیق حسن خاں میں ہے کہ امام ابوجعفر محمد بن جریر الطبری مسح پا کا قائل تھا۔
کتاب دراسات اللبیب ملا محمد معین لاہوری میں ہے کہ گردن کا مسح کرنا احادیث صحیحہ اہلسنت

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کے خلاف ہے اور نہ اس کی کوئی سند ہے لیکن میں اس کو ترک نہیں کرتا سفر السعادہ مجد الدین فیروز آبادی میں ہے کہ گردن کے مسح میں کوئی حدیث ثابت نہیں ہوئی۔ شرح طحاوی میں ہے کہ فقیہ ابو جعفر گردن پر مسح اس لئے کیا کرتا۔ کیونکہ ابن عمر ایسا کیا کرتا۔

غسل میت

مسند احمد حنبل میں ہے کہ آنحضرت کو حضرت علی علیہ السلام نے آب خالص اور آب سدر سے غسل دیا۔ اور تین کپڑوں میں کفنایا گیا۔

نماز جنازہ

کنز العمال کتاب الشمائل باب دفن النبی میں بروایت امام صادق علیہ السلام لکھا ہے کہ عباس نے آنحضرت کے جنازہ پر پانچ تکبیریں پڑھیں۔

تاریخ الخلفا سیوطی ص ۹۳ فصل اولیات عمر میں ہے کہ عمر پہلا شخص ہے جس نے لوگوں کو نماز جنازہ میں چار تکبیروں پر جمع کیا۔ شرح سفر السعادت ص ۳۳۵ پر ہے کہ مسلم نے زید بن ارقم سے روایت کی کہ وہ پانچ تکبیریں پڑھا کرتا اور کہتا کہ یہی آنحضرت کا معمول تھا۔ ابن مسعود سے منقول ہے کہ اس نے قبیلہ بنی اسد کے ایک جنازہ پر پانچ تکبیریں پڑھیں۔ عمیر خنۃ ۳۴ پر مبسوط حنفیہ میں ہے کہ ابو یوسف پانچ تکبیریں پڑھا کرتا تھا۔ احمد سے روایت ہے کہ ابن عبد اللہ کے نزدیک چار تکبیروں سے کم اور سات سے زیادہ نہ پڑھنا چاہیے اور امام احمد وارث نے ابو حنیفہ سے اور اس نے حماد سے اور اس نے ابراہیم نخعی سے روایت کی ہے کہ اصحاب رسول پانچ تکبیریں پڑھا کرتے۔ مگر عمر نے چار کا حکم دیدیا۔ تاریخ ابو الفدا میں ہے کہ عمر نے چار تکبیر کا حکم دیا۔

عاشورا

فتح الباری جزو ثامن جلد ۲ ص ۳۱۲ پر ہے کہ عائشہ سے روایت ہے کہ آنحضرت نے عاشورہ کے روزہ کا حکم دیا جب روزہ رمضان واجب ہوا۔ تو جس کا جی چاہتا رکھتا اور جس کا جی چاہتا روزہ نہ رکھتا پھر لکھا ہے کہ چونکہ قریش زمانہ جاہلیت میں عاشورہ کا روزہ رکھتے تھے۔ اس لئے رسول اللہ بھی زمانہ جاہلیت میں روزہ رکھتے تھے جب مدینہ تشریف لائے تو خود بھی روزہ رکھا۔ اور دوسروں کو بھی روزہ

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

رکھنے کا حکم دیا جب روزہ رمضان فرض ہوا تو وہ روزہ چھوڑ دیا گیا اب جو چاہے رکھے اور جو چاہے نہ رکھے۔

بخاری کتاب الصوم ص۲۳۹ پر ہے کہ آنحضرتؐ نے ایک دفعہ روز عاشورہ روزہ رکھا اور دوسروں کو روزہ رکھنے کا حکم بھی دیا جب رمضان کا روزہ واجب ہوا تو اس کو چھوڑ دیا۔ عبداللہ بن عمر اس روز کا روزہ (عاشورہ کا روزہ) نہ رکھتا تھا۔

بخاری میں ہے کہ جس سال معویہ نے حج کیا تو منبر رسولؐ پر جا کر بروز عاشورہ کہا کہ اے اہل مدینہ کہاں ہیں تمہارے علماء کہ رسول اللہ سے ہم نے سنا ہے یہ روز عاشورہ ہے خدا نے اس کا روزہ تم پر واجب نہیں کیا ہم روزہ سے ہیں جس کا جی چاہے روزہ رکھے جس کا جی چاہے افطار کرے۔

فتح الباری ص۲۱۲ پر ہے "فیوم عاشورہ هو العاشر وقيل هو اليوم التاسع" یعنی کوئی کہتا ہے کہ یوم عاشورہ ۱۰ کو ہے اور کوئی کہتا ہے ۹ کو ہے۔ عمدۃ القاری جلد ۵ ص۳۴۶ پر ہے۔ کہ اختلف الصحابة فيه هل هو اليوم التاسع او اليوم العاشر او اليوم الحادي عشر۔ یعنی صحابہ میں اختلاف ہے کہ یوم عاشورہ ۹ محرم ہے یا ۱۰ یا ۱۱۔ امام حاکم کا قول ہے کہ یوم عاشورہ کے روزہ والی حدیث قاتلان امام حسین علیہ السلام نے وضع کی ہے۔

شیعوں کی کتاب فروع کافی حصہ اول مطبوعہ نولکشور (یہ شیعوں کی کتاب ہے) میں ہے کہ امام محمد باقر علیہ السلام سے روز عاشورہ کے متعلق دریافت کیا گیا۔ حضرت نے فرمایا۔ یہ روزہ متروک ہے بہ سبب نزول حکم روزہ ماہ رمضان اور جو حکم متروک ہو گیا اس کو عمل میں لانا بدعت ہے۔

مدخل علامہ ابن الحاج سنی ص۲۱۲ جلد سوئم میں ہے کہ مصری سنی عورتیں عاشورہ کے دن بہ کمال زیب و زینت لباس فاخرہ پہنے ہوئے اور زیورات سے آراستہ ہو کر جامع عتیق میں جاتی ہیں اور اپنے ننگے بدنوں کو منبر اور دیواروں سے مس کرتی ہیں۔ وہاں مرد کوئی نہیں ہوتا۔

پھر ص۲۹۲ پر ہے کہ منجملہ ان بدعات کے جو سنی عورتوں نے ایجاد کی ہیں۔ مہندی لگانا ہے۔ اور جو اس روز مہندی نہ لگائے اس نے روز عاشورہ کا حق ادا ہی نہیں کیا۔

تفسیر در منثور مطبوعہ مصر ص۳۴۶ جلد ۶ سطر ۱۰ میں ہے کہ محمد بن نصر نے کتاب الصلوۃ میں ابی عثمان سے روایت کی ہے کہ لوگ تین عشروں کی بہت تعظیم کیا کرتے تھے یعنی ذوالحجہ اور محرم کا پہلا عشرہ اور رمضان کا آخری عشرہ۔

توراۃ کتاب احبار باب ۲۳ آیت ۲۶ تا ۳۲ میں ہے کہ ساتویں مہینے (عربی مہینوں کے حساب سے محرم) کی دسویں تاریخ مغفرت کا دن ہے اس دن اپنے آپ کو غمزدہ بناؤ قربانیاں دو اور کوئی

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

دنیاوی کام نہ کرو۔ ورنہ دین الٰہی سے خارج ہو جاؤ گے۔ اور عذاب میں مبتلا ہو جاؤ گے۔

مدخل امام ابن الحاج جلد سوم صفحہ ۲۹۰ پر ہے کہ عید الفطر، عید الاضحیٰ اور عاشورہ شرعی مراسم ہیں یعنی دونوں عیدوں میں خوشی کی جاوے۔ اور عاشورہ کو نوحہ و بکا کیا جاوے۔

گریہ و بکا

تفسیر محمدی منزل دوم پارہ چھ سورہ مائدہ رکوع ۵ بر حاشیہ اور روضۃ الصفا میں بروایت ابن عباس لکھا ہے کہ حضرت ہابیلؑ کی شہادت پر حضرت آدمؑ نے عبرانی زبان میں مرثیہ نظم کیا۔ اس دن اور ہر سال کے اسی دن حضرت مرثیہ پڑھا کرتے تو خود روتے اور دوسروں کو رلاتے۔ اور اپنی اولاد کو وصیت کی کہ یہی معمول رکھیں۔

اشعۃ اللمعات جلد چہارم صفحہ ۲۶۲ کتاب الرقاق فصل ۱۱ میں ابوہریرہ سے روایت ہے کہ آنحضرتؐ نے فرمایا مجھے قسم اس کی جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے کہ اگر تم جانو جو میں جانتا ہوں تو تم بہت روتے رہو۔ اور بہت کم ہنسو۔ کیونکہ رونا گناہوں کی مغفرت کا باعث ہے۔

تفسیر درمنثور سیوطی جلد ۴ صفحہ ۱۵۵ پر بروایت عائشہ لکھا ہے کہ آنحضرتؐ ایک روز مسجد کی طرف تشریف لے گئے تو دیکھا کہ اصحاب ہنس رہے ہیں۔ آنحضرتؐ یہ دیکھ کر رو دیئے ہوتے اس حالت میں کہ آپ کا چہرہ سرخ تھا۔ اصحاب کی طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا کہ تم ہنستے ہو۔ حالانکہ ابھی تک خدا کی طرف سے تم کو امان نہیں ملا ہے کہ اس نے تم کو بخشدیا ہے۔ اصحاب نے عرض کیا کہ اس کا کفارہ فرمایئے۔ آنحضرتؐ نے فرمایا جس قدر ہنس چکے ہو اسی قدر گریہ کرو۔

مدارج النبوۃ صفحہ ۴۹۱ پر ہے کہ جب "اذا جاء نصر اللہ والفتح" کا نزول ہوا تو آنحضرتؐ نے جناب فاطمہؑ کو بلایا اور اپنی موت کی خبر دی۔ جناب فاطمہؑ نے گریہ فرمایا۔ آنحضرتؐ نے فرمایا کہ میرے اہلبیتؑ میں سے اول تو ہی ملاقی ہوگی۔ پس جناب فاطمہؑ نے خندہ فرمایا۔

مشکوٰۃ جلد دوم صفحہ ۱۲۰ پر ہے کہ آنحضرتؐ نے اپنے بیٹے ابراہیم کی موت پر رونا شروع کیا۔ تو عبدالرحمان بن عوف نے کہا۔ آپ روتے ہیں حضرتؐ نے فرمایا۔ رونا رحمت ہے۔ یہ کہکر آنحضرتؐ نے پھر رونا شروع کر دیا اور فرمایا۔ آنکھ آنسو بہاتی ہے اور دل غمگین ہے۔ مشکوٰۃ جلد دوم صفحہ ۱۲۰ پر ہے کہ آنحضرتؐ ایک لڑکے کا حال دیکھ کر روئے تو سعد نے کہا۔ یا حضرتؐ یہ کیا۔ حضرتؐ نے فرمایا۔ یہ رحمت ہے جسے خدا نے اپنے بندوں کے دلوں میں ڈالا ہے۔ خدا اسی بندہ پر رحم کرتا ہے جو رحیم ہوتا ہے۔ مشکوٰۃ

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہیں ہے کہ آنحضرتؐ نے سعد بن عبادہ پر گریہ کیا۔ قوم نے جب حضرتؐ کو روتے دیکھا تو وہ بھی رونے لگے۔ حضرت نے فرمایا۔ کیا تمہیں سنتے ہو کہ خدا آنسو بہانے پر عذاب نہیں کرتا اور نہ ہی دل کے غمگین ہونے پر

ازالۃ الخفا صفحہ ۹۹ پر ہے کہ عمر بن خطاب نے جب نعمان بن مقرن کی موت کی خبر سنی تو سر پہ ہاتھ رکھ کر رونے لگا۔

بخاری جلد اول صفحہ ۴۵ پر بروایت ابن عمر لکھا ہے کہ ایک دن رسول اللہ سعد بن عبادہ کی عیادت کو تشریف لے گئے اور انکی حالت معلوم کر کے رونے لگے۔ اسی حدیث کے بعد بخاری لکھتا ہے کہ عمر بن خطاب میت پر رونے والوں کو لکڑی اور پتھر سے مارتا تھا۔ اور ان کے منہ میں خاک بھرتا تھا۔

ازالۃ الخفا صفحہ ۱۰۸ پر مسند عمر مولفہ حافظ ابوبکر اسمٰعیلی سے یہ روایت منقول ہے عمر بن خطاب کہا کرتا کہ مجھ کو بات پر اس قدر شرمندہ نہیں ہوں جتنا تین باتوں پر ہوں۔ اے کاش! میں نے تین طلاقوں کو حرام نہ کیا ہوتا۔ غلاموں کا نکاح نہ کیا ہوتا اور متوفی کے رونے والوں کو قتل نہ کیا ہوتا

تذکرۃ الاولیا صفحہ ۱۶۹ پر سفیان ثوری کا قول درج ہے کہ اگر سال بھر میں آنکھوں سے خدا کے خوف سے ایک قطرہ بھی نکلے تو بہت ہے اور صفحہ ۵۲ پر ہے کہ رابعہ بصری ہمیشہ رویا کرتی تھی اور صفحہ ۲ پر ہے کہ حسن بصری حجرہ کے اوپر اتنا روتا کہ پانی اس ندرگاہ سے آنسوؤں کا پانی جاری ہو جاتا اور صفحہ ۱۱۰ پر ہے کہ بایزید بسطامی کی ماں اپنے بیٹے کے فراق میں اس قدر روئی کہ آنکھوں میں خلل آ گیا۔ اور اس کی بینائی ختم ہو گئی۔

انیس الواعظین صفحہ ۴۹ پر ہے کہ حضرت شعیبؑ دس برس تک روتے رہے یہاں تک کہ اندھے ہو گئے۔

کتاب مغازی امام واقدی فتوح شام صفحہ ۱۰۰ پر ہے کہ غزوہ احد کے دن عورتوں نے گریہ کیا اور صف ماتم بچھائی۔ جابر نے کہا کہ آج نئی شریعت پیدا ہو گئی۔ آنحضرتؐ نے عورتوں کا گریہ سنکر خود گریہ فرمایا۔ اور عورتوں کو رونے سے منع نہ کیا۔

تاریخ اخبار الدول و آثار الاول صفحہ ۱۹۲ پر ہے کہ حضرت فاطمہؑ رسول اللہ کی قبر پہ گریہ کرتیں اور آنحضرتؐ کو پکار پکار کر نوحہ کرتیں۔ نیز لکھا ہے کہ عائشہ وفات رسولؐ کے دن نوحہ کرتی اور کہتی کہ ہائے وہ فوت ہو گیا جس نے جو کی روٹی سیر ہو کر نہ کھائی۔ اور تخت چھوڑ کر بوریا قبول کیا اور خوف خدا سے راتوں کو نہ سویا۔

جامع الکبیر سیوطی میں ہے کہ جب ابوبکر مرا تو عائشہ نے اس پر نوحہ قائم کیا۔ روضۃ الاحباب میں ہے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کہ جب عمر کو حجرۂ رسولؐ میں دفن کرنے لگے۔ اور عائشہ نے اجازت دیدی تو عائشہ نے اپنے دونو ہاتھ سر پر رکھے اور کہا۔ وائے محمدا۔ وائے ابو بکرا۔ آج تمہارا دوست عمر تمہاری زیارت کو آیا ہے اور حضرت داخل چاہتا ہے۔ عائشہ کا یہ کہنا تھا کہ اہل مدینہ سے یک بار آواز گریہ بلند ہوئی اور زمین و زمان میں زلزلہ برپا ہوا۔

تنویر الایمان بزیارت آثار حبیب الرحمان مولفہ مولوی عبدالحکیم ص۱ پر ہے کہ حضرت بلالؓ نے جب نبیؐ کی زیارت کی تو گریہ کیا اور آنحضرتؐ کی قبر پر اپنا ماتھا ٹیکتا تھا۔ اور جناب فاطمہؑ نے جب آنحضرتؐ کو قبر میں رکھا گیا۔ تو قبر سے مٹھی میں مٹی اٹھائی اور اپنی آنکھوں پر رکھی اور گریہ و بکا کیا۔

استیعاب ص۱۵۱ پر ہے کہ خالد بن ولید بن مغیرہ کی موت پر مغیرہ کی اولاد سے جتنی عورتیں تھیں ان تمام نے اپنے سر کے بال منڈوا کر خالد کی قبر پر چڑھائے۔

مدارج النبوت ص؟ اور کتاب ماثبت بالسنۃ ص۱۹ پر ہے کہ رسول اللہؐ کی وفات پر اہلبیت نے اور صحابہ عظام نے مرثیے نظم کئے اور بعض اصحاب روتے روتے نابینا ہو گئے۔

مدارج النبوت ص۱۳۲ پر ہے کہ ایک عورت نے عائشہ سے کہا کہ رسول اللہؐ کو مجھے دیکھ لینے دے چنانچہ اس عورت نے چیخ ماری اور جاں بحق ہو گئی۔ الفاروق شبلی میں ہے کہ ایک عورت کے چار دل بیٹے جنگ میں مارے گئے تھے وہ بہت روئی اور حضرت عمرؓ نے اس کی تعزیت کی اور انکی تنخواہیں اس عورت کے نام جاری کر دیں۔ شرح ابن ابی الحدید جلد ۱ ص۶۰ میں تاریخ طبری سے نقل کیا گیا ہے کہ عمر کی وفات پر اس کی عورتیں۔ واعمراہ۔ واعمراہ کہکر بلند آواز سے روتی تھیں۔

مدارج النبوۃ میں ہے کہ آنحضرتؐ کی وفات پر عائشہ اور ام سلمہ نے بہت گریہ کیا۔ مدارج النبوۃ ص؟۔ روضۃ الصفا جلد اول ص۱۱ تفسیر خازن ص۴۵ پر ہے کہ حضرت آدمؑ حضرت نوحؑ۔ حضرت شعیبؑ اور حضرت ابراہیمؑ گریہ فرمایا کرتے۔

روضۃ الصفا جلد اول دوم میں ہے کہ آنحضرتؐ نے امیر حمزہؓ اور حضرت ابو طالب اور حضرت خدیجہؑ کی وفات پر گریہ فرمایا۔ روضۃ الاحباب ص۵۹۶ پر ہے کہ آنحضرتؐ کی وفات پر ازواج نبیؐ۔ اہلبیت محمدؐ اور اصحاب رسولؐ نے بہت گریہ کیا۔

تفسیر خازن جزو اول ص۴۵ پر ہے کہ حضرت آدم علیہ السلام نے اپنے بیٹے ہابیل کی شہادت پر گریہ و بکا فرمایا۔ روضۃ الاحباب جلد اول ص۳۶۵ پر ہے کہ وفات رسولؐ کے بعد آنحضرتؐ کا موذن بلال ملک شام کو چلا گیا۔ کچھ مدت کے بعد مدینہ آیا اور اذان دی۔ تو اس نے اور دیگر صحابہ نے بہ شدت گریہ کیا۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اور صلالہ پر ہے کہ وفات آنحضرتؐ پر ملک الموت نے گریہ کیا۔
روضۃ الاحباب جلد اول ص ۵۶۱ پر ہے کہ وفات رسول اللہ پر آسمان سے رونے کی آواز آئی۔
کتاب ماثبت بالسنۃ مطبع محمدی لاہور مصنفہ شیخ عبدالحق دہلوی ص۳۳ پر ہے کہ وفات رسول اللہ پر بلالؓ نے گریہ و بکا کیا اور مرثیہ کہا۔
امام عابدؑ کا تمام عمر یہی وطیرہ رہا کہ کھانا دیکھتے تو روتے اور پانی دیکھتے تو روتے امام صادقؑ کی یہ حالت رہی کہ صبح کسی نے امام حسین علیہ السلام کا نام لیا۔ تو تمام روز رونے میں گذار دیا۔ امام کاظم علیہ السلام کی یہ حالت تھی کہ محرم کا چاند دیکھ کر محرم کے گذرنے تک روتے رہتے اور نہ ہنستے۔ امام رضا علیہ السلام مرثیہ پڑھنے کا حکم دیتے اور ایک پردہ تان کر اہلبیت کو پیچھے بٹھاتے اور روتے روتے غش کھا جاتے غرض امام حسین علیہ السلام کی مصیبت پر انبیاء روئے۔ آئمہ روئے۔ ملائکہ روئے جنات روئے ارض و سما روئے۔ نباتات و جمادات روئے۔ بلکہ اکثر اہل ہنود ہر سال عزاداری کرتے ہیں اور مہاراجہ صاحب گوالیار تو عزاداری میں زر کثیر ہر سال خرچ کرتے ہیں۔
روضۃ الشہداء ص۲۲۰ پر ہے کہ جب امام حسین علیہ السلام پیدا ہوئے تو حضرت جبرئیلؑ نے بحکم خدا مبارکباد دی اور ازاں بعد تعزیت پہنچانے آئے جبرئیلؑ نے عرض کیا کہ اسی حلق پر جس پر آپؐ بوسہ دے رہے ہیں تیغ جفا چلے گی جب کہ نہ آپ ہونگے نہ حضرت علیؑ نہ امام حسنؑ اور نہ جناب فاطمہؑ اس پر آنحضرتؐ نے حضرت علیؑ اور جناب فاطمہؑ نے گریہ فرمایا۔ پھر جناب فاطمہؑ نے فرمایا۔ پھر میرے مظلوم اور بیکس بیٹے کی تعزیت کون بجالائے گا۔ ہاتف نے آواز دی کہ تمہارے محبین اس تعزیت کو قیامت تک جاری رکھیں گے۔ تاریخ طبری ص۳۵۲ پر ہے کہ حضرت ابن عباسؓ نے والفجر ولیال عشر کی تفسیر میں فرمایا کہ اس فجر سے مراد فجر محرم ہے۔ تفسیر کبیر جلد ۸ ص۵۵۵ پر ہے کہ مراد اس سے فجر محرم ہے۔ جس کی قسم خدا نے اس وجہ سے کھائی اور وہ سنہ کا پہلا روز ہے اور حدیث میں ہے کہ سب سے بزرگ مہینہ خدا کے نزدیک محرم ہے اور ابن عباسؓ کہتے ہیں کہ یہ سال کی پہلی صبح ہے لہذا تمام ماہ محرم کو فجر قرار دیا۔
مشکوٰۃ جلد دوم ص۱۴۱ پر ہے کہ ابوہریرہ سے روایت ہے کہ آل محمد میں سے ایک کی موت ہوئی عورتیں جمع ہو کر رونے لگیں۔ تو عمر نے انکو منع کرنا شروع کیا حضرتؐ نے فرمایا۔ اے عمر چھوڑ دے ان کو کہ آنکھ روتی ہے دل مصیبت زدہ ہے اور زمانہ قریب ہے۔ ابن عباس سے روایت ہے کہ جب زینب بنت رسولؐ نے وفات کی تو عورتیں رونے لگیں۔ عمر نے ان کو ڈانٹا اور کوڑے مارنا شروع کیا حضرتؐ نے اپنے ہاتھوں سے عمر کو ہٹایا۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

شرح مشکوٰۃ ملا علی قاری جلد پنجم ص۶۰۲ پر ہے کہ فرمایا حسنؑ بن علیؑ نے کہ جس شخص کی آنکھ سے آنسو کا ایک قطرہ بھی ہماری مصیبت میں نکلے گا خداوند عالم اس کو جنت عطا کریگا۔

مسلم میں سورہ دخان آیہ نمبر ۲۰ "فما بکت علیہم السماء والارض" کی تفسیر میں لکھا ہے کہ امام حسین علیہ السلام کی شہادت پر آسمان بھی رویا اور آسمان کا رونا اس کا سرخ ہو جانا ہے اور اسی کی موید وہ روایت ہے جو علامہ ابن حجر مکی نے صواعق محرقہ ص۱۱۶ میں لکھا ہے کہ حضرت علی علیہ السلام کا گزر کربلا سے ہوا تو جب قبر حسین کی جگہ پر پہنچے تو فرمایا یہی ہمارے اونٹوں کے بٹھانے اور اسباب رکھنے کی جگہ ہے۔ اور یہی ہمارے خون بہنے کی جگہ ہے۔ رسول کے اہلبیت میں سے کچھ لوگ اسی میدان میں قتل کئے جائینگے جن پر آسمان بھی روئے گا۔ اور زمین بھی روئے گی۔

مشکوٰۃ ص۵۷۲ اسرار الشہادتین ص۳۲ اور صواعق محرقہ ص۱۱۳ اور ارجح المطالب ص۳۲۳ پر ہے۔ کہ حضرت ام سلمہ زوجہ رسول نے آنحضرتؐ کو خواب میں دیکھا کہ آپ کی داڑھی اور سر مبارک پر خاک پڑی ہے ام سلمہ نے سبب پوچھا۔ آنحضرتؐ نے فرمایا آج میرا بیٹا حسینؑ شہید کیا گیا ہے۔

دلائل النبوۃ بیہقی اور ترمذی اور مشکوٰۃ جلد ہشتم ص۱۴۲ اور مسند احمد حنبل جلد اول ص۲۸۳ میں ہے کہ حضرت ابن عباس نے فرمایا ہے کہ میں نے دوپہر کو سوتے ہوئے دیکھا کہ حضرتؐ کے سر کے بال پریشان اور گرد آلودہ ہیں۔ اور آپ کے ہاتھ میں ایک خون سے بھری ہوئی شیشی ہے جب میں نے سبب دریافت کیا تو حضرتؐ نے فرمایا کہ حسینؑ کے غم میں نڈھال ہوں اور یہ خون میرے حسینؑ اور کربلا کے شہیدوں کا ہے

مشکوٰۃ جلد ہشتم ص۱۳۵ اور شرح سر الشہادتین ص۲۲ میں ام فضل بنت حارث سے منقول ہے کہ امام حسین علیہ السلام کو حضرتؐ نے گود میں اٹھایا اور بہت روئے سبب پوچھا گیا تو فرمایا کہ جبرئیلؑ نے مجھے اطلاع دی ہے کہ میرا بیٹا حسینؑ میری امت کے ہاتھ سے شہید ہوگا۔ اور یہ سرخ مٹی جو میرے ہاتھ میں ہے مقتل حسینؑ کی ہے۔

معارج النبوۃ مطبوعہ نول کشور جلد اول ص۲۵۵ پر ہے کہ جب ابراہیمؑ خلیل اللہ اسمٰعیلؑ کے ذبح کرنے میں کامیاب نہ ہوئے تو خدا کی طرف سے خطاب ہوا کہ اے ابراہیمؑ تو سب سے زیادہ دوست کس کو رکھتا ہے عرض کیا محمد رسول خدا کو خطاب ہوا کہ اوپر کی طرف دیکھو ابراہیمؑ نے نظر اٹھائی۔ تو دیکھا کہ واقع کربلا ہو رہا ہے ابراہیمؑ نے بے اختیار گریہ و بکا فرمایا۔ خطاب ہوا کہ تیرے اس ذبح کو ہم نے ذبح حسینؑ کے بدلے بدل دیا۔

صواعق محرقہ مطبوعہ مصر ص۱۲۳ پر ہے کہ خدا نے رسول اللہ سے فرمایا کہ یحییٰ بن ذکریا کے قتل پر میں نے ستر ہزار اشخاص کو قتل کیا۔ اسی طرح تیرے حسینؑ کے قتل پر ستر ہزار کو اور پھر ستر ہزار کو قتل

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کرونگا۔ یعنی بے شمار کفار کو قتل کرونگا۔

غنیۃ الطالبین فصل عاشورہ میں ہے کہ قبر حسینؑ پر ستر ہزار فرشتے اترے جو قیامت تک روتے رہینگے

شاہ عبدالعزیز دہلوی نے ام سلمہ اور جابر بن خطمی اور حبیب بن ثاقب سے روایت کی ہے۔ کہ ہم نے

جنات کو حسینؑ پر نوحے پڑھتے سنا۔ مولوی حسن میاں پھلواڑی حنفی نے رسالہ غم حسینؑ میں لکھا ہے کہ بابا

فرید شکر گنج اور مخدوم شیخ شرف الدین احمد یحیٰے منیری اور سید اشرف جہانگیری اور سید محمد بندہ نواز اور شیخ

احمد شیبانی اور سید عبدالرزاق بانسوی جو نوحہ و مرثیہ حسینؑ کیا کرتے تھے۔

کافی الکفایۃ میں ہے کہ امام شافعی خود مرثیہ بناتا اور اسے پڑھتا تھا۔ حافظ جمال الدین حنفی

مدنی نے کتاب معراج الوصول میں شافعی کا نظم کردہ مرثیہ لکھا ہے جس کے دو شعر درج ذیل ہیں:

فمن مبلغ عنی الحسین رسالۃ — وان کرھتھا انفس و قلوب

قتیل بلا جرم کان قمیصہ — صبیغ بماء الارجوان خضیب

مولوی حسن میاں پھلواڑی نے رسالہ غم حسینؑ میں لکھا ہے کہ بابا فرید نے ذکر شہادت حسینؑ

کرتے ہوئے اپنا سر پتھر پر دے مارا اور شہید ہو گئے اور ہمیشہ بروز عاشورہ ذکر شہادت حسینؑ کرتے ہوئے

وائے حسینا کا نعرہ لگاتے اور بیہوش ہو جایا کرتے تھے۔

لطائف اشرفی میں لکھا ہے کہ سید اشرف جہانگیر سمنانی چشتی ہمیشہ رسم عزاداری برپا کیا کرتا۔ اور

لباس فاخرہ محرم کے عشرہ میں پہننا ترک کر دیتا اور اسباب عیش و طرب سے باز رہا کرتا۔ علاؤالحق پنڈوی

اور سید محمد بندہ نواز گیسو دراز محرم کے دس روز میں گریہ و بکا کرتے تھے

شیخ عبدالحق محدث دہلوی نے اخبار الاخیار میں لکھا ہے کہ شیخ احمد شیبانی اور بزرگان کا معمول

تھا کہ بروز عاشورہ طعام وغیرہ سادات کے گھروں میں لے جاتے اور گریہ و زاری کرتے اور دہلی کے

اطراف میں قدیم سے یہ دستور ہے کہ عورتیں سادات کے گھروں میں جمع ہو کر حسین علیہ السلام پر گریہ

و بکا کیا کرتی ہیں۔

ینابیع المودۃ ص ۳۲۴ پر ہے کہ زہری نے کہا جب حسن بصری کو قتل حسین علیہ السلام کی خبر پہنچی

تو وہ بہت رویا۔

ذکر الشہادتین مولفہ مولوی احمد خان صوفی ص ۱۰۱ پر ہے کہ امام زین العابدینؑ حسینؑ پر تمام عمر حسرت

سے گریہ فرمایا کرتے تھے۔ ینابیع المودۃ ص ۳۲۵ پر ہے کہ واقدی کہتا ہے کہ جب اہلبیت حسینؑ مدینہ میں واپس

آئے تو تمام اہل مدینہ روتے اور چلاتے باہر نکلے اور اس وقت حضرت زینبؑ نے بال پریشان کئے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہوئے تھے اور ردائے سکینہ کا نعرہ فرماتی تھیں۔

ذکر الشہادتین ص۹۰ پر ہے کہ جب اہلبیت رسولؐ وارد دمشق ہوئے تو امام عابدؑ نے منبر مسجد پر بعد حمد خطبہ فرمایا جس میں فضائل اہلبیتؑ اور مصائب کربلا کا ذکر کیا جس سے مسجد میں گریہ و بکا کا کہرام برپا ہو گیا۔

فتاویٰ عزیزیہ مطبوعہ مجتبائی دہلی ص۱۰۳ پر شاہ عبدالعزیز دہلوی نے لکھا ہے کہ میرا یہ معمول ہے کہ میں اپنے گھر میں مجالس سیدالشہداء برپا کرتا ہوں۔ تقریباً ایک ہزار اشخاص کا ہجوم ہو جاتا ہے میں خود مصائب امامؑ بیان کرتا ہوں۔ کوئی اور خوش الحان شخص سلام یا مرثیہ بھی پڑھتا ہے۔ مجھے رقت طاری ہوتی ہے بعد اختتام مجلس شیرینی تقسیم کیا کرتا ہوں۔

تاریخ کامل جلد چہارم ص۳۴ پر ہے کہ شہادت حسین علیہ السلام سے تین ماہ تک جب آفتاب نکلتا تو تمام در و دیوار خون آلودہ ہوتے۔ تاریخ کامل جلد ۴ ص۳۳ پر ہے کہ زجر بن قیس نے یزید کے سامنے واقع کربلا بیان کر کے کہا کہ شہداء کے بدن برہنہ ہیں۔ کپڑے خاک آلودہ ہیں رخسار سے خاک میں اٹے ہوئے ہیں۔ آفتاب انکو جلا رہا ہے۔ وغیرہ یہ سنکر یزید کی آنکھوں سے آنسو جاری ہو گئے۔

امام احمد حنبل نے مسند میں لکھا ہے کہ جو شخص شہادت حسین علیہ السلام پر روئے اور اس کی آنکھ سے ایک آنسو نکلے یا قطرہ ٹپکے۔ تو خدا اس کو جنت میں جگہ دیگا۔

سر الشہادتین شاہ عبدالعزیز دہلوی ص۳۵ صواعق محرقہ ابن حجر ص۱۱۳ حیوۃ الحیوان دمیری مروج الذہب مسعودی ارجح المطالب باب سوئم ص۴۲۹ تاریخ الخلفاء علامہ سیوطی میں ہے شہادت حسینؑ پر جنات نے مدینے سے باہر اور مکہ اور مدینہ کے درمیان اور کوفہ و دمشق کی راہ میں مرثیہ خوانی اور نوحہ خوانی کی۔

مسلم اور کتاب ما ثبت بالسنۃ میں ہے کہ شہادت حسینؑ پر آسمان رویا۔

ناسخ التواریخ ص۱۵۰ پر ہے کہ فرمایا آنحضرتؐ نے کہ ہماری امت عزاداری حسین علیہ السلام کی ہر سال تجدید کریگی۔ اور جو مومن مصائب حسین علیہ السلام پر روئیگا وہ قیامت کے دن شاداں و فرحاں محشور ہوگا۔

صواعق محرقہ ص۱۱۶ پر ہے کہ جبرئیلؑ نے آنحضرتؐ کو وہ خاک دکھائی جس سرزمین پر امام حسین علیہ السلام اور خبر دی کہ جس روز امام حسینؑ شہید ہوں گے۔ اس روز یہ مٹی خون ہو جائیگی۔ حضرت ام سلمہ نے فرمایا ہم نے اس مٹی کو ایک شیشہ میں رکھا۔ اور وہ مٹی بروز شہادت خون ہو گئی۔ یہی واقعہ مشکوۃ ص۵۰۴ مطبوعہ نولکشور لکھنؤ۔ رسالہ بلا، اہمین ص۱۵ معجم امام بغوی۔ معجم کبیر امام طبرانی جذب القلوب

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

الی دیار المحبوب شیخ عبدالحق محدث دہلوی۔ طبقات ابن سعد۔ ترمذی۔ مسند امام احمد حنبل۔ سنن امام بیہقی شواہد النبوت ملا جامی۔ تذکرہ امام قرطبی۔ سر الشہادتین۔ مستدرک امام حاکم۔ منبع مکیہ۔ شرح قصیدہ ہمزیہ روضۃ الاحباب۔ حبیب السیر۔ فتوحات اعثم کوفی وغیرہ میں بھی مرقوم ہے۔

نیز اکابر محدثین و مفسرین مثل ابن ابی شیبہ۔ عبداللہ بن حمید کشی۔ ابوداؤد۔ عبدالرزاق۔ طبرانی ابونعیم۔ ابویعلیٰ۔ ابن عساکر۔ خطیب۔ ابن تیمیہ۔ ابن القیم۔ جوزی۔ سبکی۔ ابن سبکی۔ قاضی عیاض۔ امام غزالی ابن عربی۔ ذہبی۔ مزی۔ ابن اثیر۔ ابن حجر عسقلانی۔ عینی۔ سخاوی۔ شعرانی۔ سیوطی۔ سمہودی۔ ملا علی متقی۔ شاہ ولی اللہ۔ شاہ عبدالعزیز وغیرہ نے بروایت حضرت علیؑ و حسینؑ بن علیؑ و ابن عباس و انس و عائشہ و ام سلمہ و زینب بنت جحش و ام فضل واقعہ بالا کو صحیح تسلیم کیا ہے جس میں لکھا ہے کہ مٹی بروز عاشورہ سرخ ہوگئی تھی۔

مجمع البحرین میں ہے کہ جب آنحضرتؐ نے ایک گھوڑا مرتجز نامی ایک اعرابی حارث سے خریدا تو امام حسین علیہ السلام اس گھوڑے کو اشتیاق سے دیکھا کرتے۔ آنحضرتؐ نے پوچھا۔ اے بیٹا۔ کیا بیٹا اس پہ سواری کرنا چاہتے ہو۔ عرض کی اے نانا۔ ہاں۔ امام حسین علیہ السلام اس وقت گھٹنیوں کے بل چل پھر سکتے تھے۔ اور بہت کم سن تھے۔ آنحضرتؐ نے گھوڑے کو زین اور لگام سے آراستہ کیا جب امام حسین علیہ السلام گھوڑے کی طرف سواری کیلئے بڑھے تو گھوڑا خود نیچے بیٹھ گیا۔ یہ دیکھ کر اصحاب رسولؐ بہت خوش ہوئے مگر آنحضرتؐ نے گریہ فرمانا شروع کر دیا۔ اور فرمایا میں دیکھ رہا ہوں کہ میرا یہی فرزند کربلا میں زخموں سے چور ہو کر اور تیروں سے گھائل ہو کر قریب ہے کہ اپنی گھوڑے کی پیٹھ پر سے منہ کے بل گر پڑے مگر یہ گھوڑا بیٹھ گیا ہے اور حسینؑ زمین پر اتر آئے ہیں۔ اس پر تمام اصحاب نے گریہ کیا

ناظرین! جب رونا بحکم خدا و رسولؐ جائز ہوا تو وہ چیز جو رونے کی محرک ہو یقیناً جائز ہوگی۔ مثلاً جناب فاطمہؑ آنحضرتؐ کا لباس دیکھ دیکھ کر گریہ فرماتیں۔ حضرت یعقوبؑ حضرت یوسفؑ کی اشیا دیکھ کر گریہ فرماتے حضرت داؤدؑ حضرت سائلؑ کے سر کا تاج اور بازوبند دیکھتے تو رویا کرتے۔ حضرت المسیح حضرت یحییٰؑ کی چادر دیکھ کر گریہ فرماتے۔ یہی تعزیہ اور ذوالجناح اور علم سے مقصود ہے۔

توراۃ قرات ۲۳ میں ہے کہ حضرت سارہ کی وفات پر حضرت ابراہیمؑ نے نوحہ کیا۔ اور اس کا مرثیہ پڑھا۔ قرآن شریف میں ہے کہ حضرت یعقوبؑ کی آنکھیں فراق یوسفؑ میں رو رو کر سفید ہو گئیں۔ توراۃ میں ہے کہ جب یوسفؑ کے بھائیوں نے یعقوبؑ کو یوسفؑ کا خون آلودہ کرتہ دیا۔ اور کہا کہ اس کو بھیڑیا کھا گیا ہے۔ تو یعقوبؑ نے اپنا لباس چاک کر ڈالا اور اپنی کمر پر ٹاٹ لپیٹ لیا۔ اور مدت

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ورا تک گریہ و بکا میں مصروف ہے اور فرماتے کہ میں تو قبر میں بھی محزون و مغموم جاؤنگا۔

توراۃ سفر پنجم میں ہے کہ موسٰیؑ کی موت پر یوشعؑ نے بنی اسرائیل کیساتھ تیس دن تک میدان مواب میں ماتم کیا۔ توریت سفر چہارم میں ہے کہ ہارونؑ کی موت پر موسٰیؑ نے تیس دن تک بنی اسرائیل کیساتھ ماتم کیا کتاب دوئم سموئیل ورس ۱۹ تا ۲۰ میں ہے کہ داؤدؑ نے سموئیل کی وفات پر نوحہ کیا اور مرثیہ کہا۔

مدارج النبوت میں ہے کہ آنحضرتؐ نے حضرت حمزہؑ کی شہادت پر گریہ کیا۔ تاریخ الخلفا سیوطی ۵۸ پر ہے کہ آنحضرتؐ نے اسیران بدر پر گریہ کیا۔

جرمنی کا علامہ مسٹر ٹیبو ماربلن لکھتا ہے کہ شریعت محمدی کی حفاظت اور اسلام کی نشو و نما کا راز شہادت حسینؑ میں مضمر ہے اس جرمن رائے کی تائید معین الدین اجمیری نے بھی ذیل کی رباعی سے کی ہے

شاہ است حسینؑ بادشاہ است حسینؑ ۔۔۔ دین است حسینؑ دین پناہ است حسینؑ

سر داد نہ داد دست در دست یزید ۔۔۔ حقا کہ بنائے لا الٰہ است حسینؑ

ارجح المطالب باب سوئم ۳۳۲ اور مسند احمد جلد اول ۸۵ پر ہے کہ حضرت علی علیہ السلام نے کربلا سے گزرتے ہوئے امام حسین علیہ السلام پر گریہ فرمایا۔ صواعق محرقہ ۳۲۲ اور نور العین فی مشہد الحسینؑ ۲۷ پر ہے کہ جب امام حسینؑ علیہ السلام نے کوفہ کی طرف کوچ کیا تو تمام اہالیان مدینہ و مکہ اور ابن عباس و محمد بن حنفیہ و دیگر صحابہ نے گریہ کیا۔

روضۃ الشہداء ۱۱ اور کنز الغرائب میں ہے کہ جب نوحؑ کی کشتی میدان کربلا میں پہنچی تو چلتے چلتے رک گئی۔ نوحؑ نے عرض کی خدایا یہ کیا جگہ ہے۔ ارشاد ہوا کہ اس مقام پر اہلبیتؑ کی کشتی غرق خون ہو گی۔

مواہب روضہ میں ہے کہ ایک دن امام زین العابدینؑ نے امام حسین علیہ السلام کی مصیبتوں کا ذکر کرتے ہوئے اپنا عمامہ سر سے اتار دیا۔ اور گریباں پھاڑ ڈالا۔ سبط ابن جوزی لکھتا ہے۔ کہ جب ہباریہ شاعر نے کربلا پہنچ کر ایک مرثیہ نظم کر کے گریہ و بکا کیا اور سو گیا۔ تو آنحضرتؐ نے اس کو خواب میں فرمایا کہ اے ہباریہ۔ اس الفت حسینؑ کے باعث تیرا نام شہدائے کربلا میں لکھ لیا گیا ہے۔

مناقب ۱۳۲ میں ہے کہ امام حسن عسکریؑ اپنے والد بزرگوار امام علی نقیؑ کے جنازہ کے ساتھ اس طرح تشریف لے جاتے تھے کہ آپ کا گریبان چاک تھا۔ اس پر ابو عون ابرش نے اعتراض کیا اور پھر ایک خط بھی اعتراض آمیز حضرتؑ کو بھیجا حضرتؑ نے جواب میں تحریر فرمایا کہ حضرت موسٰیؑ نے اپنے بھائی حضرت ہارونؑ کے انتقال پر گریبان چاک کیا تھا۔ اسی خط میں حضرتؑ نے یہ بھی لکھا کہ اے ابو عون تیرے مرنے سے پہلے تیری تکفیر کی جائیگی اور تیری عقل زائل ہو جائیگی چنانچہ کچھ دنوں کے بعد ایسا ہی ہوا

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

اور ابو عون کو اس کے اپنے بیٹے نے ایک مکان میں بند کر دیا۔ کہ کسی کو اس کے پاس آنے جانے نہ دیتا۔
صواعق محرقہ ابن حجر مکی ص ۱۹۲ پر ہے کہ بروز قتل حسینؑ آسمان سیاہ ہو گیا۔ (آسمان نے ماتمی لباس پہن لیا) دن کو ستارے نظر آنے لگے۔ (قدرت کی آنکھ سے غیض و غضب کے شعلے نکلنے شروع ہو گئے) اگر زمین سے پتھر اٹھایا جاتا تو اس کے نیچے تازہ خون جوش مارتا۔ آفتاب کو گہن لگا۔ لوگوں نے گمان کیا کہ قیامت برپا ہو گئی۔ آسمان سے تازہ خون برسا جس کا اثر کپڑوں پر مدتوں قائم رہا یہاں تک کہ کپڑا پھٹ گیا۔ مگر نشان خون نہ مٹا۔ آسمان سرخی شفق کی صورت میں رہا۔ ابن الجوزی نے کہا کہ حضرت عباسؓ جو جنگ بدر میں قید ہو کر لشکر اسلام میں لائے گئے۔ تو ان کی آواز گریہ و بکا نے حضرت کو سونے نہ دیا۔ تو امام حسین علیہ السلام کے مصائب کی وجہ سے حضرت کے دل پر کیا گزرا ہو گا۔ حضرت حمزہ کا قاتل جب اسلام لایا۔ تو حضرت نے فرمایا کہ مجھ سے اپنا منہ چھپائے۔ میں اپنے دوستوں کے قاتل کا منہ دیکھنا نہیں چاہتا۔ حالانکہ اسلام نے قبل اسلام کے تمام امور کو مٹا دیا ہے تو پھر کیا حال ہو گا آنحضرتؐ کے دل کا اس شخص کی نسبت جس نے امام حسین علیہ السلام کو ذبح کیا۔ اور ان کے اہل حرم کو اسیر کیا اور ان کو شتران بے کجاوہ عماری پر سوار کیا۔

ابن تیمیہ جیسا عالم بے مثل لکھتا ہے کہ امام حسین علیہ السلام کے اہل حرم کو نہ کسی نے اسیر کیا اور نہ ہی ان کو در بدر پھرایا گیا کیونکہ بنی ہاشم کو مسلمانوں نے کبھی اسیر نہیں کیا اور نہ ہی امت محمدی نے اس بات کو کبھی حلال جانا۔ لیکن یہ محض پردہ پوشی یزید کے لئے کہا گیا ہے۔ کیونکہ آپ کو مندرجہ ذیل حوالوں سے ظاہر ہو گا کہ اہلبیت اسیر کیے گئے۔

مقتل ابی مخنف اور تاریخ طبری ص ۱۴۱ پر ہے کہ امام حسین علیہ السلام کے حرم کو اسیر بنا کر ذبح اشقیا کوفہ کو روانہ ہوئی۔ اور علی ابن الحسینؑ اور حسن مثنےؑ اونٹوں پر سوار کئے گئے جن پر نہ کوئی کپڑا تھا نہ پردہ اور کشتوں کو برہنی زمین پر بے غسل و کفن چھوڑ دیا گیا۔

صواعق محرقہ ابن حجر مکی مطبوعہ مصر ص ۱۱۹ پر ہے کہ جب امام حسین علیہ السلام کے اہل حرم کو اسیر کر کے کوفہ کی طرف لے گئے۔ تو اہل کوفہ انکو دیکھ کر رونے لگے۔ امام زین العابدینؑ نے فرمایا۔ یہ لوگ ہمارے لئے روتے ہیں تو پھر ہم کو قتل کس نے کیا ہے۔

تاریخ کامل ابن اثیر جزری جلد دوم ص ۱۶۱ پر ہے۔ کہ عائشہ نے اپنے باپ کا ماتم مقرر کرنا چاہا۔ تو عمر بن خطاب نے منع کیا۔ عائشہ نے نہ مانا۔ تو عمر نے ہشام بن ولید کو حکم دیا۔ کہ اندر گھس کر ابو بکر کی بہن کو پکڑ لاؤ کہ پس ہشام ام فروہ بنت ابی قحافہ کو پکڑ لایا۔ اور چند کوڑے مارے اور رونے والی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

عورتیں بھاگ گئیں

انجیل یوحنا باب ۱۶ آیۃ ۲۰ تا ۱۹ میں ہے کہ تم روؤ گے اور ماتم کرو گے لیکن دنیا خوش ہوگی اور معتبر تم ہی خوشی بن جائیگا۔ ینابیع المودۃ شیخ سلیمان حنفی مطبوعہ قسطنطنیہ صفحہ ۲۴۴ میں ہے کہ آسمان امام حسینؑ پر چالیس دن تک روتا رہا۔ صواعق محرقہ مطبوعہ مصر صفحہ ۱۱۶ سطر ۲۳ پر ہے کہ شہادت حسینؑ کی وجہ سے آسمان سے مکانوں پر خون برستا رہا۔

تاریخ الخلفا سیوطی مطبوعہ ۱۸۷۰ء مطبع سرکاری لاہور صفحہ ۱۴۲ سطر ۹ پر ہے کہ دنیا نے سات روز تک تک کپا دکشا یعنی دیکھی۔ انتظار آفتاب کی دھوپ زعفرانی ہوگئی ستارے باہم ٹکرانے شروع ہوئے آفتاب کو گہن لگا چھ ماہ تک آسمان کے کنارے سرخ ہوگئے جو پتھر اٹھایا جاتا۔ اس کے نیچے خون جوش مارتا۔ اسی روایت کو امام ثعلبی۔ ابن جوزی۔ حافظ ابو نعیم۔ ابو الشیخ۔ سدی۔ بیہقی۔ طبرانی اور ابن سیرین نے بھی لکھا ہے۔

کتب سنیہ میں ہے کہ جب یہ خبر اطراف و جوانب میں پھیل گئی کہ آنحضرتؐ کے دو دانت جنگ احد میں شہید ہوگئے ہیں تو خواجہ اویس قرنیؓ نے آنحضرتؐ کی محبت کی وجہ سے اپنے سب دانت نکلوا دیئے۔

مدارج النبوۃ رکن چہارم صفحہ ۹۰ پر ہے کہ جب یہ خبر ملی کہ آنحضرتؐ نے حفصہ کو طلاق دے دینے کا ارادہ کیا ہے تو عمرؓ نے اپنے سر پر مٹی ڈالی اور فغاں کیا۔ اور صفحہ ۱۲۰ پر ہے کہ جب آنحضرتؐ کفار کی ایذا سے تنگ آ کر گوشہ مسجد میں چلے گئے تو خدیجہؓ سر پر ہاتھ مارتی اور گریہ و بکا کرتی تھیں اور صفحہ ۲۰۳ پر ہے کہ جب جنگ احد میں رسول اللہ کے شہید ہوجانے کی غلط خبر پھیلی اور اہل مدینہ کو اطلاع ہوئی تو جناب فاطمہؑ نے اپنے سر پر ہاتھ مارے اور گریہ و بکا فرمایا۔ اور صفحہ ۳۴۳ پر ہے کہ بلالؓ نے اپنے سر پر ہاتھ مارے اور مدارج النبوۃ جلد دوم صفحہ ۵۵۵ پر ہے کہ عائشہؓ نے اپنے منہ پر طمانچے مارے۔

ناسخ التواریخ میں ہے کہ شہادت حسین علیہ السلام پر حضرت زینبؑ نے اپنے منہ پر طمانچے مارے۔

مقتل ابو مخنف میں ہے کہ جب امام حسین علیہ السلام کا خالی گھوڑا اہلبیتؑ کے خیموں میں واپس آیا۔ تو اہلبیت نے ماتم کیا اور اپنے کپڑے پھاڑ ڈالے۔

قرآن شریف کی سورہ مبارکہ الذاریات آیہ نمبر ۲۹ میں ہے کہ جب حضرت سارہ زوجہ ابراہیم کو اطلاع دی گئی کہ تیرے بطن سے فرزند پیدا ہوگا۔ حالانکہ اس وقت وہ بہت بوڑھی اور بانجھ تھی۔ تو اس نے اپنے منہ پر طمانچے مارے۔

سعی مشکور مولوی عبد الحی صفحہ ۱۱ پر ہے کہ حضرت بلالؓ ملک شام سے بغرض زیارت قبر رسولؐ مدینہ

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

میں آئے۔ سعی مشکور مولوی عبدالحی ص۱۱۵ پر ہے کہ حضرت ابوایوب انصاری بھی بالغرض زیارت قبر رسولؐ آئے مگر عثمان نے ان کی گردن پکڑلی اور وہاں سے نکال دینا چاہا۔ سعی مشکور مولوی عبدالحی ص۱۱۱ پر ہے کہ ایام قحط میں عمر بن خطاب نے قبر رسولؐ سے استمداد چاہی۔ سعی مشکور مولوی عبدالحی ص۱۱۵ پر ہے کہ عمر بن خطاب کعب الاحبار کو زیارت قبر رسولؐ کے لئے شام سے لایا۔ یہ کعب الاحبار وہی شخص ہے جسکو عمر نے داخل دربار کیا اور جس نے یہود کی بے شمار روایات کو اسلام میں داخل کر دیا۔ تاریخ کامل جلد سوئم ص۱۷ پر ہے کہ جب عثمان نے وہاں سے کوچ کیا اور معاویہ و دیگر سردار روانہ ہوئے تو حدی خوان نے اونٹ بڑھاتے وقت یہ اشعار پڑھے کہ ہر شخص جانتا ہے کہ عثمان کے بعد حضرت علی علیہ السلام خلیفہ ہونگے۔ اس پر کعب الاحبار نے کہا تو جھوٹا ہے۔ عثمان کے بعد معاویہ خلیفہ ہوگا۔ اس پیشینگوئی نے معاویہ کو ایسا ابھارا کہ نہ صرف عثمان کو اس نے قتل ہو جانے دیا بلکہ جناب امیرؑ اور امام حسنؑ کو شہید کروا دیا۔

دلائل الخیرات میں قبر رسولؐ کی شبیہ بنی ہوئی ہے۔ شارح دلائل الخیرات لکھتا ہے کہ قبور شریفہ کی نقل سے یہ فائدہ ہے کہ جو شخص زیارت کو نہ گیا ہو۔ اس شکل کی زیارت کرلے۔ اور اشتیاق محبت کے اظہار کے لئے بوسہ بھی دے لے۔ روضۃ الاحباب میں آنحضرتؐ کی نعل مبارک کی شکل بنی ہے اور اس شکل کے خواص و فوائد بہت بیان کئے ہیں اور لکھا ہے کہ اس کو بوسہ دینا ثواب ہے۔

خطیب نے ابوحنیفہ کا قول لکھا ہے۔ کہ اگر کوئی آنحضرتؐ کی یا پوش مبارک کی پرستش بھی کرے۔ بغرض تقرب خدا تو اس میں کوئی برائی نہیں دیکھتا۔ شیخ عبدالحق محدث دہلوی نے شرح مشکوٰۃ میں اہل قبور سے مدد لینے کو جائز مانا ہے۔ ابن تیمیہ اور ابن قیم نے مذکورہ امور کو ثابت کیا ہے۔ امام علامہ شوکانی اہل قبور سے توسل کو جائز مانتے ہیں۔ تقویۃ الایمان مولانا اسمٰعیل شہید میں تو یہاں تک لکھا ہے کہ البتہ اگر کوئی یوں کہے۔ یا اللہ۔ فلاں (مرحوم) بزرگ کے وسیلے سے میری حاجت پوری کر تو یہ درست ہے۔

وفاء الوفا ص۴۲۳ پر ہے کہ عمر بن خطاب کے پاس ایک آگ جلانے کی انگیٹھی لائی گئی جو چاندی کی بنی ہوئی تھی۔ اور جس پر تصویریں بنی ہوئی تھیں۔ عمر نے سعد مؤذن کے حوالہ کر دی۔ اور کہا۔ اس کو ہر جمعہ اور ماہ رمضان میں جلایا کرو۔ چنانچہ وہ عمر کے سامنے روشن کی جاتی۔

وفاء الوفا ص۴۲۴ پر ہے کہ شیخ موفق نے بہ اجماع امت یہ کہا ہے کہ سونے چاندی کے ظروف کا استعمال حرام ہے اور اس میں بھی شک نہیں کہ قندیل ظروف سے ہے۔ پس مجمر کا استعمال بھی حرام ہوا۔ کیونکہ مجمر بھی ایک ظرف ہے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

وفاء الوفاء صفحہ ۲۷۴ پر ہے کہ (جب عمر بن خطاب ملک شام میں گیا تو معاویہ نے اس کا استقبال بڑی شان سے کیا۔ تلواریں اور دیگر آلات حرب چاندی سونے کے تھے۔ اور فوجیوں نے ریشمی لباس پہنے ہوئے تھے۔ اس پر عمر نے اعتراض کیا) تو معاویہ نے (اس اعتراض کا) جواب دیا کہ اس زیب و زینت سے ہمارے دشمن مقہور ہوتے ہیں۔ اور ان کے جوڑ و بند کانپتے ہیں۔ اور اسی وجہ سے ہم کو اپنی قوت و غلبہ و شوکت حاصل ہوتی ہے۔ جب وہ دیکھتے ہیں کہ ہماری مسجدیں طلا سے مزین ہیں اور سونے کی قندیلیں اس میں آویزاں ہیں۔ تو وہ رعب میں آجاتے ہیں۔ یہ سن کر عمر نے سکوت کیا اور منع نہ کیا۔

قرآن میں شعائر اللہ کی تعظیم و تکریم کا حکم موجود ہے۔ چنانچہ خدا فرماتا ہے۔ ومن یعظم شعائر اللہ فانہا من تقوی القلوب یعنی جو شخص تعظیم کرے گا شعائر اللہ کی اس کا یہ فعل دلوں کی پرہیزگاری میں داخل ہے۔ پھر فرماتا ہے۔ والبدن جعلناها لکم من شعائر اللہ یعنی قربانی کے اونٹوں کو بھی ہم نے شعائر قرار دیا ہے۔ پھر فرمایا ہے ان الصفا والمروة من شعائر اللہ فمن حج البیت او اعتمر فلا جناح علیہ ان یطوف بہما یعنی کہ صفا اور مروہ شعائر خدا سے ہیں پس جو شخص کہ حج کرنے کو جائے یا عمرہ بجا لائے پس مضائقہ نہیں کہ وہ بھی ان دونوں پہاڑیوں کا طواف کرے۔ ناظرین! شعائر اللہ سے وہ اشیاء مراد ہیں جو کسی نبی یا امام یا قرآن کے ساتھ نسبت ہو جانے کی وجہ سے قابل حرمت و عزت قرار پائیں مثلاً سنگ مروہ سنگ صفا۔ سنگ اسود۔ ناقہ صالح۔ جلد و حروف قرآن شریف۔ منبر رسول۔ تبرکات انبیاء مثل عمامہ و عصا و پاپوش و دیگر لباس پوشیدنی۔ مقامات مقدسہ۔ تعزیہ۔ ذوالجناح۔ جھنڈی۔ علم۔ امام باڑہ۔ مسجد وغیرہ۔ نیز ناظرین کو معلوم ہو کہ ہر سال حج کے موقعہ پر حجازی اور مصری اہلسنت دو محملیں عائشہ کی بنا کر بڑے تزک و احتشام اور جلوس کے ساتھ علماء اور مشائخ اہلسنت کندھوں پر اٹھا کر مکہ میں لاتے ہیں۔

ترجمہ اسد الغابہ جلد اول صفحہ ۱۳۲ پر ہے کہ انس بن مالک کی انگوٹھی میں ایک بیٹھے ہوئے شیر کی تصویر تھی۔

فتوح الشام واقدی مطبوعہ نولکشور صفحہ ۱۹۲ پر ہے کہ ابو عبیدہ جراح نے مسلمانوں کو کہا کہ چھوڑ دو اور توقف کرو تم لوگ اس امر میں پس اگر یہ لوگ میری تصویر کے ساتھ راضی ہو گئے تو میں اس بات کو منظور کرتا ہوں۔ راوی کہتا ہے کہ رومیوں نے ایک ستون پر ابو عبیدہ جراح کی تصویر بنائی ہوئی تھی جس میں شیشہ کی دو آنکھیں تھیں پس ان میں ایک شخص آگے بڑھا جس نے غصہ سے تصویر کی آنکھ نیزہ سے پھوڑ دی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

الفاروق شبلی ص۲۰۰ پر ہے کہ اسلام کا ایک اصول شعائر اللہ کی تعظیم ہے۔ مگر حضرت عمر نے مختلف موقعوں پر کہا کہ حجر اسود ایک پتھر ہے نہ فائدہ پہنچا سکتا ہے اور نہ نقصان۔ ان پر حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا حجر اسود فائدہ اور نقصان دونوں پہنچا سکتا ہے کیونکہ وہ قیامت میں لوگوں کی نسبت شہادت دیگا۔

مشکوٰۃ جلد ششم ص۳۰ پر ہے کہ بخاری اور مسلم میں بروایت ابن عباس لکھا ہے کہ غیر جاندار اشیا کی تصویر بنانا جائز ہے۔ اور ص۳۹ پر ہے کہ درختوں یا ایسی اشیاء کی تصویر جائز ہے جن میں روح نہ ہو۔

سورہ سبا میں ہے کہ جنات حضرت سلیمان کے لئے قلعے اور مجسمے بنایا کرتے تفسیر معالم التنزیل ص۴۲۷ پر ہے کہ تصویر تانبے اور پیتل اور کانچ کی ہوتیں اور درندوں اور طیور کی تصاویر بھی ہوتیں بلکہ بعض کا قول ہے انبیا اور فرشتگان اور صالحین کی تصاویر بناتے۔ تاکہ دیکھنے والوں کو عبادت کیطرف رغبت پیدا ہو۔

فتح الباری جلد پنجم ص۲۸۸ پر ہے کہ فرمایا آنحضرت نے کہ جس گھر میں کتا یا تصویر ہو۔ ملائکہ اس گھر میں داخل نہیں ہوتے پھر صاحب فتح الباری لکھتا ہے کہ یہ حدیث کیونکر صحیح ہو سکتی ہے جبکہ خدا فرماتا ہے کہ حضرت سلیمان کے لیئے تصاویر بنائی جاتی اور جو بروایت مجاہد پیتل کی ہوتیں۔ مزید بیان یہ کہ انبیا اور صلحا کی تصاویر بھی ہوتیں جنکا مقصد عبادت کی ترغیب ہوتا۔ پس غیر ذی روح کی تصویر حرام نہیں ہے۔

فتح الباری جلد پنجم ص۵۰۰ اور بخاری کتاب الادب اور مشکوٰۃ باب عشرۃ النساء فصل ثانی ص۲۷۹ و ص۲۸۱ میں بروایت عائشہ لکھا ہے کہ ہم رسول اللہ کے پاس گڑیاں کھیلا کرتے تھے۔ اس پر ابن حجر لکھتا ہے کہ گڑیاں بنانا اور ان سے کھیلنا جائز ثابت ہوا۔ پھر لکھتا ہے کہ عائشہ کی عمر جب گڑیاں کھیلا کرتی (چودہ برس) بوقت جنگ خیبر تھی خواہ کچھ کم و بیش ہو۔ پھر لکھتا ہے کہ عائشہ کی گڑیوں میں ایک پروں والا گھوڑا بھی تھا جو حضرت سلیمان کے گھوڑے کا نمونہ تھا۔ ناظرین! اسوقت عائشہ کی عمر تقریباً سترہ سال تھی

مشکوٰۃ باب مناقب ازواج النبی فصل ثانی ص۲۲۵ کہ عائشہ سے روایت ہے۔ کہ میری تصویر ریشمی کپڑے کے اندر لپیٹ کر حضرت جبرئیل آنحضرت کے پاس لائے۔ اور کہا یہ آپ کی زوجہ ہے دنیا اور آخرت میں۔

کنز العباد شرح اوراد خزینۃ الروایات مطالب المومنین۔ فتاویٰ عالمگیری۔ کفایت الشعبی میں ہے کہ ایک سائل نے آنحضرت سے عرض کی کہ یا حضرت میں نے قسم کھائی ہے کہ میں جنت کے دروازہ پر اور حور کی آنکھ پر بوسہ دوں۔ آنحضرت نے فرمایا کہ اپنی ماں کے پاؤں پر اور اپنے باپ کی پیشانی پر

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بوسہ دے۔ اس نے عرض کیا کہ میرے ماں اور باپ دونوں فوت ہو چکے ہیں حضرتؐ نے فرمایا کہ انکی قبروں پہ بوسہ دے۔ اس نے عرض کیا کہ ان دونوں کی قبریں بھی معلوم نہیں ہیں۔ حضرتؐ نے فرمایا کہ مٹی کی دو قبریں بنا اور ان پہ بوسہ دے۔ چنانچہ اس نے ایسا ہی کیا۔

رسالہ تنویر الایمان مولوی عبد الحلیم لکھنوی صد ۲۳ پہ ہے کہ آنحضرتؐ کی قبر شریف کا مرتبہ خانہ کعبہ و سماوات و عرش سے بالاتر ہے۔ ناظرین! یہی روضہ اطہر بخیال عبد الوہاب نجدی صنم اکبر گرا دینے کے قابل ہے۔ موجودہ وہابیوں کا بھی یہی اعتقاد ہے۔ مگر اس بات کا بالاعلان اظہار نہیں کرتے۔

مدارج النبوۃ میں ہے کہ آنحضرتؐ و دیگر آنحضرتؐ کی اولاد و اصحاب لااخیار کی قبر اور مسجد کی زیارت کرنا قربت اور درجات کا ذریعہ ہے بلکہ بعض علما قائل ہیں کہ واجب ہے۔ کیونکہ آنحضرتؐ کا ارشاد ہے کہ جس کسی نے میری قبر کی زیارت کی۔ اس کی شفاعت مجھ پر واجب ہو گئی اور جس نے باوجود صاحب توفیق ہونے کے زیارت نہ کی اس نے مجھ پر جفا کی اور میری قبر کی زیارت ایسی ہے جیسا کہ زائر نے مجھکو دیکھ لیا

مناہج الطالبین قزوینی۔ روضۃ الشہداء حبیب السیر۔ معارج النبوۃ میں ہے کہ حضرت ابراہیمؑ نے ذبح عظیم کو دریافت کیا تو ارشاد ہوا کہ تیرا فرزند اسمٰعیلؑ خاتم المرسلین کے نور کا حامل ہے۔ اسمٰعیلؑ کو بچا لیا گیا۔ پھر خداوند عالم نے ابراہیمؑ کی نظروں سے حجاب دور کر کے محمدؐ اور آل محمدؐ کی زیارت سے آپ کو مشرف کیا۔ اور پوچھا اے ابراہیمؑ کہا تو اپنی ذات کو عزیز جانتا ہے یا محمدؐ کو۔ ابراہیمؑ نے عرض کیا محمدؐ کو اپنی ذات سے عزیز جانتا ہوں۔ پھر اسی طرح عرض کیا کہ حسینؑ کو اپنے بیٹے اسمٰعیل سے عزیز جانتا ہوں۔ پھر ارشاد باری ہوا کہ یہی حسینؑ میدان کربلا میں اشقیا کے ہاتھ اس بیکسی و غربت میں شہید ہو گا جس پر آسمان و زمین وطیور و وحوش گریہ کریں گے۔ یہ سنکر حضرت ابراہیمؑ نے شدت سے گریہ فرمایا۔ تب ارشاد ہوا کہ اے ابراہیمؑ مصائب حسینؑ پر رونا اسی ثواب کے برابر ہے جو اسمٰعیلؑ کی قربانی سے حاصل ہوتا ہے۔

بخاری جلد ثانی صفحہ پہ ہے کہ جو تیر باعث گریہ ہو۔ وہ جائز ہے۔ تبصرۃ الایمان حکیم مولوی سلامت علی بنارسی مطبوعہ کلکتہ ۱۲۳۶ھ صفحہ ۲۳ پہ ہے کہ اس میں شک نہیں کہ امام باڑہ اور نقل تربت مطہر مقبرہ مبارک، تعمیر ہو چکنے کے بعد قابل تعظیم ہے۔ اور اس کی تکریم و ادب ایمان کے شایاں ہے۔

جلالین و کمالین مطبوعہ ہاشمی پریس میرٹھ صفحہ ۳۶ پہ ہے کہ تابوت سکینہ ایک صندوق تھا جس میں آدمؑ سے آنحضرتؐ تک کی تصاویر تھیں۔ رسالہ صوفی بابت ماہ مارچ ۱۹۲۰ء صفحہ ۲۳ پہ ہے کہ علامہ عینی نے شرح ہدایہ میں لکھا ہے کہ ابو ہریرہ کی انگوٹھی میں دو ذی روح جانوروں کی تصویریں تھیں۔ اسی رسالہ صوفی ۱۹۲۰ء بابت ماہ مارچ میں ہے کہ عمر بن خطاب کے زمانہ میں ایک انگوٹھی دستیاب ہوئی۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جو حضرت دانیال کی تھی۔ جس پر دو شیروں اور ایک لڑکے کی تصویر کندہ تھی عمر نے یہ انگوٹھی ابو موسے اشعری کو دیدی۔ پھر بحوالہ فتح الباری جلد دہم ص۳۲۱ پر لکھا ہے کہ قاسم بن محمد بن ابو بکر کے گھر میں عنقا ہو مقدس پرندہ ہے یا نگ حیوان ہے جس کی شکل و شباہت کتے سے ملتی جلتی ہے۔ اس کی کھال سے پوستین بنانے میں ترکستان میں پایا جاتا ہے اصلی لفظ قندز ہے) کی تصاویر تھیں۔

رسالہ صوفی ماہ دسمبر ۱۹۱۹ء ص۲۵ پر بحوالہ فتح الباری لکھا ہے کہ عائشہ کے بچپنے پر وہ اس کی روایات سے صحاح ستہ بھر پور ہیں اسکے تکیوں پر پرندوں اور مردوں کی تصاویر تھیں۔ رسالہ صوفی ماہ دسمبر ۱۹۱۹ء ص۲۵ پر ہے کہ پردہ مذکورہ کے بٹن میں آدمیوں کے چہروں کی تصاویر تھیں۔

روضۃ الاحباب جلد اول ص۲۲۶ پر رسول اللہ کی نعل مبارک کا نقش تحریر ہے۔ جس کے برکات و فیوض بہت لکھے ہیں۔ منہاج الحجاج ص۹ پر ہے کہ خانہ کعبہ کا غلاف مصر میں بنایا جاتا ہے پھر ایک اونٹ پر کجاوہ رکھا جاتا ہے جس کے اندر یہ غلاف رکھا جاتا ہے۔ اونٹ اور کجاوہ کو طلائی اور مخملی کپڑوں سے سجایا جاتا ہے بلکہ مینڈ باجہ ساتھ ساتھ بجایا جاتا ہے۔ یہ محمل مصری مکہ معظمہ میں لایا جاتا ہے اور دوران راہ عوام الناس اس کا غایت درجہ عزت و احترام کرتے ہیں۔

علمائے اہلسنت مثلاً اسحاق بن عیینے۔ حافظ ... حافظ یحییٰ ابن فراس۔ حافظ ابن زبالہ۔ شیخ سمہودی۔ تاج الدین خاکہانی۔ عثمان بن قسطاس۔ ابن ... ابن شیبہ۔ اشہری نے اپنی اپنی تصانیف میں قبروں اور حجروں کی تصاویر بنائی ہوئی ہیں۔

کتاب ماثبت بالسنۃ شیخ عبدالحق محدث دہلوی اور فتوح الحرمین ملا جامی میں مکہ۔ مدینہ کوہ صفا۔ کوہ مروہ کی تصاویر درج ہیں۔

کتاب الاکتفا۔ نتیجۃ الحب الصمیم۔ کتاب خدمت نعل المقدس المحمدی میں ہے کہ تمام صحابہ رسول۔ تابعین۔ امام۔ حافظ۔ محدث۔ فقیہ۔ رسول اللہ کی نعلین مبارک بوسہ دیا کرتے۔

شرائط الوساطت مولوی تراب علی میں ہے کہ حضرت ام سلمہ کے پاس آنحضرت کا سر کا بال تھا۔ جس کی برکت سے مریضوں کو شفا ہوتی اور امام مالک مدینہ کے پرانے مکانات کو اس خیال سے بوسہ دیتے کہ ممکن ہے رسول اللہ کا ہاتھ لگا ہوگا۔

فتاویٰ سراجیہ اور فوائد الفوائد میں ہے کہ اگر مرید اپنے پیر کے سامنے اپنا سر زمین پر رکھ دے تو یہ سجدہ نہیں ہے۔ بلکہ یہ سجدہ خداوند عالم کو ہے کیونکہ اولیاء اللہ خدا کا نور ہیں۔ فتاویٰ قاضی خاں میں ہے کہ سجدہ کی دو قسمیں ہیں یعنی سجدۂ عبادت اور سجدہ تعظیمی۔ سجدہ عبادت تو خداوند عالم سے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مخصوص ہے۔ اور سجدہ تعظیمی کی پانچ قسمیں ہیں۔ اول امت کا سجدہ نبی کو دوسرے رعیت کا سجدہ بادشاہ کو تیسرے مرید کا سجدہ پیر کو۔ چوتھے اولاد کا سجدہ والدین کو۔ پانچویں غلام کا سجدہ آقا کو۔

تفسیر فتح العزیز شاہ عبدالعزیز دہلوی اور شرح اشباہ و نظائر میں ہے کہ خدا کے سوائے سجدہ تعظیم ہر ایک کو جائز ہے۔ جیسا کہ فرشتوں نے آدمؑ کو کیا۔

معجم البلدان میں ہے کہ سورج اور چاند کو سجدہ کفر نہیں ہے شیخ عبدالقادر بدایونی نے منتخب التواریخ میں لکھا ہے کہ قاضی نظام بدخشانی نے بادشاہ کو سجدہ کی نا جائز لکھا ہے۔

گلدستہ کرامات ص۱۱ اور اقتباس الانوار ص۸ پر بحوالہ تحفۃ الراغبین لکھا ہے کہ شیخ نظام الدین نارنولی ہر سال خواجہ معین الدین اجمیری کے عرس پر جایا کرتا۔ ایک دن اتفاقیہ طور پر مجلس عرس میں شیخ کا پاؤں بحالت وجد اہل کی تھیلی سے لگ گیا جو شیخ عبدالقادر گیلانی کی نذر تھی۔ پاؤں کا لگنا تھا کہ نظام الدین کی ولایت سلب ہو گئی۔ آخر کار اس کی گریہ و زاری اور منت و سماجت کے باعث حضرت رسول پاک کی سفارش پر شیخ عبدالقادر گیلانی نے اس کا گناہ معاف کیا اور ولایت پر بحال کیا۔

میں نے امام حسین علیہ السلام کے غم میں گریہ و بکا کو روز روشن کی طرح ثابت کر دیا ہے۔ اگر مندرجہ بالا دلائل و براہین کے باوجود کوئی شخص غم حسینؑ کو فرض نہ سمجھے تو اس کا اپنا قصور ہے میرے خیال میں ایسے شخص کو سعادت ایمان سے ذرہ بھر نسبت حاصل نہیں ہے۔ ایسے ناقص العقل آدمی کو اس کے حال پر چھوڑ دینا چاہیئے۔ کیا ابوجہل اور ابولہب کا ناپاک دل آنحضرتؐ کے براہین روشن سے منور ہو سکتا تھا۔ کیا حضرات ثلاثہ آنحضرتؐ کی صحبت میں سالہا سال رہ کر ابوجہل اور ابولہب پر فائق نہ تھے۔ یہی حالت ان لوگوں کی ہے جو رسومات عزاداری پر محض تعصب اور جہالت کی وجہ سے نا معقول اعتراضات کرتے رہتے ہیں اور اس پاک رسم کی روز افزوں ترقی کو دیکھ کر جل بھن رہتے ہیں ہمیں کہا جاتا ہے کہ گریہ و بکا صبر و تحمل کی شان کے خلاف ہے۔ ہر مسلمان کو چاہیئے کہ اپنے محل میں حسب توفیق خیرات دے۔ اور اکیلا گھر میں بیٹھ کر دو آنسو ٹپکا لیا کرے۔ گلیوں۔ بازاروں محلوں اور عام پبلک مقامات پر اس قدر اہتمام سے اور اس قدر روپیہ خرچ کر کے عزاداری کرنا عبث ہے۔ غیر اقوام بھی اس حرکت پر خندہ زن ہیں۔

ہم لوگ ان ہفوات کو ٹھنڈے دل سے سنتے رہتے ہیں اور مجالس میں ان کے دندان شکن جوابات بھی دیتے رہتے ہیں۔ علماء مواعظ اور تصانیف کے ذریعہ بھی ان اعتراضات کے پرخچے اڑاتے رہتے ہیں۔ مگر ان غرضی مسلمانوں کی ہٹ دھرمی کا کیا کہنا جو دانستہ جادۂ الحاد پر گامزن ہیں۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بھلا ان بھلے مانسوں سے کوئی پوچھے کہ گریہ و بکا اور صبر باہمد گر نقیض امور کس دلیل سے ہیں صبر اور چیز ہے اور گریہ و بکا اور۔ فرض کرو کہ ایک غریب پر کوئی حاکم شہر بیجا ظلم کرتا ہے اور وہ فقیر رو دھو کر خاموش ہو رہتا ہے اور جوش میں دیوانہ ہو کر حاکم کو قتل نہیں کرتا۔ اس کا جوش میں آکر حاکم کو قتل کر دینا بلا شک و شبہ صبر کے نقیض تھا۔ لیکن جور و ستم برداشت کر کے آنسو بہانا فطری جذبہ کا اظہار ہے جو ہر صورت جائز کام ہے۔

اگر گریہ و بکا مستحسن اور جائز کام نہ ہوتا تو حضرت آدمؑ۔ حضرت نوحؑ۔ حضرت یعقوبؑ۔ آنحضرتؐ جناب فاطمہؑ حضرت امام زین العابدینؑ اور دیگر مردان خدا گریہ و بکا نہ فرماتے پس گریہ و بکا صرف جائز ہی نہیں ہے۔ بلکہ فطرت کے مطابق اور ضروری ہے۔

کون نہیں جانتا کہ جب امام حسینؑ پیدا ہوئے اور آپ کو آنحضرتؐ کی گود میں لا کر رکھا گیا تو آنحضرتؐ کی مبارک آنکھوں سے آنسوؤں کا سیلاب بہہ نکلا۔ اس قدر اور ایسے وقت رونے کا سبب پوچھے پر آپ نے فرمایا کہ مجھے رب العزت سے ابھی ابھی اطلاع ملی ہے کہ تیرے اس بیٹے کو میدان کربلا میں بھوکا اور پیاسا شہید کیا جائیگا۔ اور اس شہادت کی مفصل کیفیت سے بھی مجھے مطلع کر دیا گیا ہے۔ اور کربلا کی مٹی بھی مجھے دکھائی گئی ہے۔ اب ناظرین ہی انصاف کریں کہ کیا گریہ و بکا مستحسن امر نہیں ہے۔

اور سنئے جب جناب امیر صفین کی طرف تشریف لے جا رہے تھے۔ اور آپ نینوا کے مقام پر پہنچے تو آپ نے فرمایا۔ یہ زمین میرے بیٹے حسینؑ کی قتل گاہ ہے۔ یہ ارشاد فرما کر آپ شدت سے روئے کیا یہ رونا صبر کی شان کے مخالف ہے۔ ہرگز نہیں۔ آنحضرتؐ کا اور جناب امیرؑ کا رونا ان مصائب اور آلام پر تھا۔ جو امام حسینؑ پر وارد ہونے کو تھے۔

سپرٹ آف اسلام مولفہ امیر علی کے صفحہ ۱۰۹ پر لکھا ہے کہ ایک رات آنحضرتؐ قبرستان میں تشریف لے گئے اور اپنے احباب کی قبروں کے پاس جا کر بہت روئے اور انکے حق میں دعائے مغفرت کی۔ غور طلب امر یہ ہے کہ آنحضرتؐ تو ان اصحاب کے لئے بھی گریہ فرما رہے ہیں جن کی شہادت محض قتل تھی۔ مگر ہمیں یہ لوگ امام حسین علیہ السلام کی مصیبت پر رونے سے منع کرتے ہیں جنکی شہادت پر کائنات کا ذرہ ذرہ رویا۔ اور ہمیشہ روتا رہیگا۔

مجھے معترض سے یہ پوچھنا ہے کہ آنحضرتؐ نے ہم مسلمانوں سے اپنے اقرباء سے مودت کی تاکید فرمائی اور اجر رسالت کا انحصار صرف مودت پر قرار دیا جس کے معنی صریحاً یہ ہیں۔ کہ جو شخص مودت

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کے فرائض کی ادائیگی میں پورا نہیں اُترے گا۔ وہ رسالت کا منکر تصور ہوگا۔ کیا مودت، محبت غمگساری اور ہمدردی یہی ہے کہ امام حسینؑ کا نام جھوٹی سچی قسم کھانے کو زبان پہ آیا کریں۔ یاد رکھیں یہ تمام زبانی اور رسمی محبتیں حشر کے روز باد ہوا ثابت ہونگی۔ مودت یہ ہے کہ امام حسینؑ کی خوشی میں اظہار خوشی اور رنج میں اظہار رنج کیا جائے۔ واقعہ کربلا کی علت غائی پر غور کیا جائے سید الشہداء کے ان اقوال و افعال پر گہری نگاہ ڈالی جائے۔ جو آپ سے اس واقعہ وحشت انگیز کے دوران میں وقوع پذیر ہوئے۔ اور دین خدا کی حفاظت کی غرض سے خاندان رسولؐ کی حیرت انگیز تکالیف کا نقشہ آنکھوں میں لایا جائے جب ان تمام امور پر غور کیا جائیگا۔ تو مودت کے یہ معنی ظاہر ہونگے۔ کہ ثلاثہ کو بدترین مخلوق سمجھا جائے۔ اور عزاداری محرم میں پورا اہتمام کیا جائے۔

اگر مراسم محرم کو ہر سال علی ہذا ادا نہ کیا جائے تو سنی لوگ بالعموم اور وہابی اور مرزائی بالخصوص بہت تھوڑے عرصہ میں مرزا حیرت دہلوی کی طرح قرآن اٹھا اٹھا کر کہنے لگینگے کہ یہ واقعہ شہادت فرضی کہانی ہے۔ کیونکہ یہ کیسے ممکن تھا کہ وہی لوگ جو آنحضرتؐ کے بعد محافظ شریعت تھے۔ آنحضرتؐ کے بعد جگر بند کو اس قدر بیدردی سے تہ تیغ کر دیتے اور آپ کے حرم کو اسیر کر کے یوں شہر بہ شہر تشہیر کرتے۔

کبھی یہیں یہ کہا جاتا ہے کہ چونکہ امام حسینؑ رتبہ شہادت پر فائز ہوئے اور شہید بحکم خدا زندہ ہیں اس لئے امام حسینؑ کے غم میں رونا پیٹنا فعل عبث ہے۔ نادان معترض یہ نہیں سمجھتے کہ ہمارا گریہ و بکا کرنا تو ان مصائب کی وجہ سے ہے جو آپ نے احقاق حق اور ابطال باطل کی راہ میں برداشت فرمائیں۔ اس امر میں تو ہمارا ایمان ہے کہ امام حسینؑ بفضل خدا زندہ اور ہر جگہ موجود ہیں۔ صرف یہی نہیں ہے۔ بلکہ چہاردہ معصوم علیہم الصلوٰۃ والسلام بفضل خدا زندہ اور موجود ہیں۔ اور خلق خدا کے مشکل کشا ہیں۔

جب یہ بات صحیح ہے کہ چہاردہ معصوم زندہ اور موجود ہیں۔ تو پھر ہمیں یہ دیکھنا ہے کہ آپ اپنی مودت میں کس فریق کو کس نظر سے دیکھ رہے ہیں۔ آیا ان لوگوں کو جو آپ کے دوست آپ کے دوستوں کے دوست، آپ کے دشمنوں کے دشمن۔ آپ کے رنج و الم میں شریک اور آپ کے احکام پہ سر تسلیم خم کرنے والے ہیں۔ یا ان لوگوں کو جو آپ کے فرضی دوست، آپ کے دوستوں کے جھوٹے خیر خواہ آپ کے دشمنوں کے دوست۔ آپ کے مصائب کا مضحکہ اڑانے والے اور آپ کے احکام کو مجسمہ خطا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کہنے والے ہیں، عقلِ سلیم کا فتویٰ تو یہی ہے کہ یہ پچھلی جماعت وہی لوگ ہیں جنہوں نے کربلا، کوفہ اور شام میں خاندانِ رسولؐ پر کوہ ستم گرایا۔ اور پہلی جماعت وہ پاک نفوس ہیں جن کو دیکھ دیکھ کر امام حسینؑ کا دل جوشِ مسرت سے بلیوں اچھلتا ہوگا۔ اور آپ ان کی شفاعت کے کفیل ہونگے۔ خصوصاً امام حسینؑ کی والدہ بزرگوار مندرجہ بالا دو جماعتوں میں سے کس جماعت کو نگاہِ پسندیدگی سے دیکھے گی۔ اس سوال کا جواب ہر منصف مزاج شخص خود دے سکتا ہے۔

امام زین العابدین علیہ السلام واقعہ شہادت کے بعد چالیس سال زندہ رہے اور چالیس سال ہی روتے رہے۔ جناب فاطمۃ الزہرا آنحضرتؐ کی وفات کے بعد چھ مہینے زندہ رہیں اور چھ مہینے ہی گریہ فرماتی رہیں۔ ہم محبانِ اہلبیت قیامت تک روتے رہیں گے۔ یہ سب کچھ اس لئے ہے کہ حضرات ثلاثہ کے جگر سوز مظالم ہر خاص و عام پر ثابت از بام ہو کر قرضی مسلمانوں پر اتمامِ حجت ہوتا رہے۔

خدا یا ایسے تعصب اور جہالت کا بعض لوگ یہ کہہ کر یزید کو ایمان سے متصف کرتے ہیں کہ اول تو یزید نے قتلِ امام کا حکم صادر ہی نہیں کیا تھا۔ یہ سب کاروائی اور ظلم عمر ابن سعد کا ہے جو با اختیار حاکم تھا۔ دوم یہ کہ جب یزید کو شہادتِ امام کی خبر موصول ہوئی۔ تو اس نے اظہارِ تاسف کیا۔ سوم یہ کہ اس جنگ کی بنا محض ایک عورت کا جھگڑا تھا جو یزید اور امام حسینؑ کے درمیان رونما ہوا۔ چہارم یہ کہ امام زین العابدینؑ نے یزید کو نمازِ مغفرت سکھائی جس کی وجہ سے یزید کی توبہ قبول ہوگئی۔

اگر ان چاروں دلائل پر نظرِ غائر ڈالی جائے تو بالبداہت معلوم ہوتا ہے کہ طرفداران یزید با لفاظ دیگر شیعہ داران حضرات ثلاثہ یزید کی حمایت میں بے سود ہاتھ پاؤں مار رہے ہیں اور ان کی یہ مذبوحی حرکت انہیں دائرہ ایمان سے حضرات ثلاثہ کی طرح خارج کردینے کے لئے کیمیا کا کام دے رہی ہے۔

بھلا اس بات کو کون ذی شعور تسلیم کرنے پر آمادہ ہو سکتا ہے کہ کوئی حاکم اس قدر بزرگ اور مقدس ہستی کو اپنے بادشاہ کے مشورے کے بغیر قتل کر دے اور پھر اس کے مشورہ کے بغیر مقتول کے پس ماندگان کو علی الاعلان تشہیر کرے۔ پھر اس بات پر کون ذی خرد کان دھر سکتا ہے کہ یزید جیسا فاجر شرابخوار سنگدل بے حیا۔ اور بے ایمان شخص اپنی حرکت سے نادم ہو۔ یہ بات تو عقلاً درست نہیں ہو سکتی۔ جو جھگڑا یزید اور امام حسینؑ کے درمیان ایک عورت کے متعلق ہوا تھا۔ اس کا مفصل جواب پیشتر ازیں ہو چکا ہے باقی رہا امام زین العابدینؑ کا یزید کو نمازِ مغفرت تلقین کرنا۔ اس سے بڑھ کر بے معنی بات دنیا میں اور کوئی نہیں ہو سکتی۔ پیچ تو یہ ہے کہ ایسی ہزلیات گھڑنے والے اور پھر ان پر یقین کرنے والے لوگ مرتبہ امام کی معرفت سے نابلد ہیں ورنہ ایسی گوز شتر مغویات کبھی معرض وجود میں نہ آسکیں۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اگر قتلِ عمدکی توبہ اس قدر سہل ہو جیسی کہ سنی لوگ بتاتے ہیں۔ تو پھر شریعت کا خدا ہی حافظ ہے۔ چلو میں ایک منٹ کے لئے سنی لوگوں کو خوش کرنے کی غرض سے یزید کو مومن اور امیر المومنین مان لیتا ہوں۔ اس بات کو تسلیم کرنے سے یہ ضروری نتیجہ پیدا ہوگا۔ کہ تمام مسلمان یزید کے مطیع فرمان ہیں بلیں سنی لوگوں کو ان تمام امور پر عمل پیرا ہونا چاہیے جن پر یزید کاربند تھا۔ وہ شراب پیتا تھا زانی اور قمار باز تھا۔ سوتیلی ماں سے نکاح جائز سمجھتا تھا وغیرہ۔

زیادہ مزے کی بات یہ ہے کہ یزید جیسا بدمعاش اور حرامی شخص لوگوں سے بیعت مندرجہ ذیل الفاظ میں لیتا تھا۔ ان الفاظ کو شاہ عبدالحق محدث دہلوی نے بھی رسالہ تکمیل الایمان میں لکھا ہے الفاظ بیعت یہ تھے :۔

"میں یہ چاہے آپ مثل غلاموں کے سر بازار فروخت کرے۔ یا آزاد کر دے۔ خدا کی عبادت کا حکم دے یا اس سے روک دے"۔

ایسا امیر المومنین سنی لوگوں کو مبارک ہو۔ ہم لوگ تو اس پر ہزار بار لعنت کرتے ہیں۔

ہمیں یہ بھی کہا جاتا ہے کہ جب آنحضرتؐ نے بمقام حدیبیہ کفار قریش سے مصالحت کر لی تھی اور حضرت علیؑ اور امام حسنؑ نے معاویہ سے صلح کر لی تھی تو اس صورت میں امام حسینؑ پر بھی یزید سے صلح کر لینی واجب تھی اس صلح سے ایک فائدہ یہ بھی ہوتا کہ آپ معاقربا و احباب زندہ رہتے اور خاندان اہلبیت بھی اسیر نہ ہوتا۔

اس اعتراض کے لغو اور بیہودہ ہونے میں کیا شبہ ہو سکتا ہے۔ اگر آنحضرتؐ نے کفار قریش سے صلح کی تھی۔ تو انہدام ارکان شریعت کا کچھ خوف نہ تھا۔ اگر حضرت علیؑ اور امام حسنؑ نے مجبوراً اور بادلِ نخواستہ معاویہ سے صلح کی تھی۔ تو شریعت جوں کی توں محفوظ تھی۔ لیکن یزید کی خلافت وہ بیر زور تھی تھی۔ جس سے نخل اسلام جڑ سے اکھڑ جانے کا خطرہ ہو رہا تھا۔ علاوہ ازیں امام حسینؑ کو یہ ثابت کرنا مقصود تھا۔ کہ حضرات ثلاثہ کی خلافتیں باطل تھیں۔ دوازدہ امام علیہم السلام میں سے کسی ایک نے بھی اپنے خلیفہ وقت کی بیعت نہیں کی۔ نور کا نار کے آگے سر جھکانا کیسے ہو سکتا ہے پھر نور بھی ایسا کہ سوائے آنحضرتؐ کے جملہ انبیاء سے افضل ہو۔ خداوند عالم قرآن پاک میں فرماتا ہے کہ ہم تمہارا ان پانچ چیزوں میں سے کسی ایک چیز یعنی خوف، بھوک، نقصان مال، نقصان جان یا نقصان اولاد میں امتحان لینگے۔

اب دیکھنا یہ ہے کہ صفحۂ گیتی پر وہ کون ایسا بہادر انسان ہے جس کو ایک ہی وقت میں پانچوں چیزوں یعنی خوف، بھوک، نقصان مال، نقصان جان اور نقصان ثمرات سے آزمایا گیا۔ تحقیق ہو

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

تدقیق بلند آہنگی سے اور برملا کہے گی کہ وہ پاک متنفس صرف سید الشہدا ہے دوسرا کوئی شخص نہیں ہوسکتا پس امام حسینؑ کی ذات والا صفات کو جملہ انبیا پر بحکم قرآن فوقیت حاصل ہے۔

امام حسین علیہ السلام کا نویں محرم کی شام کو اپنے ہمراہیوں سے ارشاد فرمانا کہ تم میں سے جو کوئی واپس جانا چاہتا ہے چلا جائے میری طرف سے اجازت ہے۔ اس امر کا بین ثبوت ہے کہ آپ کو اپنی شہادت پر پورا وثوق تھا جس کے یہ معنی ہیں کہ آپ توحید اور رسالت پر کامل یقین رکھتے تھے معتاب میں حصار شدہ آدمی بالعموم یار و مددگار کا متلاشی ہوتا ہے لیکن سید الشہدا کی شان اس سے بہت ارفع تھی۔ سچ تو یہ ہے کہ شجاعانِ عالم آپ کے سامنے ذرہ بے مقدار ہیں۔

پس ہم لوگ ایسے مقرب خدا۔ ایسے بہادر۔ ایسے طیب و طاہر۔ ایسے موحد۔ ایسے محسن اسلام ایسے حافظ شریعت۔ ایسے [illegible]۔ ایسے خوددار۔ ایسے صاحب جلال۔ ایسے صاحب جمال۔ ایسے شفیع۔ ایسے مختار۔ ایسے سخی۔ ایسے [illegible]۔ ایسے ذی اقتدار۔ اور ایسے کامل انسان کے آستانہ عالیہ کے کمترین غلام ہیں۔ اور یہ غلامی ہمیں دنیا کی شہنشاہی سے بدرجہا بہتر ہے۔

اس بیان کو ختم کرنے سے پیشتر اتنا عرض کرنا باقی ہے کہ یہ اعدائے اہلبیت ہم لوگوں کو گریہ و بکا ہی سے منع نہیں کرتے۔ بلکہ دنگا اور فساد کرنے کو بھی تیار ہو جاتے ہیں۔ حالانکہ اگر ہم روتے ہیں تو اپنی آنکھوں سے سینہ کوبی کرتے ہیں تو اپنے سینوں کو۔ رقم کثیر خرچ کرتے ہیں۔ تو اپنی جیبوں سے۔ ہمارے گریہ و بکا سے ان لوگوں کو کیا تکلیف اور کیا ضرر پہنچتا ہے۔ ہاں اس کی وجہ یہ ہے کہ عزاداری ان مظالم کا پردہ فاش کر دیتی ہے جو ان کے آبا و اجداد نے آبا و اجداد پر صدہا سال جائز رکھے۔

اگر اہلبیتؑ رسول پر غیر مسلم مظالم ڈھاتے تو اتنی حیرت انگیز بات نہ تھی لیکن جب ہم دیکھتے ہیں کہ یہ سفاک اور ظالم لوگ اصحاب رسول ہونے کے مدعی اور خلافت اور نیابت کے دعویدار ہیں۔ تو حد درجہ تعجب ہوتا ہے۔ یہ امر یاد رکھنے کے قابل ہے کہ جس طرح وکلا اور بیرسٹروں کو قانون شکنی کی نسبت زیادہ سزا دی جاتی ہے کیونکہ وہ قانون کو بخوبی سمجھتے ہیں۔ اسی طرح حضرات ثلاثہ کو سخت ترین سزا دی جائیگی۔ کیونکہ ان کے کانوں نے سنا تھا اور آنکھوں نے دیکھا تھا۔ آنحضرتؐ کو اپنے اہلبیتؑ سے کس حد تک محبت اور عشق تھا۔

Presented by: Rana Jabir Abbas

بحثِ تقیہ

رازداری کو تقیہ کہا جاتا ہے۔ اور یہ ہر انسان کی فطرت میں داخل ہے اور قرآن شریف اور احادیث تقیہ کے جواز میں شاہد عادل ہیں۔

سورہ آل عمران میں خدا فرماتا ہے کہ لا یتخذ المومنون الکافرین اولیاء من دون المومنین ومن یفعل ذالک فلیس من اللہ فی شیء الا ان تتقوا منھم تقیۃ مومنین کافروں کو دوست نہ بنائیں۔ سوائے مومنین کے اور جو مومن کافروں کو دوست بنالے گا۔ اس کو خدا سے کچھ سروکار نہ ہوگا مگر وہ شخص اس سے مستثنیٰ ہے۔ جو شر کے خوف سے ایسا کرنے پر مجبور ہو۔

بخاری مطبوعہ مجتبائی جلد ہشتم باب الاکراہ صفحہ ۲ سطر ۷ پر لکھا ہے کہ آیۃ بالا میں لفظ تقیہ سے تقیہ کرنا مقصود ہے۔

تفسیر کشاف علامہ جار اللہ زمخشری مطبوعہ کلکتہ جلد اول صفحہ ۱۹۷ سطر ۱۰ پر ہے کہ آیہ بالا کے رو سے مومنوں کو رخصت دی گئی ہے کہ دشمنان دین سے موالات اور محبت کریں جبکہ ان سے ڈرتے ہوں۔

تفسیر کبیر امام فخر الدین رازی جلد دوم مطبوعہ مصر صفحہ ۴۲۶ سطر ۱۲ پر ہے کہ آیہ بالا کی رو سے اس کے سوا نہیں کہ تقیہ کرنا جائز ہے جبکہ کوئی مومن کافروں کے درمیان پھنس جائے اور اپنی جان اور مال کا خوف ان سے رکھتا ہو۔ پس ان سے زبانی مدارات کرے یعنی ان کی دشمنی کو زبان سے ظاہر نہ کرے بلکہ تقیہ کی حالت میں کافروں کے ساتھ ایسی طرح بات چیت کرے جس سے محبت اور موالات کی بو آتی ہو بشرطیکہ ضمیر اور دل میں اس کے مخالف ہو۔ اور جو بات کہے۔ اس سے اعراض کرتا جائے کیونکہ تقیہ کا اثر ظاہر میں ہوتا ہے نہ کہ دلوں کے اندر۔

تفسیر کبیر جلد دوم صفحہ ۴۲۶ سطر ۲۵ پر ہے کہ آیت بالا کی رو سے جان کی حفاظت کیلئے تقیہ کرنا جائز ہے۔ آیا مال کی حفاظت کے لئے بھی جائز ہے یا نہیں۔ اس کے جواز کا بھی احتمال ہو سکتا ہے جیسا کہ رسول اللہ نے فرمایا ہے کہ مسلمانوں کے مال کی حرمت اس کے خون کی حرمت کی طرح ہے۔

تفسیر درمنثور امام سیوطی مطبوعہ مصر جلد دوم صفحہ ۱۶ سطر ۳۳ پر ہے کہ قتادہ سے روایت ہے۔ انہ کان یقرؤھا الا ان تتقوا منھم تقیۃ بالیاء یعنی قتادہ اس آیۃ کو الا ان تتقوا منھم تقیۃ یا کے ساتھ پڑھا کرتا تھا۔

تفسیر درمنثور صفحہ ۱۶ سطر ۲۵ پر ابن عباس سے آیۃ بالا کی تفسیر میں یہ لکھا ہے کہ تقیہ زبان سے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہوتا ہے۔ کوئی شخص ایسی بات کہنے کے لئے مجبور کیا جاوے جو خدا کی معصیت ہو اور وہ ایسا لوگوں کے خوف سے کہے۔ حالانکہ اس کا دل ایمان پر مطمئن ہو۔ ایسی حالت اس کو ضرر نہیں پہنچا سکتی کیونکہ اس کے سوائے کہیں تقیہ زبان سے ہوا کرتا ہے۔

تفسیر معالم التنزیل امام بغوی مطبوعہ بمبئی ص۲۵۳ سطر ۲ پر ہے کہ مجاہد اور یعقوب نے آیہ بالا میں تقیۃ بروزن بقیۃ پڑھا ہے کیونکہ انہوں نے اس لفظ کو ی کے ساتھ لکھا ہے۔ الف کیساتھ نہیں لکھا۔

تفسیر معالم التنزیل ص۲۵۳ سطر ۲۵ پر ہے کہ آیۃ بالا کا یہ مطلب ہے کہ خدا نے ممانعت کی ہے مومنوں کو کہ کافروں سے موالات یعنی محبت کیا کریں۔ اور ان سے مداہنت اور مباطنت کرنا چھوڑ دیں مگر ایسے وقت میں کفار سے موالات کرنا جائز ہے جبکہ علی الاعلان مسلمانوں پر غالب ہوں۔ یا جب کہ کوئی کافروں کے درمیان میں ہو اور ان سے خوف رکھتا ہو تو وہ ایسی حالت میں کفار سے زبانی موالات کرتا رہے۔ بحالیکہ اس کا دل ایمان پر مطمئن ہو۔ غرض اس میں وہ تقیہ ضرر کرنا نہ چاہئے سے ہو نہ کسی مومن کا خون کرانا۔ یا مال حرام کو حلال سمجھنا۔ یا کافروں کو عورات مسلمین پر مطلع کرنا۔

تفسیر بیضاوی قاضی بیضہ جلد اول مطبوعہ لکھنؤ ص۲۳۵ سطر ۱۱۔ اور تفسیر غرائب القرآن نظام نیشاپوری جلد اول ص۲۱۳ سطر ۱۷ پر مضمون بالا بمطلب واحد درج ہے۔

تفسیر غرائب القرآن ص۲۱۳ سطر ۱ پر ہے کہ آیہ بالا کی رو سے تقیہ کرنا ایسے امور میں جائز ہے جن کا تعلق موالات سے ہو اور اظہار دین کے متعلق بھی تقیہ کرنا جائز ہے۔ مگر جن باتوں سے غیر کو ضرر پہنچ سکے۔ جیسے قتل اور زنا اور غصب مال اور دروغ شہادت اور قذف محصنات اور کافروں کو عورات مسلمین پر واقف کرنا۔ ان باتوں میں تقیہ کرنا جائز نہیں ہے۔

سورہ نحل میں خدا فرماتا ہے کہ "من کفر باللہ من بعد ایمانہ الا من اکرہ وقلبہ مطمئن بالایمان" یعنی جو شخص ایمان لانے کے بعد اللہ سے کفر کرے تو بیگناہ ہے بسوائے اس شخص کے کہ کلمہ کفر کہنے پر مجبور کیا جاوے جبکہ اس کا دل ایمان سے مطمئن ہو۔

تفسیر کبیر امام فخر الدین رازی مطبوعہ مصر جلد پنجم ص۵۲۲ سطر ۳ پر ہے کہ آیۃ بالا کے تحت میں تو اب جبکہ بیان کیا جاوے کہ اکراہ سے کیا مراد ہے جس کی وجہ سے کلمہ کفر کہنا جائز ہے۔ اس اکراہ سے مراد یہ ہے کہ ایسا سخت عذاب کیا جائے جس کے متحمل ہونے کی اس کو طاقت نہ ہو۔ جیسے قتل یا ضرب شدید کا خوف یا ایسی اور تکلیفیں۔

تفسیر کبیر جلد پنجم ص۵۲۲ سطر ۱۳ پر ہے کہ آیہ بالا کی رو سے اس پر اجماع قائم ہے کہ کلمہ کفر کہنے کے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

وقت اس پر واجب ہے کہ دل سے اس پر راضی نہ ہو اور یہ کہ تعریضات کہنے پر اکتفا کرے مثلاً ایسا کہے کہ محمد جھوٹا ہے اور مراد یہ ہو کہ کافروں کے نزدیک یا کوئی اور محمد نام والا یا استفہام انکاری کے طور پر ایسا کہے۔

تفسیر درمنثور امام جلال الدین سیوطی مطبوعہ مصر جلد چہارم صفحہ ۱۳۲ سطر ۹۔ اور تفسیر بیضاوی قاضی بیضہ مطبوعہ نولکشور جلد اول صفحہ ۵۲ سطر ۲ اور معالم التنزیل امام بغوی مطبوعہ حیدری بمبئی صفحہ ۲۱۵ سطر ۲ اور تفسیر کشاف امام جار اللہ زمخشری مطبوعہ کلکتہ جلد اول صفحہ ۶۴۵ سطر ۱۲ پر واقعہ ذیل تقریباً ایک ہی عبارت میں مرقوم ہے کہ مشرکوں نے حضرت عمار بن یاسر کو پکڑ لیا۔ اور اس کو میمون کے کوئیں میں ڈبویا اور نہیں چھوڑا جب تک کہ اس نے رسول اللہ کو سب نہیں کیا اور مشرکوں کے معبودوں کو اچھا نہیں کہا بعد ازاں عمار کو چھوڑ دیا۔ پھر عمار آنحضرتؐ کی خدمت میں آیا۔ اور کہا کہ حضور میں نے مشرکوں کے معبودوں کو اچھا کہا ہے آنحضرتؐ نے فرمایا اے عمار تو اس وقت اپنے دل کو کیسا پاتا تھا عرض کیا میرا دل اس وقت ایمان سے مطمئن تھا۔ آنحضرتؐ نے فرمایا اے عمار اگر پھر کبھی ایسا موقع آئے تو اسی طرح کہہ دینا۔ پس آیہ بالا کا نزول ہوا۔

سورہ مومن میں خدا فرماتا ہے۔ وقال رجل مومن من آل فرعون یکتم ایمانہٗ یعنی آل فرعون میں سے اس مرد یعنی حزقیل مومن آل فرعون نے کہا جو اپنے ایمان کو پوشیدہ رکھتا تھا ناظرین! حزقیل اصل میں قبطی تھے اور فرعون کے خالہ زاد بھائی تھے۔ کہا جاتا ہے کہ انہوں نے پانچ سو برس تک تقیہ کیا۔

شرح اربعین امام نووی آیہ بالا کی شرح میں لکھا ہے کہ تقیہ ثابت اور جائز ہونے میں کوئی مضائقہ نہیں البتہ عوام الناس لفظ تقیہ سے نفرت کرتے ہیں۔ کیونکہ یہ لفظ شیعوں کے مستقد لعورات سے ہے ورنہ تمام دنیا کی فطرت میں تقیہ استعمال ہو رہا ہے یعنی دنیا پیدائشی طریقہ پر مجبور ہے کہ بوقت ضرورت تقیہ کرے بعض نے تقیہ کا نام مدارات رکھا ہے بعض نے مصالحہ اور بعض نے عقل معیشی۔ اور تقیہ کے اثبات وجواز پر دلیل دلالت کرتی ہے۔

آیۃ قرآنی: وانفقوا فی سبیل اللہ ولا تلقوا بایدیکم الی التہلکۃ۔ یعنی راہ خدا میں خرچ کرو اور اپنے تئیں ہلاکت میں نہ ڈالو.......... اور آیۃ قرآنی: ولا تقتلوا انفسکم ان اللہ کان بکم رحیما۔ یعنی نہ قتل کرو اپنی جانوں کو کیونکہ خدا تم پر ضرور مہربان ہے۔ اور آیۃ قرآنی لا یکلف اللہ نفسا الا وسعہا۔ یعنی اللہ کسی شخص پر بوجھ نہیں ڈالتا مگر اسی قدر جس کے اٹھانے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کی اس میں طاقت ہو۔

سورہ الشعراء آیۃ نمبر ۱۸ قال الم نربک فینا ولیدًا ولبثت فینا من عمرک سنین یعنی فرعون نے کہا اے موسیٰ کیا ہم نے تمہیں یہاں رکھ کر بچپن سے تمہاری پرورش نہیں کی ہم تو اپنی عمر سے برسوں تک ہم ہیں رہ چکے ہو۔

تفسیر بیضاوی قاضی بیضہ مطبوعہ نولکشور جلد دوئم ص۱۰۱ سطر ۲۰ پر ہے کہ حضرت موسیٰ فرعونیوں میں تقیہ سے بسر کرتے رہے پھر ص۱۰۱ سطر ۱۰ پر لکھتا ہے کہ حضرت موسیٰ تیس برس فرعونیوں میں رہے پھر دس برس کے لئے شہر مدین کو چلے گئے جہاں حضرت شعیب کے ہاں رہے۔ پھر فرعونیوں میں آکر تیس برس تک اسلام کی دعوت دیتے رہے۔ اور فرعون کے غرق ہونے کے بعد پچاس سال تک زندہ رہے۔ یعنی آپ کی کل عمر ۹۰ برس تھی۔

مشکوۃ مطبوعہ محمدی دہلی باب بدء الخلق وذکر الانبیا فصل اول ص۴۱۶ سطر ۲ پر ہے کہ آنحضرت نے فرمایا کہ حضرت ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام نے تین مرتبہ جھوٹ بولنے کے اور کوئی جھوٹ نہیں بولا نعوذ باللہ

ترمذی مطبوعہ احمدی میرٹھ جلد دوئم باب التفسیر سورۃ انبیاء ص۱۴۳ سطر ۴ پر ہے کہ حضرت ابراہیم نے سوائے تین مرتبہ جھوٹ بولنے کے ہرگز کسی بات میں جھوٹ نہیں بولا۔ ایک تو فرمایا میں بیمار ہوں دوسرے فرمایا کہ سارہ میری بہن ہے حضرت سارہ آپ کی زوجہ تھیں تیسرے فرمایا کہ اس بڑے بت نے چھوٹے بتوں کو توڑ ڈالا ہے۔

سورہ مریم آیت نمبر ۴۲ واذکروفی الکتاب ابراھیم انہ کان صدیقًا نبیا۔ یعنی اے رسول قرآن میں ابراہیم کا تذکرہ لوگوں سے کرو۔ اس میں شک نہیں کہ وہ بڑے سچے نبی تھے۔

تفسیر درمنثور امام سیوطی مطبوعہ مصر جلد چہارم ص۱۰۶ سطر ۱۳ پر بروایت ابو عبیدہ لکھا ہے کہ ابن مسعود نے کہا کہ آنحضرت ہمیشہ اپنے امر کو پوشیدہ رکھتے تھے جب تک کہ آیۃ "فاصدع بما تؤمر" یعنی اے رسول اس امر کو بالاعلان سنا دو جس بات کا تم کو حکم دیا گیا ہے نازل ہوئی اس وقت آنحضرت اور آپ کے اصحاب اس امر کے لئے نکل پڑے یہی واقعہ بالا تفسیر کبیر امام فخر الدین رازی مطبوعہ مصر جلد پنجم ص۱۹۴ سطر ۲۸۔ اور تفسیر معالم التنزیل امام بغوی مطبوعہ بمبئی ص۴۹۹ سطر ۳۱۔ اور تفسیر غرائب القرآن نظام نیشاپوری جلد دوئم ص۵۴ سطر ۷ پر مرقوم ہے۔

تاریخ خمیس امام العلامہ شیخ حسین دیار بکری مطبوعہ مصر جلد اول ص۳۲۴ سطر ۲۳ پر ہے۔ کہ حدیث سے ثابت ہے کہ آنحضرت نے تین برس تک نبوت کو مخفی رکھا اور تین برس تک پوشیدہ لوگوں

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کو اسلام کی دعوت دیتے رہے اور ابوبکر بن قحافہ بھی اسی طرح پوشیدہ اپنی قوم میں جن پر اعتبار اور وثوق رکھتا تھا۔ اسلام کی دعوت دیتا رہا۔ ناظرین مواہب لدنیہ قسطلانی اور انسان العیون برہان الدین اور ابطال الباطل فضل ابن روزبہان میں بھی آنحضرتؐ کے تین برس تک تقیہ کرنے کا ذکر مسطور ہے۔

بخاری مطبوعہ بمبئی باب الاکراہ جلد ششم ص۱۰۰ سطر ۶ پر بروایت حسن بصری لکھا ہے کہ تقیہ قیامت تک باقی ہے۔

معارج النبوۃ علامہ ملا معین کاشفی مطبوعہ نولکشور رکن سوئم باب دوئم فصل سوئم وقائع سال ششم از نبوت ص۵۲ سطر ۲۔ اور ریاض النضرۃ میں بروایت عائشہ وہ واقعہ مشہور و معروف تفصیل سے درج ہے جبکہ ابوبکر نے باوجود آنحضرتؐ کے بار بار منع کرنے کے اسلام کو ظاہر کرنا چاہا۔ اور خلاف حکم خدا و رسول خطبہ پڑھنا شروع کر دیا جس پر عتبہ بن ربیعہ نے ابوبکر کے چہرہ پر اس زور سے کفش زنی کی کہ اس کے ناک اور رخساروں میں تمیز نہ ہو سکتی تھی۔ بالآخر ابوبکر کو کپڑے میں لپیٹ کر بحالت بیہوشی گھر میں لایا گیا۔

تاریخ طبری جلد دوم ص۲۱۶ پر ہے کہ خدا نے آنحضرتؐ کو بعثت سے تین برس بعد حکم دیا کہ اپنے امر کو ظاہر کریں اور لوگوں کو دعوت اسلام دیں۔ اور نیز اسی تاریخ طبری میں ہے کہ اصحاب رسول جب نماز پڑھتے تو پہاڑوں کے دروں میں چلے جاتے۔

استیعاب جلد دوم ص۴۴۴ پر ہے کہ عمر بن عبسہ اسلمی کو اہل کتاب (یہود و نصاریٰ) نے بشارت دی تھی کہ مکہ میں ایک شخص پیدا ہو گا جس کا دین افضل ہو گا چنانچہ یہ شخص اس بات کی تلاش میں کئی دفعہ مکہ آیا اور واپس چلا گیا۔ یہاں تک کہ اس کو معلوم ہوا کہ وہ شخص پیدا ہو چکا ہے مگر بخوف اعداء مخفی ہے۔

تہذیب التہذیب ابن حجر عسقلانی جلد ہفتم ص۳۵۳ پر ہے کہ ابن معین کہتا ہے کہ علی بن المدینی جب ہمارے پاس آتا تو مذہب اہلسنت کا اظہار کرتا۔ اور جب بصرہ میں جاتا تو شیعیت کا اظہار کرتا۔ اس مقام پر یہ بتا دینا بے محل نہ ہو گا کہ علی بن المدینی کون تھا۔ اور اس کے شاگرد امام بخاری نے اس سے کیا سلوک کیا۔

تہذیب التہذیب جلد نہم ص۵۴ اور تاریخ امام مسلم بن قاسم میں ہے کہ مسلم نے کہا۔ کہ علی بن المدینی نے کتاب العلل لکھی تھی اور اس پر بخل کرتا تھا یعنی اس کتاب کو سب سے پوشیدہ رکھتا تھا۔ اتفاقاً وہ کسی کام کے لئے باہر چلا گیا۔ امام بخاری نے اس کے لڑکے کو مال کی طمع دے کر یہ کہا کہ

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ایک روز کے واسطے کتاب العلل مجھے دیکھنے دو۔ لڑکے نے کتاب اس کو دیدی۔ بخاری نے کتاب لیکر چند کاتبوں کو دیدی اور دو تین دن میں نقل کرا کر واپس کر دی۔ بعد ازاں جب علی ابن المدینی واپس آیا اور کسی مسئلہ پر گفتگو ہوئی۔ جس کا جواب بخاری نے ان کی کتاب العلل سے دیا تب وہ اس راز کو سمجھ گیا۔ اور بہت غمگین ہوا یہاں تک کہ چند روز میں وفات پائی۔ ازیں بعد بخاری کتاب العلل کے ملنے سے بے پرواہ ہو گیا اور خراسان آکر بخاری تالیف کی جس کی وجہ سے اس کی قدر بلند ہوئی اور اسکا نام مشہور ہوا ناظرین! امام بخاری ۱۳ شوال ۱۹۴ھ میں پیدا ہوا اور یکم شوال ۲۵۶ھ میں مر گیا مولوی عبد العلی نے بحر العلوم میں لکھا ہے کہ بخاری کی روایات آپس میں نقیض ہیں۔

علامہ عینی جلد اول ص۱۵ پر لکھتا ہے کہ ہر مصنف پر واجب ہے کہ تین چیزوں کو ابتدائے کتاب میں درج کرے اول بسم اللہ دوسرے حمد۔ تیسرے صلوٰۃ۔ ناظرین! بخاری نے کتاب بخاری میں بسم اللہ کے سوائے اور کچھ نہیں لکھا۔

ابن عدی نے جماعت مشائخ سے روایت کی ہے کہ بخاری نے اپنی کتاب کے کل ترجموں کو قبر رسولؐ اور منبر کے درمیان لکھا اور ہر ترجمہ کے لیئے دو دو رکعت نماز پڑھی۔

طبقات شافعیہ جلد دوئم میں ہے کہ بخاری ہر ایک حدیث کے درج کرنے پر پہلے غسل کرتا اور پھر دو رکعت نماز پڑھتا۔ اور اس نے کتاب بخاری کو مسجد الحرام میں سولہ برس کے عرصہ میں تالیف کیا۔

ابن حجر لکھتا ہے کہ بخاری کبھی بھی مکہ میں سولہ برس نہیں رہا۔

لسان المیزان ابن حجر عسقلانی میں ہے کہ مسلمہ بن قاسم جو بخاری کو علی ابن المدینی کا چور اور قاتل بتاتا ہے۔ نہایت معتبر اور جلیل القدر شخص تھا۔

زاد المعاد علامہ ابن القیم جلد اول ص۳۹۹ اور ترجمہ اسد الغابہ جلد دوئم ص۲۵۳ پر ہے کہ حجاج بن علاط سلمی بھی اسلام لے آیا تھا۔ اور فتح خیبر میں بھی شریک تھا۔ اس کی زوجہ ام شیبہ تھی جس کے پاس حجاج کا کل مال و متاع تھا۔ حجاج بہت مالدار آدمی تھا۔ فتح خیبر کے بعد اس نے آنحضرتؐ سے عرض کیا۔ کہ میرا تمام مال میری زوجہ کے پاس ہے اگر اس کو یا اس کے اقربا کو میرے اسلام لانے کی اطلاع ہو گئی تو میرا تمام مال جاتا رہیگا۔ لہذا مجھ کو اجازت ہو کہ مکہ جاؤں اور اس طرح خبر کو بیان کروں کہ میری جان اور مال محفوظ رہے حضرتؐ نے اس کو اجازت دیدی وہ مکہ میں آیا اور اپنی زوجہ سے کہا جہاں تک ہو سکے اس راز کو پوشیدہ رکھنا کہ ہم لوگ غنیمت محمدؐ خریدنا چاہتے ہیں کیونکہ وہ تمام لوگ مارے گئے ہیں اور انکا مال و متاع غنیمت میں آیا ہے محمدؐ قید ہو گیا ہے اور اصحاب محمدؐ سب جدا ہو گئے ہیں اور یہود نے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

قسم کھائی ہے۔ کہ محمدؐ کو مکہ میں لائیں گے۔ اور اپنے کشتوں کے عوض میں اس کو قتل کردینگے پس اے زوجہ تو مال جمع کر اور میرے حوالہ بہت جلدی کر (چنانچہ اس حیلہ و تقیہ سے حجاج نے اپنی عورت سے اپنا تمام مال و متاع جمع کر لیا۔) یہ خبر مکہ میں پھیل گئی مسلمانوں کو غم ہوا اور مشرکین نے خوشی کی۔ اس حدیث سے صاحب زاد المعاد یہ نتیجہ نکالتا ہے کہ اپنے نفس اور غیر پر بھی جھوٹ بولنا جائز ہے۔ جبکہ ایسے جھوٹ سے غیر کو نقصان نہ پہنچے اور اپنا حق مل جائے جیسے حجاج نے جھوٹ بولا اور اس کے ذریعے سے اپنا مال حاصل کر لیا۔ بغیر اس کے کہ کسی کو ضرر پہنچا ہو۔ (رہا یہ امر کہ اس جھوٹ سے مسلمانان مکہ کو اذیت پہنچی۔ یہ مفسدہ اس مصلحت کے مقابلہ میں جو اس جھوٹ سے حاصل ہوئی خفیف ہے۔

احیاء العلوم امام غزالی جلد دوئم ۱۵۷ پر ہے کہ جھوٹ بولنا فی نفسہٖ حرام نہیں ہے۔ بلکہ چونکہ اس سے مخاطب اور غیر کو ضرر پہنچتا ہے اقل درجہ اس کا یہ ہے کہ خبر دینے والا اعتقاد رکھتا ہے کسی شئے کا خلاف واقع پر تو جاہل ہوگا۔ اور کبھی اس سے غیر کو نقصان پہنچتا ہے اور بہت سے جہل ایسے ہیں کہ ان میں مصلحت اور منفعت ہوتی ہے اور جھوٹ بولنا اس کی تحصیل کا ذریعہ ہے تو ماذون فیہ ہوگا۔ میمون بن مہران نے کہا کہ بعض موقعوں پر کذب صدق سے بہتر ہے۔

پھر امام غزالی لکھتا ہے کہ کلام مقصود کے حاصل کرنے کا وسیلہ ہے پس جو مقصود محمود ہو۔ اگر اس کو صدق اور کذب دونوں سے حاصل کر سکتے ہیں۔ تو اس میں کذب حرام ہے اور اگر صرف کذب سے ہی سے وہ مقصد حاصل ہو سکتا ہے اور صدق سے حاصل نہیں ہو سکتا۔ تو اگر تحصیل مقصود مباح ہے تو کذب بھی مباح ہوگا۔ اور اگر تحصیل مقصود واجب ہے تو کذب بھی واجب ہوگا۔

پھر لکھتا ہے کہ ام کلثومؓ سے روایت ہے کہ آنحضرتؐ نے تین قسم کے کذب کی اجازت دی۔ ایک جو بغرض اصلاح ہو۔ دوسرا وہ جو جنگ میں بولا جائے۔ تیسرا وہ جو مرد عورت سے اور عورت مرد سے (بغرض اصلاح) بولے آنحضرتؐ نے فرمایا کہ وہ کذب نہیں ہے۔ جو بغرض اصلاح بولا جائے۔

پھر لکھتا ہے کہ ایک شخص نے اپنی زوجہ کو قسم دی۔ تو مجھ کو دشمن جانتی ہے یا نہیں عورت نے کہا ہاں جانتی ہوں۔ وہ شخص عمر بن خطاب کے پاس آیا۔ اور وہ عورت بھی بلائی گئی۔ عمر نے اس عورت کو کہا کہ تو لوگوں کو بیان کرتی ہے کہ تو اپنے شوہر کو ناپسند کرتی ہے۔ اس عورت نے کہا میں توبہ کرتی ہوں چونکہ میرے خاوند نے مجھ سے قسم لی اور میں نے کذب سے بچنے کے لئے سچ کہدیا اے امیر المومنین کیا ایسے موقع پر جھوٹ بول دیا کروں۔ عمر نے کہا ہاں جھوٹ بولا کر۔

پھر صفحہ ۱۵۹ پر لکھتا ہے کہ ثوبان نے کہا کہ کذب جتنا ہے وہ سب گناہ ہے مگر وہ کذب جائز ہے جس

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سے کسی مسلمان کو نفع پہنچے یا اس سے کوئی ضرر رفع ہو۔

بخاری تاریخ خمیس جلد اول ص پر ہے کہ جب آنحضرتؐ اور ابوبکر اونٹ پر سوار جا رہے تھے۔ تو ابوبکر سے ایک شخص نے پوچھا یہ کون ہے۔ ابوبکر نے کہا یہ رہنما ہے۔ جس سے سائل یہ سمجھا کہ یہ شخص ابوبکر کو رستہ بتا رہا ہے۔ لیکن ابوبکر کا مطلب یہ تھا کہ یہ شخص میرے دین کا رہنما ہے۔

صواعق محرقہ ابن حجر ص پر ہے۔ ابوبکر نے اس لئے اس وقت تقیہ کیا کیونکہ آنحضرتؐ کا ارشاد تھا۔ کہ لوگوں کو ہماری شناخت سے روکو۔

تاریخ خمیس جلد اول ص پر ہے۔ غار کی طرف جاتے ہوئے ابوبکر نے کسی سائل کے سوال پر مقام کراغ میں جواب دیا۔ کہ ہم دونوں میں سے ایک ہادی ہے اور دوسرا باغی ہے۔

تاریخ خمیس ص اور تفسیر معالم التنزیل ص پر ہے کہ جب جناب امیرؑ نے انکار کیا۔ کہ ہم نہیں جانتے کہ رسول اللہ کدھر چلے گئے ہیں اور اس وقت کہاں ہیں۔ حالانکہ حضرت جانتے تھے۔ تو انہوں نے حضرت کو کچھ دیر تک قید رکھا پھر چھوڑ دیا اور آنحضرتؐ کی تلاش میں روانہ ہو گئے۔

فردوس الاخبار دیلمی میں ہے کہ اگر کوئی کسی کا حاکم مسائل پوچھنے کے لئے جائے اور وہ شخص جانے کہ اگر میں موافق شرح جواب دونگا۔ تو مجھے ضرر پہنچے گا تو جھوٹ نہ بولے۔ سوائے اس وقت کہ جب کہ اس کو جان کا خوف ہو یا عضو کے تلف ہونے یا مال کے ضائع ہونے کا ڈر ہو۔

احیاء العلوم غزالی میں لکھا ہے کہ ایک دن حجاج نے فقہائے بصرہ و کوفہ کو مجلس میں بلایا۔ حسن بصری بھی آ گیا۔ حجاج نے جناب امیرؑ کی مذمت کی اور فقہا نے بھی اس کے ڈر کی خاطر اور اس کے شر کے خوف سے حضرت کی مذمت کی۔ حسن بصری اپنی انگلی دانتوں سے کاٹتا تھا اور خاموش تھا۔

مشکوٰۃ باب الصلوٰۃ سفر میں ابن عمر سے روایت ہے کہ رسول اللہ منیٰ میں دو رکعت نماز پڑھا کرتے تھے ابوبکر اور عمر بھی اپنے اپنے وقت میں دو رکعت پڑھتے رہے۔ اور عثمان بھی اپنے عہد خلافت کے شروع میں دو رکعت پڑھتا رہا۔ لیکن پھر عثمان نے چار رکعت پڑھنی شروع کر دی۔ عبداللہ بن عمر کہتا ہے کہ جب میں امام کے ساتھ پڑھتا تو چار رکعت پڑھتا اور جب اکیلا پڑھتا تو دو رکعت پڑھتا۔

تفسیر کشاف میں ہے کہ ابوحنیفہ لوگوں کو پوشیدہ فتوی دیتا تھا۔ کہ زید بن علی کی مدد واجب ہے۔ مال اس کی طرف لے جاؤ۔ اور اس کی طرف ہو کر خروج کرو۔

قسطلانی لکھتا ہے کہ عبداللہ بن عمر خلافت معاویہ کے خلاف رائے رکھتا تھا۔ مگر اس نے فتنہ سے ڈر کر معاویہ اور یزید کی بیعت کر لی۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

وفیات الاعیان ابن خلکان میں ہے کہ جب عمر بن ہبیرہ حاکم عراق ہوا اور یزید بن عبدالملک کے وقت خراسان بھی اس کے سپرد ہوا تو ابن سیرین اور شعبی نے یزید بن عبدالملک کی خلافت کو صحیح تسلیم کر لینے میں تقیہ سے کام لیا۔

سیرۃ حلبی اور تاریخ خمیس میں ہے کہ آنحضرتؐ مشرکوں سے ڈر کر زید بن ارقم کے گھر میں چھپ کر نماز پڑھا کرتے تھے۔

شرح اربعین امام نووی اور فتح الباری اور جمع بین الصحیحین حمیدی میں بحوالہ بخاری و مسلم لکھا ہے کہ فرمایا آنحضرتؐ نے کہ اے عائشہ! اگر تیری قوم کفر اور شرک سے تازہ عہد نہ ہوتی! اور مجھے ان کے انکار کا خوف نہ ہوتا تو میں ضرور بیت اللہ کو گرا دینے کا حکم دیتا اور اس میں وہ چیزیں داخل کرتا۔ جو وہاں سے نکال دی گئی ہیں۔ اور اس کو ابراہیمؑ کی تعمیر کے مطابق بناتا۔

ناظرین! آنحضرتؐ کا مشرکین سے صلح کرنا اور صلحنامہ میں سے لفظ رسول اللہ مٹا دینا۔ آنحضرتؐ کا منافقین سے قتال نہ کرنا اور حضرت علی علیہ السلام کا معاویہ سے صلح کرنا اور لفظ امیرالمومنین کا مٹا دینا اور آنحضرتؐ حذیفہ کو منافقین کے نام بطور راز بتانا یہ سب امور تقیہ ہیں۔

یحیٰی برمکی نے ہارون رشید کے روبرو ہشام ابن حکم سے جو امام صادق علیہ السلام کے اصحاب مخصصین میں سے تھے پوچھا کہ تم علیؑ اور عباسؓ میں سے کس کو سچا قرار دیتے ہو جب کہ وہ میراث کے متعلق جھگڑے ہشام نے سوچا اگر علیؑ کو سچا قرار دیتا ہوں تو جان کا خطرہ ہے۔ اور اگر عباسؓ کو سچا کہتا ہوں تو کفر ہے۔ پس اس نے جواب دیا کہ دونوں سچے تھے جس طرح کہ دو فرشتے جھگڑتے ہوئے حضرت داؤدؑ کے پاس آئے۔ حالانکہ ان کا مطلب صرف داؤدؑ کو اس کے حاکم کی غلطی سے آگاہ کرنا تھا۔

بخاری حصہ اول ص۴۹۹ پر ہے کہ (غار کی طرف جاتے ہوئے) ابوبکر نے اس وجہ سے ابن الدغنہ سے اصل مقصد بیان نہ کیا۔ اور کہا کہ ہم کو ہمو طنوں نے نکال دیا ہے اور ہم سیاحت کو جاتے ہیں) کیونکہ وہ کافر تھا۔ ابن حجر کہتا ہے کہ سیاحت اس کو کہتے ہیں کہ کوئی شخص بلا تعیین مقام جہاں قیام کرنا منظور ہو نکلے۔

شرح بخاری ابن حجر عسقلانی جلد سوئم ص۱ پر ہے کہ صلح حدیبیہ کی ایک شرط یہ بھی تھی کہ اگر کوئی مشرک مسلمان ہو کر مدینہ چلا آئے تو وہ کفار کو واپس دیدیا جائے یعنی کوئی کافر اسلام نہ لا سکے۔ اور اگر کوئی مسلمان مکہ چلا جائے اور وہاں جا کر یہودی یا نصاریٰ کا مذہب اختیار کر لے تو مسلمانوں کا کوئی حق نہ ہوگا کہ اس کو واپس لے سکیں صلحنامہ کا لکھنے والا سہیل بن عمر مشرک تھا۔ اس کا بیٹا ابوجندل مسلمان ہو چکا ہوا تھا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اور آنحضرت کی پناہ میں تھا۔ اس صلحنامہ کی رو سے ابو جندل کو اس کے باپ سہیل بن عمرو کے حوالہ کر دیا گیا۔ خواہ وہ اب قتل کر دیا جائے۔ اس پر ابن حجر لکھتا ہے کہ چونکہ خدا نے مسلمانوں کیلئے تقیہ مباح کر دیا ہے۔ اس لئے ابو جندل تقیہ کر کے اپنی جان محفوظ رکھ سکتا تھا۔

تاریخ خمیس جلد اول صفحہ ۳۰۹ پر ہے کہ عائشہ سے روایت ہے کہ اسلام نے حضرت زینب اور اس کے شوہر ابو العاص میں جدائی ڈال دی مگر رسول اللہ اس پر قادر نہ تھے۔ یہ دونوں کو جدا کر سکیں کیونکہ مکہ میں مغلوب تھے۔

بخاری جلد دوم صفحہ ۱۲۵ پر ہے کہ رسول اللہ نے عائشہ سے کہا کہ اگر تیری قوم تازہ بعہد نہ ہوتی اور ان کے پھر ارتداد کا خوف نہ ہوتا۔ تو میں ضرور خانہ کعبہ کو گرا کر اصلی شکل میں تعمیر کرتا۔

ترجمہ اسد الغابہ مولوی عبد الشکور جلد اول صفحہ ۲۵۵ پر ہے کہ بشیر بن حنظلہ صحابی کے ساتھ ابو وائل جا رہا تھا۔ ابو وائل کے دشمنوں نے دیکھا اور کہا یہی ابو وائل ہے اسکو پکڑو اور قتل کر دو۔ اس پر بشیر بن حنظلہ نے قسم کھا کر کہا کہ یہ تو میرا بھائی ہے (وہ سمجھے سگے ماں باپ کا بیٹا ہے) ابو وائل کوئی اور شخص ہے)

ناظرین! تقیہ کا موقعہ تو انسان کو شاذ و نادر ملتا ہے۔ مگر سنیوں نے تو جھوٹ اور کذب کو بھی مباح کر دیا ہے جو سراسر خدا اور رسول کے حکم کے خلاف ہے۔ احیاء العلوم امام غزالی صفحہ ۱۲۲ پر ہے کہ جھوٹ بولنا بنفسہ حرام نہیں ہے بلکہ جب کسی کو ضرر پہنچے تو اکثر اوقات کذب واجب ہو جاتا ہے اور بہت سے موقعوں پر صدق سے کذب بہتر ہے اور بعض جگہ کذب مباح ہے اور جو جھوٹ مرد اپنی عورت سے اور عورت اپنے خاوند سے بولیں وہ جھوٹ ہی نہیں ہے۔ چنانچہ ایک عورت نے عمر بن خطاب سے پوچھا کہ ابا میں جھوٹ بولوں تو کہا۔ ہاں بول۔ پھر لکھتا ہے کہ آنحضرت کی حدیث ہے کہ مرد عورت سے جھوٹ بول سکتا ہے آدمی کو چاہئے کہ اپنی جان اور مال کی حفاظت کیلئے جھوٹ بولے اور اگر شراب پیئے اور زنا کرے تو اس سے انکار کرے یہاں تک کہ بعض کا گمان ہے کہ فضائل اعمال اور تشدید معاصی کی خاطر جھوٹی حدیث بنانا جائز ہے کیونکہ اس کی غرض صحیح ہے۔

مقدمہ ابن الصلاح صفحہ ۲۴ و صفحہ ۲۵ پر ہے کہ سب سے زیادہ ضرر مسلمانوں کو اس قوم سے پہنچا ہے۔ جو زاہد کہے جاتے تھے اور جنہوں نے کار ثواب سمجھ کر وضعی احادیث بنائیں اور لوگوں نے ان پر اس وجہ سے اعتبار کر لیا کہ وہ بڑے معتمد اور قابل اعتبار ہیں۔ امام سمعانی کہتا ہے کہ بعض کرامیہ قائل ہیں کہ ترغیب اور ترہیب کی خاطر وضعی حدیثیں بنانا جائز ہے۔ ابن جوزی کہتا ہے کہ وضعی احادیث بنانے والوں کی یہ اقسام تھیں۔ اول وہ جو اپنے مذہب کی حمایت میں بناتے تھے۔ خطابیہ اور سالمیہ دوسرے وہ خلفاء امراء کی خوشامد بناتے۔ تیسرے وہ جو روٹی کمانے کی خاطر بناتے۔ چوتھے وہ جو اپنی

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اولاد اور داماد کے لئے بناتے۔ پانچویں وہ اپنے فتووں اور اجتہاد کی تائید میں بناتے تھے۔ جو ترغیب اور ترہیب کی خاطر بنالیتے۔ مشکوٰۃ جلد چہارم ص۲۵۱ پر ہے کہ ابوبکر کے فضائل اور مناقب میں بہت احادیث ایسی ہیں جن پر بعض محدثین کا اتفاق ہے کہ سب وضعی ہیں۔

تفسیر کبیر امام فخر الدین رازی جلد ثالث ص۲۵۱ پر ہے کہ اولی الامر صرف وہی اشخاص ہو سکتے ہیں جو ابتدائے عمر سے انتہائے عمر تک معصوم ہوں یعنی ان کے متعلق صغیرہ یا کبیرہ گناہ کا گمان بھی نہ ہو سکے پس بقول رازی فاسق امام نہیں ہو سکتا۔ مگر رازی کے مقلدین یعنی اہلسنت کا اعتقاد یہ ہے "الامام لا ینعزل بالفسق" یعنے امام فسق و فجور کی وجہ سے امامت سے معزول نہیں ہو سکتا۔

بغیتہ الرائد شرح عقائد نواب صدیق حسن خاں ص۹۲ اور مسلم میں ہے کہ جس کسی نے امام وقت کو نہیں پہچانا۔ وہ جاہلیت کی موت مرا اور نیز لکھا ہے کہ یہ حدیث صحیح ہے۔

صواعق محرقہ ابن حجر عسقلانی میں سورہ الصافات آیہ نمبر ۲۳۔ "وقفوھم انھم مسئولون" کی تفسیر میں لکھا ہے کہ ابن عباس نے ابو سعید خدری سے روایت کی ہے کہ فرمایا آنحضرت نے کہ بروز قیامت اہل محشر سے علیؑ ابن ابیطالب کی ولایت کا سوال کیا جائیگا۔ علامہ واحدی اس آیہ کی تفسیر میں لکھتے ہے کہ حضرت علیؑ اور اہلبیت کے بارہ میں سوال کیا جائیگا کیونکہ خدا نے اجر رسالت کو مودت اہلبیت میں محدود کر دیا تھا۔ پس لوگوں سے پوچھا جائیگا کہ آیا تم لوگوں نے ان لوگوں کی ولایت کو مانا یا یونہیں معطل چھوڑ دیا اگر چھوڑ دیا مواخذہ ہوگا۔

تفسیر ثعلبی مطبوعہ طہران جلد سوئم ص۲۲۹ پر سورہ الزخرف آیہ نمبر ۴۵ "وسئل من ارسلنا من قبلک" کی تفسیر میں بروایت ابن عباس اور ابن مسعود لکھا ہے کہ آنحضرت نے فرمایا کہ شب معراج میرے پاس ایک فرشتہ آیا۔ اس نے کہا کہ اپنے قبل کے انبیاؑ سے پوچھئے کہ وہ کس بات پر پیغمبر بنا کر بھیجے گئے تھے۔ آنحضرت فرماتے ہیں کہ میرے پوچھنے پر تمام نے جواب دیا کہ آپ کی رسالت اور علیؑ ابن ابیطالب کی ولایت پر۔

ناظرین! اہلسنت کا امام ملاحظہ ہو۔ غایت الاوطار ترجمہ رد المختار مطبع صدیقی ص۲۵۳ پر ہے کہ افضل امام وہ ہے جس کی زوجہ دوسرے اماموں کی ازواج سے زیادہ خوبصورت ہو اگر خوبصورتی میں تمام ازواج برابر ہوں۔ تو افضل امام وہ ہے جو زیادہ دولت رکھتا ہو۔ اگر دولت میں بھی تمام امام برابر ہوں تو افضل امام وہ ہے جو صاحب لقب ہو اگر لقب کے لحاظ سے بھی کسی امام کو دوسرے امام پر ترجیح نہ ہو تو افضل امام وہ ہے جس کا لباس زیادہ قیمتی ہو اگر لباس کی حیثیت سے بھی تمام امام ایک جیسے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہوں تو افضل امام وہ ہے جس کا سر چھوٹا ہو۔ اگر سر کی بڑائی میں بھی کبھی امام کو دوسرے امامول پر فوقیت نہ ہو تو افضل امام وہ ہے جس کا آلہ تناسل چھوٹا ہو۔ مگر سنیوں نے اس آخری شرط کی تحقیق کا طریقہ نہیں بتایا۔ کیا سنی اماموں کو ڈاکٹر موصوف کے پاس بھیجا جائے۔ یا کسی اور جگہ مسئلہ امامت کا عجیب حل ہے۔ اس اصول کے مطابق تو مخنثوں کو امیر الآئمہ ہونا چاہیے

کتاب ملل و نحل جلد چہارم صفحہ ۶۷ پر ہے کہ صحابہ تابعین کا اتفاق ہے کہ نماز ہر فاسق و فاجر کے پیچھے جائز ہے بلکہ مختار بن عبید امامت نماز کرانا ۔ حالانکہ اس کے اسلام میں بھی شبہ تھا۔

بخاری کتاب الاذان باب امامت المفتون و المبتدع میں ہے کہ مخنث (ہیجڑا کھسرا) امام ہو سکتا ہے۔

تقیہ وہ چیز ہے جس کا جواز قرآن اور حدیث دونوں سے ثابت ہے۔ مگر باوجود اس کے جاہل لوگ اس پر اعتراض کرتے رہتے ہیں۔ اگر بنظر تعمق کی نگاہ سے دیکھیں تو دنیا کا ہر شخص تقیہ پر عمل کرتا ہے۔ یعنی تقیہ وہ مرکب دوائی ہے جو فطرت، عقلمندی، مال اندیشی اور شریعت پر مشتمل ہے۔ نہایت اختصار سے عرض کرتا ہوں۔

(۱) جب آنحضرتؐ نے حضرت علیؑ کو حکم دیا۔ کہ آپ ان کے بستر پر کپڑا اوڑھ کر سو جائیں۔ تو اس سے مقصود یہ تھا۔ کہ کفار آنحضرتؐ کو گھر ہی میں خیال کریں۔ کیا یہ تقیہ نہ تھا۔

(۲) جب ابوبکر نے بوقت مرگ عمر کے کہنے پر خلافت اس کے نام لکھ دی اور نوشتہ کو لفافہ میں بند کر دیا تو عمر اس لفافہ پر یہ کہہ کر لوگوں سے بیعت لیتا رہا کہ ہم نہیں جانتے کہ اس لفافہ میں کس شخص کا نام خلافت کے لئے لکھا گیا ہے ہم تو اس تحریر کے حکم کے فرمانبردار ہیں۔ کیا تقیہ کسی اور چیز کو کہتے ہیں۔

(۳) عائشہ نے خود قتل عثمان کا فتویٰ دیا اور فتویٰ دے کر کعبہ چلی گئی (یہی تقیہ ہے) تاکہ قتل عثمان اس کی غیر حاضری میں وقوع پذیر ہو۔ لیکن جب عثمان قتل ہو چکا اور اس کی امید کے خلاف حضرت علیؑ خلیفہ بنائے گئے تو قتل عثمان میں حضرت علیؑ کو ملزم گردان کر آپ سے جنگ کرنے کو آمادہ ہو گئی۔ کیا یہ تقیہ نہ تھا۔

(۴) باپ لڑکے کو تعلیم کے لئے مدرسہ میں جب بھیجتا ہے۔ لڑکا مارے خوف کے روتا اور چلاتا ہے باپ اسے پیار اور شفقت سے کہتا ہے بیٹا ڈرو مت معلم استاد تمہیں لڈو اور مٹھائی کھلائیں گے اور تم بہت خوش رہو گے۔ پھر اپنی گرہ سے خریدی ہوئی مٹھائی تمام جماعت میں تقسیم کرتا ہے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اسی دانشمندانہ فعل کو تقیہ کہتے ہیں۔ ۵۸

(۵) محتاط حاکم یا بادشاہ اپنی خواب گاہ بدلتے رہتے ہیں یہی فرزانہ اور عاقبت اندیشانہ کام تقیہ کہلاتا ہے

(۶) گزشتہ ایام میں جب چوروں اور ڈاکوؤں نے قیامت برپا کر رکھی تھی امیر لوگ اپنا زر و مال زمین میں دفن کر دیا کرتے تھے۔ اور غریبوں کا سا لباس رکھتے تھے۔ اس صورت سے صرف ان کا مال ہی محفوظ نہ رہتا تھا بلکہ ان کی جانیں اور آبرو بھی محفوظ تھی۔ بس ثابت ہوا کہ تقیہ کی خلاف ورزی حماقت اور خودکشی ہے۔

(۷) آپ اپنے دو سالہ بچے کے سامنے جیب سے چاقو نکالا۔ اور قلم بنانا چاہا۔ بچہ چاقو کی خوبصورتی پر فریفتہ ہو کر کھلا چاقو مانگتا ہے۔ اور ضد کرتا ہے۔ آپ چاقو کو جیب میں ڈال کر بچہ سے کہدینگے دیکھو وہ چڑیا چاقو اٹھا کر لے گئی ہے۔ اسی فرزانگی کو تقیہ کہتے ہیں۔

(۸) اگر آپ کے باپ کو اس کے دشمن بوقت شب قتل کرنے کے لئے آپ کے گھر میں گھس آئیں اور آپ کا باپ جو ان قاتلوں کی آمد سے آگاہی رکھتا ہو کسی رشتہ دار کے ہاں سویا ہوا ہو۔ کیا آپ ان کو اپنے باپ کی خوابگاہ کا پتہ دیدینگے۔ یقیناً نہیں دینگے پھر آپ تقیہ سے کیوں محترز ہیں۔

(۹) اہلسنت کی مستند کتاب اکسیر ہدایت ترجمہ کیمیائے سعادت صفحہ ۳۱۵ پر مرقوم ہے۔ اے عزیز جان تو کہ جھوٹ بولنا اس سبب سے حرام ہے کہ دل پر اثر کرتا ہے۔ اور صورت دل کو ناراست اور تاریک کرتا ہے لیکن جھوٹ بولنے کی ضرورت پڑے اور آدمی مصلحتاً جھوٹ بات کہے تو دروغ مصلحت آمیز درست ہے۔ مگر دل میں اس سے کراہت رکھنا چاہئے اور اس سے کارہ رہے تو جھوٹ حرام نہیں ہے اس واسطے کہ جب اس سے کارہ رہیگا تو دل اثر قبول نہ کرے گا اور خراب نہ ہوگا۔ اور جب خیر کے ارادے سے جھوٹ بولیگا۔ تو دل تاریک نہ ہوگا۔ اور اس میں شک نہیں کہ اگر کوئی مسلمان کسی ظالم کے ظلم سے بھاگ جائے تو سچ بولنا نہ چاہئے کہ وہاں ہے۔ بلکہ یہاں جھوٹ بولنا واجب ہے اور حقیقت یہ ہے کہ جھوٹ ناگفتنی ہے لیکن اگر سچ بولنے سے بھی کوئی شر پیدا ہو جو ممنوع ہے تو عدل و انصاف کے ترازو میں تولنا چاہئے اگر اس بات کا نہ ہونا جھوٹ کے ہونے سے شرع میں زیادہ مقصود ہے مثلاً لوگوں میں لڑائی جھگڑا اور خصم میں بگاڑ۔ مال ضائع ہونا۔ بھید کھل جانا۔ گناہ کے سبب سے فضیحت ہونا تو اس وقت جھوٹ بولنا مباح ہے اس واسطے کہ شرع میں ان باتوں کا شر جھوٹ کے شر

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سے زیادہ ہے یہ ایسا ہے جیسا جان کے خوف سے مردار چیز حلال ہو جاتی ہے اسواسطے کہ شرح میں جان بچانا مردار کھانے سے زیادہ ضروری ہے۔ فقط غور فرمائیں کہ عبارت بالا میں "تقیہ" کن کن معمولی حالات میں جائز قرار دیا گیا ہے۔

(۱۰) بعض اصحاب رسولؐ بھوک سے تنگ آکر پیٹ پر پتھر باندھتے تھے جس سے مقصود یہ تھا۔ کہ وہ سیر شدہ ظاہر ہوں۔ اسی طرح بوڑھے سپاہیوں کو ڈاڑھیوں پر خضاب لگانے کا حکم ہوتا تھا کہ کفار کی نگاہ میں جوان دکھائی دیں۔ یہ دو نمونے مشتے نمونہ از خروارے تقیہ کے حامی ہیں جہاں تک میرا خیال ہے تقیہ کا جواز بخوبی واضح اور ثابت ہو چکا ہے مگر ان دلائل کی موجودگی میں بھی کوئی بے شعور آدمی تقیہ کو جائز تسلیم نہ کرے تو اس کی اپنی مرضی۔

حدیث ساز

میزان الاعتدال میں ہے کہ احمد بن عبد اللہ بن خالد جوئباری نے ایک ہزار حدیثوں سے زیادہ وضعی حدیثیں بنائیں۔

میزان ص۵۲ پر ہے کہ احمد بن محمد بن عمر بن یونس بن قاسم حنفی ابو سہل نے پانچ سو (۵۰۰) وضعی حدیثیں بنائیں

میزان ص۵۲ پر ہے کہ احمد بن محمد بن فضل نخیسی نے بقول ابن حبان تین ہزار (۳۰۰۰) سے زیادہ وضعی حدیثیں بنائیں۔

میزان ص۶۰ پر ہے کہ احمد بن محمد بن عمر بن مصعب نے بقول ابن حبان دس ہزار (۱۰۰۰۰) سے زیادہ وضعی حدیثیں بنائیں۔

میزان جلد دوم ص۳۶ پر ہے کہ عبد اللہ بن ابی جعفر رازی درباره محمد بن حمید رازی کہتا ہے کہ میں نے اس سے دس ہزار (۱۰۰۰۰) حدیثیں سنیں مگر رد کر دیں کیونکہ وہ مرد فاسق تھا۔

میزان ص۱۱۲ پر ہے کہ عبد الرحیم بن حبیب فاریابی نے پانچسو (۵۰۰) سے زیادہ وضعی حدیثیں بنائیں

میزان ص۱۳۰ پر ہے کہ عبد الکریم بن ہیثم بری نے کہا کہ شیبان کے پاس پچیس ہزار (۲۵۰۰۰) وضعی حدیثیں تھیں جو نہ لی گئیں۔

میزان ص۲۴۵ پر ہے کہ عمر بن ہارون کی ستر ہزار (۷۰۰۰۰) حدیثیں رد کر دی گئیں۔

میزان ص۲۴۵ پر ہے کہ محمد بن حمید رازی حافظ المتوفی ۲۴۸ھ کی پچاس ہزار (۵۰۰۰۰) حدیثیں

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

یعنی جو روایت نہیں کی جاتیں۔

میزان ص۲۲ پر ہے کہ محمد بن عمر بن واقد واقدی (جو مشہور مورخ ہے) تیس ہزار (۳۰۰۰۰) وضعی حدیثوں کا راوی ہے۔

عقائد سنیہ متعلق عصمت انبیاءؑ

مواقف اور اس کی شرح میں لکھا ہے کہ ہمارے (اہلسنت کے) اکثر اصحاب اور معتزلہ کی ایک جماعت کہتے ہیں کہ وحی آنے سے پہلے انبیاء سے گناہ کبیرہ کا ہوسکنا ممتنع نہیں ہے کیونکہ نہ تو اس پر معجزہ کی کوئی دلالت ہے نہ عقل حکم لگاتی ہے اور نہ شرع میں کوئی ایسی بات لکھی ہے جس سے ثابت ہو کہ وحی آنے سے پہلے انبیاء سے گناہان کبیرہ نہیں ہو سکتے۔ لیکن معتزلہ میں سے اکثر یہ کہتے ہیں کہ انبیاء سے کبیرہ گناہ نہیں صادر ہو سکتا۔ صغیرہ ہو سکتا ہے کیونکہ اگر انبیاء سے کبیرہ گناہ صادر ہو تو ضرور ہے کہ لوگ ان سے نفرت کرنے لگ جائیں۔

تحفہ باب ہفتم شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی میں ہے کہ بیشمار آیات احادیث سے صاف ظاہر ہے کہ انبیاء سے لغزشیں ہوئیں جن پر عتاب الہی نازل ہوا۔

ابن فورک کہتا ہے (ابن فورک اہلسنت کے جید علماء میں سے ہے) کہ جائز ہے کہ خدا ایسے شخص کو پیغمبر بنا دے جو مبعوث ہونے سے پہلے کافر ہو۔ یہی عقیدہ فرقہ حشویہ کا ہے جو اہلسنت کا ایک فرقہ ہے۔

اہلسنت کے نہایت جلیل القدر عالم امام سدی آیہ "ووضعنا عنک وزرک الذی انقض ظہرک" (یعنی ہم نے تجھ سے تیرا بوجھ اٹھا لیا جس نے تیری پشت کو خستہ کر دیا تھا) کی تفسیر میں کہتا ہے کہ منقول ہے کہ وزر یعنی بوجھ سے مراد شرک ہے کیونکہ آنحضرتؐ چالیس برس تک اپنی قوم کے دین یعنی کفر پر رہے بعینہٖ یہی مضمون شرح نہج البلاغہ علامہ ابن ابی الحدید معتزلی کی میں ہے۔

شرح ابن ابی الحدید میں ہے کہ حشویہ فرقہ (اہلسنت) کے لوگوں نے انبیاء پر نبی ہونے کی حالت میں زنا اور لواطہ وغیرہ جیسے گناہ جائز کر دئے ہیں۔ ان میں سے بعض کہتے ہیں کہ اس میں اتنی شرط ہے کہ وہ ظاہر ہو کر نہ کریں۔ بلکہ پوشیدہ کریں۔ اور بعض کہتے ہیں کہ ہر حالت میں جائز ہے۔

غنیۃ الطالبین شیخ عبدالقادر اور ملل و نحل شہرستانی میں ہے کہ حشویہ اہلسنت سے ہیں۔

شرح مواقف اور شرح مقاصد اور کتاب تذکرہ فی احوال الموتیٰ و امور الآخرۃ قرطبی میں ہے کہ اشاعرہ کا قول ہے کہ جائز ہے کہ جھوٹ بولے۔ نیز کتاب تذکرہ میں ہے کہ طبری اور اس کے سوائے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

فقہا اور متکلمین اور محدثین نے کہا ہے کہ انبیاء سے صغیرہ گناہ واقع ہوتے ہیں۔ بخلاف اس کے رافضی (یعنے شیعہ) کہتے ہیں کہ انبیا سب گناہوں سے معصوم ہیں۔

تحفہ کید چہارم میں ہے کہ اہلسنت کا عقیدہ ہے کہ انبیاء مبعوث ہونے کے بعد کبیرہ گناہ عمداً اور سہواً نہیں کرتے۔ لیکن گناہ صغیرہ سہواً کرتے ہیں۔

تحفہ باب ہاشم میں ہے کہ حضرت آدمؑ نبوت سے پہلے امام اور خلیفۂ زمین تھے اور اس پر اہلسنت کا اجماع ہے کہ ان سے گناہ صادر ہوا جیسا کہ خدا نے فرمایا ہے کہ "عصے آدم ربہ فغوے"

بخاری کتاب الغسل باب من اغتسل عریاناً وحدہ فی الخلوۃ میں بروایت ابوہریرہ لکھا ہے کہ بنی اسرائیل ایک ہی جگہ ننگے نہایا کرتے تھے اور ایک دوسرے کو ننگا دیکھتے تھے۔ مگر حضرت موسےؑ علیحدہ نہایا کرتے اس لئے بنی اسرائیل کو شک ہوا کہ حضرت کے خصیے بڑھے ہوئے ہیں۔ ایک دن حضرت موسےؑ نہانے لگے اور ایک پتھر پر کپڑے رکھے تو پتھر کپڑے لے کر بھاگ گیا۔ حضرت اسی حالت میں پتھر کے پیچھے بھاگے اور پتھر کو خوب زدوکوب کیا۔ بنی اسرائیل نے حضرت کو دیکھ کر کہا ہمارا خیال غلط تھا حضرت کو کوئی مرض نہیں ہے۔ ابوہریرہ نے پھر کہا کہ خدا کی قسم۔ اس پتھر پر اب تک موسےؑ کی ضربوں کے نشانات موجود ہیں۔

تفسیر کبیر جلد ہشتم زیر آیہ ووجدک ضالاً صفحہ ۳۲ میں ہے کہ بعض مفسر کہتے ہیں کہ آنحضرتؐ پہلے کافر تھے۔ کلبی کہتا ہے کہ "وجدک ضالاً" سے مراد یہ ہے کہ آنحضرتؐ کافر تھے۔ سدی کہتا ہے کہ آنحضرتؐ پہلے اپنی قوم کے مذہب پر تھے مجاہد کہتا ہے کہ آنحضرتؐ ہدایت سے گمراہ تھے اور صفحہ ۳۳ پر امام رازی کا اپنا قول ہے کہ جمہور علما کا اس بات پر اتفاق ہے کہ آنحضرتؐ نے ایک لحظہ کیلئے بھی کفر نہیں کیا ناظرین! ضلال کے معنی لغت کے لحاظ سے کئی ہیں جن میں سے یہاں صرف "پوشیدہ" "چھپا" ہوسکتے ہیں۔ پس معنے یہ ہوئے کہ اے محمد تیرے کمالات پہلے اس قوم میں مخفی تھے۔ اب میں نے ظاہر کردیئے۔ اور یہ مطلوب ہوگئے۔ مثل "ضل الماء فی اللبن اذا جاء مغمورا"

ترجمہ بخاری پارہ تیرھواں کتاب بدء الخلق مطبوعہ احمدی پریس صفحہ ۹۳ پر ہے کہ فرمایا رسول اللہ نے مجھکو موسیٰؑ پر فضیلت مت دو۔ قیامت کے دن سب لوگ بیہوش ہوجائیں گے تو مجھے ہوش سب سے پہلے آئیگا میں دیکھونگا کہ موسےؑ عرش کا کونا تھامے ہوئے ہیں۔ اب معلوم نہیں کہ وہ بیہوش ہوکر مجھ سے بھی پہلے ہوش میں آجائینگے یا ان لوگوں میں ہوں گے جنکو اللہ نے مستثنےٰ کیا ہے یعنی وہ بیہوش نہیں ہوئے

تحفہ شاہ عبدالعزیز نے طعن قرطاس کا جواب دیتے ہوئے لکھا ہے کہ انبیاء کی ہر ایک بات

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نہ وحی ہوتی ہے اور نہ اس کا ماننا ضروری ہے۔

تفسیر در منثور علامہ جلال الدین سیوطی میں ہے کہ بزار اور طبرانی اور ابن مردویہ اور ضیائے مقدسی نے کتاب مختارہ میں روایت کی ہے کہ رسول اللہ نے پڑھا افرأیتم اللات والعزیٰ ومنات الثالثۃ " یعنے کیا تم نے لات اور عزے اور ان کے پچھلے تیسرے بت مناف کو دیکھا بعد ازیں آنحضرت نے پڑھا تلک الغرانیق العلیٰ وان شفاعتھن لترتجے یعنی یہ بزرگ بت ہیں اور در حقیقت ان کی شفاعت کی امید کی جاتی ہے پس جبرئیل نے کہا کہ میں تو آپ کے پاس یہ نہیں لایا تھا۔ یہ الفاظ شیطان سے ہیں پس خدا نے یہ آیہ نازل فرمائی کہ تجھ سے پہلے جس کسی رسول یا نبی کو بھیجا۔ اور جب کبھی اس نے تمنا کی تو شیطان نے اس کی تمنا میں دراندازی کردی۔

ابن جریر اور ابن منذر اور ابن ابی حاتم نے صحیح سند کے ساتھ سعید بن جبیر سے بعینہ روایت بالا درج کی ہے۔ اور اس پر اضافہ یہ کیا ہے کہ آنحضرت نے اس وقت سجدہ تو بھی کیا۔

کتاب مواہب الدنیہ شیخ شہاب الدین قسطلانی میں ابن ابی حاتم اور طبری اور ابن منذر اور ابن مردویہ اور بزار اور ابن اسحاق اور حافظ ابن کثیر اور واقدی و رسدی اور معشر کی روایات سے وہی واقعہ بالا درج ہے۔

تفسیر معالم التنزیل ص۲۱ پر ہے کہ ابن عباس اور محمد بن کعب قرطبی سے روایت ہے کہ جب آنحضرت نے اپنی قوم کی روگردانی کو دیکھا تو یہ امر حضرت پر ناگوار ہوا اور دل میں تمنا کی کہ کوئی بات ایسی ہوتی کہ جس سے ہم قوم کے قریب ہو جاتے (خواہ وہ امر کیسا ہی کفر و شرک سے بھرا ہو) پس ایک روز حضرت مجلس قریش میں بیٹھے تھے کہ سورہ النجم کا نزول ہوا جسکو حضرت نے پڑھا جب کہ افرأیتم اللات والعزیٰ ومناۃ الثالثۃ الاخریٰ کی تلاوت کی تو شیطان نے حضرت کی زبان پر وہ بات ڈالدی کی حضرت کو تمنا تھی (پس شیطان کوئی نہ تھا بلکہ حضرت کی تمنا ہی مجسم شیطان بنی نعوذ باللہ) یعنی تلک الغرانیق العلیٰ وان شفاعتھن لترتجے " یعنے یہ بلندی والے خدا ہیں اور انکی شفاعت کی امید کیجاتی ہیں جب قریش نے سنا تو خوش ہوئے اور حضرت نے سورہ پڑھ کر سجدہ کیا تو کفار نے بھی سجدہ کیا۔

تفسیر طبری جلد ۱۷ ص۱۲۱ پر ہے کہ تاویل کلام یہ ہے کہ جب کوئی نبی یا رسول کتاب پڑھتا ہے یا تلاوت کرتا ہے یا حدیث بیان کرتا ہے یا (معمولی) کلام کرتا ہے تو شیطان اسمیں دراندازی کر دیتا ہے تو خدا اس القائے شیطانی کو منسوخ کر دیتا ہے ناظرین! پس نبی یا رسول کا ہر ایک فعل اور قول غیر محفوظ ہوا!

بخاری جلد دوم ص۱۵۰ پر ہے کہ فرمایا آنحضرت نے کہ کوئی شخص میرے بارہ میں یہ نہ کہے کہ میں

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

یونس بن متی سے بہتر ہوں۔ فتح الباری جلد سوئم صفحہ ۳۶۲ پر ہے کہ کسی نبی کو مناسب نہیں کہ وہ کہے کہ ہم افضل ہیں۔

بخاری بر حاشیہ فتح الباری جلد سوئم صفحہ ۲۵۵ پر ایک یہودی اور مسلمان کا جھگڑا مرقوم ہے۔ جس پر آنحضرتؐ نے فرمایا کہ مجھے موسیٰ سے بہتر نہ کہو۔

رسالہ رد روافض احمد بن عبدالاحد صـ پر ہے کہ ہو سکتا ہے کہ آنحضرتؐ کے بعض افعال اور اقوال اپنی رائے اور اجتہاد سے ہوں مثلاً طلب کاغذ و قرطاس و تجہیز جیش اسامہ و اخراج مروان ایسے امور کی مخالفت کفر نہیں ہے۔ بحر العلوم کے صفحہ ۲۵۹ پر ہے کہ تم اس شخص کی بات نہ مانو۔ جو یہ کہے کہ انبیاء خدا کے احکام میں خطا نہیں کر سکتے۔ یہ تحقیق یہ عقیدہ شیاطین اہل بدعت مثل روافض وغیرہ کا ہے۔ اہل حق انبیاء سے صدور خطا کو جائز جانتے ہیں۔

بخاری کتاب المناقب پارہ پندرہ احمدی پریس لاہور صفحہ ۲۲ پر ہے کہ قبل نبوت آنحضرتؐ زید بن عمرو بن نفیل کو مقام بلدح پر ملے اور آنحضرتؐ کے سامنے دستر خوان بچھا گیا۔ مگر زید نے وہ کھانا کھانے سے انکار کر دیا۔ اور کہا کہ میں ان بتوں کا گوشت نہیں کھاتا جنکو تم لوگ تھانوں پر کاٹتے ہو میں اس جانور کا گوشت کھاتا ہوں جو اللہ کے نام پر کاٹا جائے یعنی بقول اہلسنت آنحضرتؐ حرام گوشت کھا رہے تھے نعوذ باللہ۔

ترجمہ بخاری کتاب بدء الخلق پارہ تیرھواں صـ پر ہے کہ آنحضرتؐ بروز قیامت بیہوش ہو جائیں گے

بخاری کتاب المناقب پارہ پندرہ صفحہ ۶۹ پر ہے کہ آنحضرتؐ نے فرمایا کہ خدا کی قسم میں نہیں جانتا کہ قیامت کے دن میرا کیا حال ہوگا۔

ترجمہ بخاری مولوی وحید الزمان کتاب المغازی پارہ تیرھواں صـ پر ہے کہ سمندر نے ایک مری ہوئی عظیم الجسم مچھلی کنارے پر پھینکی جس کا گوشت اصحاب رسولؐ پندرہ دن تک کھاتے رہے اس کی ایک ہڈی اتنی بڑی تھی کہ ایک اونٹ مع سوار اس کے نیچے سے نکل گیا جب آنحضرتؐ اور اصحاب مدینہ واپس آئے اور مچھلی کا تذکرہ ہوا۔ تو آنحضرتؐ کے ارشاد پر اس مچھلی کا بچا ہوا گوشت سمندر کے کنارے سے لایا گیا جو آنحضرتؐ نے کھایا۔ ترجمہ بخاری وحید الزمان کتاب الہبہ پارہ دسواں صـ پر ہے کہ ابن عباس کی خالہ ام حفید نے آنحضرتؐ کو پنیر اور گھی اور گوہ (مشہور جانور ہے) کھانے کے لیے بھیجے آنحضرتؐ نے گوہ کا گوشت نہ کھایا لیکن دوسرے اصحاب نے کھایا۔ اور آنحضرتؐ نے ان کو کھانے سے منع نہ کیا۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

تھے۔ ان کو اس سہو کے جتانے کی جرأت نہ ہوئی۔ لیکن ذوالیدین کے کہنے پر آنحضرت نے بقایا دو رکعتیں پڑھائیں اور سجدہ سہو ادا کئے۔

بخاری کتاب المغازی باب قصہ غزوہ بدر آیہ ولقد نصرکم اللہ کے ذکر میں عبد اللہ بن کعب بن مالک سے روایت ہے کہ آنحضرتؐ بدر میں لڑنے کی نیت سے نہیں بلکہ لوٹ مار کی غرض سے دلوٹیروں کی طرح ؛ گئے تھے۔

ابن ماجہ مطبوعہ نظامی دہلی باب فیمن یغتسل من جمیع نسائہ غسلاً واحداً میں ہے کہ آنحضرتؐ ایک غسل سے اپنی تمام ازواج سے مجامعت کرتے۔ یہی حدیث بخاری میں بھی ہے۔

بخاری کتاب النکاح باب البناء فی السفر میں انس سے روایت ہے۔ کہ واپسی خیبر کے وقت مکہ اور مدینہ کے درمیان آنحضرت اپنی زوجہ صفیہ سے تین دن تک مغازبت کرتے رہے اور مینے طعام ولیمہ کے لئے مسلمانوں کو بلایا۔

ابن ماجہ جلد دوئم کتاب النکاح باب المراۃ تہب یومھا لصاحبتہا میں عائشہ سے منقول ہے کہ جب سودہ بنت زمعہ زوجہ رسول بوڑھی ہو گئیں تو آنحضرت نے اس کو طلاق دینی چاہی۔ مگر اس نے عرض کیا کہ مجھے طلاق نہ دیجئے مجھے مردکی ضرورت نہیں ہے اور پھر سودہ نے اپنی باری کی رات مجھے بخشدی۔ اور اسی صفحہ پر عائشہ سے منقول ہے کہ آنحضرتؐ اپنی زوجہ صفیہ بنت حی سے ناراض ہو گئے میں نے دونوں کی صلح کرا دی۔ اور صفیہ سے اس کی باری کی ایک رات والغام میں حاصل کی۔

بخاری باب اول کیف کان بدء الوحی میں عائشہ سے منقول ہے جو ابھی عائشہ پیدا بھی نہ ہوئی تھی، کہ وحی کی ابتداء رویائے صادقہ سے ہوئی۔ پھر آنحضرتؐ خلوت پسند ہونے لگے۔ غار حرا میں ایک فرشتہ (فرشتہ کا نام مذارد) آیا۔ اس نے کہا اے محمدؐ پڑھ حضرتؐ نے فرمایا میں پڑھا ہوا نہیں ہوں اس پر فرشتے نے حضرتؐ کو اس قدر زور سے بھینچا کہ آپ کو ایذا ہوئی۔ پھر فرشتے نے حضرتؐ سے کہا۔ پڑھو۔ حضرتؐ نے پھر وہی جواب دیا حضرتؐ گھر میں اس حالت سے گئے کہ ان پر خوف و ہراس مستولی تھا۔ اور جاتے ہی کہا مجھے کمبل اڑھاؤ۔ مجھے کمبل اڑھاؤ۔ جب ہوش درست ہوئے تو حضرتؐ نے سارا ماجرا خدیجہ سے بیان کیا۔ اور فرمایا مجھے خوف جان ہے۔ خدیجہ نے تسلی دی اور حضرتؐ کو اپنے چچیرے بھائی ورقہ بن نوفل کے پاس لے گئی۔ جو نصرانی تھا اور اب نابینا تھا جب ورقہ نے تمام بات سنی تو کہا۔ یہ وہی فرشتہ ہے جو موسیٰ کے پاس آیا تھا۔ وغیرہ ناظرین! یہ روایت عائشہ سے ہے جو ابتداء وحی کے وقت پیدا بھی نہ ہوئی تھی۔ اس سے سنیوں نے یہ ظاہر کیا ہے کہ فرشتہ مرتبہ نبوت اور تہذیب سے جاہل تھا۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اور کہ حضرتؐ چالیس سال جاہل مطلق تھے فرشتہ نے حضرتؐ کو سخت ایذا دی حضرتؐ پر دہشت طاری ہوگئی۔ گویا ابھی تک حضرتؐ کو فرشتہ کے وجود اور اپنی نبوت کا ذرہ بھر علم نہ تھا۔ موت سے خائف ہوئے ایک اندھا نصرانی حضرتؐ سے زیادہ عالم اور عارف تھا۔ (نعوذ باللہ)

بخاری کتاب القدر باب وحرام قریۃ اہلکنا ہا میں ابو ہریرہ سے منقول ہے کہ آنحضرتؐ نے فرمایا کہ خدا نے ہر ایک کی قسمت میں زنا کا جو حصہ لکھ دیا ہے۔ وہ اس میں خواہی نخواہی مبتلا ہوگا۔

بخاری کتاب بدء الخلق باب ذکر الملائکہ میں ہے کہ شب معراج موسیٰ نے آنحضرتؐ کو دیکھا تو کہا اے خدا کیا اس لڑکے کی امت جو میرے بعد نبی ہوا ہے میری امت سے شمار میں زیادہ داخل جنت ہوگی۔

بخاری کتاب المناقب باب المعراج میں مالک بن صعصعہ سے منقول ہے کہ آنحضرتؐ نے فرمایا۔ کہ جب میں موسیٰ سے ملاقات کر کے آگے بڑھا تو موسیٰ رو پڑا۔ وجہ پوچھی گئی۔ تو کہا۔ خدایا۔ اس لڑکے کی امت جو میرے بعد نبی ہوا ہے۔ میری امت سے شمار میں زیادہ داخل جنت ہوگی۔

بخاری کتاب الغسل باب من اغتسل عریاناً وحدہ فی الخلوۃ میں ابو ہریرہ سے منقول ہے کہ آنحضرتؐ نے فرمایا کہ حضرت ایوب ننگے نہا رہے تھے کہ ان پر سونے کی ٹڈیاں آسمان سے، گرنے لگیں اور انہوں نے ان کو کپڑے سے پکڑنا شروع کر دیا۔

بخاری کتاب بدء الخلق باب خیر مال المسلم میں ابو ہریرہ سے منقول ہے کہ آنحضرتؐ نے فرمایا۔ کہ بنی اسرائیل میں سے کچھ لوگ غائب ہوگئے تھے۔ نہ معلوم۔ ان سے کیا خطا سرزد ہوئی۔ میرا گمان ہے۔ کہ وہ چوہے بن گئے ہوں گے۔

ابو ہریرہ

امام یافعی نے مراۃ الجنان میں لکھا ہے کہ ابو ہریرہ نے معاویہ کی طرف سے امارت مدینہ قبول کی تھی۔

صاحب مشکوٰۃ نے ترمذی سے بزبانی ابو ہریرہ حدیث نقل کی ہے۔ کہ آنحضرتؐ نے مجھ سے پوچھا کہ تو کس قبیلہ سے ہے۔ میں نے عرض کیا کہ قبیلہ دوس سے ہوں حضرتؐ نے فرمایا کہ میں تو قبیلہ دوس میں سے کسی کو بھی نہیں جانتا جس میں نیکی ہو۔

شرح ابن ابی الحدید میں بحوالہ کتاب معارف ابن قتیبہ لکھا ہے کہ عمر بن خطاب نے ابو ہریرہ کو کاذب احادیث وضع کرنے پر) درّے لگائے اور کہا کہ تو جھوٹا ہے اور رسول اللہ کی طرف جھوٹی احادیث منسوب کرتا ہے پھر روایت سفیان ثوری منصور بن ابراہیم لکھا ہے کہ اصحاب رسول ابو ہریرہ

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سے کوئی حدیث نہ لیتے تھے۔ سوائے ان حدیث کے جن میں بہشت یا دوزخ کا ذکر ہو۔ جناب امیر کا ارشاد ہے۔ کہ رسول اللہ پر سب سے زیادہ جھوٹ باندھنے والا ابوہریرہ ہے! اور ابویوسف نے ہدایت ابوحنیفہ لکھا ہے کہ اس نے کہا کہ اصحاب رسولؐ تمام عادل ہیں سوائے چند اشخاص کے جن میں ابوہریرہ اور انس بن مالک شامل ہیں۔ پھر لکھا ہے کہ رسول اللہ سے یہ حدیث بیان کریں ابوہریرہ معتبر نہیں ہے۔ حضرت علی علیہ السلام اور عمر اور عائشہ اس کی روایات میں توقف کرتے تھے۔ اور اس کو متہم کرتے اور مقدوح کرتے۔ پھر لکھا ہے کہ عمر نے ابوہریرہ کو خدا کا دشمن اور قرآن کا دشمن کہا اور اس پر چوری کا الزام لگایا اور اس کے سر پر درہ مارا اور دو ہزار درہم تاوان لیا۔

کتاب مستطاب استقصاء الافہام شیعہ اثنا عشری جلد ثانی ص۱۹۵ پر ہے کہ عائشہ نے اپنے بھانجے سے کہا کہ کیا تم کو ابوہریرہ کی کثرت روایات پر تعجب نہیں آتا ہے۔ حالانکہ حضرتؐ نے جو احادیث فرمائی ہیں۔ اگر کوئی چاہے تو ان کو گن سکتا ہے۔

کتاب الرد علی من قال بتناقض الحدیث علامہ ابن قتیبہ میں ہے۔ کہ جناب امیر علیہ السلام ابوہریرہ کی احادیث کو جھوٹا کہتے تھے کیونکہ وہ صرف تین برس آنحضرتؐ کی خدمت میں رہا مگر بے شمار احادیث بیان کیں اور عائشہ اور ام سلمہ کی وفات کے بعد ایسی احادیث بیان کیں جو بزرگ اصحاب میں سے کسی ایک سے بھی منقول نہیں ہیں۔

جمع بین الصحیحین میں مسلم کی حدیث درج ہے کہ ایک روز ابوہریرہ باہر آیا اور اپنی پیشانی پر ہاتھ مار کر کہا۔ تم لوگ باہم چرچا کرتے ہو کہ میں جھوٹی احادیث بیان کرتا ہوں۔

تاریخ ابن کثیر شامی میں ہے کہ عمر بن خطاب نے ابوہریرہ سے کہا کہ رسول اللہ سے حدیث بیان کرنا چھوڑ دو۔ ورنہ میں تم کو تمہارے وطن دوس میں واپس بھیج دونگا۔

عین الاصابہ سیوطی میں بہت احادیث لکھی ہیں۔ جن میں عائشہ نے ابوہریرہ کی تکذیب کی ہے۔

تاریخ ابن کثیر میں ہے کہ شعبہ کہتا ہے کہ ابوہریرہ حدیث میں تلبیس کرتا ہے۔

تذکرۃ الحفاظ احمد بن محمد ذہبی فصل الطبقۃ الاولیٰ فی مشاہیر الصحابہ ترجمہ ابوہریرہ میں ہے۔ کہ ابوہریرہ اصحاب صفہ میں سے تھا اور فاقوں کا مزہ چکھے ہوئے تھا۔ پھر آنحضرتؐ کی وفات کے بعد اسکی حالت بہتر ہوگئی۔ اور اس نے بہت مال جمع کیا اور عابد و ذاکر تھا معاویہ کے زمانہ میں والئی مدینہ ہوا اور اسی طرح زمانہ مروان میں ہوا جب بازار میں نکلتا تو اس کے سر پر بوجھ ہوتا (لکڑیوں۔ گوبر گھاس وغیرہ کا) سبحان اللہ سنیوں کے تمام پیشواؤں کو لکڑیں۔ گوبر۔ گھاس کٹھیوں حجامت۔ بزازی

Presented by: Rana Jabir Abbas

دلالی۔ گدھوں وغیرہ ہی سے واسطہ رہا ہے۔

استیعاب ابن عبدالبر باب الباء ۲۳ میں ہے کہ ابوہریرہ فتح خیبر کے دن مسلمان ہوا اور پیٹ بھر دینے سے راضی رہتا۔ سیرۃ حلبیہ علی بن برہان الدین حلبی شافعی میں ہے کہ ابوہریرہ نماز جناب امیر علیہ السلام کے پیچھے پڑھتا اور کھانا معاویہ کے دسترخوان پر کھاتا۔ اور جنگ صفین کے وقت ایک بلند ٹیلہ پر جنگ کا تماشہ دیکھتا

عقد الفرید، روضۃ الاحباب اور معجم البلدان میں ہے کہ ابوہریرہ نے اپنی امارت بحرین میں بیت المال کا غبن کر لیا۔ اس پر عمر نے اس کو کہا کہ اے دشمن خدا اور دشمن قرآن تو نے مال چرایا ہے۔

بخاری کتاب النفقات باب وجوب صدقہ میں ہے۔ کہ ابوہریرہ نے کہا کہ آنحضرتؐ کا ارشاد ہے کہ بہتر صدقہ وہ ہے۔ جو مال کھول کر دیا جائے۔ لوگوں نے کہا اے ابوہریرہ کیا آنحضرتؐ نے ان ہی الفاظ سے کہا ہے۔ ابوہریرہ نے کہا نہیں۔ صحاح میں ہے کہ جب ابوہریرہ نے یہ حدیث وضع کی کہ جس نے لا الٰہ الا اللہ کہہ دیا وہ جنتی ہے تو عمر نے اس کو مارا۔ رسالہ از ابن عباس مولوی عبدالحی لکھنوی میں ہے کہ عمر نے ابوہریرہ کو کہا کہ رسول اللہ سے احادیث بیان کرنا چھوڑ دو۔ ورنہ تم کو جلاوطن کر دوں گا۔

شرح ابن ابی الحدید میں ہے کہ ابوہریرہ اور سمرہ بن جندب صحابی کو معاویہ کی طرف سے احادیث وضع کرنے پر (جو خلفاء ثلاثہ کی منقبت اور اہلبیتؑ کی مذمت کے متعلق ہیں) انعام و اکرام ملا کرتا۔ ازاں قبیل یہ حدیث ہے کہ حضرت علی علیہ السلام نے ابوجہل کی بیٹی سے نکاح کرنا چاہا۔ جس کی وجہ سے جناب فاطمہؑ اور آنحضرتؐ کو ناگوار گزری اور نیز ایک دفعہ حضرت علی علیہ السلام نے آنحضرتؐ کو نماز تہجد کے لئے عرض کیا۔ مگر آنحضرتؐ نے ادا کرنے سے انکار کر دیا۔ ابوہریرہ ۷ھ میں مسلمان ہوا تھا۔

میزان الاعتدال امام ذہبی ص ۲۳۰ میں ہے کہ علامہ عثمان مقسم بیری نے ابوہریرہ کو کاذب لکھا ہے۔

اعلام الاخیار کفوی میں ہے کہ ابوحنیفہ نے کہا کہ صحابہ کے مقابلہ میں میرا قول چھوڑ دو مگر ابوہریرہ اور انس بن مالک اور سمرہ بن جندب کے مقابلہ میں میرا قول ترک نہ کرنا۔ ابوجعفر سندوانی کہتا ہے کہ ابوحنیفہ کا یہ قول اس وجہ سے تھا۔ کہ یہ تینوں اصحاب کذب سے مطعون تھے۔

کتاب الاصول شمس الائمہ سرخسی میں ہے کہ عمر نے ابوہریرہ کو کہا کہ اگر تو نے حدیث رسول اللہ کا بیان کرنا ترک نہ کیا۔ تو میں تجھ کو قردہ کی زمین میں بھجوا دوں گا۔

عقد فرید ابن عبد ربہ اور کتاب الفائق اور معجم البلدان اور مستدرک حاکم میں ہے کہ ابوہریرہ نے کہا کہ جب عمر نے مجھ کو بحرین سے معزول کیا تو کہا اے دشمن خدا و کتاب۔ تو نے مال میں چوری کی۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

میں نے کہا۔ میں خدا اور کتاب کا دشمن نہیں ہوں۔ بلکہ ان دونوں کے دشمن کا دشمن ہوں۔

روضۃ العلماء میں ہے کہ عیسیٰ ابن ابان کہتا ہے کہ میں سب صحابہ کی تقلید کرتا ہوں۔ ان کے اقوال میں سوائے ابو ہریرہ و وابصہ بن معبد و ابو سنابل بن بعکک کے۔

عقد الفرید مطبوعہ مصر جلد اول ص۶۲ پر ہے کہ ابو ہریرہ اہل عرب کے اونٹ چرایا کرتا۔ ۷ھ میں اسلام لایا۔ اور اصحاب صفہ میں داخل کیا گیا۔ جو بوجہ محتاجی دوسرے اصحاب رسول اللہ سے نان و نفقہ حاصل کرتے۔

تاریخ حافظ ابن اثیر شامی میں بروایت بسر بن سعد لکھا ہے کہ خدا کی قسم ابو ہریرہ آنحضرتؐ کے قول کو کعب احبار کے قول میں اور کعب احبار کے قول کو آنحضرتؐ کے قول میں خلط ملط کر دیتا ہے۔ یعنی کعب احبار یہودی کی من گھڑت اور خلاف قرآن اقوال کو احادیث رسولؐ سے منسوب کر کے لوگوں کو دھوکا دیتا ہے۔ ناظرین! یہ کعب یہودی عالم تھا۔ ابو بکر کی خلافت میں مسلمان ہوا۔ آنحضرتؐ سے اس کی ملاقات تک نہیں ہوئی۔ عمر بن خطاب نے اس کو یمن سے بلوا کر اپنا مشیر خاص بنایا۔ بعد میں علانیہ لوگوں کو تورات کی تعلیم دیا کرتا۔ اور اسنے معاویہ کو حضرت علی علیہ السلام کے خلاف ابھارنے میں بڑی کوشش کی

خواجہ حسن بصری

سیرۃ النعمان شبلی ص۱۸ پر ہے کہ اسلام کے قریب تر زمانہ میں اکثر لوگ حدیث اور روایت کے امام نظر آتے ہیں جن پر غلامی کا اطلاق ہو چکا تھا مثلاً حسن بصری اور ابن سیرین اور طاؤس عطا بن یسار اور نافع عکرمہ مکحول جو اپنے زمانہ کے مقتدائے امام تھے۔ یہ لوگ یا خود ان کے باپ دادا غلام رہ چکے تھے۔

رجال مشکوٰۃ ص۶۴ پر ہے کہ علی بن جدعان کہتا ہے کہ حسن بصری اکثر احادیث بیان کرتا جب ہم پوچھتے کہ کس سے سنی ہیں تو کہا کرتا کہ ہم نہیں جانتے مگر اس قدر جانتے ہیں کہ وہ راوی ثقہ تھا۔

شرح مسلم ص۸ پر ہے کہ حسن بصری نماز فارسی میں پڑھ لیا کرتا۔ ناظرین! یہی عقیدہ ابو حنیفہ کا بھی ہے۔

کتاب غارات میں بروایت حماد بن مسلمہ لکھا ہے کہ جب حضرت علی علیہ السلام خلیفہ ہوئے۔ تو حسن بصری نے کہا۔ کہ علی مدینہ میں نان خشک کھاتے۔ تو ان کے لئے بہتر تھا۔ جس میں وہ اب داخل ہوئے ہیں۔ علاوہ ازیں لوگوں کو حضرت علی علیہ السلام کے خلاف ترغیب دیتا۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بخاری

ایک شاعر کا مندرجہ ذیل قصیدہ بتاتا ہے کہ بخاری کو خاندان اہلبیتؑ سے کس قدر کراہت اور دشمنانِ اہلبیتؑ سے کہاں تک الفت اور عقیدت تھی۔

قضیۃ اشبہ بالمرزئۃ — ھذا البخاری امام الفئۃ
بالصادق الصدیق ما احتج فی — صحیحہ واحتج بالمرجئۃ
مثل عمران بن حطان او — مروان وابن المرأۃ المخطئۃ
مشکلۃ ذات عوار الی — حیرۃ ارباب النھی ملجئۃ
وحق بیت یممتہ الوریٰ — مغذۃ فی السیر او مبطئۃ
ان الامام الصادق المجتبیٰ — بفضلہ الآی اتت منبئۃ
اجل من فی عصرہ رتبۃ — لم یقترف فی عمرہ سیئۃ
قلامۃ من ظفر ابھامہ — تعدل من مثل البخاری مئۃ

یعنی اس قضیہ سے بڑھ کر کون مصیبت پیش واقع ہو سکتا ہے کہ بخاری نے جو اس فرقہ کا امام ہے امام صادق علیہ السلام سے اپنی صحیح میں روایت نہیں کی۔ حالانکہ اس نے مرجیوں سے اپنی صحیح کو بھر دیا ہے مثلاً عمران ابن حطان، مروان، جریر بن عثمان، ابن المخطل کا دفعیہ کیونکر ہو سکتا ہے۔ اور اس جرأت کا کیا علاج ہے۔ امام صادقؑ کے فضل و کمال پر صدہا آیات دلالت کرتی ہیں آپ اپنے زمانے میں ایسے بے مثل تھے۔ کہ کبھی کسی خطا کے مرتکب نہیں ہوئے اور ایک بخاری نہیں بلکہ صدہا بخاری ان کے ناخن پر نثار ہو سکتے ہیں۔

اخبار اہلحدیث نمبر ۴۹ مورخہ ۲ ذوالحجہ میں ہے کہ بخاری امام المحدثینؒ اور اصدق الصادقین ہے ناظرین! اصدق الصادقین صرف خداوند عالم کی ذات پاک ہے۔ پس بخاری خدا ہوا۔ حالانکہ وہ کذاب۔ چور۔ مفتری اور دشمن رسولؐ ہے۔

کتاب شرح اسماء النبی علامہ ابن وحیہ ذوالنسبین میں ہے کہ بخاری کو عادت تھی کہ فضائل علیؑ کو روایت سے نکال ڈالا۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

عبدالوہاب نجدی

عبدالوہاب نجد میں ۱۱۶۵ھ میں پیدا ہوا۔ اس کو اہلبیت محمدؐ سے دلی بغض اور عداوت تھی۔ اس کا مقولہ تھا کہ تمام مقامات مقدسہ۔ مثلاً کربلا، نجف و کاظمین و مشہد و سامرہ بت ہیں اور انکے زائرین بت پرست ہیں اور روضۂ رسول اللہ سب سے بڑا بت ہے جس کا گرا دینا ہر مسلمان پر واجب ہے۔ اس نے کربلا اور نجف اشرف کی بیحرمتی کی۔ اور کعبہ کی چھت بھی کھود دی۔ یہ شخص رسول اللہ کو عام انسانوں کی طرح خطا کار سمجھتا تھا۔ اور کہتا کہ آنحضرت خدا کی طرف سے ایک چٹھی رساں تھے۔ اور بس جو شان اور علو مرتبت ہم مسلمان آنحضرت کا سمجھتے ہیں۔ اس کا عشر عشیر بھی اس کے دل اور زبان پر نہ تھا۔ اسی شخص کے پیرو وہابی ہیں۔ جو بظاہر عوام الناس کو پھنسانے کیلئے رسول اللہ کی شان میں سبحان اللہ کہہ دیتے ہیں۔ لیکن انکے عقائد میں رسول اللہ ہماری تمہاری طرح انسان تھے۔ جو کھڑے ہو کر پیشاب کرتے۔ شراب پیتے۔ کعبہ کی طرف منہ کرکے پاخانہ کرتے۔ نماز بحالت جنب پڑھتے۔ نماز میں بھول جایا کرتے۔ بحالت روزہ ازواج سے مجامعت کرتے اور بوسہ بازی کرتے۔ ازواج کو ناچ دکھلاتے اور ان سے کبڈی کھیلتے اور شیطان ان کی وحی میں مداخلت کرتا۔ وغیرہ۔ خدا کی قسم مصنف کا تجربہ ہے کہ یہ وہابی فرقہ اہلبیت محمدؐ کو ویسا سمجھتا ہے جیسے شیعہ دشمنان اہلبیت علیہم السلام کو۔ مگر چونکہ بے علم اور کم عقل عوام الناس کو فطری طور پر محبت اہلبیت کی کشش ہوتی ہے۔ وہابی لوگ بالاعلان اپنے دلی عقیدہ کو ظاہر نہیں کر سکتے۔ ۱۲۰۶ھ میں عبدالوہاب مر گیا۔

ابجد العلوم نواب صدیق حسن خاں ص۱۸۹ پر ہے کہ شیخ محمد بن عبدالوہاب باشندۂ نجد تھا جس کے نام پر وہابی فرقہ منسوب ہے۔

وفاء الوفا جلد دوم ص۹۲ پر ہے کہ متوکل نے ایک شخص زیرج نامی کو انعام واکرام کے لالچ پر حکم دیا کہ امام حسین علیہ السلام کی قبر کھود کر ہموار کر دے چنانچہ اس نے پھاوڑا لیا اور اس کام پر مستعد ہوا۔ پھر دوسرے عوام الناس نے بھی اسکی اقتدا کی۔ اور جب وہ کھودتے کھودتے موضع لحد تک پہنچے تو وہاں کوئی اثر نعش نہ پایا۔ اور قبر حسین کی یہ حالت اس وقت تک قائم رہی کہ خلیفہ مستنصر خلافت پر بیٹھا۔ ناظرین! جب جناب فاطمہؑ دفن ہو چکیں اور ابوبکر و عمر و عائشہ معصومہ کی وصیت کے مطابق شریک جنازہ نہ کئے گئے۔ تو دوسرے دن کی صبح کو ابوبکر و عمر نے کہا کہ چند عورتیں لاؤ۔ جو قبر معصومہ کو کھودیں اور نعش اطہر کو باہر نکالیں۔ اور ہم اس پر جنازہ پڑھیں۔ مگر حضرت علی علیہ السلام کی پر جوش

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مزاحمت کی وجہ سے ایسا نہ کر سکے۔

کتاب درر سنیہ علامہ سید احمد بن زینی مفتی مکہ صفحہ ۴۲ پر ہے کہ محمد بن عبدالوہاب (نجدی) نے اپنے مریدوں (وہابیوں) کو اجازت دیدی تھی۔ کہ اپنی سمجھ کے مطابق قرآن کی تفسیر کر لیا کرو۔ یہانتک کہ گنوار سے گنوار کو اس بات کی اجازت تھی" اور وہ لوگ اپنی تفسیر کو کتب علم اور نصوص علما پر ترجیح دیتے نیز اسی کتاب میں مرقوم ہے کہ محمد بن عبدالوہاب معترض کے سوالات کا کچھ جواب نہ دے سکا اور کیوں دے سکتا جب کہ رسول اللہ نے ہم کو ان خوارج (وہابیوں) سے آگاہی دی ہوئی ہے۔

شیخ الاسلام سید احمد بن زینی دحلان نے کتاب خلاصۃ الکلام فی بیان امراء البلد الحرام میں لکھا ہے کہ محمد بن عبدالوہاب اپنے اوائل زمانہ میں ان لوگوں کے حالات کو بہت دیکھا کرتا تھا۔ جنہوں نے بنوت کا جھوٹا دعوے کیا تھا مثلاً مسیلمہ کذاب و سجاح و اسود العنسی و طلیحہ الاسدی وغیرہ۔ لوگوں سے بیعت لیتا اور ان کو حاجر کہتا جس نے حج کیا ہوا ہو۔ اس کو دوبارہ حج کرنے کو کہتا۔ اور کہتا کہ تم پہلے مشرک تھے بیعت لیتے وقت مرید سے ذیل کے الفاظ کہنے کا حکم دیتا۔ کہ میں گواہی دیتا ہوں اپنے نفس پر کہ میں پہلے کافر تھا، اور میرے والدین کافر تھے اور کافر ہی مرے اور فلاں فلاں اکابر علما کافر تھے۔ دکیوں کہ وہ مقامات مقدسہ۔ مکہ، روضۂ رسولؐ۔ کربلا۔ نجف وغیرہ کی زیارت کیا کرتے۔) رسول اللہ کی احادیث کی تنقیص کرتا اور آنحضرتؐ کو طارش یعنی ایک چٹھی رسان کہتا۔ اکثر کہا کرتا کہ اگر قصۂ حدیبیہ میں غور کیا جائے۔ تو اس میں فلاں فلاں امور جھوٹے ہیں۔ اگر کوئی شخص اقوال رسولؐ اللہ کی تضحیک کرتا تو نہایت خوش ہوتا اس کے مرید کہا کرتے کہ ہمارا یہ عصا رسولؐ اللہ سے بہتر ہے اس لئے کہ اس سے سانپ مارا جاتا ہے اور اس میں دیگر کئی فوائد ہیں لیکن محمد مر گئے اور ان میں کوئی نفع باقی نہیں ہے۔ رسولؐ اللہ پر درود بھیجنا مکروہ جانتا۔ اس نے ایک مؤذن کو درود پڑھنے سے منع کیا جب اس نے نہ مانا۔ اس کو قتل کرا دیا۔ اور کہا کرتا کہ زانیہ عورت کے گھر میں راگ سننا کم گناہ ہے بہ نسبت اسکے کہ نبی پر مینارہ مسجد میں بلند آوازی سے درود پڑھا جائے جن جن کتابوں میں درود کے فضائل مرقوم تھے اسنے سب جلا دیں

نواب صدیق حسن خاں نے کتاب ابجد العلوم بہ ذیل تذکرہ محمد اسمٰعیل بن صلاح الامیر الصنعانی الیمنی لکھا ہے کہ خارج ہوا شیخ عبدالوہاب نجدی جس کی طرف گروہ وہابیہ منسوب ہے۔ پھر لکھتا ہے۔ کہ خروج کیا عبدالوہاب نے اور تسلط پایا حرمین پر وہ مذہب حنابلہ ظاہر کرتا اور اپنے مخالفین کو مشرک کہتا اور ان کے خون کو مباح جانتا اور علمائے اسلام کے قتل کو جائز سمجھتا۔ یہاں تک کہ خدا نے اس کی شوکت کو زائل کیا اور لشکر اسلام نے ۱۲۳۳ھ میں اس کو شکست دی۔ ثابت ہوا کہ وہ مسلمان نہ تھا

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مولوی وکیل احمد صاحب سکندر پوری نے کتاب صیانت الایمان میں لکھا ہے کہ عبدالعزیز عبدالوہاب نے عرب کے اکثر گاؤں پر قبضہ کیا۔ لیکن ۱۸۰۳ء میں مارا گیا۔ پھر اس کا بیٹا سعود جو سرگرم وہابی تھا۔ ملک عرب میں فاتح ہوا گنبدوں اور مسجدوں کو گرایا ۲۷ اپریل ۱۸۰۳ء کو مکہ فتح کیا۔

رسول اللہ کی اولاد اور اصحاب کے مزاروں پر جو گنبد تھے۔ توڑ ڈالے۔ یہاں تک کہ حضرت خدیجہ کے گنبد کو توڑ پھوڑ دیا۔ اور حرم محترم کے خزانے کو لوٹ لیا۔

قصص العلما میں وہابیوں کے متعلق یہ الفاظ لکھے ہیں۔ چوں جماعت فسقہ۔ فاجرہ۔ غاویہ۔ باغیہ ہالکہ بعنالہ مضالہ۔ طائفہ۔ وہابیہ خذلہم اللہ تعالے بر کربلا معلے حملہ کردند۔

اخبار اہلحدیث مورخہ ۲۰ رجب ۱۹۱۷ء میں فتاوے شامی جلد سوم ص ۳۱۹ کی مندرجہ ذیل عبارت درج کی گئی ہے۔ کہ ۱۲۳۳ھ میں خارجیوں کا ایک فرقہ عبدالوہاب نجدی کا تابع تھا۔ جو اپنے آپ کو حنبلی ظاہر کرتا تھا۔ مگر اس کا عقیدہ یہ تھا کہ اس کے اہل مذہب کے سوائے تمام مسلمان مشرک ہیں مسلمانوں اور مسلمانوں کے علما کو قتل کرنا جائز سمجھتا تھا چنانچہ اس نے بیشمار مسلمان قتل کئے اور مکہ و مدینہ پر قبضہ کیا۔ آخر کار خدا نے مسلمانوں کو اس پر فتح دی کیونکہ ثابت ہوا کہ وہابی مسلمان نہیں ہیں اور ان لوگوں کے شہر ویران کر دئے گئے۔ ناظرین وہابیوں کے کان کاٹ کاٹ کر بوریوں میں جمع کئے گئے جو بطور نشان فتح دارالسلطنت میں بھیجے گئے۔

کتاب ترجمان الوہابیہ ص ۵ پر لکھا ہے کہ جو بدسلوکی خانہ کعبہ و مدینہ منورہ و نجف اشرف و کربلائے معلے کے ساتھ کی گئی۔ اس سے ان کے (عبدالوہاب اور وہابیوں کے) عقائد بخوبی ظاہر ہیں بعض نے لکھا ہے کہ وہابیوں نے وہاں کے سرداروں اور شریفوں کو قتل کیا اور کعبہ کو برہنہ کیا اور ان لوگوں کو دعوت وہابیت قبول کرنے پر مجبور کیا ۱۲۲۰ھ ہے کہ پھر مدینہ منورہ پہ گیا اور وہاں کے لوگوں پر جزیہ لگایا۔ گویا یہ تمام مسلمان کافر ہیں۔ اور رسول اللہ کی قبر کو برہنہ کیا اور اس کے خزائن اور دفائن لوٹ کر علاقہ داعیہ کو چلا گیا بعض کا قول ہے کہ اس خزانہ کا بار ساٹھ اونٹوں پر لدا تھا۔ اور قبر رسول اللہ کو منہدم کرنا چاہا۔

پھر عبدالعزیز وہابی نے کربلا کی طرف لشکر روانہ کیا اور خود سپہ سالار لشکر بنا۔ اور وہاں قتل و غارت کا بازار گرم کیا۔ اور تبرکات لوٹ لئے۔ اور آبادی ویران کر دی۔

پھر سعود وہابی نے حکم دیا کہ رسول اللہ کے مزار کا گنبد توڑ پھوڑ دیا جائے۔ مگر ایسا نہ ہو سکا۔ وہابیوں کا عقیدہ ہے کہ خدا سے رسول اللہ کے توسل سے دعا مانگنا شرک ہے اور تمام مقامات مقدسہ کا گرا دینا جائز ہے جو مسجدیں شہدا کے مدفنوں کے قریب ہیں ان کا منہدم کر دینا واجب ہے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

چنانچہ عبدالوہاب نے کئی ایسی مسجدیں گرا دیں۔ جمعہ کے دن اور رات میں زیادہ بلکہ کسی بھی وقت رسول اللہ پر درود بھیجنا بدعت اور گمراہی ہے۔

کتاب بیوف پارۃ مولوی خیر شاہ امرتسری میں ہے کہ قبر پر سبزی اور پھول چڑھانا جائز ہے۔ فتاویٰ عالمگیری مطبوعہ خادم پنجاب امرتسر ص۱۵ پر ہے کہ قبروں پر پھول گلاب اور خوشبودار سبز گھاس چڑھانا بہتر ہے۔ ناظرین! وہابیوں کے ہاں نذر ماننا بھی بدعت ہے حالانکہ قرآن شریف "وما انفقتم من نفقۃ او نذرتم من نذر" اور "ثم لیقضوا تفثہم ولیوفوا نذورہم" جائز نذر پر گواہ ہے نیز امام حسین علیہ السلام کے بیمار ہونے پر رسول اللہ کے حکم سے حضرت علیؑ و فاطمہؑ و فضہ و حسنؑ و حسینؑ نے تین تین روزے رکھنے کی نذر مانی اور نذر کے پورا ہونے پر آیہ مبارکہ "یوفون بالنذر" کا نزول ہوا۔ حضرت مریمؑ کی والدہ نے نذر مانی تھی کہ میں اپنے بیٹے کو تیرے نذر کروں گی چنانچہ اسی بارہ میں "رب انی نذرت لک ما فی بطنی" ہے اور روزہ کی نذر کا اس طرح ذکر ہے "فقولی انی نذرت للرحمان صوما"۔

تبرا

مشکوٰۃ فصل ثالث باب الحب میں ہے کہ فرمایا آنحضرتؐ نے کہ جہاد و نماز و زکوٰۃ و جملہ اعمال صالحہ سے یہ عمل بہتر ہے کہ کسی سے اللہ کی خاطر محبت اور اللہ کی خاطر بغض رکھا جائے (یعنی تولا و تبرا)۔

فتح الباری مطبوعہ دہلی شرح کتاب الایمان جلد اول ص۲۲ پر ہے فرمایا آنحضرتؐ نے کہ خالص ایمان یہ ہے کہ کسی سے اللہ کی خاطر محبت اور اللہ کی خاطر دشمنی کی جاوے۔

عمدۃ القاری میں ہے کہ آنحضرتؐ نے جنگ احد سے بھاگ جانے والوں کو گالی دی۔ تاریخ طبری ص۱۳ پر ہے کہ آنحضرتؐ نے عبداللہ بن ابی سلول پر لعنت کی۔ تاریخ طبری ص۲۰ پر ہے کہ آنحضرتؐ نے یمن کے چار بادشاہوں پر لعنت کی۔

"قال فاخرج منہا فانک رجیم وان علیک لعنتی الی یوم الدین" یعنی خدا نے کہا کہ اے ابلیس نکل جا کہ تو رجیم ہے۔ اور تجھ پر قیامت تک میری لعنت ہے۔

"ولکن لعنہم اللہ بکفرہم فلا یومنون الا قلیلا" یعنی خدا نے ان کے کفر کی وجہ سے ان پر لعنت کی ہیں وہ بہت کم ایمان لائیں گے۔

"اولئک الذین لعنہم اللہ ومن یلعن اللہ فلن تجد لہ نصیرا" یعنی وہ لوگ ہیں جن پر

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

خدا نے لعنت کی ہے۔ اور جس پر خدا نے لعنت کی پھر تو کسی کو اس کا مددگار نہ پائے گا۔

"یا ایھا الذین اوتوا الکتاب امنوا بما نزلنا مصدقا لما معکم من قبل ان نطمس وجوھا فنردھا علے ادبارھا او نلعنھم کما لعنا اصحاب السبت" یعنی سرکش اہل کتاب پر اصحاب سبت کی طرح لعنت کی گئی ہے۔

"فبما نقضھم میثاقھم لعناھم" یعنی ان کے نقض عہد کی وجہ سے ہم نے ان پر لعنت کی۔

ان الذین یوذون اللہ ورسولہ لعنھم اللہ فی الدنیا والاخرۃ" یعنی جو لوگ خدا اور رسولؐ کو ایذا دیتے ہیں۔ ان پر دنیا اور آخرت میں خدا نے لعنت کی ہے۔

ملعونین اینما ثقفوا اخذوا وقتلوا تقتیلا" منافقین ملعون ہیں، جہاں کہیں پائے جائیں اور پکڑے جائیں قتل کر دیے جائیں۔

"قل اونبئکم بشر من ذالک مثوبۃ عند اللہ من لعنۃ اللہ وغضب الیہ" یعنے خدا کی لعنت اور غضب کا اظہار ہے۔

"فلعنۃ اللہ علی الکافرین" خدا کی لعنت ہے کفار پر۔

"ان الذین کفروا وماتوا وھم کفار علیھم لعنۃ اللہ والملائکۃ والناس اجمعین" یعنی جو لوگ کافر ہوئے اور بحالت کفر ہی مر گئے ان پر خدا اور اسکے فرشتوں اور تمام لوگوں کی لعنت ہے۔

اولئک یلعنھم اللہ ویلعنھم اللاعنون" یعنے یہ وہ لوگ ہیں جن پر اللہ کی اور تمام لعنت کرنے والوں کی لعنت ہے۔

لعن الذین کفروا من بنی اسرائیل علی لسان داؤد وعیسٰی ابن مریم ذالک بما عصوا وکانوا یعتدون" بنی اسرائیل میں سے جو لوگ کافر تھے۔ ان پر داؤد اور عیسٰیؑ بن مریم نے لعنت کی کیونکہ وہ حد سے بڑھ گئے۔

تاریخ الخلفاء[۳] پر ہے کہ آنحضرتؐ نے مروان اور مروان کے باپ پر لعنت کی جبکہ ابھی مروان صلب پدر میں تھا۔ بخاری کتاب المغازی میں ہے کہ آنحضرتؐ نماز فجر کی آخری رکعت سے سر اٹھاتے تو فرماتے کہ خدایا لعنت ہو فلاں اور فلاں اور فلاں پر۔ ملل ونحل شرح مواقف۔ رسالہ عقائد ملاں یعقوب کتاب سقیفہ ابو بکر جوہری میں ہے۔ کہ آنحضرتؐ نے جیش اسامہ سے تخلف کرنیوالوں پر لعنت کی۔

تبرا کے لغوی معنی کسی چیز سے بیزار ہونا ہیں جب کسی شراب خوار نے شراب پینا چھوڑ دیا تو اسنے شراب پر تبرا کر دیا۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

آپ کسی ظالم کو دیکھ کر اس سے نفرت کرتے ہیں۔ گویا آپ اس سے فطرتاً بیزار ہیں۔
آپ اُٹھتے بیٹھتے لا الہ الا اللہ پڑھتے ہیں جس کا مطلب صریحاً یہ ہے کہ آپ جھوٹے معبودوں سے بیزار ہیں۔
آپ نماز کا آغاز اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم سے کرتے ہیں۔ یعنی آپ شیطان سے بیزاری کا اظہار کرتے ہیں۔
پھر آپ سورہ فاتحہ میں غیر المغضوب علیہم ولا الضالین پڑھتے ہیں۔ یعنی آپ مغضوب اور گمراہ لوگوں سے بیزاری ظاہر کرتے ہیں۔
پس ثابت ہوا کہ تبرا۔ اخلاق۔ فطرت۔ توحید۔ اور عبادت میں داخل ہے۔
سورہ توبہ میں ہے "براءۃ من اللہ و رسولہ الی الذین عاھدتم من المشرکین" یعنی اے مسلمانو! جن مشرکوں سے تم نے صلح کا عہد و پیمان کیا تھا۔ اب خدا اور رسولؐ کی طرف سے ان سے بیزاری کا حکم ہے۔
پس ثابت ہوا کہ تبرا بحکم قرآن بھی واجب ہے۔
رہا مسئلہ لعنت۔ اس کے جواز سے کوئی شخص انکار نہیں کر سکتا قرآن پاک اور احادیث اس کے جواز کی شہادت دے رہی ہیں۔
جن لوگوں نے اہلبیت علیہم السلام پر مظالم ڈھائے۔ اب وہ مر چکے ہیں۔ ان سے اظہار بیزاری کرنا اصولاً ایسا ہی ہے۔ جیسے کہ ان کی موجودگی میں ان سے کنارہ کشی اختیار کر کے اہلبیتؑ کی حمایت کرنا ہیں اعدائے اہلبیتؑ پر تبرا اور لعنت کرنا ہمیں انہی درجات عالیہ کا مستحق بنا دیتا ہے۔ جن کے حضرت سلمانؓ فارسی حضرت مقدادؓ۔ حضرت ابوذر غفاریؓ حضرت عباسؓ وغیرہ شرعاً حقدار ہوئے۔
لہٰذا محبانِ اہلبیتؑ اس نعمت عظمٰے کے حصول پر اخلاقاً۔ شرعاً۔ اور فطرتاً مجبور رہیں۔ اور تبرا کو تولا سے بہتر مانتے ہیں معقولیت بھی یہی حکم دیتی ہے کہ محبوب کے دشمنوں سے دشمنی رکھنا ہی محبوب سے دوستی رکھنے کا ثبوت ہے محبوب کو دوست کہنا اور اس کے دشمنوں سے بھی دوستی رکھنا درحقیقت محبوب سے ہنسی کرنا ہے۔ یہ رذیل اور منافقانہ اور جاہلانہ طریقہ ہمارے دشمنوں کو مبارک ہو۔ ہم تو اس بیہودہ طریقہ سے تہ دل سے بیزار ہیں۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نجاست مشرکین

تفسیر بیضاوی جلد اول صفحہ ۲۸۶ اور تفسیر کشاف مطبوعہ مصر جلد دوم صفحہ ۲۹ میں بروایت ابن عباس لکھا ہے کہ سورہ توبہ آیہ نمبر ۲۸ "انما المشرکون نجس" کے رو سے مشرکین کتے اور سور کی طرح نجس العین ہیں۔ اور یہی امام حسن علیہ السلام کا بھی ارشاد ہے۔

بندریا کا قصہ

بخاری کتاب المناقب باب ایام جاہلیت و القسامہ میں عمرو بن میمون سے روایت ہے کہ میں نے زمانہ جاہلیت میں ایک بندریا دیکھی جس کے گرد بہت بندر جمع تھے۔ کیونکہ وہ بندریا زنا کی مرتکب ہوئی تھی۔ اور ان بندروں نے اس بندریا کو سنگسار کرنا شروع کر دیا۔ اور میں نے بھی اس سنگساری میں حصہ لیا۔ مؤلف کا خیال ہے کہ عمرو بن میمون کا بندریا سے اشارہ کسی ایسے صحابی کی رشتہ دار عورت سے ہوگا جو بارعب اور طاقتور ہوگا۔ اسلئے کھلا نام لینے سے خائف تھا۔ اور عورت نے زنا کیا ہوگا۔ جسکو اس کے باغیرت اقربا نے در پردہ قتل کر دیا ہوگا اور اس قتل کے مشورہ میں یہ بھی شریک ہوگا۔

ناظرین نے بخاری کی ہزلیات کافی پڑھ لی ہیں مگر یہی وہابیوں کا عقیدہ ہے کہ بخاری کی تلاوت سے تلاوت قرآن کی طرح ارضی و سماوی بلا کا دفعیہ ہو جاتا ہے۔ قحط۔ وبا۔ امساک باراں اور امراض کا یقینی علاج ہے۔ اور ہر قسم کی حاجات پوری ہو جاتی ہیں۔ بلکہ کوئی شخص کہے کہ واللہ میرے گھر رسول اللہ تشریف رکھتے ہیں۔ اور اس گھر میں بخاری موجود ہو تو وہ ہرگز گنہ گار نہ ہوگا۔ شاید ایسے ہی بیہودہ اعتقاد کی بنا پر بخاری کو تیس پاروں میں تقسیم کیا گیا ہے تاکہ مثیل قرآن معلوم ہو۔ نیز یہ امر بھی حیرت انگیز ہے کہ امام بخاری نے رسول اللہ کی نسبت کئی مقامات پر صرف رجل کا لفظ استعمال کیا ہے جو تعلیم عمر بن خطاب کے تقاضا سے ہے جب اس نے کہا کہ یہ شخص ہذیان کی حالت میں ہے گرو اور چیلہ ایک ہی نمونہ کے ہیں۔

توثیق علمائے کرام اہل سنت

سید علی ہمدانی شافعی سنی۔ فاضل رشید نے کتاب ایضاح میں لکھا ہے کہ سید علی ہمدانی اہلسنت کے علمائے عظام میں سے تھا۔ اور اس کی کتاب مودۃ القربیٰ قابل تعریف اور توصیف

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اور مایۂ فخر و مباحات سنت ہے۔ ملا جامی نے نفحات الانس میں لکھا ہے کہ سید علی ہمدانی اولیائے کبار اور علمائے مختار سے تھا اور اس نے ایک ہزار اولیاء سے فیض صحبت حاصل کیا علوم ظاہری اور باطنی سے آگاہ تھا حقائق احادیث و تفاسیر کا ماہر تھا اور قطب دوران اور شیخ شیوخ زمان تھا۔

جمال الدین محدث۔ صاحب تحفہ کے مشائخ اجازہ میں سے ہے جیسا کہ اس نے رسالہ اصول حدیث میں بیان کیا ہے اور کہا ہے کہ سیرت نبوی میں جس قدر کتابیں لکھی گئی ہیں۔ ان میں نسخہ صحیحہ روضۃ الاحباب بہترین کتاب ہے شیخ عبد الحق نے تحصیل الکمال میں اور شاہ ولی اللہ نے ازالۃ الخفا میں روضۃ الاحباب سے استناد کیا ہے ملا علی قاری نے مرقاۃ شرح مشکوٰۃ میں نقل کی ہے۔ کہ جمال الدین مشائخ کبار سے تھا۔ صاحب منتہی الکلام نے مسلک اول میں اس کو اہلبیت کے اکابر محدثین سے لکھا ہے خیر جاری شرح بخاری اور تاریخ خمیس اور مدارج النبوت اور رجال مشکوٰۃ میں روضۃ الاحباب سے روایات نقل کی گئی ہیں اور استدلال و احتجاج کیا گیا ہے اور مستند اور معتبر مانا گیا ہے۔

ابن صباغ مالکی سنی۔ ابن حجر عسقلانی کے شاگرد عبد الرحمان سخاوی نے کتاب ضوء لامع میں اور عمر بن صدیقی نے اتحاف الورے میں اور محمد بن عبد القادر شافعی نے ذخیرۃ المال میں اور فاضل رشید نے ایضاح میں اور سید سمہودی نے جواہر العقدین میں لکھا ہے کہ ابن صباغ فقیہ اور محدث تھا۔ اور صاحب فضائل و مناقب تھا۔ وغیرہ۔

فخر الدین رازی۔ مرآۃ الجنان یافعی اور طبقات ابن حماعہ اور وفیات الاعیان اور طبقات الکبریٰ سبکی اور طبقات الفقہا ابن شیبہ میں فخر الدین رازی کو امام العلامہ اور صاحب تصانیف مشہور آفاق اور ماہر علوم و فنون وغیرہ لکھا ہے۔

امام جار اللہ زمخشری۔ وفیات الاعیان اور مرآۃ الجنان اور طبقات حنفیہ مسمی بجواہر مضیہ اور روض المناظرین فی علم الاوائل والاواخر محب الدین ابن شحنہ حنفی حلبی اور اعلام الاخیار کفوی اور بغیۃ الوعاۃ اور مفتاح۔ کنز الدرایہ اور نہایہ جزری اور انساب سمعانی میں زمخشری کی غایت درجہ تعریف و توصیف کی گئی ہے۔ جامع الاصول ابن اثیر میں لکھا ہے کہ زمخشری حنفی علوم حدیث و تفسیر و ادب میں یگانہ آفاق تھا۔ اور اس پر فضائل کا خاتمہ ہو گیا اور بلا شک و شبہ اپنے زمانہ کا امام اور فقیہ اور متکلم اور محدث اور مفسر اور مجتہد تھا۔ علوم میں اور کسی کے ایسے آثار نہیں۔ خاص کر تفسیر کشاف بے مثل تفسیر ہے۔ اگر بلاغت مطلوب ہو تو اس کی ملازمت کرنی چاہیے۔

عمر بن عادل حنبلی سنی۔ میزان عبد الوہاب شعرانی میں عمر بن عادل کو ثقہ اور معظم تسلیم کیا گیا ہے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ملا علی قاری ۔ ملا حیدر علی نے ازالۃ الغین میں ملا علی قاری کو اکابر محدثین سے لکھا ہے۔
کشف الظنون عن اسامی الکتب والفنون میں فقہ اکبر کی شرحوں کا ذکر کرتے ہوئے لکھا ہے کہ ایک شرح ملا علی قاری کی بھی ہے جس کا نام المنح الازہر ہے۔

جمال الدین مزی ۔ کشف الظنون میں ہے کہ جمال الدین مزی کی تصنیف تہذیب الکمال فی اسماء الرجال تیرہ جلدوں میں ہے۔ اور اپنا نظیر و عدیل نہیں رکھتی۔ امام ذہبی نے اسی تہذیب الکمال کا اختصار کیا ہے۔

محب طبری ۔ شاہ صاحب نے جواب طعن فدک میں تسلیم کیا ہے۔ کہ محب طبری کی کتاب ریاض النضرہ معتبر اور مشہور ہے۔ شاہ ولی اللہ نے ازالۃ الخفا میں اس کی روایات کو درج کیا ہے۔ فاضل رشید نے شوکت عمریہ میں ریاض النضرہ کو کتب معتبرہ اہلسنت سے شمار کیا ہے۔ امام الحدیث ذہبی اپنی کتاب معجم مختص میں اس کو جلیل القدر عالم اور عارف فقیہ لکھتا ہے۔ تقی الدین نے عہد الشیخین میں اس کی بہت حمد و ثنا کی ہے۔ ابن سعد طبقات الشافعیہ میں اس کی تعریف میں رطب اللسان ہے۔ المنتقریہ لکھا ہے کہ محب طبری حافظ اور مفتی اور عالم اور عامل اور عارف اور فقیہ اور شیخ الحرام اور زاہد اور محدث تھا۔ مکہ میں شافعی کے بعد ویسا عالم کوئی نہیں ہوا۔

یاقوت حموی ۔ تاریخ ابن خلکان میں یاقوت حموی کے فضائل عالیہ و محامد سامیہ لکھنے کے بعد یہ بھی لکھا ہے۔ کہ عالم اہلسنت کے متعصب ترین علما میں سے تھا۔

ابن حزم ۔ ابن حزم اندلسی مصنف جمع بین الصحیحین کا استاد تھا۔ تحفہ کے باب امامت میں شاہ صاحب نے لکھا ہے۔ کہ ابن حزم علمائے اہلسنت سے ہے۔ ابن تیمیہ نے منہاج میں ابن القیم نے زاد المعاد میں۔ ابن حجر عسقلانی اصابہ میں کتاب محلی سے استفادہ کیا ہے۔ خلاصۃ الاعیان میں ابن حجر مکی میں ہے کہ ابن حزم ظاہری شیخ امام علامہ یکتائے زمانہ اور صاحب تصانیف عالیہ ہے۔ اعاظم علما۔ ماہرین حدیث و فقہ اور ناقدین میں سے تھا۔ اور زمانہ کے کل علما سے سب سے زیادہ حافظ اور ثقہ اور پرہیزگار تھا۔ بڑے بڑے محدثین اور فقہا اسکے شاگرد تھے سپین میں ایسا جامع علوم کوئی عالم نہیں ہوا۔

سید سمہودی ۔ جذب القلوب شیخ عبدالحق میں ہے کہ سید نورالدین سمہودی بن سید شریف عفیف الدین عبداللہ بن احمد حسینی مدنی مصنف وفا الوفا سید۔ عالم کامل۔ یکتائے اعلام۔ عالم مدینہ خیر الانام ہے اس پر خدا کی وہ رحمت ہو جو نیکو کاروں پر پہنچی ہے خدا اسکو دار القرار جنت میں جگہ دے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

عمر ابن شیبہ ۔منتہی الکلام مولوی حیدر علی میں ہے کہ عمر بن شیبہ حافظ حدیث اور ائمہ امجاد میں سے ہے۔

ملا محمد ابن خاوند شاہ ۔روضۃ الصفا مصنفہ ملا محمد ابن خاوند شاہ اہلسنت کے ہاں نہایت معتبر اور مستند کتاب ہے یہ کتاب علمائے عظام مثل ابن اسحاق و بیہقی و اصمعی کی تصانیف سے جمع کی گئی ہے۔تحفہ نے اس کتاب سے جا بجا استفادہ کیا ہے۔

غیاث الدین ۔حبیب السیر فی اخبار افراد البشر مصنفہ غیاث الدین بن ہمام الدین المعروف خاوند امیر ہے غیاث الدین نے اس کتاب کو اپنے باپ ملا محمد کی تاریخ روضۃ الصفا سے خلاصہ کرکے لکھا ہے۔اور اپنی طرف سے لطیف اضافہ بھی کیا ہے۔صاحب تحفہ نے اس کتاب کو طعن سوئم و چہارم و یازدہم میں تاریخ معتبرہ میں سے تسلیم کیا ہے۔

ملا معین ہروی ۔معارج النبوۃ آسیر ملا معین ہروی بھی اس کو کہا جاتا ہے) مصنفہ ملا معین ہروی نہایت پایہ اور اعتبار کی کتاب تسلیم کی گئی ہے شیخ عبدالحق محدث دہلوی اپنی کتاب مدارج النبوۃ میں بکثرت معارج النبوۃ سے سند لیتا ہے۔علاوہ بریں خود مصنف معارج النبوۃ اس کے دیباچہ میں مسطور ہے کہ میں نے یہ کتاب بعد از مطالعہ کتب احادیث صحیحہ و تنقیح روایات و اسانید معتبرہ جمع کی ہے۔

کتاب نہج البلاغت ۔تفتازانی نے شرح مقاصد میں۔قوشجی نے شرح تجرید میں۔گازرونی نے مفتاح الفتوح فاضل قوام الدین یوسف قاضی بغداد نے اپنی شرح میں۔ابن خلکان نے وفیات الاعیان میں۔علامہ یافعی نے مراۃ الجنان میں۔نواب صدیق حسن خان نے ابجد العلوم میں ابن ابی الحدید نے اپنی شرح میں۔اور شیخ محمد عبدہ مصری نے اپنی شرح میں تسلیم کیا ہے کہ نہج البلاغت جناب امیر علیہ السلام کا اپنا کلام ہے۔

ابن قتیبہ ۔تواریخ خطیب اور ابن خلکان اور مراۃ الجنان اور انساب سمعانی اور جامع الاصول اور تہذیب الاسماء نووی اور بغیۃ الوعاۃ سیوطی اور میزان الاعتدال ذہبی اور لسان المیزان عسقلانی اور ازالۃ الغین مولوی حیدر علی میں ابو محمد عبداللہ بن مسلم بن قتیبہ کے فضائل اور محامد کی بہت تعریف کی گئی ہے۔وفیات الاعیان میں ہے کہ ابن قتیبہ فاضل اور ثقہ تھا۔اور لسان المیزان میں ہے۔کہ ابن قتیبہ اہلسنت کا فاضل اور ثقہ عالم تھا۔اور جناب امیر علیہ السلام سے منحرف تھا۔

امام بیہقی ۔وفیات الاعیان اور مراۃ الجنان اور فیض القدیر اور مفتاح۔کنز الدرایہ اور طبقات سبکی میں امام بیہقی کی حد درجہ تعریف و توصیف کی گئی ہے۔شاہ عبدالعزیز نے بستان المحدثین

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

میں لکھا ہے کہ خدا نے امام بیہقی کے علم میں عظیم برکت دی اور قوت فہم کو کمال مرتبہ تک پہنچایا۔ اس کی تصانیف مجوبہ روزگار ہیں جنکی مثل سابقین سے نہیں مل سکتی سبکی کہتا ہے کہ امام بیہقی جیسا عالم مجھے کوئی نہیں معلوم ہوا۔ اور ختم کہتا ہے۔ کہ اس کی تصانیف میں سے دلائل النبوت اور شعب الایمان اور کتاب الاعتقاد اور کتاب مناقب شافعی اور کتاب الدعوات بے نظیر ہیں۔ عبدالعزیز مروزی فقیہہ کہتا ہے کہ میں نے خواب میں دیکھا کہ ایک صندوق زمین سے آسمان کی طرف جا رہا ہے جسکے گرد گرد نور ہی نور ہے میں نے پوچھا یہ کیا چیز ہے فرشتوں نے کہا۔ کہ یہ امام بیہقی کی تصانیف ہیں جو بارگاہ کبریا میں مقبول ہو گئی ہیں۔ امام بیہقی ۴۵۸ھ میں فوت ہوا۔

حاکم۔ تہذیب الاسماء نووی اور رجال مشکوٰۃ شیخ عبدالحق اور مرآۃ الجنان یافعی اور کتاب الامتاع او فوکی اور وفیات الاعیان ابن خلکان میں امام حاکم کی جلالت علم اور رفعت فضل کا تذکرہ موجود ہے۔ فیض القدیر مناوی میں ہے کہ سبکی کہتا ہے کہ اس امر پر تمام علما متفق ہیں کہ امام حاکم ان سب سے بڑا امام ہے جسکی ذات سے خدا نے دین کو محفوظ رکھا ہے۔ جامع الاصول ابن اثیر میں ہے کہ امام حاکم فن حدیث کا عالم اور اسکے غوامض اور اسرار سے آگاہ اور عارف تھا۔ رسالہ ترجیح مذہب شافعی امام فخر الدین رازی میں ہے کہ حاکم امام اور تحقیقات میں سب سے بڑھ کر تھا ۴۰۵ھ میں فوت ہوا۔

ابوالشکور۔ شیخ احمد فاروقی سرہندی نے جسکو اہلسنت مجدد الف ثانی کہتے ہیں اپنے مکاتیب میں لکھا ہے۔ کہ ابوالشکور محمد بن عبدالسعید اکابر علمائے حنفیہ سے ہے۔

عبدالکریم۔ طبقات ابن جماعہ میں عبدالکریم سمعانی کی بہت صفت و ثنا کی ہے۔

ابوبکر ابنبازی۔ انساب سمعانی میں ابوبکر ابنبازی کی بے مثل قابلیت اور عظیم المرتبہ علم کو تسلیم کیا گیا ہے۔ ۳۲۸ھ میں فوت ہو گیا۔

شیخ عبدالحق۔ کتاب المناقب سبحۃ المرجان بلگرامی میں ہے کہ شیخ عبدالحق کمال باطنی و ظاہری سے آراستہ اور جمال نبوی کا عاشق صادق تھا۔ وہ اقطاب زماں اور اولیائے کبار کی صحبت میں رہا۔ اس نے کنز العمال کے مصنف ملا علی متقی کے شاگرد شیخ عبدالوہاب متقی کی شاگردی کی۔ وہ مشاہیر علمائے ہند سے تھا۔ اس نے حدیث میں کتب معتبرہ تصنیف کیں جن کو علمائے زماں نے دستور العمل بنایا۔ العیلاج فاضل رشید میں ہے کہ اس کے علوم و فنون کا پایہ آسمان سے برتر تھا۔ اور علمائے اہلسنت نے اس کی تصانیف کو مسلم الثبوت تسلیم کیا ہے۔

ابن حجر مکی۔ خفاجی نے ریحانۃ الالباس میں ابن حجر مکی کو صاحب فضل و کمال تسلیم کیا ہے شیخ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

عبدالحق نے ماثبت بالسنۃ میں اس کو شیخ الفقہا والمحدثین لکھا ہے اور کشف الظنون میں اس امام کو حافظ لکھا گیا ہے۔ ۷۶۸ھ میں فوت ہوا۔

امام یافعی۔ درر کامنہ عسقلانی۔ نفحات الانس جامی۔ تاریخ ابن رافع طبقات فقہائے شافعیہ طبقات سنوی طبقات الخواص یمنی میں ہے کہ امام یافعی گیارہ سال کی عمر میں بالغ ہو گیا تھا۔ اور علم و فضل میں مشہور زمانہ تھا۔ اس کے اوصاف مثل آفتاب تاباں بیان سے مستغنی ہیں۔ اس کی تصانیف مفیدہ مختلف فنون میں ہیں۔ اس کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی زیارت بھی ہوئی اور آنحضرت نے اس کی شفاعت کا وعدہ فرمایا۔

ابو محمد سفیان۔ لواقح الانوار فی طبقات الاخیار امام عبدالوہاب شعرانی اور شرح بخاری کرمانی میں ہے کہ ابو محمد سفیان ابن عیینہ جو علمائے اخیار میں سے ہے۔ چار برس کی عمر میں قرآن حفظ کر لیا اور سات برس کی عمر میں حدیث کی کتابیں تالیف کیں۔

عبدالوہاب شعرانی۔ صاحب منتہی الکلام نے مسلک اول میں امام عبدالوہاب شعرانی کی قابلیت پر فخر و مباہات کیا ہے۔ رسالہ انتباہ فی سلاسل الاولیا شاہ ولی اللہ میں ہے۔ کہ شعرانی عارف باللہ اور صاحب تصانیف تھا۔

ابو یحییٰ۔ لواقح الانوار فی طبقات الاخیار شعرانی میں ہے کہ فتح الباقی تصنیف ہے شیخ الاسلام ابو یحییٰ زکریا انصاری شافعی کی۔ اور ابو یحییٰ کے متعلق سیدنا و مولانا شیخ الاسلام لکھا ہے۔

خطیب۔ مدینۃ العلوم میں ہے کہ خطیب یکتائے حفاظ اور ماہرین حدیث اور ثقہ اور عالم تھا۔ صفدی اس کو فن حدیث کا امام کہتا ہے۔ اور اس کو یحییٰ بن معین اور علی بن المدینی اور ابی خیثمہ کا ہم پایہ بتاتا ہے۔

ابن الصلاح۔ وفیات الاعیان میں ابن الصلاح کے متعلق لکھا ہے کہ یہ تفسیر حدیث فقہ وغیرہ میں فاضل عصر تھا۔ ۶۴۳ھ میں فوت ہو گیا۔

ابن القیم۔ سیوطی نے بغیۃ الوعاۃ میں لکھا ہے کہ ابن القیم تفسیر حدیث اور اصول وغیرہ میں اہلسنت کے ائمہ کبار اور مجتہدین میں سے تھا۔

ابن عبدالبر۔ انساب سمعانی اور استیعاب اور تراجم الحفاظ بدخشانی اور مراۃ الجنان اور تبیان ابن ناصر الدین میں استیعاب کے مصنف علامہ ابن عبدالبر کے بہت فضائل اور مناقب لکھے ہیں کہ عبدالبر حفظ اور اتقان میں اپنے زمانے کا سردار تھا سپین میں اس جیسا محدث کوئی نہیں ہوا وہ سب

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اہل مغرب سے بڑھ کر حافظ حدیث تھا۔ اس کی تصنیفات بے مثل ہیں۔ صحابہ کے حالات میں استیعاب جیسی اور کوئی کتاب نہیں ہے۔

ابن عربی ۔ ازالۃ الغین مولوی حیدر علی صاحب منتہی الکلام اور مفتاح کنز الدرایہ میں ہے کہ ابن عربی خاتم علمائے اندلس اور آخر حفاظ تھا۔ کریم النفس شریف الاخلاق اور علوم کا پھیلانیوالا بحر علوم اور ثاقب الذہن تھا۔ اس کی تصنیفات مطالب علمی سے مالا مال ہیں۔ اس کی مدح و ثنا اور فضائل اور محامد بکثرت ہیں۔ اس کی تفسیر کبیر مشہور و معروف ہے۔

ابن عربی ۔ ملا علی قاری نے تاریخ اسلام سے نقل کیا ہے کہ ہمارے شیخ محقق علامہ حافظ مفتی مصنف ابو زرعہ احمد سے جو ہمارے شیخ حافظ عراقی شافعی کا بیٹا ہے ابن عربی کے متعلق پوچھا گیا۔ اس نے جواب دیا کہ بہ تحقیق ابن عربی کی مشہور کتب فصوص الحکم اور فتوحات مکیہ میں کفریات ہیں جو صاف صاف اور بلا شک و شبہ ہیں۔ پھر لکھتا ہے کہ ابن کثیر شیخ عماد الدین نے بیان کیا کہ وہ حافظ جمال الدین مزی کے ہمراہ امام قونوی کے پاس گیا پس ابن عربی کی فصوص الحکم کا ذکر کیا تو امام قونوی نے کہا۔ کہ اس میں کفر ظاہری ہے۔

مناوی ۔ علامہ مناوی بہت بڑا عالم اور فاضل ہے۔ [illegible] تصانیف سے فیض القدیر شرح جامع صغیر اور شرح شمائل ترمذی مشہور ہیں۔ جنکی تعریف کفایۃ [illegible] تاج الدین اور کشف الظنون میں بہت کی گئی ہے۔

ابن مردویہ ۔ معجم البلدان یاقوت حموی میں ہے کہ ابوبکر احمد بن موسیٰ بن مردویہ ثقہ اور معتبر محدث تھا۔ علامہ سیوطی نے اس کی روایات سے استفادہ کیا ہے۔ صاحب کشف [illegible] میں اس کی اور ثعلبی اور ابن جریر کی تفاسیر کو مشاہیر تفاسیر سے شمار کیا ہے۔ اخطب خوارزم کہتا ہے کہ ابن مردویہ امام اور حافظ حدیث اور طراز المحدثین تھا۔ سمعانی نے انساب اور ذہبی نے تذکرۃ الحفاظ میں جا بجا ابن مردویہ سے استفادہ کیا ہے۔

حافظ ضیاء الدین ۔ کشف الظنون بعد دو صد و نود و ششم (۲۹۶) میں ہے کہ کتاب مختارہ حافظ ضیاء الدین محمد بن عبد الواحد مقدسی حنبلی کی تصنیف در بارہ حدیث ہے جس کی وفات ۶۴۳ھ میں ہوئی۔ اس میں التزام کیا ہے صحت کا۔ کہ ان حدیثوں کی تصحیح کی جن کے قبل کوئی سابق نہ ہوا۔ ابن کثیر نے کہا کہ یہ کتاب ناتمام رہی تھا۔ بعض مشائخ اس کو مستدرک حاکم پر ترجیح دیتے ہیں تدریب الراوی علامہ سیوطی ص ۳۶ میں ہے کہ منجملہ انکے حافظ ضیاء الدین ہیں جنہوں نے ایک کتاب جمع کی ہے جس کا نام مختارہ ہے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اس میں التزام کیا ہے صحت کا اور ایسی حدیثیں اس میں ذکر کی ہیں جن پر کسی نے سبقت نہیں کی کتاب التقیید والایضاح زین الدین عراقی ۔ صفحہ لمع سخاوی شرح مشکوٰۃ عبدالحق دہلوی ۔ اتحاف النبلاء مولوی صدیق حسن خاں ، اور قول محقق مولوی حسن زماں میں بھی پر زور الفاظ درج ہیں ۔ کہ کتاب مختارہ ضیاء الدین مقدس نہایت معتبر اور اصح احادیث کا مجموعہ ہے ۔

ابن حاتم ۔ لآلی مصنوعہ سیوطی ص۳ پر ہے کہ ابن حاتم نے اپنی تفسیر میں اس کا التزام کیا ہے کہ صحیح ترین روایات کو وارد کرے ، وہ ہرگز کسی موضوع حدیث کو اس نے نہیں لکھا ۔ تفسیر اتقان سیوطی حصہ دوم ص۱۶۸ پر ہے کہ ابن ابی حاتم نے اس کا التزام کیا ہے کہ اس حدیث کو داخل تفسیر کرے جو اصح ہو ۔

شیخ احمد بن عبدالقادر بن بکری العجیلی بحر العلوم مولوی صدیق امیر المومنین اہلحدیث میں ہے کہ شیخ احمد بن عبدالقادر بکری العجیلی نے علوم کو اپنے آبا کرام سے حاصل کیا ۔ جو تعداد میں کثیر ہیں ۔ ان کی تصنیفات سے بہت رسائل اور مسائل ہیں جن میں سے ایک نفخہ قدسیہ ہے ۔ دوسرا عقد جواہر اللآل فی مدح آل ہے ۔ جس پر شرح بھی لکھی جس کا نام ذخیرۃ المال ہے ۔ ان کے مناقب کثیر ہیں اور فضائل بے شمار ، مدتوں یہی حالت رہی یعنی تصنیف اور تالیف میں سرگرم رہے پھر گوشہ نشین ہو گئے ۔

علی الخواص ۔ لواقح الانوار میں ہے کہ علی الخواص ولی اللہ اور صاحب کرامات تھا ۔ شعرانی کہتا ہے کہ علی الخواص میرا شیخ اور استاد اور مرشد اور کامل اور راسخ آدمی تھا ۔ قرآن اور حدیث کے معنوں میں نفیس کلام کرتا تھا ۔ اور اس کی نظر لوح محفوظ پر پڑتی تھی ۔ وہ لوح کہ جس میں محو نہیں ہوتا

قاضی عضدالدین ۔ کتاب مواقف لطیف ہے قاضی عضدالدین کی اس کتاب کی شرح سید شریف جرجانی نے کی ہے ۔ مفتاح کنزالدرایہ میں ہے کہ حافظ شمس الدین محمد عبدالرحمان سخاوی نے ایک رسالہ قاضی عضدالدین کے حالات میں لکھا ہے ۔ جس میں مرقوم ہے کہ قاضی موصوف علامہ اور محقق تھا ۔ اس کا باپ رکن الدین احمد بن برہان الدین عبدالغفار بن احمد تھا ۔ جو قاضی القضاۃ تھا ۔ اس کا شجرہ نسب ابوبکر بن قحافہ سے ملتا ہے ۔ اپنے زمانہ کے مشائخ سے قاضی مذکور نے علوم حاصل کئے اور شیخ زین الدین ہنگی کی شرف ملازمت حاصل کی ۔ شیخ زین الدین قاضی بیضاوی کا شاگرد تھا ۔ قاضی عضدالدین معقولات میں بڑا عالی مرتبہ اور معانی و نحو کے اصول میں اعلیٰ مہارت رکھتا تھا ۔ دیگر علوم میں اسے بہت دسترس تھی ۔ اس سے بڑے بڑے فضلا نے فیضان حاصل کئے مثلاً شمس کرمانی اور ابہری وغیرہ نے اور نیز سعدالدین تفتازانی نے بھی کیا ۔ مواقف اور مختصر مواقف وغیرہ اس کی تصنیفات ہیں ۔ نیز ابن حجر عسقلانی نے درر کامنہ میں قاضی موصوف کی بہت تعریف کی ہے ۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

امام بغوی - سنیوں کا شیخ الاسلام اور علامۃ الزمان ابن تیمیہ اپنی کتاب منہاج السنۃ میں لکھتا ہے کہ بغوی نے اپنی تفسیر میں ایک بھی موضوع حدیث نہیں لکھی۔ ازالۃ الخفا ولی اللہ اور وفیات الاعیان ابن خلکان اور مرآۃ الجنان یافعی اور وافی بالوفیات صفدی اور میزان ذہبی اور طبقات ابن جماعۃ اور بغیۃ الوعاۃ سیوطی میں ہے کہ تفسیر ثعلبی نہایت معتبر اور بڑے پایہ کی تفسیر ہے اور صاحب تفسیر صالح آدمی ہے۔ ایسے ہی اہلسنت کی کتب کثیرہ میں وارد ہے کہ بغوی فاضل اور ثقہ تھا۔ اور واحدی بھی تفسیر ثعلبی کی تعریف میں زمین و آسمان کے قلابے ملاتا ہے۔

ابو اللیث - اعلام اخیار کفوی میں ابو اللیث کے متعلق لکھا ہے کہ یہ شخص شیخ الامام اور مقتدی الانام اور فقیہ ہے۔

ابو القاسم المعروف بہ ابن عساکر - وفیات الاعیان ابن خلکان میں ابن عساکر کی نہایت درجہ تعریف و ثنا کی گئی ہے۔

ملا علی متقی - اخبار الاخیار شیخ عبدالحق دہلوی میں ملا علی متقی کی تعریف و توصیف کی گئی ہے جس کا ماحصل یہ ہے کہ اس کے آبا و کرام جونپور سے آکر مکہ میں مقیم ہوئے۔ ملا علی نے دنیا کو اپنے علوم و فنون دینی اور مجاہدات اور عرفان سے منور کر دیا۔

امام طبری طبقات فقہائے شافعیہ سبکی۔ تہذیب الاسماء معجم حموی۔ طبقات ابن جماعہ انساب سمعانی۔ تاریخ خطیب۔ مدینۃ العلوم۔ وفیات الاعیان میں لکھا ہے کہ طبری امام جلیل اور مجتہد مطلق اور دنیا کے اماموں سے از روئے علوم دین یگانہ تھا اور حدیث و تاریخ و تفسیر و فقہ کا امام تھا۔ اس کی تاریخ اصح التواریخ ہے۔ اور وہ ترمذی اور نسائی کا ہم پایہ تھا۔ اس نے بخاری اور مسلم کے استادوں سے احادیث حاصل کیں۔ اور اس کی فضیلت کو اس کا کوئی اہل زمانہ نہیں پہنچا۔ تحفہ کے باب دوئم کید پنجاہ و دوئم میں تسلیم کیا گیا ہے کہ کتاب محمد بن جریر الطبری شافعی اصح التواریخ ہے۔ صواقع نصر اللہ کابلی میں بھی تاریخ طبری کو اصح التواریخ مانا گیا ہے۔

ابن خلکان طبقات ابن جماعۃ۔ تاریخ یافعی۔ تاریخ صلاح الدین فزاری۔ طبقات اسنوی حسن المحاضرۃ سیوطی۔ مدینۃ العلوم اور تصانیف ذہبی میں ہے۔ کہ ابن خلکان عالم بارع اور عارف بالمذہب اور سدید الفتاوے اور عارف تواریخ تھا۔ اور اس کی تاریخ اپنے فن میں احسن ہے۔

سبط ابن جوزی - روض المناظر ابن شحنہ۔ کفایۃ المطلع تاج الدین۔ مدینۃ العلوم۔ مسند خوارزمی اور کشف الظنون میں ہے کہ سبط ابن جوزی اکابر آئمہ اہلسنت اور ان کے معتبرین اور محدثین

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

میں سے اور صاحب محامد و فضائل کثیر ہے۔

حسین بن محمد بن حسن الدیار بکری ۔ انسان العیون علی بن برہان الدین حلبی نے تاریخ خمیس بکری سے استناد و احتجاج کیا ہے صاحب تاریخ خمیس دیباچہ کتاب میں خود لکھتا ہے کہ میں نے یہ تاریخ تفسیر کبیر اور تفسیر کشاف اور تفسیر معالم التنزیل وغیرہ کتب معتبرہ سے جمع کی ہے۔ دیگر مورخین اہلسنت نے اس تاریخ کو معتبر تسلیم کیا ہے۔

امام واقدی ۔ شیخ عبدالحق نے شرح مشکوٰۃ میں لکھا ہے۔ کہ واقدی امام بخاری اور مسلم کی طرح اکابر محدثین میں سے تھا۔ اور اہل حفظ و اتقان میں سے تھا۔ اس نے طلب احادیث میں طواف بلاد اور سیر امصار کیا۔ مصعب زبیری کہتا ہے کہ خدا کی قسم ہم نے کبھی واقدی کی نظیر نہیں دیکھی۔ دراوردی اسکو امیر المومنین فی الحدیث تسلیم کرتا ہے۔ ابن اسحاق صغانی کہا کرتا کہ اس کی تعریف اس سے زیادہ ہے کہ میں بیان کرسکوں۔ امام رازی نے نہایۃ العقول میں اور علامہ تفتازانی نے شرح مقاصد میں اور علامہ قوشجی نے شرح تجرید میں واقدی کی جلالت و عظمت اس پایہ کی سمجھی ہے کہ اس کا حدیث غدیر کو نہ بیان کرنا حدیث غدیر کے موجبات قدح میں شمار کیا ہے اور اس کو بخاری اور مسلم کا ہم پایہ مانا ہے ابراہیم حربی اس کو امین الناس فی الاسلام اور دعا نازئیں مردم بہ اسلام مانتا ہے! امام ذہبی نے میزان میں اسکے محامد و فضائل اور متبحر علوم و فنون ہونے میں اور اسلام کے قلابے ملا دئے ہیں۔

علی بن برہان الدین ۔ اہلسنت کے علمائے ثقات فضلائے اثبات سے ہے یہ شخص ابو عبداللہ محمد فخر الاسلام بکری صدیقی کا شاگرد تھا۔ نورالدین شبراملیسی نے حاشیہ مواہب لدنیہ میں اس کو شیخ حلبی کا لقب دیا ہے۔ اور انسان العیون سے استفادہ کیا ہے۔ انسان العیون خلاصہ ہے عیون الاثر حافظ ابوالفتح بن سید الناس اور سیرت محمد بن یوسف شامی مسمیٰ بہ سبل الہدیٰ والرشاد فی ہدی خیر العباد کا جیسا کہ علی بن برہان الدین نے اس امر کی تصریح خطبہ میں کردی ہے۔

ابن اثیر جزری ۔ وفیات الاعیان اور تاریخ یافعی اور طبقات ابن جماعہ میں ابن اثیر جزری المصنف تاریخ کامل و اسد الغابہ کے فضائل عظیمہ اور مناقب جلیلہ کا تذکرہ شرح و بسط سے لکھا ہے۔ ابن اثیر جزری بھائی ہے صاحب جامع الاصول کا۔ مرآۃ الجنان میں ہے کہ ابوالحسن علی جزری امام حافظ صدر معظم۔ کثیر الفضائل۔ حافظ تواریخ و انساب ادیب جلیل صاحب حشمت تھا۔ اسکا گھر مجمع فضل تھا۔ اس نے تاریخ کامل کو دس جلدوں میں تصنیف کیا اور انساب سمعانی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مشکوٰۃ باب فی المعراج فصل اول ۲۴۵ پر ہے کہ شب معراج آنحضرتؐ کا دل چیرا گیا اور آب زمزم سے دھو کر اس میں ایمان بھر گیا۔ بخاری باب لنسیان القرآن میں ہے کہ آنحضرتؐ نے ایک شخص کو مسجد میں قرآن پڑھتے سنا تو فرمایا۔ خدا اس پر رحم کرے اس نے مجھ کو یہ آیتیں اس سورۃ سے یاد کرائیں

بخاری میں ہے کہ فرمایا آنحضرتؐ نے کہ کوئی نبی یا اس کا خلیفہ ایسا نہیں کہ جس میں دو قوتیں نہ ہوں۔ ایک وہ جو نیکی کی طرف کشش کرے اور دوسری وہ جو بدی کی طرف کھینچے۔

بخاری میں ہے کہ جب نماز کے لئے صف بندی ہو گئی اور آنحضرتؐ آگے کھڑے ہو کر نماز شروع کرنی چاہی تو یاد آگیا کہ میں جنبی ہوں پس آنحضرتؐ نے غسل کر کے نماز پڑھائی۔

بخاری میں ہے کہ آنحضرتؐ نے نماز پڑھائی۔ تو اس میں کچھ زیادتی یا کمی کر دی۔ اصحاب نے آگاہی دی تو سجدہ سہو ادا کیا اور فرمایا۔ میں بھی تمہاری طرح آدمی ہوں۔ جب پھر ایسا کروں۔ تو اطلاع دے دیا کرو۔ پھر لکھا ہے کہ آنحضرتؐ نے نماز ظہر میں پانچ رکعتیں پڑھاویں پھر لکھا ہے کہ اگر کوئی بھولے سے قبلہ کے سوا دوسری طرف نماز پڑھ لے۔ تو اس پر نماز کا اعادہ واجب نہیں کیونکہ آنحضرتؐ نے نماز ظہر میں دو رکعت کے بعد سلام پھیر دیا۔ اور نمازیوں کی طرف اپنا منہ کیا اور پھر بقایا نماز (قبلہ کی طرف منہ کر کے) ادا کی۔

بخاری میں ہے کہ آنحضرتؐ معہ دیگر اصحاب سفر میں تھے رات آگئی اور آنحضرتؐ سو رہے۔ یہاں تک کہ سورج طلوع ہوا۔ اصحاب نے بلند آوازی سے تکبیریں کہیں تب حضرت بیدار ہوئے اور بغیر نماز ادا کئے کوچ کا حکم دیدیا۔ کچھ فاصلہ طے کرنے کے بعد آنحضرتؐ سواری سے اترے اور نماز فجر پڑھائی۔

تذکرۃ الحفاظ صہ۲۳ پر ہے کہ عبداللہ بن سلام یہودی نے (اب مسلمان ہو چکا ہے) آنحضرتؐ سے عرض کیا کہ یا حضرت ہم نے قرآن بھی پڑھا ہے اور توریت بھی۔ حضرتؐ نے فرمایا۔ ایک رات قرآن پڑھا کرو۔ اور دوسری رات توراۃ۔

روض الانف سہیلی معارف ابن قتیبہ کتاب الاکتفا ابوالربیع سلیمان بن سالم کلاعی میں ہے کہ کنانہ نے اپنے باپ خزیمہ کی زوجہ پر تصرف کیا جس سے نضر بن کنانہ پیدا ہوا اور یہ نضر رسول اللہ کے اجداد میں سے تھا۔ ناظرین! پس بقول اہلسنت آنحضرتؐ پر بھی معاویہ اور عمرو عاص کی طرح نصبی داغ لگا دیا گیا ہے جس کی وجہ محض حمایت دشمنان اہلبیتؑ ہے۔

شیخ احمد سرہندی سرگروہ صوفیاں نے اپنی مثنوی میں لکھا ہے :-

پنجہ در پنجہ خدا دارم　　من چہ پروائے مصطفےٰ دارم

Contact : jabir.abbas@yahoo.com　http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کتاب فردوس آسیہ جمن بہجم مصباح الزیت فی مناقب اہلبیت باب ۳ سوال قصہ افک عائشہ ص۲۹۶ پر ہے کہ خداوند عالم نے رسول اللہ کو پہلے اپنا جمال عائشہ کے پردے میں دکھایا۔ اور حضرت کو اس طریقہ سے اپنا شیدا بنایا۔ پھر یکدم اس پردے کو بیچ میں سے اٹھا دیا اور رسول اللہ کو اپنی ذات کا عاشق بنا لیا۔ اور ص۲۵۳ پر ہے کہ عائشہ نے کہا جمع کیا اللہ نے میرا لعاب بن آنحضرت کے لعاب دہن کے ساتھ اول روز آخرت کے اور آخر دن دنیا کے۔

مدارج النبوت عن مواہب لدنیہ وکشف الغمہ عبدالوہاب شعرانی میں ہے کہ آنحضرت نے فرمایا کہ میں نے بہشت میں (اپنے مرض الموت میں) عائشہ کی دونوں ہتھیلیاں دیکھیں اور مجھ پر موت کی تکلیف آسان ہو گئی! اور نیز لکھا ہے کہ عائشہ نے کہا کہ جب آنحضرت میرے گھر تشریف لاتے تو دونوں گھٹنے میرے دونوں رانوں پر رکھ دیتے اور دونوں ہاتھ میرے شانوں پر رکھتے اور مجھ پر اوندھے ہو جاتے اور حضرت کو سانس چڑھ جاتی (فردوس آسیہ مصباح الزیت فی مناقب اہلبیت فضیلت مسواک ص۲۵۲ و ص۲۵۶)

ابن ماجہ مترجمہ نواب وقار نواز جنگ باب تلقیح النخل ص۲۳۳ پر طلحہ بن عبید اللہ سے روایت ہے کہ لوگ نر کھجور کا عصارہ مادہ کھجوروں پر ڈالتے تھے تاکہ پھل زیادہ لگے۔ آنحضرت نے فرمایا میری رائے میں یہ فضول کام ہے۔ تو لوگوں نے اس کو ترک کر دیا۔ اس سال کھجوروں نے بہت کم پھل دیا۔ جس پر آنحضرت نے فرمایا یہ منع کرنا میرا اپنا گمان تھا اگر یہی کام با فائدہ ہے تو کرو میں تم جیسا انسان ہوں اور میرے گمان میں بھی خطا ہوتی ہے اور کبھی صواب۔ جب میں یہ کہوں کہ خدا نے ایسا فرمایا ہے۔ تو میں اس وقت ہرگز جھوٹ نہیں بولتا۔

بخاری کتاب الصلوٰۃ باب کراہیۃ تعری فی الصلوٰۃ میں جابر بن عبداللہ انصاری سے روایت ہے کہ کعبہ کی تعمیر میں آنحضرت بھی اپنی قوم کے ساتھ پتھر اٹھانے میں شریک ہوئے حضرت عباس نے فرمایا آپ بھی اپنا آزار اتار کر اپنے کندھے پر پتھروں کے نیچے رکھ لیں (جیسا کہ ہم نے رکھا ہوا ہے اور ہم قریباً ننگے ہیں)

پس جب آنحضرت نے بھی ایسا کیا تو شرم کی وجہ سے غش کھا کر زمین پر گر پڑے (اور بالکل برہنہ ہو گئے) مگر بعد ازاں کبھی ننگے نہیں ہوئے۔ ناظرین! اس وقت آنحضرت کی عمر ۳۵ سال کی تھی۔

بخاری کتاب الایمان والنذر اور بخاری کتاب الادب باب ما یجوز من ذکر الناس نحو قولہم الطویل والقصیر میں بروایت ابوہریرہ لکھا ہے کہ آنحضرت نے دو رکعتیں پڑھا کر (نماز ظہر کے سوائے کسی اور نماز میں) سلام پھیر دیا اور ایک عمارتی لکڑی دیکھنے چلے گئے ابوبکر اور عمر بھی نماز میں موجود

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کا اختصار کیا، اور اضافہ بھی کیا۔ ابونعیم ابن عبدالبر اور ابو موسےٰ وغیرہ کی کتب معتبرہ سے اسد الغابۃ فی معرفۃ الصحابہ کو جمع کیا۔

ابن کثیر ۔ ابن جماعۃ نے طبقات میں لکھا ہے کہ اسمٰعیل ابن کثیر اپنے زمانہ میں سب سے بڑھکر احادیث کے متن کا حافظ اور انکے رجال و مخرج و صحیح و سقیم کا عارف اور شافعی الذہب مجتہد اہم تھا۔

قاضی عیاض ۔ ابن خلکان نے وفیات الاعیان میں لکھا ہے کہ قاضی عیاض حدیث اور کل علوم متعلقہ حدیث و نحو و لغت و کلام عرب و تاریخ و انساب میں اپنے وقت کا امام باسع و متفق و متمعن در علم حدیث اور عارف اصول حدیث و فقہ و صاحب فہم ثاقب تھا۔

امام نووی ۔ امام یافعی نے وقائع میں لکھا ہے کہ شیخ الاسلام امام نووی مفتی، امام محقق و مدقق فاضل و مرتب دیناء مہذب و ضابطہ و زاہد و عابد یگانہ و صاحب کرامات و مالک مقامات اعلیٰ و ناصر سنت و مشہور نزدیک و دور و مجمع صفتوں و فائق المعاصرین تھا۔

قوشجی ۔ ملا علاء الدین علی بن محمد قوشجی شارح تجرید اہلسنت کے افاضل محققین اور حکماء مدققین سے ہے حضرت خواجہ نصیر الدین محقق طوسی کا شاگرد ہے۔ اس کی کتاب شرح تجرید تمام دنیا میں مشہور ہے اور طلباء کے درس میں پڑھائی جاتی ہے۔

کتاب غنیۃ الطالبین ۔ شاہ ولی اللہ نے تفضیل الشیخین میں اور ملا علی قاری حنفی نے شرح فقہ اکبر میں اور مولوی عبدالحکیم سیالکوٹی نے اس کے ترجمہ میں اور مولوی نعمت اللہ نے جس کا حاشیہ شرح جامی مشہور ہے رسالۂ ترغیب باب المعروف و المنکر میں اور رسالہ جد الغنا میں تسلیم کیا ہے کہ کتاب غنیۃ الطالبین تصنیف ہے شیخ عبدالقادر جیلانی کی۔ صاحب تحفہ نے باب ہفتم میں تسلیم کیا ہے۔ کہ غنیۃ الطالبین شیخ جیلانی کی تصنیف ہے اور اس سے عبارات نقل کی ہیں۔ اور شیخ کی حمد و ثنا بہت کی ہے۔ نیز واضح ہو کہ شیخ کی تعریف میں بہجۃ الاسرار اور اخبار الاخیار اور مراۃ الجنان کے مصنفین رطب اللسان ہیں مفصل خروش جیلانی مصنفہ شیر بیشہ ممتاز الاماثل و الافاضل مولانا مرزا احمد علی صاحب قبلہ ادام اللہ ظلہ میں ملاحظہ کریں۔

دمیری ۔ مولوی تقی الدین نے عقد ثمین میں لکھا ہے کہ محمد بن موسیٰ بن عیسیٰ بن علی العلامۃ المتقین کمال الدین المعروف دمیری مصری۔ شافعی مکہ میں ۷۴۲ھ میں پیدا ہوا مظفر الدین عطار سے جامع ترمذی کا درس لیا اور قاہرہ میں عبدالرحمٰن بن علی بن محمد بن ہارون ثعلبی اور محمد بن علی سے احادیث حاصل کیں اور بہت سے شیوخ سے احادیث پڑھیں۔ مکہ میں صحیح ابن حبان اور سنن ابن ماجہ اور

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مسند الطیالسی اور مسند شافعی اور معجم ابن قانع اور اسباب النزول واحدی اور مقامات حریری کا درس لیا اور علم کثیر حاصل کیا۔ اور تقی الدین سبکی سے فنون کثیرہ پڑھے اور بہاؤ الدین سبکی اور جمال الدین اسنوی سے فقہ حاصل کی بعد برہان الدین قراطی سے ادب پڑھا اور تفسیر و احادیث و فقہ و اصول و عربیت و ادب میں عالی پایہ حاصل کیا۔ یہ بڑا عابد اور مخیر تھا۔ اس کی تالیفات سے دیباچہ شرح ابن ماجہ شرح منہاج نووی اور حیات الحیوان معتبر کتابیں ہیں۔

عینی۔ جلال الدین سیوطی بغیۃ الوعاۃ میں لکھا ہے کہ علامہ عینی حافظ قاضی القضاۃ بدر الدین عینی فنون علمی میں ماہر اور امام و عالم و عارف تھا۔ شرح بخاری اور شرح شواہد اسکی تصنیفات ہیں۔

تاج الدین سبکی۔ ابن حجر عسقلانی نے درر کامنہ میں لکھا ہے کہ تاج الدین سبکی نے ابن شحنہ اور یونس اور ابن سید الناس سے اجازہ لیا۔ ۷۲۷ھ میں پیدا ہوا ۷۳۹ھ میں دمشق میں آیا۔ وہاں زینب بنت کمال اور ابن ابی الیسر سے حدیث پڑھی اور مزی سے درس لیا۔ اور ذہبی کی ملازمت کی اور طلب حدیث میں امعان کیا۔ اور فقہ و اصول و عربیت میں ماہر ہوا۔ اس کی تصانیف اس کی زندگی میں مشہور و معروف ہو گئیں۔ جو کثیر المنافع ہیں اس کی تصنیفات طبقات الکبریٰ و الوسطیٰ و صغریٰ ہیں۔

ملا جلال الدین سیوطی علامہ شعرانی نے لواقح الانوار میں لکھا ہے کہ سیوطی صرف عالم اور مجتہد ہی نہیں تھا بلکہ صاحب کشف و کرامات بھی تھا۔ مفتاح کنز الدرایہ میں ہے کہ اسکے ایک شاگرد زکریا بن محمد نے کہا کہ میں نے سیوطی کے ہاتھ کا لکھا ہوا ایک نوشتہ دیکھا۔ جس میں یہ لکھا تھا کہ میں نے بحالت بیداری آنحضرت کی زیارت کی ہے۔ اور خواب میں بھی آنحضرت کو دیکھا ہے۔ اور جب میں نے جمع الجوامع شروع کی تو میں نے آنحضرت سے پڑھنے کی اجازت مانگی۔ آنحضرت نے فرمایا اے شیخ الحدیث ہاں پڑھو سیوطی کہتا ہے کہ یہ بشارت میرے لئے تمام دنیا اور اس کے اموال سے بڑھکر تھی۔

امام غزالی۔ علامہ دمیری لکھتا ہے کہ رسول اللہ کو ابو حسن شاذلی نے جو اولیائے کرام سے تھا۔ خواب میں دیکھا کہ آنحضرت حضرت موسیٰ اور عیسیٰ کے سامنے امام غزالی کی تعریف و تحسین کر رہے ہیں اور اس پر فخر کرتے ہیں اور فرماتے ہیں کہ آپ دونوں کی امتوں میں بھی کوئی ایسا قابل شخص ہوا ہے اور تاریخ یافعی میں ہے کہ امام غزالی سرور کائنات کے لئے باعث فخر و مباہات ہے اور صاحب مقامات عالیہ و کرامات سامیہ و مجاہدات عظیمہ و جلیلہ و ریاضات شاقہ جمیلہ و قطب وجود و برکت عامہ برائے ہر موجود و عارف حقیقت و عالم شریعت و حجت الاسلام ہے اور جس طرح رسول پاک سید الانبیا تھے۔ اسی طرح غزالی سید المصنفین ہے اور غزالی سے بغض رکھنے والا ملحد اور زندیق ہے۔ ناظرین!

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

غزالی کی مدح سرائی میں غلو اس لئے کیا جاتا ہے کہ اس نے یزید کی حرمت کعبہ سے بڑھ کر کی ہے اور یزید پر بیعت کرنے سے مسلمانوں کو روکا ہے بلکہ یزید کے حق میں دعائے مغفرت کرنے کا تاکیدی حکم دیا ہے۔

تفتازانی ۔ در رکاشفہ اور اعلام الاحیا اور مفتاح بکنز الہدایہ اور بغیۃ الوعاۃ میں ہے کہ تفتازانی امام و علامہ مشہور زماں و مدقق و محقق بے نظیر تھا۔ اس جیسا فاضل آنکھوں نے نہیں دیکھا۔ سید شریف جرجانی اپنی تصنیفات میں اس کا خوشہ چین ہے۔

بلاذری ۔ شاہ ولی اللہ نے کتاب مسلسلات مشہور بہ فضل المبین میں بلاذری کو حافظ زمانہ لکھا ہے۔ مرزا معتمد خاں بدخشانی نے تراجم الحفاظ میں لکھا ہے کہ امام ذہبی اور ناصر الدین نے طبقات الحفاظ میں بلاذری کو رجال حفاظ سے مانا ہے۔ انساب سمعانی میں ہے کہ بلاذری حافظ اور فہیم اور عارف انساب و اسماء متقن و احادیث تھا۔ اور وہ کبھی ان میں خطا نہ کرتا تھا۔ وہ حفظ اور وعظ میں اپنے زمانہ میں یگانہ تھا۔

ابن ابی الحدید ۔ مجمع الادب فی معجم الالقاب کمال الدین عبد الرزاق بن ابی المعالی شیبانی اور وفیات الاعیان ابن خلکان۔ فوات الوفیات بشیخ صلاح الدین محمد بن شاکر بن احمد خازن میں ہے کہ ابن ابی الحدید اعیان علمائے افاضل و اکابر صدور اماثل سے تھا۔ اور وہ حکیم اور فاضل اور عارف اصول کلام تھا۔ شرح نہج البلاغہ میں جلدوں میں لکھی جس میں وہ مضامین عالیہ ہیں جو کسی دوسری شرح میں بھی نہیں۔ یہ معتزلی اور ثلاثہ کو ماننے والا تھا۔

شہرستانی ۔ مدینۃ العلوم میں ہے کہ ابو الفتاح محمد بن ابو القاسم عبد الکریم بن ابی بکر احمد شہرستانی ان علما میں سے ہے جس نے دنیا کے کل مذاہب کے فرقوں کا حال ملل و نحل میں لکھا ہے۔ وہ اہلسنت کا متکلم اور امام اور فاضل اور فقیہ تھا۔ علامہ سمعانی اس کا فیض یافتہ ہے۔ کثیر المحفوظ اور حسن المحاورہ تھا۔ اور علی بن احمد مدینی محدث اہلسنت کا شاگرد تھا۔ تاریخ ابن خلکان میں ہے کہ اس نے احمد الخوافی سے فقہ ابو القاسم انصاری سے علم کلام حاصل کیا۔ کتاب نہایۃ الاقدام فی علم الکلام اور کتاب ملل و نحل اور تلخیص الاقسام المذاہب الانام اس کی تصنیفات سے ہیں ۵۴۸ھ میں سنہ ۵۴۸ھ میں فوت ہوا۔

ابن حجر عسقلانی ۔ شاہ ولی اللہ نے قرۃ العینین میں اس کو علامہ سیوطی نے اعلیٰ مرتبہ لکھا ہے حسن المحاضرہ اور مدینۃ العلوم میں ہے کہ عسقلانی تمام دنیا کا سردار تھا وہ اپنے زمانہ کے حفاظ حدیث کا امام تھا۔

قسطلانی ۔ کنز الہدایہ میں ہے کہ قسطلانی محدث اور بے نظیر واعظ تھا۔ اسکی تصانیف اسکی زندگی میں ہی اطراف و جوانب میں مشہور ہو گئیں تھیں مواہب لدنیہ اپنے فن میں بے مثل کتاب ہے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ابوبکر جوہری - ابن ابی الحدید لکھتا ہے کہ ابوبکر جوہری محدث اور کثیر الادب اور ثقہ اور پرہیزگار تھا۔ محدثوں نے اس کی مدح و ثنا کی ہے اور اس کی تصنیفات سے روایات نقل کی ہیں۔

قرطبی - تاریخ یافعی وقائع ۶۶۵ھ میں ہے کہ قرطبی محدث اور ائمہ کبار سے تھا۔

ابن اسحاق - تذکرۃ الخواص سبط ابن جوزی میں بسند امام احمد حنبل لکھا ہے کہ محمد ابن اسحاق مقبول القول اور ممدوح جماعت علماء اور امام کبیر اور معتمد شہیر ہے۔ امام یافعی نے لکھا ہے کہ وہ مغازی میں امام اور پیشوا تھا اور بسند امام زہری لکھا ہے کہ جو کوئی مغازی میں مہارت کا ارادہ کرے وہ ابن اسحاق کا محتاج ہوگا۔ اور سعید ابن الحجاج نے اس کو امیر المومنین فی الحدیث لکھا ہے۔

ابن جوزی - تاریخ ابن خلکان اور مراۃ الجنان اور تمام شروح مسلم میں ابن جوزی کی تحقیقات اور افادات سے تمسک کیا گیا ہے۔ ملا علی جبہ رنے اس کو سند المحدثین و المتقدمین کہا ہے۔ ابن خلکان نے وفیات الاعیان میں اس کو واعظ اور فقیہ اور رحلۃ العصر اور امام وقت لکھا ہے۔

آمدی - امام یافعی نے مراۃ الجنان میں آمدی کو اکابر آئمہ اور اعاظم مقتدیان سے تسلیم کیا ہے اور اس کی بہت حمد و ثنا کی ہے۔

ابراہیم بن عبید اللہ - ابوبکر بن احمد بن دمشقی اسدی نے طبقات فقہائے شافعیہ میں ابراہیم بن عبید اللہ (مصنف تاریخ مظفری) کی حمد و ثنا کی ہے اور اس کو آئمہ محدثین اور فقہائے معتمدین اور مورخین معتبرین میں سے مانا ہے۔

خوارزمی - اعلام الاخیار کفوی اور بغیۃ الوعاۃ سیوطی اور عقد نظیم میں خوارزمی کی جلالت شان اور علو مرتبت درج ہے اور اس کو فقیہ ادیب فاضل اور شاعر مانا ہے۔ اور جامع مسانید میں ہے کہ وہ صدر الائمہ اور اخطب خطباء خوارزم تھا۔

اصیل الدین - ملا علی قاری نے شرح مشکوۃ میں تصریح کی ہے کہ اصیل الدین مشائخ کبار سے ہے اور صاحب تحفہ کے سلسلۂ اجازہ میں داخل ہے۔

تقی الدین - محمد بن احمد بن علی بن محمد بن محمد بن عبدالرحمن ملقب بہ تقی الدین فاسی مکی مالکی کتاب عقد ثمین فی تاریخ بلد الامین کا مصنف ہے۔ فتح الباری ابن حجر عسقلانی میں ہے کہ میں اس بدیع وضع اور عجیب صنعت کی تاریخ سے آگاہ ہوا تو میں نے اس کو اس فن کی تصنیف شدہ کتب سے فائق پایا ہے۔ اس کے الفاظ معانی کو مطلق شرف اور بزرگی سے مختص کرتا ہوں۔ تقی الدین سید اور امام بکتا اور صاحب فضل و اتقان اور مالکی میں تفاوت تھا۔ ذکی اور مفتی اور فقیہ اور محدث اور پرہیزگار تھا۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

دیلمی ۔ کتاب تدوین رافعی تذکرۃ الحفاظ و سیر النبلاء و کتاب العبر ذہبی و مرآۃ الجنان یافعی و طبقات سبکی و طبقات اسنوی و طبقات شافعیہ تقی الدین ابو بکر بن احمد بن قاضی شہبہ و طبقات الحفاظ سیوطی و فیض القدیر مناوی و مقالید الاسانید شیخ ابو مہدی عیسیٰ و روضۃ الفردوس علی ہمدانی وغیرہ میں دیلمی کے مناقب و محامد کثرت سے مرقوم ہیں۔ اور اس کو شیخ و حافظ و محدث و امام و علامہ و حجۃ المحدثین و قدوۃ المحققین لکھا ہے اور شافعی اور ابن منذر وغیرہ کا شاگرد تھا۔

ثعلبی ۔ تاریخ ابن خلکان و منظر الانسان و مرآۃ الجنان و وافی بالوفیات و کتاب العبر ذہبی و سیاق تاریخ نیشاپوری و روض المناظر ابن شحنہ و طبقات ابن جماعہ و طبقات اسنوی و بغیۃ الوعاۃ سیوطی و معجم الادباء حموی و تفسیر وسیط واحدی و ازالۃ الخفاء وغیرہ میں ثعلبی کی جلالت شان درج ہے شاہ ولی اللہ کہتا ہے کہ ثعلبی اخذ دین کے وسائط سے ہے اور ان علماء میں سے ہے جن کا احسان سب کی گردن پر ہے۔ اور عجیب ہے کہ ابو حنیفہ سرگروہ حنفیاں ہے۔ ویسا ہی ثعلبی سرگروہ مفسراں ہے۔ اس کی تفسیر سلف سے ماخوذ ہے۔ جو بطور ارجح ہے۔ تاریخ ابن خلکان و طبقات ابن جماعہ و مرآۃ الجنان و وافی بالوفیات و منظر الانسان میں ابو القاسم قشیری کی سند پر لکھا ہے کہ اس نے کہا کہ میں نے خدا کو خواب میں دیکھا کہ میں اس سے باتیں کر رہا ہوں اور جواب لے رہا ہوں۔ کہ اسی اثنا میں خدا نے فرمایا کہ دیکھو ایک مرد صالح آتا ہے میں نے دیکھا تو وہ امام ثعلبی تھا۔ نیز انہی کتب مذکورہ میں مرقوم ہے کہ ثعلبی کی تفسیر دنیا پر نظیر نہیں رکھتی

ابو نعیم ۔ کتاب فضائل شافعی امام رازی و وفیات الاعیان ابن خلکان و منہاج ابن تیمیہ و زاد المعاد ابن قیم و اسماء الرجال جامع مسانید ابی حنیفہ الخوارزمی و تاریخ عبر ذہبی و طبقات سبکی و طبقات اسنوی و طبقات اسدی و طبقات الحفاظ سیوطی و وافی بالوفیات مرآۃ الجنان یافعی و اسماء الرجال مشکوۃ ولی الدین خطیب و لواقح الانوار شعرانی و تاریخ خمیس دیار بکری و مقالید الاسانید ابو مہدی و قول مستحسن حسن زمان میں ابو نعیم کے محامد و مناقب لکھے ہیں۔ ابن خلکان کہتا ہے کہ وہ ان اعلام محدثین اور اکابر حفاظ و ثقات سے ہے جنہوں نے اکابر سے اخذ علوم کیا اور ان سے اکابر نے علوم اخذ کئے اور اسکی کتاب حلیۃ المتقین بہترین کتاب ہے۔ یافعی اسکو امام و حافظ و شیخ و عارف اور منجملہ اعلام محدثین و اکابر حفاظ مفیدین کہتا ہے۔ اور کہتا ہے کہ حفاظ اس کے دروازے پر اس کے علم و فضل و علو اسانید جمع رہتے تھے اور اس کو کبار علماء کی ملاقات سب سے زیادہ نصیب تھی خطیب بغدادی کہتا ہے کہ حافظ صرف دو ہوئے ہیں یعنی ابو نعیم اور ابو حازم۔ عبدری سلفی کہتا ہے کہ حلیۃ الاولیا جیسی

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کتاب تصنیف ہی نہیں ہوئی۔ ابن مردویہ کہتا ہے کہ کسی زمانہ میں بھی ابونعیم سے بڑھ کر حافظ مستند نہیں ہوا۔ وہ کل دنیا میں ایک حافظ ہوا ہے۔

ابن حبان۔ سمعانی کتاب انساب میں لکھتا ہے کہ حافظ ابن مندہ اور حافظ ابن البیع جیسے جلیل الشان علماء ابن حبان کے شاگرد تھے۔ اور اس کی تصانیف کی مثال نہیں ملتی۔ شیخ عبدالحق نے مشکوٰۃ میں لکھا ہے کہ وہ ثقہ اور فاضل تھا۔ سبکی نے طبقات میں لکھا ہے۔ کہ وہ حافظ جلیل اور امام نبیل تھا۔ ابوسعید نے لکھا ہے کہ وہ فقہائے دین اور حفاظ آثار میں سے تھا۔ مناوی نے فیض القدیر میں اس کو حفاظ کبار اور راس و رئیس حدیث و عالم فقہ و کلام لکھا ہے۔ یافعی نے مراۃ الجنان میں اس کو علامہ و مجتہد و حافظ و ماہر علم فقہ و حدیث و لغت و وعظ و کلام لکھا ہے۔

ذہبی۔ صاحب تحفہ نے باب امامت میں بجواب حدیث طیر لکھا ہے کہ امام المحدثین شمس الدین ابوعبداللہ محمد بن احمد دمشقی ذہبی اور طبقات شافعیہ ابن جماعۃ میں ہے کہ ذہبی امام و علامہ وخاتم الحفاظ و شیخ و استاد و محدث عصر و زاہد و یگانۂ زمانہ اور اہلسنت کا علمبردار تھا۔ علماء نے اس کو اپنا استاد اور شیخ اور مخرج حدیث تسلیم کیا۔

ابویعلی۔ بستان المحدثین شاہ عبدالعزیز دہلوی میں ہے کہ حافظ اسمٰعیل بن محمد بن فضل کہتا ہے کہ میں نے بہت مسانید مثل مسند عدنی و مسند ابن منیع وغیرہ کو پڑھا لیکن مسانید کو نہروں کی طرح پایا اور مسند ابویعلی کو بحر زخار کی مانند پایا۔ ابویعلی شاگرد ہے یحییٰ بن معین اور کئی قابل محدثین کا۔ اور ابن حبان ابوحاتم اور ابوبکر اسمٰعیلی اس کے شاگرد ہیں۔ لوگوں کو اس کی امانت و دیانت و صدق و حلم و تقوٰے و دیگر صفات محمودہ کا عظیم یقین ہے۔ علم کی تصنیف و ترویج میں صالح نیت رکھتا تھا۔ اور محض حسبۃ اللہ تعلیم علم حدیث میں مشغول رہتا تھا۔

محمد بن یوسف گنجی۔ ابن صباغ نے فصول المہمہ میں اور مصطفیٰ بن عبداللہ القسطنطینی نے اس کو امام اور حافظ تسلیم کیا ہے۔ کشف الظنون میں ہے کہ وہ شیخ اور حافظ ہے۔ ریاض الزہو میں اس کو شیخ لکھا گیا ہے۔ ناظرین! حافظ ایسے ماہر حدیث کو کہتے ہیں جس کو لاکھ احادیث کے اسناد اور متون یاد ہوں۔ اور شیخ استاد کامل کو کہا جاتا ہے۔

ابن شحنہ حلبی۔ سخاوی لکھتا ہے کہ ابن شحنہ حلبی علامہ و ادیب و امام و فقیہ تھا۔ جمیع علوم میں ید طولیٰ رکھتا تھا۔ اور صاحب تصانیف لطیفہ تھا۔

راغب۔ فاضل رشید نے شوکت عمریہ میں اور حیدر علی نے منتہی الکلام میں ابوالقاسم مفضل

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بن محمد المعروف راغب کو امام لکھا ہے۔ فخر رازی کہتا ہے کہ راغب ائمہ اہلسنت سے ہے اور امام غزالی کا ہم پایہ ہے۔ مدینۃ العلوم میں اس کی بہت مدحت و منقبت لکھی ہے۔

زبیر بن ابکار۔ تاریخ خطیب اور تاریخ ابن خلکان اور تاریخ یافعی اور تہذیب الکمال مزی اور تذہیب التہذیب و کاشف ذہبی اور انساب سمعانی اور تبیان ابن ناصر الدین اور تقریب عسقلانی میں زبیر ابن ابکار کو آئمہ کبار و اعلام عالی فخار و مشائخ والا تبار و ثقات جلیل المقدار سے تسلیم کیا گیا ہے۔

زرندی۔ مولوی سلامت اللہ نے معرکۃ الآراء میں اور احمد بن فضل بن محمد باکثیر نے وسیلۃ المآل میں اور شہاب الدین احمد نے توضیح الدلائل میں اور سید سمہودی نے جواہر العقدین میں اور محمد بن یوسف شامی نے سبل الہدیٰ میں۔ اور ابن صباغ نے فصول مہمہ میں اس کی روایات سے تمسک کیا ہے اور لکھا ہے ابو محمد عبداللہ محمد بن یوسف بن حسن بن محمد بن محمود بن حسن زرندی اہلسنت کے علمائے معتمدین اور فضلائے مستندین سے تھا۔ اور یہ ثقہ اور صاحب فضیلت و منقبت تھا۔ اور مذہب سے حنفی تھا۔

ابن تیمیہ۔ فوات الوفیات اور تاریخ عینی اور درر کامنہ اور معجم مختص ذہبی میں ابن تیمیہ کو حجۃ اللہ و آیۃ اللہ و محدث و فقیہ و مفسر و متکلم و زاہد و عارف تسلیم کیا گیا ہے۔

شبراملسی۔ احمد نخلی استاد ابو طاہر استاد شاہ ولی اللہ نے رسالہ اجازہ میں شیخ نور الدین علی الشبراملسی الشافعی کو شیخ اور محقق کہا ہے۔ اور شیخ سالم بن عبداللہ بصری شافعی نے جس کی ثقاہت و فضیلت کتاب ارشاد و لی اللہ اور سبحۃ المرجان بلگرامی سے واضح ہے کتاب امداد بمعرفۃ علو الاسناد میں لکھا ہے کہ شبراملسی علامۃ المتقن اور فہامۃ المتقن تھا۔ اور حاشیہ مواہب مسمیٰ بہ تیسیر المطالب میں شبراملسی کو سیدنا و مولانا و شیخنا و شیخ مشائخ الاسلام الملک لعلمائے اعلام العالم العلامہ والعمدۃ الفہامۃ عین اعیان المدرسین خاتمۃ المحققین ذی التحقیق والتدقیق بن الجوہر عن ذکر اوصافہ الحمیدہ وغیرہ لکھا ہے۔

زرکشی۔ مفتاح کنز الدرایہ میں ہے کہ محمد بن بہادر بن عبداللہ زرکشی محدث و فقیہ و صاحب تصانیف کثیرہ و شارح کتب احادیث سنیہ و معتمدین جماعت المحدثین و مقبول علما و فضلا تھا۔

ابن جزلہ۔ وفیات الاعیان ابن خلکان اور مرآۃ الزمان سبط ابن جوزی اور کتاب البستان الجامع التواریخ الزمان اور تاریخ ابن نجاری میں لکھا ہے کہ ابن جزلہ پہلے نصرانی تھا۔ اور قاضی ابو الولید

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کی ہدایت سے اسلام لایا۔ جس کا اسلام حسن تھا اور پھر اس نے اسلام کی حقانیت اور اثبات نبوت محمدی اور تردید مذہب نصاریٰ میں تحفۃ ابن تجارہ کتاب لکھی۔

ابن روزبہان - ابوالخیر فضل اللہ بن ابی محمد روزبہان بن محمد فضل اللہ بن محمد بن اسمٰعیل بن علی الانصاری اکابر متکلمین و افاضل محدثین اہلسنت سے ہے اس نے اخذ و سماع حدیث امام سخاوی و ابوبکر مراغی و ابن الوجیہ و اصیل الدین ربیعی وغیرہ سے کیا جیسا کہ اس نے خود شرح شمائل ترمذی میں لکھا ہے اس نے علامہ حلی علیہ الرحمہ کی نہج الحق کا جواب لکھا جس کا نام ابطال الباطل ہے اور اس ابطال الباطل کا جواب حضرت قاضی نور اللہ شوستری نے لکھا جس کا نام احقاق الحق ہے

عبداللہ بن احمد حنبل - کمال فی معرفۃ الرجال اور تذکرۃ الحفاظ ذہبی اور تہذیب التہذیب ابن حجر عسقلانی اور عبر ذہبی اور مراۃ الجنان یافعی اور طبقات الحفاظ سیوطی میں ہے کہ وہ ثقہ ثبت اور عجیبہ علم و عجائب حدیث و تفسیر و علل حدیث و رجال و اسماء حافظ حدیث و امام الحافظ الحجۃ تھا۔

ابن ابی شیبہ وہ بخاری و مسلم و ابوداؤد و ابن ماجہ وغیرہ کا استاد تھا۔ کاشف ذہبی اور تقریب عسقلانی اور مراۃ الجنان یافعی اور فیض القدیر مناوی میں اس کے محامد و مناقب کا تفصیل سے تذکرہ ہے

ابوالشیخ - انساب سمعانی میں ہے کہ ابو محمد عبداللہ بن محمد بن جعفر بن حیان الاصبہانی المعروف بہ ابوالشیخ حافظ کبیر ثقہ مصنف تصانیف کثیرہ تھا۔

عبدالرزاق - مراۃ الزمان اور انساب سمعانی اور وفیات الاعیان اور طبقات حفاظ میں اس کو ائمہ کبار اور معتبرین سے تسلیم کیا گیا ہے۔ صحاح اس کی روایات سے پر ہیں عبدالرزاق سے کہا گیا کہ کسی شخص نے قسم کھائی ہے کہ اگر عبدالرزاق کو ایک لاکھ حدیث یاد نہ ہو تو میری عورت کو طلاق ہو تو اس نے کہا کہ اگر اس سے زیادہ بھی کہتا تو سچ تھا۔

محمد ابن بشار - اس سے بخاری و مسلم و ترمذی و ابوداؤد و نسائی و ابن ماجہ میں احادیث روایت کی گئی ہیں۔ جو اس کے ثقہ ہونے کا بین ثبوت ہے۔

کواشی بغیۃ الوعاۃ سیوطی میں احمد بن یوسف بن رافع الامام موفق الدین الکواشی الموصلی کو مفسر و فقیہ و زاہد بے نظیر و صاحب کرامات مانا گیا ہے۔

بدخشانی - فاضل رشید نے ایضاح میں اور مولوی حیدر علی نے منتہی الکلام میں اسکو معتبرین جلیل الشان و اعاظم مستندین اعیان سنیان تسلیم کیا ہے۔

ابوعبداللہ محمد بن سعد بن منیع الزہری - وفیات الاعیان میں ہے کہ ابوعبداللہ فاضل یکتا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

وہ عالم بے ہمتا تھا۔ اس کی کتاب طبقات نہایت عمدہ ہے وہ صدوق اور ثقہ اور کثیر العلم اور عزیز الحدیث اور صاحب عدالت صدق ہے۔

ترمذی شیخ فرید الدین عطار نے تذکرۃ الاولیا میں لکھا ہے کہ محمد بن علی ترمذی علیہم سنت و عظیم ملت و مجتہد اولیا و منفرد الاصفیا و محرم حرم ابدی و شیخ وقت اپنے تھا۔

نظام الدین سبحۃ المرجان بلگرامی میں نظام الدین بن قطب الدین کو ملا و عالم نحریر فاضل تحریر وغیرہ القاب سے ملقب کیا گیا ہے۔

ابراہیم کتاب الاکتفا اور ذخیرۃ المآل شہاب الدین بن احمد بن عبد القادر میں ہے کہ ابراہیم بن عبد اللہ الوصابی الیمنی الشافعی خاص احباب اور خلفا میں سے تھے۔ ابن حجر مکی اور سیوطی اور ترمذی اور علی ہمدانی کا ہم پایہ تھا وہ ایسا متعصب سنی تھا کہ منکرین خلفائے اربعہ کو قطعی جہنمی کہتا تھا اور ان پر بیشمار تبرے کیا کرتا تھا۔

محمد پارسا نفحات الانس ملا جامی اور اعلام الاخیار کفوی میں ہے محمد بن محمود الحافظ البخاری المعروف بہ خواجہ پارسا کے مناقب نہایت تفصیل تذکرہ درج ہے اور اسکو اکابر علما و اعاظم فضلا سے تسلیم کیا گیا ہے۔

خطبہ جناب امیر المومنین حضرت علی علیہ السلام الموسوم بہ شقشقیہ تذکرہ خواص الائمہ سبط ابن جوزی اور کتاب مجمع الامثال ابو الفضل احمد بن ابراہیم المیدانی نیشاپوری اور کتاب معانی الاخبار ابو ہلال عسکری اور کتاب العقد ابن عبد ربہ اور قاموس لغت شقشقیہ اور نہایہ ابن اثیر اور مجمع البحار محمد طاہر گجراتی اور شرح مقاصد تفتازانی اور مفتاح الفتوح گازرونی اور شرح تہذیب الکلام ملا یعقوب لاہوری اور شقائق النعمانیہ طاشکبری اور شرح مفتی محمد عبدہ مصری میں تسلیم کیا گیا ہے کہ خطبہ شقشقیہ حضرت علی علیہ السلام کا اپنا کلام ہے۔

خطبہ جناب فاطمہ سلام اللہ علیہا الموسوم بہ لمیہ کتاب سقیفہ ابوبکر جوہری اور تذکرہ خواص الائمہ فی معرفۃ الائمہ سبط ابن جوزی اور کتاب فائق علامہ زمخشری اور کتاب نہایہ ابن اثیر اور دلائل مصنفہ سیوطی اور کتاب مختصر تنزیہ الشریعہ شیخ رحمت اللہ اور مجمع البحار محمد طاہر گجراتی اور کتاب بلاغات النسا احمد بن ابی طاہر اور مروج الذہب مسعودی برحاشیہ تاریخ کامل جلد پنجم صفحہ ۱۳۵ پر خطبہ لمیہ کو کلام جناب فاطمہ سلام اللہ علیہا مانا گیا ہے۔

شیخ رحمت اللہ و شیخ عبد اللہ شیخ عبد الحق نے اخبار الاخیار میں لکھا ہے کہ شیخ رحمت اللہ اور شیخ عبد اللہ سندھی مدنی مدینہ منورہ کے فقہائے صوفیہ سے تھے۔ یہاں آئے اور علم حدیث کا افادہ کیا یہاں کے طلبا ان دو لوگوں کو شیخ کے لقب سے ملقب کرتے تھے۔ یہ دونو علم و عمل و تقوے و ورع میں بے مثل تھے اور شیخ علی متقی کے خاص احباب اور خلفا میں سے تھے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

قرہ کمال۔ اعلام الاخیار کفوی اسمعیل القرامانی المعروف بہ قرہ کمال کو عالم جید وفاضل متبحر مانا گیا ہے۔

یحیٰی بن معین۔ امام نووی نے تہذیب الاسماء میں اور شیخ عبدالحق نے رجال مشکوٰۃ میں لکھا ہے۔ کہ یحیٰی موصوف امام وثقہ و حافظ و جلیل القدر اور فخر علماء اہلسنت تھا۔ اس کی مثال انسانوں میں کوئی نہیں وہ امام ربانی و عالم و معتمد و متقن تھا۔ خدا نے اس کے شان کا پیدا نہیں کیا۔ اس کی تحقیق سے کذابوں کا جھوٹ ظاہر ہوتا ہے اور جو حدیث اس کے نزدیک معروف نہ ہو وہ حدیث ہی نہیں ہے۔

امام زیلعی۔ کفوی نے اعلام الاخیار میں لکھا ہے کہ زیلعی شیخ اور امام اور علامہ اور عارف فقہ ونحو اور زاہد اور پرہیزگار اور پاک دامن اور متواضع تھا۔ درس دیا کرتا اور فتاوے مفیدہ دیتا۔ اور احادیث کا نقاد اور صحیح وسقیم کا جانچنے والا اور معتمد اور مصنف اور ناشر فقہ تھا۔ ایک جماعت علماء نے اس سے فقہ حاصل کی۔

عباد بن یعقوب رواجنی۔ رواجنی امام بخاری کا شیخ ہے۔ اس سے مشاہیر ائمہ اہلسنت مثل ابو عبداللہ محمد بن اسمٰعیل بخاری نے روایت کی ہے کہ بخاری نے اس سے کتاب التوحید میں روایت کی ہے کہ کتاب کمال فی معرفۃ الرجال میں ہے کہ رواجنی بخاری کا شیخ تھا۔ اور ترمذی اور ابن ماجہ اور ابن اسحاق اور ابو حاتم حسین بن اسحاق اور جعفر بن محمد مالک فرازی نے اس سے حدیث روایت کی ہے کہ ابن حجر عسقلانی نے تہذیب التہذیب میں ان لوگوں کو اس کے شاگردوں میں لکھا ہے۔ جیسے ابو بکر بزار۔ علی بن سعید بن بشر رازی محمد بن علی حکیم ترمذی صالح بن محمد جزرہ ابن خزیمہ ابن صاعد ابن ابی داؤد قاسم بن زکریا مطرز ابن حجر نے فتح الباری میں لکھا ہے کہ عباد بن یعقوب رواجنی سچا راوی تھا۔ اور ابو حاتم نے اس کو ثقہ کہا ہے۔

ابوالحسن مدائنی۔ سمعانی نے کتاب انساب میں لکھا ہے کہ حارث بن اسامہ نے کہا کہ ابوالحسن مدائنی بصرہ میں پیدا ہوا۔ اور وہیں نشوونما پائی کچھ مدت کے بعد وہ مدائن کو گیا اور وہاں سے بغداد آیا۔ اور وہاں رہائش اختیار کی حتیٰ کہ ماہ ذیقعد ۲۲۴ھ میں فوت ہوا۔ وہ تاریخ الشان اور اخبار عرب اور ان کے انساب سے واقف تھا۔ فتوح و مغازی و روایت و شعر کا صدوق اور ثقہ تھا۔

ابن عبد ربہ۔ ابو العباس احمد بن محمد المقری نے کتاب نفح الطیب میں لکھا ہے کہ ابو عمر ابن عبد ربہ ایسا عالم تھا جس نے بسبب علم کے لوگوں کی سرداری حاصل کر لی تھی۔ اور دولت علم کے بہت بڑے حصہ کا مالک ہو گیا تھا۔ اندلس میں اس کی اتنی شہرت ہوئی کہ ممالک مشرقیہ تک اس کا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com　http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ذکر پہنچا۔ اس کی ذکاوت اس حد تک تھی کہ اس کی قوت فکریہ بے انتہا طبعیہ پروانی کرتی اور اس کے علم پر لوگوں کا کامل اعتماد تھا۔ اسی طرح اس کی روایات نہایت مستند ہوتی ہیں۔ علم ادب کا بڑا ماہر تھا۔ صدق و تقوے و ورع سے آراستہ تھا۔ اس کی مشہور کتاب عقد فرید ہر قسم کی تعرض اور خطا سے محفوظ ہے۔ کیونکہ اس نے اس کی تصنیف میں نہایت اہتمام کیا تھا۔ اور اس کو ہر عیب و نقص سے پاک رکھا ہے۔

نسائی طبقات شافعیہ جلد دوم صفحہ اور طبقات شافعیہ طبقات الحفاظ سیوطی اور شرح مواہب لدنیہ اور مکالبد الاسانید میں ہے کہ امام نسائی مسلم کی نسبت زیادہ حافظ تھا۔ طبقات الشافعیہ امام سبکی جلد چہارم صفحہ پر ہے کہ ابن طاہر مقدسی نے سعد بن علی زنجانی سے ایک راوی کا حال پوچھا۔ سعد نے کہا کہ وہ ثقہ راوی ہے۔ ابن طاہر نے کہا۔ مگر نسائی نے اسے ضعیف قرار دیا ہے۔ سعد نے کہا۔ نسائی کے شرائط رجال میں زیادہ سخت ہیں۔ بہ نسبت بخاری اور مسلم کے شرائط کے تدریب الراوی علامہ سیوطی صفحہ پر ہے کہ ابن طاہر نے کہا کہ بخاری اور مسلم کی شرط یہ ہے کہ ایسی حدیثیں روایت کریں جن کے رجال کے موثق ہونے پر تا صحابہ اجماع ہو۔ عراقی نے کہا کہ یہ ٹھیک نہیں۔ کیونکہ نسائی نے بہت سے ایسے راویوں کو ضعیف قرار دیا ہے۔

علامہ ذو النسبین۔ اس کا پورا نام ابو الخطاب عمر بن حسن اندلسی تھا۔ وفیات الاعیان ابن خلکان صفحہ پر ہے کہ ذو النسبین اندلسی اعیان علما اور مشاہیر فضلا سے تھا۔ علم حدیث میں ماہر اور علم نحو میں کامل تھا۔ طلب علم حدیث میں اکثر بلاد اندلس کی سیاحت کی اور علما اور مشائخ سے ملا۔ بر عدوہ مراکش۔ افریقہ۔ مصر۔ شام۔ مشرق۔ العراق۔ بغداد۔ عجم۔ خراسان۔ اور مازندران کا سفر طلب حدیث کی غرض سے کیا۔ بغیۃ الوعاۃ جلال الدین سیوطی میں بھی اس کی غایت درجہ تعریف و توصیف کی گئی ہے۔

امام اوزاعی۔ امام ذہبی نے تذکرۃ الحفاظ جلد اول صفحہ پر لکھا ہے۔ کہ امام اوزاعی عالم امت افضل اہل زمانہ اور فائق خلافت ہیں۔ اگر امت کو اختیار دیا جاتا تو انکو خلیفہ کرتی۔ دو فرشتے انکو خدا کے پاس لے گئے۔ خدا سے ہم کلام ہوئے۔ اور خدا نے ان کی تعریف کی۔ امام عصر ہیں۔

سفیان ثوری۔ امام ذہبی نے تذکرۃ الحفاظ جلد اول صفحہ ۱۸۶ پر لکھا ہے کہ سفیان ثوری امام و شیخ الاسلام و سید الحفاظ ہے۔ شعبہ اور یحییٰ بن معین اور ایک جماعت علما قائل ہیں کہ یہ حدیث کا امیر المومنین ہے۔ ابن المبارک کہتا ہے کہ ہم نے گیارہ سو شیوخ سے حدیثیں لکھیں مگر ان میں کوئی بھی سفیان سے افضل نہ تھا۔ شعبہ کہتا ہے کہ سفیان ہم سے زیادہ حافظ تھا۔ ورقا کہتا ہے کہ خود سفیان

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جو نا موجود ہے وہ سب سے اصل ہے۔ وہ ۲۴۱ھ میں فوت ہوا۔ تہذیب الاسماء نووی میں ہے کہ امام احمد بن حنبل انبیاء کا قائم مقام تھا۔

تمت بالخیر

گوشہ نشین

اعلان

اس کتاب کے جملہ حقوق مولف صاحب نے خاکسار کو دیدیئے ہیں لہذا کوئی صاحب قصد طبع نہ فرمائے۔ ورنہ بجائے فائدہ کے نقصان اٹھائے گا۔ اور جس قدر جلدیں درکار ہوں مندرجہ ذیل پتہ سے طلب فرماویں؎

المشتہر: کربلائی غلام علی شہید یا مالک کتب خانہ حسینیہ حلقہ ۵۲

لاہور (پاکستان)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ثبوت خلافت حصہ اوّل و دوم

ز مشرق تا بہ مغرب گر امام است　　علیؑ و آلؑ اولادش تمام است

زمانہ گواہی دیتا ہے اور تاریخ اسلام شاہد ہے کہ شیعہ اور سنی میں ہمیشہ جھگڑا خلافت و امامت پر چلا آتا ہے۔ اور اسی خلافت نے اسلام کے دو فرقوں کو ہمیشہ علیحدہ رکھا۔ اور ہمیشہ جنگ و جدل ہو کر خون کی ندیاں بہنے لگیں۔ اور طرفین میں تلوار چلتی رہی۔ اور شیعہ اور سنی کا کسی زمانہ میں اتفاق نہ ہو سکا۔ مگر اس زمانہ . . . . بابرکت و قانونی آزادی اور مساوات عدل میں ہر ایک مذہب کو آزادی . . . . دی گئی۔ اور ان کو بھی اپنے فرائض مذہبی اور تبلیغ و اشاعت حقیقی اسلام کا زریں موقعہ ملا۔ علمائے عظام و سادات کرام نے اس زمانہ فیض کو غنیمت سمجھ اور صداقت و حقانیت اسلام کے دریا بہا دیئے۔ انوار اسلام چمکنے لگے حق کو فروغ ہوا باطل چھپتا بنا۔ اور لوگ جوق در جوق مذہب اسلام حقیقی میں داخل ہونے شروع ہوئے۔ مخالفین یزیدیہ اور ابن ولید عنید نے شیعہ مذہب کے روز افزوں ترقی دیکھ کر اپنے پرانے کینے نکالنے شروع کئے۔ [illegible] اہلبیت کرام علیہم السلام کی عزت دنیا میں مٹانے اور مذہب امامیہ کی مخالفت میں مخالفین اور معاندین [illegible] باندھنی شروع کر دیں۔ اور رسالہ بازی اشتہار بازی شروع کر دی۔ اور مختلف پیرایہ میں ائمہ اطہار اولاد سید ابرار صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی امامت و خلافت بلافصل کی تردید میں کئی رسالے نکالے اور مسلمانوں کو ثلاثہ پرست بنایا ہر مجلس ہر وعظ [illegible] توہین سادات کرام کرنے لگے اور کلمہ گو مسلمان کہلا کر سیدنا محمد رسول اللہ صلعم کو اپنا امام و نبی آخر الزمان مان کر اور انکی امت کہلا کر حضور انور صلعم کی اولاد کے ساتھ دشمنی کرنے لگے۔ مذہب سنی حنفی اور اہلحدیث اور مرزائی نے باوجود اقرار خلافت چہارم جناب امیر المومنین امام المتقین سیدنا مولانا علی مرتضیٰ علیہ السلام کے خلافت و فضائل کو مٹانے لگے اور افضل الناس بعد النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا غلط عقیدہ خلاف کتاب اللہ و سنت بلا ثبوت و دلیل شرعی سنی مسلمانوں میں پیدا کر کے جاہل و ناواقف مسلمانوں کو بہکانے لگے اور انکو راہ حق و صراط مستقیم سے ہٹانے لگے اس حالت زار اور اسلام کی خستہ حالت اور مسلمانوں کی گمراہی و ضلالت کو دیکھ کر جناب حاجی حکیم و ڈاکٹر نور حسین صاحب صابر جعفری کربلائی جھنگ سیالوی نے اپنی سابقہ آبائی طریقہ سنی مذہب کو چھوڑ کر دامن آل عبا علیہم السلام کو پکڑ کر مسلمانوں کو راہ ہدایت و راہ نجات اور حقیقی اسلام دکھانا اور انکی غلط فہمی دور کرنے کیلئے قلم اٹھائی اور بوسیلہ چہاردہ معصومین علیہم السلام کتاب لاجواب ثبوت خلافت تحریر فرمائی جس کا نمونہ پہلے دو دفعہ چھپ کر ہدیہ ناظرین ہو چکا ہے جناب

Contact : jabir.abbas@yahoo.com　http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ڈاکٹر صاحب کہنہ مصنف اور نامہ نگار ہیں انکی استدلالی طرز تحریر اور صحیح روایات کے حوالجات اور ڈھنگ مناظرہ و زور قلم سے تمام اخبار کی دنیا آشنا ہے ہم نے ڈاکٹر صاحب موصوف سے ثبوت خلافت کے ہر دو حصے بعد اخذ تالیف شائع کر دیئے گئے ہیں ۔

ثبوت خلافت حصہ اول رسول کریم

جناب امیر المومنین سیدنا و مولانا علی المرتضیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کی پاک مقدس سوانح عمری

معیار خلافت و امامت۔ بنی امیہ و عباس کے مظالم۔ جناب امیر علیہ السلام کا جہاد فی سبیل اللہ۔ خدمات اسلامی۔ تمام غزوات میں بہادری و جاں نثاری۔ فضائل و مناقب و خلافت بلافصل کا ثبوت آیات بینات اور احادیث سرور کائنات معہ مقدمہ اہلسنت والجماعت دیا گیا ہے اور واقعات خم غدیر پر مفصل و مدلل و مشرح بحث ڈالی گئی ہے قیمت تین روپیہ آٹھ آنہ صرف ۔

ثبوت خلافت حصہ دوم طبع بار اول میں معیار خلافت الٰہیہ حضرات اصحاب ثلاثہ کی خلافت کیسی ہوئی حالات سقیفہ بنی ساعدہ خلافت اجماعی و حالات خلافت اصحاب ثلاثہ اور خلفائے ثلاثہ کی خلافت پر ریمارکس اور ریویو بعد یورپین مورخین کے خیالات خلیفہ و اہلبیت رسالت کی ناراضگی و دعاوی و براہین صاحبہ اور باغ فدک کا مفصل بیان لکھا گیا ہے۔ بارہ ائمہ اطہار کی امامت و خلافت بلافصل اور سوانح عمری مناقب و فضائل کا اہلسنت و سواد اعظم کے بارہ خلیفوں کے ساتھ مقابلہ و موازنہ کیا گیا ہے غرض چودہ سو برس صدی سے شیعی دنیا میں ایسی سلیس اور مدلل و مفصل کوئی کتاب ثبوت خلافت جیسی نہیں چھپی۔ ہر ایک مخالف و معاند نے اس کے آگے سر جھکا دیا ہے بہتیروں نے اپنی تکاریں بنام میں کر دی ہیں اور بعضیں عاجز تنگ آ گئی ہیں یہ اس کتاب کی اعجاز و کرامت ہے کہ جس شخص مخالف خارجی و ناصبی نے اس کے تردید و جواب میں قلم اٹھایا اللہ نے اسکی رگ حیات کاٹ ڈالی اور وہ اس جہان سے نامراد و ابتر ہو کر چلتا بنا۔ جس میں مخالفین کے اعتراضات کے دندان شکن جواب دیئے گئے ہیں کہ قیامت تک سر نہیں اٹھا سکتے یہ کتاب ہر ایک مومن کے لئے نور ایمان ضیائے چشم و حرز جان اور مخالفین کے لئے راہبر کامل اور ہادی صراط حیات ہے کیونکہ یہ پاک و مقدس سوانح عمری شاہ مردان علیہ الصلوٰۃ والسلام ہے۔ ہر ایک شیعہ مومن کے گھر اس کتاب کا ہونا ضروری ہے

للہ الحمد ہر آں چیز کہ خاطر میخواست　　آخر آمد ز پس پردۂ غیب پدید

قیمت حصہ دوم دو روپیہ آٹھ آنہ صرف

المشتہر

کربلائی شیخ غلام علی شہید تاجر کتب خانہ حسینیہ چوک ۵۲ موچی گیٹ لاہور

Contact : jabir.abbas@yahoo.com　http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کلید عملیات

مؤلفہ سید برکت علیشاہ صاحب گوشہ نشین وزیر آبادی جس میں تمام دینی و دنیاوی مشکلات کو آسان کرنے کے لئے اعمال اور قریباً تمام بیماریوں کے رفع کرنے کیلئے تعویذات درج کئے گئے ہیں لہذا مؤلف صاحب نے تشنگان قرب الٰہی اور حاجتمندان بارگاہ ایزدی کو دوسری تمام کتب عملیات سے ہمیشہ کے لئے مستغنی کر دیا ہے اور یہ کتاب اسرار مکنونہ اور رموز مکتومہ کا بے پایاں سمندر ہے **قیمت فی جلد ۸عہ/**

لہذا تصدیق کے لئے علمائے کرام کی دو تقریظات درج کیجاتی ہیں

تقریظات

از عالیجناب رئیس الشیعہ مدار الشریعہ حجۃ الاسلام والمسلمین محی الملت والدین صدر المفسرین فیاض دہر حکیم الامۃ الناجیہ سرکار شریعتمدار قبلہ و کعبہ علامہ السید علی الحائری مجتہد العصر والزمان ظلہ العالی

باسمہ سبحانہ الحمد للہ وکفی والصلوٰۃ علی محمد المصطفیٰ وآلہ العروۃ الوثقیٰ اما بعد اس رسالہ شریفہ موسوم **بکلید عملیات** مرتبہ حمید الصفات جمیل المناقب جناب مولوی سید برکت علی شاہ صاحب حفظہ اللہ عن الآفات کو خفیف نے بعض مقامات سے ملاحظہ کیا۔ ماشاء اللہ حسن تنظیم و ترتیب اور تہذیب و تدریب پر مشتمل ہے مومنین کے لئے ایک حد تک اس رسالہ کے اردو ہونے کیوجہ تحصیل فیوض و برکات دینیہ و دنیویہ میں بہت کچھ سہولت اور آسانی حاصل ہوگی۔ مومنین اس رسالہ پر عمل کرنے کے لئے میری طرف سے مجاز ہیں علی اللہ حسبی وعلیہ التکلان والیہ ترجع الامور

منقہ خادم الشریعۃ المطہرہ علی الحائری بقلم محلہ شیعان لاہور

از جناب فضائل مآب فاضل اجل محقق بے بدل کاسر اعناق الملحدین مرغم انوف الشیاطین استاذ المناظرین مولانا مولوی مرزا احمد علی صاحب کربلائی امرتسری

باسمہ سبحانہ میں نے کلید عملیات کو چند مقامات سے دیکھا اور ایک نظر سے تمام عنوانات کو ملاحظہ کیا جناب مؤلف صاحب نے بڑی جانکاہی کی ہے اور نہایت ہی محنت اور جانفشانی سے اس مجموعہ کو تیار کیا ہے اعمال تمام پاکیزہ و طہارت قلبی کو بڑھانیوالے ہیں عاملین کو اس گوہر بے بہا کی قدر کرنی چاہئے ۞ (احمد علی عفی عنہ)

ملنے کا پتہ کتب خانہ حسینیہ حلقہ نمبر ۵۲ اندرون موچی دروازہ۔ لاہور

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مذہب شیعہ

مصنفہ جناب حاجی ڈاکٹر نور حسین صاحب صابر جعفری کرنالی جھنگ سیالوی (سابق سنی)، مختصر اسلام کی اصلیت، شان توحید و معرفت الوہیت و ربوبیت و انوار آفتاب رسالت و تنویر قمر امامت خاندان نبوت و اہلبیت رسالت کی منقبت و افضلیت و ولایت اور اصلی نماز محمدی و صلوات احمدی کی حقیقت اور مذہب حقہ امامیہ اثنا عشریہ کے مابہ الامتیاز مسائل کی کتاب اللہ و سنت سے مطابقت حقیقت و صداقت جناب سید الشہدا سیدنا امام حسین علیہ السلام روحی لہ الفدا کی فضیلت و جواز تعزیت پر کتاب اللہ اور احادیث نبوی و اقوال آئمہ الہدیٰ سے محققانہ بحث کی گئی ہے۔ یک مذہب شیعہ کا نچوڑ اور لب لباب نکال کر پبلک کے سامنے پیش کیا گیا ہے۔ تاکہ محقق اور منصف مزاج مسلمان اس کو نظر غور اور انصاف سے پڑھ کر شیعہ اور سنی کے آئے دن کے جھگڑے فتنہ و فساد اور شرارت سے باز رہیں۔ لکھائی چھپائی دیدہ زیب حجم چار صد صفحات۔ قیمت ۳/۸ تین روپے آٹھ آنے

آئینہ مرزائیت

فرقہ مرزائیہ نے کچھ عرصہ سے فریب کا دام بچھا کر ہزار ہا بھولے بھالے مسلمانوں کو چاہ ظلمت میں گرانے کا ٹھیکہ لیا ہوا ہے۔ اس نو ایجاد فرقہ کی مشنری غول بیابانی کی طرح مضافات میں گرد آوری کر کے سادہ لوح مسلمانوں کو قعر ضلالت میں گرا رہی ہیں اور مبلغ رسالت ختمی مرتبت کے احکام کی اعلانیہ مخالفت کر کے اپنے کاذب پیر و مرشد مرزا غلام احمد قادیانی کے بناوٹی اور جھوٹے الہامات کی لوگوں کو تعلیم دے رہے ہیں جس سے نہ صرف مسلمانوں کے ایمان کو نقصان پہنچ رہا ہے بلکہ اسلام بھی انکی عیاری اور مکاری سے محفوظ نہیں۔ قیمت ۸/

تحفہ قادیان

جسکی ضرورت اہل مذاہب عالم محسوس کر رہے تھے اور جس فتنہ عظیمہ نے مخلوق خدا کو بے چین کر رکھا تھا آخر قادر مطلق نے ایک سید نوجوان گریجوایٹ کو توفیق دی کہ وہ اپنے پندرہ سال کے ریسرچ ورک اور مذاہب عالم کے مطالعہ کے نتائج سے دنیا کو مستفیض کرے۔ تاکہ انسان اس قادیانی بیماری کا شکار نہ ہو۔ قیمت ۴/

ملنے کا پتہ

کتب خانہ حسینیہ حلقہ نمبر ۵۲ لاہور

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مظلومیت کی داستان

یعنی

سیرت امام حسینؑ

ناظرین! یہ کتاب جس کا اشتہار آپ کے زیر مطالعہ ہے۔ اسلام کے اس سچے ہیرو کی زندگی کی تاریخ ہے۔ جس نے حق و صداقت کے رستے میں محض اللہ تعالیٰ کی رضا جوئی کی خاطر نہایت صبر و استقلال کے ساتھ اپنے عزیز و انصار خویش و اقارب مال و املاک حتیٰ کہ اپنی گراں بہا متاع حیات کو بھی قربان کر دیا۔ لیکن خدا کے فرستادہ آخری پیغام یعنی دین اسلام کو فنا ہونے سے ایسے نازک وقت میں بچا لیا جب کہ معاندین نے ان کے مٹا دینے میں کوئی کسر نہ چھوڑی تھی۔ علامہ اقبال فرماتے ہیں ؎

بہر حق در خاک و خوں غلطیدہ است ۔۔۔ پس بنائے لا الٰہ گردیدہ است

تاریخ شاہد ہے کہ اگر نواسۂ رسول مختار جگر گوشہ حیدر کرار حضرت امام حسینؑ جام شہادت نوش نہ فرماتے تو اسلام کا نام و نشان صفحۂ ہستی سے حرف غلط کی طرح مٹ جاتا۔ مگر اس پیکر تسلیم و رضا نے خود فنا ہو کر اسلام کو زندہ جاوید بنا دیا ؎

ہرگز نمیرد آں کہ دلش زندہ شد بعشق ۔۔۔ ثبت است بر جریدۂ عالم دوام ما

اس لئے اس شہید اعظم کے حالات سے واقف ہونا اور ان کے اسوہ حسنہ پر عامل ہونے کیلئے ہر وقت تیار رہنا ہر ایک مسلمان گھرانے کا مذہبی فرض ہے۔ پس کتاب مذکورہ میں تمام واقعات از ولادت تا شہادت نہایت شرح و بسط کے ساتھ نہایت معتبر اور مستند تواریخ سے اخذ کر کے صاف اور شستہ زبان میں قلمبند کئے گئے ہیں۔ جس میں امام مظلوم کی لائف پر پوری پوری روشنی ڈالی گئی ہے۔ اور شہادت کے خونچکاں مناظر ایسے درد انگیز پیرائے میں بیان کئے گئے ہیں کہ سنگدل سے سنگدل بھی متاثر ہوئے بغیر نہیں رہ سکتا۔ نثر اور نظم کا لاجواب مجموعہ ہے۔ اس میں تین عدد فوٹو۔ مکہ معظمہ۔ مدینہ منورہ۔ کربلائے معلےٰ ایک تاب کے اور ایک سہ رنگا بلاک ذوالجناح کا کتاب کی شان کو بڑھا رہے ہیں۔ باوجود ان تمام خوبیوں کے قیمت صرف عہ

ملنے کا پتہ: کتب خانہ حسینیہ حلقہ نمبر ۵۲ ۔ لاہور

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas